ردِّ قادیانیت

رسائل

- حضرت مولانا محمد بشیر سہسوانیؒ
- حضرت مولانا محمد اسماعیل علی گڑھیؒ
- حضرت مولانا عبدالمجید دہلویؒ
- جناب شیخ حسین بن محسن انصاری یمنیؒ
- حضرت مولانا محمد عبداللہ شاہجہانپوریؒ
- حضرت مولانا محمد سعد اللہ لدھیانویؒ
- حضرت مولانا دوست محمد خان بھوپالیؒ
- حضرت مولانا غلام رسول نقشبندی امرتسریؒ
- حضرت مولانا خلیل الرحمٰن بھوپالیؒ
- حضرت مولانا غلام مصطفےٰ قاسمی امرتسریؒ

احتسابِ قادیانیت

جلد ۴۲

عالمی مجلسِ تحفظِ ختمِ نبوۃ

حضوری باغ روڈ ۔ ملتان ۔ فون : 061-4783486

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

نام کتاب : احتساب قادیانیت جلد بیالیس (۴۲)

مصنفین : حضرت مولانا محمد بشیر شہسوانی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مولانا عبدالمجید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مولانا محمد عبداللہ شاہجہانپوری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مولانا دوست محمد خان بھوپالی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مولانا خلیل الرحمٰن بھوپالی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مولانا محمد اسماعیل علی گڑھی رحمۃ اللہ علیہ

جناب شیخ حسین بن محسن انصاری یمنی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مولانا محمد سعداللہ لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مولانا غلام رسول نقشبندی امرتسری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی امرتسری رحمۃ اللہ علیہ

صفحات : ۷۳۶

قیمت : ۳۵۰ روپے

مطبع : ناصر زین پریس لاہور

طبع اوّل : فروری ۲۰۱۲ء

ناشر : عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ روڈ ملتان

Ph: 061-4783486

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

فہرست رسائل مشمولہ......احتساب قادیانیت جلد۴۲

عرض مرتب	حضرت مولانا اللہ وسایا مدظلہ	۴
۱...... الحق الصریح فی اثبات حیات المسیح	حضرت مولانا محمد بشیر شہسوانیؒ	۱۱
۲...... بیان للناس	حضرت مولانا عبدالمجید دہلویؒ	۱۲۷
۳...... شفاء للناس	حضرت مولانا محمد عبداللہ شاہجہانپوریؒ	۲۳۹
۴...... النصر المبین فی رد اقوال الجاهلین	حضرت مولانا دوست محمد خان بھوپالیؒ	۳۴۷
۵...... رقیمة الاخلاص	〃 〃 〃	۳۶۱
۶...... نصرة الحق فی رد القول الزاهق	حضرت مولانا خلیل الرحمٰن بھوپالیؒ	۳۷۷
۷...... اعلاء الحق الصریح بتکذیب المسیح	حضرت مولانا محمد اسماعیل علی گڑھیؒ	۴۳۱
۸...... الفتح الربانی فی الرد علی القادیانی	جناب شیخ حسین بن محسن انصاریؒ یمنی	۴۷۳
۹...... قادیانی دجال کا استیصال	حضرت مولانا سعداللہ لدھیانویؒ	۴۹۷
۱۰...... دوسہ حرفیاں (چودھویں صدی کا جھوٹا مسیح)	〃 〃 〃	۵۳۵
۱۱...... نظم حقانی مسمّی بہ سرائر قادیانی	〃 〃 〃	۵۶۵
۱۲...... حملہ آسمانی دربارہ شکست قادیانی	〃 〃 〃	۵۸۷
۱۳...... حق و حق	〃 〃 〃	۶۰۵
۱۴...... الالهام الصحیح فی اثبات حیات مسیح	حضرت مولانا غلام رسول نقشبندی حنفی امرتسریؒ	۶۲۷
۱۵...... آفتاب صداقت	حضرت مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی امرتسریؒ	۶۷۳

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

عرض مرتب

نحمده ونصلی علیٰ رسوله الکریم ۰ اما بعد!

محض اللہ رب العزت کی عنایت کردہ توفیق وفضل سے احتساب قادیانیت کی جلد بیالیس (۴۲) پیش خدمت ہے۔ اس جلد کی سب سے بڑی انفرادیت یہ ہے کہ اس میں صرف وہ کتابیں شامل کی گئی ہیں جو دجال کادیان کے رد میں اس کے جیتے جی (حین حیات) میں لکھی گئیں۔ لیکن کذاب کادیان کو ان کی تردید کی توفیق نہ ہوئی۔ حالانکہ ان کتب کے شائع ہونے کے بعد وہ سالہا سال زندہ رہا۔

۱...... الحق الصریح فی اثبات حیات المسیح: ملعون کادیان مرزاغلام احمد قادیانی نے اکتوبر ۱۸۹۱ء میں دہلی جاکر مولانا سید نذیر حسین صاحبؒ سے مناظرہ کی طرح ڈالی۔ لیکن پھر خود ہی حیلے بہانوں سے کنی کترانے کا عالمی ریکارڈ قائم کیا۔ تب اس زمانہ کے ایک عالم دین مولانا محمد بشیر شہسوانیؒ جو بھوپال میں مقیم تھے، انہوں نے مرزا قادیانی کو کھلی چھٹی دے دی کہ جن شرائط پر آپ چاہیں آپ سے مناظرہ کرنے کے لئے تیار ہوں۔ چنانچہ بھوپال سے وہ دہلی تشریف لائے اور مرزا قادیانی کے ''گاٹے فٹ'' ہوگئے۔ ماہ اکتوبر ۱۸۹۱ء دہلی میں مناظرہ ہوا۔ مولانا محمد بشیر شہسوانیؒ نے تین پرچے لکھے۔ تین پرچے مرزا قادیانی نے لکھے۔ لیکن تیسرے پرچہ میں مرزا قادیانی نے اپنے خسر میر ناصر کی بیماری کا بہانہ کر کے قادیان جانے کے لئے دہلی چھوڑنے کا اعلان کر دیا۔ مولانا محمد بشیر صاحبؒ نے بہت زور لگایا کہ اپنے تیسرے پرچہ کا جواب لے لو۔ لیکن مرزا قادیانی نہ مانا۔ ''میں نہ مانوں'' کی گردان نے مرزا قادیانی نے منہ سے جھاگ کا منظر پیش کیا۔ مولانا محمد بشیر صاحبؒ نے اس کا جواب لکھ کر مرزا قادیانی کو بھجوایا۔ مولانا محمد بشیر صاحب شہسوانیؒ نے ''الحق الصریح فی اثبات حیات المسیح'' تحریر فرمائی۔ ہم نے

اس جلد میں صرف مولانا محمد بشیر صاحبؒ کے پرچوں کو درج کیا ہے۔ مرزا قادیانی کے پرچے حذف کر دیئے ہیں۔ مرزا قادیانی کے پرچے چونکہ خود مرزا قادیانی نے ''مباحثہ الحق دہلی'' میں شائع کر دیئے تھے۔ شائقین وہاں دیکھ سکتے ہیں۔ اصل کتاب پڑھنے سے باقی تفصیلات ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔ ایک سوبیس سال بعد اس کتاب کی اشاعت ڈھیروں ڈھیر کریم کے کرم کے اعتراف کے ساتھ اس سعادت کے حصول پر سجدہ شکر بجالاتا ہوں۔

۲...... بیان للناس: اکتوبر ۱۸۹۱ء میں دجال قادیانی کا دہلی میں مولانا محمد بشیر سہسوانیؒ سے تحریری مباحثہ ہوا۔ جسے وہ ناتمام چھوڑ کر ''جہاں سے آیا تھا وہاں چلا گیا۔'' اس بحث کو مولانا محمد بشیر سہسوانیؒ نے ''الحق الصریح فی اثبات حیات المسیح'' کے نام سے شائع کیا۔ اس پر کادیانی چیف گرو کے چیلے محمد احسن امروہی قادیانی نے ''اعلام الناس'' لکھی۔ جس پر مولانا عبدالمجیدؒ نے دہلی سے بھوپال جا کر مولوی احسن امروہی قادیانی سے خط وکتابت کی یہ تمام مراسلت مولانا عبدالمجید دہلویؒ نے ''بیان للناس'' کے نام پر شائع کی۔ جسے ہم اس جلد میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

۳...... شفاء للناس: مرزا کادیانی کا ایک مرید محمد احسن امروہی تھا۔ اس کذاب مرید نے اکذب پیر کے حق میں کتاب لکھی۔ جس کا نام ''اعلام الناس'' تھا۔ اسے مرزا کادیانی نے پڑھا تو خوب تعریف کے پل باندھے۔ غرض ''اعلام الناس'' مرزا کادیانی کی تصدیق شدہ سمجھی گئی۔ کادیانی کتاب ''اعلام الناس'' کا حضرت مولانا محمد عبداللہ شاہجہانپوریؒ نے ۱۳۰۹ھ (مطابق ۱۸۹۱ء،۱۸۹۲ء) میں جواب لکھا۔ اس کتاب کے شائع ہونے کے بعد مرزا قادیانی سولہ سال زندہ رہا۔ لیکن اس کتاب کا رد لکھنے کی دجال قادیان کو جرأت نہ ہوئی۔ چنانچہ اس عجز و بے بسی نے مرزا کادیانی کو سولہ آنے جھوٹا ثابت کر دیا۔ خوشی کا باعث ہے کہ اس جلد میں یہ کتاب بھی شامل کی جارہی ہے۔

۴...... النصر المبین فی رد اقوال الجاھلین: حضرت مولانا احمد علی محدث

سہارنپوریؒ کے ایک اور ہمنام حضرت مولانا احمد علی سہارنپوریؒ مدرسہ مظاہر العلوم مدرس تھے۔ جو مدرسہ کی اعانت کے لئے ۱۹؍جولائی ۱۸۹۵ء کو ڈیرہ دون تشریف لائے۔ ان دنوں محمد احسن امروہی کادیانی بھی ڈیرہ دون آیا ہوا تھا۔ حسب عادت قادیانیاں احسن امروہی کادیانی نے مولانا احمد علی سہارنپوریؒ کو دعوت قادیانیت دی۔ جواب میں دونوں حضرات کا مباحثہ طے پا گیا۔ اس کی تفصیل اس رسالہ میں مولانا دوست محمد خانؒ نے تحریر فرمائی۔ جس کے پڑھنے سے احسن امروہی کی ذلت آمیز شکست فاش کا نقشہ آنکھوں کے سامنے گھوم جاتا ہے۔ ایک سوسترہ (۱۱۷) سال بعد اس کی اشاعت کی حق تعالیٰ نے توفیق بخشی۔ فلحمد للّٰہ تعالیٰ!

۵...... رقیمة الاخلاص: مولانا احمد علی سہارنپوریؒ سے شکست فاش کے داغ کو دھونے کے لئے قادیانی احسن امروہی نے تحریری مکالمہ کے لئے ڈول ڈالا۔ مولانا خلیل الرحمٰن نے اس کے چیلنج کو قبول کر کے تحریری مکالمہ کا آغاز کر دیا۔ غرض کادیانی احسن امروہی اور مولانا خلیل الرحمٰنؒ کے درمیان جو تحریری مکالمہ ہوا وہ بتمام وبکمال مولانا دوست محمد خانؒ نے مرتب کر کے ''رقیمة الاخلاص'' کے نام پر ۲۴؍اگست ۱۸۹۵ء کو شائع فرمادیا۔ جو اس جلد میں شامل ہے۔

٦...... نصرة الحق فی رد القول الزاهق: احسن امروہی کادیانی جب ان تمام کاروائیوں میں رسواء ہوا تو اس نے ایک رسالہ ''سواء السبیل'' شائع کیا۔ جس کا حضرت مولانا خلیل الرحمٰن صاحبؒ نے ''نصرة الحق فی رد قول الزاهق'' تحریر فرمایا۔ اس کے آخر میں منشی سعد اللہ لدھیانویؒ کی بعض نظموں کو بھی شامل کیا گیا۔ یہ رسالہ بھی اگست ۱۸۹۵ء کا مرتب کردہ ہے جسے اس جلد میں شامل کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

۷...... اعلاء الحق الصریح بتکذیب المسیح: مرزا کادیانی کے نفس ناطقہ احسن امروہی کادیانی کی کتاب ''اعلام الناس'' کے جواب میں مولانا محمد اسماعیل علی گڑھیؒ نے یہ کتاب تحریر فرمائی۔ اس جلد میں اس کتاب کو شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔ یہ وہ کتاب ہے جس کے متعلق کذاب کادیان نے ایک بدبودار جھوٹ تراشا تھا۔ جس کی سڑاند سے

آج تک کادیانی مناظرین منہ چھپاتے پھر رہے ہیں۔ تفصیلی تعارف ڈاکٹر بہاء الدین صاحب نے اس کا تحریر فرمایا ہے۔ جو کتاب کے ابتداء میں درج ہے۔ وہاں دیکھ لیا جائے۔

۸...... **الفتح الربانی فی الرد علی القادیانی:** فضیلت الشیخ حسین بن محسن انصاریؒ نے یہ کتاب تحریر فرمائی۔ جسے اردو ترجمہ کے ساتھ حضرت مولانا عبدالمجید دہلویؒ نے مطبع انصاری دہلی سے ۱۳۱۱ھ (مطابق ۱۸۹۳ء،۱۸۹۴ء) میں شائع فرمایا۔ حسین بن محسن انصاریؒ یمنی تھے۔ بھوپال کے حکمرانوں کی علم دوستی کے باعث وہ بھوپال میں قیام پذیر تھے۔ اس زمانہ میں بہت سے علماء نے آپ سے کسب فیض بھی کیا۔ اس جلد میں اس کتاب کو بھی شامل کرنے کی سعادت نصیب ہو رہی ہے۔ فلحمد للّٰہ تعالیٰ!

۞...... حضرت مولانا سعد اللہ لدھیانویؒ ان خوش نصیب لوگوں میں سے ہیں جنہوں نے اپنے عہد حیات میں مرزا کادیانی ملعون کو تگنی کا ناچ نچایا۔ آپ نے مرزا کادیانی کے خلاف نظم ونثر میں لکھا اور خوب لکھا۔ مرزا کادیانی ملعون آپ کے نام ''سعد'' کو جل بھن کر ''نحس'' لکھتا تھا۔ نتیجہ میں مولانا سعد اللہ بھی جو آپ آں غزل میں مرزا کادیانی کو وہ سناتے کہ ''تتے توّے'' پر رقص کرنے لگ جاتا۔ مورخہ ۱۱؍رمضان المبارک ۱۳۱۴ھ، مطابق ۱۳؍فروری ۱۸۹۷ء کو آپ نے سولہ صفحاتی ایک رسالہ لکھا۔

۹/۱...... **قادیانی دجال کا استیصال:** علیحدہ علیحدہ چار مضامین تھے۔ ایک ہی صفحہ پر علیحدہ علیحدہ کالم بنا کر کچھ حاشیہ پر لکھ کر سمندر کو کوزہ میں بند کیا۔ ہم اس جلد میں ان کو شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

الف...... قادیانی دجال کا استیصال (حصہ نثر)

ب...... قادیانی دجال کا استیصال (حصہ نظم) (اس میں پانچ نظمیں ہیں)

ج...... قادیانی دجال کی تازہ بے حیائی پر تبصرہ

اس رسالہ میں دو باتوں پر تبصرہ کیا ہے۔

(الف) قادیانی کی تازہ بے حیائی کہتا ہے کہ میں نے عبدالحق غزنوی کے حق میں بددعا نہیں کی۔

(صرف مباہلہ کیا تھا) اس لئے وہ سلامت رہا۔

(ب) قادیانی کی ایک اور بے حیائی کہتا ہے کہ مرزا سلطان بیگ قادیانی کی تکذیب نہیں کرتا۔ (اگر اس کی الہامی زوجہ پر قابض ہے) اب اس سے کوئی تکذیب کرا کر دکھلائے۔ ان دو امور کو اس مضمون میں زیر بحث لائے۔ اس کتابچہ کے آخر پر نظم میں ایک لطیفہ تھا وہ کاٹ دیا۔ اس لئے کہ وہ دوسرے رسالہ میں آگے آرہا ہے۔

د...... حاشیہ پر ''قادیانی اور ایک نصرانی کی گفتگو میں ایک مسلمان کی ثالثی'' کا عنوان دے کر چند سطور تحریر کیں۔ ہم نے ان چاروں رسائل کو علیحدہ علیحدہ عنوان سے اس جلد میں شامل کیا ہے۔ ایک سو چودہ سال پہلے کی امانت آج کی نسل کے سامنے لانے میں خوشی محسوس کرتے ہیں۔

۲/۱۰...... دوسہ حرفیاں (چودھویں صدی کا جھوٹا مسیح): پمفلٹ کا نام تو دوسہ حرفیاں ہے۔ لیکن اس میں تین حرفیاں ہیں۔ (الف، ب) چودھویں صدی کا جھوٹا مسیح، (ج) سہ حرفی ارڑپوپو۔ اس کے علاوہ اس میں (د) اہل سنت والجماعت دے عقائد دا بیان، وصیت دے طور اوتے۔ (ھ) مرزا قادیانی کے قرآن پر ایمان کی حقیقت سوال وجواب کے پیرایہ میں۔ پہلے چار نمبرات پنجابی میں ہیں۔ پانچواں نمبر اردو میں مکالمہ ہے۔ (و) اس رسالہ کے آخر میں ''سارے جہان کے مسیحیوں کی تردید کا بے مثال نغمہ'' بہت ہی برجستہ اردو مزاحیہ کلام پر مشتمل ہے۔ یہ تمام مولانا محمد سعد اللہ لدھیانویؒ مدرس گورنمنٹ ہائی سکول لدھیانہ کے رشحات قلم ہیں۔ جو اس جلد میں شامل شائع کئے گئے ہیں۔

۳/۱۱...... نظم حقانی مسمّٰی بہ سرائر قادیانی: یہ بڑے سائز کے آٹھ صفحات کا رسالہ تھا جو مولانا محمد سعد اللہ صاحبؒ نے ۲۳؍شعبان ۱۳۱۳ھ مطابق ۱۰؍فروری ۱۸۹۶ء کو تحریر فرمایا۔ یہ رسالہ مصنف مرحوم کی منظوم کلام پر مشتمل ہے۔ البتہ قادیانی کی درخواست بحضور گونمنٹ پر مختصر ایک صفحاتی ریمارکس نثر پر مشتمل تھا۔ یہ بھی آپ نے تحریر فرمایا جو اس جلد میں شامل کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

۴/۱۲...... حملہ آسمانی دربارہ شکست قادیانی: امرتسر میں مرزا قادیانی اور عبداللہ آتھم پادری کا ۲۳؍مئی ۱۸۹۳ء سے پندرہ دن تحریری مناظرہ ہوا۔ مرزا قادیانی نے اس میں لازوال ذلت کا مال خریدا تو

پیش گوئی جڑ دی کہ ۱۵؍دن سے مراد پندرہ ماہ، یعنی ۵؍ستمبر ۱۸۹۴ء تک عبداللہ آتھم ہاویہ میں گرے گا۔ یعنی مر جائے گا۔ نتیجہ میں مرزا قادیانی کی یہ پیش گوئی بھی اس کی دیگر پیش گوئی کی طرح دھوکہ کی ٹٹی ثابت ہوئی۔ مرزا قادیانی نے تقریر فتح اسلام کے نام پر ایک اشتہار شائع کیا جو مجموعہ اشتہارات ج۲ ص۲۲۳ تا ۲۳۸ پر ہے۔ یہی اشتہار انوار الاسلام ص۱ تا ۱۲، خزائن ج۹ ص۱ تا ۱۳ پر بھی شائع شدہ ہے۔ اس اشتہار کا مولانا محمود گنجویؒ وارد مالیر کوٹلہ نے ''حملہ آسمانی در بارہ شکست قادیانی'' کے نام سے جوابی مضمون تحریر فرمایا۔ اسی رسالہ کے اختتام پر مولانا سعد اللہ صاحبؒ کی پانچ نظمیں بھی ساتھ ہی شائع کی گئیں۔ یہ رسالہ آٹھ صفحات بڑے سائز پر مشتمل تھا۔ ۱۰؍اکتوبر ۱۸۹۴ء اشاعت کی تاریخ لکھی گئی تھی۔ اس جلد میں اسے شائع کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں۔

۱۳/۵...... **حقوحق:** یہ مولانا محمد سعد اللہ صاحبؒ کا پنجابی زبان میں بڑے سائز کے ۱۶صفحات کا رسالہ ہے۔ جو تمام نظم پر مشتمل ہے۔ اس جلد میں شائع کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ بھی مولانا سعد اللہ صاحبؒ کے مزید رسائل، انہزام قادیانی، گیدڑ نامہ وغیرہ ہیں جو میسر نہ آئے۔

۱۴...... **الالہام الصحیح فی اثبات حیات المسیح:** یہ حضرت مولانا علامہ غلام رسول نقشبندی حنفی امرتسری کی عربی زبان میں تصنیف ہے۔ آپ نے یہ کتاب ۱۸۹۳ء میں تصنیف کی۔ آپ نے عقلی نقلی اعتبار سے حیات مسیح علیہ السلام کے مسئلہ پر اس کتاب میں دلائل کے ایسے انبار جمع کئے کہ مرزا قادیانی سمیت کسی قادیانی کو مقابلہ میں لب ہلانے یا قلم اٹھانے کی جرأت نہ ہوسکی۔ اس کتاب کی تصنیف کے بعد مرزا قادیانی پندرہ سال زندہ رہا۔ لیکن مولانا غلام رسولؒ کے دلائل کے سامنے اسے دم مارنے کا حوصلہ نہ ہوا۔ مولانا غلام رسولؒ کا وصال ۱۹۰۲ء میں ہوا۔ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ۱۸۹۳ء میں شائع ہوا۔ آج ۲۰۱۲ء میں گویا کہ ۱۱۹ سال بعد اس کتاب کی اشاعت ثانی ہمارے لئے ڈھیروں خوشیوں کا موجب ہے۔ فلحمد للہ!

۱۵...... **آفتاب صداقت:** مولانا غلام رسول حنفی نقشبندیؒ امرتسری کی تصنیف ''الالہام الصحیح فی اثبات حیات المسیح'' عربی زبان میں تھی۔ جس کا آپ کے بھتیجے اور شاگرد حضرت

مولانا غلام مصطفیٰ قاسمیؒ نقشبندی امرتسری نے اردو میں ترجمہ کیا۔ اس ترجمہ کا نام ’’آفتاب صداقت‘‘ تجویز فرمایا۔ مولانا غلام مصطفیٰ قاسمیؒ دارالعلوم دیوبند کے فاضل تھے۔ اس وقت پاکستان کے نامور اہل قلم جناب عطاء الحق قاسمی کے جد محترم تھے۔ ’’الالهام الصحيح ‘‘ کا پہلا ایڈیشن جو ۱۸۹۳ء میں شائع ہوا۔ یہ ترجمہ عربی متن کے نیچے صفحہ بصفحہ شائع ہوا۔ احتساب کی اس جلد میں متن سے ترجمہ کو علیحدہ ایک کتاب شمار کیا گیا ہے۔ احتساب کی اس جلد میں اس کتاب کی اشاعت پر اللہ رب العزت کے حضور شکر گزار ہیں۔

خلاصہ یہ کہ احتساب قادیانیت کی جلد بیالیس (۴۲) میں:

۱……	حضرت مولانا محمد بشیر شہسوانی رحمۃ اللہ علیہ	کی	۱	کتاب
۲……	حضرت مولانا عبدالمجید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ	کی	۱	کتاب
۳……	حضرت مولانا محمد عبداللہ شاہجہانپوری رحمۃ اللہ علیہ	کی	۱	کتاب
۴……	حضرت مولانا دوست محمد خان بھوپالی رحمۃ اللہ علیہ	کی	۲	کتابیں
۵……	حضرت مولانا خلیل الرحمٰن بھوپالی رحمۃ اللہ علیہ	کی	۱	کتاب
۶……	حضرت مولانا محمد اسماعیل علی گڑھی رحمۃ اللہ علیہ	کی	۱	کتاب
۷……	حضرت مولانا حسین بن محسن انصاری رحمۃ اللہ علیہ	کے	۱	کتاب
۸……	حضرت مولانا سعداللہ لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ	کے	۵	رسائل
۹……	حضرت مولانا غلام رسول نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ	کی	۱	کتاب
۱۰……	حضرت مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی رحمۃ اللہ علیہ	کی	۱	کتاب

گویا دس حضرات کی کل پندرہ عدد کتب ورسائل شامل ہیں۔ حق تعالیٰ شانہ شرف قبولیت سے سرفراز فرمائیں۔ امین بحرمة النبی الکریم!

محتاج دعاء: فقیراللہ وسایا!

یکم ربیع الثانی ۱۴۳۳ھ، بمطابق ۲۵؍فروری ۲۰۱۲ء

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

الحق الصریح

فی

اثبات حیات المسیح

حضرت مولانا محمد بشیر سہسوانی رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

الحمد للّٰہ الذی امر فی محکم کتابہ بالدعوۃ الیٰ سبیلہ بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ والجدال بالتی ھی احسن والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الذی جاھد حق جھادہ فی اماتۃ الکفر والفسق والفاحشۃ ماظھر منھا وما بطن وعلیٰ اٰلہ واصحابہ الذین بلغوا الدین کما سمعوا من العقائد والفرائض والسنن وسعوا بالایدی والالسنۃ والقلوب فے تغییر المنکرات والبدع والفتن ۰ اما بعد!

یہ کیفیت ہے اس مناظرہ کی جو میرے اور مرزاغلام احمد قادیانی مدعی مسیحیت کے درمیان میں بمقام دہلی واقع ہوا۔ مرزا قادیانی نے دہلی میں آ کر دواشتہار ایک مطبوعہ دوم اکتوبر ۱۸۹۱ء۔ دوسرا مطبوعہ ششم اکتوبر ۱۸۹۱ء صدر بمقابلہ جناب مولانا سیدنذیر حسین صاحب محدث دہلوی مداللہ ظلہم العالی کے شائع کئے اور طالب مناظرہ ہوئے۔ وہ دونوں اشتہار خاکسار کے بھی دیکھنے میں آئے۔ خاکسار نے محض بنظر نصرت دین وسنت وازالہ الحاد وبدعت قصد مناظرہ مصمم کر کے جواب اشتہار مرزا قادیانی کے پاس بوساطت جناب حاجی محمد احمد صاحب دہلوی کے بھیجا اور اس جواب میں مرزا قادیانی کے سب شروط کو تسلیم کر کے صرف شرط ثالث میں قدرے ترمیم چاہی۔ مرزا قادیانی نے بھی اس ترمیم کو قبول کیا۔ بعد ترمیم کے یہ تین شرطیں قرار پائیں۔

اوّل...... یہ کہ امن قائم رکھنے کے لئے سرکاری انتظام ہو۔

دوسرا...... یہ کہ فریقین کی بحث تحریری ہو۔ ہر ایک فریق مجلس بحث میں سوال لکھ کر اور اس پر اپنے دستخط کر کے پیش کرے اور ایسا ہی فریق ثانی لکھ کر جواب دے۔

تیسرا...... یہ کہ اوّل بحث حیات مسیح علیہ السلام میں ہو۔ اگر حیات ثابت ہو جائے تو مرزا قادیانی مسیح موعود ہونے کا دعویٰ خود چھوڑ دیں گے اور اگر وفات ثابت ہو تو مرزا قادیانی کا اصل دعویٰ یعنی عدم نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور مرزا قادیانی کا مسیح موعود ہونا ثابت نہ ہوگا۔ پھر حضرت مسیح علیہ السلام کے نزول اور مرزا قادیانی کے مسیح موعود ہونے میں بحث کی جاوے گی اور جو شخص طرفین میں سے ترک بحث کرے گا اس کا گریز کرنا سمجھا جاوے گا۔ جب تصفیہ شروط کا ہو گیا تو جناب حاجی محمد احمد صاحب نے حسب ایماء مرزا قادیانی کے خاکسار کو طلب کیا۔ چنانچہ شب شانزدہم

ربیع الاوّل ۱۳۰۹ھ کو میں بھوپال سے روانہ ہوکر روز سہ شنبہ تاریخ شانزدہم ماہ مذکور قریب نواخت چہار ساعت کے دہلی میں داخل ہوا اور مرزاقادیانی کو اطلاع اپنے آنے کی دی تو مرزاقادیانی نے مختلف رقعوں کے ذریعے سے شروط میں تبدیل ذیل فرمائی کہ حیات مسیح علیہ السلام کا ثبوت آپ کو دینا ہوگا۔

بحث اس عاجز کے مکان پر ہو۔ جلسہ عام نہیں ہوگا۔ صرف دس آدمی تک جو معزز خاص ہوں۔ آپ ساتھ لا سکتے ہیں۔ مگر شیخ بٹالوی اور مولوی عبدالمجید ساتھ نہ ہوں۔ پرچوں کی تعداد پانچ سے زیادہ نہ ہو اور پہلا پرچہ آپ کا ہو۔ انتہی!

اب سب شروط کا قبول کرنا نہ تو خاکسار پر لازم تھا اور نہ میرے احباب کی رائے ان کے تسلیم کرنے کی تھی۔ مگر محض اس خیال سے کہ مرزاقادیانی کو کوئی حیلہ مناظرہ سے گریز کا نہ ملے۔ یہ سب باتیں منظور کی گئیں۔ بعد اس کے تاریخ نوزدہم ربیع الاوّل روز جمعہ بعد نماز جمعہ۔

مناظرہ شروع ہوا۔ خاکسار نے ان کے مکان پر جاکر مجلس بحث میں پانچ ادلہ حیات مسیح کے لکھ کر حاضرین کو سنا دیئے اور دستخط اپنے کر کے مرزاقادیانی کو دے دیئے۔ مرزاقادیانی نے مجلس بحث میں جواب لکھنے سے عذر کیا۔ ہرچند جناب حاجی محمد احمد صاحب وغیرہ نے ان کو الزام نقض عہد ومخالفت شروط کا دیا۔ مگر مرزاقادیانی نے نہ مانا اور یہ کہا کہ میں جواب لکھ رکھوں گا۔ آپ لوگ کل دس بجے آیئے۔ ہم لوگ دوسرے روز دس بجے گئے۔ مرزاقادیانی مکان کے اندر تھے۔ اطلاع دی گئی تو مرزاقادیانی باہر نہ آئے اور کہلا بھیجا کہ ابھی جواب تیار نہیں ہوا۔ جس وقت تیار ہوگا اس وقت آپ کو بلا لیا جاوے گا۔ پھر غالباً دو بجے کے بعد ہم لوگوں کو بلا کر جواب سنایا اور یہ کہا کہ اب مجلس بحث میں جواب لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ مکان پر لے جائیں۔ چنانچہ میں اس تحریر کو مکان پر لے آیا۔ اسی طرح چھ روز تک سلسلہ مباحثہ جاری رہا۔ چھٹے روز کہ تین پرچے میرے ہوچکے تھے اور تین پرچے مرزاقادیانی کے۔ مرزاقادیانی نے پہلے ہی بحث کو ناتمام چھوڑ کر مباحثہ قطع کیا اور یہ ظاہر کیا کہ اب مجھے زیادہ قیام کی گنجائش نہیں ہے اور زبانی فرمایا کہ میرے خسر بیمار ہیں۔ اس وقت ایک مضمون جو پہلے سے بنظر احتیاط لکھ رکھا تھا اور وہ متضمن تھا۔ اس امر پر کہ مرزاقادیانی کی جانب سے نقض عہد ومخالفت شروط ہوئی۔ مرزاقادیانی کی موجودگی میں سب حاضرین جلسہ کو سنا دیا گیا۔ حاضرین جلسہ مرزاقادیانی کو الزام دیتے تھے۔ مگر مرزاقادیانی نے ایک نہ سنی۔ اسی روز تہیہ سفر کر کے شب کو دہلی سے تشریف لے گئے۔ مرزاقادیانی

کے یہ افعال اوّل دلیل ہیں۔اس پر کہ ان کے پاس اصل مسئلہ یعنی ان کے مسیح موعود ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ اصل بحث کے لئے دو سدین انہوں نے بنا رکھی ہیں۔ایک بحث حیات ووفات مسیح علیہ السلام۔ دوسرے نزول عیسیٰ علیہ السلام۔ جب دیکھا کہ ایک سد جوان کی زعم میں بڑی راسخ تھی۔ٹوٹنے کے قریب ہے۔اس کے بعد دوسری سد کی جو ضعیف ہے۔نوبت پہنچے گی۔ پھر اصل قلعہ پر حملہ ہوگا۔وہاں کچھ ہے ہی نہیں تو قلعی کھل جاوے گی۔اس لئے فرار مناسب سمجھا بعد انقطاع مباحثہ اور چلے جانے مرزا قادیانی کے احقر دو روز دہلی میں متوقف رہ کر روز شنبہ کو ڈاک گاڑی میں روانہ بھوپال ہوا۔

اب بنظر فائدہ عام یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ قبل نقل ان رقعوں اور پرچوں کے جو مباحثہ کے متعلق ہیں۔ادلۂ حیات مسیح علیہ السلام جو مرزا قادیانی کے مباحثہ میں پیش کئے گئے اور نیز دیگر ادلہ واضح طور پر عام فہم عبارت میں لکھ دیئے جاویں۔تا کہ ہر خاص وعام اس کو سمجھ سکے اور مرزا قادیانی کی طرف سے جو اعتراضات ان پر ہوئے اور خاکسار کی جانب سے جو جوابات دیئے گئے وہ بھی بطور خلاصہ لکھ دیئے جاویں اور مرزا قادیانی نے جو اپنی اخیر تحریر میں دو دلیلیں وفات کی لکھیں۔وہ اور جو کچھ جواب اس کا خاکسار نے لکھا۔اس کا بھی خلاصہ لکھ دیا جاوے۔’’اللهم انت عضدی ونصیری بك احول وبك اصول‘‘

دلیل اوّل

حیات مسیح علیہ السلام کے باب میں سورۃ نساء کی یہ آیت ہے۔’’وان من اهل الكتاب الا ليؤمنن به قبل موته ويوم القيمة يكون عليهم شهيدا (نساء:۱۵۹)‘‘اس آیت کا ترجمہ شاہ ولی اللہ صاحب نے اس طرح پر کیا ہے۔ونباشد ہیچ کس از اہل کتاب الا البتہ ایمان آورد بہ عیسیٰ علیہ السلام پیش از مردن عیسیٰ علیہ السلام وروز قیامت باشد عیسیٰ علیہ السلام گواہ برایشان فائدہ میں یہ لکھا ہے۔مترجم گوید یعنی یہودی کہ حاضر شوند نزول عیسیٰ علیہ السلام را البتہ ایمان آرند شاہ رفیع الدین صاحب نے ترجمہ اس طرح پر کیا ہے اور نہیں کوئی اہل کتاب سے۔مگر البتہ ایمان لاوے گا۔ساتھ اس کے پہلے موت اس کی کے اور دن قیامت کے ہوگا۔اوپر ان کے گواہ۔

شاہ عبدالقادر صاحب نے اس طرح ترجمہ کیا ہے اور جو فرقہ ہے۔کتاب والوں میں سے سو اس پر یقین لاویں گے۔اس کی موت سے پہلے اور قیامت کے دن ہوگا۔ان کا بتانے والا۔

فائدہ میں یہ لکھا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ابھی زندہ ہیں۔ جب یہود میں دجال پیدا ہوگا۔ تب اس جہان میں آ کر اس کو ماریں گے اور یہود ونصاریٰ سب ان پر ایمان لاویں گے کہ یہ مرے نہ تھے۔ انتہی!

یہ آیت قطعیۃ الا دلالۃ حیات مسیح علیہ السلام پر ہے۔ بیان اس کا یہ ہے کہ موتہ کی ضمیر میں مفسرین کے دو ہی قول ہیں۔ ایک یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف پھرتی ہے۔ دوسرا یہ کہ اہل کتاب کی طرف پھرتی ہے۔ پہلی صورت میں تو قطعاً مطلب حاصل ہے۔ کیونکہ اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ابھی مرے نہیں۔ لیؤمنن کو خواہ خالص مستقبل کے لئے لیجئے اور یہی صحیح ہے اور اسی پر اتفاق ہے۔ سب نحویوں کا اور خواہ حال یا استمرار کے لئے لیجئے۔ جیسا کہ مرزا غلام احمد قادیانی کہتے ہیں۔ اگرچہ اس تقدیر پر معنی فاسد ہوتے ہیں۔ مگر ہمارا مطلب فوت نہیں ہوتا ہے اور ماضی کے معنی میں لینا بالبداہت باطل ہے۔ کیونکہ ایسا مضارع کہ جس کے اوّل میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ہو۔ بمعنی ماضی نہیں آتا ہے۔ ومن یدعی خلافہ فعلیہ البیان اور ایسا ہی بہ کی ضمیر کو خواہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف عائد کیجئے یا اللہ کی طرف یا آنحضرت ﷺ کی طرف اگرچہ اوّل ہی صحیح ہے۔ مگر ہمارا مطلب ہر صورت میں حاصل ہے۔

مفسرین کا اختلاف اس ضمیر میں ہمارے مطلوب میں کچھ خلل نہیں ڈالتا ہے۔ دوسرے قول پر یعنی اگر ضمیر موتہ کی اہل کتاب کی طرف پھیری جاوے بھی۔ ہمارا مطلب حاصل ہے۔ تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ اس وقت ہم پوچھتے ہیں کہ بہ کی ضمیر کس کی طرف پھیرو گے۔ اگر آنحضرت ﷺ یا اللہ تعالیٰ کی طرف پھیرتے ہو تو یہ باطل ہے۔ تین وجوہ سے:

اوّل...... یہ ہے کہ سب ضمیریں واحد کی جو اس کے قبل وبعد میں آئی ہیں۔ بالاجماع حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف پھرتی ہیں۔ پس ظاہر نص یہی ہے کہ ضمیر بہ کی بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہو۔ ''فان النصوص تحمل علی ظواہر ہا وصرف النصوص عن ظواہر ہا بغیر صارف قطعی الحاد'' اور یہاں کوئی صارف قطعی پایا نہیں جاتا ہے۔ ''ومن یدعی فعلیہ البیان''

دوم...... ظاہر ضمیر غائب میں یہ ہے کہ غائب کی طرف پھرے اور آنحضرت ﷺ مخاطب ہیں۔ اسی لئے اس رکوع میں اس آیت کے قبل وبعد جتنی ضمیریں آنحضرت ﷺ کی طرف پھرتی ہیں وہ سب ضمیریں مخاطب کی ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ ''یسئلک، ان تنزل، الیک، من قبلک'' اگر

یہ ضمیر آنحضرت ﷺ کی طرف راجع ہوتی تو یوں کہنا مناسب تھا۔ لیؤمنن بک علاوہ اس کے اس مقام پر آنحضرت ﷺ کے لئے کوئی اسم ظاہر نہیں آیا ہے کہ وہ مرجع اس ضمیر کا قرار دیا جاوے اور اللہ تعالیٰ متکلم ہے۔ اسی لئے اس رکوع میں اس آیت کے قبل وبعد جتنی ضمیریں اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہیں۔ وہ سب ضمیریں متکلم کی ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ ''فعفونا، آتینا، رفعنا، قلنا، قلنا

دوم اخذنا، حرمنا اعتدنا سنوئتیهم ''اگر یہ ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف راجع ہوتی تو یوں کہنا مناسب تھا۔ لیؤمنن بی یا لیؤمنن بنا اور صرف عن الظاہر بغیر صارف قطعی غیر جائز ہے اور یہاں کوئی صارف قطعی نہیں ہے۔ ''ومن یدعی فعلیه البیان۔''

سوم...... اس تقدیر پر اس آیت میں کچھ ذکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نہ ہوگا اور حالانکہ قبل وبعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قصہ مذکور ہے اور اجنبی محض کا بلا فائدہ درمیان میں لانا خلاف بلاغت ہے اور اس اجنبی کا یہاں کوئی فائدہ نہیں ہے۔ ''ومن یدعے فعلیه البیان ''پس ثابت ہوا کہ بہ کی ضمیر قطعاً حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف عائد ہے۔ بعد اس تمہید کے میں کہتا ہوں کہ اس تقدیر پر سب ضمیریں واحد غائب کی موتہ کے پہلے کی اور بعد کی راجع ہوئیں۔ طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے۔ پس ظاہر نص قرآنیہ یہی ہے کہ ضمیر موتہ بھی راجع ہو۔ طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اور صرف نص کا ظاہر سے بغیر صارف قطعی جائز نہیں اور یہاں کوئی صارف قطعی موجود نہیں۔ ''ومن یدعی فعلیه البیان ''پس جس تقدیر پر ضمیر کا عائد ہونا کتابی کی طرف فرض کیا گیا تھا۔ اس تقدیر پر بھی ضمیر کا عائد ہونا طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لازم آیا۔ ھف یہ محذور اس سے ناشی ہوا کہ ضمیر موتہ کی کتابی کی طرف پھیری گئی۔ پس ثابت ہوا کہ ارجاع ضمیر موتہ کا طرف کتابی کے باطل ہے۔ پس متعین ہوا کہ ضمیر موتہ کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہے۔ وھو المطلوب!

دوسری وجہ اس بات کی کہ موتہ کی ضمیر کتابی کی طرف عائد کرنا باطل ہے کہ اس تقدیر پر ایمان سے جو لیؤمنن میں ہے۔ کیا مراد ہے۔ آیا وہ ایمان جو زہوق روح کے وقت ہوتا ہے اور جو شرعاً غیر معتد بہ وغیر نافع ہے۔ جیسا کہ مفسرین نے اس تقدیر پر اس کے ارادہ کی تصریح کی ہے تو یہ باطل ہے۔ اس لئے کہ استقراء آیات قرآن مجید سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن مجید میں سب جگہ لفظ ایمان سے وہ ایمان مراد ہے جو قبل زہوق روح کے ہوتا ہے اور جو شرعاً معتد بہ اور نافع ہے۔ مگر جہاں قرینہ صارفہ قطعیہ ہے۔ چند مقامات بطور نظیر لکھے جاتے ہیں۔

’’یؤمنون بالغیب ۰ یؤمنون بما انزل الیک ۰ لا یؤمنون ۰ آمنا باللہ ۰ وماھم بمؤمنین ۰ یخادعون اللہ والذین آمنوا ۰ واذا قیل لھم آمنوا کما آمن الناس قالواء نؤمن کما آمن السفھاء ۰ واذا لقوا الذین آمنوا قالوا آمنا ۰ فاما الذین آمنوا فیعلمون انہ الحق من ربھم ۰ وامنوا بما انزلت ۰ ان الذین آمنوا والذین ھادو اوالنصاریٰ والصابئین من آمن باللہ ۰ واذ القوا الذین آمنوا قالوا آمنا ۰ والذین آمنوا وعملوا الصالحات ۰ واذا قیل لھم آمنوا بما انزل اللہ قالوا نؤمن بما انزل علینا ۰ ان کنتم مؤمنین ۰ قل بئسما یامرکم بہ ایمانکم ان کنتم مؤمنین ۰ ولوانھم آمنوا واتقوا ۰ یاایھا الذین آمنوا لاتقولوا راعنا ۰ ومن یتبدل الکفر بالایمان ۰ لویردّونکم من بعد ایمانکم ۰ اولئک یؤمنون بہ ۰ وارزق اھلہ من الثمرات من آمن باللہ ۰ قولوا آمنا باللہ ۰ فان آمنوا بمثل ماآنتم بہ ۰ وماکان اللہ لیضیع ایمانکم ۰ یاایھاالذین آمنوا استعینوا بالصبر والصلوٰۃ ۰ والذین آمنوا اشد حبًا للہ ۰ یاایھا الذین آمنوا کلوا من طیبات مارزقنکم ۰ ولکن البر من آمن باللہ ۰ یا ایھا الذین آمنوا کتب علیکم الصیام ۰ ولیؤ منوا بی ۰ یا ایھا الذین آمنوا ادخلوا فی السلم ۰ ویسخرون من الذین آمنوا ۰ والذین آمنوا معہ ۰ ان الذین آمنوا والذین ھاجروا ۰ ولا تنکحوا المشرکین حتیٰ یومنوا ولعبد مؤمن ۰ وبشر المؤمنین ۰ من کان منکم یؤمن باللہ ۰ ان کنتم مؤمنین ۰ فمنھم من آمن ۰ ویؤمن باللہ ۰ اللہ ولی الذین آمنوا ۰ قال اولم تومن ۰ یا ایھاالذین آمنوا لا تبطلوا ۰ ولا یؤمن باللہ ۰ یاایھا الذین آمنوا انفقوا ۰ ان الذین آمنوا وعملوا الصالحات ۰ یاایھا الذین آمنوا اتقواللہ وذروا ما بقی من الربوا ان کنتم مؤمنین ۰ آمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ والمؤمنون کل آمن باللہ (بقرہ:۳، ۴، ۶، ۸، ۹، ۱۳، ۱۴، ۲۶، ۴۱، ۶۲، ۷۲، ۸۲، ۹۱، ۹۱، ۹۳، ۱۰۳، ۱۰۴، ۱۰۸، ۱۰۹، ۱۲۱، ۱۲۶، ۱۳۶، ۱۳۷، ۱۴۳، ۱۵۳، ۱۶۵، ۱۷۲، ۱۷۷، ۱۸۳، ۱۸۶، ۲۰۸، ۲۱۲، ۲۱۴، ۲۱۸، ۲۲۱، ۲۲۳، ۲۳۲، ۲۴۸، ۲۵۳، ۲۵۶، ۲۵۷، ۲۶۰، ۲۶۴، ۲۶۴، ۲۶۷، ۲۷۷، ۲۷۸، ۲۸۵)‘‘

پس ظاہر ایمان سے وہ ایمان ہے جو قبل زہوق روح کے ہوتا ہے اور صرف نص کا ظاہر سے بغیر صارف قطعی جائز نہیں ہے اور یہاں کوئی صارف قطعی موجود نہیں ہے۔’’ومن یدعی فعلیه البیان‘‘ علاوہ اس کے اس وقت لفظ قبل کو ظاہر معنی سے صرف کر کے بمعنی عند یا وقت کے لینا پڑے گا اور کوئی صارف قطعی یہاں موجود نہیں ہے۔’’ومن یدعی فعلیه البیان‘‘اس وقت بجائے’’قبل موته‘‘کے’’عند موته‘‘یا’’حین موته‘‘یا’’وقت موته‘‘کہنا مقتضائے حال تھا۔ اس سے عدول کرنے کی کیا وجہ ہے یا مراد لیؤمنن میں ایمان سے وہ ہے جو قبل زہوق روح کے ہوتا ہے۔ پس اس صورت میں یا یہ حکم عام ہے۔ ہر کتابی کے لئے تو کذب صریح حق تعالیٰ کے کلام میں لازم آتا ہے۔ کیونکہ ہم بالبداہت دیکھتے ہیں کہ صدہا ہزارہا اہل کتاب مرتے ہیں اور اپنے مرنے سے پہلے یعنی قبل زہوق روح کے وہ ایمان شرعی جو معتد بہ اور نافع ہے نہیں لاتے۔’’تعالیٰ اللّٰہ عن ذلك علوا كبيرا‘‘اور اگر کسی خاص زمانہ کے اہل کتاب کے لئے یہ حکم ہے تو قید’’قبل موته‘‘کی لاطائل ہوتی ہے۔ یہ کلام تو بعینہ ایسا ہوا کہ کوئی کہے کہ آج میں نے اپنی موت سے پہلے سبق پڑھ لیا۔ آج میں اپنی موت سے پہلے کچہری گیا۔ ظاہر ہے کہ یہ کلام مجنونانہ ہے۔ ایسا ہی اللہ تعالیٰ کے کلام کا کلام مجنونانہ ہونا لازم آتا ہے۔’’تعالیٰ اللّٰہ عما یقوله الظالمون‘‘مرزاقادیانی خود بھی اپنے کتاب توضیح المرام اور ازالۃ الاوہام کے چند مواضع میں ضمیر موتہ کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف پھیرنا تسلیم کر چکے ہیں۔ اب اگر تسلیم کرتے ہیں تو مدعا ہمارا حاصل ہے اور اگر نہیں تسلیم کرتے تو اس کی وجہ بیان کریں کہ توضیح المرام وازالۃ الاوہام میں کیوں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف پھیری۔ اب بدلیل تحقیقی والزامی ثابت ہوگیا کہ مرجع ضمیر موتہ کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں اور اس تقدیر پر ہمارا مدعا یعنی حیات مسیح علیہ السلام قطعاً ثابت ہوا۔ فتح البیان میں ہے کہ سلف میں ایک جماعت کا یہی قول ہے اور یہی ظاہر ہے اور بہت سے تابعین وغیرہم اسی طرف گئے ہیں۔ فتح الباری میں ہے۔ ابن جریر نے اس قول کو اکثر اہل علم سے نقل کیا ہے اور ابن جریر وغیرہ نے اس کو ترجیح دی ہے۔ حدیث بخاری ومسلم سے معلوم ہوتا ہے کہ ابوہریرہؓ کا یہی قول ہے۔ ابن عباسؓ سے بھی بسند صحیح یہی منقول ہے اور اس کے خلاف جو روایت ان سے ہے۔ وہ ضعیف ہے۔ جیسا کہ فتح الباری وغیرہ میں مرقوم ہے۔ ابن کثیر میں ہے کہ ابومالک وحسن بصری وقتادہ وعبدالرحمٰن بن زید بن اسلم وغیر واحد کا بھی قول ہے اور یہی حق ہے۔ مرزاقادیانی کی طرف سے اس دلیل پر دو اعتراض ہوئے۔ ایک یہ کہ یہ آیت ذوالوجوہ ہے۔ چند احتمالات مفسرین نے اس کی معنی میں لکھے ہیں۔

پس یہ آیت کیسی قطعیۃ الدلالۃ ہوسکتی ہے۔ اس کا جواب خاکسار کی طرف سے دیا گیا کہ آیت کا ذوالوجوہ ہونا اوراس کی معنی میں چند احتمالات کا ہونا منافی قطعیۃ نہیں ہے۔ کیونکہ ہم نے سب وجوہ واحتمالات مخالفہ کو دلیل الزامی وقطعی سے باطل کر دکھایا۔ دوسرا اعتراض یہ ہوا کہ اثر ابن عباس وقرأت ابی بن کعب اس پر دال ہے کہ مرجع موتہ کا کتابی ہے۔ نہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کا جواب خاکسار کی طرف سے یہ ہوا کہ اثر وقرأت مجروح ہیں۔ احتجاج کے لائق نہیں ہیں۔ چہ جائیکہ صارف قطعی ہوں۔ ایک طریق اثر مذکور میں ایک راوی ابوحذیفہ ہے۔ یہ ابوحذیفہ یا موسیٰ بن مسعود ہے۔ یا یحییٰ بن ہانی بن عروہ کا شیخ ہے۔ پہلا سئی الحفظ ہے۔ دوسرا مجہول ہے اور اس طریق میں عبداللہ بن ابی نجیح یسار المکی ہے۔ وہ مدلس ہے اور عنعنہ مدلس کا مقبول نہیں ہے۔ دوسرے طریق میں محمد بن حمید رازی ہے۔ وہ ضعیف ہے۔ تیسرے طریق میں عتاب بن بشیر وخصیف واقع ہیں۔ روایات عتاب کے خصیف سے مناکیر ہیں اور خصیف میں بہت جرح ہے۔ چوتھے طریق میں سلیمان بن داؤد طیالسی ہے۔ وہ کثیر الغلط ہے۔ ہزار احادیث کی روایت میں اس نے خطا کی ہے۔ قرأت ابی بن کعب کی روایت میں بھی عتاب وخصیف واقع ہیں۔ عبارات ان راویوں کے متعلق تحریر چہارم میں منقول ہیں۔ من شاء فلیر اجع الیه!

دلیل دوم میں سورہ نساء کی یہ آیت ہے۔ ’’وما قتلوه یقینا بل رفعه الله الیه وکان الله عزیزاً حکیما (نساء:۱۵۷،۱۵۸)‘‘

شاہ ولی اللہ صاحب اس کے ترجمہ میں لکھتے ہیں۔ وبیقین نہ کشتہ اندا ورا بلکہ برداشت اورا خدا تعالیٰ بسوئے خود وہست خدا غالب استوار کار۔

شاہ رفیع الدین صاحب لکھتے ہیں اور نہ مارا اس کو بیقین بلکہ اٹھالیا اس کو اللہ نے طرف اپنے اور ہے اللہ غالب حکمت والا۔

شاہ عبدالقادر صاحب لکھتے ہیں اوراس کو مارا نہیں بے شک بلکہ اس کو اٹھالیا اللہ نے طرف اپنے اور ہے اللہ زبردست حکمت والا۔

فائدہ میں لکھتے ہیں۔ فرمایا کہ اس کو ہرگز نہیں مارا حق تعالیٰ نے۔ اس کی ایک صورت ان کو بنادی۔ اس صورت کو سولی پر چڑھایا۔ انتہی ملخصاً!

وجہ استدلال یہ ہے کہ مرجع رفعہ کی ضمیر کا مسیح بن مریم رسول اللہ ہے اور مراد مرجع سے قطعاً روح مع الجسد ہے۔ کیونکہ مورد قتل روح مع الجسد ہے۔ نہ صرف روح اور ایسا ہی ضمائر وما قتلوہ

وماصلبوہ وما قتلوہ یقیناً سے بھی مراد قطعاً روح مع الجسد ہے اور جس کی قتل کا یہود دعویٰ کرتے تھے۔ اس کے قتل وصلب کی نفی اور رفع کا ثبوت حق تعالیٰ کو منظور ہے۔ پس ظاہر نص قرآنی یہی ہے کہ رفعہ سے مراد رفع روح مع الجسد ہے۔ رفعہ کی ضمیر صرف روح کی طرف عائد کرنا یا مضاف مقدر ماننا یعنی تقدیر عبارت یوں کرنا بل رفع روحہ صرف نص کا ظاہر سے ہے اور صرف النص عن الظاہر بغیر صارف قطعی کے جائز نہیں اور صارف قطعی یہاں غیر متحقق ہے۔ ’’ومن یدعی فعلیه البیان‘‘ اور مؤیداس کی یہ بات ہے کہ ’’بل رفعه‘‘ میں بل اضراب کا ہے۔ پس وہ رفع مراد ہونا چاہئے۔ جو مقابل ہو قتل کا یعنی قتل کے ساتھ جمع نہ ہو سکے اور رفع روحانی قتل کے ساتھ جمع ہوسکتا ہے۔ عموماً اہل اسلام جانتے ہیں کہ شہداء جو اللہ کی راہ میں قتل ہوتے ہیں ان کے لئے بھی رفع روحانی ہوتا ہے۔ پس متعین ہوا کہ مراد رفع سے رفع روح مع الجسد ہے۔ وہو المطلوب!

اور یہ بات بھی اس کی مؤید ہے کہ رفع کا لفظ صرف دو نبیوں کے لئے آیا ہے۔ ایک حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ دوسرے حضرت ادریس علیہ السلام۔ اس تخصیص کی کیا وجہ ہے۔ رفع روحانی کی تو کچھ ان دو نبیوں کے ساتھ خصوصیت نہیں ہے۔ یہ رفع تو سب نبیوں بلکہ عامہ صالحین کے لئے بھی ہوتا ہے۔ اثر صحیح ابن عباس جس کے رجال رجال صحیح ہیں اور حکماً وہ مرفوع ہے۔ رفع الروح مع الجسد پر قطعی طور پر دلالت کرتا ہے۔ اس کی عبارت آئندہ نقل کی جاوے گی۔ فانتظر!

مرزا قادیانی نے اس دلیل کے جواب میں یہ لکھا کہ اس آیت میں اس وعدہ کے ایفا کی طرف اشارہ ہے۔ جو دوسری آیت میں ہو چکا ہے اور وہ آیت یہ ہے۔ ’’یعیسیٰ انی متوفیك ورافعك الیّ (آل عمران:۵۵)‘‘ گویا مرزا قادیانی نے آیت ’’یعیسیٰ انی متوفیك ورافعك الیّ‘‘ کو صارف ٹھہرایا۔ ظاہر معنی ’’وما قتلوہ یقیناً بل رفعه اللّٰه الیه (نساء:۱۵۷،۱۵۸)‘‘ سے۔ لیکن اس آیت کا صارف ہونا اس وقت ہوسکتا ہے کہ توفی سے مراد قطعاً موت ہو اور یہ متوقف اس پر ہے کہ حقیقی معنی توفی کے موت کے ہوں۔ بلاقرینہ یہ معنی متبادر ہوتے ہوں۔ حالانکہ ہم نے تحریر چہارم میں ثابت کر دیا کہ توفی کا استعمال جس جگہ بمعنی موت قرآن مجید میں آیا ہے۔ وہاں قرینہ قائم ہے اور یہ بھی ثابت کر دیا کہ حقیقی معنی توفی کے اخذ الشئ وافیاً کے ہیں۔ یعنی کسی چیز کا پورا لینا اس آیت کو اگرچہ خاکسار نے تحریر اوّل میں غیر قطعیۃ الدلالۃ لکھا ہے۔ مگر اب میری رائے یہ ہے کہ یہ آیت بھی قطعیۃ الدلالۃ ہے۔ حیات مسیح علیہ السلام پر۔ تیسری دلیل سورۂ آل عمران کی یہ آیت ہے۔ ’’ومکروا ومکر اللّٰه واللّٰه خیر

الماكرين ۰ اذ قال الله يعيسىٰ انى متوفيك ورافعك الىّ ومطهرك من الذين كفروا وجاعل الذين اتبعوك فوق الذين كفروا الىٰ يوم القيامة (آل عمران:٥٤،٥٥)‘‘

ترجمہ شاہ ولی اللہ صاحبؒ: ’’وبدسگالیدند کافران وبدسگالید خدا وخداقوی ترست از ہمہ بدسگالان آنگاہ کہ گفت خدا اے عیسیٰ ہرآئینہ من برگیرندۂ توام دبردارندۂ توام بسوئے خود وپاک کنندہ توام ازصحبت کسانی کہ کافرشدندوگردانندۂ تابعان توام بالای کافران تاروز قیامت۔‘‘

شاہ رفیع الدین صاحبؒ: ’’اور مکر کیا انہوں نے اور مکر کیا اللہ نے اور اللہ بہتر ہے مکر کرنے والوں کا جس وقت کہا اللہ نے اے عیسیٰ تحقیق میں لینے والا ہوں۔ تجھ کو اور اٹھانے والا ہوں۔ تجھ کو طرف اپنے اور پاک کرنے والا ہوں تجھ کو ان لوگوں سے کہ کافر ہوئے اور کرنے والا ہوں ان لوگوں کو کہ پیروی کریں گے تیری اوپر ان لوگوں کے کہ کافر ہوئے قیامت کے دن تک۔‘‘

ترجمہ شاہ عبدالقادر صاحبؒ: ’’اور فریب کیا ان کافروں نے اور فریب کیا اللہ نے اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے۔ جس وقت کہا اللہ نے اے عیسیٰ میں تجھ کو بھر لوں گا اور اٹھالوں گا اپنی طرف اور پاک کردوں گا کافروں سے اور رکھوں گا تیرے تابعوں کو منکروں سے اوپر قیامت کے دن تک ’’فائدہ‘‘ یہود کے عالموں نے اس وقت کے بادشاہ کو بہکایا کہ یہ شخص ملحد ہے۔ توریت کے حکم سے خلاف بتاتا ہے۔ اس نے لوگ بھیجے کہ ان کو پکڑ لاویں۔ جب وہ پہنچے حضرت عیسیٰ کے یار سرک گئے اس شتابی میں حق تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ کو آسمان پر اٹھالیا اور ایک صورت ان کی رہ گئی اسی کو پکڑ لائے۔ پھر سولی پر چڑھایا۔‘‘

وجہ استدلال کی یہ ہے کہ توفی کے اصلی وحقیقی معنی اخذ الشئ وافیاً کے ہیں۔ جیسا کہ بیضاوی وقسطلانی وفخر رازی وغیرہم نے لکھا ہے۔ عبارات ان کی تحریر چہارم میں منقول ہیں۔ من شاء فلیرجع الیہ اور موت توفی کے معنی مجازی ہیں نہ حقیقی۔ اس واسطے بغیر قیام قرینہ کے موت میں استعمال نہیں ہوتا ہے۔ تحقیق اس کی تحریر چہارم میں کی گئی اور یہاں کوئی قرینہ موت کا قائم نہیں ہے۔ ومن یدعی فعلیہ البیان اس لئے اصل وحقیقی معنی یعنی اخذ الشئ وافیاً مراد لئے جاویں گے اور انسان کا وافیاً لینا یہی ہے کہ مع روح وجسم کے لیا جاوے۔ وهو المطلوب!

یہ آیت بھی قطعیۃ الدلالۃ ہے۔ حیات مسیح علیہ السلام پر مرزا قادیانی اور ان کے اتباع اس آیت کو قطعیۃ الدلالۃ وفات مسیح علیہ السلام پر سمجھتے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے اس کا قطعیۃ الدلالۃ ہونا حیات مسیح پر اس عاجز سے ثابت کرادیا۔ وللّٰه الحمد علىٰ ذلك!

اگر کہا جاوے کہ توفی اس وقت عین رفع ہوئی تو قول اللہ تعالیٰ کا ورافعک تکرار ہوگا تو جواب اس کا یہ ہے کہ توفی کا لفظ چونکہ بمعنی موت ونوم بھی آتا ہے۔ اس لئے لفظ رافعک سے تعیین مراد مقصود ہے۔ اب تکرار نہ ہوئی۔ جیسا کہ آیت ’’ثم بعثناکم من بعد موتکم ‘‘میں بعث کو موت کے ساتھ مقید کیا ہے۔ اس لئے کہ بعث اغماء ونوم سے بھی ہوتا ہےاور جیسا کہ ’’حتیٰ یتوفهن الموت (نساء:۱۵) ‘‘میں موت کا لفظ تعیین مراد کے لئے چوتھی دلیل سورۂ مائدہ کی یہ آیت ہے۔’’وکنت علیهم شهیداً مادمت فیهم فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیهم (مائده:۱۱۷)‘‘

ترجمہ شاہ ولی اللہ صاحبؒ:’’وبودم برایشان نگاہبان مادامیکہ درمیان ایشان بودم پس وقتیکہ برگرفتی مراتو بودی نگہبان برایشان۔‘‘

فائدہ میں لکھتے ہیں:’’یعنی برآسمان بردی۔‘‘

ترجمہ شاہ رفیع الدین صاحبؒ:’’اور تھا میں اوپر ان کے شاہد جب تک رہا میں بیچ ان کے۔ پس جب قبض کیا تو نے مجھ کو تھا تو ہی نگہبان اوپر ان کے۔‘‘

ترجمہ شاہ عبدالقادر صاحبؒ:’’اور میں ان سے خبردار تھا۔ جب تک ان میں رہا پھر جب تو نے مجھے بھر لیا تو تو ہی تھا خبر رکھتا ان کی۔‘‘

وجہ استدلال وہی ہے جو اوپر کی آیت میں گزری۔ یعنی معنی حقیقی توفی کے اخذ الشئ وافیاً ہیں اور صرف حقیقت سے مجاز کی طرف بغیر صارف کے جائز نہیں اور صارف یہاں موجود نہیں ہے۔ بلکہ ایک لفظ تعیین مراد کرنے والا۔ یعنی رافعک آیت سابقہ میں موجود ہے۔ مخفی نہ رہے کہ حق تعالیٰ نے آیت ’’انی متوفیك ورافعك الیّ ‘‘میں توفی ورفع کو جمع کیا ہےاور’’بل رفعه الله الیه ‘‘میں رفع پر قصر کیا ہےاور’’فلما توفیتنی ‘‘میں توفی پر قصر کیا ہے۔ اس میں اشارہ ہے۔ اس طرف کہ توفی ورفع ایک چیز ہے۔ مقصود زیادت لفظ رفع سے صرف تعیین مراد ہے۔ یہ آیت بھی قطعیۃ الدلالۃ ہے۔ حیات مسیح علیہ السلام پر مرزا قادیانی اور ان کے اتباع اس آیت کو بھی قطعیۃ الدلالۃ وفات پر سمجھتے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ نے محض اپنی رحمت سے اس آیت کا قطعیۃ الدلالۃ حیات پر ہونا اس ہیچمدان پر ظاہر فرمایا۔ الحمد الله علیٰ ذالك!

پانچویں دلیل: سورۂ آل عمران کی یہ آیت ہے۔’’ویکلم الناس فی المهد وکهلا ومن الصالحین (آل عمران:۴۶)‘‘

ترجمہ شاہ ولی اللہ صاحبؒ: ’’وسخن گوید بامردمان درگہوارہ ووقت معمری وباشد از شائستگان۔‘‘

ترجمہ شاہ رفیع الدین صاحبؒ: ’’اور باتیں کرے گا لوگوں سے بیچ جھولے کے اور ادھیڑ اور صالحون سے ہے۔‘‘

ترجمہ شاہ عبدالقادر صاحبؒ: ’’اور باتیں کرے گا لوگوں سے جب ماں کی گود میں ہوگا اور جب پوری عمر کا ہوگا اور نیک بختوں میں سے۔‘‘

وجہ استدلال یہ ہے کہ اصل سن کہولت میں اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک تیس ہے اور بعض کے نزدیک بتیس اور بعض کے نزدیک تینتیس اور بعض کے نزدیک چالیس قسطلانی نے شرح صحیح بخاری میں لکھا ہے: ’’وقال فی اللباب الکهل من بلغ من الكهولة واولها ثلثون اواثنتان وثلثون اوثلث وثلثون اواربعون وآخرها خمسون اوستون ثم يدخل فی سن الشيخوخة‘‘

شیخ زادہ حاشیہ بیضاوی میں لکھتا ہے۔ ’’واوّل اسن الكهولة ثلثون وقيل اثنان وثلثون وقيل اربعون وآخر سنها خمسون وقيل ستون ثم يدخل الانسان فی سن الشيوخة ‘‘اور ہم مامور ہیں۔ اس بات کے ساتھ کہ جب اختلاف ہو تو اللہ اور اللہ کے رسول کی طرف رد کریں۔ قال اللہ تعالیٰ ’’فان تنازعتم فی شئ فردوه الیٰ الله والرسول ‘‘موافق اس کے اب ہم رجوع حدیث کی طرف کرتے ہیں تو حدیث ابوہریرہؓ میں اہل جنت کے حق میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ’’لا يفنی شبابه ‘‘رواہ مسلم اور حدیث ابوسعید وابوہریرہؓ میں ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ ایک ندا کرنے والا ندا کرے گا۔ ’’ان لكم ان تشبوا فلا تهرموا ابدا ‘‘رواہ مسلم اور اس باب میں احادیث بکثرت ہیں۔ یہاں سے ثابت ہوا کہ اہل جنت کا شباب کبھی زائل نہ ہوگا اور حدیث سے یہ بھی ثابت ہے کہ تینتیس برس کی عمر کے ہوں گے اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تینتیس برس کی عمر میں اٹھائے گئے۔ اس کے ثبوت کے لئے تفسیر ابن کثیر کی یہ عبارت کافی ہے۔ ’’فانه رفع وله ثلث وثلثون سنة فی الصحيح وقدورد فی حديث فی صفة اهل الجنة انهم علی صورة آدم وميلاد عيسیٰ ثلث وثلثين سنة‘‘

اور نیز تفسیر ابن کثیر میں سورۂ واقعہ کی تفسیر میں تحت آیت کریمہ ’’اترا بالاصحب

الیمین ’’ کے مرقوم ہے۔’’وروی الطبرانی واللفظ له من حدیث حماد بن سلمة عن علی بن زید بن جدعان عن سعید ابن المسیب عن ابی هریرة قال قال رسول اللهﷺ یدخل اهل الجنة الجنة جرد امردا بیضا جعادامکحلین ابناء ثلث وثلاثین وهم علی خلق آدم ستون ذراعا فی عرض سبعة اذرع وروی الترمذی من حدیث ابی داؤد الطیالسی عن عمران القطان عن قتادة عن وشهر بن حوشب عن عبدالرحمن بن غنم عن معاذ بن جبل ان رسول اللهﷺ یدخل اهل الجنة الجنة جردا مردا کمحلین بنی ثلث وثلثین سنة ثم قال حسن غریب وقال ابن وهب اخبرنا عمر وبن الحارث ان دارجا اباالسمح حدثه عن ابی الهثیم عن ابی سعید قال قال رسول اللهﷺ من مات من اهل الجنة من صغیرا وکبیر یردون بنی ثلاث وثلاثین فی الجنة لایزیدون علیها ابداً وکذلك اهل النار ورواه الترمذی عن سوید بن نصر عن ابن المبارك عن رشدین بن سعد عن عمر وبن الحارث به وقال ابوبکر بن ابی الدنیا حدثنا القاسم بن هاشم حدثنا صفوان بن صالح حدثنا رواد بن الجراح العسقلانی حدثنا الاوزاعی عن هرون بن ذهاب عن النس قال قال رسول اللهﷺ یدخل اهل الجنة الجنة علیٰ طول آدم ستین ذراعا بذراع الملك علی حسن یوسف وعلی میلاد عیسیٰ ثلث وثلاثین سنة وعلی لسان محمد جرد مرد مکحلون وقال ابوبکر بن ابی داؤد حدثنا محمد بن خالد وعباس بن الولید قالا حدثنا عمر عن الاذراعی عن هرون بن ذهاب عن انس بن مالك قال قال رسول اللهﷺ یبعث اهل الجنة الجنة علیٰ صورة آدم فی میلاد ثلث وثلثین جردا مردا مکحلین ثم یذهب بهم الیٰ شجرة فی الجنة فیکسون منها لا تبلی ثیابهم ولایغنی شبابهم (تفسیر ابن کثیر ج۸ ص۲٤)‘‘

اور حافظ عبدالعظیم منذری ترغیب وترہیب میں لکھتے ہیں:’’وعن المقدامؓ ان رسول اللهﷺ قال مامن احد یموت سقطا ولاهرما وانما الناس فیما بین ذلك الابعث ابن ثلاث وثلثین سنة فانکان من اهل الجنة کان علیٰ مسحة

آدم وصورة یوسف وقلب ایوب ومن کان من اهل النار عظموا وفخموا کالجبال رواه البیهقی باسناد حسن (الترغیب والترهیب ص ۴۰۱)‘‘

پس اس سے صاف ثابت ہوا کہ تینتیس برس کا سن سن شباب ہے۔ نہ سن کہولت۔ ورنہ فناء شباب اہل جنت لازم آتا ہے۔’’وهو خلاف ماثبت بالاحادیث الصحیحة‘‘

پس ثابت ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سنّ شباب میں اٹھائے گئے۔ نہ سن کہولت میں۔ علاوہ اس کے اصل معنی کہل کے’’من وخطه الشیب ورایت له بحالة‘‘ ہیں۔ جیسا کہ قاموس وصحاح وغیرہا میں لکھا ہے۔ یعنی کہل وہ شخص ہے جس کے بالوں میں سپیدی مخلوط ہو جائے اور دیکھی جائے۔ اس کے لئے بزرگی اور اقوال مختلفہ جو اوّل سن کہولت میں منقول ہیں۔ وہ فی الواقع مختلف نہیں ہیں۔ بلکہ یہ اختلاف مبنی ہے۔ اختلاف قوی اشخاص پر جو اعلیٰ درجہ کی قوت رکھتا ہے۔ اس کا اوّل سن کہولت چالیس یا قریب چالیس کے ہوتا ہے اور جو اوسط درجہ کی قوت رکھتا ہے۔ اس کا اوّل کہولت بتیس یا تینتیس ہوتا ہے اور جو ادنیٰ درجہ کی قوت رکھتا ہے۔ اس کا اوّل کہولت بعد تیس کے ہوتا ہے۔ اختلاف زمانہ کو اختلاف قویٰ میں بہت دخل ہے۔ جس قدر زمانہ کو خلق آدم سے بعد ہوتا جاتا ہے۔ اسی قدر قوی ضعیف ہوتے جاتے ہیں۔ اس پر مشاہدہ ونصوص قرآنیہ وحدیثیہ ناطق ہیں۔ ان میں سے ہے۔ حدیث ابی ہریرہؓ جو مرفوع اور متفق علیہ ہے۔’’فلم یزل الخلق ینقص بعده حتی الآن‘‘ یہ عمدہ صورت اقوال مختلفہ میں توفیق کی بعد اس تمہید کے میں کہتا ہوں کہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ آنحضرتﷺ کی عمر مبارک ساٹھ سے تجاوز کر گئی تھی۔ لیکن آپ کی سر مبارک اور ریش شریف میں گنتی کے بیس بال سے کم سفید تھے۔ بخاری ومسلم میں انسؓ سے روایت ہے۔’’وتوفاه اللّٰه علی راس ستین سنة ولیس فی راسه ولحیته عشرون شعره بیضاء وعن ثابت قال سئل انس عن خضاب رسول اللّٰهﷺ فقال انه لم یبلغ مایخضب لوشئت ان اعد شمطاته فی لحیته وفی روایة لوشئت ان اعد شمطات کن فی راسه فعلت متفق علیه وفی روایة المسلم قال انما کان البیاض فی عنفقته وفی الصدغین وفی الراس نبذ‘‘مخفی نہ رہے کہ حدیث اوّل میں جو ستین کا لفظ آیا ہے۔ دوسری احادیث مین اس کے خلاف آیا ہے۔ بعض میں ثلث ستین اور بعض میں خمس وستین ہے۔’’قال العلماء الجمع بین الروایات ان من روی خمسا وستین عدسنتی المولد والوفاة من روے

ثلث وستین لم یعدھما ومن روے ستین لم یعد الکسور کذافی تھذیب الاسماء ‘‘اور آنحضرتﷺ کے اس قدر بالوں کا اس عمر میں سپید ہو جانا اصحاب رسول اللہﷺ خلاف عادت سمجھتے تھے۔ چنانچہ اس پر یہ حدیث دال ہے۔ ’’عن ابی جحیفة قال قالوا یا رسول اللہ قد شبت قال شیبتنی ھود اخواتھا رواہ الترمذی‘‘ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام آنحضرتﷺ سے چھ سو برس پہلے تھے اور ظاہر ہے کہ اس زمانہ کے قویٰ بہ نسبت آنحضرتﷺ کے زمانہ کے ضرور قوی تر ہوں گے۔ پس ہرگز یہ بات عقل میں نہیں آتی ہے کہ تینتیس برس کی عمر میں جو صحیح روایت رفع کی باب میں ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بالوں میں سپیدی مخلوط ہوگئی ہو۔ بلکہ ظاہر یہی ہے کہ اس وقت بال ان کے بالکل سیاہ ہوں گے تو تعریف کہل کے ان پر صادق آئی اور موید اس کا ہے وہ لفظ جو اثر صحیح ابن عباس میں کہ حکماء مرفوع ہے۔ وارد ہے۔ ’’فقام شباب من احدثھم سناً‘‘ ماسوا اس کی عبارت فتح الباری سے معلوم ہوتا ہے کہ قریب اربعین کا قول راجح وقوی ہے اور دیگر اقوال ضعیف ہیں۔ عبارت فتح الباری کے یہ ہے۔ ’’قال ابوجعفر النحاس ان ھذا لا یعرف فی اللغة وانما الکھل عندھم من ناھز الاربعین اوقاربھا وقیل من جاوز الثلثین وقیل ابن ثلث وثلثین انتھی‘‘ پس موافق اس قول راجح کے کہل ہونا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قبل رفع ثابت نہیں ہوتا ہے۔ یہ آیت اگرچہ قطعیۃ الدلالۃ حیات مسیح علیہ السلام پر نہیں۔ لیکن ادلہ ظنیہ میں سے ایک قوی دلیل ہے اور یہ قول بعض مفسرین کا کہ یہ استدلال ضعیف ہے۔ خطاء میں ہے۔ کیونکہ ہم نے اوپر حدیث صحیح سے ثابت کر دیا کہ جس سن میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اٹھائے گئے ہیں وہ سن شباب تھا۔ نہ سن کہولت۔ مرزا قادیانی نے اس پر یہ اعتراض کیا کہ آپ کہل کے لفظ سے درمیان عمر کا آدمی مراد لیتے ہیں۔ مگر یہ صحیح نہیں ہے۔ صحیح بخاری اور قاموس وتفسیر کشاف وغیرہ میں کہل کے معنی جوان مضبوط کے لکھے ہیں۔ اس کا جواب خاکسار کی طرف سے یہ ہوا کہ صحیح بخاری میں تو یہ ہے۔ ’’وقال مجاھد الکھل الحلیم‘‘ جوان مضبوط اس سے کس طرح سمجھا جاتا ہے۔ اس کا جواب مرزا قادیانی نے یہ دیا کہ حلیم وہ ہے جو یبلغ الحلم کا مصداق ہو اور جو حلم کے زمانہ تک پہنچے۔ وہ جوان مضبوط ہی ہوتا ہے۔ اس کا جواب خاکسار کی طرف سے یہ ہوا کہ یہ حصر غیر مسلم ہے۔ کیونکہ حلیم قرآن مجید میں صفت غلام کی آئی ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے۔ ’’فبشرناہ بغلام حلیم‘‘ اور غلام کے معنی کودک صغیر کے ہیں۔ کمافی الصراح۔ پس محتمل ہے کہ حلیم اس جگہ پر ماخوذ ہو حلم

سے جو آہستگی اور بردباری کے معنی میں ہے۔ اس کا جواب مرزا قادیانی نے کچھ نہیں دیا۔

اب میں یہ کہتا ہوں کہ حافظ نے فتح الباری میں لکھا ہے: ’’وقد قال ابوجعفر النحاسن ان هذا لا یعرف فی اللغة وانما الکهل عندهم من ناهز الاربعین او قاربها وقیل من جاوز الثلثین وقیل ابن ثلث وثلثین انتهی. والذین یظهر ان مجاهد افسره بلازمه الغالب لان الکهل یکون غالباً فیه وقار وسکینة انهتی‘‘

قسطلانی لکھتا ہے: ’’فلعل مجاهد افسره بلازمه الغالب لان الکهل غالباً یکون فیه وقار وسکینة انتهی‘‘

قاموس میں ہے۔ ’’الکهل من وحظ الشیب وأیت له بجالة اومن جاوز الثلثین اواربعاوثلثین الیٰ احدی وخمسین انتهی‘‘

کشاف میں ہے: ’’ومعناه ان یکلم الناس فی هاتین الحالین کلام الانبیاء من غیر تفاوت بین حال الطفولة وحال الکهولة التی یستحکم فیها العقل ویستنباء فیها الانبیاء انتهٰی‘‘

ان عبارات سے صاف ظاہر ہے کہ کہل کے معنی جوان مضبوط کے نہ صحیح بخاری میں ہیں اور نہ قاموس میں نہ کشاف میں اور کہل کے معنی جوان کے۔ کیونکر ہو سکتے ہیں۔ حالانکہ شباب اور کہولۃ میں تضاد ہی مصباح المنیر میں ہے۔ ’’شب الصبی یشب من باب ضرب شباباً شبیبة وهو شاب وذلك قبل سن الکهولة ‘‘اور ہر عاقل جانتا ہے کہ اجتماع الضدین محال ہے۔

چھٹی دلیل سورہ زخرف کی یہ آیت ہے۔ ’’وانه لعلم للساعة فلاتمترن بها واتبعون هذا صراط مستقیم‘‘

ترجمہ شاہ ولی اللہ صاحبؒ: ’’وہر آئینہ عیسیٰ نشانہ است قیامت راپس شبہہ مکیند در قیامت وبگویا محمد پیروی من کنید این ست راہ است۔‘‘

ترجمہ شاہ رفیع الدین صاحبؒ: ’’اور تحقیق وہ البتہ علامت قیامت کی ہے۔ پس مت شک کرو ساتھ اس کے اور پیروی کرو میری یہ ہے راہ سیدھی۔‘‘

ترجمہ شاہ عبدالقادر صاحبؒ: ’’اور وہ نشان ہے اس گھڑی کا سو اس میں دھوکا نہ کرو اور میرا کہا مانو۔ یہ ایک سیدھی راہ ہے۔ فائدہ حضرت عیسیٰ کا آنا نشان ہی قیامت کا۔ انتہی!‘‘

(تفسیر ابن کثیر ج۷ ص۴۰۸) میں ہے:’’وقوله سبحانه وتعالیٰ وانه لعلم للساعة تقدم تفسير ابن اسحق ان المراد من ذلك مابعث به عيسىٰ عليه الصلوٰة والسلام من احياء الموتى وابراء الاكمه والابرص وغير ذلك من الاسقام وفى هذا نظر وابعد منه ماحكاه قتاده عن عن الحسن البصرى وسعيد بن جبير ان الضمير فى وانه عائد على القرآن بل الصحيح انه عائد علىٰ عيسىٰ عليه الصلوٰة والسلام فان السياق فى ذكره، ثم المراد بذلك نزد له قبل يوم القيامة كما قال تبارك وتعالىٰ وان من اهل الكتاب الا ليؤمنن به قبل موته قبل موت عيسىٰ عليه الصلوٰة والسلام ثميوم القيامة يكون عليهم شهيداً ويؤيدهذا المعنى القرأة الاخرى وانه لعلم للساعة اى امارة ودليل على وقوع الساعة قال مجاهد وانه لعلم للساعة اى آية للساعة خروج عيسىٰ بن مريم عليه السلام قبل يوم القيمة وهكذا روى عن ابى هريرة وابن عباس وابى العالية وابى مالك وعكرمة والحسن وقتادة وضحاك وغيرهم وقد تواترت الاحاديث عن رسول اللهﷺ انه اخبر بنزول عيسىٰ عليه السلام قبل يوم القيامة اماماً عادلا وحكماً مقسطاً انتهى‘‘

اور بھی اس میں ہے۔’’وقال الامام احمد حدثنا هاشم بن القاسم حدثنا شيبان عن عاصم بن ابى النجود عن ابى رزين عن ابى يحيىٰ مولىٰ ابن عقيل الانصارى قال قال ابن عباسؓ لقد علمت آية من القرآن ماسالنى عنها رجل ولا ادرى اعلمها الناس فلم يسألوا عنها ام لم يفطنوا لها فيسألوا عنها فى حديث طويل فى آخره قال فانزل الله عزوجل ولما ضرب ابن مريم مثلاً اذا قومك منه يصدون قال يضحكون وانه لعلم للساعة قال هو خروج عيسىٰ ابن مريم عليه الصلوٰة والسلام قبل يوم القيمة انتهى‘‘

معالم میں ہے۔’’وانه يعنى عيسىٰ عليه السلام لعلم للساعة يعنى نزوله من اشراط الساعة يعلم به قربها وقرأ ابن عباس وابوهريرة وقتادة وانه لعلم للساعة بفتح اللام والعين اے امارة وعلامة وروينا عن النبىﷺ ليوشكن ان ينزل فيكم ابن مريم حكماً عدلاً يكسر الصليب ويقتل الخنزير ويضع الجزية ويهلك فى زمانه الملل كلها الااسلام انتهى‘‘

فتح البیان میں ہے:’’وانه لعلم للساعة قال مجاهد والضحاك والسدی وقتادة ان المراد المسیح وان خروجه اے نزوله مما یعلم به قیام الساعة ای قربها لکونه شرطا من اشراطها لان اللّٰه سبحانه ینزله من السماء قبل قیام الساعة کما ان خروج الدجال من اعلام الساعة وقال الحسن وسعید بن جبیر المراد القرآن لانه یدل علی قرب مجیئ الساعة وبه یعلم وقتهاو اهوالها واحوالها وقیل المعنی ان حدوث المسیح من غیر اب واحیاء ه للموتی دلیل علی صحة البعث وقیل الضمیر لمحمدﷺ والاول اولیٰ قال ابن عباس اے خروج عیسیٰ بن مریم علیه السلام قبل یوم القیامة واخرجه الحاکم وابن مردویه عنه مرفوعاً وعن ابی هریرة نحوه اخرجه عبدبن حمید انتهی‘‘

سیوطی اکلیل میں لکھتے ہیں:’’فیه نزول عیسیٰ قربها روی الحاکم عن ابن عباس فے قوله وانه لعلم للساعة قال خروج عیسیٰ انتهی‘‘

کشاف میں ہے:’’وانه وان عیسیٰ علیه السلام لعلم للساعة ای شرط من اشراطها تعلم به فسمے الشرط علما لحصول العلم به وقرأ ابن عباس لعلم وهو العلامة وقرئ للعلم وقرأ ابی لذکر علی تسمیة مایذکر به ذکراکماسمی مایعلم به علما وفی الحدیث ان عیسیٰ علیه السلام ینزل علی ثنیة بالارض المقدسة یقال لها افیق وعلیه ممصرتان وشعر رأسه وهن وبیده حربة وبها یقتل الدجال فیاتی بیت المقدس والناس فی صلوٰة والصبح والامام یؤم بهم فیتأخر الامام فیقدمه عیسیٰ ویصلی علےٰ شریعة محمد علیه السلام ثم یقتل الخنازیر ویکسر الصلیب ویخرب البیع والکنائس ویقتل النصاریٰ الامن آمن به‘‘

بیضاوی میں ہے۔’’وانه وان عیسیٰ لعلم للساعة لان حدوثه اونزوله من اشراط الساعة یعلم به دنوها اولان احیاء ه الموتیٰ یدل علی قدرة اللّٰه علیه قرئ لعلم ای علامة ولذکر علی تسمیة مایذکر به ذکرا وفی الحدیث ینزل عیسیٰ علیٰ ثنیة بالارض المقدسة اه‘‘

تفسیر ابوالسعود میں ہے:’’وانہ وان عیسیٰ لعلم للساعة ای انه بنزوله شرط من اشراطها وتسمية علما لحصوله به اوبحدوثه بغیر اب اوباء حیاء الموتیٰ ودلیل علی صحته البعث الذی هو معظم ماینکره الکفرة من الامور الواقعة فی الساعة‘‘

جلالین میں ہے:’’وانه ای عیسیٰ لعلم للساعة تعلم بنزوله‘‘

جمل میں ہے:’’والمعنی وان نزوله علامة علی قرب الساعة مدارك ‘‘ میں ہے:’’ای وان نزوله علم الساعة انتهی ‘‘جامع البیان میں ہے:’’وانه عیسیٰ لعلم للساعة ای علامتها فان نزوله من اشراطها انتهی ‘‘

وجہ استدلال کی یہ ہے کہ انہ کی ضمیر میں مفسرین نے تین احتمالات لکھے ہیں۔ایک یہ کہ وہ عائد ہے طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے۔دوسرا یہ کہ وہ عائد ہے طرف قرآن مجید کے۔تیسرا یہ کہ وہ عائد ہے طرف آنحضرتﷺ کے احتمالین اخرین بالبداہۃ باطل ہیں۔کیونکہ قرآن مجید وآنحضرتﷺ کا اوپر کہیں ذکر نہیں ہے۔بخلاف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کہ ان کا ذکر قبل بعد موجود ہے۔پس یہ بات متعین ہوئی کہ مرجع انہ کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔اب یہاں تین احتمالات ہیں یا نزول مقدر مانا جاوے یا معجزات یا حدوث احتمالین اخرین صحیح نہیں ہیں اوران کی عدم صحت کی وجہ تحریر اوّل خاکسار میں مرقوم ہے اور مرزا قادیانی نے اس کا کچھ جواب نہیں دیا۔ من شاء فلیرجع الیه!

علاوہ اس کے یہ دونوں احتمال غیر ناشی عن الدلیل ہیں اورنزول کی مقدر ماننے پر دلیل موجود ہے۔

اوّل حدیث ابن عباس جس کو امام احمد نے موقوفاً اور حاکم اور ابن مردویہ نے مرفوعاً روایت کیا ہے۔دوسری حدیث حذیفہ بن الاسید غفاری’’قال اطلع النبیﷺ علینا ونحن نتذاکر فقال ماتذکرون قالوا نذکر الساعة قال انها لن تقوم حتیٰ تروا قبلها عشر آیت فذکر الدخان والدجال والدابة وطلوع الشمس من مغربها ونزول عیسیٰ بن مریم الحدیث ورواه مسلم ج ۲ ص ۳۹۳‘‘

ودیگر احادیث صحیحہ بخاری ومسلم وغیرہما کہ جو بکثرت نزول عیسیٰ علیہ السلام میں وارد ہوئی ہیں اور یہی قول ابن عباسؓ وابوہریرہؓ ومجاہد وابوالعالیہ وابومالک وعکرمہ وحسن وقتادہ وضحاک

وسدی وغیرہم کا ہے اور سب مفسرین نے اس احتمال کو ترجیح دی ہے۔ یہ دلیل اگر قطعی نہیں ہے تو قریب قطعی کے تو ضرور ہے۔ مرزاقادیانی نے اس پر یہ اعتراض کیا ہے کہ اس آیت کو حضرت مسیح کے دوبارہ نزول سے شکی طور پر بھی کچھ تعلق نہیں اور اگر خواہ نخواہ تحکم کے طور پر اس جگہ نزول مسیح مراد لیا جاوے اور وہی نزول ان لوگوں کے لئے جو آنحضرتﷺ کے عہد میں تھے۔ نشان قیامت ٹھہرایا جاوے تو یہ استدلال وجود قیامت تک ہنسی کے لائق ہوگا اور جن کو یہ خطاب کیا گیا کہ مسیح آخری زمانہ میں نزول کر کے قیامت کا نشان ٹھہرے گا۔ اب تم باوجود اتنے بڑے نشان کے قیامت سے کیوں انکاری ہوتے ہو۔ وہ عذر پیش کر سکتے ہیں کہ دلیل تو ابھی موجود نہیں۔ پھر یہ کہنا کس قدر عبث ہے کہ اب قیامت کے وجود پر ایمان لے آؤ۔ شک مت کرو۔ ہم نے پختہ دلیل قیامت کے آنے کی بیان کر دی۔ انتہی!

میں کہتا ہوں کہ مرزاقادیانی کا یہ کہنا کہ اس آیت کو حضرت مسیح کے دوبارہ نزول سے شکی طور پر بھی کچھ تعلق نہیں۔ آنحضرتﷺ وابن عباسؓ وابوہریرہؓ مجاہد وابوالعالیہ وابومالکؒ وعکرمہ وحسن وقتادہ وضحاک وسدی وسائرمفسرین پر جنہوں نے اس آیت سے نزول عیسیٰ علیہ السلام سمجھا ہے۔ جہالت کا الزام لگانا ہے۔ اعاذنا اللہ منہ اور مرزاقادیانی کا یہ کہنا کہ اگر نزول مسیح مراد لیا جاوے تو یہ استدلال وجود قیامت تک ہنسنے کے لائق ہوگا۔ الیٰ آخر ما قال! نہایت ہنسی کے لائق ہے۔

مرزاقادیانی آیت کا مطلب ہی نہیں سمجھے اور منشاء غلط یہ معلوم ہوتا ہے کہ ''فلا تمترن بہا'' میں جو فاء سببیہ آئی ہے وہ چاہتی ہے اس امر کو کہ اس کا ماقبل سبب ہو اور مابعد مسبب پس نزول عیسیٰ علیہ السلام کا قیامت کی نشانی ہونا سبب ہوا۔ قیامت میں نہ شک کرنے کا اور نزول ابھی متحقق ہی نہیں ہے۔ پس کیسے کہا جا سکتا ہے کہ پس قیامت میں شک نہ کرو۔ جواب اس کا یہ ہے کہ نفس تحقق نزول عیسیٰ علیہ السلام قطع نظر اس سے کہ حق تعالیٰ نے اس کے علم ساعۃ ہونے کی خبر دی ہے۔ کسی طرح پر قیامت یا قرب قیامت پر دلالت نہیں کرتا ہے۔ ہاں حق تعالیٰ کا یہ خبر دینا کہ نزول عیسیٰ علیہ السلام علم ساعۃ ہے۔ البتہ قطعاً وقوع قیامت پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ اگر قیامت کا وقوع ہی نہ ہو تو نزول عیسیٰ علیہ السلام کا علم ساعۃ ہونا باطل ہوا جاتا ہے۔ پس عیسیٰ کا علم ساعۃ ہونا اس جہت سے کہ حضرت حق سبحانہ وتعالیٰ نے اس کی خبر دی ہے۔ بے شک سبب ہے عدم امتراء بالقیامۃ کا اور اس کے نظائر قرآن مجید میں بکثرت ہیں کہ ماقبل فاء سببیت کا بنظر نفس ذات

اپنی کے سبب نہیں ہے۔ مابعد کا لیکن اس اعتبار سے کہ حق تعالیٰ نے اس ماقبل کی خبر دی ہے۔ وہ سبب ہے مابعد کا سورہ بقرہ میں ہے۔ ’’الحق من ربك فلا تكونن من الممترين (بقرہ:۱۴۷)‘‘ یہاں مراد استقبال کعبہ کا حق ہونا ہے اور یہ بغیر حق تعالیٰ کے اخبار کے سبب عدم امتراء کا نہیں ہوسکتا۔ سورہ آل عمران میں ہے۔ ’’الحق من ربك فلا تكن من الممترين‘‘

سورۂ نساء میں ہے: ’’انما المسيح عيسىٰ بن مريم رسول الله وكلمته القها الىٰ مريم وروح منه فامنوا بالله ورسله ولا تقولوا ثلثة انتهوا خيرا لكم (نساء:۱۷۱)‘‘

سورۂ شعراء میں ہے: ’’انى لكم رسول امين فاتقوا الله واطيعون (شعراء:۱۰۷،۱۰۸)‘‘

سورۂ فاطر میں ہے: ’’ان الشيطان لكم عدو فاتخذوه عدوا (فاطر:۶)‘‘

سورہ حم سجدہ میں ہے: ’’قل انما انا بشر مثلكم يوحى الىّ انما الهكم آله واحد فاستقيموا اليه واستغفروه (حم سجده:۶)‘‘

سورۂ تغابن میں ہے: ’’زعم الذين كفروا ان لن يبعثوا قل بلىٰ وربى لتبعثن ثم لتنبئن بما عملتم وذلك على الله يسير فآمنوا بالله ورسوله والنور الذى انزلنا (تغابن:۱،۲)‘‘

سورۂ کوثر میں ہے: ’’اعطينٰك الكوثر فصل لربك وانحر‘‘

ساتویں دلیل۔ سورہ حشر کی آیت ہے۔ ’’وماا تكم الرسول فخذوه ومانهاكم عنه فانتهوا‘‘

شاہ ولی اللہ صاحبؒ: وہرچہ بدھد شمارا پیغامبر بگیرید وہرچہ منع کند شمارا ازان بازایستید۔

شاہ رفیع الدین صاحبؒ: ’’اور جو کہ دیوے تم کو رسول پس لے لو اس کو اور جو کچھ منع کرے تم کو اس سے پس باز رہو۔‘‘

شاہ عبدالقادر صاحبؒ: ’’اور جو دیوے تم کو رسول سو لے لو اور جس سے منع کرے سو چھوڑ دو۔‘‘

موافق اس آیت کے جو احادیث صحیحہ کی طرف رجوع کی گئی تو بکثرت اس بات میں

احادیث صحیحہ موجود ہیں۔ جن کا تواتر مرزا قادیانی نے (ازالۃ الاوہام کے ص۵۵۷، خزائن ج۳ ص۴۰۰) میں تسلیم کیا ہے۔ ان میں سے ہے حدیث متفق علیہ ابوہریرہؓ کی: ’’قال قال رسول اللہ ﷺ والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکماً عدلاً فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ ویفیض المال حتی لایقبلہ احد حتی تکون السجدۃ الواحدۃ خیرا من الدنیا ومافیہا ثم یقول ابوہریرۃؓ فاقروأ ان شئتم وان من اھل الکتاب الالیؤمنن بہ قبل موتہ ‘‘ کہا ابوہریرہؓ نے کہ فرمایا رسول مقبول ﷺ نے قسم ہے اس کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ البتہ بیشک قریب ہے یہ کہ اترے گا تم میں بیٹا مریم کا حاکم منصف ہوکر پھر توڑے گا۔ صلیب کو اور قتل کرے گا سور کو اور موقوف کرے گا۔ جزیہ اور بھی گا مال یہاں تک کہ نہ قبول کرے گا۔ اس کو کوئی یہاں تک کہ ہوگا۔ ایک سجدہ بہتر دنیا ومافیہا سے پھر کہتے تھے۔ ابوہریرہؓ پس پڑھو تم اگر چاہو تم یہ آیت ’’وان من اھل الکتاب الالیؤمنن بہ قبل موتہ (نساء:۱۵۹) ‘‘یعنی اور نہیں ہوگا اہل کتاب میں سے کوئی مگر البتہ تحقیق وہ ایمان لاوے گا۔ عیسیٰ پر قبل مرنے ان کے سے انتہت تقریر استدلال کی یہ ہے کہ معنی حقیقی ابن مریم کے خود عیسیٰ بن مریم ہیں۔ قرآن مجید واحادیث صحیحہ میں بکثرت یہ لفظ وارد ہوا ہے اور سب جگہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مراد ہیں۔ مثیل ایک جگہ بھی مراد نہیں ہے۔ والنصوص تحمل علی ظواہرہا وصرف النصوص عن ظواہرہا۔ بغیر صارف قطعی الحاد اور یہاں کوئی صارف قطعی موجود نہیں ہے۔ ’’ومن یدعی فعلیہ البیان ‘‘پس ان احادیث سے نزول خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قطعاً ثابت ہوتا ہے۔ مرزا قادیانی نے اس دلیل کا اپنی کسی تحریر میں جواب نہیں دیا۔ اگر کہا جاوے کہ اخیر کی تین دلیلوں سے نزول عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ثابت ہوتا ہے اور مقصود ثبوت حیات تھا۔ پس تقریب تمام نہ ہوئی تو جواب یہ ہے کہ مقصود بالذات اثبات نزول ہے اور حیات مقصود۔ بالعرض ہے۔ پس اگر نزول موقوف حیات پر ہے اور مستلزم ہے۔ حیات کو تو ملزوم کے ثابت ہونے سے لازم خود ثابت ہوگیا۔ پس حیات ثابت ہوئی۔ ’’وھو المطلوب فی ھذا المقام ‘‘اور اگر نزول حیات کو مستلزم نہیں ہے تو اگرچہ حیات ثابت نہ ہوئی۔ لیکن جو مقصود بالذات تھا۔ یعنی نزول خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام وہی ثابت ہوگیا۔ جس کے لئے حیات عیسیٰ علیہ السلام ثابت کی جاتی تھی۔ پس اثبات حیات کی کچھ حاجت نہ رہی۔

آٹھویں دلیل صحیح بخاری کی یہ حدیث ہے۔ ’’عن ابن عباسؓ قال خطب

رسول اللہ ﷺ فقال یا ایہا الناس انکم محشورون الیٰ اللہ حفاۃ عراۃ غرلاثم قال کما بدأنا اوّل خلق نعیدہ وعدا علینا اناکنا فاعلین الخ! ثم قال الاوان اوّل الخلائق یکسیٰ یوم القیامۃ ابراھیم الاوانہ یجاء برجال من امتی فیوخذ بھم ذات الشمال فاقول یا رب اصیحابی فیقال انک لاتدری ماا حدثوابعدک فاقول کما قال العبد الصالح وکنت علیھم شھیدا مادمت فیھم فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیھم فیقال ان ھؤلاء لم یزالوا مرتدین علی اعقابھم منذ فارقتھم ''روایت ہے۔ابن عباسؓ سے کہا کہ خطبہ پڑھا رسول اللہ ﷺ نے پس فرمایا اے لوگو! بے شک تم جمع کئے جاؤ گے اللہ کی طرف ننگے پاؤں ننگے بدن بغیر ختنہ کئے۔ پھر پڑھی یہ آیت''کما بدأنا اوّل خلق نعیدہ وعدا علینا انا کنا فاعلین الیٰ آخر الآیہ ''پھر فرمایا کہ آگاہ ہوجاؤ کہ سب مخلوق سے پہلے قیامت کے دن حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کپڑے پہنائے جاویں گے۔آگاہ ہو جاؤ اور بیشک لائے جاویں گے۔چند مرد میری امت میں سے پھر لے جاویں گے۔ان کو بائیں طرف پھر کہوں گا میں۔اے رب میرے یہ میرے چھوٹے ساتھی ہیں۔پس کہا جاوے گا بیشک تو نہیں جانتا ہے کہ کیا نئی چیزیں نکالیں۔ انہوں نے بعد تیرے پس کہوں گا میں مانند اس کی کہ کہا بندہ صالح یعنی''عیسیٰ نے وکنت علیھم شھیداً مادمت فیھم فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیھم (مائدۃ:۱۱۷) ''پس کہا جاوے گا کہ بیشک یہ لوگ پھر گئے اپنی ایڑیوں پر جب سے کہ چھوڑا تو نے ان کو انتہت وجہ استدلال یہ ہے کہ اس حدیث میں آنحضرت ﷺ نے اپنے قول کو تشبیہ دی۔ ساتھ قول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اور یہ نہیں فرمایا کہ''فاقول ماقال العبد الصالح ''یعنی پس کہوں گا میں جو کہا بندۂ صالح نے اور مشبہ اور مشبہ بہ میں مغائرت ہوتی ہے۔نہ عینیت۔پس معلوم ہوا کہ آنحضرت ﷺ کے توفی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے توفی میں مغائرت ہے۔نہ عینیت اور آنحضرت ﷺ کے توفی تو قطعاً بذریعہ موت کے ہوئی۔پس ثابت ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توفی بذریعہ موت کے نہیں ہوئی۔بلکہ بذریعہ رفع واصعاد کے ہوئی جو مشابہ وہمشکل موت کا ہے اور یہی مدعا تھا۔

نویں دلیل اثر ابن عباس ہے جو حکماً مرفوع ہے۔فتح البیان میں ہے۔''اخرج سعید بن مصور والنسائی وابن ابی حاتم وابن مردویہ عن ابن عباسؓ قال

لما اراد اللّٰہ ان یرفع عیسیٰ الیٰ السماء خرج الیٰ اصحابه وفی البیت اثنا عشر رجلاً من الحواریین فخرج علیهم من عین فی البیت وراسه یقطر ماء فقال ان منکم من یکفربی اثنی عشرمرة بعد ان آمن بی ثم قال ایکم یلقی علیه شبهی فیقتل مکانی فیکون معی فی درجتی فقام شاب من احدثهم سناً فقال له اجلس ثم اعاد علیهم ثم فام الشاب فقال اجلس ثم اعاد علیهم فقام الشاب فقال انا فقال انت ذاك فالقی علیه شبه عیسیٰ ورفع عیسیٰ من روزنةٍ فی البیت الیٰ السماء قال وجاء الطلب من یهود فاخذوا الشبه فقتلوه ثم صلبوه فکفر به بعضهم اننی عشرمرة بعد ان آمن به وافترقوا ثلاث فرق فقالت طائفة کان اللّٰہ فینا ماشاء ثم صعد الیٰ السماء فهؤلا الیعقوبیة وقالت فرقة کان فینا ابن اللّٰہ ماشاء ثم رفعه اللّٰہ الیه وهؤلاء النسطوریة وقالت فرقه کان فینا عبدللّٰہ رسوله وهولاء المسلمون فتظاهرت الکافرتان علی المسلمة فقتلوها فلم یزل الاسلام طامساً حتی بعث اللّٰہ محمداً صلے اللّٰہ علیه وسلم فانزل اللّٰہ علیه فآمنت طائفة من بنی اسرائیل یعنی الطائفة التی آمنت فی زمن عیسیٰ وکفرت طائفة یعنی التی کفرت فی زمن عیسیٰ فایدنا الذین آمنوا فی زمن عیسیٰ باظهار محمد دینهم علی دین الکافرین قال ابن کثیر بعد ان ساقه بهذا اللفظ عند ابن ابی حاتم قال ثنا احمد بن سنان ثنا ابومعاویة عن الاعمش عن المنهال بن عمرو عن سعید بن جبیر عن ابن عباس فذکره وهذا اسناد صحیح الیٰ ابن عباس وصدق ابن کثیر فهؤلاء کلهم من رجال الصحیح واخرجه النسائی من حدیث ابی کریب عن ابی معاویة بنحوه ’’روایت کیا سعد بن منصور ونسائی وابن ابی حاتم وابن مردویہ نے ابن عباسؓ سے کہا انہوں نے جب ارادہ کیا اللہ نے یہ کہ اٹھادے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان کی طرف نکلے۔ حضرت عیسیٰ اپنے یاروں کی طرف اور گھر میں بارہ مرد تھے۔ حاریوں میں سے پس نکلے ان پر ایک چشمہ سے جو گھر میں تھا اور سر سے ان کے پانی ٹپکتا تھا۔ پس فرمایا کہ تحقیق بعض تم میں سے وہ ہے کہ کفر کرے گا میرے ساتھ بارہ بار بعد اس کے کہ ایمان لایا مجھ پر۔ پھر فرمایا کہ کون تم میں ہے کہ ڈالی جاوے اس پر شبیہ میری پھر قتل کیا جاوے۔ وہ میری جگہ اور میرے ساتھ

میرے درجہ میں پس کھڑا ہوا ایک جوان نوعمروں میں سے۔ پس فرمایا واسطے اس کے بیٹھ جا پھر اعادہ کیا ان پر اس بات کا پھر کھڑا ہوا وہی جوان پھر فرمایا کہ بیٹھ جا پھر اعادہ کیا۔ ان پر اس بات کا پھر کھڑا ہوا وہی جوان پس کہا اس نے میں پس فرمایا کہ تو وہی ہے۔ پس ڈالی گئی اس پر شبہ عیسیٰ کی اور اٹھائے گئے عیسیٰ روشندان سے جو گھر میں تھا آسمان کیطرف کہا اور آئے تلاش کرنے والے یہود کی طرف سے پس پکڑ لیا انہوں نے شبہ کو پس قتل کیا اس کو پھر سولی پر چڑھایا اس کو پس کفر کیا ساتھ ان کے بعض ان کے نے بارہ بار بعد اس کے کہ ایمان لایا ان پر اور متفرق ہوگئے تین فرقے۔ پس کہا ایک فرقہ نے رہا اللہ ہم میں جب تک کہ چاہا اس نے پھر چڑھ گیا آسمان کی طرف۔ پس یہ یعقوبیہ ہیں اور کہا ایک فرقہ نے تھا ہم میں بیٹا اللہ کا جب تک کہ چاہا اس نے پھر اٹھا لیا اس کو اللہ نے اپنی طرف اور یہ نسطوریہ ہے اور کہا ایک فرقہ نے تھا ہم میں بندہ اللہ کا اور رسول اس کا یہ مسلمان تھے۔ پھر چڑھائی کی کافروں نے مسلمانوں پر۔ پس قتل کیا ان کو پس ہمیشہ رہا اسلام مٹا ہوا۔ یہاں تک کہ بھیجا اللہ نے محمد ﷺ کو پس اوتاری اللہ نے ان پر یہ آیت فآمنت طائفۃ من بنی اسرائیل۔ یعنی پس ایمان لایا ایک گروہ بنی اسرائیل میں سے یعنی وہ گروہ جو ایمان لایا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں اور کفر کیا ایک گروہ نے یعنی اس نے کہ کافر ہوا۔ حضرت عیسیٰ کے زمانہ میں پس تائید کی ہم نے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے۔ زمانہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اس طرح پر کہ محمد ﷺ نے ان کے دین کو کافروں کے دین پر غالب کیا۔ کہا ابن کثیر نے بعد اس کے کہ چلایا اس حدیث کو اس لفظ سے نزدیک ابن ابی حاتم کے کہا حدیث کی ہم کو احمد بن سنان نے حدیث کی ہم کو ابومعاویہ نے اعمش سے انہوں نے منہال بن عمرو سے انہوں نے سعید بن جبیر سے انہوں نے ابن عباس سے پس ذکر کیا اس کو اور یہ سند صحیح ہے ابن عباس تک اور سچ کہا ابن کثیر نے۔ پس یہ کل رجال رجال صحیح میں سے ہیں اور روایت کیا اس کو نسائی نے حدیث ابی کریب سے انہوں نے معاویہ سے مثل اس کے انتہت کہتا ہوں میں کہ اس ناچیز نے سب رجال کو دیکھا تو سب رجال اس کے رجال بخاری ومسلم کے ہیں۔ سوائے منہال بن عمرو کے کہ وہ صرف رجال بخاری سے ہے اور اس اثر کی حکما مرفوع ہونے پر یہ عبارت سخاوی کی دال ہے۔'' قال شیخنا فیہ ان اباھریرۃ لم یکن یاخذ عن اھل الکتاب وان الصحابی الذی یکون کذلک اذا اخبر بما لامجال للرای والاجتھاد فیہ یکون للحدیث حکم الرفع انتھی وھذا یقیتضی تقیید الحکم بالرفع بصدورہ عن من لم یاخذ

عن اهل الکتاب انتھی ’’اور بھی اس میں ہے۔‘‘واصرح منه منع ابن عباس له ای للکعب ولو وافق کتابنا وقال انه لا حاجة وکذانھی عن مثله ابن مسعود وغیره من الصحابة انتھی‘‘

ساتویں دلیل حدیث مرسل حسن کی ہے۔ تفسیر ابن کثیر میں ہے۔’’وقال ابن ابی حاتم حدثنا ابی حدثنا احمد بن عبدالرحمن حدثنا عبداللّٰه بی ابی جعفر عن ابیه حدثنا الربیع بن انس عن الحسن انه قال فی قوله تعالیٰ انی متوفیك یعنی وفاة المنام رفعه اللّٰه فی منامه قال الحسن قال رسول اللّٰهﷺ للیھود ان عیسیٰ لم یمت وانه راجع الیکم قبل یوم القیامة (تفسیر ابن کثیر ج۲ ص۴۰)‘‘ کہا حسن نے فرمایا رسول اللّٰہﷺ نے یہود سے کہ تحقیق عیسیٰ نہیں مرے اور بے شک وہ رجوع کرنے والے ہیں۔ تمہاری طرف دن قیامت سے پہلے اگر کہا جاوے کہ یہ حدیث مرسل ہے تو جواب یہ ہے کہ اس مرسل کی تقویت چند طرح پر ہوگئی ہے۔

اوّل...... یہ کہ حسن بصریؒ نے قسم کھا کر یہ بات کہی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہیں۔ تفسیر ابن کثیر میں ہے:’’وقال ابن جریر حدثنی یعقوب حدثنا ابن علیة حدثنا ابورجاء عن الحسن وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موت عیسیٰ واللّٰه انه لحی الآن عند اللّٰه ولکن اذا نزل آمنوا به اجمعون انتھی‘‘ پس معلوم ہوا کہ یہ مرسل حسن کے نزدیک قوی ہے۔ والّا قسم نہ کھاتے۔

دوم...... تہذیب میں ہے:’’وقال یونس بن عبید سالت الحسن قلت یا ابا سعید انك تقول قال رسول اللّٰهﷺ وانك لم تدرکه قال یا ابن اخی لقد سالتنی عن شئ ماسالنی عنه احد قبلك ولولا منزلتك منی ما اخبرتك انی فی زمان کماتری وکان فی عمل الحجاج کل شئ سمعتنی اقول قال رسول اللّٰهﷺ فھوعن علی بن ابی طالب غیرانی فی زمان لااستطیع ان اذکر علیاً انتھی یھی تھذیب میں ھے۔ قال محمد بن احمد بن محمد بن ابی بکر المقدمی سمعت علی بن المدینی یقول مرسلات یحیی بن ابی کثیر شبه الریح ومرسلات الحسن البصری التی رواھا عنه الثقات صحاح اقل مایسقط منھا انتھی‘‘

خلاصہ میں ہے:’’قال ابوزرعة کل شئ قال الحسن قال رسول اللہﷺ وجدت له اصلا خلا اربعة احادیث انتهی‘‘

جامع ترمذی کی کتاب العلل میں ہے:’’حدثنا سوار بن عبداللہ العنبری قال سمعت یحیی بن سعید القطان یقول ما قال الحسن فی حدیثه قال رسول اللہﷺ الا وجدنا له اصلا الا حدیثا اوحدیثین انتهی‘‘

سیوم یہ مرسل معتضد ہے۔ ساتھ تین آثار ابن عباس کے ایک بیان میں کیفیت رفع عیسیٰ علیہ السلام کی دوسرا تفسیر آیت کریمہ’’وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته‘‘میں تیسرا تفسیر آیہ کریمہ’’وانه لعلم للساعة‘‘میں’’کما تقدم‘‘اوران آثار میں سے دو کے رجال رجال صحیح ہیں اور ایک حکماً مرفوع ہے اور ایک کو بعض مخرجین نے مرفوع کیا ہے اور معتضد ہے۔ ساتھ اثر ابوہریرہؓ کے جس سند کے ساتھ صحیح بخاری میں مذکور ہے اور معتضد ہے۔ ساتھ حدیث مرفوع ابن عباس کے جو مسنداً صحیح بخاری میں مروی ہے اور معتضد ہے۔ ساتھ آیات کریمہ’’وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته (نساء:۱۵۹)‘‘اور دیگر آیات شریفہ کے جو اثبات حیات کے لئے بیان کی گئیں ہیں اور مرسل اس سے کم میں قابل احتجاج ہوجاتا ہے۔

الفیہ میں ہے۔’’لکن اذاصح لنا مخرجه بمسند اومرسل یخرجه من لیس یروی عن رجال الاوّل نقبله‘‘

سخاوی فتح المغیث میں لکھتے ہیں:’’وکذا یعتضد بماذکر مع مذهب الشافعی کما سیأتی من موافقة قول بعض الصحابی اوفتوی عوام اهل العلم انتهی‘‘

پس اس مرسل کے قوی وقابل احتجاج ہونے میں کیا شک باقی رہا۔ تلک عشرة کاملة یہ پوری دس دلیلیں ہوئیں حیات مسیح علیہ السلام پر۔

مخفی نہ رہے کہ جو عبارات مفسرین کی تحریر چہارم میں نقل کی گئیں ہیں۔ ان سے صاف واضح ہے کہ سب اہل اسلام آنحضرتﷺ کے وقت سے لے کر اس زمانہ تک صحابہ وتابعین وتبع تابعین وفقہاء واہل حدیث وعامہ مفسرین سب کا اعتقاد یہی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر زندہ مع الجسد موجود ہیں۔ یہ کوئی نہیں کہتا ہے کہ وہ مردہ ہیں۔ اگرچہ اہل اسلام کا اس میں

اختلاف ہے کہ اٹھائے جانے سے پہلے ان پر موت طاری ہوئی یا نہیں۔ جمہور اہل اسلام کا یہ مذہب ہے کہ موت طاری نہیں ہوئی اور یہی صحیح ہے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ موت طاری ہوئی۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے پھر زندہ کر کے مع الجسد اٹھالیا۔ یہ کوئی بھی نہیں کہتا ہے کہ اب وہ مردہ ہیں۔ پس جو مذہب مرزا قادیانی نے احداث کیا ہے یہ قول کسی کا اہل اسلام میں سے نہیں ہے۔ اب یہاں سے شروع کی جاتی ہے نقل ان رقعوں و پرچوں کی جو مباحثہ دہلی کے متعلق طرفین سے لکھی گئی۔

نقل جواب اشتہارات مرزا قادیانی از جانب راقم

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم!

حامداً ومصلیاً ومسلماً

ربنا لاتزغ قلوبنا بعد اذهديتنا وهب لنا من لدنك رحمة انك انت الوهاب. اما بعد!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

مرزا غلام احمد قادیانی اوران کے اتباع پر مخفی نہ رہے کہ آپ کے اشتہارات مورخہ ۴؍اکتوبر ۱۸۹۱ء ومورخہ ۶؍اکتوبر سنہ مذکور جو بمقابلہ جناب مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب دہلوی کے شائع ہوئے ہیں۔ دیکھنے میں آئے معلوم نہیں کہ جناب میاں صاحب نے کیا جواب دیا۔ لیکن خاکسار محض بنظر احقاق حق وابطال باطل صرف حق تعالیٰ کی نصرت پر اعتماد کر کے آپ کے ساتھ مناظرے کے لئے تیار ہے اور شروط مسلمہ مندرجہ اشتہار ۶؍اکتوبر کو تسلیم کرتا ہے۔ لیکن شرط ثالث میں تھوڑی ترمیم چاہتا ہے وہ یہ ہے کہ یہ تو آپ خود ہی حلفاً اقرار کرتے ہیں کہ اگر میں اس بحث وفات عیسیٰ میں غلطی پر نکلا تو دوسرا دعویٰ خود چھوڑ دوں گا۔ اس قدر اس میں اور زیادہ کر دیجئے کہ اگر میں اس بحث وفات عیسیٰ میں صواب پر نکلا تو صرف اتنی بات سے میرا اصل دعویٰ یعنی عدم نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور میرا مسیح موعود ہونا ثابت نہ ہوگا۔ بعد اختتام بحث وفات عیسیٰ علیہ السلام کے ان دونوں امور میں بھی بلا عذر بحث ضرور کی جاوے گی اور جو کوئی طرفین میں سے عذر کرے گا تو گریز پر حمل کیا جائے گا اور نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام صرف ثبوت وفات عیسیٰ علیہ السلام سے باطل متصور نہ ہوگا۔ آپ کا دعویٰ جو تمام اہل اسلام کے مخالف سمجھا جاتا ہے۔ وہ تو یہی دعویٰ عدم نزول عیسیٰ علیہ السلام اور دعویٰ آپ کے مسیح موعود ہونے کا ہے۔ والسلام علیٰ من اتبع الہدیٰ!

المعلن خاکسار محمد بشیر عفی عنہ　　از بھوپال محلّہ گوجر پورہ ۹؍ربیع الاوّل ۱۳۰۹ھ

جواب مرزا قادیانی

مجھے یہ منظور ہے کہ اوّل حضرت مسیح ابن مریم کی وفات حیات کے بارے میں بحث ہو۔اس بحث کے تصفیہ کے بعد پھران کے نزول اوراس عاجز کے مسیح موعود ہونے کے بارے میں مباحثہ کیا جائے اور جوشخص طرفین میں سے ترک بحث کرے گا اس کا گریز کرنا سمجھا جائے گا۔

رقعہ مرزا قادیانی موسومہ حاجی محمد احمد صاحب

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

نحمدہ ونصلی

مکرمی اخویم مولوی محمد احمد صاحب سلمہ۔ السلام علیکم ورحمتہ اللہ! حسب استفسار آپ کے عرض کیا جاتا ہے کہ مجھے حضرت مولوی محمد بشیر صاحب سے مسئلہ حیات وفات مسیح ابن مریم علیہ السلام میں بحث کرنا بدل وجان منظور ہے۔ پہلی بہرحال یہی بحث ہوگی۔ بعد اس کی حضرت مولوی صاحب ان کے نزول کے بارے میں بھی بحث کرلیں۔ بحث تحریری ہوگی۔ ہرایک فریق سوال یا جواب لکھ کر حاضرین کو سنادے گا۔ والسلام! خاکسار غلام احمد عفی عنہ

۱۵/اکتوبر ۱۸۹۱ء

رقعہ اوّل از جانب راقم جو دہلی پہنچ کر لکھا گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

حامداً مصلیاً مسلماً

جناب مرزا غلام احمد صاحب دام مجدکم! بعد السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ خاکسار حسب طلب جناب آگیا ہے اور جناب کی سب شروط کو پہلے ہی تسلیم کرچکا ہے اور آپ بھی میری ترمیم کو قبول فرماچکے ہیں۔ آپ تاریخ ووقت واسطے مناظرہ کے تجویز فرماکر خاکسار کو مطلع کیجئے۔ تاکہ واسطے مناظرہ کے حاضر ہو۔ والسلام! محمد بشیر عفی عنہ

۱۷/ربیع الاوّل ۱۳۰۹ھ

جواب رقعہ اوّل

حضرت مولوی محمد بشیر صاحب سلمہ! السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

مجھے آپ کی تشریف آوری سے بہت خوشی ہوئی اور خط آمدہ اخویم مولوی سید محمد احسن صاحب سے آپ کے اخلاق اور متانت اور تہذیب کا حال معلوم ہوکر دل پہلے سے ہی مشتاق

ہورہا تھا کہ اس مسئلہ میں آپ سے اظہاراً للحق بحث ہو۔ سوالحمدللہ! آپ تشریف لے آئے۔ آج مجھے بوجہ ضروریات فرصت نہیں کل انشاء اللہ القدیر کوئی تاریخ مقرر کر کے اطلاع دوں گا۔ لیکن بحث تحریری ہوگی۔ تاہر ایک فریق کا بیان محفوظ رہے اور دور دست کے لوگوں کو بھی رائے نکالنے کا موقعہ مل سکے۔ سب سے اوّل مسئلہ حیات ووفات مسیح میں بحث ہوگی۔ حیات مسیح علیہ السلام کا آپ کو ثبوت دینا ہوگا۔ اس ثبوت کے بعد آپ دوسری بحث کر سکتے ہیں۔ آپ کی خدمت میں ایک اشتہار بھی بھیجا جاتا ہے۔ جس سے آپ کو معلوم ہوگا کہ حیات وفات مسیح میں کن شرائط کی پابندی سے آپ کو بحث کرنا ہوگا۔

والسلام!

خاکسار عبداللہ الصمد غلام احمد عفی عنہ

۲۱/اکتوبر۱۸۹۱ء

رقعہ دوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

حامداً مصلیاً مسلماً

جناب مرزا غلام احمد صاحب دام مجدکم! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

دیروز آپ کا رقعہ مورخہ ۲۱/اکتوبر ۱۸۹۱ء وصول ہوا۔ آپ نے وعدہ فرمایا تھا کہ کل انشاء اللہ القدیر کوئی تاریخ مقرر کر کے اطلاع دوں گا۔ اب تک آپ کے ایفاء وعدہ کا انتظار رہا۔ اب گزارش ہے کہ آج اس وعدہ کا ایفا ضرور فرمائیے۔ آپ کی یہ بات کہ بحث تحریری ہوگی۔ خاکسار پہلے سے تسلیم کر چکا ہے اور یہ بھی کہ سب سے اوّل مسئلہ حیات ووفات مسیح میں بحث ہوگی۔ اب آپ کا یہ ارشاد ہے کہ حیات مسیح علیہ السلام کا آپ کو ثبوت دینا ہوگا۔ یہ بھی بسروچشم قبول کرتا ہوں۔ اس کے بعد نزول حضرت مسیح علیہ السلام کا آپ کو ثبوت دینا ہوگا۔ یہ بھی بسروچشم قبول کرتا ہوں۔ اس کے بعد نزول حضرت مسیح علیہ السلام میں بحث کی جائے گی۔ من بعد آپ کے مسیح موعود ہونے میں اور آپ بھی پہلے سے اس کو تسلیم فرما چکے ہیں۔ والسلام خیر الختام!

خاکسار محمد بشیر عفی عنہ

۱۸/ربیع الاوّل ۱۳۰۹ھ

جواب رقعۂ دوم

مکرمی اخویم مولوی صاحب! السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

کل دس بجے کے بعد بحث ہو یا اگر ایک ضروری کام سے فرصت ہوئی تو پہلے ہی اطلاع دے دوں گا۔ ورنہ انشاء اللہ القدیر دس بجے کے بعد تو ضرور بحث شروع ہوگی۔ صرف اس بات کا التزام ضروری ہوگا کہ بحث اس عاجز کے مکان پر ہو۔ اس کی ضرورت خاص وجہ سے ہے۔ جو زبانی بیان کر سکتا ہوں۔ جلسۂ عام نہیں ہوگا۔ صرف دس آدمی تک جو معزز خاص ہوں۔ آپ ساتھ لا سکتے ہیں۔ مگر شیخ بٹالوی اور مولوی عبدالمجید ساتھ نہ ہوں اور نہ آپ کو ان بزرگوں کی کچھ ضرورت ہے۔

والسلام!

مرزا غلام احمد عفی عنہ

۲۲/اکتوبر ۱۸۹۱ء

جواب رقعہ سوم جو گم ہوگیا

جناب مولوی صاحب مکرم بندہ! السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

میں امید کرتا ہوں کہ آپ ان تمام شرطوں کو جو مین اپنے کل کے پرچے میں لکھ چکا ہوں قبول کرنے سے کسی قسم کا انحراف یا میلان انحراف ظاہر نہ کریں گے۔ میں نے جن لوگوں کو آنے سے روکا ہے تحریراً اور مصلحتاً روکا ہے اور میں خوب جانتا ہوں کہ خیر وبرکت اسی میں ہے۔ بہت مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بعد از فراغ نماز جمعہ بحث شروع ہو اور شام تک یا جس وقت تک ممکن ہو سکے سلسلۂ بحث جاری ہو اور دس آدمیوں سے زیادہ ہرگز ہرگز کسی حال میں آپ کے ساتھ نہ ہوں اور اس لحاظ سے کہ بحث کو بیفائدہ طول نہ ہو۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پرچون کی تعداد پانچ سے زیادہ نہ ہو اور پہلا پرچہ آپ کا ہو۔

محمد بشیر سہسوانی کا پہلا پرچہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

الحمد للہ وکفیٰ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفی. اما بعد!

ارباب علم ودین پر مخفی نہ رہے کہ اصل دعویٰ مرزا قادیانی کا، مسیح موعود ہونے کا ہے۔ لیکن جناب ممدوح کے محض اصرار بلیغ سے مباحثہ حیات ووفات مسیح میں منظور کیا گیا ہے اور اس مسئلہ میں بھی اصل منصب مرزا قادیانی کا مدعی کا ہے۔ لیکن صرف جناب ممدوح کے اصرار سے ہی

یہ بھی قبول کیا گیا کہ پہلے یہ عاجز ادلہ حیات مسیح تحریر کرے اور اس میں بحث صعود ونزول وغیرہ کا خلط نہ کیا جائے۔’’فاقول بحول اللّٰہ وقوتہ وما توفیقی الا بہ علیہ توکلت والیہ انیب‘‘ جاننا چاہئے کہ دلیلیں حیات مسیح کی پانچ آیتیں ہیں۔ دلیل اوّل یہ ہے:’’وان من اھل الکتاب الّا لیؤمنن بہ قبل موتہ ویوم القیامۃ یکون علیھم شھیدا (نساء:۱۵۹)‘‘ وجہ استدلال کی یہ ہے کہ لیؤمنن میں نون تاکید کا آیا ہے اور نون تاکید مضارع کو خالص استقبال کے لئے کر دیتا ہے۔ ماضی اور حال کی تاکید کے لئے نون نہیں آتا ہے۔

ازہری تصریح میں لکھتا ہے:’’ولا یؤکدبھما الماضی لفظا ومعنی مطلقاً لانھما یخلصان مدخولھما للاستقبال وذلک ینافی المعنی‘‘

اور دوسری جگہ لکھتا ہے:ولا یجوز تاکیدہ بھما اذاکان منفیاً اوکان المضارع حالًا کقرأۃ ابن کثیر. لاقسم بیوم القیامۃ. وقول الشاعر ؎

یمینا لا بغض کل امرء
یزخرف قولًا ولا یفعل

فاقسم فی الآیۃ والبغض فی البیت، معناھما الحال الدخول اللام علیھما وانما یوکدا بالنون لکونھا تخلص الفعل للاستقبال وذلک ینافی الحال‘‘

فوائد ضیائیہ میں ہے:’’تختص ای نون بالفعل المستقبل فی الامر والنھی والاستفھام والتمنی والعرض والقسم وانما اختصت ھذہ النون بھذہ المذکورات الدالۃ علی الطلب دون الماضی والحال لانہ لایوکد الا مایکون مطلوبا‘‘

عبدالحکیم، تکملہ میں لکھتے ہیں:’’لان النون تخلص المضارع للاستقبال فکرھوا الجمع بین حرفین لمعنی واحد فی کلمۃ واحدۃ‘‘

مغنی میں ہے:’’ولا یؤکد بھما الماضی مطلقاً واما المضارع فان کان حالًا لم یؤکدبھما وان کان مستقبلا اکدبھما وجوباً فی نحوواللّٰہ لا کیدن اصنامکم‘‘

شیخ زادہ، حاشیہ بیضاوی میں لکھتے ہیں:’’واعلم الاصل فی نون التاکید ان تلحق بآخر فعل مستقبل فیہ معنی الطلب کالامر والنھی والاستفھام والتمنی والعرض نحو اضربن زیداً ولاتضربن وھل تضربنہ ولیتک تضربن مثقلۃ ومخففۃ واختص بما فیہ معنی المطلب لان وضعہ للتاکید

والتـاكيـد انـمـا يـليـق بـمـا يـطلب حتى يولد ويحصل فيغتنم هو بوجد ان المطلوب ولا يليق بالخبر المحض لانه قد وجد وحصل فلا يناسبه التاكيد واختـص بـالـمستقبل لان الطلب انما يتعلق بما لم يحصل بعد ليحصل وهو الـمستـقبـل بـخـلاف الـحـال والماضى لحصولهما والمستقبل الذى هو خبر محـض لا تلحق نون التاكيد بآخره الا بعد ان يدخل على اوّل الفعل مايدل عـلـى التاكيد كلام القسم وان لم يكن فيه معنى الطلب لان الغالب ان المتكلم يقسم على مطلوبه''

اور ایسا ہی بلا خلاف تمام کتب نحو میں مرقوم ہے۔

قرآن مجید اور سنت مطہرہ میں بھی نون بہت مواضع میں خاص مستقبل کے لئے آیا ہے اور ماضی اور حال کے لئے ایک جگہ بھی پایا نہیں جاتا۔ اس مقام پر چند آیات نقل کی جاتی ہیں۔

سورہ بقرہ میں ہے۔

''فـامـا يـأتيـنـكـم منى هدىً فمن تبع هداى فلا خوف عليهم ولا هم يحزنون (بقره:۳۸)''

اور''فلنولينك قبلة ترضاها (بقره:۱٤٤)''

اور''ولـنـبـلـونـكـم بشئ مـن الـخـوف والـجوع ونقص من الاموال والانفس والثمرات (بقره:۱۵۵)''

سورہ آل عمران میں ہے:''واذ اخـذ الله ميثـاق النبيين لما آتيتكم من كتاب وحكمة ثم جاء كم رسول مصدق لما معكم لتؤمنن به ولتنصرنه (آل عمران:۸۱)''

اور''لتبـلـون فـى اموالكم وانفسكم ولتسمعن من الذين اوتو الكتاب من قبلكم ومن الذين اشركوا اذى كثيراً (آل عمران:۱۸٦)''

اور''واذ اخـذ الله ميثـاق الـذيـن اوتـو الـكتـاب لتبيننـه للناس ولا تكتمونه (آل عمران:۱۸۷)''

اور''فـالـذيـن هـاجـروا واخـرجـوا من ديـارهم واوذوا فى سبيلى وقـاتـلـوا وقتـلـوا لاكـفـرن عنهم سيآتهم ولادخلنهم جنت تجرى من تحتها الانهار (آل عمران:۱۹۵)''

سورۃ نساء میں ہے۔’’ولاضلنهم ولامنينهم ولامرنهم فليبتكن آذان الانعام ولآمرنهم فليغيرن خلق الله (نساء:۱۱۹)‘‘

سورہ مائدہ کے رکوع گیارہ میں ہے:’’لتجدن اشد الناس عداوة للذين آمنوا اليهود والذين اشركوا ولتجدن اقربهم مودة للذين آمنوا الذين قالوا انا نصاریٰ (مائده:۸۲)‘‘

سورہ مائدہ کے تیرھویں رکوع میں ہے:’’يا ايها الذين آمنوا ليبلونكم الله بشئ من الصيدتناله ايديكم ورماحكم (مائده:۹٤)‘‘

سورہ انعام کے دوسرے رکوع میں ہے:’’ليجمعنكم الیٰ يوم القيامة لاريب فيه (انعام:۱۲)‘‘

سورہ اعراف کے پہلے رکوع میں ہے:’’فلنسئلن الذين ارسل اليهم ولنسئلن المرسلين. قلنقصن عليهم بعلم وما كنا غائبين (اعراف:۶،۷)‘‘

سورہ اعراف کے رکوع ۱۴ میں ہے:’’لاقطعن ايديكم وارجلكم من خلاف ثم لاصلبنكم اجمعين (اعراف:۱۲٤)‘‘

سورہ اعراف کے رجوع ۲۱ میں ہے:’’واذ تاذن ربك ليبعثن عليهم الیٰ يوم القيامة من يسومهم سوء العذاب (اعراف:۱۶۷)‘‘

سورۃ ابراہیم کے دوسرے رکوع میں ہے:’’ولنصبرن علی ماآذيتمونا (ابراهيم:۱۲)‘‘

سورہ ابراہیم کے تیسرے رکوع میں ہے:’’وقال الذين كفروا لرسلهم لنخرجنكم من ارضنا اولتعودن فی ملتنا فاوحے اليهم ربهم لنهلكن الظالمين. ولنسكننكم الارض من بعدهم (ابراهيم:۱۳،۱٤)‘‘

سورہ نحل کے رکوع ۱۳ میں ہے:’’وليبينن لكم يوم القيامة ماكنتم فيه تختلفون (النحل:۹۲)‘‘

اوراسی میں ہے:’’ولتسئلن عما كنتم تعملون (النحل:۹۳)‘‘

اسی میں ہے:’’من عمل صالحاً من ذكر او انثی وهو مؤمن فلنحيينه حيوة الطيبة ولنجزينهم (النحل:۹۷)‘‘

بنی اسرائیل کے پہلے رکوع میں ہے:’’وقضینا الیٰ بنی اسرائیل فی الکتاب لتفسدن فی الارض مرتین ولتعلن علوا کبیراً (الاسراء:٤)‘‘

سورۃ حج کے چھٹے رکوع میں ہے:’’ولینصرن اللّٰہ من ینصرہ ان اللّٰہ لقوی عزیز (الحج:٤٠)‘‘

سورہ نور کے ساتویں رکوع میں ہے:’’وعداللّٰہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنهم فی الارض کما استخلف الذین من قبلهم ولیمکنن لهم دینهم الذی ارتضی لهم ولیبدلنهم من بعد خوفهم امنا (النور:٥٥)‘‘

سورہ نمل کے دوسرے رکوع میں ہے:’’لاعذبنه عذابا شدیداً اولاذبحنه اولیاتینی بسلطان مبین (النمل:٢١)‘‘

سورۃ عنکبوت کے ساتویں رکوع میں ہے:’’والذین جاهدوا فینا لنهدینهم سبلنا (عنکبوت:٦٩)‘‘

سورہ محمد کے ۴ رکوع میں ہے:’’ولتعرفنهم فی لحن القول (محمد:٣٠)‘‘

سورہ تغابن کے پہلے رکوع میں ہے:’’قل بلی وربی لتبعثن ثم لتنبئون بما عملتم (تغابن:٧)‘‘

سورہ انشقاق میں ہے:’’لترکبن طبقاً عن طبق (شقاق:١٩)‘‘

اگر مرزا قادیانی ایک آیت یا ایک حدیث یا کوئی کلام عرب عرباء کا ایسا پیش کریں کہ اس میں نون تاکید حال یا ماضی کے لئے یقینی طور پر آیا ہو تو کوئی عبارت کتاب نحو کی جس میں تصریح اس امر مذکور کی ہو، تو میں اپنے اس مقدمہ کو غیر صحیح تسلیم کرلوں گا۔

بعد اس کے تمہید کے میں کہتا ہوں کہ لفظی ترجمہ اس آیت کا یہ ہوا۔

اور نہیں ہوگا اہل کتاب میں سے کوئی۔ مگر البتہ ایمان لاوے گا ساتھ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پہلے مرنے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے۔

اور حاصل ترجمہ یہ ہے کہ آئندہ زمانے میں ایک ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ سب اہل کتاب اس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مرنے سے پہلے ایمان لاویں گے۔ یہی ایک معنی اس آیت کے موافق محاورہ عرب وقواعد نحو اور محاورہ کتاب وسنت کے صحیح ہیں اور اس کے ماعدا جتنے معنی ہیں سب غلط اور باطل ہیں۔ کیونکہ کسی معنی کی بناء پر لیؤمنن کا لفظ خالص استقبال کے لئے نہیں باقی رہتا۔ وہ چار معنی ہیں۔

اوّل وہ جو عامہ تفاسیر میں منقول ہے کہ موتہ کی ضمیر کتابی کی طرف عائد ہے اور معنی یہ ہیں کہ نہیں کوئی اہل کتاب میں سے۔ مگر البتہ ایمان لاتا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اپنے مرنے سے پہلے یعنی نزع روح کے وقت اس تقدیر پر لیؤمنن کا خالص استقبال کے لئے نہ ہونا ظاہر ہے۔ اس لئے یہ معنی باطل ہیں۔

دوسرے معنی وہ ہیں جو مرزا قادیانی نے کشفی طور پر (ازالہ اوہام ص۳۷۲، خزائن ج۳ ص۲۹۱) میں لکھتے ہیں۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ:

ہر اہل کتاب ہمارے اس بیان مذکور بالا پر جو ہم نے اہل کتاب کے خیالات کی نسبت ظاہر کیا ہے۔ ایمان رکھتا ہے۔ قبل اس کے کہ وہ ایمان لاوے کہ مسیح اپنی موت سے مر گیا۔ فقط:

یہ معنی بھی، بسبب اس کے کہ اس تقدیر لیؤمنن خالص استقبال کے لئے نہیں رہتا ہے۔ باطل ہیں اور اس معنی کشفی کے بطلان کے اور بھی وجوہ ہیں۔ مگر ان کو اس بحث سے علاقہ نہیں ہے۔ اس لئے ہم ان کو یہاں بیان نہیں کرتے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان وجوہ کا ذکر ازالہ اوہام کے رد میں بہ بسط بسیط کیا جائے گا۔

تیسرے وہ معنی ہیں جو مرزا قادیانی نے (ازالہ اوہام ص۳۸۵، خزائن ج۳ ص۲۹۸) میں لکھے ہیں۔ وہ یہ ہیں کہ:

مسیح تو ابھی مرا بھی نہیں تھا کہ جب سے یہ خیالات شک وشبہ کے یہود ونصاریٰ کے دلوں میں چلے آتے ہیں۔ فقط:

یہ معنی بھی اسی وجہ سے باطل ہیں کہ لیؤمنن اس تقدیر پر خالص استقبال کے لئے نہیں رہتا۔ بلکہ ماضی کے لئے ہو جاتا ہے۔

چوتھے وہ ہیں جو مولوی ابو یوسف محمد مبارک علی سیالکوٹی۔ مرید مخلص مرزا قادیانی نے (القول الجمیل ص۲۸) میں لکھے ہیں۔ وہ یہ ہیں:

اور ان اہل کتاب میں سے ہر ایک شخص کے لئے ضروری ہے کہ اس بات کو اپنے مر جانے سے پیشتر ہی تسلیم کرے۔

اس عبارت کا مطلب اگر یہ ہے کہ ان اہل کتاب میں سے ہر ایک شخص کو چاہئے کہ اس بات کو اپنے مرنے سے پہلے ہی تسلیم کرے۔ یعنی یہ جملہ انشائیہ ہے۔ جیسا کہ بعض عبارات القول الجمیل اس پر قرینہ ہے تو اس معنی کے غلط ہونے کی یہ وجہ ہے کہ صاحب القول الجمیل اس

مقام پر غلط فاحش کا مصدر ہوا۔ کیونکہ لیؤمنن میں لام مکسورہ لام الامر سمجھا ہے۔ حالانکہ قرآن خواں اطفال بھی جانتے ہیں کہ قرآن مجید میں لام مفتوحہ، لام تاکید ہے اور اگر یہ معنی ہیں کہ ان اہل کتاب میں سے ہر ایک شخص اس بات کو اپنے مرنے سے پہلے تسلیم کر لیتا ہے۔ یعنی یہ جملہ خبر یہ ہے تو اس وقت لیؤمنن خالص استقبال کے لئے نہیں رہتا ہے۔ اس لئے یہ معنی غلط ہوئے اور وہ معنی اس آیت کے جو خاکسار نے اوّل بیان کئے۔ سلف میں سے ایک[۲] جماعت کثیر اسی طرف گئی ہے۔ ان میں سے ہیں۔ ابوہریرہؓ اور ابن عباسؓ اور ابومالکؒ اور حسن بصریؒ وقتادہ وعبدالرحمٰن بن زید بن اسلم۔

تفسیر ابن کثیر میں ہے: ’’حدثنا ابن بشار حدثنا عبدالرحمن عن سفیان عن ابی حصین عن سعید بن جبیر عن ابن عباس وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته. قال قبل موت عیسیٰ بن مریم قال العوفی عن ابن عباس مثل ذلك قال ابومالك فی قوله الا لیؤمنن به قبل موته قال ذلك عند نزول عیسیٰ وقبل موت عیسیٰ بن مریم علیه السلام لایبقی احد من اهل الکتاب الا امن به وقال الضحاك عن ابن عباس وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته یعنی الیهود خاصة وقال الحسن البصری یعنی النجاشی واصحابه رواهما ابن ابی حاتم وقال ابن جبیر حدثنی یعقوب حدثنا ابورجاء عن الحسن وان من اهل الکتاب الالیؤمنن به قبل موته قال قبل موت عیسیٰ والله انه لحی عند الله ولکن اذا نزل آمنوا به اجمعون وقال ابن ابی حاتم حدثنا ابی حدثنا علی بن عثمان اللاحقی حدثنا جویریة بن بشیر قال سمعت رجلاً قال للحسن یا ابا سعید قول الله عزوجل وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته قال قبل موت عیسیٰ ان الله رفع الیه عیسیٰ وهو باعثه قبل یوم القیامة مقاماً یؤمن به البر والفاجر وکذا قال قتاده عبدالرحمن بن زید بن اسلم وغیر واحد وهذا القول هو الحق کما سنبینه بعد بالدلیل القاطع انشاء الله وبه الثقة وعلیه التکلان (تفسیر ابن کثیر ج۲ ص۴۰۱)‘‘

اور ابوہریرہؓ کا اس طرف جانا حدیث صحیحین سے ظاہر ہے۔ مخفی نہ رہے کہ مرزا قادیانی

نے اس معنی پر جس کو ہم نے صحیح اور حق لکھا ہے۔ (ازالہ اوہام ص۳۶۸،۳۶۹، خزائن ج۳ ص۲۸۹) میں چار اعتراض کئے ہیں۔ ان سب کا مسکت جواب بفضلہٖ تعالیٰ ہمارے پاس موجود ہے۔

اعتراض اوّل: آیت موصوفہ بالا صاف طور پر فائدہ تعمیم کا دے رہی ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل کتاب کے لفظ سے تمام وہ اہل کتاب مراد ہیں۔ جو مسیح کے وقت میں یا مسیح کے بعد برابر ہوتے رہیں گے اور آیت میں ایک بھی ایسا لفظ نہیں جو آیت کو کسی خاص محدود زمانے سے متعلق اور وابستہ کرتا ہو۔ فقط:

جواب اس کا بدو وجہ ہے۔

اوّل...... یہ کہ آیت میں نون تاکید ثقلیہ موجود ہے۔ جو آیت کو خاص زمانہ مستقبل سے وابستہ کرتا ہے۔

دوم...... یہ کہ اس تعمیم کے موافق آپ کے معنی اوّل جو ازالہ اوہام میں لکھے گئے ہیں، بھی باطل ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ آپ کے نزدیک لفظ اہل کتاب کا آیت موصوفہ میں ان سب اہل کتاب کو بھی شامل ہے جو مسیح کے وقت میں ان کو صلیب پر چڑھانے سے پہلے موجود تھے۔ حالانکہ ان کا بیان مذکورہ بالا پر ایمان رکھنا قبل اس کے کہ وہ اس پر ایمان لاویں کہ مسیح اپنی طبعی موت سے مرگیا۔ غیر متصور ہے اور ایسا ہی آپ کے دوسرے معنی بھی باطل ہوئے جاتے ہیں۔ ’’وھذا غیر خفی علی من لہ ادنی تامل‘‘

اعتراض دوم

احادیث صحیحہ بآواز بلند پکار رہی ہیں کہ مسیح کے دم سے اس کے منکر خواہ اہل کتاب یا غیر اہل کتاب کفر کی حالت میں مریں گے۔

جواب اس کا بدو وجہ ہے:

اوّل...... یہ کہ آیت میں کہیں تصریح اس امر کی نہیں ہے کہ مسیح کے آتے ہی سب اہل کتاب مسیح پر ایمان لے آویں گے۔ بلکہ آیت میں تو صرف اسی قدر ہے کہ مسیح کی موت سے پہلے ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ اس زمانہ کے سب اہل کتاب ان پر ایمان لے آویں گے۔ پس ہوسکتا ہے کہ جن کفار کا علم الٰہی میں مسیح کے دم سے کفر کی حالت میں مرنا مقدر ہو۔ ان کے مرنے کے بعد سب اہل کتاب ایمان لے آویں۔

دوم...... ہوسکتا ہے کہ مراد ایمان سے یقین ہو نہ ایمان شرعی۔ جیسا کہ آپ کے دونوں معنی کے موافق ایمان سے مراد ایمان شرعی نہیں ہے بلکہ یقین مراد ہے۔

اعتراض سوم

مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ دجال بھی اہل کتاب میں سے ہوگا اور یہ بھی مانتے ہیں کہ وہ مسیح پر ایمان نہیں لائے گا۔

اس کا جواب بھی انہی دووجھوں سے ہے۔ جو اعتراض دوم کے جواب میں لکھی گئیں۔ اعادہ کی حاجت نہیں۔

اعتراض چہارم

مسلم میں موجود ہے کہ مسیح کے بعد شریر رہ جائیں گے۔ جن پر قیامت آئے گی۔ اگر کوئی کافر نہیں رہے گا تو وہ کہاں سے آجائیں گے۔

جواب...... یہ اعتراض مرزا قادیانی کی شان سے نہایت مستبعد ہے۔ کیا مرزا قادیانی یہ نہیں خیال فرماتے کہ یقیناً دنیا میں ابتداءً ایک ایسا مانہ بھی گذر چکا ہے کہ کوئی کافر نہ تھا۔ پھر یہ کفار جواب تک موجود ہیں۔ کہاں سے آگئے۔ جیسے یہ کفار ہوگئے ایسا ہی بعد عیسیٰ علیہ السلام کے بھی ہوجائیں گے۔

دوسری دلیل: یہ آیت سورۃ آل عمران کی ہے۔ ''ویکلم الناس فی المهد وکهلا ومن الصالحین (آل عمران:٤٦)''

اس آیت سے علماء نے استدلال حیات مسیح پر کیا ہے۔ تفسیر ابوالسعود میں ہے۔ ''وبه استدل علی انه علیه السلام سینزل من السماء لما انه علیه السلام رفع قبل التکهل قال ابن عباس ارسله اللّٰه تعالیٰ وهو ابن ثلاثین سنة ومکث فی رسالته ثلاثین شهراً ثم رفع اللّٰه تعالیٰ الیه''

تفسیر کبیر میں ہے: ''قال الحسین بن الفضل وفی هذه الآیة نص فی انه علیه الصلوٰة والسلام سینزل فی الارض''

بیضاوی میں ہے: ''وبه استدل علی انه سینزل فانه رفع قبل ان اکتهل''

جلالین میں ہے: ''یفید نزوله قبل الساعة لانه رفع قبل الکهولة''

معالم میں ہے: ''وقیل للحسین بن الفضل هل تجد نزول عیسیٰ فی القرآن قال نعم قوله وکهلاً وهو یکتهل فی الدنیا وانما معناه وکهلاً بعد نزول من السماء''

یہ آیت اگرچہ فی نفسہا قطعیۃ الدلالہ حیات مسیح پر نہیں ہے۔ مگر بانضمام آیت ’’وان من اھل الکتاب الا لیؤمنن بہ (نساء:۱۵۹)‘‘ کے قطعی الدلالۃ ہوجاتی ہے اور اس بناء پر ایک حسن اس آیت میں یہ ہوتا ہے۔ جیسا کہ ’’کلام فی المھد‘‘ ایک آیت اور معجزہ ہے۔ ایسا ہی ’’کلام فی الکھولۃ‘‘ معجزہ ٹھہرتا ہے۔ کیونکہ اس زمان دراز تک جسم کا بغیر طعام وشراب کے زندہ رہنا اور اس میں کچھ تغیر نہ آنا خارق عادہ ہے۔ ورنہ ’’کلام فی الکھولۃ‘‘ تو سب ہی کیا کرتے ہیں۔ حضرت مسیح کا اس میں کیا کمال ہے۔ جس کو اللہ تعالیٰ نے فہرست نعم جلیلہ میں ذکر فرمایا ہے۔

دلیل سوم

سورۃ نساء میں ہے۔ ’’وما قتلوہ یقیناً بل رفعہ اللہ الیہ وکان اللہ عزیزاً حکیما (نساء:۱۵۸،۱۵۹)‘‘

یہ آیت بھی ’’فی نفسہا‘‘ اگرچہ قطعی الدلالۃ حیات مسیح پر نہیں ہے۔ مگر ظاہر اس سے ’’رفع الروح مع الجسد‘‘ ہے۔ کیونکہ ’’وما قتلوہ‘‘ اوّل وثانی اور ’’ماصلبوہ‘‘ کے ضمیر منصوب کا مرجع تو قطعاً روح مع الجسد ہے۔ پس یہ امر دال ہے۔ اس پر کہ مرجع رفع کے ضمیر منسوب کا بھی روح مع الجسد ہے۔ علی الخصوص جب آیت ’’وان من اھل الکتاب الا لیؤمنن بہ‘‘ اس کے ساتھ ضم کی جاوے تو یہ بھی قطعی الدلالت ہوجاتی ہے۔

دلیل چہارم

سورۃ زخرف میں ’’وانہ لعلم للساعۃ فلا تمترن بھا واتبعون ھذا صراط مستقیم (زخرف:۶۱)‘‘

یہ آیت بھی ’’فی نفسہا‘‘ اگرچہ قطعی الدلالۃ حیات مسیح پر نہیں ہے۔ مگر ظاہر یہی ہے۔ کیونکہ ارجاع ضمیر ’’انہ‘‘ کا طرف قرآن مجید کے بالکل خلاف سیاق وسباق ہے۔ پس ضرور مرجع حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہوئے۔ اب یہاں تین احتمال ہیں۔ یا حدوث مقدر مانا جاوے یا ارادہ معجزات یا نزول۔ اوّل باطل ہے۔ اس لئے کہ ہمارے آنحضرت ﷺ کا حدوث علامت قریبہ قیامت کے ہے۔ جیسا کہ حدیث صحیح میں وارد ہے۔

’’بعثت انا والساعۃ کھاتین (بخاری ج۲ ص۱۶۳، مسلم ج۲ ص۴۰۶)‘‘

پس حضرت عیسیٰ کی تخصیص کی کوئی وجہ نہیں اور ایسا ہی احتمال دوم بھی باطل ہے۔ کیونکہ

معجزات سب دلالت علی قدرۃ اللہ تعالیٰ میں برابر ہیں۔ تخصیص معجزات عیسویہ کی کیا ہے۔ پس متعین ہوا کہ مراد نزول ہے۔ خاص کر جب کہ آیت ’’وان من اھل الکتاب‘‘ جو قطعی الدلالۃ ہے اور احادیث صحیحہ بخاری و مسلم اس کی تفسیر میں واقع ہوگئی ہیں تو اس حیثیت میں یہ آیت بھی قطعی الدلالۃ حیات مسیح پر ہوگئی۔

دلیل پنجم

آیت ’’وما آتاکم الرسول فخذوہ ومانھاکم عنہ فانتھوا (حشر:۷)‘‘ ہے۔ جو موافق اس آیت کے جو احادیث صحیحہ کی طرف رجوع کی گئی تو بکثرت اس باب میں احادیث صحیحہ موجود ہیں۔ جن کا تواتر تو مرزاقادیانی نے ازالہ اوہام ص۵۵۷، خزائن ج۳ ص۴۰۰) میں تسلیم فرمایا ہے۔ ان میں سے حدیث متفق علیہ ابوہریرہؓ کی ہے: ’’قال قال رسول اللہﷺ والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکماً عدلاً فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ ویفیض المال حتیٰ لا یقبلہ احد حتی تکون السجدۃ الواحدۃ خیراً من الدنیا وما فیھا ثم یقول ابوھریرۃؓ فاقرأو ان شئتم وان من اھل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ (بخاری ج۱ ص۴۹۰، مسلم ج۱ ص۸۷)‘‘

معنی حقیقی ابن مریم کے عیسیٰ بن مریم ہیں اور صارف یہاں کوئی موجود نہیں۔ بلکہ آیت ’’وان من اھل الکتاب‘‘ اس معنی کی تعیین کررہی ہے۔ پس نزول عیسیٰ متعین ہوگیا۔ اس سے ظاہر یہی ہے کہ وہ زندہ ہیں۔

تفسیر ابن کثیر میں ہے: ’’وقال ابن ابی حاتم حدثنا ابی حدثنا احمد بن عبدالرحمن حدثنا عبداللہ بن جعفر عن ابیہ حدثنا الربیع بن انس عن الحسن انہ قال فی قولہ تعالیٰ انی متوفیک یعنی وفاۃ المنام رفعہ اللہ فی منامہ قال الحسن قال رسول اللہﷺ للیھود ان عیسیٰ لم یمت وانہ ارجع الیکم قبل یوم القیامۃ (تفسیر ابن کثیر ج۲ ص۴۰)‘‘

یہ حدیث اگرچہ مرسل ہے۔ لیکن ’’وان من اھل الکتاب‘‘ اس کی صحت کی عاضد ہے۔ یہ اخیر چار آیات اگرچہ ہر واحد، ان میں سے بنفسہا دلیل قطعی حیات مسیح علیہ السلام پر نہیں۔ مگر تاہم بہ نسبت ان تیس آیات کے جو مرزاقادیانی نے ازالہ اوہام میں واسطے اثبات وفات

حضرت مسیح کے لکھی ہیں۔ یہ آیات قوی الدلالۃ حیات مسیح پر ہیں۔ باقی رہا یہ امر کہ مرزاقادیانی نے تیس آیات واسطے اثبات وفات مسیح علیہ السلام کے لکھی ہیں۔ سوان کا جواب اجمالی یہ ہے کہ یہ آیات تین قسم کی ہیں۔

اوّل...... وہ جن میں لفظ ''توفی'' بالتخصیص حضرت مسیح کی نسبت واقع ہوا ہے۔

دوم...... وہ آیات جو عموماً سب انبیاء گذشتہ کی وفات پر دلالت کرتی ہیں۔

سوم...... وہ آیات کہ نہ ان میں حضرت مسیح کی وفات کا خصوصاً ذکر ہے نہ عموماً صرف مرزاقادیانی نے ان سے محض اجتہاداً استنباط وفات کیا ہے۔

قسم اوّل کا جواب یہ ہے کہ بعد فرض وتسلیم اس کے کہ لفظ توفی کے معنی حقیقی موت وقبض روح کے ہیں اور دوسرے معنی مجازی ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ آیت ''وان من اھل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ'' سے جو قطعی الثبوت وقطعی الدلالۃ ہے۔ حیات عیسیٰ علیہ السلام ثابت ہوگئی تو اب یہ آیت صاف ہوگئی۔ آیات مذکورہ کے معنی حقیقی سے اس لئے آیات ''توفی'' معنی مجازی پر محمول کی جاویں گی اور وہ معنی مجازی جو یہاں مراد ہو سکتے ہیں وہ اخذ تام وقبض ہے۔ جس کو اردو میں پورا لینا کہتے ہیں اور توفی کا استعمال بمعنی اخذ تام وقبض لغت سے ثابت ہے۔

قاموس میں ہے: ''واوفی علیہ اشرف وفلانا حقہ اعطاہ وافیاً توفاہ واوفاہ فاستوفاہ وتوفاہ''

اور صحاح میں ہے: ''اوفاہ حقہ ووفاہ بمعنی ای اعطاء حقہ وافیاً واستو فی حقہ وتوفاہ''

مصباح المنیر میں ہے: ''وتوفیتہ واستوفیتہ بمعنی''

مجمع البحار میں ہے: ''واستوفیت حقی ای اخذتہ تاما''

صراح میں ہے: ''ایفاء گزار دن حق کسے بتمام وقال منہ اوفاہ حقہ ووفاہ استیفاء توفی تمام گرفتن حق''

قسطلانی میں ہے: ''التوفی اخذ الشئ وافیاً والموت نوع منہ''

اور دوسرے معنی مجازی ''انامت'' ہیں۔ جن کو اردو میں سلانا کہتے ہیں اور ''توفی'' بمعنی انامت، قرآن مجید سے ثابت ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورۂ زمر میں: ''اللّٰہ یتوفی الانفس حین موتھا والتی لم تمت فی منامھا فیمکس التی قضی علیھا الموت ویرسل الاخری (الزمر:۴۲)''

اورفرمایا سورہ انعام میں:’’وھو الذی یتوفاکم باللیل ویعلم ماجرحتم بالنھار ثم یبعثکم فیه لیقضی اجل مسمی (انعام:۶۰)‘‘

اورقسم دوم کا جواب بعد تسلیم عمومات کے یہ ہے کہ آیت:’’وان من اھل الکتاب‘‘ جوقطعی الدلالۃ ہے۔ان آیات کی مخصص واقع ہوئی ہے۔

اورقسم سوم کا جواب یہ ہے کہ اگر بالفرض تسلیم کیا جاوے کہ الفاظ’’فی نفسھا‘‘ ان معانی کے محتمل ہیں جومرزا قادیانی نے بیان کئے ہیں۔لیکن آیت’’وان من اھل الکتاب‘‘ جوقطعی الثبوت وقطعی الدلالۃ ہے۔ان احتمالات کورد کرتی ہے۔لہٰذا وہ معنی باطل ہوئے۔صحیح معنی ان آیات کے وہ ہیں جوتفاسیر معتبرہ میں مذکور ہیں اوروہ موافق ہیں آیت ’’وان من اھل الکتاب‘‘ کے اورجواب تفصیلی ان آیات کا جن کومرزا قادیانی نے واسطے ثبوت وفات پیش کیا ہے۔ ازالہ اوہام کے جواب میں انشاء اللہ بہ بسط لکھا جاوے گا۔

’’وآخردعوانا ان الحمد لله رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر خلقه محمد وآله وصحبه اجمعین‘‘

محمد بشیر سہسوانی کا دوسرا پرچہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم. اللھم انصر من نصر الحق وخذل الباطل واجعلنا منھم واخذل من خذل الحق ونصر الباطل ولاتجعلنا منھم. اما بعد!

واضح ہو کہ مرزا قادیانی نے بہت امور کا جواب اپنی تحریر میں نہیں دیا ہے۔ناظرین کو مطالعہ سے معلوم ہو جائے گا اور اصل اورعمدہ بحث خاکسار کی تحریر میں نون تاکید کی ہے۔ مرزا قادیانی نے اس کے جواب میں نہ کوئی عبارت کسی کتاب نحو کی نقل کی اورنہ ان عبارات میں جو خاکسار نے نقل کی تھیں۔کچھ جرح کی۔

اور یہ امر بھی مخفی نہ رہے کہ میری اصل دلیل حیات مسیح علیہ السلام پر آیت اولیٰ ہے۔ میرے نزدیک یہ آیت اس مطلوب پر دلالت کرنے میں قطعی ہے۔دوسری آیات محض تائید کے لئے لکھی گئی ہیں۔مرزا قادیانی کو چاہئے کہ اصل بحث، آیت اولیٰ کی رکھیں۔دوسری ابحاث کو تبعی واسطرادی تصور فرمائیں۔

قولہ...... (قادیانی) یہ بات صحیح نہیں ہے کہ مسئلہ وفات حیات مسیح میں بار ثبوت اس عاجز کے ذمہ ہو۔

اقول...... (محمد بشیر) اس میں کلام ہے۔بچند وجوہ۔

اوّل...... یہ کہ جب حسب ارشاد آپ کے بار ثبوت حیات خود خاکسار نے اپنے ذمہ لے لیا ہے تواب یہ بحث بے فائدہ ہے۔

دوم...... بار ثبوت وفات کا آپ کے ذمہ نہ ہونا خاکسار کی سمجھ میں نہیں آتا ہے۔ کیونکہ آپ نے توضیح مرام میں دعویٰ کیا ہے کہ مسیح علیہ السلام دنیا میں نہ آویں گے اور جو دلیل اس پر پیش کی ہے۔ حاصل اس کا یہ ہے کہ مسیح وفات پاچکے اور جو کوئی وفات پاچکتا ہے وہ جنت میں داخل ہو جاتا ہے اور جو جنت میں جاتا ہے وہ جنت سے نکالا نہیں جاتا۔ پس یہ دلیل متضمن تین مقدموں کو ہے اور دلیل کے ہر مقدمہ کا بار ثبوت مدعی کے ذمہ ہوتا ہے۔

سوم...... آپ نے اپنے خط موسومہ مولوی محمد حسین صاحب نمبر۱۲ میں لکھا ہے۔

جناب آپ خوب جانتے ہیں کہ اصل امر اس بحث میں جناب مسیح ابن مریم کی وفات ہے اور میرے الہام میں بھی یہی اصل قرار دیا گیا ہے۔ کیونکہ الہام یہ ہے کہ مسیح ابن مریم رسول اللہ فوت ہو چکا ہے اور اس کے رنگ میں ہو کر وعدہ کے موافق تو (اے مرزا قادیانی) آیا ہے۔ سو پہلا اور اصل امر الہام میں بھی یہی ٹھہرایا گیا ہے کہ مسیح ابن مریم فوت ہو چکا ہے۔

پس وفات مسیح ابن مریم آپ کا مستقل دعویٰ ہے۔ اس لئے بار ثبوت وفات آپ کے ذمہ ہے۔ بالجملہ بار ثبوت وفات دو حیثیت سے آپ کے ذمہ ہے۔ ایک اس حیثیت سے کہ یہ اصل دعویٰ آپ کا ہے۔ دوسرے اس حیثیت سے کہ مسیح موعود ہونے کے دعویٰ کی دلیل کا یہ ایک مقدمہ ہے۔

چہارم...... اگر بار ثبوت آپ کے ذمہ نہیں ہے تو یہ کام عبث آپ نے کیوں کیا کہ آپ نے ادلہ وفات مسیح توضیح مرام وازالہ اوہام میں بہ بسط تمام بیان کئے۔

قولہ...... (قادیانی) مولوی صاحب نے اس کامیابی کی امید پر کہ کسی طرح آیت موصوفہ بالاقطعیۃ الدلالت ہو جاوے۔ یہ ایک جدید قاعدہ بیان فرمایا ہے کہ آیت کے لفظ ’’لیؤمنن‘‘ میں نون تاکید ہے اور نون تاکید مضارع کو خالص استقبال کے لئے کر دیتا ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) اس قاعدہ کو جدید کہنا نہایت محل استبعاد ہے۔ اگر مرزا قادیانی میری ہی تحریر کو غور سے پڑھ لیتے تو معلوم ہو جاتا کہ ازہری اور ملا جامی اور عبدالحکیم اور صاحب مغنی اور شیخ زادہ نے اس قاعدہ کی تصریح کی ہے اور سب کتب نحو میں یہ قاعدہ مرقوم ہے۔ کسی نے اس میں خلاف نہیں کیا۔ یہاں تک کہ میزان خواں اطفال بھی جانتے ہیں کہ نون تاکید مضارع کو بہ معنی استقبال کر دیتا ہے۔

قولہ...... (قادیانی) چنانچہ انہوں نے اپنے خیال میں اس مدعا کے اثبات کے لئے قرآن کریم سے نظیر کے طور پر ایسے الفاظ نقل کئے ہیں۔ جن کی وجہ سے ان کے زعم میں مضارع استقبال ہوگیا ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) خاکسار کی اصل دلیل اتفاق آئمہ نحات کا ہے۔ اس قاعدہ پر اس کا جواب مرزا قادیانی نے مطلق نہیں دیا۔ ہاں آیات اس قاعدہ کی تائید کے لئے البتہ لکھی گئی ہیں۔ مرزا قادیانی پر واجب ہے کہ اس قاعدہ کو توڑنے کے لئے کوئی عبارت کسی کتاب معتبر نحو کی پیش کریں۔

قولہ...... (قادیانی) کیا استقبال کے طور پر یہ دوسرے معنی بھی نہیں ہوسکتے کہ کوئی اہل کتاب میں سے ایسا نہیں جو اپنی موت سے پہلے مسیح پر ایمان نہیں لائے گا۔

اقول...... (محمد بشیر) مخفی نہ رہے کہ اس معنی کا مناط اس پر ہے کہ اختصار کے وقت ہر شخص پر وہ حق کھل جاتا ہے جس کو وہ نہ جانتا تھا۔ جیسا کہ تفسیر ابن کثیر میں لکھا ہے اور یہ امر نفس الامر میں تینوں زمانوں کو شامل ہے۔ یعنی نزول آیت کے قبل کا زمانہ اور وقت نزول کا زمانہ اور بعد کا زمانہ۔ اب آیت اگر خالص استقبال کے لئے کیجئے گا تو یہ شبہ ہوگا کہ یہ امر زمانہ حال کو شامل نہیں ہے اور یہ خلاف نفس الامر ہے۔ پس اس کلام میں یہ عیب ہوا کہ خلاف نفس الامر کا موہم ہے اور فائدہ کوئی نہیں ہے۔ اگر کہا جاوے کہ اس آیت میں وعید ہے اہل کتاب کے لئے اور تحریض ہے ان کو ایمان لانے پر قبل اس کے کہ مضطر ہوں اس کی طرف، جیسا کہ بیضاوی وغیرہ میں لکھا ہے اور اس وعید وتحریص سے وہی اہل کتاب منتفع ہوسکتے ہیں جو بعد نزول آیت کے مرنے والے ہیں۔ نہ وہ جو پہلے مرچکے اور نہ وہ جو وقت نزول کے زہوق روح کی حالت میں تھے۔ اس فائدہ کے لئے تخصیص استقبال کی گئی تو جواب یہ ہے کہ اگر ایسا لفظ اختیار کیا جاتا جو تینوں زمانوں کو شامل ہوتا تو بھی وعید وتحریص ان اہل کتاب کی حاصل ہوتی جو بعد نزول آیت کے مرنے والے ہیں اور خلاف نفس الامر کا بھی موہم نہ ہوتا۔ یعنی بجائے ''لیؤمنن'' کے لفظ ''یؤمن'' اختیار کیا جاتا۔ یعنی یوں کہا جاتا: ''وان من اہل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ''

یہ عبارت ایسی عمدہ ہوتی ہے کہ اس میں وعید وتحریض جو مطلوب ہے۔ وہ بھی حاصل ہے اور موہم خلاف نفس الامر بھی نہیں ہے اور اختصار بھی حاصل ہے۔ یعنی لام ونون نہیں۔ پس قرآن مجید کی بلاغت جو حد اعجاز کو پہنچ گئی ہے۔ خلاف ہے کہ ایسی عبارت کو چھوڑ کر بجائے اس کے

لیؤمنن اختیار کیا جاوے کہ جس میں ایہام خلاف نفس الامر ہے اور اطناب بلا فائدہ اور یہ سب محذور خالص معنی استقبال پر حمل کرنے سے پیدا ہوتا ہے۔

محصل کلام اس مقام پر یہ ہے کہ معنی دوم آیت کے بہر تقدیر باطل ہے۔ اگر خالص استقبال پر محمول کیجئے تو کلام حق تعالیٰ جو بلاغت میں حد اعجاز کو پہنچ چکا ہے۔ بلاغت سے گرایا جاتا ہے اور اگر خالص استقبال پر محمول نہ کیجئے تو مخالف ہوتا ہے۔ قاعدہ مجمع علیہا نحاۃ کے۔

قولہ...... (قادیانی) بلکہ ان معنوں پر آیت کی دلالت صریحہ ہے۔ اس واسطے کہ دوسری قرأت میں یوں آیا ہے۔ جو بیضاوی وغیرہ میں لکھا ہے۔''الا لیؤمنن بہ قبل موتھم''

اقول...... (محمد بشیر) اس میں کلام ہے بچند وجوہ۔

اوّل...... یہ کہ اس قرأت کی بناء پر بھی معنی دوم صحیح نہیں ہوتے ہیں۔ کیونکہ لیؤمنن کو یا تو خالص استقبال پر محمول کیا جائے گا تو کلام حق تعالیٰ جو بلاغت میں حد اعجاز کو پہنچ گیا ہے۔ بلاغت سے نازل ہو جاتا ہے اور اگر خالص استقبال پر محمول نہ کیجئے تو مخالف ہوتا ہے۔ قاعدہ مجمع علیہا نحاۃ کے۔

دوم...... یہ کہ یہ قرأت ہماری معنی کے مخالف نہیں ہے۔ کیونکہ اس قرأت پر یہ معنی ہیں کہ ہر اہل کتاب اپنے مرنے سے پہلے زمانہ آئندہ میں مسیح پر ایمان لاوے گا اور یہ معنی، معنی اوّل کے ساتھ جمع ہو سکتے ہیں۔ اس طرح پر کہ زمانہ آئندہ سے زمانہ نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام مراد لیا جاوے۔

سوم...... یہ کہ یہ قرأۃ غیر متواترہ ہے اور قرأت غیر متواترہ عموماً قابل احتجاج نہیں ہے۔ بلکہ جب بسند صحیح متصل منقول ہو اور یہاں سند متصل صحیح اس کی مرزا قادیانی نے تحریر نہیں فرمائی۔ مرزا قادیانی پر واجب ہے کہ اس کی سند بیان فرماویں اور اس کے سب رجال کی توثیق کریں۔ ودونہ خرط القتاد!

چہارم...... یہ کہ مرزا قادانی نے قبل موتہ کی ضمیر توضیح المرام اور ازالۃ الاوہام میں جو الہامی ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع کی ہے اور یہ قرأت اس خیال کو بکلی باطل ٹھہرا رہی ہے۔ مرزا قادیانی یہ تو خیال فرماویں کہ وہ معنی کہ جس کی تصحیح وتقویت کے وہ آپ درپئے ہیں اور یہ محض بغرض توڑنے دعویٰ اس خاکسار کے ہے وہ خود نفس الامر میں ان کے نزدیک غیر صحیح ہیں۔ کیونکہ اس تقدیر پر استدلال ان کا موت مسیح پر آیت وان من اہل الکتاب سے مطلق غیر صحیح ٹھہرتا ہے۔

پس کیا یہی مقتضائے دیانت وانصاف ہے کہ جس چیز کو وہ خود نفس الامر میں غیر صحیح جانتے ہیں۔ اس کو بمقابلہ خصم صحیح بنادیں تو یہ مناظرہ نہ ہوا۔ محض مجادلہ ٹھہرا۔

قولہ...... (قادیانی) پہلی آیات کی نظیر یہ کہ اللہ جل شانہ فرماتا ہے۔ ’’ولنولینك قبلة ترضاها فول وجهك شطر المسجد الحرام (بقره:۱۴۴)‘‘ اب ظاہر ہے کہ اس جگہ حال مراد ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) قرآن مجید میں ’’فلنولینك‘‘ ہے نہ ’’ولنولینك‘‘ جیسا کہ مرزاقادیانی لکھتے ہیں۔ یہاں ارادہ حال محض غلط ہے۔ بلکہ یہاں خالص مستقبل مراد ہے۔ بچند وجوہ:

اوّل...... یہ کہ بیضاوی میں مرقوم ہے۔ ’’فول وجهك واصرف وجهك شطر المسجد الحرام ‘‘ونحوہ عبدالحکیم’’ واصرف وجهك‘‘ کے تحت میں لکھتے ہیں: ’’ولم یجعله من المتعدی الیٰ المفولین بان یکون شطر مفعوله الثانی لان تربته بالفاء وکونه انجاز الوعد بان الله تعالیٰ یجعل النبی متقبلا القبلة او قریباً من سمتها بان یأمر بالصلوة الیها یناسبه ان یکون النبی ماموراً بصرف الوجه الیها لا بان یجعل نفسه مستقبلاً ایاها اوقریباً من جهتها‘‘

اس عبارت میں صاف ظاہر ہے کہ حق تعالیٰ نے اپنے قول ’’فلولینك‘‘ میں وعدہ فرمایا اور ’’فول وجهك‘‘ کے ساتھ اس کا انجاز کیا۔

دوم...... یہ کہ اگر یہاں حال مراد لیا جائے تو ’’فلنولینك‘‘ کے یہ معنی ہوں گے۔ پس البتہ پھیرتے ہیں ہم تجھ کو اور پھیرنے سے یہ تو مراد ہی نہیں کہ ہم تجھ کو ہاتھ پکڑ کے قبلہ کی طرف پھیرتے ہیں۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ ہم تجھ کو قبلہ کی طرف پھرنے کا حکم کرتے ہیں۔ اس تقدیر پر قول اللہ تعالیٰ کا ’’فول وجهك‘‘ زائد ولاطائل ہوگا۔

سوم...... یہ کہ شاہ ولی اللہ، وشاہ رفیع الدین، وشاہ عبدالقادر نے ترجمہ اس لفظ کا بمعنی مستقبل کیا ہے۔ عبارت شاہ ولی اللہ کی یہ ہے۔ پس متوجہ گردانیم ترا بآں قبلہ کہ خوشنود شوی۔

لفظ شاہ رفیع الدین کا یہ ہے۔ پس البتہ پھیریں گے ہم تجھ کو اس قبلہ کو کہ پسند کرے اس کو شاہ عبدالقادر کا ترجمہ یہ ہے۔ سو البتہ پھیریں گے تجھ کو جس قبلہ کی طرف تو راضی ہے۔

قولہ...... (قادیانی) اور ایسا ہی یہ آیت ’’وانظر الیٰ الهك الذی ظلت علیه عاکفا لنحرقنه (طه:۹۷)‘‘

اقول…… (محمد بشیر) ارادہ حال اس آیت میں غلط ہے۔ بدو وجہ:
اوّل…… یہ کہ آیت میں وعید ہے اور جس چیز کی وعید کی جاتی ہے وہ اس کے بعد متحقق ہوتی ہے۔ پس استقبال یہاں متعین ہوا۔
دوم…… یہ کہ تراجم ثلاثہ سے معنی استقبال واضح ہیں۔ عبارت شاہ ولی اللہ کی یہ ہے: ''البتہ بسوزانیم آنرا پس پراگندہ سازیم آنرا۔''
لفظ شاہ رفیع الدینؒ کا یہ ہے: ''ابھی جلادیں گے ہم اس کو پھر اڑاویں گے ہم اس کو۔''
لفظ شاہ عبدالقادرؒ کا یہ ہے: ''ہم اس کو جلادیں گے پھر بکھیر دیں گے۔''
ان دونوں آیتوں میں جو مرزا قادیانی نے حال کے معنی سمجھے تو منشاء غلط یہ معلوم ہوتا ہے کہ استقبال دو طرح کا ہوتا ہے۔ ایک استقبال قریب دوسرا استقبال بعید۔ مرزا قادیانی استقبال قریب کو قرب کی وجہ سے حال سمجھ گئے ہیں۔
قولہ…… (قادیانی) اور دوسری آیات جو حال اور استقبال کے سلسلہ متصلہ ممتدہ پر استمرار کے طور پر مشتمل ہیں۔ ان کی نظیر ذیل میں پیش کرتا ہوں۔ پہلی یہ آیت: ''والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا (عنکبوت:۶۹)''
اقول…… (محمد بشیر) اس میں کلام ہے بدو وجہ:
اوّل…… یہ کہ یہ امر مسلم ہے کہ اللہ تعالیٰ کی یہ عادت مستمرہ ہے کہ مجاہدہ کرنے والوں کو اپنی راہیں دکھلایا کرتا ہے۔ لیکن یہاں اس عادت کا بیان مقصود نہیں۔ مقصود بالذات صرف وعدہ ہے اور امر موعود وعدہ کے بعد متحقق ہوتا ہے۔ جیسا کہ خود مرزا قادیانی نے آیت ''وان من اھل الکتاب'' کے معنی دوم کی تائید میں بیان فرمایا ہے اور تصحیح خالص استقبال کی، کی ہے۔ حالانکہ اہل کتاب کا زہوق روح کے وقت ایمان لانا امر مستمر ہے۔ خصوصیت کسی زمانہ کی اس میں نہیں۔
دوم…… یہ کہ تراجم ثلاثہ تعیین استقبال کرتے ہیں۔ لفظ شاہ ولی اللہؒ کا یہ ہے: ''وآنانکه جهاد کردند در راه ماالبته دلالت کنیم ایشان را براه هائے خود''
عبارت شاہ رفیع الدینؒ یہ ہے: ''اور جن لوگوں نے محنت کی بیچ راہ ہمارے کے البتہ دکھادیں گے ہم ان کو راہیں اپنی۔''
عبارت شاہ عبدالقادرؒ کی یہ ہے: ''اور جنہوں نے محنت کی ہمارے واسطے ہم سمجھا دیں گے ان کو اپنی راہیں۔''

قولہ...... (قادیانی)دوسری یہ آیت ’’کتب اللّٰہ لا غلبن انا ورسلی‘‘

اقول...... (محمد بشیر) یہاں ارادہ استمرار قطعاً باطل ہے اور ارادہ استقبال متعین بدو وجہ:

اوّل...... یہ کہ بیضاوی میں لکھا ہے: ’’کتب اللّٰہ فی اللوح لاغلبن انا ورسلی بالحجة ‘‘ظاہر ہے کہ لوح محفوظ میں جب لکھا ہے۔ اس وقت اور اس سے پہلے غلبہ متصور نہیں ہے۔ کیونکہ غلبہ کے لئے غالب ومغلوب ضروری ہے۔ اس وقت نہ رسل تھے نہ ان کی امت تھی۔ یہ سب بعد ان کے ہوئے ہیں۔

دوم...... تراجم ثلاثہ استقبال پر دلالت کرتے ہیں۔ لفظ شاہ ولی اللّٰہؒ کا یہ ہے: ’’حکم کرد خدا البتہ غالب شوم من وغالب شوند پیغمبران من۔‘‘

لفظ شاہ رفیع الدینؒ کا یہ ہے: ’’لکھ رکھا ہے خدا نے البتہ غالب آؤں گا میں اور پیغمبر میرے۔‘‘

لفظ شاہ عبدالقادرؒ کا یہ ہے: ’’اللّٰہ لکھ چکا کہ میں زبر ہوں گا اور میرے رسول۔‘‘

قولہ...... (قادیانی) تیسری آیت یہ ہے: ’’من عمل صالحاً من ذکر او انثی وھو مؤمن فلنحیینہ حیوةً طیبة ولنجزینھم اجرھم باحسن ماکانوا یعملون (نحل:۹۷)‘‘

اقول...... (محمد بشیر) اس آیت میں بھی استقبال مراد ہے۔ بچند وجوہ:

اوّل...... یہ کہ یہ وعدہ ہے۔ تفسیر ابن کثیر میں مرقوم ہے: ’’ھذا وعد من اللّٰہ تعالیٰ فمن عمل صالحاً وھو العمل المتابع الکتاب اللّٰہ وسنة نبیہ ﷺ من ذکر او انثی من بنی آدم وقلبہ مؤمن باللّٰہ ورسولہ وان ھذا العمل المعمور بہ مشروع من عند اللّٰہ بان یحی اللّٰہ حیوة طیبة فی الدنیا وان یجزیہ باحسن ماعملہ فی الدار الآخرة (تفسیر ابن کثیر ج٤ ص٥١٦)‘‘

اور جس کا وعدہ ہوتا ہے وہ چیز وعدہ کے بعد پائی جاتی ہے۔

دوم...... تراجم ثلاثہ سے استقبال معلوم ہوتا ہے۔ لفظ شاہ ولی اللّٰہؒ کا یہ ہے: ’’ہر کہ عمل نیک کرد مرد باشد یا زن واو مسلمان است ہر آنیہ زندہ کنمش بزندگانی پاک۔‘‘

لفظ شاہ رفیع الدینؒ کا یہ ہے: ’’جو کوئی کرے اچھا مردوں سے یا عورتوں سے اور وہ ہو ایمان والا۔ پس البتہ زندہ کریں گے ہم اس کو زندگی پاکیزہ۔‘‘

عبارت شاہ عبدالقادرؒ کی یہ ہے: ''جس نے کیا نیک کام، مرد ہو یا عورت ہو اور وہ یقین پر ہے تو اس کو ہم جلا دیں گے ایک اچھی زندگی۔''

قولہ...... (قادیانی) چوتھی آیت یہ ہے۔ ''ولینصرن اللّٰہ من ینصرہ ان اللّٰہ لقوی عزیز (حج:۴۰)''

اقول...... (محمد بشیر) یہاں استقبال مراد ہے۔ بچند وجوہ:

اوّل...... یہ کہ یہ وعدہ مہاجرین وانصار سے ہے۔ ''قال البیضاوی وقد انجز وعدہ بان سلط المہاجرین والانصار علی صنادید العرب واکاسرۃ العجم وقیاصرتہم واورثہم ارضہم ودیارہم'' اور جس کا وعدہ کیا جاتا ہے وہ چیز بعد زمانہ وعدہ کے پائی جاتی ہے۔

دوم...... یہ کہ تراجم ثلاثہ میں استقبال مصرح ہے۔ عبارت شاہ ولی اللہؒ کی یہ ہے: ''والبتہ نصرت خواہد داد خدا کسے را کہ قصد نصرت دین وے کند۔''

لفظ شاہ رفیع الدینؒ کا یہ ہے: ''اور البتہ مدد دیوے گا اللہ اس کی کہ مدد دیتا ہے اس کو۔''

لفظ شاہ عبدالقادرؒ کا یہ ہے: ''اور اللہ مقرر مدد دے گا اس کی جو مدد کرے گا اس کی۔''

قولہ...... (قادیانی) پانچویں آیت یہ ہے۔ ''والذین آمنوا وعملوا الصالحات لندخلنہم فی الصالحین (عنکبوت:۹)''

اقول...... (محمد بشیر) یہاں بھی مستقبل مراد ہے۔ بدو وجہ:

اوّل...... یہ کہ یہ وعدہ ہے اور جس چیز کا وعدہ دیا جاتا ہے وہ وقت وعدہ کی متحقق نہیں ہوتی ہے۔ بعد کو پائی جاتی ہے۔

دوم...... تراجم ثلاثہ اس پر دال ہیں۔ عبارت شاہ ولی اللہؒ کی یہ ہے: ''وآنانکہ ایمان آوردند کارہائے شائستہ کردند البتہ درآریم ایشاں را درزمرۂ شائستگان۔''

لفظ شاہ رفیع الدینؒ کا یہ ہے: ''اور وہ لوگ کہ ایمان لائے اور کام کئے اچھے البتہ داخل کریں گے ہم ان کو بیچ صالحوں کے۔''

لفظ شاہ عبدالقادرؒ کا یہ ہے: ''اور جو لوگ ایمان لائے اور بھلے کام کئے ہم ان کو داخل کریں گے نیک لوگوں میں۔''

آپ کا محذور جب لازم آوے کہ یہ بیان ہو عادت کا، بلکہ یہ تو وعدہ ہے۔

قولہ...... (قادیانی) اب میں آپ کے اس قاعدہ کو توڑ چکا کہ نون ثقیلہ کے داخل ہونے سے خواہ مخواہ اور ہر ایک جگہ خاص طور پر استقبال کے معنی ہی ہوا کرتے ہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) بالا معلوم ہوا کہ آپ نے جتنی آیتیں ذکر کی ہیں۔ سب میں مراد معنی مستقبل ہے۔ نہ حال اور نہ استمرار۔

قولہ...... (قادیانی) اور آپ کو معلوم ہے کہ تمام مفسرین قدیم وجدید جن میں عرب کے رہنے والے بھی داخل ہیں۔ لیؤمنن کے لفظ کے حال کے معنی بھی کرتے ہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) ان لوگوں کے کلام میں کہیں تصریح حال کی نہیں ہے۔ محتمل ہے کہ ان کی مراد استقبال ہو۔ جیسا کہ آپ خود اوپر لکھ چکے ہیں۔ کیا استقبال کے طور پر دوسرے معنی بھی نہیں ہوسکتے کہ کوئی اہل کتاب میں سے ایسا نہیں جو اپنی موت سے پہلے مسیح پر ایمان نہیں لائے۔ دیکھو یہ بھی تو خالص استقبال ہی ہے۔ اگر کوئی شبہ کرے کہ پھر اس دوسرے معنی کا رد قاعدہ مقررہ نحاۃ کے موافق کیسے ہوگا۔ تو جواب یہ ہے کہ بے شک اس صورت میں قاعدہ مقررہ کی بناء پر البتہ رد نہ ہوسکے گا۔ بلکہ اس کا رد منوط ہوا۔ امر آخر پر جس کا ذکر اوپر ہو چکا۔ یعنی یہ کہ اس صورت میں کلام الٰہی اعلیٰ درجہ بلاغت سے نازل ہوا جاتا ہے۔ ''فلیتأمل فانه احری بالتأمل''

قولہ...... (قادیانی) اور آپ نے تفسیر ابن کثیر کے حوالہ سے جو لکھا ہے کہ نزول عیسیٰ علیہ السلام ہوگا اور کوئی اہل کتاب میں سے نہیں ہوگا جو اس کے نزول کے بعد اس پر ایمان نہیں لائے گا۔ یہ بیان آپ کے لئے کچھ مفید نہیں۔ (الیٰ قولہ) اور پھر اس قول کو ما نحن فیه سے تعلق کیا ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) اس مقام پر آپ نے میرے کلام کو غور سے ملاحظہ نہیں فرمایا۔ میرا مطلب وہ نہیں جو آپ سمجھے ہیں۔ میرا مطلب تو عبارت ابن کثیر کی نقل سے صرف اس قدر ہے کہ یہ معنی جو میں نے اختیار کئے ہیں۔ اس طرف ایک جماعت سلف میں سے گئی ہے اور یہ امر میری تحریر میں مصرح ہے۔ چنداں غور کا بھی محتاج نہیں ہے۔

قولہ...... (قادیانی) واضح رہے کہ آپ اس عاجز کے اعتراضات کو جو ازالہ اوہام میں آیت موصوفہ بالا کے ان معنوں پر وارد ہوتے ہیں جو آپ کرتے ہیں۔ اٹھا نہیں سکے۔ بلکہ رکیک عذرات سے میرے اعتراضات کو اور بھی ثابت کردیا۔

اقول...... (محمد بشیر) میرے ادلہ کا قوی ہونا ابھی ثابت ہو چکا۔ پس یہ آپ کا فرمانا بجائے خود نہیں ہے۔

قولہ...... (قادیانی) آپ کے نون ثقیلہ کا حال تو معلوم ہو چکا۔
اقول...... (محمد بشیر) آپ نے نون ثقیلہ کے بارہ میں جو کچھ تحریر فرمایا وہ سب ’’ھباء منبثا‘‘ ہوگیا۔
قولہ...... (قادیانی) اور ’’لیؤمنن‘‘ کے لفظ کی تعمیم بدستور قائم رہی۔
اقول...... (محمد بشیر) جب یہ امر ثابت ہوگیا کہ نون مضارع کو خالص استقبال کے لئے کر دیتا ہے تو اب تعمیم کہاں قائم رہی۔
قولہ...... (قادیانی) اب فرض کے طور پر اگر آیت کے یہ معنی لئے جاویں کہ حضرت عیسیٰ کے نزول کے وقت جس قدر اہل کتاب ہوں گے۔ سب مسلمان ہو جائیں گے۔ جیسا کہ ابو مالکؒ سے آپ نے روایت کیا ہے تو مجھے مہربانی فرما کر سمجھا دیں کہ یہ معنی کیونکر درست ٹھہر سکتے ہیں۔
اقول...... (محمد بشیر) آپ نے اس معنی کی تقریر میں جو میرے نزدیک متعین ہیں۔ تھوڑی سی خطا کی ہے۔ آیت کا مطلب یہ نہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے وقت جس قدر اہل کتاب ہوں گے سب مسلمان ہو جائیں گے۔ مطلب یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد اور ان کی موت سے پہلے ایک زمانہ ایسا ضرور ہوگا کہ اس وقت کے اہل کتاب سب مسلمان ہو جائیں گے اور ابو مالکؒ کے کلام کا بھی یہی مطلب ہے۔ ذرا غور سے ملاحظہ فرمائیے۔
قولہ...... (قادیانی) آپ تسلیم کر چکے ہیں۔ (الی قولہ) پھر اس لفظ کے لانے سے فائدہ کیا ہے۔
اقول...... (محمد بشیر) حضرت من! اس مقام پر بھی آپ نے میرے مطلب پر مطلق غور نہیں کیا۔ اس لئے میں پھر اس تقریر کا اعادہ کرتا ہوں۔ امید ہے کہ اگر آپ توجہ فرمائیں گے تو سمجھ میں آ جائے گا اور تسلیم بھی کر لیجئے گا۔

حاصل میری کلام کا یہ ہے کہ آپ کے اعتراض کا جواب بدو طور ہے:

اوّل...... یہ کہ آیت سے یہ نہیں ثابت ہوتا ہے کہ مسیح کے نزول کے فوراً بعد سب اہل کتاب ایمان لے آویں گے۔ بلکہ یہ کہ بعد نزول مسیح اور قبل موت مسیح ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ اس زمانہ میں سب اہل کتاب ایمان لے آویں گے۔ پس احادیث صحیحہ اس کے منافی نہ ہوئیں۔ کیونکہ جو کفار مسیح کے دم سے مرنے والے ہوں گے وہ پہلے مریں گے۔ باقی ماندہ سب ایمان لے آویں گے۔

دوم...... یہ کہ مراد ایمان سے یقین ہو نہ ایمان شرعی۔ اس تقدیر پر بھی احادیث صحیحہ آیت کے اس معنی کے معارض نہیں ٹھہرتی ہیں۔ الحاصل مقصود دفع تعارض ہے جو آپ نے آیت کے معنی اور

احادیث صحیحہ میں بیان فرمایا ہے۔ آپ معلوم نہیں کہ کہاں سے کہاں چلے گئے۔ غور کر کے جواب لکھا کیجئے۔ اب انصاف سے غور فرمایئے کہ آپ کا یہ فرمانا کہ ان کا لفظ تو ایسا کامل حصر کے لئے استعمال کیا جاتا ہے کہ اگر ایک فرد بھی باہر رہ جائے تو یہ لفظ بے کار اور غیر مؤثر ٹھہرتا ہے۔ کیسا بے محل ہے۔ کیونکہ جس زمانہ کے لئے یہ حصر کیا گیا ہے۔ اس کی نسبت پورا حصر ہے اور ایسا ہی یہ فرمانا کہ اوّل تو آپ نے ان کے لفظ سے زمانہ قبل از نزول کو باہر کیا۔ پھر اب زمانہ بعد از نزول میں بھی اس کا پورا پورا اثر ہونے سے انکار کیا تو پھر اس لفظ کے لانے سے فائدہ ہی کیا تھا۔ محض بے موقع ہے۔ کیونکہ خاکسار نے از خود زمانہ قبل از نزول کو باہر نہیں رکھا اور نہ زمانہ بعد از نزول میں پورا پورا اثر ہونے سے انکار کیا۔ بلکہ یہ تو مقتضی نون ثقیلہ ولفظ قبل موتہ کا ہے جو کلام الٰہی میں واقع ہوا ہے اور ایسا ہی آپ کا یہ فرمانا کہ اب اگر ان کفار کو جو کفر پر مر گئے مؤمن ٹھہراتے ہیں یا اس جگہ ایمان سے مراد یقین رکھتے ہیں تو اس دعویٰ پر آپ کے پاس کیا دلیل ہے۔ محض بے ربط ہے۔ کیونکہ خاکسار اس مقام پر نہ مدعی ان کے ایمان کا ہے اور نہ مدعی اس امر کا ہے کہ مراد ایمان سے یقین ہے۔ مقصود اس مقام پر صرف رفع تناقض ہے جو آپ نے درمیان آیت واحادیث کے سمجھا ہے۔ اس امر کے فیصلہ کے لئے خاکسار آپ کے دو معتقد خاص حکیم نورالدین اور مولوی سید محمد احسن امروہی کو حکم تسلیم کرتا ہے کہ آپ میری اس کلام کا مطلب بالکل نہیں سمجھے۔

قولہ...... (قادیانی) یا حضرت آپ ان آیتوں پر متوجہ ہوں۔ (الیٰ قولہ) اب دیکھئے کہ قرآن مجید میں اللہ جل شانہ کا صاف وعدہ ہے کہ قیامت کے دن تک دونوں فرقے متبعین اور کفار باقی رہیں گے۔

اقول...... (محمد بشیر) اس میں کلام ہے۔ بدو وجہ:

اوّل...... یہ کہ آیت ''وان من اهل الكتاب (نساء:۱۵۹)'' میں صاف وعدہ ہے کہ قبل موت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سب اہل کتاب مؤمن ہو جائیں گے۔ پس یہ آیت مخصص ہے۔ آیت ''وجاعل الذين اتبعوك فوق الذين كفروا الىٰ يوم القيامة (آل عمران:۵۵)'' کی۔

دوم...... احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ قبل قیامت سب شریر رہ جائیں گے۔ جن پر قیامت قائم ہوگی۔ پس معلوم ہوا کہ آیت عام مخصوص البعض ہے۔

قولہ...... (قادیانی) پھر اللہ جل شانہ فرماتا ہے۔ ''فاغرينا بينهم العداوة والبغضاء

الیٰ یوم القیامة (مائده:۱٤)''اب ظاہر ہے کہ اگر قیامت کے پہلے ہی ایک فرقہ ان دونوں میں سے نابود ہو جاوے تو پھر عداوت کیونکر باقی رہے گی۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ ایت بھی عام مخصوص البعض ہے۔ مخصص اس کی آیت''وان من اهل الکتاب''ہے۔

قولہ...... (قادیانی) دوسری آیت آپ نے پیش کی ہے:''یکلم الناس فی المهد وکهلاً (آل عمران:٤٦)''

اقول...... (محمد بشیر) کہل کے معنی میں فی الواقع اہل لغت نے اختلاف کیا ہے۔ اسی واسطے اس آیت کو''قطعیة الدلالة لذاتها''نہیں کہا گیا۔ بلکہ''قطعیة الدلالة لغیرها''کہا گیا۔ یعنی بانضمام آیت''وان من اهل الکتاب''جو قطعیۃ الدلالت ہے۔ یہ بھی قطعی ہو جاتی ہے اور آپ نے جو شبہ''وان من اهل الکتاب''کے قطعیۃ الدلالت ہونے میں کیا ہے وہ بالکل مرتفع ہو گیا۔

قولہ...... (قادیانی) صحیح بخاری میں دیکھئے جو بعد کتاب اللہ اصح الکتب ہے۔ اس میں کہل کے معنی جوان مضبوط کے لکھے ہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) عبارت بخاری کی یہ ہے:''وقال مجاهد الکهل الحلیم''آپ پر واجب ہے کہ یہ امر ثابت کیجئے کہ اس سے جوان مضبوط کس طرح سمجھا جاتا ہے۔

قولہ...... (قادیانی) حضرت اس''رافعك الیّ''میں جو''رفع''کا وعدہ دیا گیا ہے۔ یہ وہی وعدہ تھا جو آیت''بل رفعه اللّٰه''میں پورا کیا گیا۔

اقول...... (محمد بشیر) مسلم ہے کہ آیت''انی متوفیك ورافعك''میں جو وعدہ تھا وہ آیت''بل رفعه اللّٰه''میں پورا کیا گیا۔ لیکن''انی متوفیك''میں موت مراد ہونا غیر مسلم ہے۔ جیسا کہ اس کی تقریر تحریر اوّل میں لکھ چکا ہوں۔ اور آپ نے اس کا کچھ جواب نہیں دیا۔

قولہ...... (قادیانی) نزول مسیح موعود سے کس کو انکار ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) آپ کو نزول عیسیٰ بن مریم سے انکار ہے اور حالانکہ تحریر اوّل میں لکھا گیا ہے کہ حدیث میں لفظ ابن مریم جس کے معنی حقیقی عین ابن مریم ہے موجود ہے اور صارف یہاں کوئی پایا نہیں جاتا ہے۔ آپ نے اس کا کچھ جواب نہ دیا۔

قولہ...... (قادیانی) اور فہم ابوہریرہؓ حجت کے لائق نہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) فہم ابوہریرہؓ کو میں حجت نہیں کہتا۔ استدلال تو لفظ ابن مریم سے ہے جو حدیث میں واقع ہے۔

قولہ...... (قادیانی) یہ حدیث مرسل ہے۔ پھر کیونکر قطعیۃ الدلالت ہوگی۔

اقول...... (محمد بشیر) اس حدیث کو قطعیۃ الدلالت نہیں کہا گیا۔ صرف تائید کے لئے لائی گئی ہے۔

قولہ...... (قادیانی) یہ بخاری کی حدیث مرفوع متصل سے جو حضرت مسیح کی وفات پر دلالت کرتی ہے اور نیز قرآن کی تعلیم سے مخالف ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) آپ وہ حدیث صحیح مرفوع متصل بیان فرمایئے۔ تاکہ اس میں نظر کی جاوے اور مخالفت تعلیم قرآن غیر مسلم ہے۔ ''ومن یدعی فعلیہ البیان''

محمد بشیر عفی عنہ

۲۵/ اکتوبر ۱۸۹۱ء

محمد بشیر بھوپالی کا تیسرا پرچہ

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم. حامداً مصلیاً مسلماً. ربنا لاتزغ قلوبنا بعد اذھدیتنا وھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب!

قولہ...... (قادیانی) میں کہتا ہوں کہ اس بات کو ادنیٰ استعداد کا آدمی بھی سمجھ سکتا ہے کہ بار ثبوت کسی امر متنازع فیہ کی نسبت اس فریق پر ہوا کرتا ہے کہ جو ایک امر کا کسی طور پر ایک مقام میں اقرار کر کے پھر کسی دوسری صورت اور دوسرے مقام میں اسی امر قبول کردہ کا انکار کر دیتا ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) یہاں کلام ہے۔ بچند وجوہ:

اوّل...... یہ کہ آپ قبل ادعاء مسیحیت براہین احمدیہ میں اقرار حیات مسیح کا کر چکے ہیں اور اب آپ حیات کا انکار کرتے ہیں تو موافق اپنی تعریف کے آپ مدعی ٹھہرے۔

دوم...... خاکسار آپ سے سوال کرتا ہے۔ ایماناً اس کا جواب دیجئے۔ وہ یہ ہے کہ آپ کا یہ خیال کہ مسیح علیہ السلام وفات پا چکے۔ بعد آپ کے اس الہام کے پیدا ہوا ہے کہ مسیح فوت ہوگیا یا قبل اس کے اگر بعد پیدا ہوا ہے تو گویا یہ کہنا ہوا کہ الہام سے پہلے میرا اس خیال سے کچھ واسطہ نہ تھا اور یہ میرا دعویٰ نیا ہے۔ جو وقت الہام کے پیدا ہوا۔ اس وجہ سے آپ مدعی ہوئے اور ثبوت آپ کے ذمہ ہوا کہ آپ بعد اس اقرار کے کہ الہام سے پہلے مجھ کو اس خیال سے کچھ واسطہ نہ تھا۔ پھر مخالف اپنے اس پہلے بیان کے یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وقت الہام سے مجھ کو یہ خیال ہے کہ

مسیح فوت ہوگیا۔ پس اس وجہ سے آپ سے ثبوت مانگا جاتا ہے کہ آپ اپنے پہلے بیان کے مخالف دوسرا بیان کرتے ہیں اور اس دعویٰ میں ایک جدت ہے۔ جس کے آپ خود قائل ہیں اور اگر قبل سے یہ خیال تھا تو اس خیال کا یقین قانون قدرت یعنی سنت اللہ وآیات قرآن سے آپ کو حاصل ہوگیا تھا یا نہیں؟

برتقدیر اوّل آپ نے قبل الہام مذکور براہین وغیرہ میں اس کو کیوں نہیں ظاہر فرمایا اور اپنے پرانے باطل خیال پر باوجود یقین بطلان کے کیوں اڑے رہے؟

اور تقدیر ثانی بعد الہام کے اس خیال کا یقین آپ کو حاصل ہوا یا نہیں؟ اگر نہیں ہوا تو صرف ایک ظنی یا شکی یا وہمی بات پر اصرار خلاف دیانت ہے اور اگر بعد الہام کے یقین اس خیالی وفات کا آپ کو حاصل ہوا تو ظاہر ہے کہ مفید یقین اس وقت آپ کا الہام ہوا نہ سنت اللہ وآیات قرآن کریم اور آپ کا ملہم ہونا ابھی تک پایہ ثبوت کو نہیں پہنچا۔ اس تقدیر پر آپ پر واجب ہے کہ پہلے اپنا ملہم ہونا ثابت کیجئے۔ پھر ہر الہام کا حجت ہونا، ملہم وغیر ملہم پر ثابت کیجئے۔ بعد اثبات ان دونوں امر کے دعویٰ وفات مسیح اور اپنے مسیح موعود ہونے کا پیش کیجئے۔ بغیر اس کے آپ کا دعویٰ وفات مسیح ومسیح موعود ہونے کا عند العقلاء ہرگز لائق سماعت نہیں ہے۔

سوم...... اس مقام پر نصوص قرآنیہ قطعی طور پر وفات مسیح پر دلالت کرتی ہیں یا نہیں؟ برتقدیر ثانی آپ کا ان کو صریحہ بینہ قطعیہ کہنا باطل ہے اور برتقدیر اوّل لازم آتا ہے کہ آپ کے نزدیک وہ سب صحابہ وتابعین وتبع تابعین اور تمام مسلمین الیٰ یومنا حیات مسیح کے قائل ہیں۔ ’’اعاذنا اللہ منہ‘‘ کافر ہوں اور آپ خود بھی جس زمانہ میں اعتقاد حیات مسیح کا رکھتے تھے کافر ہوں۔ کیونکہ منکر نصوص صریحہ بینہ قطعیہ کا کافر ہوتا ہے۔

چہارم...... آپ نے جو تعریف مدعی کی بیان کی ہے۔ یہ محض اپنی رائے سے بیان کی ہے یا کوئی دلیل کتاب اللہ وسنت رسول اللہ اس کے لئے ہے۔ یہ نہ سہی کوئی قول کسی صحابی یا تابعی یا کسی مجتہد یا محدث یا کسی فقیہ کا اس کے ثبوت کے لئے پیش کیجئے۔

پنجم...... یہ تعریف مدعی کی، مخالف ہے اس کے جس کو علماء مناظرہ نے لکھا ہے۔ رشیدیہ میں ہے: ’’والمدعی من نصب نفسہ لاثبات الحکم ای تصدی لان یثبت الحکم الجزی الذی تکلم بہ من حیث انہ اثبات بالدلیل اوالتنبیہ‘‘

مولانا عصام الملۃ والدین نے شرح رسالہ عضدیہ میں لکھا ہے: ’’المدعی من یفید مطابقۃ النسبۃ الواقع‘‘

اور یہ دونوں تعریفیں آپ پر صادق آتی ہیں اور آپ کی تعریف مخالف ہے۔ ان دونوں تعریفوں کے۔

قولہ...... (قادیانی) معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ مولوی صاحب نے یہ دعویٰ تو کر دیا کہ ہم حیات جسمانی مسیح ابن مریم آیات قطعیۃ الدلالت سے پیش کریں گے۔ لیکن بحث کے وقت اس دعویٰ سے ناامیدی پیدا ہوگئی۔ اس لئے اب اس طرف رخ کرنا چاہتے کہ دراصل مسیح ابن مریم کی حیات جسمانی ثابت کرنا ہمارے ذمہ نہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ آپ کا سوءظن ہے اور ہر مسلم مامور ہے۔ اپنے بھائی کے ساتھ حسن ظن کرنے کے لئے چہ جائیکہ آپ سا شخص مدعی الہام ومجددیت ومسیحیت۔ آپ کو بالاولی حسن ظن چاہئے۔ میں نے صرف ایک امر نفس الامری کا اظہار کر دیا۔ ورنہ میں تو بار ثبوت حیات اپنے ذمہ لے چکا ہوں اور اس کا ثبوت ایک قاعدہ نحویہ اجماعیہ کی بناء پر آپ کے روبرو پیش کیا گیا۔ مگر افسوس کہ آپ نے اس قاعدہ اجماعیہ کے انکار میں کچھ حیا کو کام نہ فرمایا۔

اب میں اس قاعدہ سے قطع نظر کر کے عرض کرتا ہوں۔ بفضلہ تعالیٰ میرا دعویٰ حیات مسیح آپ کے اقرار سے قطعی طور پر ثابت[6] ہے۔ بیان اس کا یہ ہے کہ آپ نے توضیح المرام وازالہ اوہام میں اس امر کا اقرار کیا ہے کہ ضمیر موتہ کی طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے راجع ہے۔ اب آپ چاہے قاعدہ نحویہ اجماعیہ کو مانئے یا نہ مانئے۔ ہر طرح میرا مدعا ثابت ہے۔ کیونکہ یا تو آپ لیؤمنن کو بمعنی استقبال لیجئے گا یا بمعنی حال یا بمعنی استمرار یا بمعنی ماضی۔

شق اوّل میں تو میرے مطلوب کا حاصل ہونا محتاج بیان نہیں ہے۔

شق ثانی، اوّل تو بدیہی البطلان ہے۔ سو اس کے مطلوب اس سے بھی حاصل ہے۔ کیونکہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ نزول آیت میں سب اہل کتاب حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر قبل ان کی موت کے ایمان لاتے تھے۔ پس معلوم ہوا کہ زمان نزول آیت تک زندہ تھے اور رفع یقیناً اس سے پہلے ہوا تو معلوم ہوا کہ زندہ اٹھائے گئے۔ وھو المطلوب!

شق ثالث، اوّل تو بدیہی البطلان ہے۔ سو اس کے اس شق پر شق اوّل سے بھی زیادہ حصول مدعی ظاہر ہے۔ کیونکہ اس تقدیر پر یہ معنی ہوں گے کہ سب اہل کتاب زمانہ گذشتہ وحال واستقبال میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ان کے مرنے سے پہلے ایمان لاتے ہیں۔ پس اس سے صاف ظاہر ہے کہ زمانہ ماضی وحال میں زندہ تھے اور استقبال میں بھی ایک زمانہ تک زندہ رہیں گے۔ رفع کے وقت زندہ تھے۔

شق رابع باطل ہے۔ اس لئے کہ ایسا مضارع کہ اس کے اوّل میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ہو۔ بمعنی ماضی کہیں نہیں آیا۔ آپ قواعد نحو کو مانتے ہی نہیں۔ ایسے مضارع کا بمعنی ماضی آنا قرآن یا صحیح حدیث سے ثابت کیجئے۔ ودونه خرط القتاد!

افسوس کہ آپ کو جب الزام موافق قواعد نحویہ اجماعیہ کے دیا جاتا ہے تو اس کو آپ تسلیم نہیں کرتے اور اگر آپ کے مسلمات سے آپ کو الزام دیا جاتا ہے تو بھی آپ قبول نہیں کرتے۔ یہ امر اوّل دلیل ہے۔ اس بات پر کہ آپ کو احقاق حق اور اظہار صواب ملحوظ نظر نہیں ہے۔

قولہ...... (قادیانی) پھر اس کے بعد آپ نے نصوص صریحہ بینہ قرآن وحدیث سے ناامید ہوکر دوبارہ آیت ''لیؤمنن'' کے نون ثقیلہ پر زور دیا ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) ''ان من اهل الکتاب'' صریح وبین ہے اور نون ثقیلہ کا بمعنی استقبال کر دینا اس کے قطعیہ میں مخل نہیں ہے۔

قولہ...... (قادیانی) اور جمہور مفسرین صحابہ اور تابعین سے تفرد اختیار کر کے محض اپنے خیال خام کی وجہ سے اس بات پر زور دیا ہے کہ آیت بوجہ نون ثقیلہ کے خالص استقبال کے لئے ہوگئی ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ قول غلط محض ہے۔ جمہور مفسرین صحابہ اور تابعین نے اس آیت کا ہرگز بمعنی حال یا استمرار نہیں لیا ہے۔ اگر سچے ہو تو ثابت کرو۔ رہی یہ بات کہ بعض مفسرین نے ضمیر کتابی کی طرف راجع کی ہے۔ اس سے معنی حال یا استمرار لینا کسی طرح لازم نہیں آتا۔ سوائے آپ کے کوئی اہل علم ایسی بات منہ سے نہیں نکال سکتا۔ علاوہ ازیں اس تقدیر پر بھی استقبال ہوسکتا ہے۔ جیسا کہ آپ پہلی تحریر میں اقرار کر چکے ہیں۔

قولہ...... (قادیانی) ان معنوں پر زور دینے کے وقت آپ نے اس شرط کا کچھ خیال نہیں رکھا۔ جو پہلے ہم دونوں کے درمیان قرار پاچکی تھی کہ ''قال اللّٰہ وقال الرسول'' سے باہر نہیں جائیں گے۔

اقول...... (محمد بشیر) ایک قاعدہ نحویہ اجماعیہ کو ''قال اللّٰہ'' میں جاری کرنا ''قال اللّٰہ'' سے کسی کے نزدیک خارج ہونا نہیں۔ یہ صرف آپ کا اجتہاد ہے۔ جس کا ثبوت آپ نہیں دے سکتے۔ بلکہ یہ خروج بقول آپ کے آپ پر لازم آگیا۔ کیونکہ آپ خود (ازالہ اوہام ص۶۰۲، خزائن ج۳ ص۴۲۵) میں اس کے مرتکب ہوئے ہیں۔ عبارت آپ کی یہ ہے۔

وہ نہیں سوچتے کہ آیت ''فلما توفیتنی'' سے پہلے یہ آیت ہے: ''واذ قال اللّٰہ

یـا عیسیٰ ابن مریم أنت قلت للناس (مائدہ:۱۱۶)''ظاہر ہے کہ قال کا صیغہ ماضی کا ہے اور اس کے اوّل اذ موجود ہے جو خاص واسطے ماضی کے آتا ہے۔

''اتـأمرون الناس بالبر وتنسون انفسکم وانتم تتلون الکتاب افلا تعقلون (بقرہ:٤٤)''

قولہ...... (قادیانی) اور نہ ان بزرگوں کی عزت ومرتبت کا کچھ پاس کیا جو اہل زبان اور صرف اور نحو کو آپ سے بہتر جاننے والے تھے۔

اقول...... (محمد بشیر) آپ ایسی باتیں کرنے سے لوگوں کو مغالطہ دینا چاہتے ہیں۔ بھلا صاحب اس قاعدہ کے جاری کرنے سے ان بزرگوں کی عزت ومرتبت میں معاذ اللہ کس طرح نقصان آسکتا ہے۔ ان کے کلام میں تصریح حال یا استمرار کی کہاں ہے؟ یہ تو صرف آپ کا اجتہاد ہے۔ آپ اپنے ساتھ ان بزرگوں کو ناحق شریک کرتے ہیں۔

قولہ...... (قادیانی) ہمارے اوپر اللہ ورسول نے یہ فرض نہیں کیا کہ ہم انسانوں کے خود تراشیدہ قواعد صرف ونحو کو اپنے لئے ایسا رہبر قرار دیں کہ باوجودیکہ ہم پر کافی وکامل طور پر کسی آیت کے معنی کھل جائیں اور اس پر اکابر مؤمنین اہل زبان کی شہادت بھی مل جائے تو پھر بھی ہم اس قاعدہ صرف ونحو کو ترک نہ کریں۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ بھی آپ کی سراسر مغالطہ دہی پر مبنی ہے۔ کافی وکامل طور پر آیت کے معنی کا کھل جانا اور اس پر اکابر مؤمنین اہل زبان کی شہادت کا ملنا غیر مسلم ہے۔''وجـهـه مـرانـفـاً فتذکر'' علاوہ اس کے آپ نے جو باوجود نہ کھلنے معنی آیت کے اور عدم شہادت اکابر مؤمنین اہل زبان کے ایک قاعدہ نحویہ اجماعیہ کا محض اپنی بات بنانے کی غرض سے انکار کیا ہے۔ اس سے یہ احتمال قوی پیدا ہوتا ہے کہ جب آپ کو الزام علوم لغت ونحو ومعانی اصول فقہ واصول حدیث سے جو کہ خادم کتاب وسنت ہیں، دیا جاوے گا تو آپ فوراً اس قاعدہ کا انکار کر جائیں گے اور یہ بات آپ کے علم ودیانت کے خلاف ہے۔ کیونکہ اہل علم کو ان علوم سے چارہ نہیں ہے اور ہم کو الفاظ قرآن وحدیث کے موافق لغت ومحاورہ عرب کے سمجھنا ضروری امر ہے۔ ورنہ کسی مسئلہ پر استدلال نہیں ہوسکتا ہے اور یہ امر ''في زماننا'' غیر ممکن ہے کہ خود عرب جاکر ہر لغت ومحاورہ اور جمیع قواعد صرف ونحو ومعانی وغیرہ کی تحقیق کی جاوے۔ پس اگر آپ کو کسی اہل اسلام سے مباحثہ کرنا منظور ہے تو پہلے ان دو کاموں سے ایک کام کیجئے اور اگر ایک بھی آپ قبول نہ کریں گے تو یہ امر آپ کی گریز پر محمول ہوگا۔

یا تو لغت صرف ونحو ومعانی واصول فقہ واصول حدیث کی اجماعی باتوں کو تسلیم کرنے کا اقرار کیجئے۔ یا بالفعل مناظرہ سب اہل اسلام سے موقوف کر کے ایک الگ کتاب علوم مذکورہ میں تصنیف فرمائیے اور جو کچھ ان علوم میں آپ کو ترمیم کرنا ہو وہ کر لیجئے۔ اس کے بعد مباحثہ کیجئے تاکہ آپ کی مسلمات سے آپ کو الزام دیا جاوے۔ ورنہ موافق اس طریق کے جو آپ نے اختیار کیا ہے کوئی عاقل کسی عاقل کو الزام نہیں دے سکتا۔

قولہ...... (قادیانی) آپ جانتے ہیں کہ قرآن کریم میں ’’ان ھذان لساحران ‘‘آیت موجود ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) اس کا جواب عامہ تفاسیر میں موجود ہے۔ عبارت بیضاوی کی اس مقام پر نقل کی جاتی ہے:’’وھذان اسم ان علیٰ لغة بلحارث ابن کعب فانهم جعلوا الالف للتثنية واعربوا المثنى تقديراً وقيل اسمها ضمير الشان المحذوف وهذان لساحران خبرها وقيل ان بمعنى نعم وما بعدها مبتداء وخبر فيهما ان اللام لا يدخل خبر المبتداء وقيل اصله انه هذان لهما ساحران فحذف الضمير وفيه ان المؤكد باللام لا يليق به الحذف‘‘

قولہ...... (قادیانی) جس میں بجائے ان ہذان کے ان ہذین لکھا ہو۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ خطائے فاحش ہے۔ صواب یہ ہے کہ جس میں بجائے ان ہذین کے ان ہذان لکھا ہو۔

قولہ...... (قادیانی) آپ کو یاد ہوگا کہ میرا یہ مذہب نہیں ہے کہ قواعد موجودہ صرف ونحو غلطی سے پاک ہیں۔ یا بہمہ وجوہ متمم ومکمل ہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ بات اگر قواعد اختلافیہ کی نسبت کہی جائے تو مسلم ہے۔ لیکن قواعد اجماعیہ کی نسبت ایسا کہنا گویا دروازہ الحاد کا کھولنا اور سب احکام شرعیہ کا باطل کرنا ہے۔ کیونکہ قواعد جب غلط ٹھہرے خود عرب میں جاکر فی زماننا تحقیق لغت قواعد صرف ونحو غیر ممکن۔ پس پابندی قواعد کی باقی نہ رہے گی۔ ہر شخص اپنی ہوا کے موافق قرآن وحدیث کے معنی کرے گا۔ آپ کو چاہئے کہ قواعد اجماعیہ کے تسلیم کا جلد اشتہار دے دیجئے یا کوئی کتاب لغت وقواعد صرف ونحو موافق قرآن وحدیث کے اپنے اجتہاد سے بنا کر جلد شائع کیجئے۔ تاکہ انہی قواعد کے بنا پر آپ سے بحث کی جاوے۔

قولہ…… (قادیانی) قرآن کریم ان کی غلطی ظاہر کرتا ہے اور اکابر صحابہ اس پر شہادت دے رہے ہیں۔

اقول…… (محمد بشیر) ’’سبحانك هذا بهتان عظيم (النور:١٦)‘‘

قولہ…… (قادیانی) اور اس خیال خام کی نحوست سے آپ کو تمام اکابر کی نسبت بدظنی کرنی پڑی۔

اقول…… (محمد بشیر) آپ ان اکابر کا مطلب نہیں سمجھے۔ فافہم!

قولہ…… (قادیانی) ابھی میں انشاءاللہ تعالیٰ! یہ آپ پر ثابت کردوں گا کہ آیت ’’لیؤمنن بہ‘‘ آپ کے معنوں پر اس صورت میں قطعیۃ الدلالۃ ٹھہر سکتی ہے۔ جب ان سب بزرگوں کے قطعی الجہالت ہونے پر فتویٰ لکھا جائے اور نعوذ باللہ نبی معصوم کو بھی اس میں داخل کر دیا جائے۔

اقول…… (محمد بشیر) توضیح مرام سے معلوم ہوتا ہے کہ آیت ’’وان من اهل الكتاب الا ليؤمنن به قبل موته‘‘ بتصریح وفات مسیح پر دلالت کرتی ہے۔

(ازالہ اوہام ص۸، خزائن ج۳ ص۵۴) میں مرقوم ہے: ’’اور قرآن شریف میں اگرچہ حضرت مسیح کے بہشت میں داخل ہونے کا بتصریح کہیں ذکر نہیں۔ لیکن ان کے وفات پا جانے کا تین جگہ ذکر ہے۔‘‘

حاشیہ میں وہ تین آیتیں آپ نے لکھی ہیں۔ ان میں سے آیت ’’وان من اهل الكتاب‘‘ بھی ہے۔

(ازالہ اوہام ص۳۸۵، خزائن ج۳ ص۲۹۸) میں ہے: ’’غرض قرآن شریف میں تین جگہ مسیح کا فوت ہو جانا بیان کیا گیا ہے۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۶۰۳، خزائن ج۳ ص۴۲۵) میں ہے: ’’چوتھی آیت جو مسیح کی موت پر دلالت کرتی ہے وہ یہ آیت ہے کہ ان من اهل الكتاب الا ليؤمنن به قبل موته‘‘

جاننا چاہئے کہ آپ کی یہ تقریر بادنیٰ تغیر آپ پر منعکس ہو جاتی ہے۔ تقریر اس کی یہ ہے کہ آیت ’’لیؤمنن‘‘ کے وفات مسیح پر اس وقت صریحۃ الدلالۃ ٹھہر سکتی ہے کہ ان سب بزرگوں کی جہالت پر فتویٰ لکھا جاوے۔ ’’نعوذ باللہ‘‘ نبی معصوم کو بھی ان میں داخل کیا جاوے۔ ورنہ آپ کبھی اور کسی صورت میں دلالت کا فائدہ حاصل نہیں کر سکتے۔

قولہ…… (قادیانی) اب میں آپ پر واضح کرتا ہوں کہ کیا اکابر مفسرین نے اس آیت کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے لئے قطعیۃ الدلالۃ قرار دیا ہے یا کچھ اور بھی معنی لکھے ہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ طعن ۸ بادنیٰ تغیر آپ پر بھی وارد ہوتے ہیں۔ بلکہ جو آپ نے طعن کی ہے اس سے اشد ہے۔ یعنی آپ نے فرمایا ہے کہ آیت ''وان من اهل الکتاب '' موت مسیح پر دلالت کرتی ہے اور آپ کی بعض عبارات سے مستنبط ہوتا ہے کہ یہ دلالت صریحی ہے۔ پس کیا اکابر مفسرین نے اس آیت کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات پر دلیل ٹھہرایا ہے۔ ایک نے بھی نہیں۔

قولہ...... (قادیانی) کشاف ص۱۹۹ میں ''لیؤمنن به'' کی آیت کے نیچے یہ تفسیر ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) اس عبارت سے صرف اس قدر ثابت ہوتا ہے کہ مرجع موتہ میں اختلاف ہے۔ مفسرین نے قطعیۃ الدلالۃ ہونے کی تصریح نہیں کی۔ کئی معنی لکھے ہیں۔ لیکن مفسرین کا قطعی الدلالۃ تصریح نہ کرنا قطعیۃ کو باطل نہیں کرتا۔ آپ ۹ کے نزدیک ''انی متوفیك '' اور ''فلما توفیتنی '' قطعیۃ الدلالۃ ہے۔ موت حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر حالانکہ مفسرین نے اس آیت کو حضرت عیسیٰ کی موت کے لئے قطعی الدلالۃ نہیں قرار دیا ہے۔ کچھ اور بھی معنی لکھے ہیں۔

قولہ...... (قادیانی) پھر نووی میں یہ عبارت لکھی ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) نووی کی عبارت سے صرف اس قدر ثابت ہوتا ہے کہ اکثروں نے ضمیر موتہ کی کتابی کی طرف راجع کی ہے۔ اس سے آپ کے نزدیک بھی قطعیۃ الدلالۃ میں فرق نہیں ہوتا ہے۔ کیونکہ آپ ۱۰ کے نزدیک آیت ''وانی متوفیك '' و آیت ''فلما توفیتنی '' قطعیۃ الدلالۃ ہے۔ وفات مسیح پر حالانکہ تفسیر ابن کثیر میں لکھا ہے: ''وقال الاکثرون المراد بالوفاة ههنا النوم '' اور ایسا ہی آپ کے نزدیک آیت: ''وان من اهل الکتاب '' دلیل صریح ہے۔ وفات مسیح پر اور حالانکہ وفات مسیح کا اس میں رائحہ بھی نہیں ہے۔ نہ بر تقدیر اس قول کے جس کو نووی نے اکثرین کا قول قرار دیا ہے اور نہ بر تقدیر قول آخر کے جو اس کا مقابلہ ہے۔ اس کے بعد آپ نے عبارت مدارک اور بیضاوی و تفسیر مظہری کی نقل کی ہے اور ہر ایک کا ترجمہ کر کے اوراق کو بڑھایا ہے اور حالانکہ ان سب سے اور کسی امر جدید کا فائدہ نہیں ہوا۔ سوائے اس کے ضمیر موتہ میں اختلاف ہے اور اوپر ثابت ہوا کہ مجرد اختلاف منافی قطعیت دلالت صریحہ کے نہیں۔ ورنہ چاہئے کہ آپ سے ادلہ وفات آیت ''انی متوفیك '' اور آیت ''فلما توفیتنی '' اور آیت ''وان من اهل الکتاب '' ادلہ قطعیہ اور دلیل صریح نہ ہوں۔ ''وهو خلاف ما ادعیتم ''

اور تفسیر مظہری والے کا یہ قول:''وکیف یصح هذا التاویل ما ان کلمة ان من اهل الکتاب شامل للموجودین فی زمن النبی ﷺ البة سواء کان هذا الحکم خاصاً بهم اولا فان حقیقة الکلام المحال ولا وجه لان یراد به فریق من اهل الکتاب یوجدون حین نزول عیسیٰ علیه السلام''

مخدوش ہے اور مخالف ہے۔ عامہ تفاسیر کے، کیونکہ کلام کا حال کے لئے حقیقت ہونا اس تقدیر پر ہے کہ کوئی صارف نہ پایا جائے اور یہاں نون تاکید صارف موجود ہے اور یہی وجہ ہے۔اس امر کی کہ اہل کتاب سے ایک فریق خاص مرادلیا جاوے۔پس صاحب تفسیر مظہری کا یہ قول لاوجہ کوئی وجہ نہیں رکھتا۔

اور یہ جو تفسیر مظہری میں ہے:''اخرج ابن المنذر عن ابی هاشم وعروة قال فی مصحف ابی بن کعب وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موتهم''
مخدوش ہے کہ تفسیر مظہری میں اس قرأت کی پوری سند مذکور نہیں۔ابن کثیر نے اس قرأت کو اس طرح پر روایت کیا ہے۔''حدثنی اسحاق بن ابراهیم ابن حبیب الشهید حدثنا عتاب بن بشیر عن خصیف عن سعید بن جبیر عن ابن عباس وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موتهم''

اس میں دوراوی مجروح ہیں۔اوّل خصیف، دوم عتاب ابن بشیر۔

خصیف کے ترجمہ میں تقریب میں لکھا ہے:''صدوق سئ الحفظ خلط بآخره رمی بالارجاء''

میزان میں ہے:''ضعفه احمد وقال ابوحاتم تکلم فی سوء حفظه وقال احمد ایضًا تکلم فی الارجاء وقال عثمان بن عبدالرحمان رأیت علی خصیف ثیاباً سوادا کان علی بیت المال. انتهی ملخصاً''

عتاب کے ترجمہ میں میزان میں مرقوم ہے:''قال احمد اتا عن خصیف بمنا کیر اراها من قبل خصیف قال النسائی لیس هذا لك فی الحدیث وقال ابن المدینی کان اصحابنا یضعفونه وقال علی ضربنا علی حدیثه. انتهی ملخصاً''

قولہ...... (قادیانی)اور بلاشبہ قرأت شاذہ حکم صحیح حدیث کا رکھتی ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) عموماً یہ بات غلط ہے۔ ہاں قرأت شاذہ جو بسند صحیح متصل کہ شذوذ دیگر علل خفیفہ غامضہ قادحہ سے خالی ہو۔ البتہ حکم حدیث صحیح کا رکھتی ہے اور ابھی واضح ہوا کہ اس کی سند میں دو رجال مجروح ہیں۔

قولہ...... (قادیانی) اب فرض کے طور پر اگر قبول کر لیں کہ اگر ابن عباسؓ اور علی ابن طلیحہؒ اور عکرمہؒ وغیرہ صحابہ ان معنوں کی سمجھ میں خطا پر تھے اور قرأت ابیؓ بن کعب بھی یعنی ''قبل موتہم'' کامل درجہ پر ثابت نہیں تو کیا آپ کے دعویٰ قطعیۃ الدلالت ہونے آیت ''لیؤمنن بہ'' پر اس کا کچھ بھی اثر نہ پڑا۔ کیا وہ دعویٰ جس کے مخالف صحابہ کرام بلند آواز سے شہادت دے رہے ہیں اور دنیا کی تمام مبسوط تفسیریں باتفاق اس پر شہادت دے رہی ہیں۔ اب قطعیۃ الدلالۃ ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) نہ صحابہ کا اتفاق خلاف پر ہے اور نہ تمام تفسیروں کا۔ ہاں دو قول مرجع ضمیر قبل موتہ میں البتہ منقول ہیں۔ اس سے البتہ قطعیۃ الدلالۃ اور صریح الدلالۃ ہونے میں فرق نہیں آتا ہے۔ اسؐ کے نظائر کتاب وسنت میں بکثرت موجود ہیں۔ ''من شاء فلیرجع الیہا'' علاوہ اس کے اس بناء پر آپ کے ادلہ وفات میں سے آیت ''انی متوفیک'' آیت ''فلما توفیتنی'' و آیت ''وان من اہل الکتاب'' بھی نہ قطعیۃ الدلالت ٹھہرتی ہے۔ نہ صریحۃ الدلالۃ کیونکہ ان آیات میں چند اقوال منقول ہیں۔ ''فما ہو جوابکم فہو جوابنا''

قولہ...... (قادیانی) مگر آپ جانتے ہیں کہ اکابر صحابہ اور تابعین سے کسی گروہ نے آپ کے معنی قبول نہیں کئے ہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ کذب صریح ہے۔ تحریر اوّل میں عبارت ابن کثیر نقل کی گئی ہے۔ اس سے ابن عباسؓ وابو مالکؒ وحسن بصری وقتادہ عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم وغیر واحد کا اس معنی کو قبول کرنا ثابت ہے اور ابو ہریرہؓ کا اس معنی کا قبول کرنا صحیحین میں مصرح ہے۔ ابن کثیر نے کہا ہے کہ یہ معنی بدلیل قاطع ثابت ہیں اور بھی ابن کثیر میں ہے: ''واولی ہذہ الاقوال بالصحۃ القول الاوّل وہو انہ لا یبقی احد من اہل الکتاب بعد نزول عیسیٰ علیہ السلام الا آمن بہ قبل موت عیسیٰ ولاشک ان ہذا الذی قالہ ابن جریر ہو الصحیح المقصود من سباق الآی فی تقریر بطلان ما ادعتہ الیہود من قتل عیسیٰ وصلبہ وتسلیم من سلم لہم من النصاریٰ الجہلۃ ذلک. انتہی (تفسیر ابن کثیر ج ص۴۰۲)''

قولہ...... (قادیانی) اور میں نے جو آپ کے قاعدہ نون ثقیلہ کا نام جدید رکھا تو اس کی یہ وجہ ہے کہ اگر آپ کا یہ قاعدہ تسلیم کر لیا جاوے۔ ’’نعوذ باﷲ ‘‘بقول آپ کے ابن عباسؓ جیسے صحابی کو جاہل ونادان قرار دینا پڑے گا۔

اقول...... (محمد بشیر) میں نے تو وہی معنی جو تمام صحابی وتابعین وغیرہم سے منقول ہیں اور وہی قاعدہ جو عامہ مسلمین کا معمول رہا ہے۔ لکھے ہیں البتہ آپ کے مسائل مخترعہ کی بناء پر سارے صحابہ کو جاہل ماننا پڑتا ہے۔ فماھو جوابکم فھو جوابی! علاوہ اس کے اوّل صحابہ کے کلام میں کہیں تصریح معنی حال کی نہیں ہے۔ ان کا کلام معنی مستقبل پر بھی محمول ہوسکتا ہے۔ جیسا کہ آپ تحریر اوّل میں اس امر کا اعتراف کر چکے ہیں۔ باقی رہا یہ امر کہ جن لوگوں نے ضمیر کتابی کی طرف پھیری ہے۔ وہ اس امر میں خطا پر ہیں۔ یہ کوئی مقام استبعاد نہیں۔ آپ بہت سے صحابہ کو اکثر مسائل میں خطا پر جانتے ہیں۔

قولہ...... (قادیانی) اور قرأت قبل موتہم کو خواہ نخواہ افتراء قرار دینا پڑے گا۔

اقول...... (محمد بشیر) خواہ نخواہ چہ معنی دارد! قرأت مذکور فی الواقع ضعیف ہے۔ لائق احتجاج نہیں۔ ’’کمامر بیانہ آنفا‘‘

قولہ...... (قادیانی) کیا آپ کا یہ نحوی قاعدہ ان اکابر کو جاہل قرار دے سکتا ہے اور کیا صدہا مفسرین کو بلکہ ہزارہا جواب تک یہ معنی کرتے آئے۔ وہ جاہل مطلق اور آپ کے نحو سے غافل تھے۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ قول سراسر مبنی سوءفہم پر ہے۔ معنی مذکور کا فساد اس وجہ سے نہیں کہ وہ مخالف ہے۔ قاعدہ نحو کے بلکہ یہ معنی تو سراسر موافق ہیں۔ قاعدہ نحو کے کیونکہ اس معنی پر تو مضارع صریح بمعنی استقبال کیا گیا ہے۔ ذرا سوچ کر جواب دیجئے۔

قولہ...... (قادیانی) کوئی مبسوط تفسیر تو پیش کرو۔ جو ان معنوں سے خالی ہے۔ جس نے ان معنوں کو سب سے مقدم نہ رکھا۔ (الیٰ قولہ) بلکہ سب کے سب آپ ہی کے معنوں کو ضعیف ٹھہراتے ہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) دو بڑی تفسیریں معتبر پرانی پیش کرتا ہوں۔ ایک تفسیر ابن کثیر دوسری تفسیر ابن جریر کہ ان دونوں نے معنی مذکور کو مقدم نہیں رکھا اور نہ میرے معنی کو ضعیف کہا۔ بلکہ صحت کی تصریح کی ہے۔ پس اس مقام پر کذب ۱۲اس قول کا ’’کالشمس فی نصف النہار‘‘ ظاہر ہوگیا۔

قولہ...... (قادیانی) حضرت اس قرأت سے حضرت مسیح ابن مریم کی زندگی کیونکر اور کہاں ثابت ہوئی۔(آپ نے) تو قبل موتہ کے ضمیر سے مسیح کی زندگی ثابت کرنی تھی۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ قول بھی سوء فہم پر مبنی ہے۔ میں نے یہ نہیں کہا ہے کہ قرأت مذکورہ سے مسیح بن مریم کی زندگی ثابت ہے۔ میں نے صرف یہ کہا ہے کہ قرأت مذکورہ مخالف ہمارے معنی کے نہیں۔ بالجملہ مقصود رفع مخالفت ہے۔ نہ اثبات دعویٰ۔ وبینھما فرق جلی!

قولہ...... (قادیانی) ہم نے تفاسیر معتبرہ کے ذریعہ سے اس کی اسناد پیش کردی ہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) سند میں جو جرح ہے وہ میں نے اوپر بیان کردی۔ فتذکر!

قولہ...... (قادیانی) بھلا اگر آپ حق پر ہیں تو تیرہ سو برس کی تفسیروں میں سے کوئی ایسی تفسیر تو پیش کیجئے جو ان معنوں کی صحت پر معترض ہو۔

اقول...... (محمد بشیر) تفسیر ابن جریر اور تفسیر ابن کثیر اور تفسیر فتح القدیر اور تفسیر فتح البیان اس معنی کی صحت پر معترض ہیں۔

قولہ...... (قادیانی) الہامی معنی جو میں نے کئے ہیں وہ درحقیقت ان معنوں کے معارف نہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ محض غلط ہے۔ کیونکہ الہامی معنی کا مدار اس پر ہے کہ ضمیر موتہ کی راجع طرف عیسیٰ کے ہے اور معنی مذکور کا مدار اس پر ہے کہ ضمیر موتہ کی راجع طرف کتابی کے ہے۔ پس سخت تعارض بین تخالف موجود ہے۔ مجھ کو سخت تعجب ہے۔ آپ کی دیانت سے کہ آپ باوجودیکہ ضمیر موتہ کا مرجع عیسیٰ ہونا اپنی کتب میں تسلیم کر چکے ہیں اور آیت ’’وان من اھل الکتاب‘‘ کو صریحۃ الدلالۃ وفات عیسیٰ پر کہتے ہیں۔ پھر اس اقراری حق سے کیوں اعراض کرتے ہیں اور ’’جحدوا بھا واستیقنتھا انفسھم‘‘ کی وعید سے نہیں ڈرتے۔

قولہ...... (قادیانی) کیونکہ ہمارے نزدیک حال کسی ٹھہرنے والے زمانہ کا نام نہیں ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ امر مسلم ہے۔ بے شک زمانہ، نام مقدار غیر قار کا ہے اور حال ایک فرد ہے۔ زمانہ کا اور حد حقیقی حال کی باعتبار عرف کی یہی ہے کہ تکلم فعل کے پہلے زمانہ کا تو ماضی ہے اور تکلم فعل کے بعد کا زمانہ مستقبل ہے اور تکلم فعل کے مبداء سے منتہی تک زمانہ حال ہے۔ اس بناء پر ظاہر ہے کہ استقبال قریب ہرگز حال نہیں ہوسکتا ہے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ قول کے تکلم کا زمانہ بعد ہے۔ زمانہ تکلم ’’فلنولینک‘‘ سے۔ پس اس کے استقبال ہونے میں کیا شک ہے۔

قولہ...... (قادیانی) جب آپ خود مستقبل قریب کے قائل ہوگئے۔ اسی طرح وہ بھی قائل ہیں۔

اقول...... (محمد بشیر) فرق نہ کرنا درمیان مستقبل قریب وحال کے محصلین سے بعید ہے۔ جیسا کہ ماہر علم نحو پر بلکہ قاصر پر بھی مخفی نہیں ہے۔

قولہ...... (قادیانی) یہ تو ہم نے تسلیم کیا کہ وعدہ ہے۔ مگر یہ کہاں سے ثابت ہے کہ وعدہ آنے والے لوگوں کے لئے خاص ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ کس نے کہا کہ یہ وعدہ آنے والے لوگوں کے لئے خاص ہے۔ بلکہ یہ کہا گیا ہے کہ اس کا ایفاء زمانہ آئندہ ہی میں ہوسکتا ہے۔ نہ حال میں اور اس بات میں جو آپ نے طول کیا ہے۔ اس کو اصل مطلب سے کچھ علاقہ نہیں اور ہم کو اس سنت اللہ سے ہرگز انکار نہیں کہ مجاہدہ کرنے پر ضرور ہدایت مرتب ہوتی ہے۔ صرف بحث اس میں ہے کہ یہ سنت اللہ ان آیات وعدو وعید سے ثابت نہیں ہے۔ بلکہ اس کے لئے دوسری آیات دلیل ہیں۔

قولہ...... (قادیانی) اب دیکھئے کہ ان آیات سے بھی آپ کا دعویٰ قطعیۃ الدلالت ہونا آیت لیؤمنن بہ کا کس قدر باطل ثابت ہوتا ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) آیات منافی قطعیۃ الدلالت ہونے آیت لیؤمنن کے نہیں۔ بلکہ آیت لیؤمنن آیات مذکورہ کی مخصص واقع ہوئی ہے۔

قولہ...... (قادیانی) حلیم وہ ہے جو یبلغ الحلم کا مصداق ہو۔

اقول...... (محمد بشیر) یہ حصر غیر مسلم ہے۔ کیونکہ حلیم قرآن مجید میں صفت غلام کی آئی ہے۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے فبشرناہ بغلام حلیم اور غلام کے معنی کودک صغیر کے ہیں۔ ''کما فی الصراح'' پس محتمل ہے کہ حلیم اس مقام پر ماخوذ حلم سے ہو جو آہستگی وبربادی کے معنی میں ہے۔ ''کما فی الصراح''

قاموس میں ہے۔ ''والحلم بالکسر الانائۃ والعقل جمعہ احلام وحلوم ومنہ ام تامرھم احلامھم وھو حلیم جمع حلماً واحلاما''

قولہ...... (قادیانی) جب کہ عیسیٰ بن مریم کی حیات ہی ثابت نہیں ہوتی اور موت ثابت ہورہی ہے تو عیسیٰ کے حقیقی معنی کیونکر مراد ہوسکتے ہیں؟

اقول...... (محمد بشیر) اس کالم میں بدو وجہ شک ہے۔

اوّل...... یہ کہ آیت ''وان من اھل الکتاب'' سے آپ کے اقرار سے صراحتاً موت ثابت ہے۔ کیونکہ آپ نے توضیح المرام وازالہ اوہام میں اقرار کیا ہے کہ ضمیر موتہ[۱] عیسیٰ کی طرف راجع ہے

اور بعد اقرار اس امر کے حیات کا اقرار لازم آتا ہے۔’’کما مر تقریرہ بحیث لا یحوم حولہ شک‘‘

دوم...... برتقدیر موت[۱۴] بھی نزول خود حضرت عیسیٰ کا نہ محال ہے اور نہ محال عادی اور جو چیز محال عادی وعقلی نہ ہو اور مخبر صادق اس کی خبر دے تو اس سے انحراف جائز نہیں اور احادیث صحیحہ میں نزول عیسیٰ کی خبر متواتر موجود ہے۔

قولہ...... (قادیانی) جب آپ حیات مسیح کو ثابت کر دکھائیں گے تو پھر ان کا نزول بھی مانا جائے گا۔

اقول...... (محمد بشیر) اس میں کچھ ملازمت نہیں۔ برتقدیر وفات بھی نزول کے نہ ماننے کی کوئی وجہ معقول نہیں ہے۔

قولہ...... (قادیانی) ورنہ بخاری میں وہ حدیثیں بھی ہیں۔ جن میں ابن مریم کا ذکر کر کے ان سے مراد کوئی مثیل لیا گیا ہے۔

اقول...... (محمد بشیر) ظاہر اس سے معلوم ہوتا ہے کہ سوائے احادیث نزول کے دیگر احادیث بھی بخاری میں ایسی ہیں۔ جن میں ابن مریم کا ذکر کر کے اس سے مراد اس کا کوئی مثیل لیا گیا ہے۔ پس آپ کو چاہئے[۱۵] کہ براہ عنایت ان احادیث کو نقل فرمائیے تاکہ اس میں نظر کی جاوے کہ وہاں مثیل مراد لیا گیا ہے یا نہیں۔

قولہ...... (قادیانی) افسوس کہ اب تک آپ کچھ پیش نہ کر سکے۔

اقول...... (محمد بشیر) افسوس کہ باوجود[۱۶] اس کے کہ آپ کے اقرار سے حیات مسیح آیت ’’وان من اھل الکتاب‘‘ سے صراحۃً ثابت ہوگئی۔ پھر بھی آپ ایسا فرماتے ہیں۔’’انا للّٰہ وانا الیہ راجعون. والی اللّٰہ المشتکی‘‘

اب سنئے یہ تو آپ کی تحریر کا جواب ترکی بترکی ہوا۔ اب ایک نہایت منصفانہ اور فیصلہ کرنے والا جواب دیا جاتا ہے۔ آپ اگر انصاف کے مدعی اور حق کے طالب ہیں تو اسی کا جواب دیں اور جواب ترکی بترکی سے تعارض نہ کریں۔ ایسا کریں گے تو یقیناً سمجھا جائے گا کہ آپ فیصلہ کرنا نہیں چاہتے اور احقاق حق سے آپ کو غرض نہیں ہے۔ وہ جواب یہ ہے کہ میں نے کمال نیک نیتی سے احقاق حق کی غرض سے اپنے ان جملہ دلائل کو جن کو میں اس وقت پیش کرنا چاہتا ہوں۔ یک بارگی قلم بند کر کے آپ کی خدمت میں پیش کر دیا اور اس کے ساتھ یہ بھی کہہ دیا تھا کہ میرا

اصل متمسک اور مستقل دلیل پہلی آیت ہے اور اس کے قطعیۃ الدلالت کے ثبوت میں قواعد نحویہ اجماعیہ کو پیش کیا۔ آپ بھی نیک نیت اور طالب حق ہوتے تو اس کے جواب میں دو صورتوں میں سے ایک صورت اختیار کرتے یا تو میرے جملہ دلائل وجوابات سے تعرض کرتے اور ان میں سے ایک بات کا جواب بھی باقی نہ چھوڑتے۔ یا صرف میری اصل دلیل سے تعرض فرماتے۔ اس کے سوا کسی بات کے جواب سے معترض نہ ہوتے۔ آپ نے پہلی صورت اختیار کی نہ دوسری۔ بلکہ میری اصلی دلیل کے علاوہ اور باتوں سے بھی تعرض کیا۔ مگر ان کو بھی ادھورا چھوڑا اور بہت سی باتوں کا جواب حوالہ آئندہ پر چھوڑا اور ان کے مقابلہ میں اپنے دلائل احادیث بخاری وغیرہ کے بیان کو بھی آپ نے آئندہ پرچہ پر ملتوی کیا اور جو کچھ بیان کیا ایسے انداز سے بیان کیا کہ اصل دلیل سے بہت دور چلے گئے اور اپنے بیان کو ایسے پیرایہ میں ادا کیا کہ اس سے عوام دھوکہ کھائیں اور خواص ناخوش ہوں۔ اس کی مثال آپ کی یہ بحث ہے کہ آپ مدعی نہیں ہیں۔ صاحب من! جس حالت میں میں خود مدعی ہوکر دلائل پیش کر چکا تھا تو آپ کو اس بحث کی کیا ضرورت تھی۔

دوسری مثال یہ ہے کہ حضرت شیخنا وشیخ الکل کی رائے کا ذکر بے موقع کر کے لوگوں کو پھر جتانا چاہا کہ حضرت شیخ الکل بھی اس بحث میں آپ کے مخاطب ہیں۔ حالانکہ شیخ الکل کی بحث سے فرار اختیار کر کے آپ نے مجھے مخاطب بحث بنایا تھا۔ لہٰذا شیخ الکل کا ذکر میرے خطاب میں محض اجنبی ونامناسب تھا۔

تیسری مثال یہ ہے کہ آپ نے چند تفاسیر کی عبارات واقوال بعض صحابہ رضوان اللہ علیہم نقل کر کے عوام الناس کو یہ جتانا چاہا ہے کہ تمام مفسرین اور عامہ صحابہ وتابعین مسئلہ حیات وفات مسیح میں آپ کے موافق اور ہمارے مخالف ہیں اور یہ محض مغالطہ ہے۔ کوئی صحابی کوئی تابعی کوئی مفسر اس بات کا قائل نہیں ہے کہ حضرت مسیح ابن مریم علیہ السلام اس وقت زندہ نہیں ہیں۔

چوتھی مثال آپ کا عوام الناس کو یہ جتانا ہے کہ نون یؤمنن کو استقبال کے لئے ٹھہرانا تمام صحابہ ومفسرین کو جاہل قرار دینا ہے جو سراسر آپ کا دھوکا ومغالطہ ہے۔

آپ کی اس قسم کی باتوں کا میں تین دفعہ تو جواب ترکی بترکی دے چکا۔ آئندہ بھی یہی طریقہ جاری رہا تو اس سے آپ کو یہ فائدہ ہوگا کہ اصل بات ٹل جائے گی اور آپ کے اتباع میں آپ کی جواب نویسی ثابت ہو جائے گی۔ مگر اس میں مسلمانوں کا یہ حرج ہوگا کہ ان پر نتیجہ بحث ظاہر نہ ہوگا اور آپ کا اصل حال نہ کھلے گا کہ آپ لاجواب ہو چکے ہیں اور اعتقاد وفات مسیح میں خطا

پر ہیں اور بات کو ادھرادھر لے جا کر ٹلا رہے ہیں۔ لہٰذا آئندہ آپ کو اس پر مجبور کیا جاتا ہے کہ اگر آپ کو بحث منظور اور الزام فرار سے احتراز مدنظر ہو تو زائد باتوں کو چھوڑ کر میری اصل دلیل پر کلام و بحث کو محدود و محصور کریں۔

اور جو میں بہ شہادت قواعد نحویہ اجماعیہ مضمون آیت کا زمانہ استقبال سے مخصوص ہونا اور بصورت صحت تخصیص اس مضمون کا وقت نزول مسیح سے مخصوص ہونا ثابت کیا ہے۔ اس کا جواب درصورت تسلیم قواعد نحویہ اجماعیہ دوحرفی دیں کہ تمام قواعد نحوی بے کار و بے اعتبار ہیں یا خاص کر یہ قاعدہ غلط ہے اور اس کو فلاں شخص نے غلط قرار دیا ہے اور اس کی غلطی پر قرآن یا حدیث صحیح یا اقوال عرب عرباء سے یہ دلیل ہے اور بجائے اس کے قاعدہ صحیحہ فلاں ہے۔

یا یہ کہ فہم معنی قرآن کے لئے کوئی قاعدہ مقرر نہیں ہے۔ جس طرح کوئی چاہے قرآن کے معنی گھڑ سکتا ہے اور درصورت تسلیم قاعدہ اور تسلیم تخصیص مضمون آیت بزمانہ استقبال اس مضمون کے تخصیص زمانہ نزول مسیح سے فلاں دلیل کی شہادت سے باطل ہے یا اس تخصیص سے جو فائدہ بیان کیا گیا ہے وہ اور صورتوں اور معنی سے بھی جو بیان کئے گئے ہیں۔ حاصل ہوسکتا ہے۔

اور اگر مجرد اختلاف مفسرین تفسیر آیت میں اسی تخصیص کا مبطل ہوسکتا ہے اور مجرد اقوال مفسرین آپ کے نزدیک لائق استدلال واستناد ہیں تو آپ مفسرین صحابہ وتابعین کے ان اقوال کو جو درباب حیات مسیح وارد ہیں۔ قبول کریں یا ان کے ایسے معنی بتاویں جن سے وفات مسیح ثابت ہو۔

ہم دعویٰ سے کہتے ہیں کہ جہاں کے مفسرین اور جملہ صحابہ وتابعین ہمارے ساتھ ہیں۔ ان میں کوئی اس کا قائل نہیں کہ مسیح ابن مریم اب زندہ نہیں ہیں۔ آپ ایک صحابی یا ایک تابعی یا ایک امام مفسر سے بہ سند صحیح اگر یہ ثابت کردیں کہ حضرت مسیح اب زندہ نہیں ہیں تو ہم دعویٰ حیات مسیح سے دست بردار ہو جائیں گے۔ لیجئے ایک ہی بات میں بات طے ہوتی ہے اور فتح ہاتھ آتی ہے۔ اب اگر آپ یہ ثابت نہ کرسکے تو ہم سے جملہ مفسرین وصحابہ وتابعین کے اقوال سنیں۔ جن کو ہم آئندہ پرچہ میں نقل کریں گے۔ آپ مانیں یا نہ مانیں۔ عام ناظرین تو اس سے فائدہ اٹھائیں گے اور اس سے نتیجہ بحث نکالیں گے۔ آپ سے ہم کو امید نہیں رہی کہ آپ اصل مدعا کی طرف آئیں گے اور زائد باتوں کو چھوڑ کر صرف دوحرفی جواب دیں جو اس منصفانہ جواب میں آپ سے طلب کیا گیا ہے۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین! محمد بشیر عفی عنہ، ۲۷/اکتوبر ۱۸۹۱ء

مضمون جو وقت قطع مباحثہ کے سنایا گیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید الھادین وعلیٰ آلہ واصحابہ الراشدین المھدیین. اما بعد!

بڑے افسوس کی بات ہے کہ میں نے سب شرطیں اور ضدیں مرزا قادیانی کی منظور کیں اور مرزا قادیانی نے پھر بھی اپنے تحریر وتقریر کی خلاف کیا۔ حضرات سامعین وناظرین آپ کو یاد رہے کہ مجھ کو مرزا قادیانی نے بوساطت حاجی محمد احمد صاحب طلب کیا۔ میں آیا مرزا قادیانی نے تحریری بحث کی شرط کی۔ میں نے منظور کی مرزا قادیانی نے پہلے مجمع عام میں بحث کا وعدہ کر کے پھر اپنے مکان پر تخلیہ کی قید لگائی۔ وہ بھی میں نے منظور کی پھر اس تخلیہ میں بھی۔ یہ شرط کی کہ مولوی محمد حسین صاحب اور مولوی عبدالمجید صاحب نہ ہوں۔ میں نے اتماماً للحجہ یہ بھی قبول کیا۔ حالانکہ یہ امر نہ مجھ کو زیبا تھا اور نہ مرزا قادیانی کے لے قابل اظہار تھا۔ مرزا قادیانی نے گفتگو تحریری بالمواجہہ کرنی ٹھہرائی تھی۔ مگر جس وقت میں نے اپنا دعویٰ ان کے مکان پر لکھ کر پیش کیا تو کہا اس کو چھوڑ جاؤ۔ کل دس بجے جواب دوں گا۔ میں نے یہ بھی منظور کیا اور دوسرے دن دس بجے مرزا قادیانی کے مکان پر گیا اور تھوڑی دیر بیٹھا رہا۔ مرزا قادیانی کو اطلاع کرائی گئی تو خود نہ آئے اور کہلا بھیجا کہ ابھی پورا لکھا نہیں گیا۔ سہ پہر کو آنا۔ مرزا قادیانی نے خود ہی اپنی تحریر میں لکھا تھا کہ جانبین کی پانچ پانچ تحریریں ہوں۔ تاکہ بحث میں طول نہ ہو۔ میں نے یہ بھی منظور کیا۔ مگر ہنوز میری اور مرزا قادیانی کی تیسری تحریر ہے اور آپ بحث ختم کرتے ہیں۔ مرزا قادیانی کے ذمہ بار ثبوت تھا باوجود ادعا۔ ہائے چناں وچنیں میرے ذمہ رکھا میں نے یہ بھی منظور کیا اور ثبوت حیات حضرت مسیح علیہ السلام قرآن وحدیث سے پیش کیا۔ مرزا قادیانی نے نہ اس کو قبول کیا اور نہ اس کا جواب حسب قاعدہ مناظرہ دیا۔ بلکہ فضول باتوں میں اپنا وقت ضائع کیا۔ جس سے عموماً ناظرین اور سامعین نتیجہ بحث سمجھ سکتے ہیں۔ آخر میں یہ بھی کہنا نامناسب نہیں سمجھتا کہ قطع بحث باوجود ان تمام امور مذکورۂ بالا کے مرزا قادیانی ہی کرتے ہیں اور اپنے ان تمام رقعات کو ردی کرتے ہیں۔ جن میں یہ وعدہ لکھ چکے ہیں کہ اوّل بحث وفات وحیات مسیح میں ہوگی اور پھر نزول مسیح میں اور تیسری بحث میرے مسیح موعود ہونے میں جو کوئی ان میں انکار کرے اس کی گریز متصور ہوگی۔ پس سب صاحب ایماناً اور انصافاً کہہ دیں کہ فی الواقع مرزا قادیانی اپنے خیالات اور مقالات اور ایفاء وعدہ میں کس قدر سچے اور پکے اور مضبوط وقائم ہیں۔ فاعتبروا یا اولیٰ الابصار!

تحریر چہارم راقم مولانا بشیر کہسوانی جو بعد انقطاع مناظرہ لکھی گئی ہے

الحمد للہ الذی ھدانا للاسلام وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ سیدنا محمد سید کل صدیق اواب اواہ وعلیٰ آلہ وصحبہ واتباعہ الرادین علی کل دجال کذاب تیاہ. اما بعد!

قولہ...... اے ناظرین! آپ صاحبوں پر واضح ہے کہ حضرت مولوی محمد بشیر صاحب نے مجھ سے تحریری مباحثہ شروع کر کے اس بات کا ثابت کرنا اپنے ذمہ لیا تھا کہ حضرت عیسیٰ بن مریم زندہ اپنی خاکی جسم کے ساتھ آسمان پر اٹھائے گئے اور آسمان پر اس خاکی جسم کے ساتھ زندہ موجود ہیں۔

اقول...... حضرت مسیح بن مریم کا زندہ اپنی خاکی جسم کے ساتھ آسمان پر اٹھایا جانا اور آسمان پر اسی خاکی جسم کے ساتھ موجود ہونا اگرچہ میرے نزدیک حق ہے۔ مگر ابھی تک مرزاقادیانی کے مقابلہ میں یہ دعویٰ میں نے نہیں کیا ہے۔ بالفعل جو دعویٰ مرزاقادیانی کے مقابلہ میں کیا گیا ہے۔ وہ صرف یہی ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام خاکی جسم کے ساتھ زندہ موجود ہیں۔ مرزاقادیانی نے یہ تدلیس دعویٰ کی شاید اس غرض سے کی ہے کہ آیت ’’وان من اھل الکتاب ‘‘ سے تو صرف حیات ثابت ہوتی ہے نہ خاکی جسم کے ساتھ آسمان پر اٹھایا جانا اور نہ آسمان پر اس خاکی جسم کے ساتھ زندہ موجود ہونا’’ وھذا البعید من التقویٰ والدیانۃ‘‘

قولہ...... پھر چار آیتوں کو تو خود اس اقرار کے ساتھ چھوڑ دیا کہ ان سے حضرت مسیح علیہ السلام کا جسم خاکی کے ساتھ زندہ ہونا قطعی طور پر ثابت نہیں ہوتا۔ یعنی کئی احتمال رکھتے ہیں اور قطعیۃ الدلالۃ نہیں ہیں۔

اقول...... مخفی نہ رہے۔ قطعیۃ الدلالۃ کی دو قسمیں ہیں۔ ایک قطعیۃ الدلالۃ لذاتہا اور دوسری قطعیۃ الدلالۃ لغیرہا پہلی آیت وقطعیۃ الدلالۃ لذاتہا ہے اور دوسری آیات قطعیۃ الدلالۃ لغیرہا ہیں۔ یعنی بضم آیت وان من اہل الکتاب اور اس امر کی تصریح پہلی ہی تحریر میں خاکسار کر چکا ہے۔ پس مرزاقادیانی کا عموماً اور مطلقاً یہ قول کہ پھر چار آیتوں کو تو خود اس اقرار کے ساتھ چھوڑ دیا کہ ان سے حضرت مسیح کا جسم خاکی کے ساتھ زندہ ہونا قطعی طور پر ثابت نہیں ہوتا۔ محض افتراء وبہتان ہے۔ کیونکہ جس اعتبار اور حیثیت سے ان کو میں نے قطعی کہا ہے اس اعتبار سے میں نے ان کو ہرگز نہیں چھوڑا۔ میں ان کو اب بھی قطعی کہتا ہوں۔

www.amtkn.com www.facebook.com/amtkn313 www.emaktaba.info

قولہ...... اور فرماتے ہیں کہ جو حضرت ابن عباس وغیرہ صحابی نے اس کے مخالف معنی کئے ہیں۔

اقول...... اس کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ صحابہ میں سے سوائے ابن عباسؓ کے دوسروں نے بھی اس کے مخالف معنی کئے ہیں۔ حالانکہ تفاسیر معتبرہ میں سوائے ابن عباسؓ کے دوسرے کا قول منقول نہیں۔ ''ومن یدعی فعلیہ البیان'' اگر کہا جائے کہ ابی بن کعب کی قرأت میں قبل موتہم ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابی بن کعب کے نزدیک بھی معنی آیت کے وہی ہیں جو ابن عباس کے نزدیک ہیں تو جواب یہ ہے کہ اس قرأت سے یہ لازم نہیں آتا ہے کہ معنی کے ابی بن کعب کے نزدیک بھی وہی ہوں جو ابن عباس سے منقول ہیں۔ بلکہ ہوسکتا ہے کہ مراد یہ ہو کہ اہل کتاب موجودہ زمانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اپنی موت سے پہلے ایمان لاویں گے نہ یہ کہ نزع روح کے وقت ہر ایک اہل کتاب ان پر ایمان لاتا ہے اور مجرد موتہ کی ضمیر کتابی کی طرف عائد کرنے سے یہ لازم نہیں آتا ہے کہ اس کے قائل کے نزدیک یہ معنی ہوں کہ ہر کتابی اپنے مرنے سے پہلے نزع روح کے وقت حضرت عیسیٰ پر ایمان لاتا ہے۔ بلکہ محتمل ہے کہ ان قائلین کی یہ مراد ہو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے بعد ہر کتابی ان پر اپنے مرنے سے پہلے ایمان لائے گا۔ سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے تصریح اس کے خلاف کی کردی ہے۔

قولہ...... مولوی صاحب کی اس تقریر کا حاصل کلام یہ معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ ابن عباس اور عکرمہ اور ابی بن کعب وغیرہ صحابہ نحو نہیں پڑے ہوئے ہیں۔

اقول...... ظاہر اس کلام کا یہ ہے کہ عکرمہ صحابہ میں سے ہیں۔ حالانکہ یہ غلط محض ہے۔ عکرمہ تو تابعین میں داخل ہے۔ علاوہ اس کے یہ قول دلالت کرتا ہے۔ اس پر کہ سوائے ابن عباس اور ابی بن کعب کے اور صحابہ نے بھی یہ معنی کئے ہیں۔ حالانکہ یہ بھی غلط محض ہے۔ ومن یدعی فعلیہ الاثبات!

قولہ...... اور اگر مولوی صاحب نحوی غلطی کا ابن عباس پر الزام قائم نہیں کرتے تو پھر کیا کوئی اور بھی وجہ ہے۔ جس کے رو سے مولوی صاحب کے خیال میں ابن عباس کے وہ معنی اس آیت متنازع فیہ میں رد کے لائق ہیں۔ جن کی تائید میں ایک قرأت شاذہ بھی موجود ہے۔

اقول...... مخفی نہ رہے کہ ابن عباس سے جو معنی منقول ہیں اس سے ابن عباسؓ پر الزام نحوی غلطی کا نہیں لگایا جاتا ہے۔ بلکہ اس معنی کی اور وجوہ میں حاصل یہ ہے کہ جو معنی ابن عباسؓ سے منقول ہیں اس میں دو احتمال ہیں۔

اوّل...... یہ کہ نہیں کوئی اہل کتاب میں سے خواہ زمانۂ ماضی میں ہو یا حال میں یا استقبال میں۔ مگر وہ ایمان لاتا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اپنے مرنے سے پہلے زہوق روح کے وقت۔

دوم...... یہ کہ نہیں ہے کوئی اہل کتاب میں سے جو زمانہ نزول آیت میں زندہ موجود تھے۔ مگر وہ ایمان لاوے گا حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اپنے مرنے سے پہلے زہوق روح کے وقت۔ پہلے معنی کے موافق الزام نحوی غلطی کا آتا ہے۔ نہ دوسرے معنی کے موافق۔ پس محتمل ہے کہ ابن عباس نے دوسرے معنی مراد لئے ہوں۔ پس الزام نحوی غلطی کا ان کی طرف عائد نہ ہوگا۔ ہاں جو لوگ کلام ابن عباسؓ سے پہلے معنی سمجھے ہیں۔ جیسے نووی وصاحب تفسیر مظہری وغیرہما ان پر البتہ الزام نحوی غلطی کا عائد ہوگا۔ رہی یہ بات کہ کوئی اور بھی وجہ ہے کہ جس کی رو سے ابن عباسؓ کے یہ معنی رد کے لائق ہیں تو میں اس کے جواب میں کہتا ہوں کہ ابن عباسؓ کے یہ معنی علاوہ ضعف روایت کے قابل تسلیم نہیں۔ بچند وجوہ:

اوّل...... وہ وجہ جو تحریر دوم میں خاکسار نے بیان کی ہے اور مرزا قادیانی نے اپنی تحریر دوم وسوم میں اس کا جواب نہیں دیا۔ پس بمقتضائے السکوت فی معرض البیان بیان کے ثابت ہوا کہ مرزا قادیانی نے اس کو تسلیم کر لیا۔ محصل اس کا یہ ہے کہ اس معنی کا مناط اس پر ہے کہ احتضار کے وقت ہر شخص پر وہ حق کھل جاتا ہے جس کو وہ نہ جانتا تھا اور یہ امر نفس الامر میں تینوں زمانوں کو شامل ہے۔ اب آیت کو اگر خالص استقبال کے لئے لیجئے گا تو یہ شبہ پیدا ہوگا کہ یہ امر زمانہ ماضی وحال کو شامل نہیں ہے اور یہ خلاف نفس الامر ہے۔ پس اس کلام میں یہ عیب ہوا کہ خلاف نفس الامر کا موہم ہے اور فائدہ کوئی نہیں۔ اگر بجائے لیؤمنن لفظ یؤمن یا آمنون اختیار کیا جاتا تو وعید اور تحریض جو مطلوب ہے وہ بھی حاصل ہوتی اور اختصار بھی پس قرآن مجید کی بلاغت جو حد اعجاز کو پہنچ گئی ہے۔ اس کے خلاف ہے کہ ایسی عمدہ عبارت چھوڑ کر بجائے اس کے لیؤمنن اختیار کیا جاوے کہ جس میں ایہام خلاف نفس الامر ہے اور اطناب بلا فائدہ۔

دوم...... وہ وجہ ہے کہ جس سے سب معانی کا بطلان جو ہمارے مدعا کے مثبت نہیں ہیں ثابت ہوتا ہے۔ خواہ وہ معانی ہوں جو اگلے مفسرین نے آنحضرت ﷺ کے زمانہ سے اب تک لکھے ہیں خواہ وہ جو اس زمانہ میں مرزا قادیانی اور ان کے اتباع نے اختراع کئے ہیں یا آئندہ قیامت تک کوئی اختراع کرے اور یہ وجہ میرے نزدیک اقوی الوجوہ ہے۔ اخیر تحریر کے لئے میں نے اس کو کہہ چھوڑا تھا اگر مرزا قادیانی خلاف معاہدہ کے مباحثہ کو ناتمام چھوڑ کر دہلی سے نہ چلے جاتے تو

انشاءاللہ تعالیٰ چوتھی یا پانچویں تحریر میں ذکر اس کا ضرور کرتا۔ اب میں اس کو لکھتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ ضمیر قبل موتہ کی دو حال سے خالی نہیں یا تو راجع ہے طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تو مطلوب حاصل ہے۔ یعنی ثبوت حیات مسیح علیہ السلام خواہ لیؤمنن کو استقبال کے لئے خاص کیجئے یا نہیں۔ برتقدیر استقبال تو ثبوت مدعا ظاہر ہے اور برتقدیر حال قطع نظر اس احتمال کے صحت وفساد سے اس قدر ضرور ثابت ہوتا ہے کہ زمانہ نزول آیت تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ تھے جو زمانہ رفع عیسیٰ علیہ السلام سے چھ سو برس سے زائد کے بعد آیا ہے اور اس زمانہ کے بعد وفات پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ پس حیات ثابت ہوئی اور برتقدیر استمرار قطع نظر اس احتمال کے صحت وفساد سے ثبوت مدعا اظہر من الشمس ہے اور لیؤمنن کو ماضی کے لئے لینا قطع نظر اس احتمال کے صحت وفساد سے صریح البطلان ہے۔ کیونکہ ایسا فعل مضارع جس کے اوّل میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ہو۔ کہیں بمعنی ماضی نہیں آیا ہے۔ ’’ومن یدعی فعلیه البیان‘‘ اور یا ضمیر قبل موتہ کی راجع طرف کتابی کے ہے۔ پھر یہاں تین احتمالات ہیں یا تو ضمیر بہ کی راجع ہے۔ طرف عیسیٰ علیہ السلام کے پس ضمائر ماقبل یعنی ضمائر وماقتلوہ وماصلبوہ وفیہ ومنہ وبہ وماقتلوہ وبل رفعہ وبہ یہ سب آٹھ ضمائر راجع ہوئے۔ طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اور ضمیر مابعد یعنی ضمیر یکون بھی راجع ہے۔ طرف عیسیٰ علیہ السلام کے۔ پس اس سے ہر منصف سمجھ سکتا ہے کہ ظاہر نص قرآنی یہی ہے کہ ضمیر قبل موتہ کی بھی راجع ہے طرف عیسیٰ علیہ السلام کے اور صرف نص کا ظاہر سے بلا صارف قطعی جائز نہیں۔ کما تقرر فی الاصول والکلام اور یہاں کوئی صارف قطعی موجود نہیں ہے۔ اثر ابن عباسؓ صارف قطعی ہو نہیں سکتا ہے۔ کیونکہ:

اوّل...... تو حدیث موقوف حجت ہی نہیں ہے۔ چہ جائیکہ قطعی ہو۔

دوم...... اس اثر کا معارض دوسرا اثر ابن عباسؓ کا صحیح موجود ہے۔

’’قال ابن کثیر فی تفسیرہ ذکر من قال ذلك حدثنا ابن بشار حدثنا عبدالرحمن عن سفیان عن ابی حصین عن سعید بن جبیر عن ابن عباس وان من اهل الکتاب الالیؤمنن به قبل موته قال قبل موت عیسیٰ ابن مریم علیه السلام وقال العوفی عن ابن عباس مثل ذلك (تفسیر ابن کثیر ج۲ ص۴۰۱)‘‘ اس اثر کے سب رجال رجال صحیحین ہیں۔

سوم...... اثر مذکور کی رواۃ مجروح ہیں۔ بیان اس کا یہ ہے کہ یہ اثر چند طرق سے منقول ہے۔

پہلا طریق یہ ہے۔ ’’حدثنا ابوحذیفة حدثنا سهیل عن ابن ابی نجیح عن مجاهد فی قوله الا لیؤمنن به قبل موته کل صاحب کتاب لیؤمنن بعیسیٰ قبل موته قبل موت صاحب الکتاب وقال ابن عباس لوضربت عنقه لم تخرج نفسه حتی یومن بعیسیٰ کذافی تفسیر ابن کثیر راوی‘‘

اوّل...... ابوحذیفہ ہے۔ یہ ابوحذیفہ یا موسیٰ بن مسعود ہے یا شیخ ہے یحییٰ بن ہانی بن عروہ کا موسیٰ ابن مسعود کا حال یہ ہے۔ تقریب میں ہے۔ ’’صدوق سئ الحفظ وکان یصحف من صغار التاسعة مات سنة عشرین اوبعدها وقد جاوز التسعین وحدیثه عند البخاری فی المتابعات ‘‘میزان الاعتدال میں ہے: ’’تکلم فیه احمد وضعفه الترمذی وقال ابن خزیمة لا یتحج به وقال عمر وبن علی لا یحدث عنه من ینصر الحدیث وقال ابواحمد الحاکم لیس بالقوی عندهم وقال ابراهیم بن یعقوب سمعت احمد یقول کان سفیان الذی یحدث عنه ابوحذیفة لیس هوسفیان الذی یحدث عنه الناس وقال ابوحاتم صدوق معروف بالثوری کان سفیان لمانزل البصرة ینفذه فی حوائجه ولکن کان لصحف ‘‘اور یحییٰ بن ہانی بن عروہ کا شیخ مجہول ہے۔ تقریب میں ہے۔ ابوحذیفہ غیر منسوب شیخ یحییٰ بن ہانی بن عروۃ مجہول من السادسۃ اور اس طریق میں عبداللہ بن ابی نجیح یسار المکی ابویسار الثقفی واقع ہے۔ وہ مدلس ہے۔ تقریب میں ہے۔ ’’وربما دلس من السادسة ‘‘میزان میں ہے۔ ’’قال یحییٰ القطان لم یسمع التفسیر کله من مجاهد بل کله عن القاسم بن ابی بزة ‘‘اور عنعنہ مدلس کا مقبول نہیں ہے۔ دوسرا طریق یہ ہے۔ ’’حدثنا ابن حمید حدثنا ابوتمیله یحییٰ بن واضح حدثنا حسین بن واقدعن یزید النحوی عن عکرمة عن ابن عباس قال لایموت الیهودی حتیٰ یشهد ان عیسیٰ عبدالله ورسوله ولو عجل علیه مابسلاح کذافی تفسیر ابن کثیر‘‘

پہلا راوی اس کا محمد بن حمید رازی ہے۔ وہ ضعیف ہے تقریب میں ہے۔ ’’محمد بن حمید بن حیان الرازی حافظ ضعیف انتهی ‘‘کاشف میں ہے۔ ’’محمد بن حمید الرازی الحافظ عن یعقوب بن بشیر کثیر المناکیر وقال البخاری فیه نظر وقال س لیس ثقة ‘‘خلاصہ میں ہے۔ ’’وکذبه الکوسج وابوزرعة وصالح بن محمد وابن فراش‘‘

میزان الاعتدال میں ہے۔’’محمد ابن حمید الرازی الحافظ عن یعقوب القمی وابن المبارک من بحور العلم وھو ضعیف قال یعقوب بن بشیر کثیر المناکیر وقال البخاری فیه نظر وکذبه ابوزرعة وقال فضلك الرازی عند ابن حمید خمسون الف حدیث ولااحدث عنه بحرف وروی محمد بن شاذان عن اسحق الکوسج قال قرأعلینا ابن حمید کتاب البخاری عن سلمة فقلت اقرۂ علیه ابن حمید یعنی عن سلمة فتعجب علی وقال سمعه محمد بن حمید منی وعن الکوسج قال اشهد انه کذاب وقال صالح جزرة کنانتهم ابن حمید فی کل شئ یحدثنا مارأیت اجرء علی الله منه کان یا خذ احادیث الناس فیقلب بعضه علی بعض وقال ابن فراش ثناء ابن حمید وکان والله یکذب وجاء عن غیر واحد ان ابن حمید کان یسرق الحدیث وقال النسائی لیس بثقة وقال صالح الجزری مارأیت احذق بالکذب من ابن حمید ومن ابن الشاذ کوفی وقال ابوعلی النیشاپوری قلت لابن خزیمة لوحدث الاسناد عن ابن حمید فان احمد بن حنبل قد احسن الثناء علیه قال انه لم یعرفه ولوعرفه کما عرفناه لما اثنی علیه اصلا وقال ابو احمد الغسال سمعت فضلك الرازی یقول دخلت علیٰ محمد بن حمید وھو یرکب الاسانید علی المتون‘‘

تیسرا طریق یہ ہے:’’حدثنی اسحق بن ابراهیم بن حبیب بن الشهید حدثنا عتاب بن بشیر عن خصیف عن سعید بن جبیر عن ابن عباسؓ وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته قال هی فی قرأت ابی قبل موتهم لیس یهودی یموت ابداً حتی یومن بعیسیٰ الحدیث‘‘اس میں راوی عتاب بن بشیر ضعیف ہے اور وہ خصیف سے روایت کرتا ہے اور روایات اس کی خصیف سے منکر ہیں۔

کاشف میں ہے۔’’قال احمد احادیثه عن خصیف منکرة‘‘ایسا ہی خلاصہ میں ہے۔میزان میں ہے۔’’قال احمد ارجوان لایکون به باس الیٰ من خصیف بمناکیر اراها من قبل خصیف وقال النسائی لیس بذاك فی الحدیث وقال ابن المدینی کان اصحابنا یضعفونه وقال علیٰ ضربنا علی حدیثه ملخصاً‘‘

اور اس طریق میں راوی خصیف ہے اور وہ بہت مجروح ہے۔ تقریب میں ہے۔ ’’الخصیف بالحاء المهملة مصغرا ابن عبدالرحمن الجزری ابوعون صدوق سئی الحفظ خلط بآخره ورمی بالارجاء من الخامسة‘‘

کاشف میں ہے۔ ’’خصیف بن عبدالرحمن الجزری ابوعون مولی بنی امة عن سعید بن جبیر ومجاهد وعنه سفیان وابن فضیل صدوق سئ الحفظ ضعفه احمد‘‘

میزان میں ہے۔ ’’ضعفه احمد وقال مرة لیس بقوی وقال ابوحاتم لکم فی سوء حفظه وقال احمد ایضا تکلم فی الارجاء‘‘ چوتھا طریق یہ ہے۔ ’’روی ابوداؤد الطیالسی عن شعبة عن ابی هرون الغنوی عن عکرمة عن ابن عباسؓ ‘‘اس میں راوی سلیمان بن داؤد الطیالسی ہے۔ اس نے بہت احادیث کی روایت میں خطا کی ہے۔ تقریب میں ہے۔ ’’سلیمان بن داؤد بن الجارود ابوداؤد الطیالسی البصری ثقة حافظ غلط فی احادیث من التاسعه ‘‘میزان میں ہے۔ ’’قال ابراهیم بن سعید الجوهری الحافظ اخطا ابوداؤد فی الف حدیث وقال ابوحاتم ابوداؤد محدث صدوق کثیر الخطاء وقال محمد بن المنهال الضریر کنت اتهم اباداؤد وقال لی لم اسمع من ابن عون ثم سألته بعد سنة اسمعت من ابن عون قال نعم نحو عشرین حدیثا‘‘

پانچویں طریق میں علی بن ابی طلحہ راوی ہے۔ اس نے ابن عباسؓ سے تفسیر نہیں سنی ہے اور یہ راوی ضعیف بھی ہے اور قرأۃ شاذہ ابی بن کعب بھی صارف قطعی نہیں ہوسکتی ہے۔ کیونکہ اس میں دو راوی ضعیف میں ایک عتاب بن بشیر۔

دوم...... خصیف اگر کہا جاوے کہ آیت ’’انی متوفیك ورافعك الیّ (آل عمران:۵۵) وآیت فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیهم (مائده:۱۱۷)‘‘ اس کی صارف قطعی ہے تو جواب یہ ہے کہ ان دونوں آیتوں کی بحث تحریر ہذا کے آخر میں انشاءاللہ تعالیٰ بیان کی جاوے گی اور اگر ضمیر بہ کی عائد کی جاوے طرف اللہ تعالیٰ یا محمد رسول اللہ ﷺ کے تو ان دونوں تقدیروں پر آیت ’’وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته (نساء:۱۵۹)‘‘ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قصہ سے کچھ تعلق نہیں ہوتا ہے۔ بلکہ اجنبیت محضہ ہے اور حالانکہ ماقبل ومابعد

میں بیان حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہے اور اجنبی کلام کا وسط قصہ میں بغیر کسی فائدہ کے لانا نظم قرآن کو بلاغت سے گرانا ہے۔ علاوہ اس کے ان دونوں تقدیروں کے ابطال کے اور وجوہ بھی ہیں۔ جن کو انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ میں بیان کیا جائے گا۔ پس کتابی کی طرف ضمیر کے راجع کرنے میں تین احتمالات تھے۔ وہ تینوں باطل ہوگئے۔ پس متعین ہوا کہ ضمیر قبل موتہ کی عائد طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہے اور اس پر اور بھی دلیل ہے جو مقدمہ میں انشاء اللہ تعالیٰ لکھی جاوے گی اور یہ امر مبطل ہے اور ابن عباس کے معنی مذکور کا۔ وھو المطلوب!

وجہ سوم لیؤمنن میں ایمان کا لفظ واقع ہے اور یہ لفظ سارے قرآن مجید واحادیث میں اس ایمان کے لئے استعمال کیا گیا ہے جو شرعاً نافع ومعتد بہ ہے۔ یعنی ایمان قبل زہوق روح کسی ایک جگہ بھی قرآن وحدیث میں بغیر قرینہ صارفہ کے ایمان باس کے لئے نہیں آیا ہے۔ پس ظاہر ایمان سے ایمان قبل الباس ہے اور صرف آیت کا ظاہر سے بغیر صارف قطعی کے جائز نہیں ہے اور یہاں کوئی صارف قطعی پایا نہیں جاتا اور بالا ظاہر ہوا کہ اثر ابن عباس اور قرأت شاذہ ابی بن کعب مطلق صارف ہونے کی ہی صلاحیت نہیں رکھتی ہے۔ چہ جائیکہ صارف قطعی ہو اور ابن عباس کے معنی مذکور کے موافق ایمان سے ایمان باس مراد ہے۔

چہارم...... ابن عباسؓ کے معنی مذکور کے موافق قبل موتہ کی قید لغو ہوتی ہے۔ کیونکہ اس تقدیر پر موتہ کی ضمیر کتابی کی طرف عائد ہوگی اور ظاہر ہے کہ ہر ایمان لانے والا اپنی موت سے پہلے ایمان لاتا ہے۔ بعد الموت تو متصور ہی نہیں۔ یہ قید اس تقدیر پر کلام الٰہی کو ایسا لغو کئے دیتی ہے۔ جیسا فارسی کا یہ شعر۔

دندان تو جملہ در دہان ست
چشمان تو زیرا بروان ست

پنجم...... ابن عباسؓ کے اس معنی کے موافق صرف لفظ قبل کا ظاہر معنی سے لازم آتا ہے۔ کیونکر ظاہر قبل موتہ کا عام ہے۔ اس سب زمانہ کو شامل ہے جو موت سے پہلے ہے اور مقصود زمانہ زہوق روح کا ہے۔ اس تقدیر پر بجائے قبل موتہ کے عند موتہ یا وقت موتہ یا حین موتہ مناسب تھا۔

ششم...... یہ معنی ابن عباسؓ کے مبنی ہیں۔ روایت مذکورہ پر اور روایت مذکورہ کے سب طریق ضعیف میں۔ کمامر آنفاً!

قولہ...... فرض کرو کہ وہ قرأت بقول حضرت مولوی صاحب کے ایک ضعیف حدیث ہے۔ مگر

حدیث تو ہے یہ ثابت نہیں ہوا کہ وہ کسی مفتری کا افتراء ہے۔ پس کیا وہ ابن عباس کے معنوں کو ترجیح دینے کے لئے کچھ بھی اثر نہیں ڈالتی۔

اقول...... اگرچہ حدیث ضعیف تائید کے لئے کافی ہے۔ لیکن ظاہر نص قرآنی یہ ہے کہ ضمیر بہ وموتہ کی عائد طرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہے اور صارف نص کا ظاہر سے قطعی چاہئے اور روایت اس قرأت کی قطعی نہیں ہے۔

قولہ...... ابن عباسؓ اور عکرمہ پر یہ الزام دینا کہ وہ نحوی قاعدہ سے بے خبر تھے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا۔

اقول...... میں نے ابن عباسؓ اور عکرمہ پر ہرگز یہ الزام نہیں دیا ہے۔ یہ تو عوام کے فریب دینے کے لئے آپ کی چالاکی ہے۔ خدا سے ڈریئے اور ایسے افتراء سے پرہیز کیجئے۔ میں نے تو صرف ابن عباسؓ کی ایک روایت کو ضعیف وغیر معتبر کہا ہے اور اسی کے ایک معنی پر اعتراض کیا ہے کہ اس معنی کی بناء پر مخالفت قاعدہ نحویہ اجماعیہ کی لازم آتی ہے۔ پس کیا ضرور ہے کہ برتقدیر ثبوت اس روایت کے ابن عباسؓ کی وہی مراد ہو۔ ہوسکتا ہے کہ ابن عباسؓ کی مراد دوسرے معنی ہوں جو اوپر مذکور ہوئے۔ ہاں دوسرے معنی کو بھی ادلہ سے میں نے رد کیا ہے۔ مگر اس کو الزام مخالفت قاعدہ نحویہ سے کچھ علاقہ نہیں ہے۔ بالجملہ میں نے ابن عباسؓ اور عکرمہؒ پر ہرگز الزام نحوی قاعدہ سے بیخبری کا نہیں دیا ہے۔ میں نے صرف تین کام کئے ہیں۔ ایک تکلم کیا ہے اس روایت کے رواۃ میں دوسرے اس روایت کے ایک معنی پر الزام دیا ہے۔ مخالفت قاعدہ نحویہ کا تیسرے اس روایت کے دوسرے معنی کو باطل کیا ہے۔ بادلہ قاطعہ صریحہ اور ان امور میں سے کوئی امر سبب طعن نہیں ہوسکتا ہے۔

قولہ...... اگر وہ اپنے معنوں کو قطعیۃ الدلالۃ بنانا چاہتے ہیں تو ان پر فرض ہے کہ ان دونوں باتوں کا قطعی طور پر پہلے فیصلہ کرلیں۔ کیونکہ جب تک ابن عباسؓ اور عکرمہ کے مخالف معنوں میں احتمال صحت باقی ہے اور ایسا ہی گو قرأت شاذہ بقول مولوی صاحب کے ضعیف ہے۔ مگر احتمال صحت رکھتی ہے۔ تب تک مولوی صاحب کے معنی باوجود قائم ہونے ان تمام احتمالات کے کیونکر قطعی ٹھہر سکتے ہیں۔

ناظرین! آپ لوگ خود سوچ لیں کہ قطعی معنی تو ان ہی معنوں کو کہا جاتا ہے۔ جن کی دوسری وجوہ سرے سے پیدا نہ ہوں یا پیدا تو ہوں۔ لیکن قطعیۃ کا مدعی دلائل شافیہ سے ان تمام مخالف معنوں کو توڑ دے۔

اقول...... مخفی نہ رہے کہ اس ناچیز نے اللہ تعالیٰ کی توفیق سے وہ تمام معانی جومخالف میرے مدعا کے مباحثہ ہذا کے زمانہ تک ظاہر ہوئے تھے۔ دلائل شافیہ سے توڑ دیئے تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ آنحضرتﷺ کے زمانہ سے اب تک مفسرین نے اس آیت کے دو ہی معنی لکھے ہیں۔ دلا ثالث لہما ایک یہ کہ ضمیر قبل موتہ کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف عائد کی جاوے۔ اعم اس سے کہ بہ کی ضمیر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف عائد ہو یا اللہ تعالیٰ کی طرف یا آنحضرتﷺ کی طرف سب کا مآل ایک ہے۔ یعنی آئندہ زمانہ میں ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ اس زمانہ کے سب اہل کتاب اللہ تعالیٰ اور آنحضرتﷺ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مرنے سے پہلے ایمان لاویں گے۔ یہ معنی میں نے اختیار کئے ہیں اور یہی مثبت حیات مسیح عم ہیں۔ دوسرے یہ کہ ضمیر قبل موتہ کی کتابی کی طرف عائد ہو۔ اعم اس سے کہ بہ کی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف پھرے یا محمد رسول اللہﷺ کی طرف پھرے یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف مآل ایک ہے۔ یعنی ہر اہل کتاب اپنے مرنے سے پہلے زہوق روح کے وقت اللہ تعالیٰ وآنحضرتﷺ وحضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لاتا ہے۔ اس معنی کو مع دونوں احتمالوں کے خاکسار نے باطل کر دیا اور مرزا قادیانی سے اس کا کچھ جواب نہ ہوسکا اور وہ تین معانی جو مرزا قادیانی اوران کے اتباع کے مخترعات سے تھے۔ وہ بھی باطل کر دیئے کہ جن کا کچھ جواب مرزا قادیانی کی طرف سے نہ ہوسکا۔ پھر ایک تقریر آپ کی مسلمات کی بناء پر ایسی لکھی گئی ہے۔ جس سے سارے معنی جومخالف میرے دعوے کے ہیں۔ اعم اس سے کہ حضرتﷺ کے زمانہ سے اب تک کسی مفسر نے لکھے ہوں یا حال کے زمانہ میں کسی نے ایجاد کئے ہوں یا آئندہ قیامت تک کوئی ایجاد کرے باطل ہوگئے اور آپ سے اس کا کچھ جواب نہ ہوسکا۔ اب تحریر ہذا میں ایک دلیل تحقیقی طور پر ایسی لکھی گئی ہے۔ جس سے معانی ماضیہ وموجودہ وآتیہ وتمام احتمالات عقلیہ جومخالف میرے دعویٰ کے ہیں۔ قطعاً باطل ہو جاتی ہیں۔ اس دلیل کا تحریر چہارم یا پنجم میں لکھنے کا ارادہ تھا۔ مگر چونکہ مرزا قادیانی مباحثہ کو ناتمام چھوڑ کر فرار کر گئے۔ لہٰذا نوبت لکھنے کی نہ آئی۔ اس لئے تحریر ہذا میں لکھی گئی۔ الحمدللہ حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیه علیٰ ما احق الحق وابطل الباطل فماذا بعد الحق الا الضلال!

اب ناظرین بانصاف انصاف سے فرماویں کہ احتمالات معانی مخالفہ کا توڑنا مافوق اس کے متصور ہے۔ جیسا کہ حق تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے اس عاجز کے واسطے توڑ کر ظاہر کر دیا۔

قولہ...... مجرد ضعیف حدیث کا بیان کرنا اس کو بکلی اثر سے روک نہیں سکتا۔
اقول...... مسلم ہے کہ بکلی اثر سے روک نہیں سکتا۔ مگر صارف قطعی ہونے سے روکتا ہے اور بغیر صارف قطعی صرف نصوص عن الظواہر جائز نہیں ہے۔
قولہ...... امام بزرگ حضرت ابوحنیفہ فخر الائمہ سے مروی ہے کہ میں ایک ضعیف حدیث کے ساتھ بھی قیاس کو چھوڑ دیتا ہوں۔
اقول...... امام بزرگ نے تو صرف یہی کہا ہے کہ ضعیف حدیث کے ساتھ میں قیاس کو چھوڑ دیتا ہوں۔ یہ تو نہیں کہا کہ ضعیف حدیث کے ساتھ ظاہر نص قرآنی کو چھوڑ دیتا ہوں۔ فاین هذا من ذاك!
قولہ...... اب کیا جس قدر حدیثیں صحاح ستہ میں بہ باعث ضعف راویوں کے قابل جرح یا مرسل یا منقطع الاسناد ہیں۔ وہ بالکل پایۂ اعتبار سے خالی اور بے اعتبار محض ہیں اور کیا وہ محدثین کے نزدیک موضوعات کے برابر سمجھی جاتی ہیں۔
اقول...... سب بے اعتبار محض اور موضوعات تو نہیں ہیں۔ لیکن صارف قطعی بھی نہیں ہوسکتی ہیں۔
قولہ...... ازانجملہ ایک یہ کہ اہل کتاب کا لفظ اکثر قرآن کریم میں موجودہ اہل کتاب کے لئے جو آنحضرتﷺ کے زمانہ میں موجود تھے بیان فرمایا گیا ہے۔ الیٰ قولہ! پھر مولوی صاحب کے پاس باوجود اس دوسرے معنی ابن عباسؓ اور عکرمہ کے کون سی قطعی دلیل اس بات پر ہے کہ اس ذکر اہل کتاب سے وہ لوگ قطعاً باہر رکھے گئے ہیں۔
اقول...... دلیل اس پر یہی ہے کہ ظاہر نص قرآنی یہی ہے کہ دونوں ضمیریں بہ وموتہ کی حضرت عیسیٰؑ کی طرف ہی عائد ہیں اور کوئی یہاں صارف قطعی پایا نہیں جاتا اور اصول وکلام میں ثابت ہے کہ ''النصوص تحمل علیٰ ظواهرها وصرف النصوص عن ظواهرها الحاد''
قولہ...... ازانجملہ ایک یہ کہ مولوی صاحب نے تعیین مرجع لیؤمنن بہ میں کوئی قطعی ثبوت پیش نہیں کیا۔
اقول...... قطعی ثبوت یہی ہے کہ ظاہر نص قرآنی یہی ہے کہ ضمیر بہ کی عائد ہے۔ طرف حضرت عیسیٰؑ کے اور کوئی صارف یہاں متحقق نہیں ہے۔ وقد مر تفصیله فتذکر!
قولہ...... کیونکہ تفسیر معالم التنزیل وغیرہ تفاسیر معتبرہ میں حضرت عکرمہ وغیرہ صحابہؓ سے یہ بھی روایت ہے کہ ضمیر بہ کی جناب خاتم الانبیاءﷺ کی طرف پھرتی ہے۔

اقول...... ظاہراس کلام کا یہ ہے کہ عکرمہ صحابہ میں داخل ہیں۔ حالانکہ یہ غلط محض ہے۔ اس روایت کی سند اگرچہ عکرمہ تک نہایت صحیح ہے۔ مگر یہ قول تابعی ہے۔ مخالف ظاہر نص قرآنی کے اور قول تابعی صارف نص کا ظاہر سے ہو نہیں سکتا ہے۔ علاوہ اس کے اس تقدیر پر آیۃ ''وان من اھل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ (نساء:۱۵۹)'' کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قصہ سے کوئی تعلق نہیں ہوتا ہے۔ بلکہ اجنبیت محضہ ہے۔ حالانکہ ماقبل ومابعد میں ذکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہے اور اجنبی کے ساتھ بلافائدہ فصل خلاف بلاغت ہے۔ بالجملہ اس معنی کے رد کے لئے بھی وہ دلیل تحقیقی جو ہم اوپر لکھ آئے ہیں۔ جو سارے معانی واحتمالات مخالفہ کو رد کرتی ہے، کافی ہے۔

قولہ...... اور یہ روایت قوی ہے۔ کیونکہ مجرد مسیح ابن مریم پر ایمان لانا موجب نجات نہیں ٹھہر سکتا۔

اقول...... بعد نزول مسیح ابن مریم کے مجرد مسیح ابن مریم پر ایمان لانا موجب نجات ہے۔ اس لئے کہ بعد نزول کے حضرت مسیح ابن مریم شریعت محمدیہ ﷺ کے متبع ہو کر رہیں گے۔ جیسا کہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔ پس مسیح پر ایمان لانا مستلزم ہے۔ خاتم الانبیاء ﷺ پر ایمان لانے کو اور خاتم الانبیاء ﷺ پر ایمان لانا بلاشبہ موجب نجات ہے۔ کیونکہ وہ ایمان تمام نبیوں پر ایمان لانے کو مستلزم ہے۔

قولہ...... اور بموجب روایت عکرمہ برعایت آپ کے نحوی قاعدہ کے یہ معنی ٹھہریں گے کہ ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ اس زمانہ کے موجودہ اہل کتاب سب کے سب نبی ﷺ پر اپنی موت سے ایمان لے آئیں گے۔ جس ایمان کے طفیل مسیح ابن مریم پر بھی ایمان لانا انہیں نصیب ہو جائے گا۔

اقول...... یہ معنی باطل ہیں۔ بچند وجوہ:

اوّل...... یہ کہ ظاہر قرآن یہ ہے کہ ضمیر بہ موتہ کی راجع طرف حضرت مسیح کے ہے اور صارف قطعی یہاں کوئی موجود نہیں ہے اور بغیر صارف قطعی صرف النص عن الظاہر غیر جائز ہے۔

دوم...... قبل موتہ کی قید اس وقت لغو ہوتی ہے۔ کیونکہ ہر ایمان لانے والا اپنی موت سے پہلے ایمان لاتا ہے۔ ایمان بعد الموت متصور نہیں۔ اس وقت اسی قدر کہنا کافی تھا۔ ''وان من اھل الکتاب الا لیؤمنن بہ''

سوم...... یہ کہ آیت ''ویوم القیمۃ یکون علیھم شھیداً (نساء:۱۵۹)'' میں ضمیر یکون

قطعاً حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہے اور ضمیر علیہم کا مرجع یقیناً وہ اہل کتاب ہیں۔ جن کے ایمان لانے کا اس آیت میں ذکر ہے اور گواہ ہونا جب ہی ہوسکتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ان کے ایمان لانے کے زمانہ مین ان میں زندہ موجود ہوں۔

چہارم...... اگر ضمیر بہ کی آنحضرتﷺ کی طرف ہوتی تو واجب تھا کہ بجائے بہ کہ بک ہوتا۔ کیونکہ آنحضرتﷺ کے لئے ماقبل اس آیت کی ضمیر خطاب کی ہے۔ ’’قال اللہ تعالیٰ یسئلك اهل الکتاب ان تنزل علیهم کتاباً (نساء:۱۵۳)‘‘ اور مابعد یہی ضمیر خطاب کی ہے۔ ’’قال اللہ تعالیٰ لکن الراسخون فی العلم منهم والمؤمنون یؤمنون بما انزل الیك وما انزل من قبلك (النساء:۱۶۲)‘‘

’’قال تعالیٰ انا اوحینا الیك (النساء:۱٦٤)‘‘

’’وقال تعالیٰ ورسلاً قد قصصنهم علیك من قبل ورسلاً لم نقصصهم علیك (النساء:۱٦٤)‘‘

’’وقال تعالیٰ لکن اللہ یشهد بما انزل الیك (النساء:۱٦٦)‘‘

پس درمیان میں جو ضمیر غائب کے لائی گئی۔ اس کے تصریح کی کوئی وجہ سوائے قاعدۂ التفات کے نہیں معلوم ہوتی ہے۔ پس یہاں قائدہ التفات موافق علم معانی کے بیان کرنا چاہئے۔

پنجم...... جب ضمیر بہ وموتہ کی غیر عیسیٰ ؑ کی طرف راجع ہوئی تو اس کو کچھ علاقہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قصہ سے نہ ہوا اور حالانکہ ماقبل ومابعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہے۔ پس درمیان میں بلافائدہ کلام اجنبی کا لانا خلاف بلاغت ہے۔

ششم...... روایت عکرمہ کی یہ معنی جو آپ نے کہے ہیں۔ اس کے لئے کوئی سلف نہیں ہے۔ خود عکرمہ کا لفظ بھی صراحۃً اس کے خلاف پر دلالت کرتا ہے۔ ابن کثیر میں اسی روایت میں ہے۔ ’’قال عکرمة لایموت النصرانی ولا الیهودی حتی یؤمن بمحمدﷺ‘‘ اس کا صاف مطلب یہی ہے کہ ہر اہل کتاب اپنے مرنے کے وقت آنحضرتﷺ پر ایمان لاتا ہے۔ یعنی زہوق روح کے وقت پس وہ معنی جو آپ نے بیان کئے ہرگز صحیح نہیں ہوسکتے ہیں۔ بالجملہ اس معنی کے رد کے لئے وہی دلیل تحقیقی جو اوپر لکھی گئی کافی ہے۔

قولہ...... اور اگر آپ اپنی ضد نہ چھوڑیں اور ضمیر لیؤمنن بہ کو خواہ نخواہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف ہی پھیرنا چاہیں تو باوجود اس فساد کے جس کا نقصان آپ کی طرف عائد ہے۔ ہماری طرز

بیان کا کچھ بھی حرج نہیں۔ کیونکہ ہمارے طور پر برعایت خالص استقبال کے پھر اس کے یہ معنی ہوں گے کہ ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ اس زمانہ کے سب اہل کتاب اپنی موت سے پہلے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئیں گے۔ الیٰ قولہ! اب اگر ہماری اس تاویل میں آپ کوئی جرح کریں گے تو وہی جرح آپ کی تاویل میں ہوگی۔

اقول...... یہ معنی بھی آپ کے باطل ہیں۔ بچند وجوہ:

اوّل...... یہ کہ اس معنی پر صرف نص کا ظاہر سے لازم آتا ہے۔ بغیر صارف قطعی کے کیونکہ ظاہر نص یہی ہے کہ ضمیر قبل موتہ کی راجع ہے۔ طرف عیسیٰ علیہ السلام کے اور صارف قطعی کوئی یہاں پایا نہیں جاتا ہے۔

دوم...... قبل موتہ کی قید اس وقت لغو ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ ایمان لانے والا اپنے مرنے سے پہلے ہی ایمان لاتا ہے۔ ایمان بعد الموت تو متصور ہی نہیں۔ اس وقت یہ کلام مجانین کا سا کلام ہوا جاتا ہے۔ مثلاً کوئی شخص یہ کہے کہ آج میں نے مرنے سے پہلے نماز پڑھ لی اور مرنے سے پہلے کھانا کھالیا اور مرنے سے پہلے کچہری گیا اور مرنے سے پہلے سبق پڑھا وقس علیٰ ہذا تو کیا اس کو کوئی شخص عاقل سمجھے گا۔ ہرگز نہیں۔

قولہ...... پس گو ابن جریر یا ابن کثیر کا اپنا مذہب کچھ ہو یہ شہادت تو انہوں نے بڑے بسط سے بیان کردی ہے کہ اس آیت کے معنی اہل تاویل میں مختلف فیہ ہیں اور ہم اوپر ثابت کر آئے ہیں کہ مسیح ابن مریم کے نزول اور حیات پر قطعی دلالت اس آیت کی ہرگز نہیں اور یہی ثابت کرنا تھا۔

اقول...... اگرچہ اس آیت کی تاویل میں اختلاف ہے۔ مگر مجرد اختلاف قطعیۃ کو رد نہیں کرسکتا ہے۔ ہم نے اوپر ثابت کردیا کہ ظاہر نص قرآنی یہی ہے کہ ضمیر بہ وموتہ کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف عائد ہے اور اس ظاہر سے کوئی صارف قطعی پایا نہیں جاتا ہے اور صرف نص کا ظاہر سے بغیر صارف قطعی جائز نہیں بلکہ الحاد ہے اور بقیہ احتمالات ومعانی کو تحقیقی والزامی دونوں طور پر بفضلہ تعالیٰ باطل کر کے ہم نے دکھلا دیا۔ ’’الحمد للہ علی ذلک حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیہ کما یحب ویرضی‘‘

قولہ...... واضح ہو کہ قرآن میں ’’یا عیسیٰ انی متوفیک ورافعک الیّ (نساء:۵۵)‘‘ موجود ہے۔ قرآن کریم کے عموم محاورہ پر نظر ڈالنے سے قطعی ویقینی طور پر ثابت ہوتا ہے کہ تمام قرآن میں توفی کا لفظ قبض روح کے معنوں میں مستعمل ہوا ہے۔ یعنی اس قبض روح میں جو موت

کے وقت ہوتا ہے دوجگہ قرآن مجید میں وہ قبض روح بھی مرادلیا ہے۔ جو نیند کی حالت میں ہوتا ہے۔لیکن اس جگہ قرینہ قائم کردیا ہے۔جس سے سمجھا گیا ہے کہ حقیقی معنی توفی کے موت ہی ہیں۔

اقول...... یہ کلام دوامر پردال ہے۔

اوّل...... یہ کہ توفی کے معنی حقیقی موت ہی ہیں اور دیگر معنی مجازی ہیں۔

دوم...... یہ کہ موت کے ارادہ کے لئے قرینہ قائم نہیں کیا جاتا ہے اور دیگر معانی کے لئے قرینہ قائم کیا جاتا ہے اور یہ دونوں امر منظور فیہ ہیں۔ بیان اس کا یہ ہے کہ توفی کے اصل معنی نہ موت کے ہیں نہ اس قبض روح کے جو موت کے وقت ہوتا ہے۔ بلکہ اصل معنی اس لفظ کے قبض بتمامہ کے ہیں۔

بیضاوی میں ہے:’’والتوفی اخذ الشئ وافیا والموت نوع منه‘‘

اور بیضاوی میں ہے:’’فان اصله قبض الشئ بتمامه‘‘

تفسیر ابوالسعود میں ہے:’’التوفی اخذ الشئ وافیاً والموت نوع منه‘‘

تفسیر کبیر میں ہے:’’التوفی اخذ الشئ وافیاً والموت نوع منه‘‘

اور بھی اس میں ہے:’’التوفی جنس تحة انواع بعضها بالموت وبعضها بالاصعاد الیٰ السماء‘‘

تفسیر ابوالسعود میں ہے:’’واصله قبض الشئ بتمامه‘‘

تفسیر کبیر میں ہے:’’فثبت ان الموت والنوم یشترکان فی کون کل واحد منها توفیا للنفس‘‘

قسطلانی میں ہے:’’والتوفی اخذ الشئ وافیاً والموت نوع منه‘‘

اور موت ونوم کو توفی اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں اخذ الشئ پایا جاتا ہے۔پس معنی حقیقی واصل موضوع لہ توفی کا یہ معنی کلی ہیں اور موت ونوم وغیرہا معنی حقیقی ومعنی موضوع لہ کے افراد ہیں اور علم اصول وبلاغت میں ثابت ہوا ہے کہ وہ لفظ جو ایک معنی کلی کے لئے وضع کیا گیا ہے جب بعض افراد میں استعمال کیا جائے گا تو یہ استعمال مجازی ہوگا اور وہ بعض افراد معنی مجازی قرار پائیں گے۔ بلاقرینہ صارفہ ومعنی کلی ہی سمجھے جائیں گے اور بعض بعض افراد کے لئے قرینہ کی ضرورت ہوگی۔اسی لئے قرآن مجید میں جہاں توفی کا لفظ بمعنی موت آیا ہے وہاں قرینہ قائم کیا گیا ہے۔ جیسا کہ نوم کے لئے قرینہ قائم کیا گیا ہے۔مرزا قادیانی نے جوخود(ازالہ اوہام ص۳۳۰ تا۳۳۲،خزائن

ج۳ص۲۶۸) تک تئیس مقامات قرآن مجید کے لکھے ہیں۔ جن میں لفظ توفی بمعنی موت آیا ہے انہی کو ہم نے بہت غور سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ سب جگہ قرینہ قائم ہے۔ وہ مقامات حسب تفصیل ذیل ہیں۔ مقام اوّل سورہ نساء میں ہے۔ ''حتیٰ یتوفهن الموت (النساء:۱۵)'' اس کو مرزا قادیانی نے یوں نقل کیا ہے۔ ''ثم یتوفهن الموت'' یہاں سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ توفی سے مراد ''اخذ الشئ وافیا'' ہے۔ نہ موت ورنہ لفظ موت بیکار ہے اور اگر لفظ موت قرینہ تعیین معنی موت کا ٹھہرایا جاوے تو معلوم ہوا کہ توفی سے موت سمجھنا محتاج قرینہ ہے۔ مقام دوسرا سورہ آل عمران میں ہے: ''وتوفنا مع الابرار (نساء:۹۳)'' یہاں مع الابرار قرینہ ہے ارادہ موت کے لئے۔ وہذا ظاہر!

مقام تیسرا سورہ سجدہ میں ہے: ''قل یتوفکم ملك الموت الذی وکل بکم (سجده:۱۱)'' یہاں لفظ ملک الموت قرینہ ہے۔ ارادہ موت کے لئے۔

مقام چوتھا سورہ نساء میں ہے: ''ان الذین توفهم الملائکة ظالمی انفسهم (نساء:۹۷)'' یہاں لفظ ملائکہ قرینہ موجود ہے۔

مقام پانچواں سورہ مؤمن میں ہے: ''فاما نرینك بعض الذی نعدهم اونتوفینك فالینا یرجعون (مؤمن:۷۷)'' یہاں لفظ اما اور او جو کلمہ حصر ہے۔ قرینہ ہے ارادہ موت پر۔

مقام چھٹا سورہ نحل میں ہے: ''الذی تتوفهم الملائکة ظالمی انفسهم (النحل:۲۸)''

مقام ساتوں بھی اسی میں ہے: ''الذی تتوفهم الملائکة طیبین (نحل:۳۲)'' مرزا قادیانی نے تتوفہم کی جگہ توفہم لکھا ہے۔ یہاں لفظ ملائکہ بلکہ سارا قصہ قرینہ ہے۔ ارادہ موت کا۔

مقام آٹھواں حسب تحریر مرزا قادیانی سورۂ بقرا میں ہے: ''یتوفون منکم (بقره:۲۴۰)'' یہ مقام خاکسار کو نہیں ملا۔

مقام نواں سورۂ بقرا میں ہے: ''والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا یتربصن بانفسهن اربعة اشهر وعشرا (بقره:۲۳۴)'' یہاں لفظ ویذرون ازواجا یتربصن بلکہ سارے احکام جو اس مقام پر مذکور ہیں قرینہ ہیں۔ ارادہ موت پر اسی سورہ و پارہ میں

دوسری جگہ لکھا ہے: ’’الذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا وصیة لازواجهم متاعاً الیٰ الحول غیر اخراج (بقرہ:۲۴۰)‘‘ یہاں بھی لفظ ویذرون اور سارے احکام قرینہ ہیں۔ ارادۂ موت پر مخفی نہ رہے کہ آٹھویں مقام میں شاید سہو کاتب سے ازالہ اوہام میں بجا ہے کہ لکھا گیا ہے۔

مقام دسواں سورۂ انعام میں ہے: ’’حتیٰ اذاجاء احدکم الموت توفته رسلنا وهم لا یفرطون (انعام:۶۱)‘‘ یہاں لفظ موت ورسل قرینہ ہے۔ ارادۂ موت پر۔

مقام گیارھوں سورۂ اعراف میں ہے: ’’حتیٰ اذاجاء تهم رسولنا یتوفونهم (اعراف:۳۷)‘‘ یہاں لفظ رسل بلکہ سارا قصہ قرینہ ہے۔ ارادۂ موت پر۔

مقام بارھواں سورۂ اعراف میں ہے: ’’توفنا مسلمین (اعراف:۱۲۶)‘‘ یہاں سارا قصہ قرینہ ہے ارادۂ موت پر

مقام تیرھواں سورۃ الانفال ’’یتوفی الذین کفروا الملائکة یضربون وجوههم وادبارهم (انفال:۵۰)‘‘ باوجود تلاش کے خاکسار نے نہیں پایا۔

مقام چودھواں سورہ محمد میں ہے: ’’فکیف اذا توفتهم الملائکة یضربون وجوههم وادبارهم (محمد:۲۷)‘‘ یہاں لفظ ملائکہ ویضربون وجوہہم وادبارہم قرینہ ہے۔ ارادہ موت پر۔

مقام پندرھواں سورۂ یونس میں ہے: ’’واما نرینك بعض الذی نعدهم اونتوفینك فالینا مرجعهم (یونس:۴۶)‘‘ یہاں کلمہ حصر قرینہ ہے ارادۂ موت پر۔

مقام سولہواں یوسف میں ہے: ’’توفنی مسلماً والحقنی بالصلحین (یوسف:۱۰۱)‘‘ یہاں حالت دعا ولفظ مسلما والحقنی بالصالحین قرینہ ہے ارادہ موت پر۔

مقام سترھواں سورۂ رعد میں ہے: ’’واما نرینك بعض الذی نعدهم اونتوفینك (رعد:۴۰)‘‘ یہاں کلمہ حصر دلیل ہے اردادۂ موت پر۔

مقام اٹھارواں مؤمن میں ہے: ’’ومنکم من یتوف من قبل (مؤمن:۶۷)‘‘ یہاں ماقبل اس کا یعنی ’’ثم لتبلغوا اشدکم ثم لتکونوا شیوخا ‘‘ قرینہ ہے ارادہ موت پر۔ ازالہ اوہام میں غلطی سے بجائے ۲۴، ۱۴ لکھا گیا۔

مقام انیسواں سورہ مؤمن میں ہے: ’’او نتوفینك‘‘ ازالہ اوہام میں یہاں دو غلطیاں ہیں۔ اوّل بجائے ۲۴،۴۲ الکھا ہے۔ دوم یہ آیت پہلی ہوچکی ہے۔ یہاں مکرر لکھی گئی ہے۔

مقام بیسواں نحل: ’’واللّٰہ خلقکم ثم یتوفکم ومنکم من یرد الیٰ ارذل العمر (نحل:۷۰)‘‘ یہاں ومنکم من یرد الی ارذل العمر قرینہ ہے ارادۂ موت پر۔

مقام اکیسواں حج: ’’ومنکم من یتوفی ومنکم من یرد الیٰ ارذل العمر (الحج:۵)‘‘ یہاں ومنکم من یرد قرینہ ہے ارادہ موت پر۔

مقام بائیسواں سورۃ الزمر میں ہے: ’’اللّٰہ یتوفی الانفس حین موتها والتی لم تمت فی منامها (زمر:۴۲)‘‘ یہ آیت اوّل دلیل ہے۔ مرزا قادیانی کے خلاف مطلوب پر یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ توفی کا لفظ موت ونوم دونوں کے لئے آتا ہے اور دونوں استعمالوں میں قرینہ کی حاجت ہے۔ موت کے لئے یہاں قرینہ لفظ حین موتہا اور نوم کے لئے والتی لم تمت فی منامہا موجود ہے۔

مقام تیئیسواں الانعام: ’’هو الذی یتوفکم باللیل (انعام:۶۰)‘‘ یہاں توفی سے نوم مراد ہے اور قرینہ لفظ باللیل ہے۔ یہاں سے بخوبی ثابت ہوا کہ لفظ توفی کا موضوع لہ معنی کلی یعنی اخذ الشئ وافیاً ہے اور موت اور نوم کے معنی کے لئے قرینہ کی حاجت ہے۔ پس جب تک کوئی قرینہ قطعیہ قائم نہ ہوگا تو اس معنی کلی سے صرف نہ کیا جائے گا۔ کیونکہ النصوص تحمل علیٰ ظواهرها وصرف النصوص عن ظواهرها الحاد قاعدہ مقررہ ہے اور یہ بھی اپنی جگہ ثابت ہوا ہے کہ اللفظ یحمل علےٰ الحقیقة مالم یصرف عنها صارف۔

قولہ...... بہرحال جب کہ تمام قرآن میں لفظ توفی کا قبض روح کے معنوں میں آیا ہے اور احادیث میں ان تمام مواضع میں جو خدا تعالیٰ کو فاعل ٹھہرا کر اس لفظ کو انسان کی نسبت استعمال کیا ہے۔ جابجا موت ہی کے معنی لئے ہیں تو بلاشبہ یہ لفظ قبض روح اور موت کے لئے قطعیہ الدلالۃ ہوگیا۔

اقول...... اس میں کلام ہے بدو وجہ:

اوّل...... یہ کہ اگرچہ لفظ توفی قرآن واحادیث میں بہت جگہ موت کے معنی ہیں۔ آیا ہے مگر کوئی ایک جگہ بھی ایسی نہیں کہ قرینہ وہاں قائم نہ کیا گیا ہو اور معنی حقیقی ہونا موت کا جب ثابت ہو کہ کوئی ایسی جگہ قرآن وحدیث میں آپ بتائیے کہ بلا قیام قرینہ یقینی طور پر وہاں موت مراد ہو۔

دوم...... یہ کہ یہ آیت ''ذوالوجوہ'' ہے اور مفسرین قدیماً وحدیثاً اس کے معنی میں چند تاویلات لکھتے چلے آتے ہیں اور جو معنی آپ نے کہے وہ کسی نے نہیں کہے ہیں اور جب آپ نے آیت ''وان من اهل الکتاب'' کا اس وجہ سے کہ وہ ذوالوجوہ ہے۔قطعیۃ الدلالۃ ہونا تسلیم نہیں کیا۔حالانکہ وہ معنی یہی تفسیروں میں موجود ہیں جو احقر نے بیان کئے۔پس آیت ''انی متوفیك'' کو جو ذوالوجوہ ہے اور آپ کے مخترع معنی ایک تفسیر میں بھی نہیں لکھے ہیں۔معنی مخترع کو قطعیۃ الدلالۃ کہنا بڑی جسارت وجرأت ہے۔حدیث ''اذا لم تستحی فاصنع ماشئت'' کو یاد کر لیجئے اور ''وعید من فسر القرآن برایه فلیتبؤ مقعده من النار'' کا بھی لحاظ رکھئے۔اب ہم اس آیت کے ذوالوجوہ ہونے کے لئے چند تفاسیر کی عبارت نقل کرتے ہیں۔

معالم میں ہے:''واختلفوا فی معنی التوفی منها قال الحسن والکلبی وابن جریج انی قابضك ورافعك من الدنیا الیٰ من غیر موت بدنك یدل علیه قوله تعالیٰ فلما توفیتنی اے قبضتنی الیٰ السماء واناحی لان قومه انما تنصروا بعد رفعه لا بعد موته فعلے هذا للتوفی تاویلان احدهما انی رافعك الیّ وافیاً لم ینالوا منك شیئا من قولهم توفیت منه کذا وکذا واستوفیته اذا اخذته تاماً والآخرانی متسلمك من قولهم توفیت منه کذا ای تسلمته وقال الربیع بن انس المراد باالتوفی النوم وکان عیسیٰ قد نام فرفعه اللّٰه نائما الیٰ السماء معناها انی منیمك ورافعك الیّ کما قال اللّٰه تعالیٰ وهو الذی یتوفکم باللیل اے ینیمکم وقال بعضهم المراد بالتوفی الموت وروی علی بن طلحة عن ابن عباسؓ ان معناه انی ممیتك یدل علیه قوله تعالیٰ قل یتوفکم ملك الموت فعلی هذا له تاویلان احدهما ما قاله وهب توفی اللّٰه عیسیٰ ثلث ساعات من النهار ثم احیاه ورفعه اللّٰه الیه وقال محمد بن اسحق ان النصاریٰ یزعمون ان اللّٰه تعالیٰ توفاه سبع ساعات من النهار ثم احیاه ورفعه الیه والآخر ماقاله الضحاك وجماعة ان فی هذه الآیة تقدیما وتاخیرا معناه انی رافعك الیٰ ومطهرك من الذین کفروا ومتوفیك بعد انزالك من السماء انتهٰی''

تفسیر ابن کثیر میں ہے: ’’اختلاف المفسرون فی قوله تعالیٰ انی متوفیك ورافعك الیّ فقال قتادة وغیره هذا من المقدم والمؤخر تقدیره انی رافعك الیّ ومتوفیك یعنی بعدذلك وقال علیٰ بن ابی طلحة عن ابن عباس انی متوفیك اے ممیتك وقال محمد اسحق عمن لایتهم عن وهب بن منبه قال توفاه الله ثلث ساعات من اوّل النهار حین رفعه الله قال ابن اسحق والنصاریٰ یزعمون ان الله توفاه سبع ساعات ثم احیاه قال اسحق بن بشیر عن ادریس عن وهب اماته الله ثلثة ایام ثم بعثه ثم رفعه قال مطر الوراق انی متوفیك فی الدنیا لیس بوفات موت وکذا قال ابن جریر توفیه هو رفعه وقال الاکثرون المراد بالوفاة هنا النوم کما قال الله تعالیٰ وهو الذی یتوفکم باللیل الآیة وقال الله یتوفی الانفس حین موتها والتی لم تمت فی منامها الآیة وکان رسول اللهﷺ یقول اذا قام من النوم الحمد لله الذی احیانا بعد ما اماتنا الحدیث انتهٰی‘‘

تفسیر بیضاوی میں ہے: ’’یاعیسیٰ انی متوفیك ای مستوفی اجلك ومؤخرك الیٰ اجلك المسمیٰ عاصما ایاك من قتلهم اوقابضك من الارض من توفیت مالے اومتوفیك نائما اذروی انه رفع نائما اوممیتك عن الشهوات العائقة عن العروج الیٰ عالم الملکوت وقیل اماته الله سبع ساعات ثم رفعه الیٰ السماء والیه ذهب النصاری انتهٰی‘‘

کشاف میں ہے: ’’انی متوفیك ای مستوفی اجلك ومعناه انی عاصمك من ان یقتلك الکفار ومؤخرك الیٰ اجل کتبته لك وممیتك حتف انفك لاقتلا بایدیهم ورافعك الیّ الیٰ سمائی ومقر ملائکتی ومطهرك من الذین کفروا من سوء جوارهم وخبث صحبتهم وقیل متوفیك قابضك من الارض من توفیت مالی علی فلان اذا استوفیته وقیل ممیتك فی وقتك بعد النزول من السماء ورافعك الآن وقیل متوفی نفسك بالنوم من قوله والتی لم تمت فی منامها ورافعك وانت نائم حتی لایلحقك خوف وتستیقظ وانت فی السماء من مقرب انتهٰی‘‘

تفسیر کبیر میں ہے: ’’الصفة الاولیٰ انی متوفیك ونظیره قوله تعالیٰ حکایة عنه فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیهم واختلف اهل التاویل فی هاتین الآیتین علی طریقین احدهما اجراء الآیة علی ظاهرها من غیر تقدیم ولاتاخیر فیها والثانی فرض التقدیم والتاخیر فیها اما الطریق الاولیٰ فبیانه من وجوه الاوّل معنی قوله انی متوفیك ای انی متمم عمرك فحنیئذ اتوفك فلا اترکهم حتی یقتلوك بل انارافعك الیٰ سمائی ومقربك بملائکتی واصونك عن ان یتمکنوا من قتلك وهذا تاویل حسن والثانی متوفیك ای ممیتك وهومروی عن ابن عباس ومحمد بن اسحق قالوا والمقصود ان لایصل اعداءٔ من الیهود الیٰ قتله ثم انه بعد ذلك اکرمه بان رفعه الیٰ السماء ثم اختلفوا علی ثلثة اوجه احدها قال وهب توفی ثلث ساعات ثم رفع ثاینها قال محمد بن اسحق توفی سبع ساعات ثم احیاه اللّٰه ورفعه الثالث قال الربیع بن انس انه تعالیٰ توفاه حین رفعه الیٰ السماء قال تعالیٰ اللّٰه یتوفی الانفس حین موتها والتی لم تمت فی منامها الوجه الرابع فی تاویل الآیة ان الواوفی قوله متوفیك ورافعك لایفید الترتیب فالآیة تدل علی انه تعالیٰ یفعل به هذه الافعال فاماکیف یفعل ومتی یفعل فالامرفیه موقوف علی الدلیل وقد ثبت بالدلیل علی انه حی وورد الخبر عن النبی ﷺ انه سینزل ویقتل الدجال ثم انه تعالیٰ یتوفاه بعد ذلك الوجه الخامس فی التاویل ماقاله ابوبکر الواسطی وهوان المراد انی متوفیك عن شهواتك وحظوظ نفسك ثم قال ورافعك الیّ وذلك لان من لم یصر فاینا عما سوی اللّٰه لایکون له وصول الیٰ مقام معرفة اللّٰه وایضا فعیسیٰ لمارفع الیٰ السماء صارحا له کحال الملائکة فی زوال الشهوة والغضب والاخلاق الذمیمة والوجه السادس ان التوفی اخذ الشئ وافیاً ولما علم ان من الناس من یحظر بباله ان الذی رفعه اللّٰه هو روحه لاجسده ذکر هذا الکلام لیدل علی انه علیه الصلوٰة والسلام رفع بتمامه الیٰ السماء بروحه وبجسده ویدل علی صحة هذا التاویل قوله تعالیٰ وما یضرونك من شئ والوجه السابع انی متوفیك

ای اجعلك کالمتوفی لانه اذا رفع الیٰ السماء وانقطع خبره واثره عن الارض کان کالمتوفی واطلاق اسم الشئ علی مایشابهه فی اکثر خواصه وصفاته جائز حسن الوجه الثامن ان التوفی هوالقبض یقال وفانے فلان دراهمی واوفالی وتوفینا منه کما یقال سلم فلان دراهمی الیّ وتسلمنامنه وقد یکون ایضا توفی بمعنی استوفی وعلیٰ کلا الوجهین کان اخراجه من الارض واصعاده الیٰ السماء توفیاله فان قیل فعلی هذا الوجه کان التوفی عین الرفع الیه فیصیر قوله ورافعك الیّ تکرار قلنا قوله انی متوفیك یدل علی حصول التوفی وهو جنس تحة انواع بعضها بالموت وبعضها بالاصعاد الیّ السماء فلما قال بعده ورافعك الیّ کان هذا تعیینا للنوع ولم یکن تکراراً الوجه التاسع ان یقدر فیه حذف المضاف والتقدیر متوفی عملك بمعنی مستوفی عملك وارافعك الیّ ای رافع عملك الیّ وهو کقوله الیه یصعد الکلم الطیب والمراد من هذه الآیة انه تعالیٰ بشره بقبول طاعة واعماله وعرفه ان مایصل الیه من المتاعب والمشاق فی تمشیته دینه واظهار الشریعة من الاعداء فهولا یضیع اجره ولایهدم ثوابه فهذه جملة الوجوه المذکورة علی قول من یجری الآیة علیٰ ظاهرها الطریق الثانی وهو قول من قال لابد فی الآیة من تقدیم وتاخیر من غیران یحتاج فیها الیٰ تقدیم اوتاخیر قالوا ان قوله ورافعك الیّ لیقتضی انه رفعه حیا والو اولا یقتضی الترتیب فلم یبق الا ان یقول فیها تقدیم وتاخیر والمعنی انی رافعك ومطهرك من الذین کفروا ومتوفیك بعد انزالی ایاك فی الدنیا ومثله من التقدیم والتاخیر کثیر فی القرآن واعلم ان الوجوه الکثیرة التی قدمناها تغنی عن التزام مخالفة الظاهر والله اعلم انتهی‘‘

فتح البیان میں ہے:’’قال الفراء ان فی الکلام تقدیما وتاخیراً تقدیره الیّ رافعك ومطهرك ومتوفیك بعد انزالك من السماء قال ابوزید متوفیك قابضك وقیل الکلام علیٰ حاله من غیر ادعاء تقدیم وتاخیر فیه والمعنی کما قال فی الکشاف مستوفی اجلك ومعناه انی عاصمك من ان یقتلك الکفار

ومؤخر اجلك الیٰ اجل کتبته لك ومميتك حتف انفك لاقتلا بایدیهم عن مطر الوراق قال متوفيك من الدنيا وليس بوفاة موت وانما احتاج المفسرون الیٰ تاويل الوفاة بما ذكر لان الصحيح ان الله تعالیٰ رفعه الیٰ السماء من غير وفاة كما رجحه كثير من المفسرين واختاره ابن جرير الطبری ووجه ذلك انه قد صح فی الاخبار عن النبی ﷺ نزوله وقتله الدجال وقيل ان الله سبحانه توفاه ثلاث ساعات من نهار ثم رفعه الیٰ السماء وفيه ضعف وقيل المراد بالوفاة هنا النوم ومثله هو الذی يتوفاكم بالليل ای ينيمكم وبه قال كثيرون وقيل الواوفی قوله ورافعك لاتفيد الترتيب لانها لمطلق الجمع فلا فرق بين التقديم والتاخير قاله ابوالبقاء قال ابوبكر الواسطی المعنی انی متوفيك عن شهواتك وحظوظ نفسك وهذا بالتحريف اشبه منه بالتفسير انتهٰی ’’ یہاں سے ذوالوجوہ ہونا اس آیت کا ثابت ہوا اور یہ بھی ثابت ہوا کہ جو معنی مرزا قادیانی نے کہے وہ کسی مفسر نے نہیں لکھے۔ مفسرین کے دو ہی مذہب اس بات میں ہیں یا تو یہ کہ زندہ اٹھا لئے گئے یا یہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو مار کر پھر زندہ کیا اور زندہ اپنی طرف اٹھالیا۔ یہ کسی کا مذہب نہیں ہے کہ وہ اب بھی مردہ ہیں۔ اگر کہا جاوے کہ ان تفاسیر سے معلوم ہوا کہ ابن عباس نے تفسیر انی متوفیک کے انی ممیتک کے ساتھ کی ہے تو جواب یہ ہے کہ اہل تفسیر نے ابن عباس کے اس قول کی تاویل کی ہے اور تاویل ضروری ہے۔ اس لئے کہ دو اثر ابن عباسؓ کے جو بسند صحیح مروی ہیں۔ اس اثر کے معارض ومخالف ہیں۔

اوّل...... وہ جو ابن کثیر وغیرہ میں مرقوم ہے: ’’عن ابن عباسؓ وان من اهل الكتاب الاليؤمنن به قبل موته قال قبل موت عيسیٰ ابن مريم عليه السلام ‘‘ اور اس کی سند او پر مرقوم ہوئی ہے۔

دوم...... وہ جو فتح البیان وغیرہ میں مرقوم ہے: ’’اخرج سعيد ابن منصور والنسائی وابن ابی حاتم وابن مردويه عن ابن عباسؓ قال لما اراد الله ان يرفع عيسیٰ الیٰ السماء خرج الیٰ اصحابه وفی البيت اثنا عشر رجلا من الحواريين فخرج عليهم من عين فی البيت وراسه يقطرماءً فقال ان منكم من يكفربی اثنی عشر مرة بعد ان آمن بی ثم قال ايكم يلقی عليه شبهی فيقتل مكانی

ویکون معی فی درجتی فقام شاب من احدثهم سنا فقال له اجلس ثم اعاد علیهم فقام الشاب فقال اجلس ثم اعاده علیهم فقام الشاب فقال انا فقال انت ذاک فالقی علیه شبه عیسیٰ ورفع عیسیٰ من روزنة فی البیت الیٰ السماء قال وجاء الطلب من الیهود فاخذوا الشبه فقتلوه ثم صلبوه فکفربه بعضهم اثنی عشر مرة بعد ان آمن به وافتر قواثلث فرق فقالت طائفة کان الله فینا ماشاء ثم صعد الیٰ السماء فهولاء الیعقوبیة وقالت فرقة کان فینا ابن الله ماشاء ثم رفعه الله الیه وهو لاء النسطوریة وقالت فرقة کان فینا عبدالله ورسوله وهولاء المسلمون فتظاهرت الکافر تان علی المسلمة فقتلوها فلم یزل الاسلام طامساً حتی بعث الله محمداًﷺ فانزل الله علیه فآمنت طائفة من بنی اسرائل یعنی طائفة التی آمنت فی زمن عیسیٰ وکفرت طائفة التی کفرت فی زمن عیسیٰ فایدنا الذین آمنوا فی زمن عیسیٰ باظهار محمد دینهم علےٰ دین الکافرین قال ابن کثیر بعد ان ساقه بهذا للفظ عند ابن ابی حاتم قال حدثنا احمد بن سنان حدثنا ابومعاویة عن الاعمش عن المنهال بن عمرو عن سعید بن جبیر عن ابن عباس فذکره وهذا اسناد صحیح الیٰ ابن عباسؓ وصدق ابن کثیر فهٰولاء کلهم رجال الصحیح واخرجه النسائی من حدیث ابی کریب عن ابی معاویة بنحوه وقدرویت قصة علیه السلام من طرق بالفاظ مختلفة وساقها عبد بن حمید وابن جریر وابن المنذر علی صفة قریبة مما فی الانجیل انتهی ’’یہاں سے تاویل کی ضرورت ثابت ہوئی۔ اب اگر کوئی کہے کہ اگرچہ یہ آیت ذوالوجوہ ہے۔ مگر مرزا قادیانی نے سب وجوہ واحتمالات باطل کر دیے۔ اس طرح پر کہ معنی حقیقی توفی کے موت کے ہیں تو جواب یہ ہے کہ اوپر معلوم ہوا کہ توفی معنی حقیقی موت کے ہرگز نہیں۔ بلکہ معنی حقیقی اخذ الشیٔ وافیاً ہیں اور موت معنی مجازی توفی کے ہیں اس واسطے جس جگہ قرآن مجید وحدیث میں توفی بمعنی موت آیا ہے تو وہاں قرینہ قائم ہے۔ علاوہ اس کے آیۃ وان من اہل الکتاب میں بھی جتنے احتمالات ہمارے مخالف تھے۔ سب ہم نے بفضلہ تعالیٰ الزامی وتحقیقی طور پر باطل کر دیئے۔ خواہ وہ احتمالات ہوں کہ زمان نزول آیت سے آج تک مفسرین لکھتے چلے آئے ہیں۔ خواہ وہ جو مرزا قادیانی اوران کے اتباع

نے فی زماننا تراشے ہیں۔ خواہ وہ جو قیامت تک آئندہ نکالے جاویں۔ پس اس آیت کا قطعیۃ الدلالۃ ہونا بھی تسلیم کرنا پڑے گا۔

قولہ...... اور بخاری جو اصح الکتب ہے۔ اس میں بھی تفسیر آیت فلما توفیتنی کی تقریب میں متوفیک کے معنی ممیتک لکھا ہے۔

اقول...... جواب اس کا بدو وجہ ہے۔

اوّل...... یہ روایت مخالف ومعارض ہے ان دو روایتوں صحیح کے جن کا ذکر اوپر ہوا۔ اسی ضرورت سے علماء نے اس روایت کو ماؤل کیا ہے۔

دوم...... راوی اس کا علی بن طلحہ ہے۔ قسطلانی میں ہے: ''وقال ابن عباسؓ فیما رواہ ابن ابی حاتم من طریق علی بن طلحۃ عنہ فی قولہ تعالیٰ یا عیسیٰ انی متوفیک معناہ ممیتک'' اور علی بن ابی طلحۃ کو ابن عباسؓ سے ملاقات نہیں ہے اور ضعیف ہے۔

تقریب میں ہے: ''علی بن ابی طلحۃ سالم مولیٰ بنی العباس سکن حمص ارسل عن ابن عباسؓ ولم یرہ من السادسۃ صدوق قد یخطی''

خلاصہ میں ہے: ''عن ابن عباسؓ مرسلاً وعن مجاھد والقاسم وعنہ ثور بن یزید ومعمر والثوری قال احمد لہ اشیاء منکرات وقال القسوی ضعیف''

کاشف میں ہے: ''قال احمد لہ اشیاء منکرات''

میزان میں ہے: ''قال احمد بن حنبل لہ اشیاء منکرات وقال دحیم لم یسمع علی بن ابی طلحۃ التفسیر عن ابن عباسؓ انتھٰی ملخصاً''

اور بخاری جو اصح الکتب ہے۔ اس سے مراد بخاری کی وہ احادیث مرفوعہ میں جو سند کے ساتھ بخاری اپنی صحیح میں لاتا ہے نہ تعالیق سخاوی فتح المغیث میں لکھتے ہیں کہ: ''وبما تقدم تاید حمل قول البخاری ماادخلت فی کتابی الاماصح علےٰ مقصودہ بہ وھو الاحادیث الصحیحۃ المسندۃ دون التعالیق والآثار الموقوفۃ علی الصحابۃ فمن بعدھم والاحادیث المترجم بھا ونحو ذلک انتھٰی''

قولہ...... اور اگر کوئی کہے کہ رافعک مقدم اور متوفیک مؤخر ہے۔ یعنی رافعک آیت کے سر پر اور ''متوفیک فقرہ جاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا (آل عمران:۵۵)'' کے بعد اور بیچ میں یہ فقرہ محذوف ہے۔ ''ثم منزلک الیٰ الارض'' سو یہ ان یہودیوں کے طرح

تحریف ہے۔جن پر بوجہ تحریف کے لعنت ہوچکی ہے۔ کیونکہ اس صورت میں آیت کو اس طرح پر زیروزبر کرنا پڑے گا۔’’یا عیسیٰ انی رافعك الیٰ السماء ومطهرك من الذین کفروا وجاعل الذین اتبعوك فوك الذین کفروا الیٰ یوم القیمة ثم منزلك الیٰ الارض ومتوفیك (آل عمران:۵۵)‘‘

اقول...... ایک جماعت سلف میں سے اس تقدیم وتاخیر کی قائل ہوئی ہے۔ان میں سے ہیں۔ ابن عباسؓ وضحاک وقتادہ وفراء وغیرہم ضحاک وقتادہ وفراء کا قائل تقدیم وتاخیر ہونا تو مصرح ہے اور ابن عباسؓ کا اس لئے کہ ابن عباس سے تفسیر متوفیک ممیتک مروی ہے اور حالانکہ موت قبل الرفع معارض ہے۔اثرین صحیحین کے جو ابن عباس سے منقول ہوئے تو وجہ توفیق نہیں ہے۔مگر یہی قول بالتقدیم والتاخیر۔پس اب یہ کہنا کہ یہودیوں کی طرح تحریف ہے۔ان سب سلف پر تحریف کا الزام لگانا ہے۔

ناظرین! برائے خدا غور فرماویں کہ کیا مرزا قادیانی اس بات کے مجاز ٹھہر سکتے ہیں کہ ابن عباس وقتادہ وضحاک وفراء وغیرہم جلیل الشان اکابر کو یہودیوں کی سی تحریف کا الزام دیویں ان اکابر پر یہودیوں کی سی تحریف کا الزام دینا میری سمجھ میں نہیں آتا۔آپ نے کچھ ان بزرگوں کی عزت ومرتبت کا پاس نہ کیا جو تفسیر قرآن کو آپ سے بہتر جاننے والے تھے۔علاوہ اس کے مجرد تقدیم وتاخیر موجب تحریف نہیں ہے۔موجب تحریف وہ تقدیم وتاخیر ہے جو خلاف قواعد اس زبان کے ہو جس میں وہ کتاب نازل ہوئی ہے اور اس کے نظائر کتاب اللہ میں نہ پائے جاتے ہوں اور کوئی دلیل اس پر نہ ہو اور اس تقدیم وتاخیر میں کوئی قاعدہ موافق علم بلاغت کے نہ ہو اور یہاں چاروں امور غیر متحقق ہیں۔خلاف قاعدہ تو اس لئے نہیں کہ (واو) لغت عرب میں ترتیب کے لئے نہیں آتا ہے۔مطلق جمع پر دلالت کرتا ہے نظائر اس تقدیم وتاخیر کے بکثرت قرآن مجید میں موجود ہیں۔

تفسیر کبیر میں ہے۔’’مثله فی التقدیم والتاخیر کثیر فی القرآن‘‘ دلیل اس پر آیۃ’’وان من اهل الکتاب الالیؤمنن به قبل موته واثر‘‘ صحیح ابن عباسؓ جو حکماً مرفوع ہے موجود ہے۔اس تقدیم وتاخیر میں فائدہ موافق علم بلاغت کے یہ ہے کہ چونکہ کفار درپے قتل وصلیب تھے۔اس لئے توفی جو واقع میں بعد رفع ہونے والی تھی۔اس کا ذکر اہم تھا۔مقصود یہ کہ ہم تم کو تمہاری اجل معلوم کے وقت ماریں گے۔کفار تم کو قتل نہ کرسکیں گے۔ان کے قتل سے ہم

تم کو بچائیں گے اور بالفرض اگر یہ معنی آپ کے نزدیک خطا تھے تو تخطیہ کافی تھا۔ الزام تحریف ابن عباسؓ سے جلیل القدر صحابی کو اور دیگر بزرگوں کو کمال سوء ادب ہے۔ اعاذنا اللہ منہ۔

چون خدا خواہد کہ پردہ کس درد
میلش اندر طعنۂ پاکان برد

قولہ...... اگر جسمانی طور پر رفع مراد لیا جائے تو سخت اشکال پیش آتا ہے۔ الیٰ قولہ تو کیا خداتعالیٰ دوسرے آسمان میں بیٹھا ہوا ہے تو دوسرے آسمان میں ہونا رافعک الی کا مصداق ہو جائے۔

اقول...... اس اشکال کو خصوصیت رفع جسمانی کے ساتھ نہیں ہے۔ یہ اشکال تو رفع روحانی پر بھی وارد ہوتا ہے اور تقریر اس کی بعینہ یہی ہے جو آپ نے کی یعنی احادیث صحیحہ بخاری سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت مسیح معہ اپنے خالہ زاد بھائی کے دوسرے آسمان پر ہیں۔ تو کیا خداتعالیٰ دوسرے آسمان میں بیٹھا ہوا ہے تا دوسرے آسمان میں ہونا رافعک الیّ کا مصداق ہو جائے اور حل اس اشکال کا یہ ہے کہ فوقیت واستواعلیٰ العرش کی صفت اللہ تعالیٰ کے لئے تادلہ کتاب وسنت ثابت ہے اور کیفیت اس کی مجہول ہے۔ پس فوق السموات وعرش کی طرف اٹھانا اللہ تعالیٰ کی طرف اٹھانا ہے۔ اس سے اللہ تعالیٰ کا دوسرے آسمان میں بیٹھا ہونا کہاں لازم آتا ہے۔ یہ جواب تو موافق مذہب سلف کے ہے جو آیات صفات میں تاویل نہیں کرتے ہیں اور موافق خلف کے وہ تاویل ہے جو بیضاوی وغیرہ میں لکھی ہے۔ لفظ بیضاوی یہ ہے: ''الیٰ محل کرامتی ومقر ملائکتی'' شیخ زادہ اس کے تحت میں لکھتا ہے: ''لما کان ظاهر الاية مشعر بکونه تعالیٰ متمکناً فی مکان یستعلیٰ علیه بین ان المراد برفعه رفعه الیٰ مکان رفیع الاانه عبرعن رفعه الله برفعه الی نفسه تشریفا لذلك المکان وتعظیما کما قال ابراهیم علیه السلام انی ذاهب الیٰ ربی وانما ذهب علیه السلام من العراق الیٰ الشام ویسمی الحجاج زوار الله والمجاورون جیران الله کل ذلك لتعظیم الاماکن وتفخیماً فکذا هذا''

قولہ...... بلکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ خداتعالیٰ کے فاعل ہونے اور انسان کے مفعول ہونے کی حالت میں بجز قبض روح کے اور کوئی معنی نہیں ہو سکتا۔ اس بناء پر میں نے ہزار روپیہ کا اشتہار بھی دیا ہے۔

اقول...... اوپر ہم نے ثابت کر دیا کہ جس مقام پر توفی کے معنی موت کے آئے ہیں وہاں قرینہ موجود ہے جو علامت مجاز کی ہے۔ پس مجھے جھوٹا اشتہار دینا تو منظور نہیں۔ لیکن میں یہ سچا اشتہار دیتا

ہوں کہ اگر آپ قرآن مجید میں توفی بمعنی موت کے بغیر قرینہ مقالیہ یا حالیہ کے ایک جگہ بھی ثابت کر دیں تو میں آپ کو اس دعویٰ میں کہ یہ آیت قطعیۃ الدلالۃ ہے۔ حیات مسیح علیہ السلام پر صادق مان لوں گا۔ پھر اس میں بحث رہے گی کہ کوئی دوسری آیت قطعیۃ الدلالۃ اس کے معارض ہے یا نہیں۔

قولہ...... اب اگر یہ آیت مسیح ابن مریم کی وفات پر قطعیۃ الدلالۃ نہیں تو دلائل مذکورۂ بالا اور نیز دلائل مفصلہ مبسوطہ ازالہ اوہام کا جواب دینا چاہئے۔

اقول...... دلائل مذکورہ بالا کا تو جواب بفضلہ تعالیٰ ہوگیا۔ رہی دلائل مفصلہ مبسوط ازالہ اوہام ان کا جواب بھی انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہونے والا ہے۔ فانتظر!

قولہ...... تو کہ آپ کو ہزار روپیہ بھی مل جائے اور اپنے بھائیوں میں علمی شہرت بھی حاصل ہو جائے۔

اقول...... تعجب کہ آپ باوجود ادعائے مسیحیت خاکسار کو طمع روپیہ شہرت کا دیتے ہیں۔ خاکسار کی تو یہ دعا ہے کہ حق تعالیٰ مجھے اور آپ کو اور سب اہل اسلام کو طمع روپیہ وشہرت سے بچاوے۔

قولہ...... دوسری دلیل مسیح ابن مریم کی وفات پر خود جناب رسول اللہ ﷺ کی حدیث ہے۔ جس کو امام بخاری اپنی کتاب التفسیر میں اس غرض سے لایا ہے کہ تا ظاہر کرے کہ لما توفیتنی کے لما امتنی ہے۔ الیٰ قولہ! اس میں تو کچھ شبہ نہیں کہ ہمارے نبی ﷺ فوت ہوگئے ہیں اور مدینہ منورہ میں آپ کا مزار ہے۔ پھر جب کہ آنحضرت ﷺ نے وہی لفظ فلما توفیتنی کا حدیث بخاری میں اپنے لئے اختیار کیا ہے اور اپنے حق میں ویسا ہی استعمال کیا ہے۔ جیسا کہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں مستعمل تھا تو کیا اس بات کے سمجھنے میں کچھ کسر رہ گئی کہ جیسا کہ آنحضرت ﷺ وفات پاگئے۔ ایسا ہی حضرت مسیح ابن مریم بھی وفات پاگئے۔

اقول...... اس مقام پر یا تو آپ نے بڑا مغالطہ کھایا ہے یا دیا ہے۔ بیان اس کا یہ ہے کہ لفظ صحیح بخاری کا یہ ہے: ''فاقول کما قال العبد الصالح وکنت علیهم شهیدا مادمت فیهم فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیهم '' یہاں کاف تشبیہ ہے۔ جو مغایرت پر دلالت کرتا ہے۔ اگر حضرت یوں فرماتے۔ ''فاقول ماقال العبد الصالح '' تو استدلال آپ کا درست ہوتا جب حضرت نے کاف تشبیہ اس پر داخل کیا تو یہ دلیل مغایرت ہوئی۔ معلوم ہوا کہ حضرت کے توفی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے توفی میں ایک مشابہت تو ہے۔ مگر عین نہیں ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توفی تو بطور اصعاد ہوئی اور حضرت ﷺ کی توفی بطور موت سبحان اللہ! اللہ تعالیٰ نے حضرت کی زبان سے کیسا لفظ نکلوایا کہ جس سے حیات مسیح میں شبہ کرنے والوں کے شبہ کا استیصال کلی ہوگیا۔ الحمدللّٰہ علی ذالك حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیه!

دیکھو اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قول سورۂ مائدہ میں یوں حکایت کی ہے۔ ’’ماقلت لھم الا ما امرتنی بہ ان اعبدوا اللّٰہ ربی وربکم (مائدہ:۱۱۷)‘‘ یہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ’’کما امرتنی‘‘ نہیں کہا۔ پس معلوم ہوا کہ ما امرتنی اور کما امرتنی میں فرق ہے۔ ایسا ہی ما قال العبد الصالح اور کما قال العبد الصالح میں فرق ہے۔ ’’ومن لم یفرق بینھما فقد اخطا خطاء فاحشاً‘‘ پس یہ استدلال آپ کا اوہن من نسج العنکبوت نکلا۔ الحمد للّٰہ علیٰ ذالک!

قولہ...... کیا قطعیۃ الدلالۃ اسی کو کہتے ہیں کہ کوئی اس کے ضمیر خدا کی طرف پھیرے اور کوئی ہمارے سید ومولیٰ نبی عربی خاتم الانبیاء کی طرف اور کوئی حضرت عیسیٰ کی طرف اور کوئی قبل موتہ کی ضمیر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف پھیرے اور کوئی کتاب کی طرف۔

اقول...... اوپر ثابت ہوا کہ کتابی کی طرف قبل موتہ کی ضمیر پھیرنا باطل ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف پھیرنا متعین ہے اور یہ بھی ثابت ہوا کہ ارجاع ضمیر قبل موتہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اثبات مدعی کے لئے کافی ہے۔ ضمیر بہ کی خواہ حق تعالیٰ کی طرف پھیری جاوے یا آنحضرتﷺ کی طرف یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اختلاف ضمیر بہ قطعیۃ میں کچھ مخل نہیں ہے۔

قولہ...... اور پھر اہل کتاب کے لفظ میں بھی تفرقہ اور اختلاف ہے کہ وہ کس زمانہ کے اہل کتاب ہیں۔

اقول...... جتنے احتمالات مخالف مطلوب میں ان سب کا ابطال اوپر ہو چکا۔ فتذکرہ!

قولہ...... پھر بقول آپ کے ایمان لانے والوں کا زمانہ بھی ایک نشان دہی کے ساتھ مقرر اور معین نہیں۔

اقول...... منتہٰے اس زمانہ کا تو لفظ قبل موتہ سے سمجھا جاتا ہے اور مبدء قرینہ حالیہ سے یعنی بعد نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام بالجملہ وہ زمانہ بعد نزول وقبل الموت کے درمیان میں ہوگا۔ اس سے بڑھ کر اور کیا تعین ہوگی۔ علاوہ اس کے زمانہ کا عدم تبین قطعیۃ الدلالۃ ہونے میں مخل نہیں ہوسکتا ہے۔ دیکھو قیامت کا زمانہ کوئی معین نہیں ہے۔ حالانکہ نصوص دالہ علی القیامۃ قطعی ہیں۔

قولہ...... قرآن کریم کے کتنے مقامات سے ثابت ہوا ہے کہ اس دنیا کے زوال تک کفار اہل کتاب باقی رہیں گے۔

اقول...... آپ نے اس باب میں تحریر اوّل میں دو آیتیں لکھی ہیں۔ ایک ’’وجاعل الذین

اتبعوك فوق الذين كفروا الىٰ يوم القيمة (آل عمران:۵۵) ’’دوسرے‘‘واغرينا بينهم العداوة البغضاء الىٰ يوم القيمة ‘‘ پہلی آیت کا خاکسار نے اپنی تحریر دوم میں دو طرح پر جواب دیا۔اوّل یہ کہ آیت’’وان من اهل الكتاب الاليؤمنن به قبل موته (نساء:۱۵۹) ‘‘اس کی تخصیص ہے۔دوم احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ قبل قیامت سب شریر رہ جاویں گے۔جن پر قیامت قائم ہوگی۔پس معلوم ہوا کہ آیت عام مخصوص البعض ہے اور دوسری آیت کا یہ جواب دیا کہ یہ آیت بھی عام مخصوص البعض ہے۔آپ نے اپنی تحریر دوم وسوم میں اس جواب پر کچھ اعتراض نہیں کیا اور پھر بار باران ہی آیات کو جن کا جواب ہو چکا ہے۔لکھے جاتے ہیں یہ امر آداب مناظرہ کے خلاف ہے۔اگر آپ کے نزدیک جواب میرا صحیح تھا تو استدلال ان آیات کے ساتھ ترک کرنا واجب تھا اور اگر غیر صحیح تھا تو اس کے عدم صحت کے وجہ لکھنا واجب تھی اور اگر صرف یہ ہی وجہ ہے کہ آیت’’وان من اهل الكتاب ‘‘ذوالوجوہ ہے۔قطعیۃ الدلالۃ نہیں ہے۔اس لئے مخصص نہیں ہوسکتی ہے۔تو جواب یہ ہے کہ اوپر ہم نے آیت کا قطعیۃ الدلالۃ ہونا دلیل الزامی وتحقیقی سے ثابت کر دیا۔فتذکر!

علاوہ اس کے ان دونوں آیتوں کی دلالت اس معنی پر کہ اس دنیا کے زوال تک کفار اہل کتاب باقی رہیں گے۔صرف آپ کا فہم ہے یا سلف وخلف میں سے کسی نے یہ معنی بھی لکھے ہیں۔اگر کسی نے لکھے ہیں تو سند لایئے اور اگر صرف آپ کا فہم عالی ہے تو ہرگز قابل اعتبار نہیں۔ آپ تو فہم معانی آیات میں بہت خطا کیا کرتے ہیں۔دیکھئے اسی آیت’’اغرينا بينهم العداوة والبغضاء الىٰ يوم القيمة (مائدة:۱۴) ‘‘بین بینہم کا مرجع آپ نے یہود ونصاریٰ کو تحریر اوّل میں ٹھہرایا ہے۔حالانکہ جمہور مفسرین کے نزدیک یہ قول ضعیف ہے۔مفسرین نے اس کو قیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔اصل مرجع اس کا فرق نصاریٰ میں سیاق قرآن مجید بھی اسی پر دال ہے۔کیونکہ اس سے قبل یہ آیت ہے۔’’ان الذين قالوا انا نصارىٰ اخذنا ميثاقهم فنسوا حظا مما ذكروا به (مائدة:۱۴) ‘‘مطلب پہلی آیت کا یہ ہے کہ میں تیرے تابعداروں کو کافروں پر قیامت تک غالب رکھوں گا۔یعنی وقت وعدہ سے لے کر قیامت تک جس زمانہ میں یہ دونوں پائے جائیں گے۔تیرے تابعدار غالب رہیں گے نہ یہ کہ ان دونوں کا قیامت تک پایا جانا بھی ضرور ہے اور مطلب دوسری آیت کا یہ ہے کہ ہم نے نصاریٰ کے فرقوں میں عداوت ودشمنی لازم کر دی ہے۔قیامت تک یعنی جس زمانہ میں یہ فرق پائے جائیں گے تو ان

میں عداوت بھی رہے گی۔ نہ یہ کہ ان سب فرقوں کا قیامت تک پایا جانا بھی ضرور ہے۔اس معنی کے مؤیدوہ حدیث ابوہریرہؓ ہے۔جس کو باسناد صحیح امام احمدوابوداؤد نے روایت کیا ہے:''قال الحافظ فی الفتح وروی احمد وابوداؤد وباسناد صحیح من طریق عبدالرحمن بن آدم عن ابی هریرة مثله مرفوعاً وفی هذا الحدیث ینزل عیسیٰ علیه السلام ثوبان ممصران فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویدعو الناس الیٰ الاسلام ویهلك اللّٰه فی زمانه عم الملل کلها الا الاسلام وتقع الامنة فی الارض حتیٰ ترتع الاسود مع الابل وتلعب الصبیان بالحیات وقال فی آخره ثم یتوفی ویصلی علیه المسلمون''

قولہ...... پھروہب اور محمد بن اسحٰق اور ابن عباسؓ واقعہ موت کے قائل ہیں۔

اقول...... وہب ومحمد بن اسحٰق اگرچہ واقعہ موت کے قائل ہیں۔مگراس امر کے بھی قائل ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے پھر زندہ کر کے مع الجسد ان کو آسمان پر اٹھالیا۔اس سے بھی حیات ثابت ہوئی اور ابن عباسؓ کا واقعہ موت کا قائل ہونا کہیں مصرح نہیں ہے۔ہاں تفسیر متوفیک کی ممیتک البتہ ان سے منقول ہے۔اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا ہے کہ واقعہ موت کے وہ قائل ہیں۔محتمل ہے کہ وہ آیت میں مانند قتادہ ضحاک وغیرہ کے تقدیم وتاخیر کے قائل ہوں۔ بلکہ راجح یہی ہے بدلیل اثرین صحیحین کے جن کا اوپر ذکر ہوا۔علاوہ اس کے آپ کے نزدیک لفظ ممیتک کا دلیل موت حقیقی پر نہیں۔جیسا کہ ازالۃ الاوہام میں مصرح ہے اور ابن عباسؓ کے اس روایت میں جو جرح ہے وہ اوپر بیان کی گئی۔فتذکر!

قولہ...... اور رسول اللہ ﷺ موت مسیح پر صریح شہادت دیتے ہیں۔

اقول...... یہ غلط محض ہے۔کیونکہ حدیث صحیح البخاری میں صرف یہی ہے۔''اقول کما قال العبد الصالح ''پس کاف تشبیہ دلالت تغائر مقولین پر کرتا ہے نہ عینیت پر اور تغائر میں دو احتمال ہیں یا تو لفظی یا معنوی لفظی کی یہ صورت ہے کہ مثلاً آنحضرت ﷺ لفظ توفیتنی نہ فرماویں بلکہ بجائے اس کے لفظ امتنی فرماویں اور معنوی کی یہ صورت کہ آنحضرت ﷺ لفظ توفیتنی ہی فرماویں۔ مگر لفظ توفیتنی سے امتنی مراد لیں۔دونوں تقدیر پر موت مسیح پر شہادت مفقود ہے۔

قولہ...... اور امام بخاری خود اپنا مذہب بھی یہ ہی ظاہر کرتے ہیں۔

اقول...... امام بخاری نے ہرگز اپنا یہ مذہب ظاہر نہیں کیا۔سبحانک ہذا بہتان عظیم! البتہ امام

بخاری نے سورۂ مائدہ کی تفسیر میں یہ لکھا ہے:’’وقال ابن عباسؓ متوفیك ممیتك ‘‘اور اسی سورۂ کی تفسیر میں باب’’وکنت علیهم شهیدا مادمت فیهم فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیهم وانت علی کل شئ شهید (مائدہ:۱۱۷)‘‘میں حدیث ابن عباسؓ لایا ہے۔جس میں یہ لفظ ہے:’’فاقول کما قال العبد الصالح وکنت علیهم شهیدا مادمت فیهم فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیهم ‘‘اس سے یہ بات ہرگز ثابت نہیں ہوتی ہے کہ امام بخاری کا یہ مذہب ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام وفات پاچکے ہیں۔ بلکہ بخاری کا مذہب یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام زندہ ہیں۔دلیل اس پر یہ ہے کہ بخاری نے کتاب احادیث الانبیاء میں اپنا قول نزول عیسیٰ ابن مریم لکھا ہے۔ابوذر کی روایت میں بغیر لفظ باب کے ہے اور غیر ابوذر کی روایت میں باب ہے۔اس باب میں بخاری نے دوحدیثیں لکھی ہیں۔ان میں سے پہلی حدیث ابوہریرہؓ کی ہے۔’’والذی نفسی بیده لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم ‘‘جس میں یہ لفظ موجود ہے۔’’ثم یقول ابوهریرة واقرؤا ان شئتم وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته ویوم القیامة یکون علیهم شهیدا‘‘

بخاری کا اس حدیث کو لانا دلالت کرتا ہے۔اس پر کہ حضرت مسیح علیہ السلام بخاری کے نزدیک زندہ ہیں۔

قولہ...... تو پھر باوجود ان مخالفانہ ثبوتوں کے قبل موتہ کی ضمیر کیونکر قطعی طور پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہی کی طرف پھر سکتی ہے۔

اقول...... اوپر ہم نے دلیل الزامی وتحقیقی سے ثابت کردیا کہ ضمیر قبل موتہ کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہی کی طرف پھرتی ہے۔نہ کتابی کی طرف اگر ضمیر قبل موتہ کی کتابی کی طرف ہوتو مراد ایمان سے یاوہ ایمان ہے جوزہوق روح کی وقت ہوتا ہے تو لفظ قبل کا محض بے محل ہے۔بجائے اس کے حین یا عند یا وقت چاہئے یاوہ ایمان جو اس سے پہلے ہوتا ہے۔یعنی ایمان نافع معتدبہ تو اس وقت قبل موتہ کے قید لاطائل ہوتی ہے۔کلام الٰہی کو معاذ اللہ سفہا کا سا کلام بنائے دیتی ہے۔

قولہ...... اور میں نے آپ کے خالص مستقبل کا بھی پورا پورا فیصلہ کردیا۔

اقول...... مخفی نہ رہے کہ ہم نے اوپر ثابت کردیا کہ ہمارے مدعی کے اثبات کے لئے صرف یہ ہی امر کافی ہے کہ ضمیر قبل موتہ کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہو۔لیؤمن کو خالص مستقبل

کے لئے لیجئے یا نہ لیجئے۔ خالص مستقبل کی بحث تو صرف اس لئے کی گئی تھی کہ بغیر مستقبل کے معنی فاسد ہوتے ہیں اور فساد معنی درصورت حال واستمرار ظاہر ہے اور احتمال ماضی تو صریح البطلان ہے۔

قولہ...... اگر آپ کے ساتھ کوئی عامی اور بے خبر مفسر ہوگا۔ ہمارے ساتھ اللہ جل شانہ اور اس کا پیارا اور برگزیدہ رسول ہے۔

اقول...... سب مفسرین کو جن میں صحابہ میں سے ابن عباسؓ وابوہریرہؓ اور من بعد الصحابہ میں سے حسن بصری وضحاک وابن جریج وربیع بن انس وقتادہ ومطروراق وابومالک وعبدالرحمٰن بن زید بن اسلم ووہب بن منبہ ومحمد بن اسحٰق وابن جریر وابن کثیر اور صاحب تفسیر درمنثور وکشاف ومعالم التنزیل وبیضاوی ومدارک وغیرہم سب داخل ہیں۔ ان سب کو عامی وبے خبر کہنا نہایت گستاخی وبے ادبی ہے۔

چون خدا خواہد کہ پردہ کس درد
میلش اندر طعنۂ پاکان برد

اور ہم نے اوپر ثابت کر دیا کہ نہ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہے اور نہ اس کا رسول۔ بلکہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ ہمارے ساتھ ہیں۔

قولہ...... کیا اس حدیث کے موافق جو کتاب التفسیر مین امام بخاری نے لکھی ہے الیٰ قولہ لیکن ایسا نہ کریں کہ آیت لیؤمنن کی طرح کوئی ذوالوجوہ اور محجوب المفہوم حدیث پیش کر دیں۔

اقول...... ان سب امور کے جواب سے بفضلہ تعالیٰ ہم فارغ ہوگئے۔ الحمدللہ علیٰ ذالک! اب ہم اس مقام پر اپنی دلیل کا آپ کی دلیل سے موازنہ کرتے ہیں تاکہ سب اہل انصاف پر ظاہر ہو جائے کہ آپ کی دلیل کی ترجیح کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ اگر آپ کی دلیل کی ترجیح کی یہ وجہ ہے کہ توفی سے ظاہر موت ہے تو ہم بھی اوپر ثابت کر آئے کہ ظاہر آیت ''وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته '' سے حیات ہے اور اگر یہ وجہ ہے کہ ''انی متوفیك '' کی تفسیر جناب رسول اللہ ﷺ نے حدیث بخاری میں اس طرح فرمائی ہے کہ ''فاقول کما قال العبد الصالح '' تو میں کہتا ہوں کہ حدیث بخاری میں تفسیر اس آیت ''وان من اهل الکتاب '' کے جناب رسول اللہ ﷺ نے اس طرح فرمائی ہے۔ ''والذی نفسی بیده لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویفیض المال حتی لا یقبله احد حتی تکون السجدة الواحدة خیرا من

الدنیا ومافیھا ‘‘ کیونکہ اس حدیث سے صاف خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول جسمانی ثابت ہوتا ہے اور نزول فرع صعود کی ہے تو ثابت ہوا کہ صعود بھی جسمانی ہوا۔

پس یہ حدیث صعود جسمانی کے اثبات کے لئے کم نہیں ہے۔ حدیث ’’فاقول کما قال العبد الصالح ‘‘ سے اثبات وفات کے لئے اگر کہا جائے کہ حدیث نزول بسبب معارضہ آیت انی متوفیک کے مصروف عن الظاہر ہے تو ہم کہیں گے کہ حدیث ’’فاقول کما قال العبد الصالح ‘‘ بھی بسبب معارضہ آیت ’’وان من اھل الکتاب ‘‘ کے مصروف عن الظاہر ہے۔ اگر وجہ ترجیح یہ ہے کہ بخاری میں ہے کہ ابن عباسؓ نے متوفیک کی تفسیر ممیتک کی ہے تو بخاری میں ہے کہ ابوہریرہؓ نے ’’وان من اھل الکتاب ‘‘ کی ایسی تفسیر کی ہے کہ جس سے قطعی حیات ثابت ہوتی ہے۔ اب ہماری دلیل کے وجہ ترجیح سنئے۔ ہم نے قطعی طور پر ثابت کر دیا کہ ضمیر قبل موتہ کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف ہے۔ جس سے قطعاً حیات ثابت ہے اور آپ سے لفظ توفی کا بمعنی موت حقیقی ہونا ثابت نہ ہوسکا۔ کیونکہ مدار اس کا اس امر پر ہے کہ آپ کوئی ایسی آیت یا حدیث پیش کریں کہ وہاں بلاقیام قرینہ موت مراد ہو۔ ’’وانی لکم ھذا حدیث والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم ‘‘ صاف نزول جسمانی پر دلالت کرتی ہے اور آیت انی متوفیک اس کے معارض نہیں ہے۔ بخلاف ’’فاقول کما قال العبد الصالح ‘‘ کے کہ یہ وفات پر مطلق دلالت ہی نہیں کرتی۔ کیونکہ اس میں لفظ تشبیہ موجود ہے اور بغرض دلالت آیت ’’وان من اھل الکتاب ‘‘ اس کی معارض وصارف عن الظاہر ہے اور تفسیر ابن عباس پر تفسیر ابوہریرہؓ کو دو طرح ترجیح ہے۔

اوّل...... تو تفسیر ابن عباسؓ کو بخاری تعلیقاً لایا ہے اور تفسیر ابوہریرہؓ کو مسنداً

دوم...... یہ کہ راوی تفسیر ابن عباسؓ کا علی ابن ابی طلحہ ہے اور وہ مجروح ہے۔ بالجملہ ہماری دلیل کو آپ کی دلیل پر تین وجہوں سے ترجیح ہے۔

قولہ...... آپ جانتے ہیں کہ آیت لیؤمنن کے متعلق چند روز کس قدر ہم دونوں کا وقت ضائع ہوا اور آخر آپ کا دعویٰ قطعیۃ الدلالۃ صریح باطل نکلا۔

اقول...... آیت کے متعلق بحث میں بنظر احقاق حق جو وقت صرف ہوا اس کو ضائع کہنا آپ ہی کا کام ہے۔ میں تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے امید اجر کی رکھتا ہوں۔ آپ کو نہ ہو تو نہ سہی اور ظاہر بھی اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آیت کا قطعیۃ الدلالۃ ہونا ثابت ہوگیا اور حجت آپ پر اور آپ کے اتباع پر تمام

ہوگئی۔ حجت الزامی تو آپ پر عین مناظرہ ہی میں تمام ہوگئی تھی اور قریب تھا کہ تحریر چہارم یا پنجم میں حجت تحقیقی بھی جو تحریر ہذا میں لکھی گئی ہے لکھی جاتی۔ مگر آپ اس کے خوف سے پہلے ہی خلاف معاہدہ وشرط مباحثہ ناتمام چھوڑ کر تشریف لے گئے۔

قولہ...... اور آپ نے جن پانچ دلیلوں پر حصر کیا تھا وہ ہباء منثورا کی طرح نابود ہوگئیں۔

اقول...... سبحانک ہذا بہتان عظیم! وہ کون کلمہ حصر کا ہے اگر آپ سچے ہیں تو ارشاد فرمایئے۔ میرے پاس بفضلہ تعالیٰ اور بھی ادلہ سوائے ان پانچ کے موجود ہیں جن کو انشاء اللہ میں مقدمہ میں لکھوں گا۔ فانتظر! ان پانچ میں سے ایک کی قطعیہ تو میں نے ثابت کردی۔ جس کی قطعیہ کا دعویٰ کیا گیا تھا اور باقی ادلہ گو قطعی نہ سہی۔ مگر ادلہ ظنیہ تو ہیں ظنی طور پر اثبات مدعی کے لئے کافی ہیں۔ دلیل ظنی کا منکر اگرچہ کافر نہیں۔ مگر مبتدع تو ہے۔

قولہ...... حضرت آپ ناراض نہ ہوں۔ اگر پہلے سے آپ سوچ لیتے تو میرا عزیز وقت ناحق آپ کے ساتھ ضائع نہ ہوتا۔

اقول...... آپ اپنے وقت کو اس مباحثہ میں ضائع سمجھتے ہیں تو آپ کا وقت ضائع ہوا ہوگا۔ لیکن حضرت من اس کا سبب میں نہیں ہوا۔ بلکہ اس کا سبب آپ کا پہلے سے باطل پر ہونا اور بعد تبین وظہور حق کے اس کا نہ تسلیم کرنا ہے۔ آپ اگر پہلے سے سوچ لیتے یا بعد ظہور حق کے تسلیم کر لیتے تو یہ وقت آپ کا ضائع نہ ہوگا۔ میں بھی آپ کے اس قول کے ساتھ اتفاق کرتا ہوں کہ فی الواقع آپ کا وقت ضائع ہوا۔ عنداللہ اس لئے کہ بعد ظہور حق کے باطل پر آپ اڑے رہے اور عندالناس اس لئے کہ آپ کو شکست فاحش اس مباحثہ میں ہوئی کہ زبانی عذر بار درمرض خسر صاحب خود کا کر کے پہلے ہی بحث کا ناتمام چھوڑ کر چل دیئے۔ ذالک ہوالخسر ان المبین! اور میرا وقت تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے ضائع نہیں ہوا۔ بلکہ میرے مخالف پر حجت تمام ہوگئی اور مجھ کو ناصر حقیقی نے فتح نمایاں نصیب کی۔ الحمدلله علیٰ ذالك! اور چونکہ احقر نے حتی الوسع اس مناظرہ کو محض احقاق حق کے لئے کیا۔ ریاوسمعہ یا کسی اور غرض دنیوی ونفسانی کے ساتھ منسوب ہونے سے اس کو بقدر استطاعت بچایا۔ ”والله علی مانقول وکیل“ اس لئے مجھ کو اپنے رب سے امید قوی ہے کہ اس کا اجر آخرت میں انشاء اللہ تعالیٰ مجھے ملے گا۔ ”وماتوفیقی الا بالله ولاحول ولا قوة الا بالله“

قولہ...... اب جب کہ آپ کے ان اوّل درجہ کے دلائل کی جن کو آپ نے تمام ذخیرہ سے چن کر پیش کیا تھا۔ آخر میں یہ کیفیت نکلی تو میں کیونکر اعتبار کروں کہ آپ کے دوسرے دلائل میں جان ہوگی۔

اقول...... یہاں سے آپ نے تمہید گریز کی شروع کی ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ جب وہ پانچ ادلہ جو سرسری طور سے جلسہ واحدہ میں بالمشافہ لکھ کر آپ کو دیئے گئے اور اس جلسہ میں ان کا جواب آپ سے نہ ہوسکا اور مہلت آپ نے طلب کی اور شرط بالمشافہ تحریر کو آپ نے حذف کر دیا اور غائبانہ جو جواب آپ نے لکھا وہ سراسر باطل اور ہیچ اور لغو محض اس لئے آپ کو یہ دھڑکہ پیدا ہوا کہ ان ادلہ سرسری کے جواب میں تو یہ حال ہے۔ پس اگر دوسرے ادلہ جو اطمینان سے لکھے جاویں گے اس کا جواب دہ میں کیونکر ہوسکوں گا اور جب بحث حیات ووفات میں جس کو میں اپنی دلیل قوی سمجھتا تھا یہ حال ہے تو بحث نزول بحث مسیح موعود میں کیا حالت گزرے گی۔ اس لئے آپ نے ذلت فرار کو اختیار فرمایا۔ یہ خیال نہ کیا کہ یہاں تو فرار کر کے اپنی جان بچالی۔ لیکن رب السموات والارض سے جان بچا کر کہاں جائے گا۔ اگر آپ کو کچھ حیا وغیرت یا خوف حق تعالیٰ کا ہے تو پھر آپ دہلی میں تشریف لائیے اور مباحثہ حیات ووفات کو حسب معاہدہ وشرط تمام کیجئے اور اس کے بعد نزول مسیح میں موافق عہد وشرط کے مباحثہ کیجئے اور پھر موافق وعدہ کے مباحثہ اپنے مسیح موعود ہونے میں۔ اگر آپ سچے مسیح موعود ہیں تو ضرور یہ ابحاث آپ کو پورے کرنے چاہئے۔ ورنہ یہی علامت آپ کی مسیح کاذب ہونے کے لئے کافی سمجھی جاوے گی۔ ’’فان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا النار التی وقودها الناس والحجارة اعدت للكافرين (بقره:٢٤)‘‘

مخفی نہ رہے کہ آپ نے اوپر یہ ظاہر کیا کہ خاکسار نے پانچ دلیلوں پر حصر کیا تھا۔ مگر یہاں آپ کے اقرار سے ثابت ہوا کہ آپ کے گمان میں میرے پاس دوسرے دلائل بھی موجود ہیں۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ آپ قصداً بھی جھوٹ بولا کرتے ہیں۔ جاننا چاہئے کہ میں نے خلاف اپنی عادت کے کچھ کلمات سخت یہاں آپ کو لکھے ہیں۔ مگر وہ کلمات آپ کے کلمات طیبہ کے مقابلہ وموازنہ میں کچھ سخت نہیں ہیں۔ اگر آپ فرمائیے گا تو موازنہ کر کے دکھا دیا جاوے گا۔ بایں ہمہ! اس قدر سختی بھی میں اپنی جبلت کے خلاف سمجھتا ہوں۔ میں گمان کرتا ہوں کہ حق تعالیٰ نے مجھ سے اس حکمت ومصلحت سے یہ لکھوائے ہیں کہ آپ غیرت میں آ کر پھر تینوں ابحاث کے لئے تیار ہوجاویں گے تو آپ کا دجل وتمویہ کھل جاوے گی۔

قولہ...... اور آج جیسا کہ آپ کی طرف سے تین پرچے لکھے جاچکے ہیں۔ میری طرف سے بھی تین پرچے ہوگئے۔ اب یہ چھ پرچے ہم دونوں کی طرف سے بجنسہ چھپ جانے چاہئے۔ پبلک خود فیصل کر لے گی۔

اقول...... جب مباحثہ ابھی ناتمام ہے تو پبلک کیسے فیصلہ کر سکتی ہے۔

قولہ...... چونکہ مساوی طور پر ہم دونوں کے پرچے تحریر ہو چکے ہیں۔ تین آپ کی طرف سے اور تین میری طرف سے اس لئے یہی پرچے بلاکم وبیش چھپ جائیں گے اور ہم دونوں میں سے کسی کو اختیار نہ ہوگا کہ غائبانہ طول پر کچھ اور زیادہ یا کم کرے۔

اقول...... یہ عجیب آپ کا انصاف ہے۔ آپ اپنے رقعے مورخہ ۲۳/اکتوبر میں لکھ چکے ہیں اور ''اس لحاظ سے کہ بحث کو بے فائدہ طور نہ ہو مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پرچوں کی تعداد پانچ سے زیادہ نہ ہو اور پہلا پرچہ آپ کا ہو۔''

اس کلام سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ آپ نے پانچ پرچوں تک کی احقر کو اجازت دی تھی اور مدعی بھی احقر کو بنایا تھا اور طبعی طور پر یہ امر ثابت ہے کہ مدعا علیہ کا پرچہ ایک کم ہونا چاہئے۔ مرزا قادیانی نے خط موسومہ مولوی محمد حسین صاحب مورخہ ۶/جون ۱۸۹۱ء میں خود لکھا ہے:

''پرچے پانچ ہونے چاہئیں جو صاحب اوّل لکھیں۔ ایک پرچہ زائد ان کا حق ہے۔''

اس خاکسار نے اوّل لکھا ہے۔ اس لئے ایک پرچہ زائد میرا حق ہے اور مرزا قادیانی کا ایک پرچہ کم ہونا چاہئے۔ پس جب احقر کو پانچ کی اجازت ہوئی تو آپ کو چار کی۔ اب اگر اس سے کم پر مقرر کرنا منظور تھا تو اس کی تین صورتیں تھیں یا تو ہر واحد کو مستقل کم کرنے کا اختیار دیا جاتا تو اس صورت میں تو مناظرہ ہی متصور نہیں۔ کیونکہ احد المناظرین مثلاً اگر دو تحریروں پر قصداً کرنا چاہتا ہے اور دوسرا تین پر یا احد المناظرین تین پر اور دوسرا چار پر احد المناظرین چار پر اور دوسرا پانچ پر تو مناظرہ کیسے ہو سکتا ہے۔ اس لئے کہ اجتماع اضداد محال ہے اور اگر احد المناظرین کو اختیار دیا جاوے نہ دوسرے کو ترجیح بلامرجح خلاف عدل ہے یا دونوں کو باتفاق رائے کم پر قصر کرنے کا اختیار ہے۔ یہی شق متعین ہے اور یہ آپ نے اختیار نہیں کی۔ اگر آپ کو میری تین تحریروں پر قصر کرنا تھا تو آپ پر دو امر واجب تھے۔

اوّل...... یہ کہ قبل قطع مباحثہ تراضی طرفین حاصل کر لیتے۔

دوم...... جس تقدیر پر احقر تین پرچوں پر راضی ہو جاتا تو آپ اپنے دو ہی پرچے رکھتے۔ تیسرا نہ لکھتے۔ جب آپ نے دو واجبوں کا ترک کیا تو اب نقض معاہدہ ومخالفت آپ سے صادر ہوئی۔ اس لئے اب مجھے عقلاً وشرعاً وقانوناً آپ کی اخیر تحریر کے جواب لکھنے کا اختیار باقی ہے۔ ہاں جو تحریرات مباحثہ میں ہوئی ہیں۔ وہ انشاء اللہ تعالیٰ بجنسہ محفوظ رہیں گے۔ اس میں کچھ کم وبیش نہ کیا جاوے گا۔ علاوہ اس کے وفات کی دلیل آپ نے اخیر پرچے میں لکھی اور وہ لکھ کر آپ چل دیئے

اور احقر کو مطلق موقع جواب کا نہ دیا۔ کیا یہی انصاف ہے۔ اگر آپ کو تیسرے پرچہ پر قطع بحث منظور تھی تو دلیل وفات دوسرے ہی میں لکھ دی ہوتی۔ کیا مسیح موعود کی ایسی دیانت ہونی چاہئے۔ ہاں مسیح کاذب کے لئے یہی زیبا ہے۔ سوائے اس کے آپ تحریر اخیر میں چند امور کا مطالبہ فرماتے ہیں۔ ایک جگہ لکھتے ہیں: ''بلکہ اگر وہ اپنے معنوں کو قطعیۃ الدلالۃ بنانا چاہتے ہیں تو ان پر فرض ہے کہ ان دونون باتوں کا قطعی طور پر فیصلہ کرلیں۔''

دوسری جگہ لکھتے ہیں: ''پھر مولوی صاحب کے پاس باوجود اس دوسرے معنی ابن عباسؓ اور عکرمہ کے کون سی قطعی دلیل اس بات پر ہے کہ اس ذکر اہل کتاب سے وہ لوگ قطعاً باہر رکھے گئے ہیں اور کون سی حجت شرعی یقینی قطعیۃ الدلالۃ اس بات پر ہے کہ اہل کتاب سے مراد اس زمانہ نامعلوم کی اہل کتاب ہیں۔ جس میں تمام وہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائیں گے۔''

تیسری جگہ لکھتے ہیں: ''اب فرمائیے کیا اس تحریف پر کوئی حدیث صحیح مرفوع متصل مل سکتی ہے۔''

چوتھی جگہ ہے: ''اگر کسی حدیث صحیح میں ایسی تحریف کی اجازت ہے تو بسم اللہ دکھلایئے۔''

پانچویں جگہ ہے: ''آپ اگر سچے ہیں تو اس کتاب اصح الکتب سے کوئی حدیث اس پایہ کی پیش کریں۔''

وغیرہ وغیرہ مقامات میں چند امور کا آپ مطالبہ کر رہے ہیں اور یہاں یہ ارشاد ہے کہ یہی پرچے بلاکم وبیش چھپ جائیں گے اور ہم دونوں میں سے کسی کو اختیار نہ ہوگا کہ غائبانہ طور پر کچھ اور زیادہ یا کم کریں۔ یہ اجتماع المتخالفین کیسا ہے۔

قولہ...... یہ بھی یاد رہے کہ تین پرچوں پر طبعی طور پر فریقین کے بیانات ختم ہوگئے ہیں۔

اقول...... یہ غلط محض ہے اور دعویٰ بلادلیل اور کذب صریح ہے۔ عقل ونقل کے مخالف کیونکہ میرے بیانات کا ختم ہونا آپ کو کیسے معلوم ہوا۔ علاوہ اس کے ابھی تک اس خیال سے کہ یہ مقدمہ آپ کے مسلمات سے ہے کہ قبل موتہ کا مرجع حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ دلیل تحقیقی اس پر قائم نہیں کی گئی تھی۔ آپ کے مسلمات پر بنا رکھی گئی تھی اور یہ ارادہ تھا کہ اگر آپ مطالبہ دلیل تحقیقی کریں گے تو دلیل تحقیقی بیان کی جاوے گی۔ سو آپ نے ص۱۴ تحریر اخیر میں مطالبہ تو کیا اور جواب کا انتظار آپ نہیں کرتے ہیں۔ کیا یہی قطعی طور پر فریقین کے بیان پر ختم ہونا ہے تو یہ ظلم صریح ہے۔

''وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون''

علاوہ اس کے باوجود مطالبہ آپ نے کسی پرچہ میں دلیل وفات مسیح علیہ السلام تحریر نہیں فرمائی۔ ہاں پرچہ اخیر میں دو دلیلیں لکھی ہیں تو اب مہلت آپ جواب کی نہیں دیتے ہیں۔ کیا یہی طبعی طور پر فریقین کے بیانات کا ختم ہونا ہے۔ اس سے صریح آپ کی چالاکی معلوم ہوتی ہے۔ آپ کو کتمان حق ودجل وتمویہ مقصود ہے۔ اظہار صواب واحقاق حق ہرگز مطلوب نہیں۔ اگر احقاق حق منظور ہوتا تو ایسے امور کا ارتکاب آپ ہرگز نہ کرتے۔ آپ اگر سچے ہیں تو پھر دہلی میں آکر مباحثہ حیات ووفات کو ختم کیجئے۔ اس کے بعد نزول مسیح علیہ السلام میں پھر اپنے مسیح موعود ہونے میں بحث کیجئے۔ ورنہ آپ مسیح کاذب تصور کئے جاویں گے۔

قولہ...... اس مضمون کے شائع ہونے کے بعد جب پبلک کی طرف سے منصفانہ رائیں شائع ہوں گی اور ثالثوں کے ذریعہ سے صحیح رائے جوحق کی مؤید ہو پیدا ہو جائے گی تو اس تصفیہ کے بعد آپ تحریری طور پر دوسرے امور میں بحث کر سکتے ہیں۔

اقول...... یہ امر معاہدہ وشرط کے خاف ہے۔ کیونکہ آپ تین رقعوں میں تحریر فرما چکے ہیں کہ: ''پہلے مسئلہ حیات ووفات مسیح ابن مریم میں بحث ہوگی۔ اس کے بعد نزول مسیح ابن مریم میں اور عاجز کی مسیح موعود ہونے میں یہ قید جواب آپ نے زیادہ کی ہے۔ یعنی اس مضمون کے شائع ہونے کے بعد جب پبلک کی طرف سے منصفانہ رائیں شائع ہوں گی اور ثالثوں کے ذریعہ سے صحیح رائے جوحق کی مؤید ہو پیدا ہو جائے گی۔''

کسی رقعہ میں نہیں تحریر فرمائی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو دفع الوقتی مقصود ہے۔ احقاق حق سے کچھ کام نہیں بھلا یہ تو فرمائیے کہ وہ پبلک کون ہوگی اور وہ ثالث کون ہوں گے۔ اگر میری جماعت نے فیصلہ کیا تو آپ اس کو تسلیم نہ کریں گے اور آپ کی جماعت نے فیصلہ کیا تو میں اس کو تسلیم نہ کروں گا۔ پھر وہ فیصلہ کرنے والی جماعت کون ہوگی۔ میرے نزدیک اگر جماعت پر ہی فیصلہ کرنا رکھا جاوے تو یہ شکل عمدہ معلوم ہوتی ہے کہ میری چاروں تحریریں اور آپ کی تین تحریریں ایک جماعت کے سامنے پیش ہوں کہ ان میں دو آدمی میرے مذہب کے میری پسند کی موافق ہوں اور دو آدمی آپ کے مذہب کے آپ کی پسند کے مطابق اور ایک وہ شخص ہو کہ نہ میری جماعت میں داخل ہو اور نہ آپ کی جماعت میں جیسے کوئی عیسائی عالم یا کوئی آریہ سماج عالم یا کوئی نیچری عالم مانند سید احمد خان صاحب وغیرہ کے اور اس کا منتخب کرنا بھی ہم دونوں کے اتفاق سے ہو۔ پھر فیصلہ کثرت رائے پر کیا جاوے اس کے سوا اور کسی طرح پر کسی جماعت کا فیصلہ قابل قبول نہیں معلوم ہوتا۔

قولہ...... لیکن اس تحریری بحث کے لئے میرا اور آپ کا دہلی میں مقیم رہنا ضروری نہیں۔ جب کہ تحریری بحث ہے تو دورہ کر بھی ہوسکتی ہے۔

اقول...... یہ امر بھی معاہدہ وشرط کے خلاف ہے۔ کیونکہ معاہدہ وشرط یہ ہے کہ تحریری بحث بالمشافہ ہو ورنہ آپ کا دہلی میں آنا عبث تھا اور مجھ کو دہلی میں طلب فرمانا بھی عبث۔ اگر آپ پہلے سے یہ سوچ لیتے تو مجھے اور آپ دونوں کو دہلی کے جانے کی تکلیف کیوں کرنی پڑتی۔ پس آپ کی اس تحریر سے ہر منصف مزاج بخوبی آپ کی گریز تسلیم کرلے گا اور غالباً آپ کو بھی اس تحریر کے بعد جس سے صریح گریز ٹپک رہی ہے۔ پشیمانی ہوئی ہوگی اور آئندہ آپ کسی سے مناظرہ کا نام نہ لیں گے اور نہ کوئی اور اہل علم آپ کو بایں پریشان خیالی مناظر بنانا چاہئے گا۔ جب تک کہ آپ کے حیلہ جوئیوں کا پورا بندوبست نہ کرے۔ والحمد اللّٰہ اوّلاً وآخرا وظاھرا وباطنا وآخردعوانا ان الحمد للّٰہ رب العالمین وصلی اللّٰہ علی خیر خلقہ محمد وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین!

نظم دلپذیر ریختہ طبع وقاد وذہن نقاد گلشن آرای شیوا بیانے

منشی سید شکیل احمد صاحب سہسوانے سلمہ اللہ تعالیٰ

دین احمد کا زمانہ سے مٹا جاتا ہے
قہر ہے اے مرے اللہ یہ ہوتا کیا ہے
عافیت تنگ ہے بے دینوں سے دینداروں کی
قائم اب تک ہے یہ دنیا سبب اس کا کیا ہے
نفخ میں صور کے یارب ہے تامل کیسا
اب قیامت کے بپا ہونے میں وقفہ کیا ہے
ٹوٹ پڑتا نہیں کس واسطے یا رب یہ فلک
کیوں زمین شق نہیں ہوتی یہ تماشا کیا ہے
کس لئے مہدیٔ برحق نہیں ظاہر ہوتے
دیر عیسیٰ کے اترنے میں خدایا کیا ہے
عالم الغیب ہے آئینہ ہے تجھ پر سب حال
کیا کہوں ملت اسلام کا نقشہ کیا ہے
رات دن فتنوں کی بوچھاڑ ہے بارش کی طرح
گر نہ ہو تیری صیانت تو ٹھکانا کیا ہے
مضمحل ملت بیضا ہے مسلمان ضعیف
ملحدوں کی جو بن آئے تو اچنبا کیا ہے
فکر بے دینوں کو بس یہ ہے کہ ہر پہلو سے
مال دنیا کا ملے دولت عقبےٰ کیا ہے
حائل منزل مقصود ہیں قطاع طریق
نقد ایمان کے تحفظ کا طریقہ کیا ہے
شغل یاروں کا ہے تحریف کتاب وسنت
دین جاتا ہے تو جائے انہیں پروا کیا ہے
یا رب اس دور پر آشوب میں ایمان قائم
تو ہی رکھے تو رہے ورنہ بھروسا کیا ہے

قادیانی نے نیا فتنہ کیا ہے برپا — میں مسیحا ہوں وہ کہتا ہے مسیحا کیا ہے
یک قلم زندگی ورفع ونزول عیسیٰ — سب کا منکر ہے اس آفت کا ٹھکانا کیا ہے
صاف کہتا ہے کہ نجار کے بیٹے تھے مسیح — ہوئے بے باپ کے پیدا یہ عقیدہ کیا ہے
کی ہے وہ ہرزہ درائی کہ عیاذاً باللہ — ٹکڑے ٹکڑے ہو دل سن کے کلیجا کیا ہے
پہلے ملا تھا پھر الہامی بنا پھر عیسیٰ — قابل دید تماشا ہے یہ مرزا کیا ہے
کی ہے کیا جلد ترقی پہ ترقی حاصل — وہ اے ہمت عالی ترا کہنا کیا ہے
حوصلہ اس کا بمعنی یہی کہتا ہے ابھی — دیکھتے جائیں ابھی آپ نے دیکھا کیا ہے
دیکھتے ہیں جو دکھاتا ہے تو ہم کو یارب — سنتے ہیں تو جو سناتا ہے بس اپنا کیا ہے
صرف تحصیل زرومال ووجاہت ہے غرض — اور اس دعویٰ باطل کا نتیجہ کیا ہے
مومنو ابلہ فریبی میں نہ آنا اس کے — ایک ہی فتنہ ہے تم نے اسے سمجھا کیا ہے
نہ سمجھ بیٹھنا اس کو کہیں عیسیٰ کا مثیل — دیکھو قرآن واحادیث کا منشاء کیا ہے
جائے وہنگام وعلامات نزول عیسیٰ — سب احادیث میں موجود ہیں چھوٹا کیا ہے
کوئی انصاف سے دیکھے اگر اس نامہ کو — ابھی کھل جائے وہ سچا ہے کہ جھوٹا کیا ہے
موجزن اس میں ہیں حقیقت حق کی مضمون — یہ رسالہ ہے خدا جانے کہ دریا کیا ہے
ہوا قرآن سے اثبات حیات عیسیٰ — یہ کرامت ہے کہ اعجاز مسیحا کیا ہے
رہنما ہے یہ کتاب اہل سعادت کے لئے — جو ازل کے ہیں شقی تذکرہ ان کا کیا ہے
کٹ گئے دشمن دین دیکھ کے اس کے مضمون — سیف مسلول کہوں اس کو تو بیجا کیا ہے
آخری وقت کے فتنوں سے بچانا یا رب — ہے یہی دل کی مراد اور تمنا کیا ہے

قطعہ تاریخ طبع کتاب منہ سلمہ اللہ تعالیٰ

ایک اک دعویٰ بے اصل مسیح کاذب — خوب آیات واحادیث سے مردود ہوا
پڑھ کے اس نامہ کو دیندار یہی کہتا ہے — نکلا ارمان مرا حاصل مرا مقصود ہوا
خدع مرزا کا کھلا لوگ ضلالت سے بچے — تیری تائید سے یہ اے مرے معبود ہوا
طبع کے سال کا اس نامہ کے القاء مجھ کو
مثبت زندگی عیسیٰ موعود ہوا

۱۳۰۹ھ

حاشیہ جات

۱ مقصود اس مقام پر ابطال ہے۔ اوّل جمیع احتمالات کا جو مفسرین لکھتے ہیں۔ سوائے معنی مختار راقم کے باعتبار ان کے ظاہر معنی کے اور نیز ابطال معنی کا جن کو مرزاقادیانی اور ان کے اتباع زمانہ تحریر ہذا تک لکھ چکے ہیں۔ پس جاننا چاہئے کہ وہ احتمالات جو مفسرین نے لکھے ہیں وہ تین ہیں۔ ایک یہ کہ ضمیر موتہ کی کتابی کی طرف عائد ہے اور ضمیر بہ کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف دوسرا یہ کہ ضمیر موتہ کی کتابی کی طرف عائد ہے اور ضمیر بہ کی آنحضرتﷺ کی طرف تیسرا یہ کہ ضمیر موتہ کی کتابی کی طرف عائد ہے اور ضمیر بہ کی اللہ تعالیٰ کی طرف اور ان تینوں احتمالالت کا مرجع ایک ہے۔ جیسا کہ تفسیر مظہری وغیرہ میں مرقوم ہے اور ظاہر معنی اس کے یہ ہیں کہ نہیں کوئی اہل کتاب میں سے۔ مگر البتہ ایمان لاتا ہے وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام یا آنحضرتﷺ یا اللہ تعالیٰ پر اپنے مرنے سے پہلے یعنی وقت زہوق روح کے اور اس معنی کا یہی مطلب علماء سمجھے ہیں۔ حافظ فتح الباری میں نقلاً عن النووی لکھتے ہیں۔ ’’وهذا المذهب اظهر لان الاوّل يخص الكتابى الذى يدرك نزول عيسىٰ وظآهر القرآن عمومه فى كل كتابى فى زمن نزول عيسىٰ وقبله انتهى ‘‘ اور ایسا ہی قسطلانی نے لکھا ہے۔ فتح البیان میں ہے۔ ’’وقال الزجاج هذا القول بعيد لعموم قوله تعالىٰ وان من اهل الكتاب والذين يبقون يومئذ يعنى عند نزوله شرذمة قليلة منهم تفسير مظهرى میں ہے۔ وكيف يصح هذا التاويل مع ان كلمة ان من اهل الكتاب شامل للموجودين فى زمن النبىﷺ سواء كان هذا الحكم خاصابهم اولًا فان حقيقة الكلام للحال ولاوجه لان يرادبه فريق من اهل الكتاب يوجدون حين نزول عيسىٰ عمر فالتاويل الصحيح هوا الاوّل انتهى ‘‘ اور قاعدہ مذکورہ بے شک ان معانی کے ابطال کے لئے کافی ہے رہا ابطال اس معنی کا باعتبار دوسرے مطلب کے جو غیر ظاہر ہے اور اس احتمال کا جو مرزاقادیانی نے بعد کو پیدا کیا۔ سو وہ اس تقریر سے ہوتا ہے جو مقدمہ اور تحریر چہارم میں مذکور ہے۔ بلکہ وہ تقریر سب احتمالات عقلیہ کے ابطال کے لئے کافی ہے۔

۲ فتح البیان میں ہے۔ ’’وقد اختار كون الضميرين لعيسى ابن جرير وبه قال جماعة من السلف وهو الظاهر لانه تقدم ذكر عيسىٰ وذهب كثير من التابعين فمن بعدهم الىٰ ان المراد قبل موت عيسىٰ كماروى عن ابن عباس قبل هذا انتهى ملخصاً ‘‘ فتح الباری میں ہے۔ ’’ونقله عن اكثر اهل العلم درجحه

ابن جریر وغیرہ انتھی ''جمل حاشیہ جلالین میں ہے۔''قال عطاء اذا نزل عیسیٰ الیٰ الارض لایبقی یھودی ولا نصرانی ولااحد یعبد غیر اللّٰہ الا آمن بعیسیٰ وانہ عبداللّٰہ وکلمتہ انتھت جامع البیان میں ھے۔ ای قبل موت عیسیٰ بعد نزول عند قیام الساعۃ فیصیر الملل واحدۃ وھی ملۃ الاسلام ''الحنیفیۃ اکلیل میں ہے۔''قولہ تعالیٰ وان من اھل الکتاب الالیؤمنن بہ قبل موتہ فیہ نزول عیسیٰ اخرجہ الحاکم عن ابن عباس انتھی''

۳… مرزا قادیانی نے وجہ چہارم کا کچھ جواب نہیں دیا۔ اس خیال سے کہ اگر موتہ کی ضمیر کا مرجع حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو تسلیم کرتے ہیں تو حیات ثابت ہوتی ہے اور اگر نہیں تسلیم کرتے تو توضیح المرام اور ازالۃ الاوہام کی خطا ثابت ہوتی ہے۔ مگر یہ دیانت کے خلاف ہے۔ مرزا قادیانی پر احدالامرین واجب ہے یا توضیح المرام اور ازالۃ الاوہام کی خطا کا اقرار کریں یا حیات کو تسلیم کریں اور اگر دونوں میں سے ایک بھی نہ کریں گے تو یہ علامت ہے ان کے مسیح کاذب ہونے کی۔

۴… ان وجوہ کا جواب مرزا قادیانی نے کچھ نہیں دیا۔ اس سے ثابت ہوا کہ اپنا مدعی وفات ہونا تسلیم کرلیا۔ مرزا قادیانی نے ان وجوہ کے جواب سے خاص کر وجہ دوم کے جواب سے اس لئے گریز کی ہے کہ اس میں پہلے ملہم ہونا ثابت کرنا پڑتا ہے اور اس کے اثبات کے لئے مرزا قادیانی کے پاس کچھ نہیں ہے۔ مرزا قادیانی اس وجہ میں ایسے بند کئے گئے ہیں کہ کوئی شق اختیار نہیں کر سکتے ہیں۔ ہر شق پر ان پر سخت الزام آتا ہے۔ مرزا قادیانی کے پاس اگر کچھ جواب ہے تو تحریر فرماویں۔ ورنہ مسیح کاذب تصور کئے جائیں گے۔ اگر کچھ جواب نہیں تو ابھی دروازہ توبہ کا کھلا ہے۔ زہوق روح سے پہلے توبہ کرلیں اور دعویٰ مسیح موعود والہامات کاذبہ سے دست بردار ہو جاویں۔''وما علینا الا البلاغ والا راہ فاعلا ''خود مرزا قادیانی سے اگر اس کا جواب نہ ہوسکے تو یہ بھی ان کو اختیار ہے کہ اپنے شہداء وانصار کو جمع کرلین۔ میرے نزدیک یہی ایک وجہ مرزا قادیانی کی پردہ دری وکشف حقیقت کے لئے کافی ہے۔

۵… اس تقدیر پر ایک قباحت یہ بھی ہے کہ جب خود آپ کو مسیح کے فوت ہونے کا یقین قانون قدرت وآیات قرآن کریم سے حاصل نہیں ہوا تھا تو دوسروں کو آپ صرف قانون قدرت وآیات قرآن کریم کی بناء پر اس یقین پر کیوں مجبور کرتے ہیں۔

۶… اس دندان شکن تقریر کا جواب مرزا قادیانی سے کچھ نہ ہوسکا۔ پس حجت ان پر تمام ہوگئی۔ الحمدللہ علیٰ ذلک! سخت بے غیرتی وبے حیائی کی بات ہے کہ ایسے سخت الزام کا کچھ جواب نہ

دیا جاوے۔ اگر مرزا قادیانی اوران کے اتباع کے پاس کچھ جواب ہے تو دیں۔ ورنہ اپنے دعاوی باطلہ سے رجوع کریں۔ ابھی باب توبہ مفتوح ہے۔ ولا اراھم فاعلین!

۷ یہ جواب تو الزامی ہے اور تحقیقی جواب یہ ہے کہ جس قدر آثار صحابہ واقوال تابعین ہمارے معنی کے مخالف ہیں اور قرأت ابی بن کعب یہ سب ضعیف وبلاسند ہیں۔ اس لئے ان کی بناء پر کوئی اعتراض وارد نہیں ہوسکتا ہے۔ علاوہ اس کے خالص استقبال بھی وہاں ہوسکتا ہے۔

۸ یہ جواب تو الزامی ہے اور جواب تحقیقی یہ ہے کہ دیگر معانی کا لکھنا منافی قطعیۃ نہیں۔ کیونکہ دیگر معانی تو ہم نے دلیل سے باطل کر دیئے۔

۹ یہ جواب تو الزامی ہے اور تحقیقی یہ ہے کہ جب ہم نے سب احتمالات مخالفہ کو باطل کر دیا تو اب اس آیت کے قطعیۃ الدلاۃ ہونے میں کیا شک رہا۔

۱۰ یہ جواب الزامی ہے۔ تحقیقی جواب یہ ہے کہ ہم نے احتمالات مخالفہ کو بدلیل باطل کر دیا تو اب آیت کے قطعیۃ الدلالۃ ہونے میں کیا شک رہا۔

۱۱ یہ جواب الزامی ہے اور تحقیقی یہ ہے کہ جب ہم نے سب احتمالات مخالفہ کو دلیل سے باطل کر کے دکھلا دیا تو اب آیت کے قطعیۃ الدلالۃ ہونے میں کیا شبہ رہا۔

۱۲ اور تفسیر فتح القدیر اور تفسیر فتح البیان اور تفسیر جامع البیان سے بھی کذب اس قول کا ظاہر ہوتا ہے۔

۱۳ یہ تو دلیل الزامی ہے اور تحقیقی دلیل یہ ہے کہ ہم نے بدلیل قطعی ثابت کر دیا کہ مرجع موتہ کا عیسیٰ علیہ السلام میں۔ فتذکر!

۱۴ مرزا قادیانی سے اس کا جواب کچھ نہ ہوسکا اور اقرار حق تو ان کے جبلت میں ہی نہیں ہے۔

۱۵ مرزا قادیانی سے اس کا جواب کچھ نہ ہوسکا۔ یہ اوّل دلیل ہے۔ مرزا قادیانی کے کذب پر میں، آپ اور آپ کے سب اتباع کے لئے اشتہار دیتا ہوں کہ اگر قرآن مجید یا حدیث صحیح میں سوائے احادیث نزول عیسیٰ ابن مریم کے ابن مریم کا لفظ ایسا نکال دیں کہ وہاں عیسیٰ بن مریم مراد نہ ہوسکے اور یقیناً مثیل عیسیٰ مراد ہو تو میں آپ کے دعویٰ مسیح موعود ہونے کو تسلیم کر لوں گا۔ ورنہ آپ کو اس دعویٰ سے توبہ کرنی لازم ہوگی۔

۱۶ یہ تو دلیل الزامی ہوئی اور دلیل تحقیقی مقدمہ وتحریر رابع میں مذکور ہے۔ فلیراجع الیھما!

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

بیان للناس

حضرت مولانا عبدالمجید دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اعوذ باللّٰہ السمیع العلیم من وسوسة الشیطان الرجیم
بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم!

الحمد للّٰہ الذی شرّفنا بالعلم الراسخ وانزل فی محکم کتابه والراسخون فی العلم یقولون اٰمنا به کل من عند ربنا وما یذکر الا اولو الالباب وامرنا بقوله المجید ما اٰتٰکم الرسول فخذوه وما نهٰکم عنه فانتهوا واتقو اللّٰہ ان اللّٰہ شدید العقاب وان تنازعتم فی شئ فردوه الیٰ اللّٰہ والرسول ان کنتم تؤمنون باللّٰہ والیوم الاٰخر ذلك خیر واحسن تاویلا وعرفنا باالدین الناسخ وعلمنا حقائق الاخبار ودقائق الاحکام وما کان لمؤمن ولا مؤمنة اذا قضے اللّٰہ ورسوله امراً ان یکون لهم الخیرة من امرهم ومن یعص اللّٰہ ورسوله فقد ضلّ ضللا مبینا ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النبیین وکان اللّٰہ بکل شئ علیما۰ وافازنا من طبقة الانام بفضله التام نعمه الکاملة التی ذکرها فی کتابه المبین الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا۰ وصلے اللّٰہ تعالیٰ علےٰ خیر عباده وسید البشر الذی ارسل الیٰ الناس کافة بشیراً ونذیرا۰ ونضره ببشریٰ قوله انا فتحنا لك فتحاً مبینا لیغفر لك اللّٰہ ما تقدم من ذنبك وما تأخر ویتم نعمته علیك ویهدیك صراطاً مستقیما۰ وینصرك اللّٰہ نصراً عزیزاً وعلےٰ اله الاطهار الذین یؤفون بالنذر ویخافون یوماً کان شرّه مستطیراً ویطعمون الطعام علےٰ حبه مسکیناً ویتیما واسیراً واصحابه الذین اٰمنوا وهاجروا وجاهدوا فی سبیل اللّٰہ باموالهم وانفسهم اعظم درجة عندللّٰہ واولئك هم الفائزون یبشرهم ربهم برحمة منه ورضوان وجنة لهم فیها نعیم مقیم خالدین فیها ابدا!

یعنی سب تعریف اس ذات پاک کی ہے جس نے ہم کو علم راسخ بخشا اور اپنی کتاب محکم میں نازل فرمایا کہ جو علم میں راسخ ہیں۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ ہم اس کے ساتھ ایمان لائے۔ سب ہمارے پروردگار کی طرف سے اس سے عقلمند ہی نصیحت پکڑتے ہیں اور اپنے کلام بزرگ میں ہم کو اس بات کی ہدایت کی کہ جو کچھ رسول تم کو دے اس کو لے لو اور جس سے منع کرے اس سے باز رہو

اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ اللہ کا عذاب سخت ہے اور اگر تم میں کسی امر میں جھگڑا واقع ہو تو اس کو اللہ اور رسول کی طرف پھیرو۔ اگر اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو بہتر اور ٹھیک کام یہی ہے اور ہم کو دین ناسخ کی معرفت دی اور اس کے حقائق دقائق سے آگاہ فرمایا۔ کسی مؤمن مرد اور عورت کو لائق نہیں کہ جب اللہ اور رسول کوئی حکم فرمادے تو کسی طرح کی چون و چرا کریں اور جس نے اللہ اور رسول کی نافرمانی کی وہ صریح گمراہ ہوا۔ محمد ﷺ تم مردوں میں سے کسی کا باپ نہیں۔ لیکن رسول ہے اللہ کا اور ختم کرنے والا نبیوں کا اور اللہ ہر چیز جانتا ہے اور ہم کو اپنے پورے فضل اور کامل نعمت سے مشرف فرمایا۔ چنانچہ کتاب مبارک میں ارشاد ہوتا ہے کہ آج کے دن میں نے تمہارا دین کامل اور اپنی نعمت کو پورا اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند کیا اور اللہ تعالیٰ، سب کے سردار اور ساری مخلوق سے بہتر پر رحمت کرے۔ جس کو تمام جہان پر رسول کر کے بھیجا۔ بشارت سنانے والا اور ڈرانے والا اور جس کو اس بشارت سے خودسند فرمایا کہ ہم نے تم کو فتح ظاہر دی اور تمہارے اگلے پچھلے گناہ بخشے اور اپنی نعمت تم پر پوری کی اور سیدھا راستہ بتایا اور پوری مدد کی اور اس کی آل پاک پر جو نذروں کو پورا کرتے اور قیامت کے دن سے ڈرئے تھے اور اللہ کی محبت میں مسکین اور یتیم اور قیدی کو کھانا کھلاتے تھے اور اس کے اصحاب پر جو ایمان لاتے اور ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کیا وہ لوگ اللہ کے نزدیک بڑے درجے والے ہیں اور وہی مراد کو پہنچے، اللہ ان کو اپنی رحمت اور رضامندی اور بہشتوں کی بشارت دیتا ہے۔ جس میں ان کے لئے نعمت ہے ہمیشہ کی۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

امابعد! اگرچہ انسان کی ابتداء ایک نطفۂ ناپاک ہے اور آخر ایک مشت خاک، مگر صانع حقیقی نے اس نطفۂ ذلیل کو اپنی صنعت کاملہ سے ایسا بنایا ہے کہ یہ اس کا نمونہ کہلایا۔ ’’ان اللّٰه خلق اٰدم علیٰ صورة الرحمن ‘‘ اور اس بےارادہ اور بےحس مشت خاک کو اپنی قدرت تامہ سے وہ عزم اور ارادہ عنایت فرمایا کہ اس نے اپنی ترقی کی حد سے بھی کہیں بڑھ کے خیال جمایا۔ لیکن اس میں چونکہ کوئی ذاتی قوت نہیں ہے۔ صرف عنایت ہی عنایت ہے۔ لہٰذا جب تک اپنی حقیقت اور صانع حقیقی کی قدرت کاملہ اور منعم کے انعام عام پر نظر رکھتا ہے اور محض اس کی عنایت پر بھروسہ کر کے کسی میدان میں قدم بڑھاتا ہے بڑھتا چلا جاتا ہے۔ ’’لئن شکرتم لا زیدنکم ‘‘ اور جب چلتے چلتے کچھ گھمنڈ آ گیا تو خودی کا پردہ چھا گیا۔ وہیں سے اوندھے منہ آتا ہے، گرایا جاتا ہے۔ کیا کرایا سب گنواتا ہے۔ ’’ولئن کفرتم ان عذابی لشدید ‘‘ اسی واسطے

ایک مقام اس کا اعلیٰ علیین ہے اور دوسرا اسفل السافلین۔’’ ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ هدیتنا وهب لنا من لدنك رحمة انك انت الوهاب ‘‘چونکہ مجھے اس بیان میں اختصار مدنظر ہے۔ اس لئے نظائر وامثال سے تو حذر ہے۔ زمانہ کی تاریخ پر جس کی نظر غائر ہے۔ اس پر بخوبی ظاہر ہے کہ ہر وقت اور ہر زمانہ میں اس کی بے شمار مثالیں مل سکتی ہیں۔ انسان کی حالت ہی کچھ اس ڈھب کی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فضل اور اس کی رحمت وتوفیق صبر وقناعت میں اس کی رفیق نہ ہو تو کسی ترقی پر اس کو بس نہیں ہوتی اور اپنے آپے میں نہیں سماتا۔ بادشاہوں پر خروج کرنے اور بادشاہ بننے کا خیال تو عام لوگوں میں رہا ہے اور رہتا ہے۔ ولی، غوث، قطب، ابدال ہزاروں بنے۔ نبوت پر بھی بہت ہی لوگوں نے ہاتھ مارے، خدائی کے دعویٰ کئے، عیسیٰ اور محمد بننے کی حرص تو اس قدر لوگوں نے کی جن کا شمار نہیں ہوسکتا۔

اسی کے قریب قریب مرزا غلام احمد قادیانی کا حال ہے کہ اوّل جناب ولایت کے مدعی ہوئے۔ پھر حضرت غوث الاعظمؒ کی برابری کا خیال سمایا۔ پھر ان سے بلکہ تمام اولیاء اللہ سے جو اس وقت تک گذرے ہیں تفوق اور بڑائی کا اشتہار دیا کہ میں سب اعلیٰ اور اولیٰ ہوں۔ پھر کبھی مثیل آدم اور کبھی مثیل نوح، کبھی مثیل ابراہیم ویوسف اور کبھی مثیل موسیٰ وداؤد علیہم الصلوٰۃ والسلام ہوئے۔ یہاں تک کہ درجہ بدرجہ مدت تک مثیل عیسیٰ علیہ السلام رہے۔ اب حضرت کے خیال نے اور ترقی کی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مار کران کے عہدہ پر ہاتھ بڑھایا اور مسیح موعود بن بیٹھے۔ لیکن یہ نہ سمجھے جس کو خدا نہ بنائے وہ کیا بن سکتا ہے۔

رباعی

دوں ہمت اگر بال زرے پیدا کرد
چوں مور برائے خود پرے پیدا کرد
کئی مرتبہ سفلہ فزاید اسباب
عیسیٰ نشود ہر کہ خرے پیدا کرد

یہ سب دعویٰ مرزا قادیانی کے اشتہارات ورسائل سے ظاہر ہیں۔ دیکھو (ازالہ اوہام ص۲۵۳، خزائن ج۳ ص۲۲۷، توضیح مرام ص۱۸،۱۹، خزائن ج۳ ص۵۹،۶۰ ملخص، فتح الاسلام ص۱۵تا۱۹، خزائن ج۳ ص۱۱،۱۲ ملخص) چونکہ مرزا قادیانی ترکیب اور تدریج سے چلے ہیں۔ اس لئے فرماتے ہیں کہ مسیح موعود ہونے کا دعویٰ میرا نیا نہیں ہے۔ براہین احمدیہ میں اس کی تمہید میں کر چکا تھا۔ لوگ نہیں سمجھے

تھے اب ازالہ میں ایک اور دعویٰ کی تمہید آپ نے ڈالی ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ ''بار بار یا احمد کے خطاب سے مخاطب کر کے ظلی طور پر (اللہ تعالیٰ نے مرزا قادیانی کو) مثیل سید الانبیاء وامام الاصفیاء حضرت مقدس ﷺ قرار دیا۔''

دیکھو (ازالہ اوہام ص۲۵، خزائن ج۳ ص۲۲۸) میں فرماتے ہیں: ''اور اس آنے والے (یعنی مرزا قادیانی) کا نام جو احمد رکھا گیا ہے وہ بھی اس کے مثیل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ کیونکہ محمد جلالی نام ہے اور احمد جمالی اور احمد اور عیسیٰ اپنے جمالی معنوں کی راہ سے ایک ہی ہیں۔ اسی کی طرف یہ اشارہ ہے۔''

''مبشراً برسول یأتی من بعدی اسمه احمد'' (یعنی اس آیت میں مرزا قادیانی ہی کا ذکر ہے)

دیکھو (ازالہ اوہام ص۶۷۳، ۶۷۵، خزائن ج۳ ص۴۶۳، ۴۶۴) میں فرماتے ہیں کہ یہ آیت ''ھو الذی ارسل رسوله بالھدیٰ ودین الحق لیظھره علے الدین کله'' اسی مسیح ابن مریم کے زمانہ سے متعلق ہے۔ یعنی مرزا قادیانی ہی کے حق میں ہے تو مرزا قادیانی کی یہ ایک اور نئی تمہید ہے اور اس کے متعلق یہ کشف کہ ''تین شہروں کا نام اعزاز کے ساتھ قرآن مجید میں لیا گیا ہے۔ مکہ اور مدینہ اور قادیان۔'' (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۷۷، خزائن ج۳ ص۱۴۰ حاشیہ)

اور اسی کے متعلق یہ الہام اور اس قسم کے دیگر الہام ہیں۔ جیسے ''انا انزلناه قریباً من القادیان'' (ازالہ اوہام ص۷۵ حاشیہ، خزائن ج۳ ص۱۳۹)

مرزا قادیانی نے ایک کمال اور کیا ہے کہ صرف اپنے ہی حق میں ان مراتب کو تمام نہیں کیا۔ بلکہ اپنی اولاد کو بھی اس میں شریک کرنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں۔ ''خدائے تعالیٰ نے ایک قطعی اور یقینی پیش گوئی میں میرے پر ظاہر کیا ہے کہ میری ذریت میں سے ایک شخص پیدا ہوگا۔ جس کو کئی باتوں میں مسیح سے مشابہت ہوگی۔ وہ آسمان سے اترے گا اور زمین والوں کی راہ سیدھی کر دے گا۔ وہ اسیروں کو رستگاری بخشے گا اور ان کو جو شبہات کی زنجیروں میں مقید ہیں رہائی دے گا۔ ''فرزند دل بند گرامی ارجمند مظهر الحق والعلاء کان اللّٰه نزل من السماء'' لیکن یہ عاجز (یعنی مرزا قادیانی) ایک خاص پیش گوئی کے مطابق جو خدائے تعالیٰ کی مقدس کتابوں میں پائی جاتی ہے مسیح موعود کے نام پر آیا ہے۔''

(ازالہ اوہام ص۱۵۵، ۱۵۶، خزائن ج۳ ص۱۸۰)

مرزا قادیانی نے دعوؤں کو بذریعہ رسائل واشتہارات بارہ سال کے عرصہ میں بہت کچھ شائع کیا۔ مگران کا ذکر خیر ملک پنجاب سے بہت ہی کم باہر نکلا۔ جب اس طرح کام نہ چلا تو مرزا قادیانی خود نکلے اور پنجاب کے بڑے بڑے شہروں میں دورہ کرنے لگے۔ گو پنجاب میں مرزا قادیانی کے کچھ لوگ معتقد ہیں۔ مگر باوجود کوشش بسیار اپنے مقصد کے حاصل کرنے میں مرزا قادیانی کا نمبرنا کامیابی کے بہت ہی قریب رہا اور ہے۔ ’’وما تشاؤن الا ان یشاء اللہ‘‘ شہر دہلی جس طرح ایک مدت بادشاہان سلف کا دارالخلافہ رہا ہے۔ اسی طرح بیت العلوم بھی اس کا نام ہے اور واقعی یہ وہ مقام ہے کہ بڑے بڑے دور دراز سفر طے کر کے لوگ صرف اس کو دیکھنے آتے ہیں اور جن علماء کی لیاقت علوم کی چار دانگ ہندوستان میں دھاک اور کمال ہنر وفنون کے تمام عالم میں دھوم ہے۔ وہ اسی خاک میں سوتے ہیں۔ مبارک یہ زمین جس میں رنگ برنگ کے گل پھول ہیں جو اپنے رنگ وبو سے عالم کو معطر کر گئے۔ حقیقت میں یہ وہ جگہ ہے جس کے درودیوار سے یہ صدا آتی ہے۔ ’’فاعتبروا یا اولی الابصار‘‘ اور جس کے ہر ہر برگ شجر پر یہ نظر آتا ہے۔ ’’فانظروا یااھل الانظار‘‘ ہندوستان میں جس قدر علوم کی خاص کر علم دین کی ندیاں جاری ہیں۔ اگر چشم غور سے دیکھو گے ان کا چشمہ ضرور دہلی کو پاؤ گے۔ مرزا قادیانی نے جس قدر اور جتنا پڑھا ہے۔ گل علی شاہ سے اور وہ بھی ایک مدت دہلی میں رہے اور جو کچھ پڑھا یہیں پڑھا۔ انہیں وجوہ سے مرزا قادیانی کو یہ خیال ہوا کہ اس نامور شہر میں چل کر چند روز ’’ھل من مناظر‘‘ کا ڈنکا بترکیب بجایئے۔ اگر وہاں کچھ بھی کامیابی ہوگئی تو گویا مدینۃ المقصود کا فتح الاباب ہے۔

یہ خیال مرزا قادیانی کو دہلی لے گیا۔ مگر افسوس کہ اس ارادہ میں وہ بالکل کامیاب نہ ہوئے اور گوانہوں نے دہلی میں پہلا اشتہار ۲؍اکتوبر ۱۸۹۱ء کو بہت ہی سوچ سمجھ کر بنام شیخ الکل جناب مولانا مولوی سید نذیر حسین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کے دیا۔ جس کی عمر قریب سو برس کی ہے اور بسبب پیرانہ سالی کس طرح مرزا قادیانی کو یہ امید نہ تھی کہ وہ مناظرہ کے لئے تیار ہو جائیں گے۔ مگر خلاف امید وہ بڑی مستعدی سے اپنی جوان ہمت کے ساتھ تیار ہوگئے۔ چنانچہ ان کے مطبوعہ خطوط سے ظاہر ہے۔

دوسری غلطی مرزا قادیانی سے یہ ہوئی جس کا ان کو ۶؍اکتوبر ۱۸۹۱ء کے اشتہار میں خود اقرار کرنا پڑا کہ ۲؍اکتوبر کے اشتہار میں مولوی ابومحمد عبدالحق صاحب کو بھی شریک کر دیا۔ جس کے

عوض مرزا قادیانی کو ان کے مکان پر جا کے بیحد خوشامد کرنی پڑی۔ پھر بھی مولوی صاحب نے مرزا قادیانی کا پیچھا نہ چھوڑا۔ خوشامد کی ندامت روکن میں پلے بندھی بات یہ ہے۔ بگڑنے والی بات جس قدر بناؤ بگڑتی ہی چلی جاتی ہے۔ کسی طرح بناؤ نہیں بنتی۔ نہیں بنتی۔ اب مرزا قادیانی نے چند حواریوں کو بھی بلالیا اور کسی کے مشورہ یا اپنی رائے سے کل اہل دہلی خاص کر مولانا صاحب پر بے حد سب وشتم کرنا شروع کیا۔ ۱۷/اکتوبر ۱۸۹۱ء کے اشتہار میں ایسے ۸۲ لفظ ہیں۔ جو کوئی شریف کسی کو نہیں کہہ سکتا مگر واہ جناب مولانا صاحب آپ کا تحمل کہ ان سب گالیوں کے جواب میں یہ ایک شعر لکھ دیا۔

دشنام خلق را نہ دہم جز دعا جواب
ابرم کہ تلخ گیرم وشیریں عوض دہم

مرزا قادیانی اور ان کے اتباع نے یہ پالیسی کہ اہل دہلی پر سب وشتم کیا جاوے۔ اس واسطے شاید اختیار کی تھی اور اب تک اس کو نباہ رہے ہیں کہ ان کے فرقے کی نظر میں اہل دہلی کی وقعت کم ہو جاوے اور مرزا قادیانی کی ناکامی بڑی چیز نہ دکھائی دے اور جہاں تک غور کرو یہ پہلو اچھا سوجھا۔ مگر واقعی یہ ناکامی اتنی بڑی چیز ہے کہ مرزا قادیانی کی ہر تحریر سے اس کا افسوس ٹپک رہا ہے اور ہر فقرہ سے حسرت برس رہی ہے اور عاجز کے خیال میں مرزا قادیانی اور ان کے اتباع کا عام اہل دہلی پر اور خاص کر مولانا ممدوح پر تبرّا کرنا ایک حکمت الٰہی کا تقاضا تھا۔ جس نے ان کو اس درجہ سب وشتم پر لا ڈالا۔

اور وہ یہ ہے۔

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد
میلش اندر طعنۂ پاکان برد

مرزا قادیانی نے بہت سے مسائل کو الٹ پلٹ کیا ہے۔ مگر ان میں سے دو پر بہت زور دیا ہے۔ ایک وفات حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام، دوسرے مرزا قادیانی کا مسیح موعود ہونا، مسئلہ اوّل کی نسبت رسالہ الحق الصریح فی اثبات حیات المسیح جس کا اوّل حصہ مولانا محمد بشیر صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ نے بہت کافی ثبوت کے ساتھ لکھا ہے۔ جو مطبع انصاری میں چھپ کر تیار ہو گیا (یہ رسالہ بھی احتساب کی اسی جلد میں شامل اشاعت ہے۔ فلحمدللّٰہ) اور دوسرا حصہ مؤلفہ مولوی جمیل احمد زیر طبع ہے اور مسیح موعود ہونے کی بحث مجمل طور سے عاجز کے خط نمبر۴ کے جواب الجواب

نمبر ۸ میں ملاحظہ ہو اور مفصل شفاء للناس (یہ کتاب بھی احتساب کی اسی جلد میں موجود ہے) جواب اعلام الناس میں ہے۔ جو عنقریب شائع ہونے والا ہے اور عاجز کی اس تحریر کا یہ باعث ہوا کہ جب مرزا قادیانی دہلی تشریف لائے تو عاجز ان کی خدمت میں گیا اور کمال عجز سے دوستانہ طور پر یہ خواہش ظاہر کی کہ اگر جناب کو صرف تحقیق مسائل منظور ہے تو یہ عاجز حاضر ہے اور اگر مولانا ممدوح سے گفتگو کی خواہش ہے تو یہ امر بھی بہت آسان ہے۔ اشتہار وغیرہ دینے اور دھوم مچانے کی حاجت نہیں۔ مگر مرزا قادیانی کی اصل غرض چونکہ سوائے شہرت کچھ نہ تھی۔ اس وجہ سے عاجز کی رائے منظور نہ ہوئی۔ کوئی بات نہ مانی اشتہار پر اشتہار دینے شروع کر دیئے اور اہل دہلی کی طرف سے اس کے جواب چھپے۔ آخر نوبت یہاں تک پہنچی کہ مرزا قادیانی کے ایک معتقد نے مثنوی دعوت دہلی لکھی جس کا جواب کسی نے ''صداقت دہلی'' لکھا ہے۔ یہ سب تحریریں مطبع انصاری دہلی میں ملتی ہیں۔ جس سے مفصل حال معلوم ہوسکتا ہے۔ اسی اثناء میں خاکسار نے نوٹس نمبر ا لکھا اور اس میں مولوی محمد احسن صاحب (قادیانی) اور مولوی حکیم نورالدین صاحب (قادیانی) کو اس لئے مخاطب کیا کہ مرزا قادیانی کے مشن کے یہ دونوں صاحب اعلیٰ درجہ کے ممبر ہیں۔ مرزا قادیانی نے عاجز کے نوٹس کا کچھ جواب نہیں دیا۔ اسی خیال سے یہ عاجز بھوپال گیا اور احسن المناظرین صاحب سے جو تحریر ہوئی وہ آپ دیکھ ہی لوگے۔ بھوپال سے آ کر عاجز بہ تقریب جلسہ انجمن حمایت الاسلام لاہور گیا اور وہاں نوٹس نمبر۲ شائع کیا۔ اتفاقاً جناب مولوی حکیم نورالدین صاحب بھی لاہور میں آ گئے اور نوٹس نمبر۲ عاجز کا ان کو پہنچ گیا اور عاجز خود بھی ان کی خدمت میں کئی مرتبہ حاضر ہوا۔ مگر خوبی اتفاق سے ان کو فرصت بالکل نہ ہوئی جو گفتگو ہوتی۔ چنانچہ ایک روز زبدۃ الحکما جناب حکیم غلام نبی صاحب (قادیانی) کے مکان پر حکیم صاحب کی دعوت تھی۔ عاجز بھی بعد وقت اکل طعام وہاں حاضر ہوا۔ کرنیل عطاء اللہ خان صاحب (قادیانی) نے عاجز سے مخاطب ہوکر فرمایا کہ مولوی صاحب کاغذی گھوڑے تو آپ نے بہت دوڑائے۔ ہم نے آپ کے نوٹس بھی دیکھے۔ اس وقت اتفاق سے آپ دونوں صاحب یہاں موجود ہیں۔ حکیم صاحب (قادیانی) سے کچھ گفتگو کیجئے۔

میں نے عرض کیا کہ جس بات کو میں حق جانتا ہوں اس کے بیان کرنے اور اس میں کلام کرنے سے مجھے کب تأمل ہے۔ مگر حکیم صاحب کی اجازت ضرور ہے۔ آپ حکیم صاحب کو راضی کریں۔ مجھے کچھ عذر نہیں حکیم صاحب نے فرمایا کہ میں بھی مرزا قادیانی کے کلام کو حق جانتا

ہوں اور میرا یہ اعتقاد ہے کہ ان کا کوئی ارشاد غلط نہیں ہے۔ مگر مولوی صاحب (عبدالمجید دہلوی) کو فرصت ہے مجھے (نورالدین) فرصت نہیں اور نہ میں تقریر کو پسند کرتا ہوں۔ جانبین سے تحریریں ہو رہی ہیں۔ آپ لوگ تأمل کریں اور طرفین کی تحریروں کو ملاحظہ فرمائیں۔ عاجز کو اس امر کے اظہار میں بھی تأمل نہیں ہے کہ حکیم صاحب نہایت درجہ وسیع الاخلاق اور لائق آدمی ہیں۔ جس طرح مرزاقادیانی ومولوی محمداحسن کی کج اخلاقی اور درشتی کا میں شاکی ہوں اسی طرح حکیم صاحب کے اخلاق کی شکرگزاری بھی میرا ذمہ ہے۔ حکیم صاحب عاجز سے اچھی طرح خندہ پیشانی سے ملے اور کمال مہربانی سے پیش آئے۔ جیسا کہ شرافت کا مقتضاء ہے اور ان کی مجلس کا رنگ بھی ایسا نہ تھا۔ جیسا کہ دہلی میں مرزاقادیانی کی مجلس کا رنگ دیکھا کہ جب کوئی ان کے پاس گیا ادھر ادھر سے حواریوں نے آوازے کسنے شروع کئے اور تبرّے اڑانے لگے۔ جو شریف گیا، افسردہ ہی ہوکر آیا اور جو ذرا کوئی بولا، مجلس سے نکلوادیا۔ چنانچہ مولوی محمد مصحح مطبع انصاری کے ساتھ جو بے تہذیبی برتی گئی وہ مرزاقادیانی کی مجلس کا ایک ادنیٰ نمونہ ہے۔ مرزاقادیانی کی مجلس میں کئی شخص تو ایسے تھے جن کی زبان قابو سے باہر تھی۔ جہاں کوئی شریف گیا اور ٹانگ لی، وہ اپنی شرافت سے چپ ہوا اور انہوں نے قہقہہ اڑایا کہ ہم نے شرمندہ کر دیا۔ آخر کار اس کا نتیجہ کسی قدر اپنے ہم پلہ لوگوں سے ان کو مل گیا۔

مجھے یاد آیا کہ بھوپال سے نواب ممتاز الدولہ مولوی سید عبدالحئی خان صاحب انہیں ایام میں تشریف لائے تھے۔ انہوں نے مرزاقادیانی سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی۔ میں ان کو لے گیا۔ ان کے ہمراہ جناب حکیم حاتم علی صاحب رئیس آگرہ اور جناب منشی عبدالعزیز رئیس دھولپور بھی تھے۔ جس وقت یہ صاحبان مرزاقادیانی کے مکان پر پہنچے حواریوں نے اپنی عادت کے موافق آوازے کسنے اور تبرّے کرنے شروع کئے اور ان کے سامنے ایسے نالائم اور بے جا الفاظ کہے کہ وہ حیرت سے منہ دیکھ کر رہ گئے اور مجھے مفت شرمندہ ہونا پڑا۔ آخر میں نے مرزاقادیانی سے عرض کیا کہ حضرت مورد عتاب تو اہل دہلی ہیں۔ یہ لوگ تو مسافر آپ کی زیارت کو آئے ہیں۔ ان سے تو براہ مہربانی دو باتیں کر لیجئے۔ اس وقت جناب کو ہوش آیا اور فرمایا کہ کون ہیں۔ کہاں سے آئے ہیں؟ مگر حواری اس وقت بھی خاموش نہ ہوئے۔ میں کئی بار حکیم صاحب (نورالدین) کی مجلس میں گیا۔ کبھی کوئی لفظ کسی سے ایسا نہ سنا جو باعث ملال ہوتا۔ یا طبیعت کو ناگوار گذرتا۔ حکیم صاحب کی مجلس میں کبھی کوئی گفتگو کسی کی زبان پر ایسی نہیں آئی جس سے بوئے ملال آتی۔ عاجز کی رائے

ناقص میں مرزا قادیانی کے مشن میں اگر کوئی آدمی ہے تو حکیم نورالدین صاحب ہیں اور اگر کوئی لائق گفتگو ہے تو حکیم صاحب۔ افسوس کہ ان کو فرصت نہ ملی۔ ورنہ گفتگو کا لطف آتا۔

چونکہ حکیم صاحب سے بھی بالفعل گفتگو کی امید قطع ہوئی۔ لہٰذا اس عاجز نے اپنے خطوں کو طبع کر دینا مناسب سمجھا۔ یا اللہ تیرا یہ عاجز بندہ نہایت عاجزی سے تیرے حضور میں بکمال ادب اس دل سے عرض کر رہا ہے جس کو تو دیکھ رہا ہے کہ میرے قلم وزبان سے وہ الفاظ نہ نکلیں جن سے مجھے تیرے سامنے شرمندہ ہونا پڑے۔ الٰہی مجھ کو تو اور تیری رضا مطلوب ہے۔ تو میری اس تحریر میں مدد کر۔ آمین واللہ المستعان وعلیہ التکلان ۰ علی کل امر بہ استعین ہو المستعان فنعم المعین!

نوٹس اتمام حجۃ نمبر:۱

مرزا غلام احمد قادیانی اور ان کے معتقد مولوی حکیم نورالدین بھیروی اور مولوی محمد احسن امروہی وغیرہم کے نام خاکسار محمد عبدالمجید مالک مطبع انصاری دہلی کا نوٹس

مرزا قادیانی کے یہ دعوے ہیں:

۱...... میں مسیح موعود ہوں۔

۲...... عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا نزول یعنی دوبارہ دنیا میں آنے کا خیال غلط ہے۔

۳...... عیسیٰ ابن مریم مرکر جنت میں داخل ہوگئے۔

۴...... مرکر کوئی زندہ نہیں ہوتا۔

۵...... جنت میں داخل ہوکر پھر کوئی باہر نہیں آسکتا۔ باوجود ان دعوؤں کے مرزا قادیانی اقرار کرتے کہ میں مسلمان اہل سنت والجماعت ہوں اور اہل سنت کی سب کتابوں کو مانتا ہوں۔

اور (۲۶؍مارچ ۱۸۹۱ء، مجموعہ اشتہارات ج۱ ص۲۰۳) تحریر فرماتے ہیں کہ: ’’میرے مسیح موعود ہونے کا سارا قرآن مجید مصدق اور تمام احادیث صحیحہ اس کی صحت کی شاہد ہیں۔‘‘

لہٰذا یہ عاجز بذریعہ نوٹس ہذا مرزا قادیانی اور ان کے اتباع کو اطلاع دیتا ہے کہ اگر مرزا قادیانی کو اپنے دعوؤں کی صداقت پر کامل اطمینان ہے اور وہ جانتے ہیں کہ میں سچ کہتا ہوں تو بسم اللہ در کار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست۔ آپ تو فرماتے ہیں کہ: ’’سارا قرآن میرے دعوؤں کا مصدق اور تمام احادیث صحیحہ شاہد ہیں۔‘‘ میں عرض کرتا ہوں کہ اگر ایک آیت صریح الدلالت اور بتائید اس کے حدیث صحیح سے اپنے دعوؤں کو مجمع علماء میں بطریق اہل سنت والجماعت ثابت کر دیں

گے تو میں مبلغ ایک ہزار روپیہ نقدان کی خدمت میں پیش کروں گا اور ایک سال تک ہر روز بشرط صحت وحیات مرزا قادیانی کی صداقت کا اپنے وعظ میں اظہار کیا کروں گا اور جس ادب وعزت کے ساتھ مرزا قادیانی فرمائیں گے ان کے ساتھ گفتگو کی جائے گی۔ مرزا قادیانی اس ثبوت کے لئے مناظرہ کرنے کو تیار ہو جائیں۔ مکان اور پولیس کے انتظام اور اس کے آپ خود ذمہ دار ہو چکے ہیں اور اگر مرزا قادیانی ایک ہفتہ میں اس مناظرہ کے لئے تیار نہ ہوئے تو ضرور یقین کر لیا جائے گا کہ مرزا قادیانی خود اپنے دعوؤں کی صداقت پر مطمئن نہیں ہیں اور ان کا دل ان تکذیب کرتا ہے۔ فقط! انعام بحالت پوری کرنے شرط کے مرزا غلام احمد قادیانی کو مبلغ ایک ہزار روپیہ نقد دیا جائے گا اور ایک سال ان کی خدمت کے لئے حاضر ہوں۔ اطلاع آپ کو اختیار دیا جاتا ہے کہ ایک ہفتہ کی میعاد میں کوئی تاریخ مقرر کر کے دو روز پہلے مجھے اطلاع نہ دی اور ثبوت کے لئے تیار نہ ہوئے تو آپ کے دعوے کی تکذیب کے لئے یہ کافی ثبوت ہے۔

۱۳؍ربیع الاوّل ۱۳۰۹ھ ۱۷؍اکتوبر ۱۸۹۱ء

راقم محمد عبداللہ المجید عفی عنہ

مالک مطبع انصاری دہلی

خط نمبر:۱

از حقیر فقیر عبدالمجید بخدمت جناب مولوی محمد احسن صاحب زادعنایۃ

بعد سلام کہ سنت الاسلام ہے۔ واضح رائے ہو کہ یہ نوٹس جو اس خط کی پشت پر ہے۔ آپ کے مرزا قادیانی نے اس کا کچھ جواب نہیں دیا جو ان کے سرمایہ علم وجحت کی ایک کافی وافی دلیل ہے۔ چونکہ اس میں احقر کا خطاب آپ سے بھی ہے۔ لہٰذا بذریعہ اسی دستی تحریر کے آپ کو اطلاع دی جاتی ہے کہ یہ مسافر دور دراز سفر طے کر کے آپ کے پاس باارادہ طلب دلیل حاضر ہوا ہے۔ تم کو قسم ہے اس خدا بزرگ وبرتر کی جس نے تم کو پیدا کیا ہے۔ کہ اگر تمہارے علم میں تمہارے مسیحا کی صداقت پر کوئی دلیل شرعی ہے تو اسے میرے سامنے مجمع اہل اسلام میں بیان کر دیجئے۔ ہرگز نہ چھپائیے۔ ’’ومن یکتمہا فانہ اٰثم قلبہ‘‘ اور ’’الساکت عن الحق شیطان اخرس‘‘ کی وعید کو خیال فرمائیے اور اگر آپ بغیر دلیل ان پر ایمان لائے ہیں تو یہ امر آخر ہے پھر عذر اور حیلہ کیا ضرور، صاف صاف فرمادیجئے۔ والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ!

یکم؍جمادی الاوّل ۱۳۰۹ھ، ۳؍دسمبر ۱۸۹۱ء

جواب

از ہیچمدان احقر الزمن سید محمد احسن

بخدمت محبّ مکرم حضرت مولوی عبدالمجید صاحب

بعد السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔ آنکہ ہیچمدان کو جو جناب نے اس نوٹس میں مخاطب فرمایا ہے۔ اس سے مجھ کو نہایت درجہ کا تعجب لاحق ہوا۔ کیونکہ احقر نے تو کسی تحریر میں اپنی جناب کو مخاطب نہیں کیا اور نہ احقر کسی امر کا مدعی، البتہ یہ اپنا شعار ہے کہ اپنے مؤمن بھائی کو غیبت وغیرہ سے یاد نہیں کرتا اور جملہ اپنے مؤمنین اخوان کے ساتھ حسن ظن رکھتا ہے۔ ’’لولا ظن المؤمنون والمؤمنٰت بانفسهم خيراً والغيبة اشد من الزنا ‘‘ ہاں البتہ مرزا قادیانی کو جو بہمہ تن تائید اسلام میں اپنے اوقات کو صرف کر رہے ہیں اور بعض صاحب جو ان کی تکفیر وتضلیل کرتے ہیں۔ احقر نے اپنے رسائل میں ان کی طرف سے ذب ودفع کیا ہے۔ اگر وہ ذب ودفع آپ کے نزدیک ایک اپنے مؤمن بھائی سے صحیح نہیں ہے تو آپ کو اختیار ہے اور طلب دلیل تو مدعی سے ہوا کرتی ہے۔ نہ حسن ظن رکھنے والے سے اگر آپ کو طلب دلیل منظور ہے تو خود مرزا قادیانی سے طلب فرمایئے۔ خاکسار کو مخاطب نہ کیجئے اور نہ میں آپ کا مخاطب ہوں۔

والسلام! خیر ختام یکم رجمادی الاوّل ۱۳۰۹ھ، ۳؍دسمبر ۱۸۹۱ء

مکرر اور نہ ہیچمدان کو جناب سے مباحثہ منظور ہے۔ فقط!

جواب الجواب

خط نمبر:۲...... از مولانا عبدالمجید دہلوی، بنام محمد احسن قادیانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

نحمده ونصلى علىٰ رسوله الكريم!

زائل بہار حسن ہوئی خط یار سے
اس باغ میں خزاں نظر آئی بہار سے

از حقیر فقیر عبدالمجید! بخدمت جناب مولوی محمد احسن صاحب احسن المناظرین نزیل بھوپال زادعنایۃ!

بعد سلام کہ سنت الاسلام ہے۔ واضح رائے ہو کہ نامہ گرامی آن سامی وصول ہو کر باعث استعجاب ہوا، اور یہ استعجاب شاید اسی نہایت درجہ تعجب کا اثر ہے جو جناب کو لاحق ہوا اور

زیادہ تر تعجب یہ ہے کہ جناب نے انکار مناظرہ کا اوّل سبب یہی تعجب فرمایا باقی اس کے دلائل۔ لہٰذا بعد رد دلائل تعجب مجھے امید ہے کہ آپ اپنے دعویٰ کے موافق مناظرہ کو ضرور تیار ہوں گے۔

قولہ...... ’’ہیچمد ان کو جو جناب نے اس نوٹس میں مخاطب فرمایا ہے۔ اس سے مجھ کو نہایت درجہ کا تعجب لاحق ہوا۔ کیونکہ احقر نے تو کسی تحریر میں اپنے آپ کو مخاطب نہیں کیا اور نہ احقر کسی امر کا مدعی۔‘‘

جواب...... حضرت مولوی صاحب آپ نے دعویٰ بھی کیا ہے اور خطاب بھی۔ شاید آپ کو یاد نہیں رہا۔ لہٰذا یہ فقیر آپ کو یاد دلا کر امید کرتا ہے کہ آپ حسب وعدہ اس عاجز مسافر کے حال پر توجہ فرمائیں گے۔

نزیل بھوپال مولوی محمد احسن صاحب احسن المناظرین کے وہ اقوال جن سے ان کا دعویٰ وخطاب عام ثابت ہے۔

۱...... آپ کی کتاب کا نام اعلام الناس ہے۔

۲...... ’’یہ بندہ سید محمد احسن امروہی نزیل بھوپال بخدمت فیض درجت علماء ذوالباب عرض کرتا ہے۔‘‘ (اعلام الناس حصہ اوّل ص۲)

۳...... ’’اشتہار بخدمت علماء امصار ودیار المشتہر خاکسار محمد احسن امروہی نزیل بھوپال۔‘‘

(ایضاً حصہ دوم ص۹۲)

۴...... ’’میں اظہار حق میں مجبور ہوں۔

سری آہ وفغان سے بیمزہ نہ ہو تو اے گلرو
نمک پڑ جاتا ہے اک حسن گل میں شور بلبل سے‘‘

(ایضاً ص۱۷)

۵...... ’’اگر مرزا قادیانی ایسی بحث کی طرف توجہ نہ فرمائیں گے تو یہ خاکسار (احسن المناظرین) آموجود ہوگا۔‘‘ (ایضاً ص۱۳)

اے جناب احسن المناظرین صاحب اگر آپ یہ ارشاد فرمائیں کہ یہ خطاب میرا علماء سے ہے اور تو ایک بینوا فقیر حقیر تجھے اس سے کیا، تو علم سے دور، سلسلہ علماء سے مہجور، تو میں عرض کروں گا خیر مگر الحمدللہ کہ میں مسلمان ہوں اور اہل اسلام کے سلسلہ میں شامل اور آپ کا خطاب عام اہل اسلام سے ہے۔

۶...... ’’سب اہل اسلام کولازم ہے کہ اس نعمت کی ناشکری نہ کریں۔‘‘ اعلام الناس حصہ اوّل ص۲ اور اگر جناب اس سے بھی انکار کریں[1]۔ تو نوع انسان میں تو سب ہی انسان شامل ہیں اور آپ کا خطاب بایں الفاظ ہے۔

۷...... ’’ایها الناس‘‘ دیکھو (اعلام الناس حصہ اوّل ص۵۱)

۸...... تو بشرط نہ مکدر ہونے کے یہ عاجز حاضر وموجود ہے ۔

تو مکدر نہ ہوتو عشق میں ہم
ایک آندھی ہیں خاک اڑانے کو

(ایضاً حصہ دوم ص۱۷)

۹......

جوئے شیر بھی میں ہی لایا تھا
میں ہی دشت میں تھا برہنہ پا
میں ہی کوہکن میں ہی قیس تھا
تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

(ایضاً ص۴۱)

ہاں! جناب احسن المناظرین صاحب مجھے بھی خوب یاد ہے۔ آپ سے بہت پہلے میری مرزا قادیانی سے ملاقات ہے۔ ان کی حقیقت تو میں خوب جانتا ہوں وہ تو کچھ بھی نہیں۔ واقعی جو کچھ ہیں وہ آپ ہی ہیں۔ پیران نمے پرند مریدان می پرانند پرانا مقولہ ہے۔ آپ سچ فرماتے ہیں۔ ’’جوئے شیر بھی میں ہی لایا تھا۔‘‘

اور اسی واسطے یہ خاکسار بھی آپ ہی کے پاس حاضر ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ سے امید کامیابی ہے۔ ’’علیه توکلت وهو حسبی‘‘

۱۰...... ’’یہ ہیچمدان آپ کو گفتگو اور مناظرہ میں سب طرح کی آزادی دیتا ہے۔ یعنی تقریر وتحریر جس طرح پر آپ چاہیں اور جس مسئلہ میں منظور ہو آپ مجھ سے گفتگو ومناظرہ کرلیں۔‘‘

(اعلام الناس حصہ دوم ص۹۹)

[1] کیونکہ آپ کے مرزا قادیانی نے تو یہ غضب ڈھایا ہے کہ کل اہل اسلام کو مشرک اور خارج از اسلام بتلا دیا اور آپ کا یہ حسن ظن کہ وہ جو کچھ فرمائیں سب ٹھیک درست ہے۔

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۲۹۰، خزائن ج۳ ص۲۵۲)

کیوں جناب احسن المناظرین صاحب یہ آزادی انہیں کے واسطے ہے جو آپ تک نہ آسکیں؟ یا جو آپ کے اشتہاروں کو دیکھ کر طالب وجویا ہو کر دور دراز سفر طے کر کے آپ کی خدمت میں حاضر ہو۔ اس میں اس کا بھی حصہ ہے؟ پیٹ بھرون کی دعوت کا اشتہار دینا اور گھر پر آئے بھوکے کو کھدیڑنا یہ کیا انصاف ہے؟ افسوس کہ میں اس قدر دور دراز سفر طے کر کے آپ کے دروازہ پر آؤں اور آپ گھر سے باہر نکلنے کی بھی تکلیف نہ فرمائیں اور اگر آپ یہ ارشاد فرمائیں کہ میرے ان اقوال میں کہیں دعویٰ کا لفظ نہیں ہے تو میرا ہی قول صحیح ہے کہ نہ احقر کسی امر کا مدعی تو جواب اس کا یہ ہے کہ آپ کی تحریر میں دعویٰ کا لفظ بھی موجود ہے۔ ملاحظہ فرمایئے۔

۱۱...... ''یہ دعویٰ میرا بلا بیّنہ نہیں...... اگر کسی کی آنکھوں میں کچھ فتور ہو تو کحل الجواہر بھی حاضر ہے۔'' حضرت احسن المناظرین صاحب میدان مناظرہ میں حسب اقرار خود تشریف لایئے اور وہ بیّنہ بیان فرمایئے اور کحل الجواہر کی ڈبیہ بھی کھولیئے۔ یہ فقیر انہیں بیّنہ کا طالب اور اسی کحل الجواہر کا مشتاق ہو کر آیا ہے۔ دل آرزومند کو ان بیّنہ سے اور دیدۂ مشتاق کو اس کحل الجواہر سے محروم رکھنا ناانصافی نہیں تو کیا ہے؟ اب رہی یہ بات کہ آپ کا شعار کسی مؤمن بھائی کی غیبت کرنا نہیں ہے۔ جیسا کہ ارشاد ہوتا ہے۔

قولہ...... ''البتہ یہ اپنا شعار ہے کہ کسی اپنے مؤمن بھائی کو غیبت وغیرہ سے یاد نہیں کرتا اور جملہ اپنے مؤمنین اخوان کے ساتھ حسن ظن رکھتا ہے۔''

جواب...... کیا جملہ اخوان میں مولوی عبدالحق صاحب نہیں ہیں۔ جن کے الہام پر آپ تحریر فرماتے ہیں کہ: ''اگر ایک ہزار الہام کا دعویٰ کریں گے تو بلا بیّنہ وبرہان اس کی تصدیق نہیں ہوسکتی۔'' (اعلام الناس حصہ اوّل ص۵۱)

اور اگر یہی حسن ظن ہے تو سرسید بھی تو مسلمان ہے۔ اس کے ساتھ بدظنی کا کیا سبب۔ اب میں آپ کے مسیح کے چند اقوال پیش کر کے آپ سے جواب کا طالب ہوں کہ یہ کس کا شعار ہے۔

اقوال مرزاغلام احمد قادیانی مسیح احسن المناظرین مولوی محمد احسن امروہی

۱...... ''اے نفسانی مولویو اور خشک زاہدو تم پر افسوس...... تم ان فقیہوں اور فریسیوں سے کچھ کم ہو جو حضرت مسیح کے وقت میں دن رات نفس پرستی میں لگے ہوئے تھے۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ ایک کافر کا مؤمن ہو جانا تمہارے ایمان لانے سے زیادہ تر آسان ہے۔''

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۵،۶، خزائن ج۳ ص۱۰۵ ملخص)

۲...... ’’اس جگہ حضرت مسیح کی تہذیب اور اخلاقی حالت پر ایک سخت اعتراض وارد ہوتا ہے۔ کیونکہ مسیح نے یہودیوں کے ان معزز بزرگوں کے حق میں جو قیصر کے دربار میں بڑی عزت کے ساتھ خاص رئیسوں میں بٹھائے جاتے تھے۔ نہایت غیر مہذب الفاظ استعمال کئے۔‘‘

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۹،۱۰، خزائن ج۳ ص۱۰۷ حاشیہ)

۳...... ’’تو پھر اقرار کرنا پڑے گا کہ سارا قرآن شریف گالیوں سے پر ہے۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۱۳،۱۴، خزائن ج۳ ص۱۰۹)

افسوس اب غیرتو میں کیا کہیں گی؟

۴...... ’’قرآن شریف جس آواز بلند سے سخت زبانی کے طریق کو استعمال کر رہا ہے۔ ایک غایت درجہ کا غبی اور سخت درجہ کا نادان بھی اس سے بے خبر نہیں رہ سکتا۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۲۵، خزائن ج۳ ص۱۱۵ حاشیہ)

پھر اس آیت کا بیان کر کے کہ ’’اذ تخلق من الطین کھیئۃ الطیر باذنی فتنفخ فیھا فتکون طیراً باذنی وتبراء الاکمہ والابرص باذنی واذ تخرج الموتیٰ باذنی۔ الخ!‘‘ احسن المناظرین صاحب آپ کے مسیح فرماتے ہیں۔

۵...... ’’یہ اعتقاد مشرکانہ خیال ہے اور ایسا خیال رکھنے والا بلاشبہ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ یہ سراسر مشرکانہ باتیں ہیں اور کفر سے بدتر۔

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۲۹۷،۲۹۸، خزائن ج۳ ص۲۵۲ ملخص حاشیہ)

۶...... ’’حضرت مسیح ابن مریم اپنے باپ یوسف کے ساتھ بائیس برس کی مدت تک نجاری کا کام بھی کرتے رہے ہیں اور ظاہر ہے کہ بڑھئی کا کام درحقیقت ایسا کام ہے جس میں کلون کی ایجاد کرنے اور طرح طرح کی صنعتوں کے بنانے میں عقل تیز ہو جاتی ہے۔‘‘

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۳۰۳ حاشیہ، خزائن ج۳ ص۲۵۴،۲۵۵)

(اسی کا نام حسن ظن ہے) پھر مسیح کے معجزات کی نسبت ایک نیا حسن ظن ہے اور وہ یہ ہے۔

۷...... ’’بہرحال مسیح کی یہ تربی (شعبدہ) کاروائیاں زمانہ کے مناسب حال بطور خاص مصلحت کے تھی۔ مگر یاد رکھنا چاہئے کہ یہ عمل ایسا قدر کے لائق نہیں۔ جیسا کہ عوام الناس اس کو خیال کرتے ہیں۔ اگر یہ عاجز اس عمل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو خداتعالیٰ کے فضل وتوفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان اعجوبہ نمائیوں میں حضرت ابن مریم سے کم نہ تھا۔‘‘

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۳۰۹، خزائن ج۳ ص۲۵۷،۲۵۸)

جواب...... کیوں حضرت احسن المناظرین صاحب؟ اس آیت کے وقت نزول سے لے کر اس وقت تک کہ ۱۳۰۹ھ ہیں۔ ہر طبقہ میں دس دس بیس بیس نہیں تو دو دو چار چار تو ایسے مسلمان گنوا دیجئے۔ جن کا معاذ اللہ یہ عقیدہ ہو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام معاذ اللہ شعبدہ باز تھے اور آیت تخلق لکم کا یہ مطلب ہے کہ مسیح نجاری کی قوت سے چڑیاں بناتے تھے اور ان کا باپ یوسف تھا اور اگر آپ نہ گنوا سکے تو پھر ان سب مسلمانوں کو بلاشبہ خارج از دائرہ اسلام کہنا اور اس آیت پر اعتقاد رکھنے والوں کو کافر اور مشرک سے بدتر سمجھنا کیسا شعار ہے اور اسی کا نام حسن ظن ہے؟ یہی اپنے بھائی مؤمن کی غیبت نہ کرنا ہے اور ایمان سے فرمایئے کہ قبل از ایمان لانے ان مسیح قادیانی کے کیا آپ کا یہی اعتقاد تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام یوسف نجار کے بیٹے تھے اور وہ شعبدہ باز اور ان کے یہ معجزے جن کا قرآن کی آیت مذکورہ بالا میں ذکر ہے۔ مکروہ اور قابل نفرت ہیں۔ معاذ اللہ! ''کبرت کلمة تخرج من افواههم ''حضرت مولوی صاحب آپ تو آپ، آپ کے قادیانی مسیح اپنے ایک اظہار میں جو ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا دستخط شدہ میرے پاس موجود ہے۔ اپنے ہاتھ سے تحریر فرماتے ہیں کہ دس بارہ برس قبل میرا بھی یہی اعتقاد اور خیال تھا جو سب مسلمانوں کا ہے۔ دس بارہ سال سے میں نے مسیح ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ مگر اعلان کئے ہوئے دو چار برس ہوئے اور پھر بجواب اس سوال کے کہ تم مقلد ہو یا غیر مقلد!

مرزا قادیانی تحریر فرماتے ہیں۔ ''میرا مذہب بین بین ہے۔'' اب فرمایئے یہ کیا ہوا اور کیسا شعار ہوا۔ اے جناب احسن المناظرین! آپ تو احسن المناظرین بن گئے۔ ذرا حسن خاتمہ کا بھی فکر کیجئے اور بھولیئے مت۔ دیکھئے حضرت عیسیٰ کون ہیں۔ ''وجیهاً فی الدنیا والاٰخرة ومن المقربین ''اور ایسے مقرب کے حق میں آپ اپنے مسیح کے اقوال ملاحظہ فرمایئے۔ حوالہ کے طور پر بھی ان الفاظ کے لکھنے سے میرا قلب کانپتا ہے۔ لکھا نہیں جاتا جو زیادہ لکھوں آپ نے تمام ازالہ ملاحظہ فرمایا ہوگا۔ کیوں حضرت اس بزرگ پیغمبر کے مقابلہ میں جس کو اللہ تعالیٰ وجیہ فرماتا ہے۔ آپ کے مسیح کا یہ فرمانا بے ادبی نہیں ہے۔

۸...... ؎

اینک منم کہ حسب بشارات آمدم
عیسیٰ کجاست تابہ نہد پابہ منبرم

(قصیدہ الہامیہ، ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۱۵۸، خزائن ج۳ ص۱۸۰)

قولہ...... ’’اور طلب دلیل تو مدعی سے ہوا کرتی ہے۔ نہ حسن ظن رکھنے والے سے۔ اگر آپ کو طلب دلیل منظور ہے تو خود مرزا قادیانی سے طلب فرمائیے۔ خاکسار کو مخاطب نہ کیجئے۔‘‘

جواب...... اب تو آپ کو بھی یاد آ گیا ہوگا کہ آپ نے لکھا ہے کہ میرا دعویٰ بلا بیّنہ نہیں ہے اور آپ احسن المناظرین بھی ہیں۔ لہٰذا اب کوئی عذر آپ کو انعقاد جلسہ مناظرہ میں باقی نہیں رہا۔ مرزا قادیانی سے بھی دلیل طلب کی تھی۔ چنانچہ اس کا شاہد میرا یہی نوٹس ہے جو آپ کو بھیجا تھا اور میرے خطوط مطبوعہ ۱۳، ۱۸؍ اکتوبر ۱۸۹۱ء جن کے جواب میں مرزا قادیانی کا حال مطابق اس شعر کے ہے جو آپ نے اعلام الناس حصہ دوم ص ۲۸ میں لکھا ہے۔

تیرا بیمار نہ سنبھلا جو سنبھالا لے کر
چپکے ہی بیٹھ رہے دم کو مسیحا لے کر

اب آپ بموجب اپنے وعدے کے جس کو مکرر میں یاد دلاتا ہوں۔ مناظرہ کے لئے میدان میں آئیے اور کوئی عذر وحیلہ نہ فرمائیے۔

قولہ...... ’’اگر مرزا قادیانی ایسی بحث کی طرف توجہ نہ فرماویں گے تو یہ خاکسار احسن المناظرین آ موجود ہوگا۔‘‘ (اعلام الناس حصہ دوم ص ۱۳)

اب آپ تشریف لائیے مہربانی فرمائیے۔ یہ عاجز شکر گزار ہوگا۔

جاؤ تم تنہا کہیں ایسا تو ہو سکتا نہیں
اور نہ میں پہنچوں وہیں ایسا تو ہو سکتا نہیں

یاد کر لیجئے! والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ!

خط نمبر: ۳...... بہ طلب مناظرہ وبتاکید جواب خط نمبر: ۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

اللہ تعالیٰ جل شانہ کی قسم دے کر احسن المناظرین مولوی محمد احسن صاحب امروہی نزیل بھوپال اور حکیم نورالدین صاحب بھیروی و مرزا غلام احمد قادیانی مصنوعی مسیح کی خدمات میں بحث کی درخواست۔

ندارد کسے باتو نا گفتہ کار
ولیکن چو گفتی دلیلش بیار

اے حضرات! آپ لوگوں نے دنیا میں شور ڈال دیا ہے کہ مرزا قادیانی مسیح موعود اور

نبی ہیں کسی درجہ کے اور اہل اسلام کو دھوکہ میں ڈالنے کی غرض سے بڑے بڑے لمبے چوڑے اشتہار اور رسائل طبع کر کے ایک آفت برپا کر دی ہے اور شور مچا رکھا ہے کہ ہمارے دعوے پر قرآن وحدیث گواہ ہے اور جس کا جی چاہے ہم سے بحث ومناظرہ کر لے۔ جس کی وجہ سے ہزارہا مسلمانوں میں فتنہ برپا ہو گیا ہے۔ لہٰذا آپ پر فرض ہے کہ اس فقیر سے اس بات کا تصفیہ کر لیں۔ میں نے بار بار آپ کے مرزا قادیانی کو بھی لکھا اور کئی مرتبہ ان کی خدمت میں حاضر بھی ہوا اور آپ تینوں صاحبوں کے نام نوٹس بھی دیا اور اب اس قدر سفر دور دراز طے کر کے آپ کے پاس بھوپال میں حاضر ہوں اور آپ کو دو خط بھی لکھے۔ ایک ماہ کامل مجھے انتظار جواب میں یہاں بیٹھے ہوئے گزرا۔ مگر آپ نے جواب نہیں دیا۔ آپ کو چاہئے کہ اپنے دعوے اور تحریر کا خیال اور ''لم تقولون مالا تفعلون'' پر غور کر کے بحث کو تیار ہو جائیے۔ میں آپ کو اس ذات وحدہ لاشریک تعالیٰ وتقدس کی قسم دیتا ہوں۔ جس نے آپ کو پیدا کر کے اپنی بے حد و بے شمار نعمتوں سے سرفراز کیا ہے کہ اگر آپ کا بھی مذہب ہے کہ قرآن مجید کی آیت صریحہ بینہ قطعیۃ الدلالت مرزا قادیانی کے مسیح موعود ہونے پر اور حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کا عہدۂ رسالت مرزا قادیانی کو مل جانے پر موجود ہیں اور اس کی تائید میں احادیث صحیحہ مرفوعہ متصلہ اپنے منطوق سے شہادت دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے آپ کو اپنے مؤمنانہ عقیدہ کو الوداع کہہ کر طریق اسلام سلف صالح سے سخت انکار کرنا پڑا ہے تو اسی خداوند کریم سے ڈر کر جس کی میں نے ابھی آپ کو قسم دی ہے۔ میرے ساتھ اظہاراً للحق بحث کیجئے۔ آپ کو اس بحث میں انشاء اللہ تعالیٰ کچھ بھی تکلیف نہ ہوگی۔ اگر آج کوئی عدالت کسی دنیوی مقدمہ میں آپ سے اظہار لینا چاہے تو آپ جس قدر وہ چاہے مبسوط بیان لکھوا سکتے ہیں۔ بلکہ ایک اطلاع سے بلاتوقف تاریخ مقررہ پر عدالت میں حاضر ہو جاؤ گے اور بڑی شدومد سے اظہار دو گے۔

اے حضرات! اپنے دنیوی کام آپ سب کرتے ہو نوکری پر ہر روز حاضر ہوتے ہو۔ آواز بلند ہے ظریف ہو، احسن المناظرین ہو، طاقتیں سب قائم ہیں۔ بقول مرزا قادیانی آپ فرشتہ ہو اور مرزا قادیانی کی مدد کو بقول ان کے ہزاروں فرشتے حاضر رہتے ہیں۔ ہر وقت الہام ہوتا ہے اور ماشاء اللہ آپ لوگوں کو اپنے علم اور اپنے قرآن وحدیث دانی کا بھی بڑا دعویٰ ہے اور جو کہ آپ اور آپ کے مصنوعی مسیح کئی رسالے بھی اس باب میں لکھ چکے ہیں تو اس بحث میں کچھ فکر وسوچ کا کام بھی نہیں ہے تو پھر خدا تعالیٰ کی حقیقی عدالت سے کیوں نہیں ڈرتے اور سچی شہادت کو

عام جلسہ میں کیوں نہیں ظاہر کرتے اور کیوں کچے عذر و بہانے اور غلط حیلے کر رہے ہو اور خاص آپ کا یہ عذر کہ بھوپال میں سرکار عالیہ دام اقبالہا کے بے جا تعصب کا خوف ہے۔ بالکل ہیچ ہے۔

حضرت! مجھے آپ کا وہ خط دیکھ کر کہ میں بحث کرنا نہیں چاہتا۔ مرزا قادیانی سے ان کے دعوے کی دلیل طلب کرو۔ بہت خوف آیا کہ آپ لوگوں کا کیا خیال ہے۔ آپ احسن المناظرین بن گئے۔ آدمی سے فرشتہ ہوگئے۔ غلام احمد کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا عہدۂ رسالت دلوادیا۔ امتی سے نبی بنادیا۔ افسوس فتنہ ڈالنے کے لئے تو آگے اور اصلاح کے کاموں میں پیچھے ہٹتے ہو۔ جن کا نمک کھاتے ہو ان پر بے جا تعصب کا الزام لگاتے ہو۔ آپ ایمان سے تو کہو سرکار عالیہ دام شوکتہا نے (اللہ تعالیٰ ان کے سایۂ عاطفت کو ہمیشہ ہمارے سر پر قائم رکھے) کبھی کسی اہل مذہب سے کوئی بے جا تعصب کیا ہے۔ جو آپ ہر ایک کے سامنے یہ غلط عذر کرتے ہو۔ حضور سرکار عالیہ دام سلطنتہا کی رعایا میں تو نصرانی اور ہنود سب آباد ہیں اور نوکر بھی ہیں۔ افسوس کہ وہ سرکار عالیہ کو متعصب نہ سمجھیں اور آپ مولوی کہلا کر بلکہ فرشتہ بن کر ناحق ان کی نسبت بے جا تعصب کے گمان فاسد کو اپنے دل میں رکھیں۔ آپ کے اس گمان پر افسوس۔ خدا سے ڈرو۔ اس منعمہ کی ناشکری نہ کرو جس کے الطاف خسروانہ اور کرم مادرانہ نے ایک عالم کو شکر گزار بنا رکھا ہے۔ ڈرو کہیں اس کفران نعمت کا عوض اسی عالم ہی میں نہ ہو جائے۔ ’’من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ‘‘

اے حضرات مولوی صاحب! یہ سرکار وہ عادلہ دوران اور حاتمہ زمان ہے جس کے حق میں حضرت شیخ سعدی شیرازیؒ چھ سو برس پہلے یہ پیش گوئی فرماگئے ہیں گو حاسد کی سمجھ میں نہ آئے۔

سر سرفرازان وتاج مہان
بہ دوران عدلش بنازاے جہان
اگر از فتنہ آید کسے درپناہ
ندارد جز ایں کشور آرام گاہ
ندیدم چنیں گنج وملک وسریر
کہ وقفست برطفل ودرویش وپیر
طلب گار خیر است امیدوار
خدایا امیدے کہ دارد برآر

اے حضرات! آپ لوگوں کا دعویٰ کچھ چھوٹا سا دعویٰ نہیں ہے۔ گویا آپ سارے جہاں پر سبقت لے گئے۔ کوئی آپ میں سے نبی و مسیح وابن اللہ بنا۔ کوئی فرشتہ کسی نے اپنا خطاب احسن المناظرین رکھا۔ کیا خوب تمام دنیا کے عہدے آپ ہی بانٹ لئے اور مرزا قادیانی نے تو کمال یہ کیا کہ پہلے ہی سے اپنے بعد اپنے بیٹے کو اپنا نائب بھی بنادیا اور اس کے حق میں پیشین گوئیاں بھی گھڑ دیں۔ نعوذ باللہ!

شاید یہ سمجھے کہ میرے بعد نہیں معلوم خدا اس کو کیا بنائے۔ خود ہی جو کچھ چاہا بنا دیا۔

''اعوذ باللّٰہ السمیع العلیم من وسوسة الشیطان الرجیم'' لیکن اپنے ان عہدوں پر اگر آپ لوگوں کو خود بھی اطمینان ہے تو اپنی اس قوت اور وسیع معلومات سے جلسۂ عام میں مناظرہ کر کے تمام خلق خدا کو فائدہ کیوں نہیں پہنچاتے۔ کیا یہ معلومات اور قوت صرف عوام ہی کے دھمکانے اور دھوکہ دینے کے لئے ہے۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ مسلمان جس نازک حالت میں آج کل مبتلا ہیں۔ اہل علم کو اس سے خوف اور عبرت اور مسلمانوں پر رحم کرنا چاہئے۔ ان کی سچی خیرخواہی کرنی اور ان کو سنبھالنا چاہئے نہ کہ ان کے حمقاء کے حمق سے فائدہ اٹھانا اور ان کو مغالطہ اور دھوکے میں ڈالنا۔ میں نے اچھی طرح تحقیق کیا۔ مرزا قادیانی نے مسلمانوں کی یہ ابتر حالت دیکھ کر اور یہ سمجھ کر کہ ان میں بعض حمقاء بھی ہیں۔ ان کے حمق سے فائدہ اٹھانا چاہا ہے۔ کیا یہ آپ لوگوں کا صاف اور صریح دھوکہ نہیں ہے کہ بڑے بڑے اشتہار اور رسائل طبع اور مشتہر کردیئے کہ ہم گفتگو میں ہر طرح کی آزادی دیتے ہیں۔ تقریراً وتحریراً جس مسئلہ میں منظور ہو ہم سے گفتگو اور مناظرہ کرلو۔ کیونکہ مناظرہ اور مباحثہ تو ایک بہت بڑا آلہ تحقیق علوم اور تعلیم مسائل غیر علوم کا ہے۔ اس سے ترقی علوم ہوتی ہے۔ مثل مشہور ہے کہ ملک بے سیاست اور مال بے تجارت اور علم بے بحث بالکل ہیچکارہ ہے اور اشتہاروں میں انعام بھی مقرر کردیئے۔ مگر جب کوئی آپ کو بحث ومناظرہ کے لئے طلب کرتا ہے تو گھر میں مہندی لگا کر مائیوں بیٹھ جاتے ہو۔ کیوں جناب احسن المناظرین صاحب۔ یہ اشتہار صرف عوام ہی کے دیکھنے اور دکھانے اور سنانے کے لئے ہیں کہ بیوقوف لوگ سمجھیں کہ حضرت سے کوئی مناظرہ نہیں کرسکتا۔ یا کچھ خدا کا خوف کر کے اس پر عمل بھی کرنا چاہئے۔ آپ لوگوں کے دل میں کچھ اظہار حق کا خیال ہوتا تو ضرور مناظرہ کرنے کو تیار ہو جاتے اور مرزا قادیانی نے تو غضب یہ کیا کہ دہلی کے واقعہ کو جس کے ہزارہا مسلمان گواہ ہیں بالکل عکس خلاف واقع صریح صریح کذب وبہتان کے ساتھ اپنے نامہ اعمال کو سیاہ کیا ہے۔ ''لا حول

ولا قوۃ الا باللہ ‘‘ ذرا اپنے پیر بھائی محمد اسلم کا الحق مر ملاحظہ فرمائیے۔ یہ اچھا آپ کا حسن ظن ہے کہ ہزارہا مسلمانوں کے سامنے جو واقعہ گزرا ہو اس کو ایک شخص خلاف اور بالکل غلط لکھے اور ایک عالم سید محدث پر بہتان باندھے اور اس کو سینکڑوں گندی گالیاں دے۔ مگر آپ اپنے حسن ظن سے اس کو الہام سمجھے جائیں۔ اگرچہ مرزاقادیانی کی حقیقت بالکل کھل چکی ہے۔ مگر عاجز کو چونکہ تحقیق حق اور اظہار باطل منظور ہے۔ اس لئے بہ نظر اتمام حجۃ آپ کو بحث کے لئے بلاتا ہوں۔ جب ہر طرح کی حجت تمام ہو جائے گی تو آپ کے اعلام کا جواب اور آپ کے مصنوعی مسیح کے ازالہ کا ازالہ بفضلہ تعالیٰ تیار ہے وہ طبع کیا جائے گا۔ مگر بہتر ہے کہ آپ سے اوّل تصفیہ کرالیا جائے۔ واللہ باللہ مجھ کو اظہار حق کے سوا کوئی اور خیال نہیں ہے۔ مگر آپ اس طرف توجہ فرماتے ہی نہیں۔ ناحق مسلمانوں کا وہ وقت عزیز اور روپیہ اس ناکارہ جھگڑے میں صرف کراتے ہو۔ جو غیر قوموں کے رد میں صرف ہوتا۔ ’’انا للہ وانا الیہ راجعون‘‘

خیر اللہ تعالیٰ کافی ہے اور مسلمانوں کا وہی حامی و والی ہے۔ جو چاہیں آپ طبع کریں اور جو چاہیں بنیں اور مرزاقادیانی کو بنائیں۔ پہلے بھی بہت لوگ بہت کچھ بن چکے ہیں اور جو کچھ ان کا انجام ہوا اس سے بھی آپ بے خبر نہیں ہیں۔ مرزاقادیانی نے وقت اور موقع اور مسلمانوں کی ابتری کا حال دیکھ کر یہ ڈھنگ سوچا اور یہ رنگ جمایا ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ جو اسلام اور اہل اسلام کا حافظ و ناصر ہے وہ اب بھی ویسا ہی قدرت والا ہے۔ جیسا ہمیشہ سے تھا اور ہمیشہ رہے گا۔ ’’الان کما کان‘‘ مگر حضرات! آپ خوب سمجھ لو کہ اگر آپ نے اس بارہ میں مناظرہ ومباحثہ نہ کیا تو ضرور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اگر آپ اپنے خیال میں ٹھیک بھی کہتے ہو تو پوچھے جاؤ گے یا حضرت لب بام کی حالت ہے اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ سفر آخرت نزدیک ہے۔ اگر حق جان کر اس کو چھپاؤ گے تو اب منتقم حقیقی کے اخذ شدید سے ہرگز نہ بچو گے۔ بھلا یہ کیسی ایمانداری ہے کہ مصنوعی طور پر مشتہر کر دیا اور اپنے ہم طریق لوگوں کو خبریں پہنچا دیں کہ مولوی محمد حسین مناظرہ نہ کر سکے۔ مولوی سلامت اللہ کو میں نے ساکت کر دیا۔ مولوی محمد بشیر کسی قدر میرے ہم خیال ہو گئے۔ میں نے تمام امصار و دیار کے علماء کو اشتہار دیا کوئی مقابل نہ آیا۔ حضرت حیا شعبۂ ایمان ہے۔ اگر دیانت وراست بازی کا کچھ خیال ہوتا تو ایسے فرضی ومصنوعی دعوے آپ لوگ مطبوع ومشہور نہ کرتے اور اگر کئے بھی تھے تو ضرور مناظرہ کے لئے تیار ہو جاتے اور اظہار حق میں کوئی عذر وحیا نہ کرتے۔ پہلے صفائی اور راست بازی سے مناظرہ وبحث کر لیتے۔ اگر کامیاب ہو جاتے تو شہرت

دیتے۔ حضرت احسن المناظرین صاحب یہ عاجز اس قدر سفر کی دقت اٹھا کر صرف اسی غرض سے آیا ہے اور آپ کے مکان پر بھی حاضر ہوا اور آپ کے مرزا قادیانی اور دیگر آپ کے ہم طریق لوگوں کی گالیوں اور لعن طعن کی برداشت کر کے محض آپ سے بحث کرنے کے لئے تیار بیٹھا ہوا ہے اور جب آپ سے حجت تمام کر چکے گا تو پنجاب میں آپ کے ہم مشرب جناب حکیم نورالدین صاحب کی خدمت میں جائے گا۔ اگر ان کا حال بھی ایسا ہی ہوگا جیسا کہ آپ کا اور مرزا قادیانی کا ہے تو پھر انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے رسائل کے رد کا طبع کرنا شروع کرے گا۔

اے حضرات! اگر آپ لوگ حق پر ہیں اور آپ کو اس بات کا واقعی طور پر یقین ہے کہ درحقیقت آپ کے مرزا قادیانی مسیح موعود ہیں اور آپ لوگوں کا دعویٰ قرآن مجید کے آیات صریحہ قطعیۃ الدلالت اور احادیث صحیحہ مرفوعہ متصلہ کے منطوق سے متحقق اور ثابت شدہ امر ہے تو پھر ایسے رکیک عذر اور بہانے کر کے مناظرہ سے گریز کرنا کیسے بزدلی کی بات ہے۔ بسم اللہ! آیئے اور اپنا وہ عجیب ثبوت دکھلایئے۔ اگر آپ اس صورت میں کہ میں آپ کے مصنوعی مسیح اور ان کے حواریوں یا بقول مرزا قادیانی ان کے فرشتوں کو نوٹس دے کر ایک عالم میں مشتہر کر چکا ہوں۔ جس سے اچھی طرح یہ بات اشاعت پا چکی ہے کہ درحقیقت آپ کے مرزا قادیانی کا دعویٰ قرآن وحدیث سے ثابت نہیں ہوتا۔ بلکہ سراسر قرآن وحدیث کے خلاف ہے اور جو شخص مرزا قادیانی کے مسیح موعود ہونے کا مدعی ہے وہ بالکل مفتری علی اللہ والرسول ہے۔ میدان میں آ کر مصنوعی مسیح کا کچھ ثبوت نہیں دیں گے۔ تو پھر آپ کس مرض کی دوا ہیں اور اپنا خطاب احسن المناظرین کیوں رکھا ہے۔ حضرت بحث کرنے کے لئے تشریف لایئے کہ میں بحث کے لئے تیار بیٹھا ہوں۔ آپ کیوں باوجود احسن المناظرین ہونے کے بحث کرنے سے کنارہ کرتے ہیں اور حق الامر کو چھپاتے ہیں اور حق کو اس کے ظہور سے روکتے ہیں اور نہیں چاہتے کہ حق کھل جائے۔ آپ لوگوں کو ڈرنا چاہئے کہ آپ یصدون عن سبیل اللہ کے مصداق نہ ہو جائیں۔ کیونکہ جس حالت میں آپ کے مقابل آنے سے حق کھلتا ہے اور آپ مائیوں کوٹھری میں چھپے بیٹھے ہیں تو پھر آپ یصدون عن سبیل اللہ کے مصداق ہوئے یا کچھ اور ہوئے۔ بتایئے! آپ اللہ تعالیٰ سے ڈریں اور بحث کے میدان میں آ کر یہ کوشش کریں کہ حق کھل جائے اور گریز وفرار اختیار نہ کریں اور یصدون عن سبیل اللہ کے مصداق نہ بنیں اور میں تو اے حضرات! اس عظیم الشان بحث کے لئے ہر وقت حاضر ہوں اور ہرگز آپ لوگوں کی طرح تخلف نہ کروں گا۔ ”لعنۃ اللہ علیٰ من تخلف وصد عن سبیل

اللہ ’’اب میں پھر آپ کو اور آپ کے مصنوعی مسیح یا نبی کو یا جو کچھ وہ بنے ہیں اور آپ کے تمام ہم مذہب اور ہم مشرب لوگوں کو بحث کے لئے بلاتا ہوں۔‘‘ ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین وادعوا شھداء کم من دون اللہ ان کنتم صادقین فان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا ’’کا ڈنکا بجاتا ہوں۔ آپ جب تیار ہوں میں حاضر ہوں۔ دہلی، لاہور، بمبئی، کلکتہ جہاں بلاؤ آجاؤں۔ آپ لوگ یقیناً یاد رکھیں کہ یہ آپ کا غلط اور سراسر غلط اور واقعی غلط خیال ہے کہ مرزا قادیانی مسیح موعود یا کسی درجہ کے نبی ہیں۔ جس دن آپ یا آپ میں سے کوئی بحث کے لئے میرے سامنے آئے گا۔ اس دن انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے خیالات سب مبدل ہو جائیں گے اور سخت افسوس وندامت کے ساتھ آپ کو اپنے اس خیال سے رجوع کرنا پڑے گا۔ اگرچہ آپ کے مرزا قادیانی اور آپ ایک عرصہ سے اس وہم کو پکار رہے ہیں مگر سامنے آنے کے بعد آپ پر اپنے وہم کی حقیقت کھل جائے گی اور پھر آپ کو اپنا یہ خیال اور وہم سخت مذموم اور باعث رسوائی معلوم ہوگا۔ آپ کو شرم کرنی چاہئے کہ احسن المناظرین ہونے کا دعویٰ اور مناظرہ سے اس قدر اور اس درجہ گریز اور فرار۔‘‘ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلے العظیم ’’اگر آپ کو اور آپ کے مرزا قادیانی کو کچھ شرم ہے تو اب بلاتوقف بحث کے لئے میدان میں آجایئے۔

تاسیہ روشود ہر کہ دروغش باشد

اگر آپ بحث کرنے کے لئے نہ آئے اور کوٹھری میں چھپے مائیوں بیٹھے رہے تو یاد رکھو کہ تمام ہندوستان وپنجاب میں بدنامی کے ساتھ آپ مشہور ہو جائیں گے اور آپ کے مرزا قادیانی کے مسیحائی اور آپ کے احسن المناظرین ہونے کی تمام رونق جاتی رہے گی۔ میں متعجب ہوں کہ آپ کیسے احسن المناظرین ہیں اور آپ کے مرزا قادیانی کیسے مسیح نبی ہیں۔ جن کو شرم نہیں۔ قرائن سے اس بات کا یقین ہوتا ہے کہ آپ ہی نے مرزا قادیانی کو اس غلط وہم میں دلیر کر دیا ہے اور پھر آپ ہی پیچھے ہٹے جاتے ہو اور آپ پر واضح رہے کہ کسی قدر درشت الفاظ جو اس خط میں تحریر ہوئے ہیں۔ یہ اندکے از بسیار آپ کے مرزا قادیانی کے الہامی الفاظ کا چربہ ہے اور جو جو گندے اور درشت الفاظ مرزا قادیانی نے استعمال کئے ہیں وہ تو پورے پورے نہ میری زبان سے نکل سکیں نہ قلم سے۔ کیونکہ سفہاء کی طرح سب وشتم میری فطرت کے مخالف ہے۔ یہ شیوہ تو آپ کے مرزا قادیانی اور ان کے معتقدوں ہی کے لئے موزوں ہے۔ میں اللہ تعالیٰ کے فضل عمیم اور رحمت وسیع سے جوش نفسی سے محفوظ ہوں اور اس کی تصدیق میرے وہ مناظرے ہیں جو ہمیشہ

دہلی، لاہور، بمبئی، مدراس، لکھنؤ وغیرہ بڑے بڑے شہروں میں ہوئے ہیں اور بفضلہ تعالیٰ میرے پاس اس امر میں مخالفین کی شہادتیں موجود ہیں اور اس تحریر میں یہی میری ہر ایک لفظ کی صحت نیت پر بنا ہے۔ آپ کے جگانے کے لئے کسی قدر بلند آواز کی ضرورت پڑے۔ ورنہ مجھے مرزا قادیانی اوران کی امت کی گالیوں پر نظر نہیں۔ ’’کل یعمل علی شاکلته‘‘

مجھے اس کا بھی اظہار کرنا ضرور ہے کہ اگر آپ کو مرزا قادیانی کی درشت کلامی اور سخت زبانی اور گالیوں کی بوچھاڑ کا یقین نہ ہو تو مرزا قادیانی کا اشتہار ۱۷/اکتوبر ۱۸۹۱ء مندرجہ مجموعہ اشتہارات ج۱ ص۲۴۱ تا ۲۴۹ اور تقریر واجب الاعلان جلسہ بحث ۲۰/اکتوبر ۱۸۹۱ء، مندرجہ مجموعہ اشتہارات ج۱ ص۲۵۰ تا ۲۶۴ کو ملاحظہ فرمالیں۔ بعد ملاحظہ آپ خود جان لیں گے کہ کس قدر مکروہ اور قابل نفرت الفاظ کا مرزا قادیانی نے استعمال کیا ہے اور یہ بھی روشن ہو جائے گا کہ مرزا قادیانی کا یہ الہام بھی ان کے بھائی صاحب کی طرح لال بیگی الہام ہے۔ ’’اعوذ برب الناس ۰ ملك الناس ۰ اله الناس ۰ من شر الوسواس الخناس ۰ الذی یوسوس فی صدور الناس ۰ من الجنة والناس ۰ ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ هدیتنا ووهب لنا من لدنك رحمة انك انت الوهاب‘‘ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو بھی توبہ کے ہدایت نصیب کرے اور اپنے اور اپنے رسول کے خلاف سے بچائے۔ واللہ باللہ مجھے مرزا قادیانی کے حال پر افسوس اور بہت افسوس ہے۔

وہم باطل نے نکما کر دیا
ورنہ مرزا آدمی تھے کام کے

جوکہ آپ کو نظم سے ایک تعلق ہے۔ اس لئے آپ کی ایک بھائی کا تحفہ آپ کے مذاق کے موافق اس وقت بعد تھوڑی سی اصلاح کے پیش کرتا ہوں۔ گر قبول افتد۔

مرزا صاحب کج ادائے آپ کی — اور یوں بے اعتنائی آپ کی
خلق کو دھوکہ میں ڈالا سربسر — واہ طرز راہنمائی آپ کی
افتراء پر افتراء کرتے رہے — بڑھ گئی ہرزہ سرائی آپ کی
سینہ صافوں کو مکدر کر دیا — ہو چکی حق سے صفائی آپ کی
ہو سکے کب ابن مریم کے مثیل — دیکھ لی ہم نے بڑائی آپ کی
آیت قرآن نہ لائے تم دلیل — کھل گئی بس بے نوائی آپ کی
لاؤ گے جب تک نہ آیت یا حدیث — کس طرح ہو گی رہائی آپ کی

کر کے تاویلیں لکھو گے گر جواب
خوب ہو گی جگ ہنسائی آپ کی
بحث میں بنتے ہو مغضوب الغضب
بحث ہے گویا لڑائی آپ کی
مرزا صاحب لنگوٹا باندھئے
دیکھیں پھر زور آزمائی آپ کی
یوں الجھنا میرزا جی اچھا نہیں
کیا کرے گی ہاتھا پائی آپ کی
آپ سے ظاہر ہوا بغض وفساد
کوئی کیا مانے گواہی آپ کی
حامی دین شیخ کل کے سامنے
حق نے یوں عزت گھٹائی آپ کی
دلی والوں کے نہ آگے چل سکے
عیسویت اور خدائی آپ کی

والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ!

فہرست کاغذات...... جواس خط کے ساتھ خدمت عالی میں مرسل ہیں

مطبوعہ طبع انصاری دہلی

۱......	جواب اشتہار ۲/ اکتوبر ۱۸۹۱ء	۲......	اعلام عام اہل اسلام
۳......	اشتہار صدق آثار	۴......	اشتہار ۱۲/ اکتوبر ۱۸۹۱ء
۵......	کیفیت مناظرہ ۲۰/ اکتوبر ۱۸۹۱ء	۶......	مسیح موعود دہلوی کا تیسرا اشتہار
۷......	نوٹس اتمام حجت	۸......	اعلام منجانب جمیع اہل اسلام
۹......	اطلاع برائے عام اہل اسلام	۱۰......	اعلان مجد علی خان صاحب
۱۱......	اشتہار مولوی عبدالمجید	۱۲......	اشتہار قربان علی لکھنوی

اگر مہربانی کرکے اپنے اعلام الناس کے تینوں حصے بھیج دیں بقیمت یا بے قیمت تو بعید ازعنایت نہ ہوگا۔ آپ کا خادم عبدالمجید عفی عنہ۔ ۵/ جمادی الاخری ۱۳۰۹ھ، ۷/ جنوری ۱۸۹۲ء

از احقر الزمن: بخدمت فیضدرجت حضرت مکرم بندہ محمد سردار حسین خان صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! آنکہ جس قدر اشتہارات جناب والا نے سوائے خط قلمی اس احقر کو عطاء فرمائے ہیں۔ وہ سب اس خاکسار کے پاس موجود ہیں۔ مگر بہ تعمیل امر جناب، ان کو لے کر رسید پیش کرتا ہوں۔ مورخہ ہفتم/ جمادی الثانی ۱۳۰۹ھ محمد احسن مہتمم مصارف!

خط نمبر:۴...... جواب الجواب خط نمبر:۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰ نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم!

ایک مدت سے جس کا انتظار دل کو تڑپا رہا تھا اور بے اختیار زبان پر یہ آرہا تھا۔

دل تڑپتا ہے صبح وشام پڑا
یا الٰہی یہ کس سے کام پڑا

شکراور صد ہزار شکر کہ وہ تمنا برآئی۔شاہد مقصود نے صورت دکھائی۔اعنی جناب مولوی محمداحسن صاحب احسن المناظرین کا وہ مضمون جو جناب موصوف نے اس عاجز مسافر کے جواب میں لکھا ہے جناب سردار حسین خان صاحب بہادر کپتان ملکی کی معرفت احقر تک آیا۔دل سے پڑھا۔آنکھوں سے لگایا۔ ؎

ہزار شکر کہ خط صبح یار کا پہنچا
دل فسردہ کو مژدہ بہار کا پہنچا

میں مشکور ہوں کہ مولوی صاحب نے اس جواب سے خاکسار کی عزت بڑھادی۔مگر ساتھ ہی نامہ بر نے یہ افسوس ناک خبر بھی سنادی کہ جناب موصوف تجھ سے ملنا نہیں چاہتے۔گو میں نے بہت سمجھایا۔مگر وہ کسی طرح ڈھب پرنہیں آتے۔مناظرہ کی طرف توجہ نہیں فرماتے۔یہ ظاہر ہے کہ اس عاجز مسافر نے اس سفر کا بار اسی لئے اٹھایا تھا اور یہاں تک آیا تھا مگر مولوی صاحب کو رحم نہ آیا۔خیر یا قسمت یا نصیب ؎

یہ کہاں قسمت کہ کانوں سے سنوں وہ گفتگو
ہاں مگر قاصد ہو پیدا بعد بے حد جستجو
ہائے ناکامی رہے دل کی ہی دل میں آرزو
برنگر دو قاصد از شرم جواب تلخ او
چوں پیام من برشیریں کلام من برد

اور نہ صرف نامہ بر ہی نے یہ پیام سنایا بلکہ مولوی صاحب کے تمام مضمون کا حاصل بھی یہ ہی ہے۔کیوں جناب مولوی صاحب باوجود دعوت کوئی کسی کو یوں صاف جواب دیتا ہے۔کیا یہ اس عاجز مسافر پر صریح ظلم نہیں ہے۔ ؎

رحم ہرگز نہیں آتا تجھے ہم پر ظالم
دل ٹھہرتا نہیں ٹھہرتے کوئی کیونکر ظالم
تیری محفل سے چلے سخت مکدر ظالم
اے دل آزار جفا کیش ستمگر ظالم
لطف کن لطف کہ ایں بار چو رفتم رفتم

ہر چند کہ مجھے اس کے جواب دینے کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ میں نے تو احسن المناظرین صاحب کو مناظرہ کے لئے طلب کیا تھا۔ جس کے وہ داعی تھے۔ انہوں نے اس سے صاف انکار کیا۔ دوسری بات قابل جواب یہ تھی کہ وہ اپنے مصنوعی مسیح کے مسیح موعود ہونے کا کچھ ثبوت دیتے۔ یہ بھی نہ کر سکے۔ تیسری بات یہ تھی کہ وہ ہر طبقہ میں دس دس بیس بیس نہیں تو دو دو چار چار تو ایسے مسلمان بتا اور گنوا دیتے جن کے خیالات اور اعتقادات ایسے ہی ہوتے جو مرزا قادیانی اور ان کے اتباع کے ہیں۔ مگر ان باتوں کا جواب (قادیانی) مولوی صاحب دے ہی نہیں سکتے۔ دیتے کیا ان کے پاس جواب کے سوا جواب ہی کیا ہے۔

مدت سے اس کے ہم سخنی کی تھی آرزو
اب عین وصل ہے تو نہیں تاب گفتگو
اے جوش گریہ بس یہ ہی تھی آرزو
او میکند سوال ومرا درجواب او
از اضطراب دل نتواند سخن کند

اب رہی جناب احسن المناظرین صاحب کی بیجا تعلّی اور لاف زنی۔ اس سے مجھے کیا۔

ابن مریم تو ہو نہیں سکتا
یوں مسیحا بنا کرے کوئی

لیکن مجھ سے چند احباب نے ذکر کیا کہ (احسن قادیانی) مولوی صاحب نے اس مضمون کو طبع کروایا ہے یا کروانا چاہتے ہیں۔ اس لئے ناظرین کو جواب کا انتظار ہوگا۔ بپاس خاطر انتظار ناظرین جواب الجواب لکھے دیتا ہوں اور ایک اس وجہ سے بھی کہ۔

گفتگو ہائے یار بھی دیدار سے کچھ کم نہیں
آرزوے وصل وصل یار سے کچھ کم نہیں

مگر اس سے پہلے مجھے ناظرین کی خدمت میں اتنا عرض کر دینا ضرور ہے کہ مجھ سے مولوی صاحب کے ایک دوست نے فرمایا کہ مولوی محمد احسن صاحب امروہی بے مثل فاضل جامع جمیع علوم عقلیہ ونقلیہ ہیں۔ احسن المناظرین ان کا خطاب ہے۔ مولانا مولوی محمد بشیر صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کے مقابل انہوں نے اپنے کس قدر علوم کا اظہار وافتخار کیا ہے۔ ایسا لائق وفائق بے عدیل وبے نظیر فاضل تجھ جیسے بے علم آدمی سے خطاب کرے۔ یہ کب ہوسکتا ہے؟

جواب...... یہ فخر وتعلّی عنداللہ وعندالرسول ناپسند ہے۔ان اللّٰہ لا یحب کل مختال فخور اوراہل علم وعقل کے نزدیک مذموم اورمولوی صاحب فرضی مسیحوں میں بے مثل ہیں۔نہ تمام اہل اسلام میں اوران کا خطاب بھی شاید الہامی ہو۔کسی نے ان کو یہ خطاب دیا نہیں۔اپنے منہ آپ میاں مٹھو کی مثل صادق ہےاورعاجز تو سائل ہے۔’’واما السائل فلا تنھر‘‘حکم خالق ہے اورمخاطب تو مولوی صاحب عاجز کو اپنا بنا چکے۔مثل مشہور ہے۔ساتھ کھا کے ذات پوچھنا فعل عبث ہے،اور یہ سچ ہے کہ عاجز کو جناب مولوی صاحب کا سا علم نہیں ہے۔مگر مولوی صاحب کو بھی مولانا محمد بشیر صاحب کی ہمسری کا خیال غلط ہے۔اس لئے کہ مدتوں مولانا موصوف سے استفادہ کرتے رہے ہیں۔جس سے اگر سچ بولیں تو انکار نہیں کر سکتے۔پس جن سے برسوں استفادہ کیا ہو آج ان کے مقابل ہمسری کیسی بلکہ تمردی کرنی کہ مجھ سے مولانا صاحب مناظرہ کی درخواست کرتے ہیں۔کیسی شرم کی بات ہے۔سچ فرمایا سعدیؒ نے۔

کس نیا موخت علم تیراز من
کہ مراعاقبت نشانہ نکرد

اوراحسن المناظرین کی لیاقت کا حال تو بطور نمونہ یہ ہیچمدان ظاہر کئے دیتا ہے۔کچھ مولانا صاحب کو تکلیف فرمانے کی ضرورت نہیں۔

گو کہ ہم صفحہ ہستی پہ تھے ایک حرف غلط
لیکن اٹھے بھی تو ایک نقش بٹھا کے اٹھے

مرزاغلام احمد قادیانی مصنوعی مسیح اورفرضی مسیحوں کے افضل الفضلاء جناب مولوی محمد احسن صاحب احسن المناظرین امروہی کی لیاقت علوم اورکمال فنون کے چند نمونے

ازرسالہ الحق جلداوّل نمبر۵،۵/پنجاب پریس سیالکوٹ

ہر چند جناب احسن المناظرین صاحب کی تحریراس درجہ لیاقت سے بھری ہوئی ہے کہ اگرقرآن مجید کی کوئی آیت بھی آپ نے نقل کی ہے تو خوبی قسمت سے سہو کاتب اس میں بھی ہوگیا ہے ورنہ دوسری عبارتوں کا تو کیا ذکراورفہم معانی اورمطالب میں ماشاءاللہ جو خدام والا کی ذہن کورسائی ہے۔اس کا حال تو بطریق مشتے نمونہ ازخروارے واندکے ازبسیارے ملاحظہ ہی فرمالیجئے۔

نقد ایمان سے ضد اس غارت گردین کو پڑی
تجھ سے اے احسن خدا سمجھے یہ تو نے کیا کیا

اوّل نمونہ اصول فقہ میں احسن المناظرین صاحب کی لیاقت کا کمال

(ص۱۰۶) میں آپ نہایت فخر اور بے حد تعلّی کے ساتھ فرماتے ہیں کہ: ’’مولوی صاحب نے اس علم کی طرف بالکل توجہ نہیں فرمائی۔ اگرچہ احقر کا منصب مدعی کا نہیں ہے۔ لیکن اس غرض سے کہ مولوی صاحب اس طرف توجہ فرمائیں۔ کچھ عرض کرتا ہے کہ وفات عیسیٰ ابن مریم آیت ’’انی متوفیك ‘‘ سے بروایت صحیح بخاری ابن عباسؓ ’’انی ممیتك ‘‘ کے بطور عبارت النص کے ثابت ہے۔‘‘

پھر (ص۱۰۷) میں فرماتے ہیں کہ: ’’آیت ’’انی متوفیك ‘‘حسب روایت صحیح بخاری کی وفات عیسیٰ ابن مریم میں محکم ہے۔‘‘ اس سے جناب احسن المناظرین کی لیاقت اور فن اصول فقہ میں یہ کمال ظاہر ہوا کہ آپ نے اس جگہ نص اور محکم کو جمع کر دیا ہے۔ حالانکہ علم اصول فقہ میں یہ دونوں قسمیں جدا جدا اور متبایں ہیں۔ دیکھو مسلم الثبوت عبارت مسلم ’’النظم ان ظهر معناه فان لم يسق له فهو الظاهر وان سيق له فان احتمل التخصيص والتاويل فهو النص ويقال ايضاً لكل سمعى فان لم يحتمل فان احتمل النسخ فهو المفسر فهوما لا شبهة فيه ولهذا يحرم التفسير وبالرأى دون التاويل ويقال ايضاء لكل مبين بقطع ولمبين بظنے ماؤل وما لا يحتمل النسخ فهو المحكم‘‘

اصول فقہ میں احسن المناظرین کی کمال لیاقت کا دوسرا نمونہ

(ص۱۰۶) میں نہایت زور کے ساتھ آپ کی تحریر ہے کہ آیت: ’’وان من اهل الكتٰب کی دلالت اگر حیات مسیح بن مریم پر تسلیم کی جاوے تو یہ دلالت بطور اشارۃ النص کے ہے۔‘‘

اور (ص۱۰۷) میں لکھتے ہیں: ’’اور بغرض تسلیم قبل موتہ حیات پر دلالت بھی کرے تو یہ دلالت واضح نہیں ہے۔ کیونکہ اس میں ضمائر وغیر ذوالوجوہ ہیں اور روایتاً ودرایتاً مفسرین کا ان میں بہت سا کچھ اختلاف ہے اور اس کو متشابہ کہتے ہیں۔‘‘ واہ جناب احسن المناظرین صاحب یہ تو اصول فقہ میں خدام والا کی عجیب لیاقت اور نیا کمال ظاہر ہوا کہ اشارۃ النص اور متشابہ کو آپ نے جمع کر دیا۔ حالانکہ اتباع اشارۃ النص کا حرام نہیں ہے اور متشابہ کا اتباع مطلقا حرام ہے۔ لقولہ سبحانہ وتعالیٰ ’’فاما الذين فى قلوبهم زيغ فيتبعون ماتشابه منه ابتغاء الفتنة وابتغاء تاويله ‘‘ اور اس لیاقت پر یہ افتخار کہ جناب تحریر فرماتے ہیں کہ: ’’اگر دیگر قواعد علم اصول کی طرف رجوع کی جائے تو مباحثہ چار پانچ سطروں میں ختم ہوسکتا ہے۔‘‘ اے جناب ہو کیا سکتا ہے حضور کی طرف سے تو خاتمہ ہوگیا۔ بلکہ ساتھ ہی ساتھ خدام والا کی لیاقت بھی ختم ہوگئی۔

فہم عالی کے کمال کا تیسرا نمونہ

آپ کے نزدیک جب آیت ’’وان من اهل الكتاب ‘‘حیات مسیح علیہ السلام پر دلالت کرنے میں متشابہ ہے تو نہ صرف مولانا محمد بشیر صاحب بلکہ وہ سب اکابر جنہوں نے اس آیت سے حیات عیسیٰ علیہ السلام سمجھی ہے۔ جیسے ابوہریرہؓ ابن عباسؓ وابومالکؒ وحسن بصریؒ وقتادہؒ وعبدالرحمٰن بن زید بن اسلم اور ابن جریر وابن کثیر وغیرہم یہ سب متشابہ کا اتباع کرنے والے ہوئے اور معاذ اللہ سب آپ کے نزدیک مرتکب حرام ٹھہرے۔ کیونکہ اتباع متشابہ کا بنص قطعی حرام ہے۔ ’’لا حول ولا قوة الا بالله كبرت كلمة تخرج من افواههم ان يقولون الا كذبا‘‘

زوی آتش پئے یک شیر ظالم نیستانے را
غرض دل بود بیجا سوختے ہر استخوانے را

اور جوش تعلّی میں جناب احسن المناظرین صاحب یہ بھی بھول گئے کہ ان کے مصنوعی مسیح نے بھی وفات عیسیٰ علیہ السلام پر اس آیت سے استدلال کیا ہے تو وہ ضرور ہی مرتکب حرام کے ٹھہر گئے۔ اس لئے کہ جو کچھ آپ نے فرمایا وہ ان کا مسلم ہے۔

میں الزام ان کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

چوتھا نمونہ علم منطق میں احسن المناظرین کی لیاقت کا کمال

(ص۱۰۳) میں آپ تحریر فرماتے ہیں کہ: ’’اجتماع الضدین یا ارتفاع الضدین تو محالات سے ہے۔‘‘ (واضح ہو کہ مطبوعہ میں لفظ ارتفاع الضدین کا سہو کاتب سے رہ گیا ہے۔ مگر مولوی صاحب کے دستی خط میں موجود ہے اور وہ خط مولانا صاحب کے پاس ہے اور عبارت مطبوعہ بھی کہہ رہی ہے) اس سے علم منطق میں آپ کی لیاقت کا اندازہ اور کمال کا اظہار ہوگیا۔ اس لئے کہ اجتماع الضدین تو سب کے نزدیک محال ہے۔ مگر ارتفاع الضدین کسی کے نزدیک محال نہیں؟ دیکھو سواد وبیاض دونوں ضدین ہیں۔ مگر ارتفاع ان کا ممکن ہے۔ اس طرح پر کہ سواد ہو نہ بیاض بلکہ مثلاً حمرت ہو۔ البتہ ارتفاع النقیضین محال ہے۔ لیکن ارتفاع النقیضین اور ارتفاع الضدین میں فرق بیّن ہے۔ دونوں کو متحد ماننا آپ کے کمال تبحر کی دلیل ہے۔

پانچواں نمونہ

(ص۱۰۷) میں آپ فرماتے ہیں کہ: ’’مولوی صاحب نے اس مباحثہ میں علم منطق سے بھی کام نہیں لیا۔ ورنہ شکل اوّل بدیہ الانتاج سے ایک دوسطر میں فیصلہ ہو جاتا۔ مگر یاد رہے کہ

میں مدعی نہیں ہوں (ڈرتے کیوں ہو) بطور نمونہ کے تقریر اس کی یہ ہے۔’’عیسیٰ ابن مریم کان نبیا من الناس ومات الناس حتےٰ الانبیاء یعنی کلھم ماتوا فعیسیٰ ابن مریم ایضامات ‘‘مقدمہ صغریٰ تو مسلم ہی ہے اور مقدمہ کبریٰ ایسا مشہور ہے کہ اطفال مکتب لفظ حتیٰ کہ مثال میں پڑھا کرتے ہیں۔ اس سے اور کوئی فیصلہ ہو یا نہ ہو۔ مگر آپ کی لیاقت کا تو فیصلہ ہوگیا اور آپ کا کمال منطقی خوب معلوم ہوگیا۔ کیونکہ صغریٰ کبریٰ پڑھنے والا بھی جانتا ہے کہ شکل اوّل کے انتاج کی شرط کلیۃ کبریٰ ہے اور’’ومات الناس کلھم ‘‘عموماً کسی زمانہ میں اور خصوصا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وقت سے اب تک کبھی صادق نہیں آیا۔ کیونکہ حاصل اس کا یہ ہے۔

کل انسان قدمات فی الزمان الماضے

اور یہ قضیہ کاذب ہے اور اجتماع النقیضین بالبداہت باطل ہاں یہ کلیہ نفخ صور کے بعد جب سب انسان مرجائیں گے البتہ صادق آجائے گا۔

چھٹا نمونہ علم بلاغت میں احسن المناظرین کی لیاقت کا کمال

(ص۱۰۸) میں آپ تحریر فرماتے ہیں کہ:’’اس علم کی طرف بھی مولوی صاحب نے رخ تک نہیں کیا۔ ورنہ بہت آسانی سے فیصلہ ہوسکتا تھا۔ مطول اور اس کے حواشی میں لکھا ہے۔‘‘ بعد اس کے آپ نے مطول کی عبارات نقل کی ہیں۔ جن میں یہ ذکر ہے کہ مضارع سے کبھی دوام تجددی مراد ہوتا ہے اور دو مثالیں ان میں مذکور ہیں۔ اوّل الزاهد ليشرب ويصراب!

دوسری مثال’’الله يستهزٔ بهم ويمدهم ‘‘پھر آپ فرماتے ہیں کہ اگر مرزا قادیانی نے حسب مقتضائے مقامات قرآن مجید میں مستقبل کے معنی دوام تجدد کے مراد لئے تو کون سا محذور لازم آیا۔ اس سے احسن المناظرین صاحب کی کمال لیاقت علم بلاغت میں ثابت ہوگئی کہ آپ کو یہ بھی خیال نہیں آیا کہ ان دونوں مثالوں میں جو دوام تجددی مراد لیا گیا ہے۔ ان میں نون ثقلیہ کہاں ہے؟ اور مرزا قادیانی قرآن مجید میں جہاں دوام تجددی مراد لیتے ہیں۔ وہاں نون ثقیلہ موجود ہے۔’’فقياس احدهما علے الاٰخر قياس مع الفارق ‘‘علاوہ اس کے دوام تجددی کا مضارع کے لئے معنی حقیقی ہونا عبارات مذکورہ سے ہرگز ثابت نہیں ہوتا ہے۔ غایت مافی الباب یہ ہے کہ یہ معنی مجازی ہوں۔ جیسا کہ لفظ قد اس پر صاف دلالت کرتا ہے اور مجاز پر حمل جائز نہیں ہے۔ جب تک کہ قرینہ صارفہ حقیقت سے پایا جاوے۔ ومن يدعى فعليه البيان!

ساتواں نمونہ زبان اردو میں احسن المناظرین کی لیاقت کا کمال

(ص۱۱۲) میں آپ تحریر فرماتے ہیں کہ: ’’اردو میں لفظ ابھی کا جو خالص حال کے واسطے آتا ہے۔ مولوی صاحب نے اس کو ترجمہ شاہ رفیع الدین صاحب میں ’’یعنی ابھی جلادیں گے۔‘‘ ہم اس کو خالص استقبال کے واسطے مقرر فرمایا ہے۔ جب اردو میں خدام والا کی لیاقت اس درجہ کمال پر پہنچی ہوئی ہے۔‘‘ تو فارسی اور عربی میں جو کچھ ارشاد ہو سب درست ہے۔ جناب من آپ کو یہ خیال نہیں رہا کہ گا اور گے اردو میں استقبال کی علامت ہے۔ اگر کبرسنی کی وجہ سے خیال نہیں رہا تو مصدر فیوض میں بحث فعل مستقبل ملاحظہ فرمالیجئے۔ رہا لفظ ’’ابھی‘‘ وہ حال اور استقبال قریب دونوں کے لئے آتا ہے۔ یہاں چونکہ علامت استقبال کی موجود ہے۔ اس لئے استقبال کے واسطے معین ہوا۔

آٹھواں نمونہ علم نحو میں احسن المناظرین کی لیاقت کا کمال

(ص۱۱۴) میں آپ ارشاد فرماتے ہیں: ’’اگر فقہ حدیث کی طرف مولوی صاحب توجہ فرماتے تو فیصلہ اس مباحثہ کا بہت آسان تھا۔ بیان اس کا یہ ہے کہ صاحب صحیح مسلم نے روایتاً ودرایتاً اس امر کا فیصلہ کردیا ہے۔ ’’وامامکم منکم‘‘ جو صحیحین کی حدیث میں واقع ہے۔ اس سے کوئی دوسرا امام سوائے ابن مریم کے مراد نہیں ہے۔ مگر یہ جملہ تو بطور صفت کے اسی ابن مریم کا وصف واقع ہوا ہے۔‘‘

اس سے احسن للناظرین صاحب کی لیاقت کا کمال علم نحو میں ثابت ہوتا ہے۔ نحو میر پڑھنے والا بھی جانتا ہے کہ موصوف اور صفت کے درمیان میں واو عاطفہ نہیں آتا ہے اور یہاں ابن مریم اور ’’امامکم منکم‘‘ کے درمیان میں واو عاطفہ موجود ہے۔ شاید جناب کو شرح جامی کی اس عبارت سے دھوکہ ہوا۔ جہاں قیل کے لفظ سے لکھا ہے کہ واو کا آنا درمیان صفت وموصوف کے زمخشری نے تجویز کیا ہے۔ اگر واقعی آپ کی اس غلطی کا یہی سبب ہے تو آپ جس وقت اس بات کو پیش کریں گے اس کا جواب بھی انشاء اللہ تعالیٰ اس وقت سن لیں گے اور اگر ’’وامامکم منکم‘‘ کے جملے کو صفت ابن مریم کے قرار دیں تو اس پر علاوہ اعتراض مذکور ایک یہ بھی اعتراض وارد ہوتا ہے کہ ابن مریم معرفہ ہے اور جملہ حکم میں نکرہ کے ہوتا ہے۔ پس مطابقت درمیان صفت وموصوف کے نہ پائی گئی۔

نواں نمونہ علم قرأت میں احسن المناظرین کی لیاقت کا کمال

(ص۱۱۰) میں آپ تحریر فرماتے ہیں: ’’اس علم کی طرف مولوی صاحب نے بالکل توجہ نہیں فرمائی۔ ورنہ چند سطور میں فیصلہ ہو جاتا۔ اگر تسلیم کیا جاوے کہ قرأت مندرجہ مصحف ابی بن کعب بالکل قرأۃ شاذہ ہے تو قرأت مشہورہ کے لئے اس کے مبین اور مفسر ہونے میں کیا کلام ہے۔ یہ مسئلہ بھی قراء وغیرہ کے نزدیک مسلم ہے۔ اتقان وغیرہ میں لکھا ہے۔‘‘ وقال ابو عبیدۃ فی فضائل القرآن ’’سبحان اللہ! جناب احسن المناظرین صاحب کیا کہتے ہیں۔

چہ خوش گفت ست سعدی در زلیخا

الا یا ایہا الساقی ادرکا ساو ناولہا

حضرت اتقان میں قراء نے فضائل القرآن میں لکھا ہوگا۔ مگر اتقان کوئی قرأت کی کتاب نہیں ہے۔ بلکہ علم تفسیر کی کتاب ہے اور اس مسئلہ کو کہ قرأۃ شاذہ قرأت مشہور کے مبین ومفسر ہوتے ہے۔ علم قرأت کا مسئلہ قرار دینا محل نظر ہے۔ ہاں اگر مسئلہ علم تفسیر یا اصول فقہ کہا جائے تو مستبعد نہیں۔ مگر اس مسئلہ میں تو یہ بات عموماً غیر مسلم ہے کہ ہر قرأت شاذہ مبین ومفسر ہو سکے۔ کیونکہ اصول فقہ میں حکم قرأت شاذہ کا حکم خبر آحاد کا ہے۔ جن شروط سے خبر آحاد مبین ومفسر ہو سکتے ہے۔ انہیں شروط سے قرأت شاذہ بھی مبین ومفسر ہوسکتی ہے اور یہاں ان سب شروط کا تحقق غیر مسلم ہے اور ایک جماعت اہل تحقیق کی خلاف حنفیہ وغیرہ کے اس طرف گئی ہے کہ روایت شاذہ اگر بسند صحیح بھی ثابت ہو تو بھی مبین ومفسر نہیں ہوسکتی ہے۔

دسواں نمونہ علم نحو وعلم تفسیر میں احسن المناظرین کی لیاقت کا کمال

(ص۱۱۶) میں آپ تحریر فرماتے ہیں کہ: ’’انہیں کتابوں میں لکھا ہے کہ ’’نون التاکید لا یؤکد الا مطلوبا والمطلوب لا یکون ماضیا ولا حالا ولا خبرا مستقبلاً‘‘ اس سے ثابت ہوا کہ ’’لیؤمنن قبل موتہ ‘‘جملہ خبریہ نہیں ہے۔ بلکہ جملہ قسمیہ انشائیہ ہے۔ چنانچہ تفسیر بیضاوی وغیرہ میں واللہ کو پہلے لیؤمنن کے مقدر مانا ہے اور جملہ قسمیہ انشائیہ ہی قرار دیا ہے اور جب کہ جملہ قسمیہ انشائیہ ہوا تو پیشین گوئی یعنی خبر مستقبل کیونکر ہوسکتا ہے۔ کجا جملہ خبریہ اور کجا جملہ انشائیہ۔‘‘ اس سے آپ کا کمال اور لیاقت علم نحو اور علم تفسیر میں ظاہر ہوگئی۔

اما علم نحو

پس بیان اس کا یہ ہے کہ اس فن کی کتابوں میں جو یہ لکھا ہے کہ: ’’نون التاکید لا

یـؤکد الا مطلوبا والمطلوب لا یکون ماضیا ولا حالا ولا خبرا مستقبلاً ‘‘اس سے یہ غرض نہیں ہے کہ نون تاکید غیر مطلوب کی تاکید کے لئے نہیں آتا۔ صرف مطلوب کی تاکید کے لئے آتا ہے۔ بلکہ مطلب یہ ہے کہ وضع تو نون التاکید کی مطلوب کی تاکید کے لئے ہے اور غیر مطلوب کے تاکید کے لئے بھی بسبب دیگر وجوہ کے آجاتا ہے۔ تکملہ میں ہے۔’’ای لا یـؤکـد الـنون الا مطلوبا لان وضعه لتاکید طلب حصول شئ اما فی الخارج اوفی الـذهن والمطلوب لا یکون ماضیا ولا حالا ولا خبراً مستقبلاً ‘‘اور یہی تکملہ میں ہے۔’’واما فی دلالة القسم علیٰ الطلب وفیه تأمل لان الانسان قد یقسم علیٰ ما یعمله مما هو لیس مطلوبه کقول من انی بکبیرة واللّٰہ لا عاقبن الا ان یقال الغالب ان یقسم المتکلم علیٰ ماهو مطلوب وحمل بقیة الباب علیه ‘‘شیخ زادہ حاشیہ بیضاوی میں لکھتا ہے۔’’والمستقبل الذی هو خبر محض لا تلحق نون التاکید باخره الا بعد ان یدخل علیٰ اوّل الفعل ما یدل علیٰ التاکید کلام القسم وان لم یکن فیه معنے الطلب لان الغالب ان المتکلم یقسم علیٰ مطلوب ‘‘تمام کتب نحو میں غیر مطلوب کی تاکید کی تین صورتیں لکھی ہیں۔ عبارت کافیہ کی یہ ہے۔

’’وقلت فی النفے والزمت فی مثبت القسم وکثرت فی مثل اما تفعلن‘‘

اما علم تفسیر

پس بیان اس کا یہ ہے کہ اہل تفسیر نے جس جملہ کو انشائیہ کہا ہے۔ اس کو مولانا صاحب پیشین گوئی نہیں فرماتے اور جس کو مولانا صاحب پیشین گوئی فرماتے ہیں اس کو اہل تفسیر نے انشائیہ نہیں کہا۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ اہل تفسیر نے’’لیؤمنن به قبل موته ‘‘کو جو جملہ قسمیہ انشائیہ قرار دیا ہے مراد اس سے’’واللّٰہ لیؤمنن به قبل موته ‘‘ہے اور پیشین گوئی صرف ’’لیؤمنن قبل موته ‘‘ہے جو جواب قسم ہے اور وہ جملہ خبریہ ہے اور قسم کا جواب جملہ خبریہ ہونا تمام کتب نحو سے ثابت ہے اور قرآن مجید اور سنت مطہرہ میں بہت واقع ہوا ہے۔ جیسے’’لتد خلنّ المسجد الحرام ‘‘اور’’لیستخلفنهم فی الارض ‘‘وغیرہ وغیرہ اور علاوہ اس کے یہ اعتراض اس تقریر پر بھی وارد ہوسکتا ہے کہ ضمیر قبل موتہ کی طرف کتابی کے عائد کی جاوے۔ جیسا کہ مرزاقادیانی بھی لکھتے ہیں۔ کیونکہ اس تقریر پر بھی اہل تفسیر نے اس جملہ کو جملہ خبریہ انشائیہ ہی لکھا ہے اور سب سے بڑی قباحت اس اعتراض سے یہ پیش آئی کہ شیخ چلی کی طرح مرزاقادیانی کا تو

بنا بنایا گھر ہی بگڑ گیا۔ واہ حضرت احسن المناظرین آپ نے اچھی مرزا قادیانی کی تائید کی۔ اس طرح آنکھیں بند کر کے منہ کھولا اور اعتراض کا گولہ اندھا دھند پھینکا کہ غریب مرزا قادیانی کی تمام بنی بنائی عمارت اڑ گئی۔ حضرت آپ کو کچھ خبر بھی ہے۔ یہ گولہ کہاں جا کے لگا، کیا ہوا ذرا آنکھیں کھولیئے۔ ملاحظہ فرمایئے۔ جس قدر پیشین گوئیاں قرآن مجید واحادیث شریف کے مؤکد بقسم ہیں۔ ان سب ہی پر آپ کا یہ اعتراض وارد ہوتا ہے اور آپ کے مسیح کے مسیحائی کی جو بنیاد ہے یعنی جس حدیث سے مرزا قادیانی نے اپنے مسیح موعود ہونے کا استدلال کیا ہے وہ یہ حدیث ہے۔ ''عن ابی ہریرۃؓ قال قال رسول اللہ ﷺ والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم '' پس اور تو جو کچھ ہوگا وہ ہوتا رہے گا۔ آپ مرزا قادیانی کا گھر تو سنبھالئے۔ ''فما ھو جوابکم فھو جوابنا''

گیارھواں نمونہ

(ص۱۱۹) میں احسن المناظرین صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ: ''یہ جو بعض کتب نحو میں لکھا گیا ہے کہ زمانہ حال کا ایسا نہیں ہے کہ اس میں کوئی فعل واقع ہو سکے اور اس بناء پر مولوی صاحب نے زمانہ استقبال کی دو قسمیں کی ہیں۔ اوّل استقبال قریب دوم استقبال بعید۔'' یہاں سے بھی احسن المناظرین صاحب کی لیاقت کا کمال علم نحو میں ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ زمانہ استقبال کی تقسیم جو استقبال قریب اور استقبال بعید کی طرف کی گئی ہے۔ اس سے حضرت یہ سمجھ گئے ہیں کہ زمانہ حال کا ایسا نہیں ہے کہ اس میں کوئی فعل واقع ہو سکے۔ حالانکہ تقسیم مذکور اس پر مبنی نہیں ہے۔ دیکھو عامہ نجات استقبال کی دو قسمیں کرتے ہیں۔ حالانکہ وہ اس امر کے قائل نہیں ہیں کہ زمانہ حال کا ایسا نہیں ہے کہ اس میں کوئی فعل واقع ہو سکے۔ شرح جامی میں ہے۔ ''ودخول السین وسوف لدلالتھا الاوّل علیٰ الاستقبال القریب دالتا علیٰ الا ستقبال البعید'' اور تمام بصیریو کا بھی مذہب ہے۔

بارھواں نمونہ لیاقت فہم وکمال علم احسن المناظرین

(ص۱۲۱) میں آپ لکھتے ہیں کہ: ''ازہری وغیرہ نے تصریح میں تصریح کی ہے کہ لام تاکید کا حال کے واسطے آتا ہے۔ اب تسلیم کیا کہ فقط نون تاکید صرف استقبال کے واسطے ہے۔ لیکن جب کہ کسی صیغہ میں لام تاکید بھی ہو جو حال کے واسطے آتا ہے اور نون تاکید بھی ہو چنانچہ ''ما نحن فیہ '' میں ہے تو وہاں پر خالص استقبال بالضرور ہونے کی کیا وجہ مانا کہ صرف نون

تاکید استقبال کے واسطے نحو میں لکھا ہے۔ امر نہی استفہام تمنی عرض وغیرہ ان میں صرف نون تاکید ہوتا ہے۔ بغیر لام تاکید کے پس ان صیغوں میں صرف استقبال ضرور مراد ہوسکتا ہے۔ لیکن جس صیغہ میں لام تاکید بھی ہو اور نون تاکید بھی اس میں خالص ہونے استقبال کے کیا دلیل ہے۔''

یہاں تو حضرت احسن المناظرین صاحب نے کمال ہی لیاقت خرچ کر دی اور بالکل آپ نے قلعی کھول دی۔ اے حضرت! ذرا سمجھ کے بات کیا کیجئے۔ یہ تو فرمایئے کہ آپ نے کچھ اپنے استاد کی خدمت بھی کی تھی یا نہیں۔ چونکہ اس وقت جناب کو وطن کے جانب زیادہ خیال ہے اور شاید ادھر سے کچھ شیخ صاحب کی توجہ کا بھی اثر ہو۔ اس لئے یہ حال ہے۔ ورنہ جس کے ہاتھ میں کتاب ہو اور وہ ایسے بے تکے ہانکے یہ عقل سے بعید ہے۔ مولوی صاحب ''انتم تتلون الکتاب افلا تعقلون'' سچ کہو دیکھا سمجھا ہی نہیں۔ یا تجاہل عارفانہ کرتے ہو۔ کچھ ہی ہو اپنے گروہ میں احسن المناظرین تو بن گئے۔ اے مولوی صاحب ذرا خدا سے ڈرو۔ مسلمانوں کو دھوکہ مت دو۔

وعظ گوئی خود نیاری در عمل
چشم پوشی ہمچو شیطان دغل
دام اندازی برائی مردوزن
خویش راگوئی منم شیخ زمن

جناب مولوی صاحب جہاں یہ لکھا ہے کہ وہ نون تاکید جو امر نہی استفہام، تمنی، عرض میں آتا ہے وہ خالص استقبال کے لئے ہوتا ہے۔ وہیں تو یہ بھی لکھا ہے کہ جس صیغہ میں نون تاکید لام تاکید کے ساتھ جمع ہوتا ہے۔ وہ بھی خالص استقبال کے لئے ہوتا ہے۔ شرح جامی آپ کے پاس موجود ہے۔ ذرا تکلیف فرما کے ہاتھ میں لیجئے اور ملاحظہ فرمایئے غور سے نظر بھر کر دیکھئے۔ شاید حضور کی عینک پرانی ہوگئی ہے۔ عبارت شرح جامی ''تختص بالفعل المستقبل فی الامر والنھی واستفھام والتمنی والعرض والقسم نحو واللہ لا فعلن'' کیوں جناب مولوی صاحب والعرض تک تو جناب نے ملاحظہ فرمایا اور لفظ ''والقسم نحو واللہ لا فعلن'' پر دشمنوں کے نگاہ خطا کر گئی۔ یا یوں کہوں کہ دشمن مدعیوں کی آنکھوں پر اندھری چھا گئی۔ اب تو تارے دکھائی دینے لگے۔ کیوں حضرت یہی تقویٰ اور دیانت اور اظہار حق وصواب ہے۔

اے مولوی صاحب اتق اللہ کیوں حضرات ناظرین! آپ نے احسن المناظرین صاحب کی حسن دیانت کو ملاحظہ فرمایا کیا اس جگہ میں صاف نہیں لکھا ہوا ہے کہ جیسا نون تاکید امر نہی استفہام عرض

تمنی میں خاص مستقبل کے ساتھ ہے۔ ویسا ہی قسم میں بھی خاص مستقبل کے لئے ہے اور قسم کے بھی۔ وہی مثال لکھی ہے۔ جس میں نون تاکید لام تاکید کے ساتھ آیا ہے۔ کیا احسن المناظرین صاحب کا یہ ارشاد لاتقربوا الصلوٰۃ سے کچھ آگے بڑھا ہوا نہیں ہے اور یہاں فعل مستقبل سے مراد یقیناً وہ فعل ہے جو مقابلہ میں ماضی وحال کے آتا ہے۔ نہ فعل مضارع اور دلیل اس کی یہ ہے کہ حضرت احسن المناظرین صاحب خود اقرار کرتے ہیں کہ وہ نون تاکید جو امر نہی استفہام تمنی عرض میں ہوتا ہے۔ وہ صرف مستقبل کے لئے ہوتا ہے اور مراد مستقبل سے آپ نے بھی یہاں مقابل ماضی وحال کا لیا ہے۔ نہ مضارع اور انہیں چیزوں کے ساتھ قسم کا بھی ذکر ہے اور اس کے مثال میں نون ولام دونوں موجود ہیں۔ پس یہاں بھی مراد مستقبل سے مقابل ماضی وحال کا لینا چاہئے۔ نہ مضارع۔ علاوہ اس کے شرح جامی میں اس مقابلہ کی تصریح بھی موجود ہے۔ عبارت اس کی یہ ہے۔ ''وانما اختصت هذه النون بهذه المذكورات الدالة علىٰ الطلب دون الماضى والحال آه'' اور ایسا ہی ازہری نے بھی لکھا ہے۔ اس کی عبارت یہ ہے۔ ''لانهما تخلصان مدخولهما للاستقبال'' اور خوب سمجھ لیجئے اور سمجھے ہوئے تو ہو مگر چند راتے ہو کہ استقبال سے وہی استقبال مراد ہے۔ جو مقابلہ میں ماضی اور حال کے بولا جاتا ہے اور آپ کا یہ قول کس قدر محل افسوس ہے اور تعجب خیز ہے کہ باوجود مطالعہ ان کتب کے آپ یہ فرماتے ہیں کہ اگر مراد ازہری کی خالص زمانہ استقبال ہوتی تو کہتا'' وذلك ينا فى المضى والحال '' مولوی صاحب آپ کا یہ فرمانا سخت حیرت اور نہایت عبرت کا مقام ہے۔ اگر واقعی آپ سمجھے اسی طرح ہیں تو حیرت ہے کہ آپ نے یہ کیا سمجھا اور کہاں پڑھا اور کس سے پڑھا اور عبرت اس لئے ہے کہ مصنوعی مسیح صاحب کا یہ کیسا اثر آپ پر پڑا کہ جو پڑھا لکھا تھا۔ اس کے سمجھنے میں بھی آپ کا فہم اس درجہ قاصر ہوگیا۔ ''انا لله وانا اليه راجعون''

وہ باتیں ہیں کہ جن کو دس گیارہ برس کے بچے بھی بخوبی سمجھتے ہیں۔ مجھے شرم آتی ہے کہ یہ کہوں کہ یہ قول ہمارے قوم کے ایک مولوی صاحب کا ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ احسن المناظرین کا ہے۔ مولوی صاحب آپ ضرور استغفار کا ورد زیادہ کیجئے اور اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگئے اور ''حبك لا الشئ يعمى ويصم'' کے ورود سے سنبھلئے اور اپنے پر طلبہ کو نہ ہنسوایئے۔

اے حضرت! کیا آپ واقعی اس قدر بھی نہیں سمجھتے کہ اس جگہ ازہری کا مقصود صرف اثبات اس امر کا ہے کہ یہ دونوں نون ماضی کی تاکید کے لئے نہیں آتے ہیں اور یہ مطلب صرف

اس کہنے سے ’’وذلك ينافی المضی ‘‘ حاصل ہوجاتا ہے۔’’والحال ‘‘ کے لفظ کو اس جگہ بڑھانے کی کچھ ضرورت نہیں۔ ہاں اگر اس کو یہ خبر ہوتی کہ چودھویں صدی میں ایک ایسے مصنوعی مسیح اور ان کی امت میں ایسے عالی فہم احسن المناظرین پیدا ہوں گے تو گو! بے ضرورت بلکہ زائد اور محض بے فائدہ بات تھی۔ شاید اس طرف توجہ کرتا اگر اپنے کلام میں زوائد کے عیب سے اس کو مضائقہ نہ ہوتا اور صورت ہذا میں تو ادنیٰ استعداد والا بھی سمجھتا ہے کہ زیادۃ والحال محض لغو ہے۔ واسطے ملاحظہ طلباء کے پوری عبارت ازہری کی نقل کی جاتی ہے۔ جناب احسن المناظرین صاحب ذرا مہربانی فرما کر اپنے عینک لگا لیجئے۔ عبارت ازہری ’’ولا يؤكد بهما الماضی لفظا ومعنيی مطلقا الانهما يخلصان مدخولهما للاستقبال وذلك لاينا فی المضی‘‘ اگر اس سے بھی اطمینان نہیں نہیں ہوا تو دوسری عبارت ازہری کی اور ملاحظہ ہو۔ لیکن ذرا روشنی کے رخ پر تشریف لئے آیئے اور غور فرمایئے۔ عبارت ازہری ’’اوكان المضارع حالا كقراة ابن كثير لاقسم بيوم القيامة وقول الشاعر ؎

يميناً لا بغض كل امرئے
يزخرف قولًا ولا يفعل

فاقسم فی الأية وابغض فی البيت معناهما الحال لدخول الام عليهما وانما لم يؤكدا بالنون لكونها تخلص الفعل اللاستقبال ذلك دينا فی الحال ‘‘ چونکہ اس جگہ مقصود صرف اثبات اس امر کا تھا کہ نون تاکید حال کی تاکید کے لئے نہیں آتا ہے۔ اس لئے ’’وذلك ينافی الحال ‘‘ کہا۔ ماضی کا ذکر نہیں کیا۔ اب دونوں عبارتوں کے لانے سے آفتاب نیمروز کی طرح روشن وظاہر ہوگیا کہ مراد مستقبل سے وہ مستقبل ہے جو مقابل ماضی وحال کا ہے۔ نہ مضارع۔ جیسا کہ جناب احسن المناظرین صاحب کا خیال محال ہے۔ اگر واقعی احسن المناظرین سمجھے ہی نہیں تھے تو افسوس۔ ذرا اگر سمجھ محض اپنے ہم مذہب اور ہم طریق لوگوں کو دھوکہ دینے کے لئے یوں چندراتی ہیں تو افسوس پر افسوس۔ بلکہ صد افسوس ؎

فان كنت لا تدرے فتلك مصيبة
وان كنت تدرے فالمصيبة اعظم

اور جناب نے عبدالحکیم کے تکملہ کا ذکر تو اپنی تحریر میں فرمایا ہے اور یہ عبارت بھی ملاحظہ کی ہوگی۔ شاید بسبب تقاضائے سن نگاہ چوک گئی ہو تو مکرر اس طرف نظر لڑائیے۔ اے جناب حکیم

نورالدین صاحب ذرا آپ بھی ملاحظہ فرمائیے گا۔عبارت تکملہ’’لان النون تخلص المضارع للاستقبال فکرھوا الجمع بین حرفین لمعنی واحد فی کلمة واحدة ‘‘ کیوں حضرات! ناظرین خاص کر جناب حکیم نورالدین کیا یہ عبارت صاف صاف اس پر دلالت نہیں کرتے کہ مراد استقبال سے مضارع نہیں ہے۔ ورنہ یہ عبارت ہی لغو ہوتی ہے۔ ضرور دلالت کرتی ہے۔ کیونکہ جناب حکیم صاحب مولوی صاحب کا مطلب اگر صحیح ہو تو اس تقدیر پر اس عبارت کے یہ معنی ہوں گے۔’’لان النون تخلص المضارع للمضارع وھذا الغوای لغو ‘‘ جناب احسن المناظرین صاحب آپ جاتے کہاں ہیں اور لیجئے یہ معنی کی عبارت بھی ملاحظہ فرمائیے۔ جناب حکیم صاحب براہ مہربانی آپ بھی ادھر توجہ فرمائیں۔عبارت’’ ولا یؤکد بھما الماضی مطلقا واما المضارع فان کان حالالم یؤکد بھما وان کان مستقبلا اکدبھما وجوبا فی نحو تاللّٰہ لا کیدن اصنامکم ‘‘ملاحظہ فرمایا یہ عبارت کیسی صاف دلالت کرتی ہے۔ اس پر کہ مراد مستقبل سے مضارع نہیں ہے۔ اس لئے کہ مقابل حال کا واقع ہوا ہے۔ اگر اس پر بھی تسلی نہ ہو تو شیخ زادہ کی عبارت بغور اور ملاحظہ فرمائیے کہ شیخ زادہ نے تو آپ کی ساری شیخی جو خلاف سیادت آپ سے عمل میں آئی تھی کرکری کر دی۔ ہاں آپ نے اسی وجہ سے شاید شیخ جی کی طرف عنان عزیمت کرم فرمائی ہے۔ مگر جناب مولوی صاحب جب آپ کے مصنوعی مسیح کی توجہ کچھ کام نہ آئی تو شیخ جی غریب کیا کریں گے۔ میرے نزدیک تو آپ امروہہ نہ جائیے توبہ کیجئے اور بیت اللہ شریف کو چلئے۔’’ففرو الیٰ اللّٰہ انی لکم منہ نذیر مبین ‘‘اگر یہ ارادہ ہو جائے تو خرچ راہ کا ذمہ دار عاجز ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بشرط خلوص ارادت بہت بہتر ہے اور اس وقت تو یہ ملاحظہ فرمائیے کہ شیخ زادہ کیا کہتا ہے۔ عبارت شیخ زادہ: ’’واختص بالمستقبل لان الطلب انما یتعلق بمالم یحصل وھو المستقبل بخلاف الحال والماضی لحصو لھما ‘‘افسوس کہ یہ سب عبارتیں مناظرہ میں نقل ہو چکی ہیں۔ مگر اس فہم کا کیا کیجئے۔

آپ جناب حکیم نورالدین سے مشورہ لے لیتے اور انہیں یہ مضمون دکھا دیتے تو ایسی ناسمجھی میرے خیال ناقص میں ان کے فہم سے دور ہے۔ آپ مرزا قادیانی ومولوی عبدالکریم صاحب وٹونکی صاحب وشیخ صاحب وغیرہم کے بھروسہ پر مگن ہوگئے۔ حکیم صاحب کو یہ مضمون نہیں دکھایا اور اگر یہ سچ ہے تو اصل بات یہ ہے کہ مولوی عبدالکریم صاحب کی نگاہ پر کوئی عبارت یا

کوئی لفظ نہ چڑھا تو وہ معذور ہیں۔ ان کا کیا قصور۔ شیخ صاحب و مرزا قادیانی بھی بے قصور ہیں۔ ان کی یہاں دال گلنی مشکل ہے۔ ہاں حضرت ٹونکی صاحب نے جان بوجھ کر آپ سب کو اپنے ساتھ گرالیا اور آپ کے مضمون کو اپنا سا بنالیا۔ خیر حضرت مضیٰ مامضیٰ آئندہ احتیاط چاہئے۔ لو جناب یہ دو خطائیں تو اس مسئلہ میں آپ کی ثابت ہو چکیں۔ اب تیسری خطاء سنئے۔ تاکہ امروہی کی وہ مثل پوری ہو جائے کہ ایک خطا دو خطا تیسری خطا اور اس تیسری خطاء میں تو احسن المناظرین نے اپنی لیاقت کا پورا ہی کمال ظاہر فرمادیا۔ بیان اس کا مختصر یہ ہے کہ شرح جامی کی عبارت منقولہ سے یہ بات عموماً ثابت ہو چکی ہے کہ نون جو قسم میں آتا ہے تو وہ نون استقبال کے لئے خاص ہوتا ہے۔ جیسا کہ وہ نون جو امر و نہی و استفہام و تمنی و عرض میں آتا ہے استقبال کے لئے خاص ہوتا ہے اور مغنی کی عبارت سے خصوصاً یہ بات ثابت ہوگئی کہ قسم کے جواب مثبت میں استقبال شرط ہے اور اگر اس پر بھی تشفی خاطر نہ ہو تو مغنی کی ایک عبارت اور سن لیجئے۔ عبارت مغنی ’’وتارة یجیئان وذلك فیما بقی نحو تاللّٰه لا کیدن اصنامکم ‘‘اور اس کے تحت میں لکھتا ہے۔’’ای بان کان مضارع مصبت ولم یفصل بینه وبین اللام فاصل ولم یردفیه الحال بل الاستقبال ففی هذه الحالة تجب النون واللام عند الجمهور ‘‘اب تصریح کی بھی ملاحظہ فرمائیے۔’’واما المضارع فله حالات احدها ان یکون توکیده بهما ای لا بدمنه وذلك اذا کان مثبتاً مستقبلا جوابا لقسم غیر مفصول من لامه ای لام القسم بفاصل نحو تاللّٰه لاکیدن اصنامکم ‘‘اس طرح ابن عقیل بھی شرح الفیہ میں لکھتے ہیں۔’’ای تلحق نون التاکید الفعل المضارع الواقع جواب قسم مثبتاً مستقبلاً ونحو واللّٰه لتصنربن زید فان لم یکن مثبتاً لم یؤکد باالنون نحو واللّٰه لا تفعل کذا وکذا ان کان مالا نحو واللّٰه لیقوم زید الان ‘‘ کیوں جناب احسن المناظرین صاحب آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ ان سب علمائے نحات نے قسم کے جواب مثبت میں شرط استقبال کی لگائی ہے۔ اب آپ خلاف اس کے ان آئمہ کبار نحو میں سے کسی ایک سے بھی اس کا خلاف ثابت کر دکھایئے۔ جن کے نام نامی لے کر آپ نے بے حد تعلّی کرلی ہے اور بے انتہاء شیخی بگھاری ہے کہ اوّل تو مولوی صاحب نے اس مسئلہ کو ایسی کتابوں سے نقل فرمایا ہے کہ ان سے ہر ایک طالب علم نقل کر سکتا ہے۔ مولوی صاحب کو اس میں کوئی مابہ الامتیاز خصوصیت جیسا کہ ان کی شان عالی ہے۔ حاصل نہیں ہوئی۔ کاش اگر ائمہ کبار نحو میں مثل

زجاج جوہری سیرافی ابوعلی فارسی خلیل ابن احمد اخفش ثلثہ اصمعی کسائی سیبویہ مبرو زمخشری وغیرہ ہے۔ کچھ اقوال اس بارہ میں نقل فرماتے تو یہ مباحثہ نحوی مولوی صاحب کا کسی قدر مابہ الامتیاز ہو جاتا۔ اگرچہ بمقابل مرزا قادیانی جیسے مؤید من اللہ کے ان ائمہ کے نقول اقوال بھی کچھ وقعت نہیں رکھتے۔ ملاحظہ فرماؤ۔ کتب قراء اگر میسر نہ ہوں تو مطالعہ کرو۔ کتب مولانا شاہ ولی اللہ صاحب اگر وہ بھی بالفعل نہ ملیں تو دیکھو فوز الکبیر۔

اب اگر آپ ان ائمہ کے اقوال سے خلاف ثابت نہ کر سکے اور ضرور نہ کر سکو گے اور آپ کیا، آپ کا تمام گروہ اور آپ کے مصنوعی مسیح جو ملہم وموسوس من الجنۃ والناس ہیں۔ سب مل کر بھی اس کا خلاف ثابت نہ کر سکو گے۔ تو پھر اس بے جا تعلّی کر لینے اور مشیخت بگھارنے سے کیا حاصل ہوا۔ اے احسن المناظرین اگر فقط نام گنوا دینے سے کچھ فخر ہو تو ایک بچہ آپ سے دو چار نام زیادہ گنوا دے گا۔ پھر اس سے فائدہ اس کے خلاف ان ائمہ کے اقوال سے ثابت کر کے دکھاؤ۔ کوئی ایک قول تو ان ائمہ کا نقل کر دو ورنہ خدا سے ڈرو اور اس تعلّی سے توبہ کرو۔

ناظرین! اب یہ ناچیز آپ کو جناب احسن المناظرین کی ایک عجیب لیاقت اور کمال فہم اور غایت تبحر کا حال بتاتا ہے۔ چونکہ آپ علاوہ فہم عالی کے مؤید بالہام بھی ہیں۔ اس وجہ سے حضرت شرح جامی کی اس عبارت سے دھوکا کھا بیٹھے ہیں۔ جواب میں نقل کرتا ہوں۔ عبارت شرح جامی ’’ولزمت ای نون التاکید فی مثبت القسم ای فی جوابہ المثبت لان القسم محل التاکید‘‘ مگر جناب احسن المناظرین حضور کے خیال میں یہ نہیں آیا کہ شرح جامی والے کو اس شرط کے لگانے سے اس وجہ سے غنا ہو گیا کہ وہ پہلے ہی کہہ چکا ہے کہ نون تاکید جوامر نہی استفہام تمنی عرض قسم میں آتا ہے وہ مستقبل کے ساتھ خاص ہے۔ اب فرمایئے کہ بعد اس تصریح کے شرط لگانے کی کیا ضرورت تھی۔ مگر جناب مصنوعی مسیح صاحب کی توجہ سے کچھ ایسے محو ہیں کہ جناب کو پیچھے کی کچھ خبر نہ آگے کی، پھر خدام والا کے فہم میں آئے تو کیونکر اور جناب نے جو عبارت تکملہ کی پیش کی ہے۔ اس سے بھی یہ شرط ثابت ہوتی ہے۔ مگر افسوس یہ ہے کہ مرزا قادیانی کی توجہ سے فرصت ہو تو ادھر توجہ ہو اور کچھ سمجھ میں آئے اے حضرات! اب آپ لوگوں کو علمی بحث ومباحثہ کو ترک کرنا چاہئے۔ ایک ہی کہے جاؤ کہ یوں ہی الہام ہوا ہے۔ کوئی مانو یا نہ مانو۔ اس کا جواب کوئی بھی نہ دے سکے گا۔ عبارت تکملہ ’’وان کان مضارعاً استقبالیاً یلزمہا اللام مع النون التاکید ان دخلت اللام علے نفس المضارع الانادر اولا یکتفے عن

اللام بالنون الا فی ضرورة الشعر واذا لم یدخل اللام علے نفس المضارع یکتفیٰ باللام نحو لئن متم او قتلتم لالی اللّٰہ تحشرون وان کان مضارعا حالیا یکون باللام من غیر النون ''اب تو خدام والا کو خود بھی اپنے فہم کی رسائی اور لیاقت علمی اور کمال تدبر کا علم ہوگیا ہوگا۔ لہٰذا عاجز نہایت عجز سے عرض کرتا ہے کہ کچھ جواب عنایت ہو۔ مگر ایسا نہیں کہ مصرعہ

غوطہ ڈفالی کھاتا پھرے جیسے تال میں

جناب مولوی صاحب یہ عاجز ہرگز حضور کے علم وتبحر کو نہیں پہنچ سکتا۔ مگر اللہ تعالیٰ چاہے تو کوئی بات سمجھا دے۔

دیکھ چھوٹوں کو ہے خدا بڑائی دیتا
آسمان آنکھ کے تل میں ہے دکھائی دیتا

خیر جناب آپ کو تو علم وفہم تبحر تدبر کے علاوہ الہام پر بھی بہت بڑا گھمنڈ ہے۔ مگر یہ عاجز تو سوائے فضل ورحمت اپنے رب کریم کے اور کوئی پونجی اپنے پاس نہیں رکھتا اور خاص اس ذات تعالیٰ وتقدس کی تائید پر عاجزانہ طور پر یہ عرض کرتا ہے۔ اگر حضور کے خیال عالی میں آجائے۔

ناصحا دل میں تو اتنا تو سمجھ اپنے کہ ہم
لاکھ نادان ہوئے کیا تجھ سے بھی نادان ہوں گے

آمدم برسر مطلب

اب (قادیانی) مولوی (احسن امروہی) صاحب کے خط کا جواب شروع ہوتا ہے۔

بحول اللہ تعالیٰ وقوتہ!

قولہ...... ''عذر تاخیر جواب عنایت نامہ۔''

اقول...... اگرچہ عذر بدتر از گناہ مشہور ہے۔ مگر آپ کے ارشد کو رد کیونکر کروں۔ قبول ہے۔

اب تو یہ حال ہے کیا ہووے گا آگے آگے
دل میں یہ خوف سمایا ہے خدا خیر کرے

قولہ...... ''آپ نے تمام شہر میں۔''

اقول...... حضرت نہ میں نے جناب کی اہانت کی، نہ آبروریزی، نہ اتہام لگایا، نہ افتراء باندھا۔ مگر آپ کے سامنے کسی آپ کے ہم خیال نے یہ افتراء پردازی کی ہو تو عجب نہیں اس کا علاج

میرے پاس کچھ نہیں جو لوگ مفتری علی اللہ والرسول ہیں۔ اگر عاجز پر افتراء کریں کیا عجب ہے۔

قیـل ان الالــــہ ذو ولــد
قیـل ان الــرســول قـد کـھـنـا
مــانـجـا اللّٰہ والـرسـول مـعـاً
مـن لسـان الـوری فـکیف انـا

ہاں اگر جناب کو تحقیق منظور ہے جامع مسجد میں جمعہ پڑھئے بعد نماز دریافت فرمایئے۔ اگر ہزاروں میں سے دو چار معتبر آدمی بھی آپ کے ارشاد کو درست کہہ دیں گے تو میں ملزم۔ آپ کو تشریف لانے میں کچھ عذر ہو تو اپنے کسی معتمد کو بھیج دیجئے وہ تحقیق کر لے۔ میں نے ایک لفظ بھی آپ کی نسبت اہانت کا نہیں کہا۔ ہاں اگر آپ کا ہر بات میں یہی طریق ہے کہ بلا تحقیق جو جس نے کہا مان لیا تو میری عرض جس کو میں بعد تحقیق منوانا چاہتا ہوں۔ آپ کب مانین گے۔ مولوی صاحب! تحقیق کرو اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔

کس سے بگڑے ہو کس پہ غصہ ہے
کس پہ ہوتے ہو تم خفا صاحب
کس نے دیں تم کو گالیاں حضرت
کون کہتا ہے ناروا صاحب

بلا تحقیق یہ افتراء آپ کرتے ہیں یا میں؟ ہاں یہ بات بنا کر عاجز کو بدنام کرنا حضور کو منظور ہو تو کیجئے۔ ''واللّٰہ المستعان علے ما تصفون '' قیامت قریب ہے اور قاضی خبیر وبصیر ''وافوض امری الیٰ اللّٰہ ان اللّٰہ بصیر بالعباد '' میں آپ کو کچھ نہیں کہتا اور اس کا جواب کچھ نہیں دیتا۔

ہوں آپ کے کتنے ہی ستم اف نہ کریں گے
چپ بیٹھ کے ہم کھائیں گے غم اف نہ کریں گے
سر تک بھی اگر کاٹ کے پھینکو گے ہمارا
سچ کہتے ہیں واللہ کہ ہم اف نہ کریں گے

قولہ...... ''تنبیہہ! مولوی صاحب نے جس قدر اشعار اردو لکھے ہیں وہ سب (میرے) اعلام الناس میں مندرج ہو چکے ہیں۔ احقر کو اس کے ساتھ کچھ فخر نہیں۔ یہاں پر مولوی صاحب کی ہمہ دانی جتانی منظور تھی۔ پس:''

اقول...... خیر ہوگئی حضرت کے وہ اشعار جن کو میں نے اپنے خط میں لکھا ہے آپ کے طبع زاد نہ تھے ورنہ سخت نالائق سمجھا جاتا اور شاید مجھ پر حق تلفی کا دعویٰ ہو جاتا اور ہمہ دانی تو عاجز کی اس پر کھل گئی کہ آپ کے اعلام الناس میں وہ اشعار مندرج تھے گو کسی کے تھے اور جناب کو بھی کوئی خاص حق ان کے مندرج کرنے کا ایسا حاصل نہ تھا جو اس عاجز کو نہیں اور یہ تو ماشاء اللہ اگر آپ سمجھ بھی گئے ہوں گے تو کیوں فرمانے لگے کہ اس میں رمز کیا تھی۔ جو ہی اشعار عاجز نے نقل کئے اور بعد نقل اکثر جگہ نشان بھی بتا دیا کہ اعلام الناس صفحہ فلاں اور پھر اس پر یہ فخر یہ اظہار کہ احقر کو اس کے ساتھ فخر نہیں۔ اگر فخر نہ ہوتا تو اس کا ذکر ہی کیا ضرور؟ اور اس پر طرہ یہ کہ تنبیہ کے ساتھ۔ مولوی صاحب یہ فخر و تعلّی حضور کو مبارک۔

مولوی صاحب فرشتہ ہو تو ہو
آدمی ہونا بہت دشوار ہے

کیوں جناب مولوی صاحب اگر یہ قصور ہے تو جناب نے تاریخ قوم برامکہ کا نام ’’اعلام الناس‘‘ کیوں غصب کر لیا اور آپ کے مرزا قادیانی نے مولوی رحمت اللہ کی کتاب ’’ازالہ اوہام‘‘ کا نام کیوں چھین لیا اور آپ نے جو اشعار مناجات عربی لکھے ہیں وہ تو فرمایئے کس کے ہیں؟ اے جناب مولوی صاحب اس کا مجھے جواب تو دو کہ یہ کیا لکھا اور کیوں اپنے اور میرے وقت کا اس تحریر میں ناحق خون کیا۔ مولوی صاحب بات یہ ہے مصرعہ

آدمیت اور شئے ہے علم ہے کچھ اور چیز

قولہ...... ’’نامۂ نامی ہمدست چند صاحبان اہل علم مع بعض صاحبان اہل قلم صادر ہوا۔‘‘

اقول...... جناب مولوی صاحب عاجز نے اہل علم کو جناب کی خدمت میں بھیجا اور نہ کسی اہل قلم کو اور نہ عاجز خود صاحب چشم جو اس کے پاس اہل علم و اہل قلم ہوں۔ جناب مولوی نواب سید علی حسن خان صاحب زید مجدہم کے ایک خادم کو خط دے کر آپ کے پاس بھیجا تھا۔ جس کو آپ نے کسی حیثیت سے شاید اہل علم بنا دیا اور کسی حیثیت سے اہل قلم، نہ وہ غریب اہل قلم، نہ صاحب علم، ایسی باتوں میں وقت ضائع کرنا نہیں معلوم جناب کو کیوں پسند خاطر ہے؟ وہ بات بنا کر چند الزام عاجز پر گھڑ دیئے یہ بات کہہ کر چند طعن کر دیئے نہ اس سے کچھ فائدہ نہ اس سے کچھ حاصل۔ جناب کو چونکہ گھر میں زیادہ تشریف رکھنے کی عادت ہے۔ یہی علت اس طعنے دینے کی معلوم ہوتی ہے۔ مگر عاجز اس کا جواب جناب کو کیا دے کہ جناب بزرگ اور عاجز خرد اور اصل بات یہ ہے کہ طبیعت ہی اس کے مناسب نہیں۔

ہم کہے دیتے ہیں زحمت خردہ ہے
دل تو حاضر ہے وہ افسردہ ہے

رہا یہ ارشاد جناب کا کہ:’’پھر اگر خلوت سے کام نہ چلے تو جلسۂ جلوت بھی کیا جاتا۔ اس کے جواب میں عاجز پھر (اعلام الناس حصہ۲ ص۹۹،۱۰۰) کو پیش کرتا ہے اور بجواب شرط ضمانت پچاس روپے کی المضاعف جناب مولانا صاحب کے پاس نقد رکھوا دیتا ہے۔

میرے کہنے کا نہ باور ہو نوشتہ لے لو
ضامن انسان کی عوض چاہو فرشتہ لے لو

قولہ...... ’’مثل مشہور ہے۔ اوّل پند بعدہ بند۔‘‘

اقول...... حضرت کو اگر واقعی یہ منظور ہے کہ عاجز تنہا حاضر ہو کر کچھ عرض کرے تو اب کیا گیا ہے۔ جب اور جس وقت ارشاد ہو اور یہ دریافت بھی اس لئے ہے کہ عاجز نے کبھی ملنا چاہا تو حضور نے وقت ٹال دیا اور تحریر بھی فرمایا ہے کہ مجھے فرصت کم ہے۔ ورنہ بے تأمل حاضر ہوتا۔

بگڑتے ہو کیوں اب بھی کہتا ہوں میں
عیاں صلح پھر کس کی چتون سے ہے

قولہ...... ’’تو جناب والا ان رسائل کا جواب شافی وکافی مشتہر فرماتے۔‘‘

اقول...... بہتر جناب اعلیٰ جواب تیار ہے۔ اب طبع بھی ہوا جاتا ہے۔ مگر عاجز نے یہ سنا ہوا تھا کہ ’’تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں‘‘ اسی شوق میں یہاں چلا آیا اور اب تو آ گیا۔ اگر آپ مہربانی فرمائیں اور نامہربانی کو دل سے اٹھائیں عاجز نے پہلے بھی عرض کیا تھا اور اب مکرر عرض کرتا ہوں کہ کسی روز آپ تشریف لے آئیں یا عاجز کو بلالیں۔ مگر جناب نے توجہ نہ فرمائی۔ یہ تو عاجز پر کمال نامہربانی ہے۔ جیسے ہر طرح کی آزادی عطاء فرمانا کمال مہربانی تھی۔ افسوس یا وہ عنایت یا یہ عتاب۔

اس قدر تھا یا کرم یا ظلم رانی اس قدر
مہربانی اس قدر نامہربانی اس قدر

یا وہ عنایت اوروں ہی کے ساتھ مخصوص ہے اور عاجز اس سے محروم جناب مولوی صاحب ایسا نہ چاہے جناب تو مسیح صاحب کے پیرو ہیں۔ جناب کو تو سب کو ایک آنکھ دیکھنا چاہئے نہ یہ کسی سے کچھ برتاؤ اور کسی سے کچھ۔

غیرے نے باتیں جو کچھ کیں تو نے وہ سب مانیاں
اور ہم سے تیری اے لالہ یہ نافرمانیاں

قولہ...... ’’جیسا کہ داب مناظرین دین کا ہے۔‘‘

اقول...... ہاں جناب مولوی صاحب دینداری اس کا نام ہے کہ اپنی طرف سے بہتان گھڑ کے خلق میں اپنے ایک مؤمن بھائی کو بدنام کرے۔ بلاتحقیق بدظن ہو جائے۔ گھر میں بیٹھا باتیں بنائے۔ دل کے بخار نکالے ہرگز تحقیق نہ کرے۔ سبحان اللہ۔ یہی تو داب مناظرین دین اور اس پر عمل کرنا بھی جناب کا حصہ ہے۔ واقعی بات گھڑنے میں تو مرزا قادیانی کا اور آپ کا جوڑ خوب ملا۔

کیا لاجواب جوڑ خدا نے ملائے ہیں
جیسی ہے روح ویسے فرشتے بھی پائے ہیں

قولہ...... ’’لہٰذا اس عاجز نے اپنے دل نیاز منزل کو بہت سا صبر کر کر سنبھالا اور تھاما۔‘‘

اقول...... مولوی صاحب میں نہیں جانتا وہ کون سے جناب کے دشمنوں کے بیری تھے۔ جنہوں نے محض بے اصل خبریں سنا کر جناب کو اس قدر رنج میں ڈالا کہ حضور کے دماغ میں حواس تحقیق ہی باقی نہ رہے۔ اے جناب مولوی صاحب میں نے جس وعظ میں ازالہ اوہام اور اعلام الناس کے چند مقام سنائے ہیں۔ خوب جتلا جتلا کر اوّل یہ کہہ دیا کہ میں اپنی طرف سے ایک لفظ نہ کہوں گا اور ایسا ہی کیا اور میں شرعی قسم کھا کر کہہ سکتا ہوں کہ میں نے نہ جناب کو نہ جناب کے مسیح مرزا قادیانی کو کسی خلوت وجلوت میں کبھی لفظ کافر یا مشرک یا کوئی لفظ گندہ نہیں کہا اور نہ کہتا ہوں۔ ہاں اگر نقل عبارت بھی گناہ ہے تو اس میں اوّل مرزا قادیانی کا حصہ ہے۔ پھر جناب کا، بعد عاجز کا بہر صورت عاجز تو پیچھے پیچھے ہے۔ مولوی صاحب غضب تو یہ ہے کہ نہ مجھے بلاتے ہو نہ آپ تشریف لاتے ہو۔ جس طرح بے دیکھے، بے ملے، بغیر تحقیق مرزا قادیانی کے معتقد ہو گئے۔ اسی طرح عاجز سے ناراض ہو گئے۔ میں اس قدر سفر طے کر کے آیا خدا کے واسطے دو چار قدم کی تکلیف تو آپ بھی گوارا فرمائیں۔ اپنی کہیں میری سنیں۔

میرے قاصد سے ذرا میری کہانی سن تو لو
طبع کرنا پیچھے خط پہلے زبانی سن تو لو
داد میری جانفشانی کی نہیں دیتے نہ دو
پر کروں جو کچھ بیاں میں جانفشانی سن تو لو
جانتا ہوں میں کہ ہو خبروں کے تم بھی رازدار
پر کہوں میں بھی جو کچھ راز نہانی سن تو لو

اوراگر بغیر ملے بے سنے بلاتحقیق خفا ہونا ہے ہولیجئے۔

گر تجھے قتل ہے منظور چل آ بسم اللہ
تیغ موجود ہے حاضر ہے گلا بسم اللہ
ہم تو حاضر ہیں نہ کرتے ہیں ترا حکم عدول
خون دل تو جو پلاتا ہے پلا بسم اللہ

ے

سر نمی تابم زشمشیر حبیب
ہرچہ آید بر سر من یا نصیب

قولہ...... ’’جو دلائل جناب والا نے اس عاجز کے مدعی ہونے کے ایک اور ایک گیارہ تحریر فرمائے ہیں ان کو دیکھ کر معلوم ہوا کہ خدام جناب کو فن مناظرہ میں بڑا دخل ہے۔‘‘

اقول...... جناب مولوی صاحب حضور احسن المناظرین ہیں۔ عاجز کی کیا لیاقت کہ جناب کے سامنے مناظرہ کا نام لے۔ مگر افسوس یہ ہے کہ اوّل تو فرط تعلّی اور افراط فخر سے درگاہ والا میں عاجز کے کلام کو وقعت ہی کہاں جو توجہ ہو ہاں کس بشنود یانشنود من گفتگوئے میکنم کے طور پر محض بہ نیت اظہار حق عرض کئے دیتا ہوں۔ آپ سنیں یا نہ سنیں۔

بات میری نہیں سنتے جو اکیلے مل کے
ایسے ہی ڈھب کی سناؤں کہ سنو اور سنو

دوسرے یہ کہ افراط محبت اور فرط غضب ایسی بلا ہے جس سے آدمی بدحواس بے بہرہ بلکہ گونگا اور بہرا ہو جاتا ہے۔’’حبك الشئ يعمى ويصم‘‘ اور جناب میں اس وقت یہ دونوں صفتیں موجود ہیں۔ جیسے مرزا قادیانی پر افراط محبت کی نظر ہے۔ ویسے ہی عاجز پر فرط غضب،، ایسی حالت میں اگر خدام والا میری تحریر کو نہ سمجھے یا اپنے لکھے کو بھول گئے تو نہ مقام شکایت نہ محل استعجاب۔ جناب کا مقام ہی یہ ٹھہرا۔ لہٰذا جناب کی اور اپنی تحریر کو دوبارہ نقل کر کے نہایت ہی عاجزی سے عرض کرتا ہوں کہ حواسوں کو درست کر کے دوبارہ ملاحظہ فرمائیے۔ اگر طبیعت درست ہوئی تو جناب کو خود ہی ارشاد فرمانا ہوگا کہ میں اپنے جوابوں کو واپس لیتا ہوں اور ضرور مکرر جواب کی تکلیف کرنی ہوگی۔ مگر معاف فرمائیے کہ اس مکرر تکلیف دہی میں عاجز کی کوئی خطا نہیں۔ حضور کے حافظہ کی خطاء اور حواس کا قصور ہے۔

یہ سراپا شوخ دزد حنا تھی میں نہ تھا

نمبر:۱...... احسن المناظرین صاحب کے خط کی اوّل عبارت۔

’’کیونکہ احقر نے تو کسی تحریر میں آپ کو مخاطب نہیں کیا اور نہ احقر کسی امر کا مدعی۔‘‘

نمبر:۲...... عاجز کے دوسرے خط کی وہ سرخی جس کے تحت میں احسن المناظرین صاحب کے گیارہ قول نقل کئے ہیں اور جناب موصوف نے خطاب عام کے لفظ کو قصداً یا سہواً نظر انداز کر کے دعویٰ کا لفظ پکڑ لیا ہے۔

نزیل بھوپال مولوی محمد احسن صاحب احسن المناظرین کے وہ اقوال جن سے ان کا دعویٰ اور خطاب عام ثابت ہے۔

جناب مولوی صاحب اب حضور سمجھے اور یاد آیا کہ یہ ایک اور ایک گیارہ دلائل حضور کے مدعی ہونے کے نہ تھے۔ بلکہ ان سے جناب کا خطاب عام یاد دلایا تھا اور ثبوت دعویٰ میں تو لفظ دعویٰ کا موجود ہے۔ جس کا جناب کو بھی اقرار کرنا پڑا۔ شاید حضور دوبارہ بھی بھول گئے اور ابھی تو اور بھولیئے گا اور ضرور بھولئے گا۔ کیونکہ دشمنوں کا حافظہ ہی صحیح نہیں رہا۔ جناب عالی بادام کا حریرہ پیجئے یا توبہ کیجئے اور توبہ کا لفظ عاجز نے بے ادبی کی راہ سے عرض نہیں کیا ہے۔ سوء حافظہ کا یہ بھی ایک علاج ہے۔ عاجز اپنے حق میں بھی کثرت استغفار کو بہتر جانتا ہے۔

شکوت الیٰ وکیع سوء حفظی
فاوصانی الیٰ ترك المعاصی
لان العلم فضل من الله
وفضل الله لا یعطی العاص

قولہ...... ’’لہٰذا وہ سب دلائل اس عاجز کے قلب وجگر میں مثل زخم کاری کے اثر کر گئے۔ اب ان زخموں کو اخفا کرتا رہتا ہوں اور کسی پر ظاہر نہیں کرتا۔ کیوں ظاہر نہیں کرتا۔ اس لئے۔

نظر لگے نہ کہیں ان کے دست وبازو کو
یہ لوگ کیوں مرے زخم جگر کو دیکھتے ہیں‘‘

اقول...... ناظرین! آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ مولوی صاحب کس قدر مطلب سے الگ الگ عبث اور بے سود باتوں میں طول دیتے چلے جاتے ہیں اور چونکہ خدام والا کی یہ فطرت ہے۔ اسی لئے کچھ سوچ سمجھ کر عام جلسہ میں گفتگو سے انکار فرمادیا کہ مواجہ میں یہ بیکار طعن وطنزیہ اشارے یہ ڈھکوسل جناب کیونکر کر سکتے تھے۔

ہر بات ان کی طعنہ وہر اک سخن ہے رمز
ہر آن ہے کنایہ وہر دم ٹھٹھولیاں

اور جناب کے احسن المناظرین ہونے کی حقیقت تو پہلے ہی کھل چکی ہے۔اب مرد میدان بنااور مواجہ میں گفتگو کے لئے آنا معلوم کیوں اس واسطے۔

نہ خنجر اٹھے گا نہ تلوار ان سے
وہ بازو مرے آزمائے ہوئے ہیں

قولہ...... ’’سب سے اوّل کوئی رسالہ صغیر یا کبیر فن مناظرہ کا ہیچمدان کو پڑھا دیا جاوے۔‘‘

اقول...... اگرچہ مسافر اور کثیر الاشتغال ہوں۔مگر آپ کی درخواست منظور جناب مولوی صاحب کسی طرح ہو مجھے تو آپ سے ایک مرتبہ ملنا ہے۔استاذی سے،شاگردی سے،دوستی سے، مہربانی سے،عنایت سے،اخلاق سے،کج اخلاقی سے ایک مرتبہ ملئے۔اگر جناب کا یہ خیال ہے۔ اسی طرح جب اور جس وقت جی چاہے بے تأمل اور بے تکلف تشریف لائیے۔

اس قدر آہ کیا عشق نے رنجور ہمیں
دیکھنا ایک نظر تم کو ہے منظور ہمیں

اس واسطے کہ۔

خط جادہ ہوں یا میں نقش پاہوں
غرض افتاد گان کا رہ نما ہوں

مگر میں خوب سمجھے ہوئے ہوں۔یہ سب آپ کی باتیں ہیں۔آپ کب تشریف لاتے ہیں۔

نہ پہچانو مجھے گر آپ تو کیا
مگر میں آپ کو پہچانتا ہوں

قولہ...... ’’مگر شرط یہ ہے کہ شب کو مکان احقر پر آپ تشریف لایا کیجئے اور سب نہ کو لایا کیجئے۔ یعنی آپ تنہاء آویں بہ تن ہا نہ آویں۔‘‘

اقول...... مجھے ڈر ہے۔

کہیں میری زبان نہ کھل جائے
اب وہ باتیں بہتے بنانے لگے

حضرت مولوی صاحب ذرا سنبھل اور سمجھ کر فرمایئے اور کوئی اور ہوتا تو یوں کہتا۔

حوصلہ تنگ ہے یہاں بیہودہ گوئی تاچند
بس زبان کیجئے کوتاہ مجھے تاب نہیں

جناب من! اگر یہ درخواست محض بوجہ امتحان علم یا تعلم ہے تو یہ شرط خلاف ہے اور اگر بلانے میں جناب کو خلاف اس کے کوئی اور علت ہے۔ جس کے لئے شب اور تنہائی کی شرط ضروری ہے تو اس عاجز کو معاف فرمایا جائے۔ ’’لاحول ولا قوۃ الا باللّٰہ‘‘ مولوی صاحب اس بحث میں یہ خباثت بے محل اور بے موقع ہے۔

کچھ مناسب نہیں ہے کیا کہئے
جی میں جو کچھ کہ اپنے آتی ہے

لیکن یہ عاجز کمال ادب اور نہایت عجز سے عرض کرتا ہے کہ آپ اس سے باز رہیں اور اگر جناب نے اب کبھی بے محل اپنی جبو کھولی تو یاد رہے کہ پاس ولحاظ خردی وبزرگی ایک طرف پھر کمی نہ ہوگی۔

ہم رونے پہ آجاویں تو دریا ہی بہا دیں
شبنم کی طرح سے ہمیں رونا نہیں آتا

مکرر عرض کرتا ہوں کہ آپ کی اس سفید ریش پر یہ خباثت بے زیب ہے۔

تو پیر شدی حافظ از میکدہ بیرون آ
رندی وخراباتی درعہد شباب اولیٰ

قولہ...... ’’کیونکہ اگر اس جماعت فوج اور گروہ موج کے ساتھ ورود ہوگا تو اس ناچیز پر اس قدر ہر غالب ہوجاوے گا کہ ان کی اوج موج کو دیکھ کر مجھ سے پڑھا بھی نہ جاوے گا۔‘‘

اقول...... کیوں جناب مولوی صاحب ایک عاجز مسافر پر یہ باتیں بناتے ہو اور خدا سے نہیں ڈرتے۔ ڈرو اس خدا سے جس کا یہ ارشاد ہے ’’مایلفظ من قول الا لدیہ رقیب عتید‘‘ میں نہیں سمجھتا کہ اس گفتار سے کیا فائدہ۔ آپ کے سمجھ میں آیا ہے اور آپ کے جی میں کیا سمایا ہے۔

وہ چال چلو جس سے کہ دنیا رہے قائم
کچھ فرض یہی ہے کہ قیامت ہی بپا ہو

اور اگر واقعی جناب پر کوئی خوف غالب ہوگیا ہے تو یہ منجانب اللہ ہے۔ ’’وقذف فی

قلوبهم الرعب ’’ہیبت حق است ایں صاحب دلق نیست اوراگرکوئی فوج بھی میرے ساتھ آپ کو دکھائی دیتی ہے اور آپ اس بیان میں سچے ہیں تو وہ ملائکہ منزلیں ہوں گے۔ جن کا واللہ عاجز کو علم نہیں ہے اور یہ عاجز ایک حقیر فقیر مسافر ہے نہ یہ مسکین صاحب اوج، نہ اس کے پاس فوج ظفر موج، ہاں سیف لسانی اور فوج حق بیانی نعمت خداداد ہے والله الحمد۔

دیکھ کر سیف زبانی میری
معترض دل میں کٹا کرتے ہیں

قولہ...... ’’تقریری مباحثہ ہیچمدان کو اب کسی سے منظور نہیں۔‘‘

اقول...... حضور میں کب اور کس دن یہ جرأت ہوئی تھی کہ کسی سے زبانی گفتگو کی ہو جواب ارشاد ہوا کہ منظور نہیں یہ نامنظوری تو حضور کے حق میں ازلی ابدی اور امر فطری ہے۔

قولہ...... ’’کیونکہ بسبب شیوع تعصّبات نفسانیہ کی تہذیب بھی قائم نہیں رہ سکتی۔ بلکہ منجر بتباغض وتحاسد ہو جاتا ہے۔ الیٰ من جرب المجرب فقد حلت به الندامة!‘‘

اقول...... ذرا اس وقت سچ بولئے گا حضور کو کب اور کہاں تقریری مباحثہ کا اتفاق ہوا؟ جو تجربہ کار ہو گئے۔ خاص کر اس اشتہار کے بعد جو (اعلام الناس حصہ۲ ص۹۹،۱۰۰) میں ہے۔ کبھی کسی مجمع میں گفتگو کا اتفاق ہوا ہو تو اس سے عاجز کو بھی مطلع فرمادیجئے کہ کہاں ایسا مجمع ہوا، اور کس سے جناب کی گفتگو ہوئی اور کیا خرابی اس میں پیش آئی؟ اور اس عاجز کو تو بارہا یہ موقع پیش آیا ہے اور سال گزشتہ میں بھی چار ماہ تک ہفتہ وار پادری جی اے نصرائی صاحب سے گفتگو ہوتی رہی جو اپنے مذہب کا ایک جلیل القدر فاضل ہے اور ہر جلسہ میں تخمیناً تین چار ہزار آدمی ہوتے تھے اور اگرچہ یورپین افسر بھی دوستانہ طور پر گفتگو سننے کو کوئی ایک آجاتے تھے۔ مگر پولیس وغیرہ کا کوئی انتظام نہ تھا اور کبھی کسی جلسے میں باہم مناظرہ کی بدمزگی تک نہ ہوئی۔ جھگڑا اور فساد تو کیسا؟ اور اسی طرح بمبئی اور مدراس وغیرہ بڑے بڑے شہروں بڑے بڑے مجمعوں میں عاجز کو گفتگو کرنے کا اتفاق ہوا ہے۔ کبھی درشتی تک کی نوبت نہیں آئی اور فساد تو کیسا؟ ہاں آپ اپنی حالت کے موافق جو کچھ چاہیں خیال فرمالیں۔ مگر عاجز کا تجربہ تو اس کے خلاف ہے۔ جناب مولوی صاحب یہ تو باتیں ہیں صاف یہ ہے کہ کبھی جناب کو ایسا اتفاق ہی نہیں ہوا۔ ہمیشہ گھر میں بیٹھے باتیں بنایا کرتے ہو اس وقت یہ حیلے گھڑنے اور بہانے کرنے لگے۔

کیسے گلے رقیب کے کیا طعن اقربا
تیرا ہی دل نہ چاہے تو باتیں ہزار ہیں

ناظرین! آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ احسن المناظرین صاحب کی تحریر کا بڑا حصہ صرف بے جا اور خلاف واقع اور غلط شکایت یا ظرافت میں اور بہت ہی کم نادرست اور مہمل مطلب میں ضائع ہوا ہے۔ اگر مجھ کو یہ خیال نہ ہوتا کہ اکثر احباب کو اس کے جواب کا انتظار ہوگا تو ہرگز اپنی اوقات عزیز کو اس بیکار اور بے سود تقریر کے جواب میں ضائع نہ کرتا۔ بات یہ ہے کہ لمبے چوڑے اشتہار دے کر عوام کو دام میں لانے کے لئے مرزا قادیانی کی یہ ایک چال ہے اور یہی طریقہ حضرت (احسن امروہی قادیانی) نے بھی اختیار کیا ہے۔ ورنہ کیسا مباحثہ تقریری اور کیسا تحریری تقریری کا تو حوصلہ ہی مشکل ہے اور تحریر کا حال بھی ظاہر ہے۔

اٹھ جا کہاں تلک کوئی باتیں اٹھائے گا
ناصح تو خود غلط تری گفتار ہے غلط

قولہ...... ’’آگے رہا تحریری مباحثہ سو وہ بھی ہیچمدان جناب سے کرنا نہیں چاہتا مولوی محمد حسین صاحب لاہوری احقر کے پورے مخاطب ہیں اور نیز مولانا محمد بشیر صاحب درخواست مکرر فرما رہے ہیں۔ لیکن یہ ہیچمدان پورے طور پر راضی نہیں ہوا کچھ نیم راضی سا ہوگیا۔‘‘

اقول...... مولوی صاحب عاجز تو آپ کے اشتہار کے موافق تقریر مع تحریر کے لئے حاضر ہوا تھا یہ علم نہ ہوا کہ آپ کے اشتہار بھی مثل اشتہارات مرزا صاحب کے محض کاغذی گھوڑے ہیں۔ جو ہوا باندھنے کی غرض سے ہوا پر اڑا دیئے جاتے ہیں ورنہ مباحثہ سے آپ صاحبوں کو کیا کام۔ مگر یہ یاد رہے کہ آپ کا خطاب عام ثابت ہے اور یہ فرمانا آپ کا کہ پورے مخاطب اس کے مولوی محمد حسین صاحب ہیں۔ کون جان سکتا ہے آپ کی نیت کی کس کو خبر ہے؟ ہاں اس قدر عرض خدمت عالی میں ہے۔ اگر قبول ہو جائے کہ مولوی محمد حسین صاحب پر اس وجہ سے کہ وہ یہاں نہیں ہیں اور ان کا آنا بھی مشکل ہے پوری عنایت ہے، تو عاجز چونکہ حضور کے پاس حاضر وموجود ہے۔ ادھوری تو اس پر بھی عنایت ہونی چاہئے۔

گل پھینکے ہے اوروں کی طرف بلکہ ثمر بھی
اے خانہ برانداز چمن کچھ تو ادھر بھی

اور چونکہ مولانا محمد بشیر صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ بھی یہاں تشریف رکھتے ہیں۔ اس لئے باوجود مکرر درخواست کے وہ بھی ناکام ہی رہتے معلوم ہوتے ہیں۔

نہ پہچانو مجھے گر آپ تو کیا
مگر میں آپ کو پہچانتا ہوں

اور مولوی محمد حسین صاحب پر بھی آپ کی عنایت تو ہے مگر ایسی۔

اب انہیں لکھتے ہو تم خط میں سراسر دشمن
جن کو لکھتے تھے سدا یار سراپا اخلاص

قولہ...... ’’بحکم آنکہ مان نہ مان میں تیرا مہمان۔ آپ اصرار ہی فرماتے ہیں۔‘‘

اقول...... مولوی صاحب مہمان بلایا ہوا پیچھے لگایا ہوا ہے اب آپ انکار کریں یا نہ مانیں تو یہ امر دیگر ہے۔ کیا آپ کا اشتہار نسبت علماء امصار و دیار نہیں ہے اور کیا آپ کے اعلام میں خطاب عام نہیں ہے۔ مصرع

انصاف کیجئے پوچھتے ہیں آپ ہی سے ہم

قولہ...... ’’کیا جنگ وجدل سب وشتم ہمزولمز قتل ناحق کا نام مباحثہ ہے۔‘‘

اقول...... ؎

خیر ہے کس نے کہا شور قیامت تم کو
نالہ ہائے صحری دھوم مچاتے کیوں

مولوی صاحب! آپ کو اللہ تعالیٰ کا خوف نہیں ہے۔ آپ میری طرف ایسے جرم کی نسبت کرتے ہوئے خدا سے نہیں ڈرتے۔ جس کا واللہ میں مکتسب ومرتکب نہیں ہوں۔ ’’ان الذین یؤذون المؤمنین والمؤمنات بغیر ماکتسبوا فقد احتملوا بھتاناً واثماً مبینا ‘‘ کی وعید آپ کے دل سے بالکل نکل گئی ہے۔ اگر کسی نے آپ سے کہا ہے وہ آپ کا اور میرا دشمن جھوٹا ہے۔ آپ کو بھی بغیر تحقیق کے اس قدر خلاف واقع بیان کرنا بالکل نازیبا ہے۔

کہے جو عدو سچ نہ جانا کرو
عبث اب نہ مجھ سے بہانہ کرو

قولہ...... ’’جس امر سے احقر کو فراغت ہو چکی ہے پھر دوبارہ اس امر کے واسطے کیوں طلب کیا جاتا ہوں۔‘‘

اقول...... فراغت ہو چکی تھی تو آخر میں اشتہار کیوں دیئے۔ اس وقت سمجھے نہ تھے یا اس وقت بھول گئے۔ دوسری وجہ آپ کے بلانے کی یہ بھی ہے کہ تصنیف را مصنف نیکو کند بیان مولوی صاحب خود کردہ را علاجے نیست اگر جناب کی ایسی ہلکی طبیعت تھی۔ تو ہرگز اشتہار دینا نہ چاہئے تھا۔

ہم تو کہتے تھے نہ ہم راہ کسی کے لگ چل
اب بھلا ہم ہوئے رسوا سر بازار کہ تو

قولہ...... ’’اگر آپ اعلام الناس کا جواب کسی سے تحریر کرائیں گے۔‘‘

اقول...... یہ عادت تو آپ کے مرزا قادیانی کی ہے کہ وہ آپ سے اور اپنے مریدوں سے بھی تحریر کروایا کرتے ہیں اور عاجز کو تو جو کچھ آتا ہے خود ہی تحریر کر دیتا ہے۔ مگر آپ نے ناواقفیت کی وجہ سے ایسا فرمادیا تو کچھ مضائقہ نہیں ہے۔

جب نہ ہوے آشنا کوئی حقیقت آشنا
فی الحقیقت بے حقیقت ہم نہوں تو کون ہو

قولہ...... ’’جس بحث میں اس ہیچمدان کی خطا ہوگی بعد تصفیہ ایسے ثالثوں کے جن کو علوم رسمیہ میں پورا دخل ہو دو اس طرف کے ہوں اور دو اس طرف کے۔ میں ضرور بالضرور اس خطا سے رجوع کروں گا۔ اللہ تعالیٰ کو اس پر گواہ کرتا ہوں۔ ’’کفےٰ باللّٰہ شہیداً‘‘

اقول...... الحمدللہ! کہ آپ اس طرف آئے خدا کرے جو زبان سے کہا آپ کے دل میں بھی ہو اور اگر واقعی یہ بات آپ نے سچ کہی ہے اور آپ کے دل میں بھی ہے تو اپنے طرف کے دونوں ثالثوں کا نام بیان فرمائیے۔ اگر وہ ثالث بالخیر ہوں گے تو میں بھی انہیں پر حصر کر دوں گا۔

اس حال کو پہنچے ترے قصہ سے کہ اب ہم
راضی ہیں گر اعداء بھی کریں فیصلہ اپنا

لیجئے اب بات بڑھانی کچھ ضرور نہیں۔ آپ ثالثوں کے نام بتادیجئے۔ مجھے منظور ہے۔

کیجئے اقرار کچھ ایسا کہ پھر انکار نہ ہو
یعنی آپس میں کسی ڈول کی تکرار نہ ہو

قولہ...... ’’حضرت مولوی صاحب اعلام الناس کا جواب دو اور ضرور جواب دو۔ یہی تو مباحثہ ہو جاوے گا اور پھر دوبارہ عرض کرتا ہوں کہ یہ ہی تو مباحثہ ہے۔ وگرہیچ!‘‘

اقول...... حضرت احسن المناظرین صاحب آپ تو یہیں سے چوکڑی بھولے اعلام الناس کا جواب تو تیار ہے۔ اگر وہ کافی نہ ہوا تو میں بھی حاضر ہوں۔ مگر آپ کو تو اب ثالثوں ہی پر قائم رہنا چاہئے۔ ثالثوں کے نام بتایئے اور ضرور بتایئے تاکہ صورت تصفیہ کی ہو جائے اور تحریرات تو اب جانبین سے تاحیات جاری رہیں گے۔ اس سے کیا ہوتا ہے کوئی سوال بے جواب اور کوئی جواب بے جواب الجواب نہیں رہ سکتا۔ تصفیہ کی وہی صورت ہے جو جناب نے اوّل بیان فرمائی ہے اور یہ صورت عاجز کو بدل منظور ہے۔

ایک دم عمر طبیعی ہے یہاں مثل حباب
رکھ مکدر بس اے یار نہ اتنا ہم کو

قولہ...... ’’منبروں پر بیٹھ کر مجالس وعظ میں غیبت سب وشتم آبروریزی مؤمن مسلمان کی کرنے سے کچھ کامیابی نہ ہوگی۔‘‘

اقول...... یہ بات تو درحقیقت ٹھیک ہے۔ لیکن اس کی نسبت عاجز کی طرف غلط ہے۔ اگر ذرا بھی غور کیجئے گا تو جناب کو معلوم ہو جائے گا کہ اس کا مصداق کون ہے، عاجز یا جناب؟ کیونکہ میں بحلف عرض کر چکا ہوں مگر آپ بار بار یہ بیجا شکایت جو محض بہتان ہے کئے جاتے ہیں۔ اب اس کا فیصلہ انشاء اللہ تعالیٰ فیصلے کے دن ہو جائے گا۔ ’’ترکت حسابی لیوم الحساب‘‘ مگر بہتر ہے کہ آپ غصہ سے درگزر کر کے کچھ عاجز کی بھی سنیں۔

پند گو اب تو ہی فرما کس کو سودا ہے یہ کون
اور کی سنتا نہیں اپنی ہی کہتا جائے ہے

قولہ...... ’’اب چند گزارش درباره اوّلہ یازده گانہ جناب کے مختصر مختصر عرض کرتا ہوں۔‘‘

اقول...... بہتر ہے عاجز بھی اسی کو پسند کرتا ہے۔

قولہ...... ’’نمبر:۱،۴ الفاظ اعلام اور دعوے میں منجملہ نسبت اربعہ کے کون سی نسبت ہے۔‘‘

اقول...... نمبر۱،۴ بریں عقل ودانش بباید گریست۔ جناب مولوی صاحب اگر حضور گرہ کی نہیں رکھتے تو جواب کے وقت تھوڑی دیر کے لئے کسی سے ادھار ہی لے لیا کیجئے کہ دوسرے کی بات تو سمجھ میں آجائے۔ عاجز نے اعلام اور دعوے میں کب نسبت مساوات ولفظ اعلام سے آپ کا دعویٰ ثابت کیا ہے۔ بلکہ نمبر۱،۴ تک ثبوت خطاب عام میں نقل ہوئے ہیں اور وہ اظہر من الشمس ہے۔ نہ ثبوت دعویٰ میں۔ لہٰذا گزارش ہے کہ نمبر۱،۲،۳،۴ واپس لے کر اپنے اوّل اور عاجز کے دوسرے خط کو دوبارہ ملاحظہ فرمایئے اور اب سوچ سمجھ کر جواب عنایت فرمایئے۔

قولہ...... ’’یہ خطاب کس سے ہے آپ سے یا مولوی محمد حسین صاحب سے پھر اس میں دعویٰ کہاں ہے۔‘‘

اقول...... جب خطاب عام کا آپ اقرار کر چکے تو اس باب میں اب زیادہ گفتگو کی ضرورت نہیں۔ علاوہ اس کے احسن المناظرین ہونے کا تو آپ کا اقرار ہی ہے تو مولوی محمد حسین صاحب کی کیا خصوصیت ہے؟ جو جویائے حق آپ کے پاس آئے، آپ کو اس کی طمانیت لازم ہے اور

مدعی بنانے میں مجھے اور کسی قاعدے کے بتانے کی ضرورت نہیں۔ مرزاقادیانی کا الہام آپ کے واسطے کافی ہے۔ دیکھو اشتہار مورخہ ۱۷/اکتوبر ۱۸۹۱ء کو۔ پس جس قاعدہ سے مرزاقادیانی نے شیخ الکل سید نذیر حسین محدث کو مدعی بیان فرمایا ہے وہ جناب ملاحظہ کرلیں۔ یہی جواب کافی ہے۔

قولہ...... ’’نمبر۶ تا۹۔‘‘

اقول...... اس کو بھی تأمل کے ساتھ ملاحظہ فرمائیے اور عاجز کے خطوط غور سے دیکھئے۔ خاص کر اس خط کا جواب الجواب نمبر۵ اچھی طرح ملاحظہ ہو۔ بعد ملاحظہ کے آپ خود دوبارہ جواب کی تکلیف فرمائیں گے اس میں عاجز کو زیادہ گزارش کی ضرورت نہیں۔

قولہ...... ’’مولوی محمد حسین کے خطاب میں عرض کیا تھا۔ نہ کہ جناب کے۔‘‘

اقول...... ناظرین! اب میرے خط نمبر۲ میں مولوی صاحب کے فقرہ نمبر۱۰ کو اور میری اس جگہ کی گزارش کو اور مولوی صاحب کے اس جواب کو مکرر ملاحظہ فرماکر ذرا انصاف فرمائیں کہ مولوی صاحب کے جواب کو اس عاجز کی گزارش سے کچھ بھی تعلق ہے۔ عاجز کیا گذارش کرتا ہے مولوی صاحب کیا ارشاد فرماتے ہیں؟

قولہ...... ’’لیکن بسبب اصرار بار بار کے جناب کو بھی پوری آزادی دی جاتی ہے کہ جواب اعلام الناس کا تحریر کرائیں اور ضرور تحریر کرائیں۔‘‘

اقول...... حضرات ناظرین اب مولوی صاحب سے تو انصاف کی امید معلوم؟ آپ ہی انصاف کریں اور عنقریب جواب اعلام الناس بھی شائع ہوا جاتا ہے۔ پھر دیکھیں مولوی صاحب کیا فرماتے ہیں؟

قولہ...... ’’لیکن جو کوئی صاحب بھوپال میں تشریف لاکر اس فقیر کی آبروریزی کریں۔‘‘

اقول...... مولوی صاحب نے پھر ڈیڑھ صفحہ اس شکایت بے جا سے بھر دیا۔ مگر میں اس کے جواب میں سوا اس کے اور کچھ نہیں عرض کرتا۔ ’’واللّٰہ المستعان علی ماتصفون‘‘ مولوی صاحب جو لوگ آپ کی باتوں کو بلاتحقیق باور کرلیں گے۔ ان کے سامنے تو آپ نے انکار مناظرہ کی ایک صورت دکھادی۔ مگر جب یہ معاملہ علیم وخبیر کے سامنے پیش ہوگا۔ وہاں کے واسطے بھی کوئی جواب سوچ لیجئے۔ وہاں کیا جواب دوگے۔

برائی میں ہماری وہ اگر اپنا بھلا سمجھے
برا سمجھے برا سمجھے برا سمجھے برا سمجھے

قولہ...... ’’باوجود ممانعت اپنی سرکار دامت اقبالہا کیونکر قدم رکھ سکتا ہوں۔‘‘

اقول...... مولوی صاحب جس سرکار عالیہ دامت حشمتہا کا نمک کھاتے ہو اس پر یہ تعصب کی بے جا تہمت لگاتے ہوئے آپ کو خدا کا خوف نہیں آتا اور دروغ گویم برروئے تو لاحول ولاقوۃ الا باللہ سرکار عالیہ بھوپال دامت اقبالہا نے کب مجھ کو یا آپ کو ممانعت کی ہے اور کب ایسا ہو سکتا ہے کہ میں اس ریاست میں آزاد ہوں اور آپ نہیں؟ جس طرح تمام رعایا برٹش گورنمنٹ مذہبی معاملات میں آزاد ہے۔ اسی طرح تمام رعایا گورنمنٹ بھوپال لازال شمس العزوالاقبال بھی آزاد ہے۔ درباب آزادی مذہب رعایا ملکۂ انگلستان اور رعایا ملکۂ بھوپال میں کوئی فرق نہیں ہے۔ یہ آپ کا صاف اور صریح بہتان ہے۔ اپنی منعمہ دامت ملکہا پر اگر سچے ہو تو تصدیق کراؤ۔ یہ ایک بے جا اور سراسر غلط الزام ہے۔ اس رحم دل منصف مزاج گورنمنٹ بھوپال پر جس کا ایک عالم شکر گزار ہے اور یہ فقیر عاجز بھی اس سرکار سراپا عدل وداد کا ہر دم شکر گزار اور دعا گو ہے۔

پس از صلوٰۃ وظائف بصد خشوع وخضوع — دعا جناب الٰہی میں ہے یہ صبح ومسا
یہ مہر طے کرے جب تک منازل فلکی — یہ ماہ اس سے کرے جب تلک کہ کسب ضیا
نماز تا کہ جماعت سے ہووے مسجد میں — زبانوں پر ہو رواں جب تلک کہ نام خدا
یہ سایہ قد پاک تو تا قیامت ہو — بفرق جملہ رعایا خصوص برسرما

قولہ...... ’’جناب من میں آپ سے ہارا اور پھر ہارا۔‘‘

اقول...... اے حضرت مولوی صاحب یہ مذہبی مذاکرہ ہے یا رندوں کا پھڑ یا کلب گر اس گفتگو میں ہار جیت کا کیا کام؟ مگر جناب کی عادت کہاں جائے جو بات دل میں بسی ہوئی ہے۔ زبان پر بھی آئے اور آئے۔

جو دل قمار خانہ میں بت سے لگا چکے
وہ کعبتین چھوڑ کے کعبہ کو جا چکے

قولہ...... ’’میدان اور اکھاڑوں کی یاد وتذکار جناب کے ہی خیال میں بسی ہوئی ہے۔‘‘

اقول...... ہاتھوں مہندی پیروں مہندی اپنے لچھن اوروں دیندی جناب عالی! جادو وہ جو سر پہ بولے جس کے خیال میں بسی ہوئی ہے۔ اس کی زبان پر بھی آیا۔

قولہ...... ’’دہلی میں ایسے میدان اور اکھاڑے بہت کثرت سے ہو چکے ہیں۔‘‘

اقول...... حضرت مولوی صاحب دہلی کو امروہے سے کیا نسبت وہاں کی پنہادیوں کی نقل اور جھجر

کی مثل مشہور عالم ہے۔ آپ کا وہی وطن شریف ہے یا قادیان زیادہ نیک نام ہے۔ دہلی امروہے اور قادیان کے مقابل کیونکر نیک نام ہو کہ آج تک نہ کوئی دہلی کا جاہل نبی بنا، نہ کوئی عالم اس کا فرشتہ بنا۔ (گوفرشتہ سیرت بہت ہوئے) نہ دہلی کے حق میں مثل قادیان کوئی آیت قرآن مجید میں نازل ہوئی (دیکھو ازالہ اوہام حاشیہ ص۷۷، خزائن ج۳ ص۱۳۹ حاشیہ) واقع میں نیک نام تو اوّل قادیان ہے۔ اس کے بعد امروہہ۔ کیونکہ وہاں شیخ سدو صاحب کا مقام ہے۔ مگر جناب من سزاوار عتاب تو عاجز ہے۔ دہلی نے کیا قصور کیا جو اس پر عتاب ہو رہا ہے۔

بے وجہ عداوت کا سزا وار تو میں ہوں
اوروں پہ ہے کیوں ظلم گنہگار تو میں ہوں

قولہ...... ’’اس دعوے کے لئے دو بینوں کا پتہ ونشان دے دیا گیا ہے۔‘‘

اقول...... چونکہ جناب نے آگے تجارت کا ذکر کیا ہے۔ عاجز کو دوبنیوں کا شبہ ہوا خیر ہوئی کہ فوراً خیال میں آ گیا۔ بینوا ہے۔ حضرت اگر اس بیان میں سچے ہو تو قربان علی صاحب لکھنوی کے ایک ہزار روپے تو مرزا قادیانی سے دلوا دیجئے کہ مجھے بھی دس ہزار کی امید ہو۔ اگر پوری نہ دلوا سکو آدھے پونوں ہی پر معاملہ کرا دیجئے۔ انکا اشتہار میں نے آپ کو بھیج دیا ہے۔ ورنہ اس بیجا تعلّی سے کیوں خلق کی نظر میں سبک ہوتے ہو۔ غیر قومیں تم پر ٹھٹھے مارتی ہیں اور تمہیں شرم نہیں آتی۔

قولہ...... ’’یہ دس ہزار پانچ سو روپیہ ہو گیا۔ آپ کی تجارت کی بھی بڑی ترقی ہو جائے گی اور اگر اطمینان نہ ہو تو حضرت اقدس مرزا قادیانی تمسک لکھنے کو بھی کہتے ہیں۔ تمسک لکھوا لیجئے وہ ایک رئیس اور تعلقہ دار اور حارث آدمی ہیں۔ کسی اپنی جائیداد کو مکفول کر دیں گے۔‘‘

اقول...... معلوم ہوا کہ مرزا قادیانی کو ایک رئیس اور مالدار آدمی سمجھ کر آپ ان پر ایمان لائے ہیں اور اپنی طبیعت کے موافق عاجز کو بھی یہ لالچ دلاتے ہیں۔ ’’اعوذ باللّٰہ السمیع العلیم من وسوسۃ الشیطان الرجیم‘‘ جناب من میں آپ کو مطلع کرتا ہوں کہ یہ سب مرزا قادیانی کے ڈھونگ اور ڈھکوسلے ہیں۔ اگر آپ سے مرزا قادیانی نے کوئی وعدہ کیا ہے تو آپ اپنا اطمینان کر لیجئے۔ ورنہ پچھتائے گا وہاں سوائے چکنی چپڑی باتوں کے کچھ نہیں اللّٰہ تعالیٰ حکیم نورالدین کی عمر اور روزگار میں برکت دے کہ مبلغ بیس روپے ماہوار کے علاوہ سیکڑوں روپے سے مرزا قادیانی کی مدد کرتے ہیں۔ کیسا تعلقہ، کیسی جاگیر، کہاں کے رئیس، کیسے حارث یہ سب حارث ہی کی سی باتیں ہیں۔ ذرا (ازالہ اوہام) کو ملاحظہ فرمایئے مرزا قادیانی کیا لکھتے ہیں: ’’حبی

فی اللہ ’’مولوی حکیم نورالدین بھیروی، مولوی صاحب ممدوح کا حال کسی قدر رسالہ فتح الاسلام میں لکھ آیا ہوں۔ لیکن ان کے مال سے جس قدر مجھے مدد پہنچی ہے میں کوئی ایسی نظیر نہیں دیکھتا جو اس کے مقابل پر بیان کرسکوں۔ (ازالہ اوہام ص۷۷۸، خزائن ج۳ ص۵۲۰)‘‘ لیکن پھر بھی انہوں نے بارہ سوروپے نقد متفرق حاجتوں کے وقت اس سلسلۂ کی تائید میں دیا اور اب بیس روپے ماہواری دینا اپنے اوپر واجب کرلیا اور اس کے سوا اور بھی ان کی مالی خدمات ہیں جو طرح طرح کے رنگوں میں ان کا سلسلہ جاری ہے۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۷۴۴، خزائن ج۳ ص۶۲۳)’’عالی ہمت دوستوں کی خدمت میں گذارش۔ چونکہ طبع کتاب (ازالہ اوہام) میں معمول سے زیادہ مصارف ہوگئے ہیں اور مالک مطبع اور کاتب کا حساب بے باق کرنے کے لئے روپے کی ضرورت ہے۔ لہٰذا بخدمت جمیع مخلص دوستوں کے التماس ہے کہ حتیٰ الوسع اس کتاب کی خریداری سے بہت جلد مدد دیں جو صاحب چند نسخے خرید سکتے ہیں۔ وہ بجائے ایک کے اس قدر نسخے خرید لیں۔ جس قدر ان کو خریدنے کی خداداد مقدرت حاصل ہے اور اس جگہ اخویم مکرم مولوی حکیم نورالدین صاحب معالج ریاست جموں کی نئی امداد جو انہوں نے کئی نوٹ اس وقت بھیجے قابل اظہار ہے۔ خداتعالیٰ ان کو جزاء خیر بخشے۔ ایسا ہی اخویم مکرم فضل دین صاحب بھیروی نے علاوہ اس تین سوروپے کے جو پہلے بھیجا تھا اب ایک سوروپے اور بھیج دیا۔‘‘

مجھے اس امر پر اعتراض نہیں ہے کہ یہ لوگ مرزاقادیانی کو دیتے ہیں یا مرزاقادیانی ان سے کیوں لیتے ہیں۔ اس کا دینا ان کے اعتقاد کے موافق سعادت ہے۔ مگر مولوی صاحب کی تعلّی اور لالچ دہی کا جواب ہے۔ دوسری بات قابل غور یہ ہے کہ ازالہ اوہام کی کل لاگت تخمیناً چارسو کی ہے اور چارسو فضل دین سے آچکے اور حکیم نارالدین کے نوٹ علاوہ رہے اور فی جلد تین روپے اس کی قیمت رکھی ہے۔ جس کے حساب سے اکیس سو ہوئے۔ اب فرمائیے کہ یہ لالچی کون ہے؟ اور یہ کیسے رئیس اور تعلقہ دار مالدار ہیں؟ اگر اس ریاست پر یہ حال ہے تو اور تو میں کچھ نہیں کہتا۔ مگر آپ کے حال پر ’’انا للہ وانا الیہ راجعون‘‘ پڑھتا ہوں۔

قولہ...... ’’پھر گزارش یہ ہے کہ احقر نے کون سے الہام کو بلابیّنہ تسلیم کرلیا ہے۔‘‘

اقول...... گزارش یہ ہے کہ جناب نے مرزاقادیانی کے الہام کو جن بیّنہ سے تسلیم کیا ہے۔ مہربانی فرماکر ان کو بیان کردیجئے اور براہین احمدیہ کے الہاموں کا حال اکثر تو ظاہر ہوگیا اور ظاہر

ہوتا ہے اور عنقریب انشاء اللہ تعالیٰ ظاہر ہو جائے گا اور تاویل بعیدہ تو ہر شخص اپنے کلام کی کر لیتا ہے۔ اس میں مرزا قادیانی کی کیا خصوصیت ہے؟

قولہ...... ’’حسن ظن کی تعریف سے ہیچمدان کو آگاہ کیا جاوے۔‘‘

اقول...... مرزا قادیانی کو جو الہام ہو وہ صحیح اگرچہ قرآن وحدیث کے خلاف ہو۔ مرزا قادیانی کے مقابل خدا کا کلام ہو یا رسول کا اس کی تحریف کرنی، اس کا نام تاویل رکھنا، تمام مسلمانوں کو خلف سے سلف تک غلطی پر، بلکہ گمراہ جاننا مرزا قادیانی کی حمایت میں مسلمانوں کو جھوٹا سمجھنا یہی تعریف حسن ظن کی ہوگی۔

قولہ...... ’’چند اقوال مولانا اسماعیل شہید علیہ الرحمۃ الغفران کے تقویۃ الایمان سے نقل کرتا ہوں اور دیکھتا ہوں کہ جناب ان اقوال کی نسبت کیا فرماتے ہیں۔ نمبر۱ تا ۶۔ الیٰ قولہ یہ چند اقوال لکھے گئے اور بھی بہت ایسے اقوال تقویۃ الایمان میں ہیں۔‘‘

اقول...... آپ کے بہت سے برادر وہ سب اقوال بھی جو آپ نے چھوڑ دیئے ہیں۔ لکھ کر طبع کر چکے ہیں اور اس کے جواب بھی چھپ چکے ہیں۔ دیکھو اور عاجز کو ان اقوال ودیگر آپ کے برادران کے اقوال کے باب میں جو کچھ عرض کرنا تھا۔ وہ رسالہ ہدایت المؤمنین میں عرض کر چکا ہے۔ آپ اس کا جواب دیجئے اور ضرور دیجئے عاجز بھی جواب الجواب لکھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ!

دوسری عرض اس بات میں یہ ہے کہ مولانا اسماعیل شہید علیہ الرحمۃ کو میں کسی درجہ کا بھی نبی نہیں جانتا اور نہ ان کے کلام کو انبیاء کی وحی کی طرح دخل شیطان سے منزہ مانتا ہوں اور آپ کا اعتقاد مرزا قادیانی کی نسبت یہی ہے۔ کیونکہ مرزا قادیانی ارشاد فرماتے ہیں: ’’عاجز اس امت پر محدث بامر اللہ ہے اور محدث بھی ایک نبی ہی ہوتا ہے اور اس کی وحی بھی انبیاء کی وحی کی طرح دخل شیطان سے منزہ ہوتی ہے۔‘‘ (توضیح المرام ص۱۸،۱۹، خزائن ج۳ ص۶۰ ملخص)

لہٰذا اس صورت میں مرزا قادیانی کا کلام آپ پر حجت ہے اور مولانا صاحبؒ کا کلام عاجز پر حجت نہیں میں ان کے کلام کو مثل وحی اور وہ بھی مثل وحی انبیاء کے دخل شیطان سے منزہ ہرگز ہرگز نہیں مانتا بلکہ میرے اعتقاد میں مولانا غیر معصوم تھے اور ان کے کلام میں بھی غلطی کا امکان ہے۔

قولہ...... ’’اور صراط مستقیم میں لکھا ہے۔‘‘

اقول...... مرّ آنفاً اور جو اقوال صوفیہ کے آپ نے نقل فرمائے ہیں وہ اور ان کے علاوہ اور بہت سے اقوال پادری فنڈر صاحب نے مفتاح الاسرار میں نقل کئے ہیں۔ آپ جواب مفتاح الاسرار کو

ملاحظہ فرمالیجئے اور اگر حوصلہ ہو تو اس کا جواب لکھئے۔ عاجز جواب الجواب لکھے گا ان شاءاللہ تعالیٰ!

قولہ...... ’’جو اقوال ثمانیہ جناب نے مرزاقادیانی کے ازالہ سے نقل فرمائے ہیں۔ وہ یا تو جناب کی خوش فہمی ہے یا محض خلاف نفس الامر۔‘‘

اقول...... ناظرین مولوی صاحب کے اس قول کو ضرور یاد رکھیں (یا محض خلاف نفس الامر) اب اگر مولوی صاحب قصداً جھوٹ نہیں بولتے تو ان اقوال ثمانیہ میں سے ایک تو خلاف نفس الامر بتلا دیں گے اور اگر ان میں سے ایک کو بھی مولوی صاحب خلاف نفس الامر نہ فرمائیں گے تو تمہید میں محض خلاف نفس الامر کہہ دینے سے مولوی صاحب کو اپنا جھوٹ بولنا خود قبول کرنا پڑے گا۔

قولہ...... ’’یہ خطاب نفسانی مولویوں اور خشک زاہدوں سے ہے جو آسمانی دروازوں کو بند کرنا چاہتے ہیں۔‘‘

اقول...... یہ اوّل ارشاد ہو کہ یہ عرض میری محض خلاف نفس الامر تو نہیں ہے۔ جب واقعی ہے تو مجھے کچھ جواب دینے کی ضرورت نہیں۔ ہاں آپ جیسے خوش فہم لوگوں کے لئے کسی قدر تشریح کی ضرورت ہے۔ کیوں جناب مولوی صاحب وہ کون سے مولوی صاحبان ہیں۔ جن کی نسبت مرزاقادیانی ایسا فرماتے ہیں۔ وہی جو مرزاقادیانی کو کسی درجہ کا بھی نبی نہیں جانتے۔ وہی جو مرزاقادیانی کی وحی کو انبیاء علیہم السلام کی وحی کی طرح دخل شیطان سے منزہ نہیں مانتے۔ وہی جو حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی جسمی معراج کے غلط خیال میں پڑے ہوئے ہیں۔ وہی جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزوں کو شعبدہ نہیں کہتے۔ وہی جو مرزاقادیانی کو استعارہ کے طور پر تثلیث میں شریک نہیں سمجھتے اور نہ مرزاقادیانی کو ابن اللہ کہتے ہیں۔ وہی جو حضرت جبرائیل علیہ السلام کا حضور پاک ﷺ کے پاس آنا بموجب حدیث متفق علیہ بروایت عمر بن الخطابؓ مانتے ہیں اور ملائکہ کو ارواح کواکب نہیں جانتے۔ وہی جو لیلۃ القدر کو درحقیقت ایک رات مانتے ہیں اور آیت متضمن ذکر سجدہ آدم کو حضرت آدم ہی کے حق میں جانتے ہیں۔ وہی جو قادیان کی عزت مثل مکہ شریف اور مدینہ منورہ کے قبول نہیں کرتے۔ وہی جو مرزاقادیانی کو مسیح موعود نہیں کہتے۔ بلکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے ابھی تک منتظر ہیں۔ وہی جو انگریزوں کو دجال نہیں کہتے بلکہ دجال کے حال کو بموجب احادیث صحیحہ کے مانتے ہیں اور ریل کو بموجب ارشاد مرزاقادیانی دجال کا گدھا نہیں کہتے۔ جس پر مرزاقادیانی اقدس سفر کیا کرتے ہیں۔ شاید انہیں عقائد کی وجہ سے مرزاقادیانی ان علماء کے حق میں فرماتے ہیں کہ: ’’میں سچ سچ کہتا ہوں کہ ایک کافر مؤمن ہو جانا تمہارے ایمان لانے سے زیادہ تر آسان ہے۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۶، خزائن ج۳ ص۱۰۵)

www.amtkn.com www.facebook.com/amtkn313 www.emaktaba.info

اورآیت ’’واذ تخلق من الطین ‘‘ کے ماننے والوں کوتھوڑا سا ہیر پھیر کر کے مرزا قادیانی نے صاف فرماہی دیا کہ: ’’ایسے خیال رکھنے والے بلاشبہ دائرہ اسلام سے خارج ہیں۔‘‘ (ازالہ اوہام ص ۲۹۷، ۲۹۸، خزائن ج۳ ص ۲۵۲ حاشیہ) اسی واسطے تو عاجز نے عرض کیا تھا کہ ہر طبقہ میں دس دس بیس بیس نہیں تو دو دو چار چار تو ایسے مسلمان گنوا دیجئے جو مرزا قادیانی کے ہم اعتقاد اور ہم خیال ہوں تو ماسوا کو پھر دائرہ اسلام سے خارج سمجھا جائے۔ مگر افسوس یہ ہے کہ جناب تو دو چار نام بھی ایسے نہیں بتا سکے اور نہ بتا سکتے ہو۔ کیونکہ ایسے اعتقاد کا ایک مسلمان بھی اس تیرہ سو برس میں نہیں گزرا تو اس صورت میں مرزا قادیانی اور ان کے دو چار مخلصوں کے علاوہ سبھی کو کافر سمجھنا پڑے گا۔ نعوذ باللہ منہا ! اور پھر باوجود اس کے کیسی سادگی سے مولوی صاحب فرماتے ہیں کہ: ’’مرزا قادیانی نے تو کسی مسلمان کو کافر یا مشرک نہیں کہا اور ایک لفظ بھی دشنام کا استعمال نہیں کیا۔ مولوی اسماعیل شہیدؒ نے مسلمانوں کو مشرک لکھا ہے۔ تقویۃ الایمان کو دیکھو۔‘‘

آفرین بادتری ہمت کو تراب شیدا
عشق کافر کا کیا آپ مسلمان رہا

قولہ...... ’’آپ کے وعظ میں تو کہیں اس سے زیادہ تر سخت الفاظ ہوتے ہیں۔‘‘

اقول...... اگر سچے ہو تو تحقیق کراؤ۔ ورنہ اس قدر جواب میری طرف سے کافی ہے۔ ’’لعنۃ اللہ علے الکاذبین‘‘

قولہ...... ’’پھر اس پر طرہ یہ کہ خاص خاص اشخاص کا نام لے کر۔‘‘

اقول...... اگر سچے ہوتے تو خود آ کر یا کسی معتبر کو بھیج کر جامع مسجد میں کسی معتبر کی گواہی سے اس کی تصدیق کروا دیتے اور اب سہی مگر مرزا قادیانی کا خاص خاص اشخاص کو نام لے کر برا کہنا تو میں ثابت کئے دیتا ہوں۔ اگر ایمان ہے تو شرماؤ گے۔ کیونکہ حیاء شعبہ ایمان ہے۔ دیکھو (اشتہار ۱۷/اکتوبر ۱۸۹۱ء) جس میں حضرت شیخ الکل کی نسبت لاف وگزاف بکا ہے اور دیکھو تقریر واجب اعلان (۲۳/اکتوبر ۱۸۹۱ء) جس میں علاوہ درشتی کوئی دقیقہ کذب بھی اٹھا نہیں رکھا اور کتاب ’’سجلناہ من عندنا‘‘ کو بھی ملاحظہ فرمالیجئے اور مولوی اسماعیل صاحب علی گڑھی کی نسبت رسالہ فتح الاسلام میں دیکھو کیا کیا لکھا ہے اور مولوی عبدالرحمٰن لکھو کے والے اور مولوی عبدالحق وغیرہم کی نسبت جو جو کچھ لکھا ہے اس سب حال سے آپ خبردار ہیں۔ کیوں جناب مولوی صاحب یہی انصاف ہے۔ یہی حسن ظن ہے۔ یہی داب مناظرین دین ہے۔ اسی کا نام تقویٰ ہے؟ ’’کبر مقتاً عند اللہ ان تقولوا ما لا تفعلون‘‘

قولہ...... ’’بعض صاحبوں نے اس کے استغاثہ کا مجھ کو مشورہ دیا۔‘‘

اقول...... اگر اللہ تعالیٰ کے مواخذہ پر چھوڑتے تو اس قدر اس بے جا اور غلط شکایت میں اوراق سیاہ نہ کرتے۔ کیونکہ عند اللہ اگر وہ اقوال قابل مواخذہ ہیں تو بغیر آپ کی طول بیانی کے بھی اللہ تعالیٰ مواخذہ کرے گا۔ اللہ تعالیٰ ہر شخص کے بیان اور نیت سے واقف ہے۔ ہماری شکایت سے کچھ نہیں ہوتا اور وہ ارحم الرحمین مجھ پر اور آپ پر رحم فرمائے ورنہ ہر بات ہماری قابل مواخذہ ہے۔’’وما ابری نفسی ان النفس لا مارة بالسوء الا ما رحم ربی ان ربی لغفور رحیم‘‘ مولوی صاحب اگر یہ ارشاد آپ کا سچ ہے تو بے شک مواخذہ کے قابل ہے اور اگر آپ نے گریز مناظرہ کے حیلہ کے لئے عاجز پر تہمت لگائی ہے تو میری حمایت کو اللہ تعالیٰ کافی ہے۔ آپ ضرور استغاثہ کریں۔ خرچ مجھ سے منگالیں ان شاء اللہ تعالیٰ بے حجت وتکرار پیش کروں گا اور عاجز تو کچھ عرض نہیں کرسکتا۔ جو کچھ آپ فرماتے ہیں اگرچہ یہ بالکل غلط ہے۔ مگر نہ اس کا استغاثہ کرنے کو دل چاہتا ہے نہ یہ منظور ہے کہ میری وجہ سے آپ اللہ تعالیٰ کے مواخذہ میں گرفتار ہوں یا کوئی کلمہ گو جو مجھ کو کچھ کہتا ہے یا کوئی بدسلوکی کرتا ہے میری یہ خواہش نہیں کہ یوم حساب میں اس سے مواخذہ ہو۔ اللہ تعالیٰ سب پر رحم فرمائے اور مجھ پر بھی اور اللہ کی حکمت’’لا ملئن جهنم‘‘ پر میرا ایمان ضرور ہے۔ مگر دل نہیں چاہتا کہ ایک شخص بھی اللہ تعالیٰ کے عذاب میں گرفتار ہو۔’’ان تعذبهم فانهم عبادك وان تغفرلهم فانك انت العزيز الحكيم‘‘ اور کسی کے برا کہنے کا برا ماننا واقعی لونڈاپن ہے۔

گراز دشنام رنجی وشوی از مدح خوش طفلے
دلے مرد آزمان گردی کہ ہردو گرددت یکساں

قولہ نمبر:۲ ’’مولوی صاحب ذرا اللہ تعالیٰ سے بھی خوف کرنا چاہئے یہ تقریر تو کسی معترض کے اعتراض کی ہے۔ جو مرزاقادیانی نے واسطے جواب دینے کے ازالہ میں نقل کی ہے۔ نہ اس واسطے کہ مرزاقادیانی کے نزدیک حضرت عیسیٰ بن مریم فی الحقیقت اس اعتراض کے مورد ہیں۔‘‘

اقول...... مولوی صاحب یہ نصیحت تو آپ کی بہت ہی پسندیدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھ کو توفیق عنایت کرے۔ مگر یہ ارشاد آپ کا بالکل غلط ہے۔ یہ تقریر کسی معترض کے اعتراض کی نہیں ہے۔ اگر آپ کو کچھ بھی حمیت اسلام باقی ہے تو مرزاقادیانی سے دریافت کر کے اس کتاب اور معترض کا نام تحریر فرمائیے۔’’فان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا‘‘

قولہ...... ’’اے مولوی صاحب اتق اللّٰہ‘‘

اقول...... اے جناب احسن المناظرین صاحب اگر واقعی آپ کو قیامت پر ایمان ہے اور اللہ اور رسول سے شرم۔ تو اوّل اس معترض اور کتاب کا نام بحوالہ سنہ طبع وصفحہ بتا دیجئے۔ جس میں بقول جناب کے کسی معترض نے حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام پر یہ اعتراض کیا ہے۔ بعد تصحیح نقل کے جو کچھ لام کاف جناب نے عاجز کے حق میں تحریر فرمایا ہے اور دل کے پھپولے پھوڑے ہیں اور بخار نکالا ہے سب بجا اور درست ہے۔ ورنہ میرے طرف سے بھی یہی جواب ہے کہ ’’اتق اللّٰہ‘‘

قولہ...... ’’حضرت میں آپ سے ہارا اور پھر ہارا۔‘‘

اقول...... واہ جناب صدقے جایئے آپ کے معلم کے کہ اس سفید ریش پر کیا مناسب الفاظ منہ سے نکلتے ہیں۔ گویا پھول جھڑتے ہیں۔ میں صحیح عرض کرتا ہوں۔ جناب کے یہ جاؤ بے جا طعن، طنز یہ ٹھٹھول وظرافت عاجز کو کچھ نہ ابھارتی ہے۔ نہ اشتعال کا سبب ہوتی ہے۔ پھر اس سے کیا فائدہ اور یہ جو کہیں کہیں عاجز کے قلم سے کوئی بات نکل گئی ہے۔ یہ جناب ہی کی تقریر کا اعجاز ہے۔ ورنہ عاجز کو اس سے پہلے کبھی اس شکایت وظرافت لکھنے کا اتفاق نہیں ہوا۔

مردے کو جلاتی ہے تری تازگی تقریر
اعجاز کا اعجاز ہے تقریر کی تقریر

قولہ نمبر:۳ یہ اعتراض بھی ’’لا تقربوا الصلوٰۃ‘‘ سے آگے بڑھا ہوا ہے۔

اقول...... اے حضرات ناظرین با تمکین! اللہ تعالیٰ مجھ کو اور آپ کو اپنی رحمت عام سے اپنی رضا جوئی کی توفیق دے اور میرے بھائی فرضی مسیحیوں کو بھی قلب سلیم اور دماغ روشن عنایت فرمائے کہ وہ حق وباطل میں تمیز کریں۔ بات یہ ہے کہ میرے مخاطب چونکہ ایک مولوی صاحب ہیں اور وہ بھی فرضی مسیحیوں میں احسن المناظرین اور اپنے مسیح کی تمام تصنیف دیکھے بھالے اس وجہ سے میرے فہم نے قصور کیا کہ تفصیل کی ضرورت نہ سمجھا۔ مولوی صاحب اب میں حضور کے ذہن کے موافق تفصیل کئے دیتا ہوں اچھی طرح سن لیں۔ اے ناظرین! اس گروہ کا یہ قاعدہ ہے کہ جب کسی پر اعتراض کرنا یا کسی کو برا کہنا یا اس پر سب وشتم کرنا چاہتے ہیں تو اپنے دل کے بخار نکالنے کے لئے یہ ذریعہ گھڑ لیتے ہیں کہ اوّل کوئی اعتراض اس کی طرف سے اپنے اوپر گھڑتے ہیں۔ پھر دل کھول کر اس پر سب وشتم کرتے ہیں اور غرض اس سے یہ ہوتی ہے کہ سامعین کے دل میں اس شخص یا اس کے کلام کی وقعت مرزا قادیانی سے یا مرزا قادیانی کے کلام سے زیادہ نہ دکھائی دے یا بالکل جاتی رہے۔ چنانچہ مرزا قادیانی ۱۷؍اکتوبر ۱۸۹۱ء کو ایک اشتہار حضرت شیخ الکل جناب مولانا سید محمد

نذیر حسین صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ کی نسبت لکھا۔ مولانا صاحب نے ایک لفظ بھی سخت مرزا قادیانی کو اپنے کسی خط میں نہیں لکھا تھا۔ جن کی نقل آپ نے ملاحظہ کی ہوگی۔ خواہ مخواہ مولانا صاحب کی طرف سے اپنی نسبت چند بے جا باتیں تراش کر جناب موصوف پر سب وشتم سے اپنا اشتہار بھر دیا۔ پھر اس پر بھی صبر نہ کیا۔ ۲۳/اکتوبر ۱۸۹۱ء کو ایک اور تقریر ان کی نسبت چھاپ دی جس سے مرزا قادیانی نے ان کی وقعت کو اپنے زعم باطل اور خیال فاسد میں خلق کے دل سے بالکل اٹھا دینا چاہا تاکہ مرزا قادیانی کے مقابل میں مولانا صاحب کی کسی تقریر یا تحریر یا کسی فتوے کا اثر نہ رہے۔ ایسا ہی جناب احسن المناظرین صاحب نے عاجز کے مقابل اس بہتان بندی اور افتراء پردازی سے خیال کرلیا ہے کہ نصف سے زائد مضمون حضرت کا رنگ برنگ سے اسی میں رنگا ہوا ہے۔

افسوس یہ بھول گئے۔ ''فللّٰہ العزۃ جمیعا'' اور ''وتعز من تشاء وتذل من تشاء'' اور ''فللّٰہ العزۃ ولرسولہ وللمؤمنین'' چونکہ مرزا قادیانی نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا ہے اور اپنے کلام والہام کو مثل وحی انبیاء کے دخل شیطان سے منزہ ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ اس وجہ سے مرزا قادیانی نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ اگر کوئی اعتراض کرے کہ آپ مسیح موعود ہیں تو مثل مسیح کوئی معجزہ دکھلایئے۔ اس بناء پر چند اعتراض اپنے طرف سے تراش کر اپنے بیان میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کی ایسی صورت دکھائی ہے کہ وہ بالکل بےکار و بےوقعت معلوم ہوں۔ چنانچہ نتیجہ اپنی لمبی چوڑی تقریر کا یہی نکالا ہے کہ: ''یہ عاجز اگر مسیح کے اس فعل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو ان اعجوبہ نمائیوں میں ابن مریم سے کم نہ رہتا اور یہ کام مسیح کے ایسے قدر کے لائق نہیں جیسا کہ عوام خیال کرتے ہیں۔'' اس کی تفصیل عاجز آگے بیان کرتا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اسی طرح جب مرزا قادیانی نے اپنی اخلاقی حالت کو اچھا نہ پایا تو اپنے اوپر چند اعتراض فرضی گھڑ کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایسے اعتراض کئے جن سے عیسیٰ علیہ السلام کی اس اخلاقی حالت پر جو قرآن مجید ان کی بیان فرماتا ہے۔ دھبہ لگ جائے اور بے وقعت معلوم ہو۔ اسی طرح جب اپنی وحی پر غور کی اور اچھا نہ دیکھا تو چند اعتراض فرضی اپنے اوپر کر کے قرآن مجید کے طرز بیان کی اپنے بیان میں ایسی صورت دکھائی کہ مرزا قادیانی کی وحی سے اس میں کوئی بہت زیادہ خوبصورتی اور عظمت نہ معلوم ہو۔ گویا یہ دکھایا ہے کہ جو اعتراض مرزا قادیانی کے الہام پر ہوتے ہیں۔ وہی قرآن مجید پر بھی ہوتے ہیں۔ نعوذ باللہ! اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کلام پر بھی اور جو اعتراض مرزا قادیانی پر ہوتے ہیں وہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر بھی، اور معجزات تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مکروہ اور قابل نفرت مرزا قادیانی کی شان اس سے بالا وہ کیوں ایسے مکروہ کام کسی

طرف توجہ فرمائیں۔اب بعد اس تمہید کے عاجز مرزا قادیانی کے کلام کی تفصیل اور اپنے اعتراض اور مولوی صاحب کا جواب اور اپنا جواب الجواب پیش کر کے ناظرین سے انصاف چاہتا ہے کہ یہ خوش فہمی یا نادانی عاجز کی ہے یا جناب احسن المناظرین صاحب کی حسن لیاقت ہے؟

مرزا قادیانی فرماتے ہیں کہ:''پہلی نکتہ چینی اس عاجز کی نسبت یہ کی گئی ہے کہ اپنے مخالفین کی نسبت سخت الفاظ استعمال کئے۔'' دیکھو(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۱۲،۱۳، خزائن ج۳ ص۱۰۸) حقیقت میں یہ نکتہ چینی مرزا قادیانی کی نسبت کی گئی ہو یا نہ کی گئی ہو۔مگر مرزا قادیانی نے اس بناء پر قرآن مجید اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے کلام پر اعتراضوں کی بوچھاڑ کردی اور جھاڑ باندھ دیا۔چنانچہ ارشاد فرماتے ہیں کہ:''اگر ہر ایک سخت اور آزاردہ تقریر کو محض بوجہ اس کی مرارت اور تلخی اور ایذارسانی کے دشنام کے مفہوم میں داخل کر سکتے ہیں تو پھر اقرار کرنا پڑے گا کہ سارا قرآن شریف گالیوں سے پر ہے۔'' (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۱۳، خزائن ج۳ ص۱۰۹) پھر انجیل شریف کی نسبت مرزا قادیانی فرماتے ہیں کہ:''کسی نبی کے کلام میں ایسے سخت اور آزاردہ الفاظ نہیں ہیں۔ جیسے انجیل میں ہیں۔'' (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۱۶، خزائن ج۳ ص۱۱۰)

حاصل یہ کہ (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۲ تا ۳۶) تک برابر یہی مذکور ہے۔جس میں سے کل تو میں نہیں بیان کرسکتا۔مگر نمونے کے طور پر کچھ تھوڑا سا عرض کرنا بھی ضروری جانتا ہوں۔

مرزا قادیانی کے بعض اقوال بطور نمونہ

۱...... ''قرآن شریف جس آواز بلند سے سخت زبانی کے طریق کو استعمال کر رہا ہے ایک غایت درجہ کا غبی اور سخت درجہ کا نادان بھی اس سے بے خبر نہیں رہ سکتا۔مثلاً زمانہ حال کے مہذبین کے نزدیک کسی پر لعنت بھیجنا ایک سخت گالی ہے۔لیکن قرآن شریف کفار کو سنا سنا کران پر لعنت بھیجتا ہے......ایسا ہی کسی انسان کو حیوان کہنا بھی ایک قسم کی گالی ہے۔لیکن قرآن شریف نہ صرف حیوان بلکہ کفار اور منکرین کو دنیا کے تمام حیوانات سے بدتر قرار دیتا ہے......ایسا ہی ظاہر ہے کہ کسی خاص آدمی کا نام لے کر یا اشارہ کے طور پر اس کو نشانہ بنا کر گالی دینا زمانہ حال کی تہذیب کے خلاف ہے۔لیکن قرآن شریف میں بعض کا نام ابولہب اور بعض کا کلب اور خنزیر رکھنا اور ابوجہل تو خود مشہور ہے ایسا ہی ولید مغیرہ کی نسبت نہایت درجہ کے سخت الفاظ جو بصورت ظاہر گندی گالیاں معلوم ہوتی ہیں۔استعمال کئے ہیں۔'' (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۲۵ تا ۲۷، خزائن ج۳ ص۱۱۵،۱۱۶ ملخص)

پھر ارشاد فرماتے ہیں:''اور اس جگہ ایک نہایت عمدہ لطیفہ یہ ہے کہ ولید مغیرہ نے نرمی اختیار کر کے چاہا کہ ہم سے نرمی کا برتاؤ کیا جائے۔اس کے جواب میں اس کے تمام پردے کھولے

گئے۔‘‘ (ازالہ اوہام حصہ اوّل حاشیہ ص۲۹،۳۰، خزائن ج۳ ص۱۱۷)

ناظرین! آپ کو یاد ہوگا کہ احسن المناظرین صاحب نے فرمایا تھا کہ یہ تو کسی معترض کی تقریر مرزا قادیانی نے جواب دینے کے لئے نقل کی ہے۔ اب میں عرض کرتا ہوں کہ مولوی صاحب اس کا نام بتلائیں کہ کس کافر نے کون سی کتاب میں یہ تقریر کی ہے۔ ہرگز مولوی صاحب نہ بتا سکیں گے تو اب اے ناظرین! آپ غور کریں کہ جناب احسن المناظرین نے یہ کیسا دھوکا دینا چاہا اور کتنا قبیح مغالطہ دیا ہے کہ جس کی ایک ذرہ اصل نہیں ہے۔ حضرات مرزا قادیانی نے اس لمبی چوڑی تقریر کا نتیجہ نکالا ہے کہ: ’’یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ مؤمنین سے مداہنۂ کی امید مت رکھو۔‘‘ (ازالہ اوہام حصہ اوّل، خزائن ج۳ ص۱۱۷)

اس نتیجہ سے بھی صاف یہ بات نکلتی ہے کہ یہ کسی معترض کی تقریر مرزا قادیانی نے نقل نہیں کی۔ اصل بات وہی ہے جو عاجز نے عرض کی ہے۔ چونکہ مرزا قادیانی کا بھی یہ دعویٰ ہے کہ میرا کلام بھی مثل قرآن مجید بے مثل و بے مانند ہے۔ اس لئے مرزا قادیانی پر جو نکتہ چینی کی گئی انہوں نے بتلا دیا کہ یہ اعتراض نعوذ باللہ قرآن شریف پر بھی ہو سکتا ہے۔ چنانچہ مرزا قادیانی ارشاد فرماتے ہیں: ’’وہ حکمت جو میرے منہ سے نکلتی ہے اگر کوئی بھی اس کی مانند کہہ سکتا ہے تو سمجھو کہ میں خدا کی طرف سے نہیں آیا۔‘‘ (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۲،۳، خزائن ج۳ ص۱۰۴)

یہ ارشاد مرزا قادیانی کا مقابل اس آیۂ کریمہ کے ہے۔ ’’وان کنتم فی ریب مما نزّلنا علیٰ عبدنا فاتوا بسورۃ من مثلہ‘‘ یہ دعویٰ مرزا قادیانی کا بالکل اس مصرع کے مطابق ہے مصرعہ

مینڈکی کو بھی لو زکام ہوا

اب چونکہ مرزا قادیانی مسیح موعود یا ان کا مثیل بننا چاہتے ہیں۔ تو اسی طرح اپنی طرف سے اپنے اوپر ایک اعتراض گھڑ کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اخلاق اور کلام اور معجزات پر ایسے اعتراض کئے ہیں کہ جس سے یہ نتیجہ پیدا ہو کہ حضرت عیسیٰ میں کوئی ایسی اعجوبہ بات نہ تھی جو مرزا قادیانی میں نہیں ہے۔ چنانچہ مرزا قادیانی ارشاد فرماتے ہیں۔ ’’مشابہت کے لئے مسیح کی پہلی زندگی کے معجزات جو طلب کئے جاتے ہیں اس بارہ میں میں ابھی بیان کر چکا ہوں کہ احیاء جسمانی کچھ چیز نہیں۔ احیاء روحانی کے لئے یہ عاجز آیا ہے اور اس کا ظہور ہوگا۔ ماسواء اس کے اگر مسیح کے اصلی کاموں کو ان حواشی سے الگ کر کے دیکھا جائے جو محض افتراء کے طور پر یا غلط فہمی کی وجہ سے گھڑے گئے ہیں تو کوئی اعجوبہ نظر نہیں آتا۔‘‘ (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۶، خزائن ج۳ ص۱۰۵)

پھر فرماتے ہیں کہ: ’’میں سچ سچ کہتا ہوں کہ مسیح کے ہاتھ سے زندہ ہونے والے مر گئے۔ مگر جو شخص میرے ہاتھ سے جام پئے گا جو مجھے دیا گیا ہے وہ ہرگز نہیں مرے گا۔‘‘

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۲، خزائن ج۳ ص۱۰۴)

اب اسی اوّل نکتہ چینی کی بناء پر جو جو باتیں مرزاقادیانی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت بنائی ہیں۔ وہ ملاحظہ ہوں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اخلاق کی نسبت مرزاقادیانی کا بیان

’’اس جگہ حضرت مسیح کی تہذیب اور اخلاقی حالت پر ایک سخت اعتراض وارد ہوتا ہے۔ کیونکہ متی ۲۳، باب میں وہ فرماتے ہیں کہ فقیہ اور فریسی موسیٰ کی گدی پر بیٹھے ہوئے ہیں یعنی بڑے بزرگ ہیں اور انہیں یہ بھی معلوم تھا کہ وہ لوگ یہودیوں کے مقتداء کہلاتے تھے اور قیصر کے دربار میں بڑی عزت کے ساتھ خاص رئیسوں میں بٹھائے جاتے تھے۔ پھر باوجود ان سب باتوں کے انہیں فقیہوں اور فریسیوں کو مخاطب کر کے حضرت مسیح نے نہایت غیرمہذب الفاظ استعمال کئے۔ بلکہ تعجب تو یہ ہے کہ ان یہودیوں کے معزز بزرگوں نے نہایت نرم اور مؤدبانہ الفاظ سے سراسر انکساری کے طور پر حضرت مسیح کی خدمت میں یوں عرض کی...... اور پھر اسی پر بس نہیں کی۔ بلکہ وہ ان معزز لوگوں کو ہمیشہ دشنام دہی کے طور پر یاد کرتے رہے۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۹ تا ۱۱ حاشیہ، خزائن ج۳ ص۱۰۷،۱۰۸)

پھر لکھتے ہیں کہ: ’’مسیح کا یہ کہنا سچ ہے کہ میں نیک نہیں ہوں۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۱۲، خزائن ج۳ ص۱۰۸)

پھر لکھتے ہیں کہ: ’’حضرت مسیح کی سخت زبانی تمام نبیوں سے بڑھی ہوئی ہے اور انجیل سے ثابت ہے کہ اس سخت کلامی کی وجہ سے کئی مرتبہ یہودیوں نے حضرت مسیح کے مارنے کے لئے پتھر اٹھائے اور سردار کاہن کی بےادبی سے حضرت مسیح نے اپنے منہ پر طمانچے بھی کھائے۔‘‘

(ازالہ اوہام حصہ اوّل حاشیہ ص۱۶، خزائن ج۳ ص۱۱۰)

عاجز نے مرزاقادیانی کے ان تمام بیانات کی نسبت اپنے خط نمبر۲ میں صرف یہ لکھا ہے کہ افسوس اب غیرقومیں کیا کہیں گی۔ میری غرض ان الفاظ سے صرف اسی قدر ہے کہ جس رنگ سے مرزاقادیانی نے بیان فرمایا ہے۔ اس سے غیرقومیں فائدہ اٹھاسکتی ہیں۔ مثلاً ایک منکر قرآن کہہ سکتا ہے کہ قرآن مجید کی سخت بیانی کی نسبت مرزاقادیانی کا جو مسلمان ہیں یہ بیان ہے۔ یہودی کہہ سکتا ہے کہ ایک مسلمان کا مسیح کے معجزات اور ان کی اخلاقی حالت کی نسبت یہ بیان

ہے۔اب ناظرین غور فرماسکتے ہیں کہ اس قدر اس محل پر عاجز کا عرض کرنا بے جا ہے یا بجا اور مولوی صاحب کا اس موقع پر عاجز کی نسبت یہ غصہ اور طول کلامی درست ہے یا سراسر تحکم؟

قولہ...... ’’ایہا الناظرین ذرا ازالہ کو دیکھنا چاہئے کہ حضرت اقدس مرزا قادیانی کیا لکھتے ہیں۔ واضح ہو کہ کوئی معترض حضرت اقدس مرزا قادیانی پر یہ اعتراض کرتا ہے کہ تمہارے کلام میں سب وشتم ہے۔حضرت اقدس مرزا قادیانی اس کا جواب یہ دیتے ہیں۔‘‘

اقول...... اے جناب احسن المناظرین ذرا ہوش میں آ کر بات کرو۔دوبارہ میرے خط نمبر۲ کو ملاحظہ فرماؤ عاجز نے یہ کب لکھا ہے کہ مرزا قادیانی کسی کے جواب میں نہیں لکھتے۔میرا اعتراض تو مرزا قادیانی کی طرز ادا پر ہے۔کیا جب کوئی ہم کو کہے کہ تم گالیاں بہت بکتے ہو تو معاذ اللہ ہم کو یہ جواب دینا زیبا ہے کہ سارا قرآن شریف گالیوں سے بھرا ہوا ہے۔’’لاحول ولا قوۃ الا باللّٰہ‘‘ مجھے یاد آیا کہ دہلی میں ایک صاحب مطبع پر جو ابھی تک زندہ ہے۔جس کا نام ظاہر کرنا میں نہیں چاہتا۔لذت النساء کے چھاپنے پر مقدمہ فوجداری قائم ہوا۔فرد جرم قرارداد لگائی گئی۔بحث کے وقت اس بے حیا ملزم نے مجسٹریٹ کے روبرو آیہ حرث بیان کر کے کہا کہ قرآن میں بھی فرج اور آسنوں کا ذکر ہے۔مجسٹریٹ نے اپنے فیصلہ میں لکھا کہ سو روپے جرمانہ اصل جرم کی سزا میں،بیس روپے جرمانہ بابت اس جرم کے کہ ملزم نے ہمارے مواجہ میں قرآن شریف کی نسبت گستاخی کی۔

ناظرین! اس نصرانی مجسٹریٹ کے انصاف کو ملاحظہ فرمایئے اور قادیانی مولوی صاحب کی دلیری کو کہ کس جوش کے ساتھ آپ تحریر فرماتے ہیں کہ مرزا قادیانی پر کوئی معترض اعتراض کرتا ہے کہ تمہارے کلام میں سب وشتم ہے۔مرزا قادیانی یہ جواب دیتے ہیں کہ سارا قرآن شریف گالیوں سے پر ہے۔استغفر اللہ!خوش اعتقادی اور خوش فہمی احسن المناظرین کی کس حد تک پہنچی ہے۔اے مولوی صاحب آپ کو کیا ہوگیا۔آپ تو محی السنہ مشہور تھے۔

کمین میں ہے مؤمن وہ کافر صنم
بس اب پاسبانی دین ہو چکی

قولہ...... نمبر۴:’’یہ بھی بجواب معترض کہا گیا ہے۔‘‘

اقول...... جوابہ مرّ آنفاً۔

قولہ...... نمبر۵:’’میں آپ سے دریافت کرتا ہوں کہ جو شخص بحوالہ آیت’’انی اخلق لکم من الطین‘‘ کے یہ اعتقاد رکھے۔‘‘

اقول...... مولوی صاحب بحوالہ آیت کسی مسلمان خاص کر کسی موحد نے کسی کتاب میں یہ اعتقاد اپنایا کسی کا بیان کیا ہو تو اس کا حوالہ صحیح دیجئے۔ یہ تو آپ کی اور آپ کے مرزاقادیانی کی گھڑی ہوئی باتیں ہیں۔ کسی تاریخ ہی سے یہ ثابت کردو کہ کبھی کسی زمانہ میں موحدین کا بحوالہ اس آیت کے یہ اعتقاد تھا۔ ورنہ ان گپوں کے لگانے سے کیا حاصل۔ اصل مقصود آپ کے مرزاقادیانی کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات پر حملہ کرنا ہے۔ اب کوئی بہانہ تو ضرور چاہئے۔ لہٰذا خوئے بدرا بہانہ بسیار۔ بات گھڑلی جس کی کوئی اصل دنیا کے تمام اہل اسلام میں خاص کر موحدین کی ذات میں تو انشاءاللہ تعالیٰ آپ قیامت تک نہ ثابت کرسکیں گے جب یہ بات غلط ہے تو آپ کا اس آیت کریمہ پر اور معجزات حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر اعتراض غلط برغلط اور اس بناء پر مسلمانوں کو بحوالہ آیت مشرک اور خارج از دائرہ اسلام کہنا بھی غلط اور مولوی محمد اسماعیل شہیدؒ نے جن کو مشرک فرمایا ہے۔ ایسے تو لاکھوں ہندوستان میں تھے اور اب بھی ہیں۔ شیخ سدو کے ماننے والے تو آپ ہی کے وطن شریف میں ہزاروں موجود ہیں اور اس پر بھی میں عرض کر چکا ہوں کہ مولوی اسماعیلؒ کو میں کسی درجہ کا بھی نبی نہیں جانتا۔ ان کے کلام کو وحی بھی نہیں سمجھتا۔ چہ جائیکہ اس وحی کو دخل شیطان سے منزہ سمجھوں پھر ان کا قول مجھ پر کیونکر حجت ہوسکتا ہے۔ آپ ناحق بار باران کے حوالہ کی تکلیف فرماتے ہیں۔

ناظرین! آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ مرزاقادیانی نے خود ہی اعتراض گھڑ کے اہل اسلام پر اور آیت قرآن پر اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات پر حملہ کر دیا۔ تاکہ یہ آیت اور اس کے ماننے والے اور یہ معجزات جن کا اس آیت میں ذکر ہے۔ سب بے وقعت معلوم ہونے لگیں اور مرزاقادیانی کے مقابل کوئی شخص یہ آیت پیش نہ کر سکے۔ چنانچہ اس کا جواب کسی قدر تفصیل سے عاجز مولوی صاحب کے جواب الجواب نمبر۶ میں بیان کرتا ہے۔ یہاں اس قدر کافی ہے کہ مرزاقادیانی کا مطلب دیگر ہے۔ ’’اللهم اهدنا الصراط المستقیم‘‘

قولہ...... نمبر۶: ’’کیا مجازی طور پر اور عرفاً کسی مربی کو باپ نہیں کہہ دیا کرتے۔ یہ کیا ضرور ہے کہ باپ کے لفظ سے حقیقی باپ مراد ہو...... مرزاقادیانی نے مجازاً یوسف نجار کو عیسیٰ علیہ السلام کا باپ لکھ دیا ہے۔‘‘

اقول...... آپ اس قدر تکلیف کیوں فرماتے ہیں۔ میرے نمبر۷ کو ملاحظہ فرمالیجئے۔ جس میں آپ کے مسیح کا اظہار میں نے نقل کیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ: ’’دس بارہ برس پہلے میرا بھی یہی اعتقاد اور خیال تھا جو سب مسلمانوں کا ہے۔‘‘

بس اب جناب مولوی صاحب آپ کو مرزا قادیانی کے دوسرے اقوال نقل کرنے اور زیادہ کوشش کرنے کی ضرورت نہیں۔ یہ جواب کافی ہے جو مرزا قادیانی نے اپنے اظہار میں اپنے قلم سے لکھا ہے کہ دس بارہ برس پہلے یہی اعتقاد تھا۔ اب بدل گیا۔ اس میں کسی کو کیا زور۔ کیونکہ ازالہ مرزا قادیانی کا اب تیار ہوا ہے اور ایک یہ بھی جواب ہے کہ نیچریوں، آریوں، یہودیوں وغیرہ کے سمجھانے کو یہ بات لکھ دی ہے کہ مسیح یوسف نجار کا بیٹا ہے اور کوئی مسلمان دریافت کرے تو کہہ دیا کہ مجازی طور پر لکھا ہے۔ دوسرے مقاموں میں دیکھ لو۔ چنانچہ خواجہ یوسف صاحب وکیل علی گڑھ سے ۲۱/اکتوبر ۱۸۹۱ء کی شب کو جو زبانی گفتگو مرزا قادیانی کی ہوئی۔ اس کے سننے والے ابھی زندہ ہیں۔ لیجئے حضرت مولوی صاحب دو جواب تو میں نے بتادیئے۔ اب حضور کو عاجز کے مقابل تو جواب لکھنے کی تکلیف اٹھانی عبث ہے۔ ہاں بہت سے بھولے ناواقف ہیے کے اندھے ایسے بھی ہوں گے جو آپ کے ان ابلہ فریب باتوں پر فریفتہ ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وتوفیق سے بچائے۔

برا ہے عشق کا انجام یا رب
بچانا فتنۂ آخر زمان سے

قولہ...... ’’آگے رہی بحث معجزات کی کہ فن نجاری میں بھی کوئی معجزہ واقع ہوسکتا ہے یا نہیں۔ سو گزارش یہ ہے کہ فن نجاری کوئی معیوب فن نہیں ہے۔‘‘

اقول...... عاجز نے تو معیوب نہیں لکھا بلکہ معناً یہ لکھا ہے کہ جو اسے معیوب سمجھے اور کسی کی عزت پر یہ لفظ کہہ کر داغ لگانا چاہے کہ فلاں بڑھئی کا لڑکا ہے۔ اس کی کیا عزت تو یہ کہنے والا خارج اس عقل ودین ہے۔ خاص کر اس صورت میں کہ وہ بڑھئی کا لڑکا ہو بھی نہیں تو اس شخص نے جھوٹ بھی بولا۔ یہ تو جناب کی عبارت اردو میں اور وہ بھی ایسی موٹی بات میں خوش فہمی ہے کہ آپ یہ فرماتے ہیں کہ فن نجاری معیوب نہیں۔

ناظرین! اب میں آپ کو مرزا قادیانی کی عبارت سناتا ہوں اور مولوی احسن صاحب کو اس اللہ تعالیٰ بزرگ اور برتر کی قسم دے کر جس کے قبضۂ قدرت میں ہدایت وضلالت عزت وذلت ہے۔ یہ کہتا ہوں کہ میرے وہ الفاظ نقل کر کے بتائیں جن سے میں نے فن نجاری کے معیوب ہونے کے طرف اشارہ کیا ہو یا ان سے ضمناً یہ اشارہ پیدا ہوتا ہو۔ اگر مولوی صاحب نقل نہ کر سکے اور ضرور نقل نہیں کر سکیں گے تو آپ کو میری تمہید بالا کے یقین کرنے میں کوئی شبہ کا موقع نہ رہے گا اور اس گروہ کی عادت سے واقف ہو جاؤ گے اور میرے خط نمبر۲ میں مرزا قادیانی کے فقرہ

نمبر۶ کو اور وہاں جو کچھ میں نے اپنی رائے لکھی ہو آپ خود ملاحظہ کرلو۔ پھر مولوی صاحب کے جواب اور عاجز کے جواب الجواب کو دیکھو اور انصاف کرو۔ مصرعہ

مسلمانو ں ذرا کہنا خدا لگتی

ہاں اب میں چند اعتراض کرتا ہوں۔ مولوی صاحب ان اعتراضوں کو اٹھائیں۔

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا قول یہ نقل فرمایا ہے۔ ’’انی اخلق لکم من الطین کھئة الطیر فانفخ فیه فیکون طیراً باذن اللّٰہ (آل عمران:۴۹)‘‘ ﴿میں بنا دیتا ہوں تم کو مٹی سے صورت جانور کی۔ پھر اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ ہو جائے اڑتا جانور اللہ کے حکم سے۔﴾

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اس قول کی نسبت مرزا قادیانی کا عرفان یہ ہے۔

قولہ...... ’’ایسا معجزہ دکھانا عقل سے بعید نہیں۔ کیونکہ حال کے زمانہ میں بھی دیکھا جاتا ہے کہ اکثر صناع ایسی ایسی چڑیاں بنا لیتے ہیں کہ وہ بولتی بھی ہیں اور ہلتی بھی ہیں اور دم بھی ہلاتی ہیں اور میں نے سنا ہے کہ بعض چڑیاں کل کے ذریعہ سے پرواز بھی کرتی ہیں۔ بمبئی اور کلکتہ میں ایسے کھلونے بہت بنتے ہیں اور یورپ اور امریکہ کے ملکوں میں کثرت سے ہیں اور ہر سال نئے نئے نکلتے آتے ہیں...... ماسوائے اس کے یہ بھی قرین قیاس ہے کہ ایسے ایسے اعجاز طریق عمل الترب یعنی مسمریزمی طریق سے بطور لہو ولعب نہ بطور حقیقت ظہور میں آسکیں۔‘‘

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۳۰۴،۳۰۵، خزائن ج۳ ص۲۵۵،۲۵۶ حاشیہ)

(اب لہو ولعب کل معجزوں کی نسبت فرما دیا)

ناظرین! آپ نے سمجھا کہ اس تقریر سے مرزا قادیانی کا مقصد صرف یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات جس کا وہ دعویٰ فرماتے ہیں۔ ایسی وقعت کے قابل نہیں کہ مرزا قادیانی اس طرف توجہ فرمائیں۔ کیونکہ اس لہو ولعب سے مرزا قادیانی کا کیا تعلق۔ مرزا قادیانی کی شان تو اس سے بالا و اعلیٰ ہے۔ اسی محل پر واسطے بے وقعت دکھانے ان معجزات کے ایک یہ تقریر بھی مرزا قادیانی فرماتے ہیں۔ ’’تاریخ سے ثابت ہے کہ ان دنوں میں ایسے امور کی طرف لوگوں کے خیالات جھکے ہوئے تھے کہ جو شعبدہ بازی کی قسم میں سے اور دراصل بے سود اور عوام کو فریفتہ کرنے والے تھے۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۳۰۲، خزائن ج۳ ص۲۵۴ حاشیہ)

اور اسی موقع پر مرزا قادیانی نے بھی تقریر اپنی غرض کے ثبوت میں گھڑ دی۔

’’حضرت مسیح بن مریم اپنے باپ یوسف کے ساتھ بائیس برس کی مدت تک نجاری کا کام بھی کرتے رہے ہیں اور ظاہر ہے کہ بڑھئی کا کام درحقیقت ایک ایسا کام ہے کہ جس میں کلون کے ایجاد کرنے اور طرح طرح کی صنعتوں کے بنانے میں عقل تیز ہوجاتی ہے۔‘‘

(ازالہ اوہام ص۳۰۳، خزائن ج۳ ص۱۵۴،۱۵۵ حاشیہ)

حاصل ان تمام تقریروں کا مرزا قادیانی نے یہ نکالا ہے۔

’’بہرحال مسیح کی یہ تربی کارروائیاں زمانہ کے مناسب حال بطور خاص مصلحت کے تھیں مگر یاد رکھنا چاہئے کہ یہ عمل ایسا قدر کے لائق نہیں ہے۔ جیسا کہ عوام الناس خیال کرتے ہیں۔ اگر یہ عاجز اس عمل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو خدا تعالیٰ کے فضل وتوفیق سے امید قوی رکھتا ہوں کہ ان عجوبہ نمائیوں میں حضرت ابن مریم سے کم نہ رہتا۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۳۰۹، خزائن ج۳ ص۲۵۸)

ناظرین! اب تو آپ کو راز دلی اور مقصد اصلی مرزا قادیانی کا معلوم ہوگیا۔ لو حضرت مولوی صاحب جب تو کوئی اعتراض میں نے نہیں کیا تھا۔ اب جناب کے دل بہلانے کے لئے کچھ اعتراض کرتا ہوں اور اب کے جواب الجواب میں ان شاءاللہ تعالیٰ پوری تفصیل کردوں گا۔

اعتراض اوّل...... مسیح علیہ السلام کو یوسف نجار کا بیٹا کہنا جھوٹ ہے اور خلاف کتاب وسنت ہے۔ خواہ کسی نیت سے کہے حضرت ﷺ نے فرمایا کہ تم اپنی کنیت ابوعیسیٰ مت رکھو۔ جب حضرت ﷺ اس قدر کو بھی منع کریں تو مرزا قادیانی کا مجازاً یہ کہنا اور آپ کا حمایت کرنا سب مردود ہے۔

اعتراض دوم...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بڑھئی کہنا خلاف کتاب وسنت ہے۔ اگر سچے ہو تو کتاب وسنت سے ثابت کردو۔ ورنہ خدا سے شرماؤ۔

اعتراض سوم...... بڑھئی کا کام کاٹ اور لوہے سے متعلق ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میں مٹی کی چڑیا اڑتی ہوئی بناتا ہوں۔ اگر کمہار کے کام سے زیادہ مشابہت کے سبب سے یہ الزام حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر مرزا قادیانی لگاتے ہیں تو زیادہ بیوقوفی نہ ظاہر ہوتی۔ کجا نجاری اور کجا مٹی کا کام، قادیان یا امروہے۔ میں ایسے بڑھئی ہوں گے جو کمہار کا کام بھی جانتے ہوں اصل بات یہ ہے کہ دروغ گورا حافظہ نباشد۔

اعتراض چہارم...... کسی تاریخ سے یہ بات ثابت نہیں ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بعثت کے وقت شعبدہ بازی اور صنعتوں کا زور تھا۔ اگر سچے ہو تو اس تاریخ کا حوالہ مع سنہ طبع وصفحہ وسطر بتلا دو ورنہ افتراء سے توبہ کرو۔

اعتراض پنجم...... مرزا قادیانی کا یہ قول واعتقاد کہ کل کے ذریعہ سے یا صنعت وحرفت کے طور پر

یا شعبدہ اور نیرنجات کے ذریعہ بطور لہو ولعب حضرت عیسیٰ علیہ السلام یہ معجزات دکھاتے تھے۔ بالکل غلط اور مخالف کتاب اللہ ہے۔ تمہارے مرزا قادیانی کی اس ساری تقریر کا اللہ تعالیٰ رد فرماتا ہے کہ مرزا غلط کہتا ہے۔ مسیح کے معجزات میں جس قدر صورتیں مرزا قادیانی نے بیان کی ہیں وہ سب غلط ہیں۔ عیسیٰ نہ صنعت وحرفت جانتا تھا نہ شعبدہ باز تھا اور نہ نیرنجات کے طور پر نہ مسمریزمی طریق پر بطور لہو ولعب یہ کام کرتا تھا۔ بلکہ بات اصل یہ ہے کہ جو کچھ وہ کرتا تھا ہمارے فضل اور ہماری قوت سے کرتا تھا اور وہ کیا کرتا تھا اور کیا کر سکتا تھا۔ جو کچھ کرتے تھے ہم کرتے تھے۔ عیسیٰ ہمارا ایک خاص بندہ تھا۔ جسکو ہم نے سرفراز کیا اور اپنے خزانہ سے یہ نعمت عنایت کی جو کوئی اس کے کچھ خلاف کہتا ہے وہ ہمارا مخالف ہے اور جھوٹا ہے۔ ’’اذ قال اللّٰہ یعیسیٰ ابن مریم اذکر نعمتی علیک وعلیٰ والدتک اذا یدتک بروح القدس تکلم الناس فی المھد وکھلا واذ علمتک الکتٰب والحکمۃ والتورٰۃ والانجیل واذ تخلق من الطین کھیئۃ الطیر باذنی فتنفخ فیھا فتکون طیراً باذنی وتبری الاکمہ والابرص باذنی واذ تخرج الموتیٰ باذنی واذ کففت بنی اسرائیل عنک اذ جئتھم بالبینٰت فقال الذین کفروا منھم ان ھذا الا سحر مبین‘‘

جب کہے گا اللہ، اے عیسیٰ مریم کے بیٹے یاد کر میرا احسان اپنے اوپر اور اپنی ماں پر جب مدد کی میں نے تجھ کو روح پاک سے، تو کلام کرتا لوگوں سے گود میں اور بڑی عمر میں اور جب سکھائی میں نے تجھ کو کتاب اور پکی باتیں اور توریت اور انجیل اور جب تو بناتا مٹی سے جانور کی صورت میرے حکم سے پھر دم مارتا تو اس میں تو ہو جاتا جانور میرے حکم سے اور چنگا کرتا ماں کے پیٹ کے اندھے اور کوڑھی کو میرے حکم سے اور جب تو نکال کھڑے کرتا مردے میرے حکم سے اور جب روکا میں نے بنی اسرائیل کو تجھ سے (یعنی قتل کرنے نہ دیا) جب تو ان کے پاس نشانیاں لایا تو جو ان میں کافر تھے کہنے لگے کہ اور کچھ نہیں یہ تو جادو ہے صریح۔

اعتراض ششم...... اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ کافر لوگ کہتے ہیں کہ ماسوا اس کے کوئی بات نہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات سحر ہیں۔ ذرا اچھی طرح پھر سن لو۔ ’’فقال الذین کفروا منھم ان ھذا الا سحر مبین ‘‘ اور مرزا قادیانی کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کی نسبت ایک یہ بھی رائے ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ: ’’ماسوا اس کے یہ بھی قرین قیاس ہے کہ ایسے ایسے اعجاز طریق عمل الترب یعنی مسمریزمی طریق سے بطور لہو ولعب نہ بطور حقیقت ظہور میں آ سکیں۔‘‘ (ازالہ اوہام ص۳۰۵، خزائن ج۳ ص۲۵۶)

اب کان کھول کر سنئے کہ مسمریزم سحر کو کہتے ہیں۔ دیکھو طلسمات فرنگ وتاثیر الانظار وتاثیر القلوب کتب علم مسمریزم سب متفق ہیں کہ مسمریزم سحر ہے اوراس کے آلہ کا نام کرسٹل جادو ہے اوراس کی بہت اقسام ہیں اور بہت طریقے ہیں۔ اب کے جواب الجواب میں انشاءاللہ تعالیٰ تفصیل کروں گا۔ جناب احسن المناظرین صاحب مرزا قادیانی کی حمایت میں ہتھیار باندھئے اوراللہ ورسول سے لڑائی کی تیاری کیجئے۔ اب فقط باتوں سے مرزا قادیانی کی حمایت نہ ہوسکے گی۔

قولہ...... نمبر۷:''مولوی صاحب گستاخی معاف آپ کو حقیقت خوارق عادات کی معلوم ہی نہیں کہ کیا چیز ہیں۔''

اقول...... مولوی صاحب معلوم کہاں سے ہوں نہ دہلی میں کوئی نبی بنا نہ کسی پر وحی آئی۔ ہاں اہل سنت کے علماء نے جو عقائد کی کتابیں لکھی ہیں شاید چھوٹی بڑی ۲۳عاجز کی نظر سے گزری ہیں۔ ان میں جو کچھ لکھا تھا دیکھ لیا اور چھوٹی بڑی کوئی چالیس تفسیریں بھی عاجز کے پاس ہیں۔ ان میں بھی جہاں کہیں جس موقع پر جس تفسیر میں یہ بحث آگئی دیکھ لی۔ تفسیر کبیر میں تحت آیہ''یعلمون الناس السحر''جو کچھ امام فخرالدین رازی نے خوارق عادات کا حال لکھا ہے یا اسی موقع پر فتح العزیز میں مولانا شاہ عبدالعزیزؒ نے لکھا ہے یا جو مدارک میں''للسحر حقیقة عند اهل السنة کثرهم الله تعالیٰ''الیٰ آخرہ لکھا ہے۔ دیکھ لیا ان کے سوا سر مکتوم اور حیل وکوک وغیرہ بھی دیکھیں ہیں۔ مگر مرزا قادیانی کی طرح نہ مجھکو الہام ہوا نہ ایسا کشف ہوا۔ پھر حقیقت معلوم ہو تو کیونکر۔

تو نہ جانے عشق بازی اور ہم نادان ہوں
بے سمجھ کہتا ہے ناصح تو نے کیا جانا ہمیں

قولہ...... ''تمام اکمل اولیاء اور صلحاء کے نزدیک خوارق عادات سواء کشوف اسرار شرعیہ والہامات عینیہ ومکالمات الٰہیہ کی بڑی نفرت کی چیز ہیں۔''

اقول...... تصوف میں نفحات، رشحات، انہار اربعہ، فتوح الغیب، کشف المحجوب، مراۃ الاسرار، در منظوم علم الکتاب، سرچشمۂ رحمت، سلسلۃ الذہب، فصوص، نصوص اور اکثر بزرگوں کے ملفوظات ومکتوبات وغیرہ۔ عاجز کی نظر سے گزری ہیں۔ مگر واقعی بات یہ ہے کہ مرزا قادیانی کا الہام نرالی چیز ہے۔ افسوس کہ جناب نے بھی بہت ہی ساز ور مارا۔ مگر کوئی عبارت ایسی پیش نہ کی جس سے مرزا قادیانی کے مضمون کی کچھ تائید ہوتی اور جو عبارت مجالس الابرار کی آپ نے لکھی ہے وہ نہ آپ کے لئے مفید اور نہ عاجز کے لئے مضر اور منصب امامت کی عبارت تو سراسر عاجز کے لئے مفید ہے۔ نہیں معلوم اس کی عبارت سے دو صفحے آپ نے کیوں بھر دیئے۔ حضرت آپ جواب

الجواب نمبر ۶ کو آپ دوبارہ ملاحظہ فرمائیں۔ مرزا قادیانی پر جو اعتراض ہیں ان کو اٹھائیں۔ یہ ساری تقریر تو آپ کے لئے مفید اور عاجز کے لئے مضر اس وقت ہوتی اگر عاجز یہ کہتا کہ نبی کے لئے معجزہ اور ولی کے لئے کرامت لازمی اور ضروری چیز ہے۔ میں نے تو یہ عرض کیا ہے اور کرتا ہوں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کو شعبدہ کہنا یا یہ کہنا کہ وہ آلات وادوات کے ذریعہ سے ایسے معجزے دکھاتے تھے جو خرق عادت نہ تھے اور یہ کہنا کہ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے یہ معجزات مکروہ اور قابل نفرت نہ ہوتے تو یہ عاجز ان اعجوبہ نمائیوں میں ابن مریم سے کم نہ رہتا قابل اعتراض ہے۔ آپ اکمل اولیاء یا صلحاء کے اقوال میں سے ایک قول بھی ایسا نقل کر دیتے جیسا مرزا قادیانی کا ارشاد ہے تو البتہ قابل التفات ہوتا۔ منصب امامت کی عبارت جو آپ نے نقل فرمائی ہے۔ اس کا مطلب تو صاف یہ ہے کہ افعال باستعانت ادوات وآلات ہوں۔ وہ خرق عادت میں داخل نہیں ہوسکتے اور یہ ظاہر ہے کہ جو افعال انبیاء علیہم السلام یا اولیاء رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے صادر ہوتے ہیں۔ اسی قسم کے بلکہ اس سے بھی اقوی واکمل ارباب سحر واصحاب طلسم سے بھی ممکن الوقوع ہیں۔ مگر ظہور ان کا مقبولین سے از قبیل خرق عادت ہے۔ اس لئے کہ ظہور ان کا بغیر ادوات وآلات محض بقدرت الٰہی بنا بر تصدیق مقبولان بارگاہی ہوتا ہے اور ارباب سحر واصحاب طلسم کے وہ افعال بذریعہ ادوات وآلات ہوتے ہیں اور مرزا قادیانی کا یہی بیان ہے کہ وہ نجاری کرتے تھے۔ اس لئے بقوت نجاری یا کسی کل کے ذریعہ سے چڑیاں بنادی ہوں گی یا بطریق شعبدہ مسمریزم کی قوت سے ایسا کیا ہوگا تو اس عبارت سے آپ نے پورا پورا مرزا قادیانی کو ملزم ٹھہرادیا اور میرے اعتراضوں کی تائید کر دی۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس عبارت کو بخیال ملاحظہ ناظرین میں بھی نقل کئے دیتا ہوں۔ وھو ھذا!

اما خرق عادت پس بیانش آنکہ حق جل وعلی بقدرت کاملہ خود بنا بر تصدیق انبیاء علیہم السلام چیزے اظہار می فرماید کہ صدور آن چیز بہ نسبت ایشان ممتنع می نماید اگرچہ بہ نسبت دیگر کس ممتنع نباشد تفصیلش آنکہ وجود بعضے اشیاء بحسب عادت اللہ موقوف می باشد بر فراہم آمدن اسباب وادوات آن چیز پس کسے کہ ادوات وآلاتش حاصل میدارد صدور چیز مذکور از خرق عادت نیست وکسی کہ ادوات مذکورہ حاصل نمی دارد البتہ صدور آن از واز قبیل خرق عادت ست مثلاً نوشتن بہ نسبت نویسندہ خرق عادت نیست وبہ نسبت امی خرق عادت ست وکشتن بصلاح خرق عادت نیست وبمجرد ہمت ودعا خرق عادت است پس ازیں بیان واضح گشت کہ ایں معنی لازم نیست کہ ہر خرق عادت خارج از مطلق طاقت بشری باشد بلکہ ہمیں قدر لازم ست کہ بہ نسبت صاحب خارقہ صدور

آن خلاف عادت باشد بجہت فقدان ادوات وآلات پس بیسار چیز است کہ ظہور آن از مقبولین حق از قبیل خرق عادت شمردہ می شود حالانکہ امثال ہمان افعال بلکہ اقوی واکمل ازان از ارباب سحر واصحاب طلسم ممکن الوقوع باشد پس وقتی کہ بر حاضران واقعہ اینقدر ثابت باشد کہ صاحب خارق مہارت درفن سحر وطلسم نمی دارد۔ پس لابد صدور خارقہ مذکورہ علامت صدق اوتواند بود ولہذا نزول مائدہ از معجزات حضرت مسیح شمردہ می شود بخلاف انچہ اہل سحر بسیاری از اشیاء نفیسہ از جنس میوہ وشیرینی باستعانت شیاطین حاضر می آرند ودر دوستان وہمنشینان خود افتخار می نماید چون معنی خرق عادت واضح گشت لابدرین مقام تأمل باید نمود کہ خرق عادت چرا ظاہر می گردد وچگونہ۔

ظاہر می گرددا اما اوّل پس باید دانست کہ ظہور خوارق بالذات از اسباب ہدایت نیست گو کہ درحق بعضے سعداء اتفاقاً سبب ہدایت گردد بلکہ ظہور آن بالذات برائے اتمام حجت واسکات مخالفین والزام مجادلین وتادیب گستاخان شوخ چشم وتخویف معاندان پرخشم است ’’وما نرسل بالایات الا تخویفاً‘‘ چہ پر ظاہر ست کہ ہدایت عبارت اس از نوری کہ از رحمت الٰہیہ درقلب سعید ازلی باران صفت میریزو کہ اوابر محبت محبوب حقیقی واطاعت معبود تحقیقی می انگیز وحتیٰ کہ درمحبت او جان ومال می بازد دراطاعت او مثل بادپا می تازودواین معنی از مشاہدہ ظہور خوارق کمتر حاصل می شود چہ شخصے کہ درمناظرہ ومجادلہ ملزم ولاجواب می شود دردل او محبت واخلاص کمتر حادث می شود آری حیران وسرگردان ودست وپا گم کردہ ساکت می شود۔ پس ازیں بیان واضح شد کہ ظہور خوارق گاہ گاہ کافی ست وصدور آن ہر بار از لوازم ہدایت نیست ونیز واضح گشت کہ اگر از شخصے خوارق ظہور نمود کسی را از حاضران معنی ہدایت حاصل نگردید ایں باعث نقصان منصب او نمی تواند شد واما آنکہ چگونہ حادث می شود پس بیانش آنکہ حق جل وعلی بقدرت کاملہ خود در عالم تکوین تصرفی عجیب وغریب بنابر تصدیق مقبولی از مقبولان خود می نماید نہ آنکہ قدرت صدور خرق عادت در وایجاد می فرماید واو را با ظہار آن ماموری نماید حاشا وکلا قدرت تصرف در عالم تکوین از خواص قدرت ربانی است نہ از آثار قوت انسانی۔

قولہ...... ’’اور عمل الترب یا ترابی کاروائی کا ترجمہ جو جناب نے بین السطور میں شعبدہ لکھا ہے۔ یہ ایک محض افتراء بحث اور اتہام ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ یا تو حضرت اقدس مرزا قادیانی کے کلام میں کسی جگہ یہ ثابت کریں۔ ورنہ ایسے افتراؤں سے کیا ہوتا ہے۔‘‘

اقول...... جناب مولوی صاحب یوں لکھنا چاہئے تھا کہ اگر ثابت نہ کیا تو تم پر افتراء واتہام کا الزام عائد ہوگا۔ نہ یہ کہ بے تحقیق پہلے ہی سے ملزم ٹھہرا دیا۔ ہاں حضرت میں بھولا، تحقیق کرنا تو

جناب کے قاعدہ کے خلاف ہے۔ لیجئے مرزا قادیانی کے کلام سے ثبوت لیجئے۔ آپ تو ایسے بھولے بن جاتے ہو کہ گویا مرزا قادیانی کا کلام دیکھا ہی نہیں۔ خیر ملاحظہ فرمائیے۔ مرزا قادیانی کا قول ''اب جاننا چاہئے کہ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضرت مسیح کا معجزہ حضرت سلیمان کے معجزہ کی طرح صرف عقلی تھا۔ تاریخ سے ثابت ہے کہ ان دنوں میں ایسے امور کی طرف لوگوں کے خیالات جھکے ہوئے تھے کہ جو شعبدہ بازی کی قسم میں سے اور دراصل بے سود اور عوام کو فریفتہ کرنے والے تھے۔ وہ لوگ جو فرعون کے وقت میں مصر میں ایسے ایسے کام کرتے تھے۔ جو سانپ بنا کر دکھلا دیتے تھے اور کئی قسم کے جانور تیار کر کے ان کو زندہ جانوروں کی طرح چلا دیتے تھے۔ وہ حضرت مسیح کے وقت میں عام طور پر یہودیوں کے ملکوں میں پھیل گئے تھے اور یہودیوں نے ان کے بہت سے ساحرانہ کام سیکھ لئے تھے...... سو کچھ تعجب کی جگہ نہیں کہ خدائے تعالیٰ نے حضرت مسیح کو عقلی طور سے ایسے طریق پر اطلاع دے دی ہو جو ایک مٹی کا کھلونا کسی کل کے دبانے یا کسی پھونک مارنے سے کسی طور پر ایسا پرواز کرتا ہو۔ جیسے پرندہ پرواز کرتا ہے۔ یا اگر پرواز نہیں تو پیروں سے چلتا ہو۔ کیونکہ مسیح ابن مریم اپنے باپ یوسف کے ساتھ بائیس برس کی مدت تک نجاری کا کام بھی کرتے رہے ہیں اور ظاہر ہے کہ بڑھئی کا کام درحقیقت ایک ایسا کام ہے۔ جس میں کلوں کے ایجاد کرنے اور طرح طرح کی صنعتوں کے بنانے میں عقل تیز ہو جاتی ہے۔''

(ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۳۰۲،۳۰۳، خزائن ج۳ ص۲۵۴،۲۵۵ حاشیہ)

مولوی صاحب ذرا ان الفاظ کو عینک لگا کر دیکھئے گا۔ (کہ جو شعبدہ بازی کی قسم میں سے اور دراصل بے سود اور عوام کو فریفتہ کرنے والے تھے) اور پھر اس کی تصریح کو بھی غور فرمائیے گا۔ (حضرت مسیح کو عقلی طور سے ایسے طریق پر اطلاع دے دی ہو۔ جو ایک مٹی کا کھلونا کسی کل کے دبانے)

اب ذرا ازالہ کو خوب اوپر نیچے سے اچھی طرح دیکھ کر آپ ہی فرما دیجئے کہ اس سے زیادہ ثبوت کی ضرورت ہے؟

قولہ...... ''اگر آپ نے ترب بالکسر پڑھا ہے تو اس کے معنی بھی ہرگز شعبدہ کے نہیں ہیں۔ لغت میں تو اس کے معنی ہمزاد و ہم عمر کے ہیں...... اگر عمل الترب بالضم آپ نے پڑھا ہے تو اندریں صورت سب نزاع فیصل ہوگیا۔''

اقول...... مولوی صاحب واقعی آپ ایسے ہی بھولے ہو۔ جیسے باتیں کر رہے ہو یا اس ناچیز کو بے حقیقت سمجھ کر یہ بھلاوا دیتے ہو یا ظرافت کرتے ہو۔ حضرت ازالہ اوہام آپ کے پاس ہے

مرزا قادیانی نے اس پر موٹے موٹے اعراب لگا دیے ہیں اور اس کے معنی بھی وہیں بتا دیئے ہیں۔ اندریں صورت ان باتوں کی کیا ضرورت ہے۔ (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۳۰۵، خزائن ج۳ ص۲۵۶ حاشیہ) پھر ملاحظہ فرمالیجئے۔

قولہ...... ''عوام الناس بلکہ بعض خواص اہل اسلام کے دلوں میں یہ اعتقاد راسخ ہے کہ حضرت مسیح کے معجزات حضرت خاتم النبیین افضل المرسلین ﷺ کے معجزات سے بڑھے ہوئے ہیں۔''

اقول...... ''ھذا بھتان عظیم'' اگر آپ سچے ہو تو بتاؤ کس نے لکھا ہے اور کہاں لکھا ہے اور اس کتاب کا نام کیا ہے۔ بتاؤ ورنہ خدا سے ڈرو۔

قولہ...... ''اور نصاریٰ تو انہیں معجزات کے سبب حضرت مسیح کو صفات الوہیت میں شریک کرتے ہیں اور اس معنی کی رو سے ابن اللہ کہتے ہیں۔''

اقول...... یہ بھی غلط اور اگر نصاریٰ کا ایسا غلط خیال ہو بھی تو کیا اس کا یہ جواب ہے کہ حضرت عیسیٰ کے ان معجزات کی نفی کر دی جائے۔

قولہ...... ''اور تیسرا فرقہ نیچریہ اور آریہ سماج وغیرہ معجزات انبیاء علیہم السلام سے محض منکر ہے۔''

اقول...... تو ان کے انکار کی وجہ سے معجزات کو ایسا بیان کرے کہ ان کا اعجاز جاتا رہے تو سمجھانے کی خوبی کیا ہوئی۔

قولہ...... ''اگر حقیقت معجزات کو ایسا کشف فرمادیا جو سب کے گلے اتر جائے اور کوئی منکر بھی انکار نہ کر سکے تو کیا مظنۂ طعن ہے۔''

اقول...... مرزا قادیانی نے حقیقت معجزات کو ان کے گلے کیا اتارا بلکہ ان کا انکار مرزا قادیانی کے گلے اتر گیا۔

قولہ...... ''اوّل آپ تقویۃ الایمان وغیرہ کا رد فرمالیجئے۔''

اقول...... کیوں حضرت یہ کیا سوجھی تقویۃ الایمان نے کیا قصور کیا ہے۔ پہلے آپ اس کے اقوال کو خلاف کتاب وسنت ثابت کر دیجئے۔ پھر رد کرنے کی درخواست کیجئے گا۔

قولہ...... نمبر۸۔

اقول...... اس نمبر کے جواب میں چونکہ عاجز کو کچھ بحث متعلق با حادیث شریف کرنی ہے۔ لہٰذا یہاں سے مولوی صاحب اس بحث کو گورکھا پھیکا سمجھیں یا اپنے مذاق کے خلاف اور متوجہ ہوں یا نہ ہوں۔ مگر میں بخیال ادب آپ کے مذاق کے موافق عبارت لکھنے سے معذور ہوں معاف کیا جائے۔

قولہ...... ’’احادیث متفق علیہ سے اعلام حصص سابقہ میں ہم ثابت کر چکے ہیں کہ مسیح ابن مریم جو آنے والا ہے وہ اس امت میں سے ایک امام ہوگا۔‘‘

اقول...... پہلے اس سے کہ آپ کا جواب لکھا جائے۔ توضیح مطلوب کے لئے عاجز آپ کی نظر مباحثہ دہلی کے ص ۱۶۹ کی عبارت نقل کرتا ہے۔ وهو هذا!

’’پس ثابت ہوا کہ مخبر صادق نے یہ خبر ہی نہیں دی کہ مسیح ابن مریم جو اس امت میں آنے والا ہے۔ وہی عیسیٰ بن مریم بنی اسرائیلی آوے گا۔ جو نبی ورسول بنی اسرائیل کا تھا۔ بلکہ یہ خبر دی ہے۔ وہ مسیح آنے والا اتم میں سے ایک ایسا اور ایسا امام ہوگا اور اس کی امامت کتاب اللہ کے معارف واسرار اور سنت رسول اللہ ﷺ کے بیان دقائق وحقائق میں ہوگی۔ جیسا کہ صحیح مسلم میں اس کی بحث واقع ہو چکی۔‘‘

بعد اس کے یہ عاجز عرض کرتا ہے کہ آپ کی اس تقریر میں نظر ہے۔ بچند وجوہ۔

اوّل...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو بنی اسرائیل پر نبی ہوئے تھے۔ دوبارہ بھی وہی آئیں گے۔ آپ کا انکار اگرچہ بموجب الہام مرزا قادیانی کے ہو۔ خلاف ہے قرآن مجید کے اور آپ کا خیال اور مرزا قادیانی کا یہ الہام کہ ان کے باپ یوسف تھے کتاب اللہ کے مقابل دونوں مردود ہیں۔

دوم...... جب آپ نے خود اقرار کر لیا کہ: ’’مسیح ابن مریم جو آنے والا ہے۔‘‘ تو اب آپ ہی انصاف کیجئے کہ غلام احمد ابن مریم نہیں ہو سکتا۔

سوم...... یہ کہ یہ دعویٰ آپ کا حصص سابقہ اعلام سے ہرگز پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچا۔ چنانچہ معاینہ جواب حصص سابقہ سے آپ خود معلوم کر لیں گے جو عنقریب شائع ہونے والا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فانتظره!

چہارم...... یہ کہ بعد فرض تسلیم اس امر کے کہ آنے والا مسیح اس امت میں سے ایک امام آپ ثابت بھی کریں تو بھی یہ کہاں سے ثابت کر سکتے ہو کہ وہ مثیل عیسیٰ بن مریم ہوگا۔ نہ خود عیسیٰ بن مریم۔ ہو سکتا ہے کہ عیسیٰ بن مریم ہو۔ بلکہ یہی متعین ہے کہ خود ابن مریم ہوں گے۔ ’’کما سیظهر عنقریب‘‘

اب رہا آپ لوگوں کا یہ کہنا کہ ان کا امام اور امتی ہونا ان کی شان نبوت کا مٹانا ہے۔ جیسا کہ القول الفصیح وازالہ اوہام میں ہے۔ تو یہ اعتراض آپ کا قرآن وحدیث سے بے خبری پر محمول ہے۔ اگر آپ قرآن مجید واحادیث شریف کی طرف توجہ کریں تو ہرگز ایسی بے معنی اور بے تکی نہ ہانکا کریں۔ ہرگز ہرگز شان نبوت میں امام اور امتی ہونے سے فرق نہیں آسکتا نہ کہ منافی

ہونا شان نبوت کے، یہ تو آپ لوگوں کا سراسر جہل یا تجاہل ہے۔ امامت کا شان نبوت کے منافی نہ ہونا تو اس لئے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ابراہیم خلیل اللہ کو علیہ الصلوٰۃ والسلام ’’انی جاعلك للناس اماماً‘‘ میں بناؤں گا تجھ کو سب لوگوں کا امام۔

اور امتی ہونا شان نبوت کے اس لئے منافی نہیں ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورۂ آل عمران میں: ’’واذ اخذ الله میثاق النبیین لما اتیتکم من کتاب وحکمة ثم جاء کم رسول مصدق لما معکم لتؤمنن به ولتنصرنه قال أاقررتم واخذتم علیٰ ذلکم اصری قالوا اقررنا قال فاشهدوا وانا معکم من الشاهدین فمن تولیٰ بعد ذلك فاؤلئکهم الفاسقون‘‘ اور جب لیا اللہ نے اقرار نبیوں کا کہ جو کچھ میں نے تم کو دیا کتاب اور علم پھر آئے تمہارے پاس کوئی رسول کہ سچ بتادے۔ تمہارے پاس والے کو تو اس پر ایمان لاؤ گے اور اس کی مدد کرو گے۔ فرمایا کہ تم نے اقرار کیا اور اس شرط پر لیا میرا ذمہ بولے ہم نے اقرار کیا تو فرمایا تو اب شاہد رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ شاہد ہوں۔ پھر جو کوئی پھر جائے اس کے بعد تو وہی لوگ ہیں بے حکم۔

آپ نے بھی نظر مباحثہ دہلی میں ص۱۲۰ میں لکھا ہے۔ آنحضرتﷺ کا تو وہ مرتبہ ہے کہ تمام انبیاء کو بتاکید تمام حکم ہوا ہے اور ان سے اقرار و میثاق لیا گیا ہے کہ وہ سب حضرتﷺ پر ایمان لاویں اور اس کے ثبوت میں یہی آیت آپ نے لکھی ہے۔ ’’وعن جابرؓ عن النبیﷺ ولوکان موسی حیا ما وسعه الا اتباعی رواه احمد والبیهقی فی شعب الایمان‘‘ جابرؓ سے روایت ہے کہ پیغمبر خداﷺ نے فرمایا۔ اگر موسیٰ علیہ السلام میرے وقت میں زندہ ہوتے تو ان کو بھی میری اتباع کے سوا چارہ نہ ہوتا۔

’’وعن جابرؓ عن النبیﷺ ولوکان وادرك نبوتی لاتبعنی رواه الدارمی‘‘ اگر موسیٰ علیہ السلام میری نبوت کا زمانہ پاتے تو میری اتباع کرتے۔

اور جب نص قرآنی سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بحکم الٰہی اتباع حضرت خضرؑ کہ وہ نبی نہ تھے کرنا ثابت ہے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام اگر خاتم النبیین کا اتباع کریں اور ان کے امتی ہو جاویں تو کیا محل استعجاب ہے بالجملہ بعد تسلیم اس تقریر کے جو آپ نے حصص اعلام الناس میں حدیث ’’وامامکم منکم‘‘ کے متعلق لکھی ہے۔ ثبوت اس امر کا مسلم ہے کہ مسیح موعود اس امت میں سے ایک امام ہوگا۔ مگر نہ یہ ہمارے لئے مضر ہے اور نہ مرزاقادیانی کے لئے مفید اور جو امر مرزاقادیانی کے لئے مفید اور ہمارے لئے مضر ہے۔ یعنی مسیح موعود کا نبی بنی اسرائیل نہ ہونا اور

صرف اس امت میں سے ایک امام ہونا وہ تقریر مذکور سے ثابت نہیں ہوتا ہے۔
پنجم...... وہ حدیث جس سے آپ اپنے زعم میں یہ ثابت کرتے ہیں کہ مسیح بن مریم جو آنے والا ہے۔ وہ اس امت میں سے ایک امام ہوگا۔ وہ صرف ایک حدیث ہے۔ یعنی ''حدیث الزہری عن نافع مولیٰ ابی قتادۃ عن ابی ہریرۃ'' جس میں لفظ ''وامامکم منکم'' یا ''فامکم منکم'' وارد ہے۔ پس ایراد لفظ احادیث متفق علیہ کہ لفظ جمع ہے کوئی وجہ صحت نہیں رکھتا ہے۔ اگر کہا جائے کہ چونکہ یہ حدیث تین طرق سے مروی ہے۔ ایک وہ جس میں یونس زہری سے دوسرا وہ طریق جس میں ابن اخی الزہری زہری سے روایت کرتا ہے۔ تیسرا وہ طریق جس میں ابن ابی ذئب زہری سے روایت کرتا ہے۔ چنانچہ یہ سب طرق صحیح مسلم میں مذکور ہیں۔ پس باعتبار تعدد طرق کے اس حدیث پر اطلاق لفظ جمع درست ہوا تو جواب اس کا بسہ وجوہ ہے۔
اوّل...... یہ کہ حدیث بدلتی ہے صحابی کے یا اصل مضمون کے بدلنے سے اور یہاں صحابی اور اصل مضمون ایک ہے۔
دوم...... اس تاویل پر متفق علیہ کہنا صحیح نہیں ہوتا ہے۔ کیونکہ متفق علیہ صرف طریق یونس ہے نہ طریق ابن اخی الزہری اور نہ طریق ابن ابی ذئب یہ دونوں طریق تو صرف صحیح مسلم میں ہیں۔ نہ صحیح بخاری میں۔
سوم...... دوسرے طریق میں لفظ ''منکم'' نہیں ہے۔ اس لئے وہ آپ کے لئے کچھ مفید نہیں ہے۔
اگر کہا جاوے کہ ایک حدیث اور ہے جس میں لفظ ''اماماً'' آیا ہے۔ یعنی ''حدیث الزہری عن ابن المسیب انہ سمع اباھریرۃ یقول قال رسول اللہ ﷺ والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم'' ابن عینیہ کی روایت میں اس حدیث میں لفظ ''اماما مقسطاً وحکماً عدلاً'' آیا ہے کمافی صحیح مسلم تو جواب یہ ہے کہ اوّل تو روایت ابن عینیہ متفق علیہ نہیں ہے۔ دوم لفظ منکم یہاں نہیں ہے۔ جس سے آپ کا مدعا حاصل ہو۔
قولہ...... ''اوّل تو یہ احتمال کسی ترکیب نحوی سے درست نہیں ہوسکتا۔''
اقول...... آپ نے وجہ عدم صحت ترکیب نحوی کی ارشاد نہیں فرمائی۔ اس کو ارشاد کیجئے۔ تاکہ اس میں نظر کی جاوے۔ اس وقت جو اس عاجز کے ذہن میں وجہ آتی ہے۔ وہ یہ ہے کہ آپ یہ سمجھے ہیں کہ ''وامامکم منکم'' میں اگر مراد امام سے غیر مسیح بن مریم لیا جاوے گا تو حال ذوالحال میں رابطہ نہ پایا جائے گا۔ بخلاف اس کے کہ مراد امام سے مسیح بن مریم ہو تو اس صورت میں وضع مظہر کا موضع مضمر کے ہوگا۔ پس لفظ ''امامکم'' بجائے ''ھو'' کے تو رابطہ موجود ہوگا۔ اگر یہی وجہ ہے تو

اس کا جواب سن لیجئے کہ یہ وجہ منی ہے۔ قواعد نحو سے ذہول پر مختصرات نحو میں یہ مسئلہ لکھا ہے کہ جب جملہ اسمیہ حال واقع ہو تو رابطہ اس میں یا واو اور ضمیر دونوں ہوتے ہیں یا فقط واو اور فقط ضمیر کا رابطہ ہونا ضعیف ہے۔ یہاں اگرچہ ضمیر نہیں ہے۔ لیکن واو موجود ہے۔ اس کے شواہد بہت ہیں۔ حدیث جابرؓ متفق علیہ میں ہے۔ ’’کان یصلے الظہر بالهاجرة والعصر والشمس حية ‘‘ اور اثر حضرت عمرؓ میں ہے۔ ’’والصبح والنجوم بادية مشتكبة رواه مالك وعن ابى هريرة قال قالوا يا رسول الله متے وجبت لك النبوة قال وآدم بين الروح والجسد رواه الترمذى ‘‘ اور اگر فرض کیا جاوے کہ ضمیر کا ہونا ضرور ہے تو بھی ترکیب درست ہوسکتی ہے۔ اس لئے کہ ہوسکتا ہے کہ جملہ ’’وامامكم منكم ‘‘ ابن مریم سے حال نہ ہو۔ بلکہ فیکم کی ضمیر مجرور سے حال ہو۔

قولہ...... ’’دوم صحیح مسلم میں اس احتمال کو باطل کر دیا ہے۔‘‘

اقول...... اس میں کلام ہے۔ بچند وجوہ

اوّل...... یہ کہ مسلم کی روایات جن کو مبطل اس احتمال کا آپ نے تصور فرمایا ہے۔ وہ تین ہیں ایک روایت ابن عیینہ کی جس میں لفظ اماماً مقسطاً کا وارد ہوا ہے۔ دوسری روایت ابن اخی الزہری کی جس کا لفظ یہ ہے۔ ’’كيف انتم اذا نزل ابن مريم فيكم فامكم ‘‘ تیسری روایت ابن ابی ذئب کی جس کا لفظ یہ ہے۔ ’’كيف انتم اذا نزل فيكم ابن مريم فامكم منكم ‘‘ پہلی روایت میں یہ جرح ہے کہ سفیان بن عیینہ نے دیگر ثقات کے خلاف ’’اماماً ‘‘ کا لفظ زہری سے روایت کیا ہے۔ لیث ویونس وصالح بن کیسان کی روایت میں یہ لفظ نہیں ہے۔ جیسا کہ صحیح مسلم سے ظاہر ہے اور محمد بن ابی جعفر کی روایت میں بھی یہ لفظ نہیں ہے۔ تفسیر ابن کثیر میں ہے۔ ’’ورواه ابن مردويه من طريق محمد بن ابى حفصة عن الزهرى عن سعيد بن المسيب عن ابى هريرةؓ قال قال رسول اللهﷺ يوشك ان ينزل فيكم ابن مريم حكما عدلا ‘‘ اور لیث نے غیر زہری یعنی سعید بن ابی سعید سے جو اس حدیث کی روایت کی ہے۔ اس میں بھی لفظ ’’اماماً ‘‘ نہیں ہے۔ مسلم میں ہے۔ ’’وحدثنيه قتيبة بن سعيد ثناليث عن سعيد بن ابى سعيد عن عطاء بن ميناء عن ابى هريرة انه قال قال رسول اللهﷺ والله لينزلن ابن مريم حكما عدلاً ‘‘ رجال اس روایت کے رجال شیخین ہیں۔ سفیان بن عیینہ اگرچہ ثقات اعلام میں سے ہے۔ مگر مخطی ہے۔ بیس سے زیادہ حدیثوں میں خطا کی ہے۔ میزان میں ہے۔ ’’قال احمد فرجعت فاذا ما اخطا فيه

سفیان بن عینیة اکثر من عشرین حدیثا ’’اور خطا مخالفت ثقات اثبات سے ثابت ہوتی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ لفظ ’’امـامـاً‘‘ میں اس نے خطا کی ہے اور موضع استدلال یہی لفظ ہے۔ دوسری روایت میں دو جرحیں ہیں۔

اوّل…… یہ کہ مسلم نے اس حدیث کو محمد بن حاتم بن میمون سے روایت کیا ہے۔ اس میں بہت کلام ہے۔ یہاں تک کہ بعض نے کذاب لکھا ہے۔ ذہبی میزان میں لکھتے ہیں: ’’قال الفلاس لیس بشئ وقال یحیے وابن المدینی ھوکذاب انتھے ملخصا‘‘ تقریب میں ہے۔ ’’ربما وھم‘‘ دارقطنی وغیرہ نے اس کی توثیق کی ہے۔ قول فیصل اس میں وہ ہے جو حافظ نے تقریب میں لکھا ہے۔ یعنی صدوق صاحب اوہام ہے۔ اس حدیث کی روایت میں جو تین اوہام ہیں یا تو اس راوی سے ہوئے ہیں یا ابن اخی الزہری سے وہ تین اوہام یہ ہیں۔ اوّل بجائے واو کے فالایا ہے۔ دوسرے بجائے امامکم کے امکم کہا ہے۔ تیسرے لفظ منکم کو حذف کر دیا ہے۔ دوسری جرح اس سند میں یہ ہے کہ راوی اس میں ابن اخی الزہری ہے۔ نام اس کا محمد بن عبداللہ بن مسلم ہے۔ ذہبی میزان میں لکھتے ہیں۔ ’’قال ابن معین وابو حاتم لیس بالقوی وفی روایة الدارمی عن ابن معین ضعیف وجعله محمد بن یحییٰ الذهلی فی اصحاب الزهری مع اسامة بن زید اللیشی وابن اسحق وفلیح‘‘ حافظ مقدمہ فتح الباری میں لکھتے ہیں۔ ’’ذکرہ محمد بن یحییٰ الزهلی فی الطبقة الثانیة من اصحاب الزهری مع محمد بن اسحق وفلیح وقال انه وجدله ثلاثة احادیث لا اصل لها احدها حدیثه عن عمر عن سالم عن ابی هریرة مرفوعا کل امتی معافی الا المجاهرین ثانیها بهذا الاسناد کان اذا خطب قال کل ماهوات قریب موقوف ثالثها عن امرأته ام الحجاج بنت الزهری عن ابیها ان النبی ﷺ کان یا کل بکفه کلها مرسل وقال الساجی تفرد عن عمر باحادیث لم یتابع علیها کانه یعنی هذه‘‘ اور حافظ نے مقدمہ میں تین احادیث بخاری کی ذکر کی ہیں۔ جن میں یہ راوی واقع ہوا ہے اور ہر ایک میں متابعث ثابت کی ہے اور اس کے بعد کہا ہے۔ ’’وله عنده غیر هذه مما توبع علیه موصولاً ومعلقاً‘‘ اس کی ایک جماعت نے توثیق بھی کی ہے۔ اعدل الاقوال اس کے باب میں وہ ہے جو حافظ نے تقریب میں لکھا ہے۔۔ صدوق لہ اوہام عبارت مذکورہ سے واضح ہوا کہ تفرد اس کا مقبول نہیں ہے اور روایت مذکورہ کے ساتھ یہ متفرد ہوا ہے۔ تین اوہام اس روایت میں ہیں۔ ’’کما مر آنفا‘‘ یہ تینوں اوہام یا تو اسی

رواوی کے ہیں یا محمد بن حاتم بن میمون کے غالباً بخاری اپنی صحیح میں اسی واسطے اس روایت کو نہیں لایا ہے۔

اور تیسری روایت میں یہ جرح ہے کہ اس کا راوی محمد بن عبدالرحمٰن بن ابی ذئب زہری میں ضعیف ہے۔ ’’قال الحافظ فی المقدمة قال ابن المدینی کانوا یوھنونه فی الزھری وکذا وثقه احمد ولم یرضه فی الزھری وحدیثه عن الزھری فی المتابعات‘‘ اور یہاں زہری سے روایت کرتا ہے مخالف ثقات کے تو ثابت ہوا کہ اس سے اس روایت میں دو وہم ہوگئے ہیں۔

اوّل...... بجائے واو کے فالایا ہے۔ دوم ’’امامکم‘‘ کی جگہ ’’امکم‘‘ کہا ہے۔ علاوہ اس کے ابن ابی ذئب کی روایت میں اضطراب ہے۔ ایک روایت میں ابن ابی ذئب نے بھی ’’وامامکم منکم‘‘ موافق جمہور کے کہا ہے۔ تفسیر ابن کثیر میں بعد نقل روایت یونس کے لکھا ہے۔ ’’وھکذا رواہ الامام احمد عن عبدالرزاق عن معمر وعن عثمان بن عمر عن ابن ابی ذئب کلاھما عن الزھری به‘‘ اگر کوئی کہے کہ صحیح مسلم کی روایت میں وہم وخطاء کا ہونا محل استبعاد ہے تو جواب یہ ہے کہ وہم وخطاء تو بخاری میں بھی واقع ہوا ہے۔ یہ کچھ محل استبعاد نہیں۔ بخاری ومسلم کے رواۃ اعلیٰ درجہ کے ثقات ہیں۔ مگر وہم وخطاء سے معصوم نہیں ہیں اور ضابطہ وہم وخطاء کی شناخت کا یہی ہے کہ وہ روایت مخالف ہو جمہور ثقات اثبات کے۔

مخفی نہ رہے کہ روایت ’’وامامکم منکم‘‘ کو ان دونوں روایتوں پر ترجیح ہے۔ بچند وجوہ!

اوّل...... تو یہ لفظ متفق علیہ ہے۔ بخاری ومسلم دونوں نے روایت کیا ہے اور علماء نے اتفاق کیا ہے۔ اس پر کہ اصح الاحادیث اتفاقاً علیہ ہے۔

دوم...... یہ کہ یہاں زہری سے یونس روایت کرتا ہے اور یونس زہری میں اثبت الناس ہے۔ حافظ مقدمہ میں لکھتے ہیں۔ ’’قال ابن ابی حاتم عن عباس الدوری قال قال ابن معین اثبت الناس فی الزھری مالك ومعمر ویونس وعقیل وشعیب وقال عثمان الدارمی عن احمد بن صالح نحن لا نقدم علیٰ یونس فی الزھری احدا قال وسمعت احمد بن حنبل یقول سمعت احادیث یونس عن الزھری فوجدت الحدیث الواحد ربما سمعه مراراً وکان الزھری اذا قدم ایلة ینزل علیه وقال علی بن المدینی عن ابن مھدی کان ابن المبارك یقول کتابه عن

الزھری صحیح قال ابن میدی وکذا اقول‘‘
سوم…… یہ کہ عقیل واوزاعی ومعمروابن ذئب نے ایک روایت میں یونس کی متابعت کی ہے۔ صحیح بخاری میں ہے۔ تابعہ عقیل والاوزاعی اور متابعت معمروابن ابی ذئب کی روایت امام احمد سے سابق ثابت ہوچکی فتذکر!

وجہ دوم…… وجوہ اصل سے یہ ہے کہ تیسری روایت کے موافق ایسے معنی اس حدیث کے ہوسکتے ہیں کہ جس کی بناپر مسیح بن مریم کے غیر کا امام ہونا ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ اس وقت ہم کہہ سکتے ہیں کہ من بمعنی بعض کے ہے اور وہ ام کا فاعل واقع ہوا ہے۔ یا من تبیین کا ہے اور فاعل اس کا بسبب قائم ہونے لفظ منکم کے مقام اس کے محذوف ہے۔ جیسا کہ جمہور نحاۃ نے ’’قد کان من مطر‘‘ میں تاویل کی ہے۔ ’’ای قام بعضکم او احد منکم‘‘ اگر کہا جاوے کہ حذف فاعل جمہور کے نزدیک جائز نہیں ہے تو جواب یہ ہے کہ یہ عدم جواز مقید ہے۔ ساتھ نہ قائم ہونے کسی شے کے مقام فاعل کے اور جب فاعل کے مقام پر کوئی چیز قائم ہو تو بالاتفاق حذف فاعل جائز ہے۔ فوائد ضیائیہ میں بحث تنازع میں ہے۔ ’’دون الحذف لانہ لا یجوز حذف الفاعل الا اذا سدشئ مسدہ‘‘ اور یہ بھی ممکن ہے کہ لفظ ام اس روایت میں صیغہ فعل ماضی کا نہ ہو۔ بلکہ ام بالضم اسم ہو اور وہ بمعنی امام لغت میں آیا ہے۔ قاموس میں ہے۔ ’’والامۃ بکسر الحالۃ والشرعۃ والذین وبضم والنعمۃ والھیئۃ والشان وغضارۃ العیش والسنۃ وتضم والطریقۃ والامامۃ والایتمام بالامام وبالضم الرجل الجامع للخیر والامام وجماعۃ ارسل الیھم رسول والجیل من کل حی والجنس کالام فیھا‘‘ اور بھی قاموس میں ہے۔ ’’وام کل شئ اصلہ وعمادہ وللقوم رئیسھم‘‘ اور بھی اسی میں ہے۔ ’’وام القری مکۃ لانھا توسطت الارض فیما زعموا ولا نھا قبلۃ الناس یؤموا‘‘ اور مؤید اس کی یہ بات ہے کہ بر تقدیر فعل ماضی لفظ منکم بعد امکم کے محض بے ربط ہوتا ہے۔ اس وقت فصیح عبارت یہ تھی۔ ’’کیف انتم اذا نزل فیکم ابن مریم منکم فامکم‘‘ اور یہ دونوں تاویلیں دوسری روایت میں بھی ہوسکتی ہیں۔ اس لئے کہ بقرینہ تیسری روایت کے دوسرے میں بھی لفظ منکم مقدر مانا جائے گا۔ اب اس بیان کے موافق مطلب ان روایتوں کا بھی وہی ہوگا۔ جو ’’امامکم منکم‘‘ سے ظاہر ہے۔ پس ان روایتوں سے ابطال اس معنی کا جس کے ابطال کے آپ درپے تھے۔ حاصل نہ ہوا۔ رہی روایت ابن عیینہ کی سو بعد تسلیم اس کی صحت کے وہ منافی امامت غیر عیسیٰ بن مریم کے نہیں ہے۔ کیونکہ روایت ابن عیینہ میں جو لفظ

’’اماماً مقسطاً ‘‘ کا آیا ہے ہوسکتا ہے کہ وہ بمعنی حکما وعدلاً کے ہو اور لفظ حکما وعدلا اس کی تفسیر واقع ہوا ہو۔ جیسا کہ جمہور کی روایت میں ہے۔ پس امامت شرعی نماز وغیرہ میں تو غیر عیسیٰ کے لئے ہو اور حکومت وعدالت حضرت عیسیٰ کے لئے ہو اور اس میں کچھ محذور نہیں ہے۔ دیکھو آنحضرتﷺ وحضرت ابوبکر صدیقؓ وحضرت عمرؓ وحضرت عثمانؓ وحضرت علیؓ کے زمانوں میں حکام عادلین تحت امام کے دوسرے ہوا کرتے تھے۔ مثلاً ایسا ہی حضرت امام مہدیؓ کے زمانہ میں اصل امام حضرت مہدیؓ ہوں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام حکام عادلین میں سے ہوں اور مؤید اس کے ہیں۔ وہ احادیث صحیحہ جو دلالت کرتی ہیں۔ اس پر کہ خلافت وامامت مختص ہے۔ ساتھ قریش کے اور حدیث جابر بن عبداللہ جس کا ذکر عنقریب آتا ہے۔ جس میں یہ لفظ ہے۔ ’’فیقول لا ان بعضکم علی بعض امراء تکرمة اللّٰہ ھذہ الامة‘‘

وجہ سوم...... صحیح مسلم میں باب نزول عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام میں ایک حدیث اعلیٰ درجہ کی ایسی صحیح موجود ہے کہ آپ کے معنی کو بالکل باطل کرتی ہے اور جو معنی جمہور کہتے ہیں۔ اس کی تعیین کرتی ہے۔ وہ یہ ہے۔ ’’حدثنا الولید بن شجاع وھارون بن عبداللّٰہ وحجاج بن الشاعر قالوا ثنا حجاج وھو ابن محمد عن ابن جریج اخبرنی ابوالزبیرانه سمع جابر بن عبداللّٰہ یقول سمعت النبیﷺ یقول لا تزال طائفة من امتی یقاتلون علی الحق ظاھرین الیٰ یوم القیمة قال فینزل عیسیٰ ابن مریم فیقول امیرھم تعال صل لنا فیقول لا ان بعضنکم علے بعض امراء تکرمة اللّٰہ ھذا الامة ‘‘ جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے۔ وہ کہتے تھے سنا میں نے نبیﷺ سے فرماتے تھے۔ ہمیشہ رہے گا ایک گروہ میری امت کا لڑنے والا۔ حق پر غالب قیامت تک فرمایا۔ پھر اتریں گے عیسیٰ ابن مریم تو کہے گا امیر مسلمانوں کا آیئے ہم کو نماز پڑھایئے۔ پس فرمائیں گے حضرت عیسیٰ نہیں بعض تمہارا تمہارے بعض پر امیر ہے۔ یہ بزرگی دی ہے اللہ نے اس امت کو۔ راوی اوّل اس کا ولید بن شجاع ہے۔ اس کی نسبت تقریب میں ہے۔ ’’ثقة من العاشرة ‘‘ اس کی متابعت ہارون ابن عبداللہ نے کی ہے۔ اس کی نسبت تقریب میں ہے۔ ’’ثقة من العاشرة ‘‘ کاشف میں ہے۔ ’’ثقة ‘‘ خلاصہ اور اس کے حاشیہ میں ہے۔ ’’وثقه الدار قطنی والنسائی ‘‘ یہ ایسا ثقہ ہے کہ کسی نے اس میں جرح نہیں کی۔ اسی لئے ذہبی نے میزان میں اسکا ذکر نہیں کیا اور دوسرا متابع اس کا حجاج بن ابی یعقوب یوسف بن حجاب الثقفی البغدادی المعروف بابن الشاعر ہے۔ اس کی نسبت تقریب میں ہے۔ ’’ثقة حافظ ‘‘ میزان میں ہے۔ حجاج بن یوسف ابو محمد الثقفی بغدادی

ابن الشاعر ثقۃ مشہور حافظ روی عنہ مسلم والقاضے المحاملی خلاصہ میں ہے۔’’قال ابن ابی حاتم ثقۃ ‘‘ولید بن شجاع میں اگر تھوڑا سا کلام ہے مگر وہ مضر نہیں ہے۔ کیونکہ ہارون بن عبداللہ اور حجاج بن الشاعر نے جو ثقات میں سے ہیں یہاں اس کی متابعت کی ہے۔ دوسرا راوی حجاج بن محمد الاعور المصیصی ہے۔ حافظ مقدمہ میں لکھتے ہیں۔’’احد الاثبات اجمعوا علیٰ توثیقہ وذکرہ ابوایوب العقیلے فی الضعفاء بسبب انہ تغیر فی اٰخر عمرہ واختلط لکن ماضرہ الاختلاط فان ابراھیم العربی حکے ان یحییٰ بن معین منع ابنہ ان یدخل علیہ احدا بعد اختلاطہ روی لہ الجماعۃ ‘‘راوی رجال شیخین سے ہے۔ تیسرا راوی عبدالملک بن عبدالعزیز بن جریج الاموی ہے۔ تقریب میں ہے۔’’ثقۃ فقیہ فاضل وکان یدلس ویرسل ‘‘یہ راوی رجال شیخین سے ہے۔ اس میں علت تدلیس کی ہے۔ مگر یہاں اس نے اخبرنی کہا ہے۔ اس لئے علت تدلیس زائل ہوگئی۔ چوتھا راوی محمد بن مسلم ابوالزبیر مکی ہے۔ تقریب میں ہے۔’’صدوق الا انہ یدلس ‘‘مقدمہ میں ہے۔’’احد التابعین مشہور وثقہ الجمہور ‘‘اس میں بھی بعض نے تدلیس کا ذکر کیا ہے۔ لیکن تدلیس یہاں کچھ مضر نہیں ہے۔ کیونکہ اس نے’’انہ سمع جابر بن عبداللہ ‘‘کہا ہے۔ یہ راوی بھی رجال شیخین میں سے ہے اور مؤید اس کی وہ دو حدیثیں ہیں جن کا ذکر فتح الباری میں ہے۔ عبارت اس کی یہ ہے۔’’وعند احمد من حدیث جابر فی قصۃ الدجال ونزول عیسیٰ واذاھم بعیسیٰ فیقال تقدم یاروح اللہ فیقول لیقدم امامکم فلیصل بکم ‘‘یعنی ناگاہ عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھیں گے۔ پس کہیں گے یا روح اللہ آپ آگے ہو جایئے تو عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے چاہئے کہ تمہارا ہی امام آگے ہوکر تم کو پڑھاوے۔

’’ولا بن ماجۃ فی حدیث ابی امامۃ الطویل فی الدجال قال وکلھم ای المسلمون ببیت المقدس وامامھم رجل صالح قد تقدم لیصلے بھم اذنزل عیسیٰ فرجع الامام ینکص لیتقدم عیسیٰ فیقف عیسیٰ بین کتفیہ ثم یقول تقدم فانھا لک اقیمت وقال ابو الحسن الخثعمی الامدی فی مناقب الشافعے تواترت الاخبار بان المھدے من ھذہ الامۃ وان عیسیٰ یصلے خلفہ ‘‘یعنی سب مسلمان بیت المقدس میں ہوں گے اور ان کا امام نماز پڑھانے کے لئے آگے ہوگا کہ ناگاہ عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے تو امام پیچھے ہٹ جائیں گے۔ تاکہ عیسیٰ علیہ آگے ہوں تو عیسیٰ، امام کے پیچھے کھڑے ہوکر امام سے کہیں گے کہ تم ہی آگے ہو۔ تمہارے ہی لئے اقامت ہوئی ہے۔ ابو

الحسن خثعمی امدی نے مناقب شافعی میں لکھا ہے کہ حدیثیں اس باب میں حد تواتر کو پہنچ گئی ہیں کہ مہدی اس امت سے ہوں گے اور عیسیٰ علیہ السلام ان کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔

میں کہتا ہوں کہ مسند احمد میں ایک حدیث عثمان بن ابی العاص سے مروی ہے۔ وہ بھی اس کی مؤید ہے۔ تفسیر ابن کثیر میں ہے۔ ’’قال الامام احمد حدثنا یزید بن هارون حدثنا حماد بن سلمة عن علےٰ بن زید عن ابی نضرة قال اتینا عثمان بن ابی العاص فی یوم الجمعة لنعرض علیه مصحفا لنا علےٰ مصحفه فلما حضرت الجمعة امرنا فاغتسلنا ثم اتانا بطیب فتطیبنا ثم جئنا المسجد فجلسنا الیٰ رجل فحدثنا عن الدجال ثم جاء عثمان بن ابی العاص فقمنا الیه فجلسنا فقال سمعت رسول الله ﷺ یقول یکون للمسلمین ثلاثة امصار ‘‘ اس حدیث میں یہ لفظ ہے۔ ’’فبیناهم کذلك اذنادی مناد من البحریا ایها الناس اتاکم الغوث ثلاثا فیقول بعضهم لبعض ان هذا الصوت رجل شبعان وینزل عیسیٰ بن مریم علیه السلام عند صلوٰة الفجر فیقول له امیرهم یا روح الله تقدم صل فیقول هذه الامة امراء بعضهم علےٰ بعض فیتقدم امیرهم فیصلے حتیٰ اذا قضے صلاته اخذ عیسیٰ حربة فیذهب نحوالدجال ‘‘ یعنی عیسیٰ صبح کی نماز کے وقت نازل ہوں گے تو امیر مؤمنوں کا عیسیٰ سے کہے گا کہ یا روح اللہ آگے ہو کر نماز پڑھائیے تو عیسیٰ کہیں گے کہ یہی امت ایک دوسرے پر امیر ہے۔ پس امیر مؤمنوں کا آگے ہو کر نماز پڑھائے گا۔ یہاں تک کہ جب نماز پڑھا چکے گا تو عیسیٰ علیہ السلام ہتھیار لے کر دجال کی طرف جائیں گے۔

اس حدیث کے راوی بعض شیخین کی شرط پر ہیں اور بعض مسلم کی شرط پر سوائے علی بن زید بن جدعان کے کہ وہ رجال مسلم سے ہے۔ لیکن مسلم نے مقرونا بغیرہ اس سے روایت کی ہے۔ اس راوی کی اگرچہ بعض نے تضعیف کی ہے۔ مگر اکثر جلیل القدر نے جیسے منصور بن زاذان وحماد بن سلمہ ویحییٰ وابوحاتم وترمذی ودارقطنی ویعقوب بن شیبہ وذہبی نے توثیق کر دی ہے۔ میزان میں ہے۔ ’’وقال منصور بن زاذان لما مات الحسن البصری قلنا لعلے بن زید اجلس مجلسه قال موسیٰ بن اسماعیل قلت الحماد بن سلمة زعم وهیب ان علے بن زید کان لا یحفظ قال ومن این کان وهیب یقدر علے مجالسة علی انما کان یجالسه وجوه الناس وروی عباس عن یحییٰ

ھواحب الیٰ من ابن عقیل ومن عاصم بن عبداللّٰہ قال ابو حاتم یکتب حدیثہ ھو احب الیٰ من یزید بن ابی زیاد قال الترمذی صدوق وقال الدار قطنی لا یترک عندی فیہ لین''

تہذیب میں ہے۔''قال یعقوب بن شیبۃ ثقۃ ذھبی ذکر من عرف بابیہ ''میں لکھتے ہیں۔''ابن جدعان میں صغار التابعین ھو علی بن زید جدعان بصری صویلہ'' حافظ عبدالعظیم منذری ترغیب وترہیب میں لکھتے ہیں۔''وصحح الترمذی لہ حدیث ما فی السلام وحسن لہ غیر ما حدیث'' کاشف میں ہے۔ ''احد الحفاظ بالبصرۃ'' بالجملہ حدیث علی بن زید بن جدعان کی حسن ہے۔علی شرط الترمذی خصوصاً تائید کے لئے کافی ہونے میں تو کلام نہیں۔

قولہ...... ''اور متعدد اسانید سے فیصلہ قطعی کردیا کہ''امامکم منکم ''اسی مسیح بن مریم کی صفت واقع ہوئی ہے۔یا اس سے حال واقع ہوا ہے۔''

اقول...... اس میں کلام ہے، بچند وجوہ!

اوّل...... یہ کہ''امامکم منکم ''کو جو آپ صفت مسیح بن مریم کی لکھتے ہیں تو اس سے اگر یہ مطلب ہے کہ جملہ بن کر یہ صفت مسیح بن مریم کی واقع ہوا ہے تو صریح غلط ہے۔کیونکہ ابن مریم معرفہ ہے اور جملہ حکم میں نکرہ کے ہوتا ہے۔پس مطابقت موصوف وصفت کی درمیان نہ پائی گئی اور اگر یہ مطلب ہے کہ''وامامکم منکم ''بغیر جملہ بنائے صفت واقع ہے تو اس میں یہ قباحت ہے کہ موصوف وصفت کے درمیان میں واو نہیں آتا ہے اور یہاں واو موجود ہے اور اگر آپ کو شرح جامی کی اس عبارت سے دھوکا ہوا ہے کہ جو اس نے قیل کے لفظ سے نقل کی ہے کہ زمخشری نے وقوع واو کا درمیان موصوف صفت کے تجویز کیا ہے تو اس کا جواب جب آپ اسے پیش کریں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ اس وقت ایسا دیا جائے گا جس سے آپ کو اپنے فہم کی قلعی کھل جائے گی۔

دوم...... ''امامکم منکم ''کا مسیح بن مریم سے حال ہونا اس پر موقوف نہیں ہے کہ مسیح بن مریم جو آنے والا ہے وہ اس امت میں سے ایک امام ہو۔بلکہ''امامکم منکم ''مسیح بن مریم سے اس وقت بھی حال ہوسکتا ہے کہ''امامکم منکم ''میں جو امام ہے وہ سوائے مسیح ابن مریم کے کوئی اور ہو اور یہ شبہ کہ رابطہ یہاں نہیں ہے۔اس کا جواب اوپر گزر فتذکر۔

سوم...... آپ کے معنی پر جب امامکم منکم کو مسیح بن مریم سے حال کہا جائے گا تو صرف نص کا ظاہر سے لازم آئے گا۔کیونکہ وضع مظہر موضع مضمر کا قائل ہونا پڑے گا۔اس تقریر پر اصل عبارت

یوں ہونی چاہئے۔ وھو منکم! اور وضع مظہر موضع مضمر کے خلاف ظاہر ہے اور صرف نص کا ظاہر سے بغیر صارف قطعی جائز نہیں ہے۔

چہارم...... روایتوں میں مسلم کی ایسے معنی بھی ہوسکتے ہیں جس سے غیر مسیح بن مریم کا امام ہونا پایا جاتا ہے۔

پنجم...... مسلم کی روایتوں میں وہم کا ہونا ہم نے ثابت کردیا۔ وقد فصل انفا!

ششم...... حدیث جابر جو مسلم میں ہے اور اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔ اس نے فیصلہ کردیا کہ امام غیر مسیح بن مریم ہوگا۔

قولہ...... ''صحیح مسلم میں اسانید متعددہ سے ثابت کردیا کہ امامکم منکم کے معنی یہ ہیں کہ فامکم منکم بالکتاب ربکم تبارك وتعالیٰ وسنة نبیکم!''

اقول...... اس میں کلام ہے۔ بچند وجوہ!

اوّل...... مسلم نے ایک سند کے بھی یہ معنی نہیں بیان کئے جو آپ نے لکھے ہیں آپ نے لفظ منکم زیادہ کردیا ہے۔ لفظ مسلم کا یہ ہے۔ ''قال ابن ابی ذئب تدرے ما امکم منکم قلت تخبرنی قال فامکم بکتاب ربکم تبارك وتعالیٰ وسنة نبیکم ﷺ'' اس جگہ زیادت لفظ منکم خطاء بیّن ہے۔ کیونکہ ''بکتاب ربکم تبارك وتعالیٰ وسنة نبیکم'' تفسیر منکم کی ہے۔ پس جمع بین المفسر والمفسر لازم آتا ہے۔ مطلب ابن ابی ذئب کا یہ ہے۔ ''امکم منکم'' کے معنی یہ کہ ابن مریم تمہاری امامت کرے گا۔ تم میں سے ہوکر یعنی تمہارے دین میں ہوکر نہ بحیثیت نبوت، اور تمہارے دین میں ہوکر امامت کرنے کے معنی یہی ہیں کہ کتاب وسنت کے ساتھ امامت کرے گا۔

دوم...... مسلم نے معنی مذکور ایک سند سے بیان کئے ہیں۔ نہ اسانید متعددہ سے پس اطلاق لفظ جمع کا یہاں پر کسی طرح صحیح نہیں ہوسکتا۔

سوم...... یہ معنی صرف ابن ابی ذئب کا جو ایک تبع تابعین سے ہے۔ فہم ہے۔ نہ حدیث مرفوع اور جب فہم صحابہ کا حجت نہیں ہے تو تبع تابعی کا فہم کس طرح حجت ہوسکتا ہے۔ خاص کر جب حدیث صحیح جابرؓ کی اس کی معارض موجود ہے۔

چہارم...... برتقدیر تسلیم اس معنی کے جو ابن ابی ذئب نے بیان کئے ہیں۔ بھی آپ کا مطلب حاصل نہیں ہوتا ہے۔ کیونکہ آپ کا مدعا تو یہ ہے کہ ابن مریم جو نبی بنی اسرائیل تھے۔ نہیں آویں گے بلکہ امت محمدیہ میں سے ان کا ایک مثیل آوے گا اور ابن ابی ذئب کے معنی سے یہ ثابت ہوتا

ہے کہ وہی ابن مریم جو بنی اسرائیل کے نبی تھے۔ آویں گے مگر بحیثیت نبی تم پر امامت نہ کریں گے۔ بلکہ امت محمدیہ میں ہوکر تمہارے امام ہوں گے۔'' وشتان بینهما '' علاوہ اس کے اگر ان دونوں روایات کی صحت تسلیم کر لی جاوے تو بھی آپ کا مدعا اس سے حاصل نہیں ہوتا ہے۔ کیونکہ اس میں لفظ منکم کا نہیں ہے۔ جس پر مدار آپ کے دعوے کے اثبات کا ہے اور او پر یہ بھی معلوم ہوا کہ جس میں لفظ منکم کا ہے۔ اس سے بھی آپ کا مدعا ثابت نہیں ہوتا۔ اما مکم منکم کا لفظ جس روایت میں ہے۔ اس سے تو ظاہر غیر عیسیٰ کا امام ہونا مراد ہے اور صرف عن الظاہر بغیر صارف کے جائز نہیں ہے اور یہاں کوئی صارف موجود نہیں ہے اور امامکم منکم جس میں ہے اس کے معنی میں ایک احتمال ہم نے ایسا بیان کر دیا ہے۔ جس سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امام ہونا ثابت نہیں ہوتا ہے۔''اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال '' اور اگر وہ معنی بھی تسلیم کر لئے جائیں جس سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا امام ہونا ثابت ہوتا ہے۔ جیسا کہ ابن ابی ذئب نے کہا ہے تو بھی آپ کا مدعی (یعنی آنے والا مسیح خود ابن مریم نہیں ہے۔ بلکہ مثیل اس کا ہے) ثابت نہیں ہوتا ہے ''کمامر تقریرہ''

قولہ...... ''جب کہ صحیحین سے ثابت ہو چکا کہ آنے والا مسیح اس ہی امت میں سے ایک امام ہوگا۔''

اقول...... صحیحین سے یہ بات ہرگز ثابت نہیں ہوتی۔ کمامر! اب رہا یہ امر کہ آنے والا مسیح وہی عیسیٰ بن مریم نبی بنی اسرائیل ہے نہ کوئی اس کا مثیل۔ اگرچہ ہم کو اس پر دلیل قائم کرنے کی کچھ حاجت نہیں ہے۔ کیونکہ بعض احادیث صحیحہ میں ابن مریم کا لفظ واقع ہوا ہے اور بعض احادیث صحیحہ میں عیسیٰ بن مریم کا لفظ واقع ہوا ہے اور بعض احادیث صحیحہ میں مسیح بن مریم اور یہ تینوں الفاظ قرآن وحدیث میں جب بولے جاتے ہیں تو ان سے سب جگہ وہی مسیح نبی بنی اسرائیل مراد ہوتا ہے۔ ایک جگہ بھی مثیل مراد نہیں ہے۔ پس ظاہر نصوص قرآنیہ وحدیثیہ بھی ہے اور صارف اس ظاہر سے کوئی پایا نہیں جاتا ہے۔ مگر تبرعاً زیادت اطمینان کے لئے ہم لکھتے ہیں کہ احادیث صحیحہ سے صاف طور پر ثابت ہے کہ آنے والا مسیح مرزا غلام احمد قادیانی ہرگز نہیں ہوسکتا۔

دلیل اوّل...... احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ مسیح آنے والا بعد دجال کے آئے گا اور دجال بعد فتح قسطنطنیہ کے اور فتح قسطنطنیہ بعد ملحمہ کبریٰ کے مثبت امر اوّل کی یہ حدیث مسلم کی ہے۔

''حدثنا عبید اللّٰہ بن معاذ العنبری ثنا ابی ناشعبة عن النعمان بن سالم قال سمعت یعقوب بن عاصم ابن عروة بن مسعود الثقفی یقول

سمعت عبداللّٰہ بن عمرو وجاء رجل فقال ما هذا الحديث الذى تحدث به تقول ان الساعة تقوم الىٰ كذاو كذا فقال سبحان اللّٰہ اولا اله الا اللّٰہ او كلمة نحوهما لقد هممت ان لا احدث احدا شيئا ابدا انما قلت انكم سترون بعد قليل امرا عظيماً يحرق البيت ويكون ويكون ثم قال قال رسول اللّٰہ ﷺ يخرج الدجال فى امتى فيمكث اربعين لا ادرى اربعين يوما او اربعين شهراً او اربعين عاماً فيبعث اللّٰہ تعالىٰ عيسىٰ بن مريم كأنه عروة بن مسعود فيطلبه فيهلكه ''یعنی خروج دجال کے بعد اللہ تعالیٰ عیسیٰ بن مریم کو بھیجے گا کہ عروہ بن مسعود کے شکل کے مشابہ ہوں گے اور دجال کو تلاش کر کے ہلاک کریں گے۔

اس حدیث کے سب رواۃ رجال شیخین ہیں۔ سوائے نعمان بن سالم طائفی ویعقوب بن عاصم بن عروہ ابن مسعود ثقفی کے اور یہ دونوں ایسے ثقہ ہیں کہ ان میں کوئی جرح نہیں۔ اسی لئے میزان میں ان کا ذکر نہیں ہے۔ اس باب میں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو قتل کریں گے۔ بہت احادیث وارد ہیں۔

جامع ترمذی میں ہے۔''حدثنا قتيبة نا الليث عن ابن شهاب انه سمع عبيد اللّٰہ بن عبداللّٰہ بن ثعلبة الانصارىٰ يحدث عن عبدالرحمن بن يزيد الانصارىٰ من بنى عمر وبن عوف قال سمعت عمى مجمع بن جارية الانصارىٰ يقول سمعت رسول اللّٰہ ﷺ يقول يقتل ابن مريم الدجال بباب لد فى الباب عن عمران بن حصين ونافع بن عتبة وابى برزة وحذيفة بن اسيد وابى هريرةؓ وكيسان وعثمان بن ابى العاص وجابر وابى امامة وابن مسعودؓ وعبداللّٰہ بن عمرو سمرة بن جندب والنواس بن سمعان وعمرو بن عوف وحذيفة بن يمان هذا حديث صحيح مثبت ''امر دوم وسوم کی یہ حدیث ہے:

''عن عبداللّٰہ بن مسعودؓ قال ان الساعة لا تقوم حتىٰ لا يقسم ميراث ولا يفرح بغنيمة ثم قال عدو يجمعون لاهل الشام ويجمع لهم اهل الاسلام يعنى الروم فيتشرط المسلمون شرطة للموت لا ترجع الاغالبة فيقتتلون حتىٰ يحجز بينهم الليل فيفئ هولاء وهؤ لاء كل غير غالب وتفئ الشرطة ثم يتشرط المسلمون شرط للموت لا ترجع الاغالبة فيقتتلون حتے يهجز بينهم الليل فيفئ هؤلاء وهولاء كل غير غالب وتفنى الشرطة ثم ينشرط المسلمون

شرطة للموت لاترجع الاغالبة فيقتتلون حتى يمسوا فيضئ مؤلاء وهؤلاء كل غير غالب وتفسنى الشرطة فاذا كان يوم الرابع نهد اليهم بقية اهل الاسلام فيجعل الله الدبرة عليهم فيقتتلون مقتلة لم يرمثلها حتىٰ ان الطائر ليمر بجناباتهم فلا يخلفهم حتىٰ يخرميتتا فيتعاد بنو الاب كانوا مائة فلا يجدونه بقى منهم الا الرجل الواحد فباى غنيمة يفرح اواى ميراث بقسيم فبيناهم كذلك اذا سمعوا بباس هو اكبر من ذلك فجاء هم الصريخ ان الدجال قد خلفهم فى ذراريهم فير فضون ما فى ايديهم ويقبلون فيبعثون عشر فوارس طليعة قال رسول الله ﷺ انى لا اعرف اسماء هم واسماء اٰبائهم والوان خيولهم هم خير فوارس او من خير فوارس علےٰ ظهر الارض يومئذ رواه مسلم‘‘

اس حدیث کے سب راوی علی شرط الشیخین ہیں۔ سوائے ابوقتادہ عدوی کے کہ وہ رواۃ مسلم وابوداؤدونسائی سے ہے۔ یہ ایسا ثقہ ہے کہ کسی نے اس میں جرح نہیں کی۔ اس لئے میزان میں اس کا ذکر نہیں ہے۔ اس باب میں اور احادیث بھی مسلم میں موجود ہیں۔ بعض میں نام قسطنطنیہ کا ہے اور اس ترتیب پر کہ پہلے خروج ملحمہ ہے۔ پھر فتح قسطنطنیہ پھر خروج دجال یہ حدیث ابوداؤد کی دال ہے۔ ’’عن معاذ بن جبل قال قال رسول الله ﷺ عمران بيت المقدس خراب يثرب وخراب يثرب خروج الملحمة وخروج الملحمة فتح قسطنطنية وفتح قسطنطنية خروج الدجال ‘‘اس حدیث کے سب رجال اعلیٰ درجہ کے ثقات ہیں کہ ان میں کوئی جرح نہیں ہے۔ اس لئے میزان میں ان کا ذکر نہیں ہے۔ سوائے عبدالرحمٰن بن ثابت بن ثوبان عنسی کے کہ وہ مختلف فیہ ہے۔ ایک جماعت کثیرہ نے اس کی توثیق کی ہے۔ میزان میں ہے۔ ’’وثقه دحيم وقال ابن معين ليس به باس وقال ابوداؤد كان فيه سلامة وكان مجاب الدعوة وقال ابو حاتم ثقة وقال صالح جزرة قدرى صدوق حسن الترمذى حديثه وقد وثق الفلاس ابن ثوبان ‘‘ترغیب ترہیب میں ہے۔ وثقه ابن المدينى وصحح له الترمذى وغیرہ میں کہتا ہوں۔ ترمذی نے جن احادیث کی تصحیح کی ہے۔ ان میں سے ایک یہ ہے۔

’’حدثنا عبدالله بن عبدالرحمن انا محمد بن يوسف عن ابن ثوبان عن ابيه عن مكحول عن جبير بن نفيران عبادة بن الصامت

حدثهم ان رسول اللہ ﷺ قال ما علے الارض مسلم یدعوا اللہ تعالیٰ بدعوة الا أتاه اللہ ایاها او صرف عنه من السوء مثلها ما لم یدع بماثم اوقطعیة رحم فقال رجل من القوم اذا تکثر قال اللہ اکثر وهذا حدیث حسن غریب صحیح من هذا الوجه ’’پس عبدالرحمٰن بن ثابت بن ثوبان کی حدیث ترمذی کے شرط پر ضرور صحیح ہے اور سوائے مکحول شامی کے کہ یہ بھی مختلف فیہ ہے۔ اس کی توثیق کے لئے یہی کافی ہے کہ یہ رجال مسلم سے ہے اور اس کی غیرواحد نے توثیق کی ہے۔ میزان میں ہے۔’’وثقه غیر واحد وقال ابن سعد ضعفه جماعة قلت هو صاحب تدلیس وقدرمی بالقدر فاللہ اعلم یروی بالارسال عن ابی وعبادة بن الصامت وعائشة وابی هریرة وروی عن واثلة وابی امامة وعدة وعنه ثوربن یزید والاوزاعی لم یبلغنا ان احدا من التابعین تکلم فی القدر الاالحسن ومکحول فکشفنا عن ذلك فاذا هو باطل‘‘

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ مکحول میں تین جرحین ہیں۔ اوّل یہ کہ وہ مدلس ہے۔ دوم یہ کہ قدر کے ساتھ متہم کیا گیا ہے۔ سوم یہ کہ کثیرالارسال عن الصحابہ ہے۔ جرح اخیر تو اس حدیث میں ساقط ہے۔ اس لئے کہ یہاں صحابی سے روایت نہیں کرتا ہے۔ بلکہ جبیر بن نفیر سے اور جرح دوم یحییٰ بن معین واوزاعی کے کلام سے باطل ہوگئی۔ رہی جرح تدلیس پس یہ جرح سوائے میزان کے کسی کتاب میں دیکھنے میں نہیں آئی۔ نہ تقریب میں نہ کاشف میں نہ خلاصہ میں۔

’’حدیث عبادہ بن الصامت فلا تفعلوا الا بفاتحة الکتاب فانه لا صلوة لمن لم یقراها ‘‘میں مکحول واقع ہے اور وہ محمود بن الربیع سے ساتھ لفظ عن کے روایت کرتا ہے اور بخاری نے جزءالقراءۃ میں اس کی تصحیح کی ہے۔ تلخیص الجبیر میں ہے۔’’احمد والبخاری فی جزء القرأة وصححه وابوداؤد والترمذی والدار قطنی وابن حبان والحاکم والبیهقی من طریق ابن اسحاق حدثنی مکحول عن محمود بن الربیع عن عبادة وتابعه زید بن واقد وغیره عن مکحول ‘‘بیہقی نے بھی تصحیح کی ہے۔’’قال البیهقی ورواه ابراهیم بن سعد عن محمد بن اسحق فذکر فیه سماع ابن اسحق من مکحول فصار الحدیث موصولا صحیحاً‘‘ اہل حدیث اس حدیث میں علت تدلیس ابن اسحاق کی بیان کرتے ہیں اور اس کا جواب اس طرح دیتے ہیں کہ دوسری روایت میں تحدیث کی تصریح ہے۔ ایک بھی تدلیس مکحول کی بیان نہیں کرتا ہے۔ نیل

الاوطار میں ہے۔’’ومحمد بن اسحق قد صرح بالتحدیث فذهب مظنة تدلیسه‘‘ تخریج احادیث وسیط میں ہے۔’’وھو حدیث صحیح رواہ ابوداؤد والترمذی ودارقطنی وابن حبان والحاکم والبیھقی من روایت عبادۃ العاست قال الترمذی حسن وقال الدار قطنی اسنادہ حسن ورجالہ ثقات وقال الخطابی اسنادہ جید لا مطعن فیه وقال الحاکم اسنادہ مستقیم وقال البیھقی صحیح قلت ولا یضرکون عنعنة ابن اسحق فی بعض اسانیدہ فقد صرح فی بعضها بالتحدیث فزال المحذور‘‘ ترمذی نے حدیث مکحول کی تصحیح کی ہے۔ باب ’’ماجاء فی سجدتی السھو‘‘ میں لکھتے ہیں:’’حدثنا محمد بن بشارنا محمد بن خالد بن غنمة نا ابراھیم بن سعد قال حدثنی محمدبن اسحق عن مکحول عن کریب عن ابن عباس عن عبدالرحمن بن عوف قال سمعت النبی ﷺ یقول اذا سھا احدکم فی صلوٰته الحدیث قال ابوعیسیٰ ھذا حدیث حسن صحیح‘‘ جب کہ بخاری وترمذی وبیہقی مکحول کا عنعنہ قبول کرتے ہیں اور حدیث عبادہ مذکور میں کوئی شخص تدلیس مکحول کو علت قرار نہیں دیتا ہے تو یہ امر اوّل دلیل ہے۔ اس پر کہ مکحول ان مدلسین میں سے نہیں ہے کہ جن کا عنعنہ معتبر نہ ہو اور یہ حدیث بھی ترتیب مذکور پر دال ہے۔’’عن عبداللہ بن بسران رسول اللہ ﷺ قال بین الملحمة وفتح المدینة ست سنین ویخرج الدجال فی السابعة رواہ ابوداؤد وقال ھذا اصح‘‘ مخفی نہ رہے کہ شہر قسطنطنیہ ابھی تک بفضل اللہ تعالیٰ اہل اسلام کے قبضہ میں ہے۔ ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ کفار کے قبضہ میں آجائے گا۔ اس کے بعد ملحمہ کبریٰ واقع ہوگا۔ اس کے بعد فتح قسطنطنیہ ہوگی۔ اس کے بعد خروج دجال ہوگا۔ اس کے بعد مسیح موعود تشریف لائیں گے۔ مرزا قادیانی جو مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور ابھی تک وقائع مذکورہ وقوع میں نہیں آئے تو یہ امر اوّل دلیل ہے۔ مرزا قادیانی کے کاذب ہونے پر۔

دلیل اوّل، دوم، سوم، چہارم، پنجم، ششم حدیث نواس بن سمعان ہے جو صحیح مسلم میں مروی ہے۔

’’وعن النواس بن سمعان قال ذکر رسول اللہ ﷺ الدجال وقال ان یخرج وانا فیکم فانا حجیجه دونکم وان یخرج ولست فیکم فامر حجیج نفسه واللہ خلیفتی علی کل مسلم انه شاب قطط عینه طافئة کانی اشبهه

بعبد العزی ابن قطن فمن ادرکه منکم فلیقرأ علیه فواتح سورة الکهف فانها جوارکم من فتنة انه خارج خلة بین الشام والعراق فعاث یمینا وعاث شمالا یا عباد اللّٰه فاثبتوا قلنا یا رسول اللّٰه وما لبثه فی الارض قال اربعون یوما یوم کسنة ویوم کشهر ویوم کجمعة وسائرا یامه کایامکم قلنا یا رسول اللّٰه فذلك الیوم الذی کسنة ایکفینا فیه صلوٰة یوم قال لا اقدرواله قدره قلنا یارسول اللّٰه وما اسرعه فی الارض قال کالغیث استد برته الریح فیأتی علےٰ القوم فیدعوهم فیؤمنون به فیأ مرالسماء فتمطر والارض فتنبت فتروح علیهم سارحتهم اطول ماکانت ذری واسبغه ضروعا وامدهم خواصر ثم یأتی القوم فیدعوهم فیردون علیه قوله فینصرف عنهم فیصبحون ممحلین لیس بایدیهم شئ من اموالهم ویمر بالخربة فیقول لها اخرجی کنوزك فتتبعه کنوزها کیعا سیب النحل ثم یدعوا رجلا ممتلئا شبابا فیضربه بالسیف فیقطعه جذ لتین رمیة الغرض ثم یدعوه فیقبل ویتهلل وجهه یضحك فبینما هو کذلك اذ بعث اللّٰه المسیح ابن مریم فینزل عند المنارة البیضاء شرقی دمشق بین مهروذتین واضعا کفیه علے اجنحة ملکین اذا طأ طأ راسه قطر واذا رفعه تحدرمنه مثل جمان کاللؤلؤ فلا یحل لکافر یجد من ریح نفسه الامات نفسه ینتهی حیث ینتهی طرفه فیطلبه حتیٰ یدرکه بباب لد فیقتل ثم یأتی عیسیٰ قوم قد عصمهم اللّٰه منه فیمسح عن وجوههم ویحدثهم بدرجاتهم فی الجنة فبینما هو کذلك اذ اوحی اللّٰه الیٰ عیسیٰ انی قد اخرجت عباداً لی لا یدان لا حد بقتالهم فحرز عبادی الیٰ الطور ویبعث اللّٰه یاجوج وماجوج وهم من کل حدب ینسلون فیمرا اوائلهم علے بحیرة طبریة فیشربون ما فیها ویمراٰخرهم فیقول لقد کان بهذه مرة ماء ثم یسیرون حتیٰ ینتهوا الیٰ جبل الخمر وهو جبل بیت المقدس فیقولون لقد قتلنا من فی الارض هلّم فلنقتل من فی السماء فیرمون بنشابهم الیٰ السماء فیرد اللّٰه علیهم نشابهم مخضوبة دماً ویحصرنبی اللّٰه واصحابه حتیٰ یکون راس الثورلا حدهم خیراً من مائة دینار لاحدکم الیوم فیرغب نبی اللّٰه عیسیٰ واصحابه فیرسل اللّٰه علیهم النغف فی رقابهم فیصبحون فرسی

کموت نفس واحدة ثم یھبط نبی اللّٰہ عیسیٰ واصحابه الیٰ الارض فلا یجدون فی الارض موضع شبر الاملائه زھمھم ونتنھم فیرغب نبی اللّٰہ عیسیٰ واصحابه الیٰ اللّٰہ فیرسل اللّٰہ طیرا کاعناق البخت فتحملھم فتطرحھم حیث شاء اللّٰہ وفی روایة تطرحھم بالنھبل ویستو قد المسلمون من قسیھم ونشابھم وجعابھم سبع سنین ثم یرسل اللّٰہ مطراً لا یکن منه بیت مدرولا وبر فیغسل الارض حتیٰ یترکھا کالزلقة ثم یقال للارض انبتی ثمرتك وردی برکتك فیومئذ تاکل العصابة من الرمانة ویستظلون بقحفھا ویبارك فی الرسل حتیٰ ان اللقحة من الابل لتکفی الفئام من الناس واللقحة من البقر لتکفی القبیلة من الناس واللقحة من الغنم لتکفی الفخذ من الناس فبیناھم کذلك اذبعث اللّٰہ ریحا طیبة فتاخذھم تحت اٰباطھم فتقبض روح کل مؤمن وکل مسلم ویبقی شرار الناس یتھارجون فیھاتھارج الحمر فعلیھم تقوم الساعة رواہ مسلم الا الروایة الثانیة وھی قولھم نظر حھم بالنھبل الیٰ قوله سبع سنین رواہ الترمذی“

نواس بن سمعانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دجال کا ذکر کیا۔ پھر فرمایا کہ اگر دجال نکلا اور میں تم لوگوں میں موجود ہوا تو تم سے پہلے میں اس کو الزام دوں گا اور تم کو اس کے شر سے بچاؤں گا اور اگر وہ نکلا اور میں تم لوگوں میں موجود نہ ہوا تو ہر مرد مسلمان اپنی طرف سے اس کو الزام دے گا اور حق تعالیٰ میرا خلیفہ اور نگہبان ہے ہر مسلمان پر۔ تحقیق دجال نوجوان گھنگر والے بالوں والا ہے۔ اس کی آنکھ میں ٹینٹ ہے۔ گویا کہ میں اس کی مشابہت دیتا ہوں۔ عبدالعزی بن قطن کے ساتھ (عبدالعزی نامی ایک کافر تھا) سو جو شخص کہ تم میں سے اس کو پاوے تو چاہئے کہ سورۂ کہف کے سرے کی آیتیں اس پر پڑھے۔ مقرر وہ نکلے گا شام اور عراق کے درمیان کی راہ سے تو خرابی ڈالے گا داہنے اور فساد اٹھائے گا بائیں اے خدا کے بندو ایمان پر ثابت رہیو۔

اصحاب بولے یا رسول اللہ اور کس قدر اس کو زمین پر درنگی اور اقامت ہوگی۔ حضرت ﷺ نے فرمایا چالیس دن ان میں سے ایک دن تو سال کے برابر اور دوسرا دن جیسے مہینہ اور تیسرا دن جیسے ہفتہ اور باقی دن جیسے کہ یہی تمہارے دن ہیں۔ اصحاب بولے یا رسول اللہ ﷺ سو وہ دن جو سال کے برابر ہوگا کیسا ہم کو ایک ہی دن کی نماز کفایت کرے گی۔ حضرت ﷺ نے فرمایا کہ نہیں تم اندازہ کر لینا اس دن میں بقدر اس کے۔ اصحاب بولے یا رسول اللہ ﷺ اس کی

شتاب روی زمین میں کیونکر ہوگی۔ حضرت ﷺ نے فرمایا جیسے وہ مینہ جس کو ہوا پیچھے سے اڑاتی ہے۔ سو وہ ایک قوم کے پاس آوے گا تو ان کو کفر کی طرف بلاوے گا۔ سو وہ اس کے ساتھ ایمان لاویں گے تو آسمان کو حکم کرے گا تو وہ پانی برساوے گا اور زمین کو حکم کرے گا تو وہ گھاس اگاوے گی تو شام کو ان کے مویشی آویں گے بنسبت سابق کے دراز کوہان ہوکر اور کشادہ تھن ہوکر اور کوکھیں خوب تن کر یعنی موٹے تازے ہوجاویں گے۔ پھر دجال دوسری قوم کے پاس آوے گا اور ان کو کفر کی طرف بلاوے گا۔ سو وہ اس کے قول کو رد کردیں گے تو ان کی طرف سے ہٹ جائے گا تو ان پر قحط پڑے گا کہ ان کے ہاتھوں میں ان کے مالوں میں سے کچھ باقی نہ رہے گا اور دجال ویران زمین پر نکلے گا اور اس سے کہے گا کہ اے زمین اپنے خزانے نکال تو خزانے اس کے پیچھے پیچھے ہو لیں گے۔ جیسے شہد کی مکھیاں بڑی مکھی کے پیچھے ہولیتی ہیں۔ پھر دجال ایک جوان مرد کو بلائے گا اور اس کو تلوار سے دوٹکرے کرڈالے گا اور ٹکڑے تیر کے مسافت کے قدر دور جا پڑیں گے۔ پھر اس کو بلائے گا تو وہ جوان چہرہ دمکتا ہوا اور ہنستا اس کے سامنے آئے گا۔ پس دجال اسی حال میں ہوگا کہ ناگاہ اللہ تعالیٰ مریم کے بیٹے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بھیجے گا تو وہ دمشق کے شرقی منارہ کے پاس اتریں گے۔ زرد رنگین جوڑا پہنے اپنے دونوں ہاتھ دو فرشتوں کے پروں پر رکھے ہوئے جب وہ سر جھکاویں گے تو پسینا ٹپکے گا اور جب سر اٹھائیں گے تو بہکے گا مثل موتی کے یعنی بدن اور عرق کی شفافی اور صفائی کی وجہ سے موتی کی طرح چمکتا معلوم ہوگا۔ پس جس کافر کو ان کی سانس کی بھاپ لگے گی۔ وہ قطعی مرجاوے گا اور ان کا سانس ان کی نظر کے منتہی تک پہنچے گا۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو تلاش کریں گے۔ یہاں تک کہ لد (کوہ شام) کے دروازے پر اس کو پاویں گے۔ پس اس کو قتل کریں گے۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس وہ لوگ آویں گے۔ جن کو خدا نے دجال سے بچایا۔ سو شفقت سے ان کے چہروں کو سہلاویں گے اور ان کو بہشت کے درجات کی خوشخبری دیں گے۔ سو اسی حال میں ہوں گے کہ ناگاہ اللہ تعالیٰ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حکم دے گا کہ میں نے اپنے ایسے بندے نکالے ہیں کہ کسی کو ان سے لڑنے کی طاقت نہیں سو میرے بندوں کو کوہ طور کی طرف لے جاکر محفوظ رکھو اور اللہ یاجوج ماجوج کو بھیجے گا اور وہ ہر ایک بلندی سے نکل پڑیں گے تو ان کے پہلے لوگ طبرستان کے دریا پر گزریں گے تو جتنا پانی اس میں ہوگا سب پی جاویں گے اور ان کے پچھلے لوگ جب وہاں آویں گے تو کہیں گے کبھی اس دریا میں بھی پانی تھا۔ پھر چلیں گے یہاں تک کہ اس پہاڑ پر پہنچیں گے جہاں درختوں کی کثرت ہے۔ یعنی بیت المقدس کا پہاڑ تو وہ کہیں گے۔ البتہ ہم زمین والوں کو تو قتل کر چکے۔ آؤ اب آسمان والوں کو قتل کریں تو

اپنے تیروں کو آسمان پر ماریں گے۔ سو خدا ان کے تیروں کو خون آلودہ کر ڈالے گا اور خدا کا پیغمبر عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے اصحاب گھرے رہیں گے۔ یہاں تک کہ ان کے نزدیک بیل کا سر افضل ہوگا۔ سو اشرفی سے آج تمہارے نزدیک یعنی کھانے کی نہایت تنگی ہوگی۔ پھر خدا کا پیغمبر عیسیٰ علیہ السلام اور اس کے اصحاب دعا کریں گے۔ سو خدا ان یاجوج ماجوج پر عذاب بھیجے گا۔ ان کی گردنوں میں کیڑا پیدا ہوگا تو صبح تک سب مرجاویں گے۔ ایک جان کا سا مرنا، پھر خدا کا پیغمبر عیسیٰ علیہ السلام اور اس کے اصحاب زمین پر اتریں گے تو زمین میں ایک بالشت برابر جگہ ان کی سڑاند اور گندگی سے خالی نہ پاویں گے۔ یعنی تمام زمین پر ان کی سڑی لاشیں پڑی ہوں گی۔ پھر خدا کا پیغمبر عیسیٰ اور اس کے اصحاب خدا سے دعا کریں گے۔ حق تعالیٰ یاجوج ماجوج پر پرند جانور بھیجے گا۔ جیسے بڑے اونٹوں کی گردنیں سو وہ ان کو اٹھا لے جاویں گے اور ان کو پھینک دیں گے۔ جہاں خدا کو منظور ہوگا۔ (اور ایک روایت میں ہے (یہ روایت ترمذی کی ہے) کہ مقام نہبل میں ان کو پھینک دیں گے اور مسلمان ان کے کمانوں اور تیروں اور ترکشوں سے سات برس تک آگ جلائیں گے) پھر خدا ایسا پانی برسائے گا کہ کوئی گھر مٹی کا اور اون کا باقی نہ رہے گا اور زمین کو دھو کر ایسا صاف کر دے گا۔ جیسے حوض وغیرہ پھر زمین کو حکم ہوگا کہ اپنے پھل اگا اور اپنی برکت دکھا تو اس دن ایک انار کو ایک جماعت کھائے گی اور اس کے چھلکے کو بنگلہ بنا کر اس کے سایہ میں بیٹھیں گے اور دودھ میں اس قدر برکت ہوگی کہ دودھار اونٹنی آدمیوں کے بڑے گروہ کو کفایت کرے گی۔ سو لوگ ایسی حالت میں ہوں گے کہ یکا یک حق تعالیٰ ایک پاک ہوا بھیجے گا کہ ان کے بغلوں کے نیچے لگے گی اور اثر کر جاوے گی تو ہر مؤمن اور ہر مسلم کی روح کو قبض کرے گی اور شریر و بدذات لوگ باقی رہ جاویں گے۔ مرد عورت آپس میں گدھوں کی طرح علانیہ بدکاری کریں گے۔ سو ان پر قیامت قائم ہوگی۔ روایت کیا اس حدیث کو مسلم[1] نے۔

[1] اس حدیث کے تین راوی علی شرط الشیخین ہیں اور تین رواۃ یعنی یحییٰ بن جابر الطا کی وعبدالرحمٰن بن جبیر بن نفیر و جبیر بن نفیر رواۃ مسلم سے ہیں۔ ان میں سے یحییٰ و جبیر بن نفیر تو ایسے ثقہ ہیں کہ ان میں کوئی جرم نہیں ہے۔ اسی لئے میزان میں ان کا ذکر نہیں اور عبدالرحمٰن بن جبیر کی نسبت میزان میں مرقوم ہے۔ ’’ثقة مشهور وثقه ابوذرعة والنسائی وقال ابن سعد ثقة بعضهم يستنكر حديثه‘‘ بہرحال یہ حدیث اعلیٰ درجہ کی صحیح ہے۔

ف...... یہ حدیث چندوجوہ سے مرزاقادیانی کا مسیح موعود ہونا باطل کرتی ہے۔

اوّل...... یہ کہ حدیث سے صاف ثابت ہے کہ نزول مسیح موعود سے پہلے دجال آئے گا۔ جس کے وہ صفات ہوں گے جواس حدیث اور دیگر احادیث میں مذکور ہوئے۔ ابھی تک دجال نہیں آیا اور مرزاقادیانی جوگروہ پادریان کو دجال کا مصداق بناتے ہیں۔ سو یہ صریح البطلان ہے۔ کیونکہ اس حدیث اور دوسری احادیث صحیحہ میں بصراحت موجود ہے کہ وہ دجال ایک مرد معین ہے۔ کافر یہودی، جسیم سرخ جوان بہت گھنگروالے بال داہنی آنکھ کا کانا اور اﷲتعالیٰ کانا نہیں۔ آنکھ اس کی اونچی گویا انگور ہے۔ عبدالعزی بن قطن کے مشابہ اس کی دونوں آنکھوں کے بیچ میں ک ف ر لکھا ہے۔ ہر مؤمن کاتب وغیر کاتب اس کو پڑھ لے گا۔ اس کے ساتھ جنت ودوزخ ہوگی۔ بانجھ ہوگا اس کے اولاد نہ ہوگی۔ مکہ مدینہ میں نہ داخل ہوگا۔ وہ کہے گا میں تمہارا رب ہوں اور رب کو نہ دیکھو گے۔ جب تک کہ نہ مرو گے۔ چالیس دن زمین میں رہے گا ایک دن ایک سال کے برابر اور ایک دن ایک ماہ کے برابر اور ایک دن ایک ہفتہ کے برابر اور باقی دن تمہارے دنوں کی طرح۔ چال اس کی ابر کی سی ہوگی۔ ایک قوم کے پاس آئے گا پھر ان کو بلائے گا تو وہ اس پر ایمان لائیں گے۔ پس حکم کرے گا آسمان کو تو آسمان مینہ برسائے گا اور حکم کرے گا زمین کو تو وہ اگائے گی پھر ان کے مویشی بہت موٹے اور بہت دودھ دینے والے اور سیر ہو جائیں گے۔ پھر آئے گا دوسری قوم کے پاس پھر ان کو بلائے گا تو وہ اس کی بات نہ مانیں گے تو پھر جائے گا وہ ان سے پھر ان سے مینہ کا برسنا موقوف ہو جائے گا اور زمین خشک ہو جائے گی۔ ان کے ہاتھ میں کچھ مال نہ رہے گا اور گزرے گا ویرانہ پر پھر اس سے کہے گا نکال اپنے خزانے پس خزانے پیچھے اس کے ہو جائیں گے۔ جیسا کہ شہد کی مکھیاں اپنے بادشاہ کے پیچھے چلتی ہیں۔ پھر بلائے گا ایک مرد جوان کو پھر تلوار سے اس کے دوٹکڑے کر کے تیر کے نشانہ کے فاصلہ پر پھینک دے گا۔ پھر اس کو بلائے گا تو وہ زندہ ہوکر آئے گا کہ چہرہ اس کا روشن ہوگا۔ ہنستا ہوا۔ حدیث متفق علیہ میں ہے کہ اس کے پاس ایک مرد آئے گا اور وہ بہترین مردم ہوگا اور دجال سے کہے گا میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک تو دجال ہے جس کی خبر رسول اﷲﷺ نے ہم کو دی ہے۔ دجال لوگوں کو مخاطب کر کے کہے گا بھلا بتاؤ تو اگر میں اس کو مار ڈالوں پھر زندہ کروں تو میرے خدا ہونے میں اس کو شک رہے گا۔ لوگ کہیں گے نہیں۔ پس مار ڈالے گا وہ اس کو پھر اس کو زندہ کرے گا۔ پھر وہ شخص کہے گا کہ اب تو مجھ کو تیرے دجال ہونے کی اور زیادہ بصیرت ہوگئی۔ پھر دجال اس کے قتل کا ارادہ کرے گا تو قتل نہ کر سکے گا۔ ان سب امور پر حدیث مذکور اور احادیث ذیل دلالت کرتی ہیں۔

’’عن انس[۱] قال قال رسول اللهﷺ ما من نبی الاقد انذر امته الا عور الكذاب الا انه اعوروان ربکم لیس باعور مكتوب بين عينيه ك ف ر متفق عليه۔

وعن عبدالله قال قال رسول اللهﷺ ان الله لا يخفے عليكم ان الله تعالیٰ ليس باعور وان المسيح الدجال اعور عين اليمنے كأن عينه عنبة طافئة متفق عليه۔

وعن ابی هريرة قال قال رسول اللهﷺ الا احدثكم حديثا عن الدجال ماحدث به نبی قومه انه اعور وانه يجئ معه بمثل الجنة والنار فالتی يقول انها الجنة هی النار وانی انذركم كما انذر به نوح قومه متفق عليه۔

وعن حذيفة عن النبیﷺ قال مكتوب بين عينيه كافر يقرأه كل مؤمن كاتب وغير كاتب۔

وعن ابی سعيد الخدری قال قال رسول اللهﷺ يأتی الدجال وهو محرم عليه ان يدخل نقاب المدينة فينزل بعض السباخ التی تلی المدينة فيخرج اليه رجل وهو خير الناس اومن خيار الناس فيقول اشهد انك الدجال الذی حدثنا رسول اللهﷺ حديثه فيقول الدجال ارايتم ان قتلت هذا ثم احييته هل تشكون فی الامر فيقولون لا فيقتله ثم يحييه فيقول والله ما كنت فيك اشد بصيرة من اليوم فيريد الدجال ان يقتله فلا يسلط عليه متفق عليه۔

وعن ابی هريرةؓ عن رسول اللهﷺ قال ياتی المسيح من قبل المشرق همته المدينة حتے ينزل دبراحدثم تصرف الملائكة وجه قبل الشام وهنالك يهلك متفق عليه۔

[۱] ان سب حدیثوں میں علامات دجال مذکورہ بالا کا بیان ہے۔اس لئے ترجمہ کی ضرورت نہ سمجھی۔

وفی حدیث فاطمة بنت قیس فاذا فیه اعظم النسان مارایناه قط خلقا وفیه فلا ادع قریة الا هبطتها فی اربعین لیلة غیر مکة وطیبة هما محرمتان علے کلتا هما رواه مسلم۔

وفی حدیث عبدالله بن عمران رسول اللهﷺ قال الحدیث وفیه ثم اذا انا برجل جعد قطط اعور العین الیمنے کأن عینه عنبة طافئة کاشبه من رأیت من الناس بابن قطن واضعاً یدیه علے منکبے رجلین یطوف بالبیت فسالت من هذا فقالوا هذا المسیح الدجال متفق علیه۔

وفی روایة قال فی الدجال رجل احمر جسیم۔

وقال ابن شهاب واخبرنے عمر بن ثابت الانصاری انه اخبره بعض اصحاب رسول اللهﷺ ان رسول اللهﷺ قال یوم حذر الناس الدجال انه مکتوب بین عینیه کافر یقرؤه من کره عمله اویقرؤه کل مؤمن وقال تعلموا انه لن یری احدمنکم ربه عزوجل حتیٰ یموت رواه مسلم۔

وفی حدیث ابی سعید قال صحبت ابن صاعد الیٰ مکة فقال لے امالقیت من الناس یزعمون انی الدجال الست سمعت رسول اللهﷺ یقول انه لا یولد له قال قلت بلی قال فقد ولدلیٰ اولیس سمعت رسول اللهﷺ یقول لا یدخل المدینة ولا مکة قلت بلی قال فقد ولدت بالمدینة وهذا انا ارید مکة رواه مسلم وفی روایة الم یقل نبی اللهﷺ انه یهودی وقد اسلمت وفی روایة الیس قد قال رسول اللهﷺ هو کافر وانا مسلم اولیس قد قال رسول اللهﷺ عقیم لا یولد له وقد ترکت ولدی بالمدینة‘‘

وجہ دوم...... حدیث ابن سمعان کے یہ الفاظ’’اذ بعث الله المسیح بن مریم فینزل عند المنارة البیضاء شرقی دمشق بین مهروذتین واضعاکفیه علی اجنحة ملکین اذا طاطأراسه قطر واذا رفعه تحدرمنه مثل جمان کا للؤلؤ فلا یحل لکافر یجد من ریح نفسه الامات ونفسه ینتهی حیث ینتهی طرفه فیطلبه حتیٰ یدرکه بباب لد فیقتله‘‘مرزاغلام احمد قادیانی کا مصداق مسیح بن مریم ہونا باطل کرتے ہیں۔

وجہ سوم...... اس حدیث مذکور سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں خروج یاجوج وماجوج بصفت خاصہ ثابت ہوتا ہے۔ یہ بات بھی مرزا قادیانی کے زمانہ میں اب تک مفقود ہے اور نہ ان کے زمانہ میں اس کے وقوع کی امید ہے۔

وجہ چہارم...... اس حدیث میں چار مقام پر مسیح موعود کے لئے لفظ نبی اللہ کا آیا ہے۔ پس اگر اپنے آپ کو نبی اللہ کہتا ہے تو یہ مخالف ہے۔ آیہ کریمہ ''ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النبیین'' اور حدیث ''وانا خاتم النبیین'' کی یہ متفق علیہ ہے اور اگر اپنے آپ کو نبی اللہ نہیں کہتا تو مسیح موعود کا مصداق نہ ہوا۔

دلیل ہفتم، ہشتم، نہم...... مرزا قادیانی کے مسیح موعود نہ ہونے کی یہ حدیث ہے۔ تفسیر ابن کثیر میں ہے۔ ''قال[۱] الامام احمد حدثنا عفان حدثنا ھمام انبانا قتادۃ عن عبدالرحمن عن ابی ھریرہؓ ان النبی ﷺ قال الانبیاء اخوۃ العلات امھاتھم شتّٰی ودینھم واحد وانی اولیٰ الناس بعیسیٰ بن مریم لانہ لم یکن نبی بینی وبینہ وانہ نازل فاذا رایتموہ فاعرفوہ رجل مربوع الیٰ الحمرۃ والبیاض علیہ ثوبان ممصران کأن راسہ یقطروان لم یصبہ بلل فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ ویدعوا الناس الیٰ الاسلام ویھلک اللّٰہ فی زمانہ الملل کلھا الا الاسلام ویھلک اللّٰہ فی زمانہ المسیح الدجال ثم تقع الامانۃ علےٰ الارض حتیٰ ترتع الاسود مع الابل والنمار مع البقر والذئاب مع الغنم ویلعب الصبیان بالحیات لا تضرھم فیمکث اربعین ثم یتوفی ویصلے علیہ المسلمون وکذا رواہ ابوداؤد عن ھدبۃ بن خالد عن ھمام بن یحییٰ انتھی وقال الحافظ فی فتح الباری رواہ ابوداؤ دباسناد صحیح''

[۱] اس حدیث کے سب روات رجال صحیحین ہیں۔ سوائے عبدالرحمٰن ابن آدم کے کہ وہ ایسا ثقہ ہے کہ کسی نے اس میں جرح نہیں کی۔ اسی لئے میزان میں اس کا ذکر نہیں ہے۔ اور قتادہ ابن دعامہ اگرچہ وہ مدلس ہے۔ لیکن اس کے ساتھ سب اصحاب صحاح نے اجماع کیا ہے۔ میزان میں ہے۔ احتج بہ اصحاب الصحاح والاسیما اذا قال حدثنا اور حافظ نے فتح الباری میں اس حدیث ابی داؤد کو صحیح کہا ہے۔

ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ تحقیق نبیﷺ نے فرمایا کہ سب انبیاء علاتی بھائی ہیں کہ ان کی مائیں یعنی فروعی احکام ان کے مختلف ہیں اور اصل دین ان کا ایک ہی ہے۔ یعنی توحید وایمانیات ودعوت الیٰ الحق میں متفق ہیں اور میں قریب تر ہوں۔ عیسیٰ بن مریم کے اس لئے کہ میرے اور ان کے درمیان کوئی نبی نہیں اور بے شک وہ اترنے والے ہیں۔ جب تم ان کو دیکھو تو ان کی پہچان یہ ہے کہ ایک مرد میانہ قد گندم گون رنگین کپڑے پہنے ہوئے ہے۔ گویا ان کے سر سے قطرے ٹپکتے ہوں گے۔ اگرچہ تری نہیں پہنچی پس صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر کو ہلاک کریں گے اور جزیہ اٹھادیں گے اور لوگوں کو اسلام کی طرف بلائیں گے اور اللہ ان کے زمانہ میں سوائے اسلام کے سب مذاہب کو نیست ونابود کردے گا اور اللہ ان کے ہی زمانہ میں مسیح دجال کو ہلاک کرے گا تو کل زمین میں امن ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ شیر اونٹ کے ساتھ اور چیتا گائے کے ساتھ اور بھیڑیا بکری کے ساتھ مل کر ایک جگہ چریں گے اور لڑکے سانپوں کے ساتھ کھیلیں گے تو ان کو کچھ گزند نہیں پہنچائیں گے۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام چالیس برس کی (عمر) میں وفات پائیں گے اور ان پر مسلمان جنازے کی نماز پڑھیں گے۔ یہ حدیث تین وجوہ سے علاوہ وجوہ مذکورہ کے مرزا قادیانی کا مسیح موعود ہونا باطل کرتی ہے۔

اوّل...... یہ کہ اسی حدیث میں تصریح اس امر کی ہے کہ آنے والا مسیح وہی نبی بنی اسرائیل عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ جن کے اور ہمارے حضرتﷺ کے درمیان کوئی نبی نہیں ہوا۔ نہ کوئی مثیل۔

دوم...... یہ کہ مسیح موعود کے زمانے میں سب مذاہب سوائے اسلام کے ہلاک ہو جائیں گے اور مرزا قادیانی کے زمانہ میں دوسرے مذاہب بھی بڑے شدومد کے ساتھ موجود ہیں۔

سوم...... مسیح موعود کے زمانے میں شیر اونٹوں کے ساتھ اور چیتے گائے بیلوں کے ساتھ اور بھیڑئے بکریوں کے ساتھ چریں گے اور بچے سانپوں کے ساتھ کھیلیں گے۔ سانپ ان کو ضرر نہ پہنچائیں گے۔ مرزا قادیانی کے زمانہ میں یہ امر مفقود ہے۔

دلیل دہم...... یہ حدیث ہے۔ ’’قال احمد حدثنا هشيم عن العوام بن حوشب عن جبلة بن سحيم عن موثر بن غفارة عن ابن مسعود عن رسول اللهﷺ قال لقيت ليلة اسرى بى ابراهيم وموسىٰ وعيسىٰ عليهم السلام فتذاكروا امر الساعة فردوا امرهم الىٰ ابراهيم فقال لا علم لى بها فردوا امرهم الىٰ موسىٰ فقال لا علم لى بها فردوا امرهم الىٰ عيسىٰ قال اما وجبتها فلا يعلم بها احد الا الله وفيما عهد الىّ ربى عزوجل ان الدجال خارج ومعى قضيبان فاذا

رأنی ذاب کما یذوب الرصاص الحدیث وفیه ففیما عهد الیّٰ ربی عزوجل ان ذلك اذا کان کذلك ان الساعة کالحامل المتم لا یدری اهلها متی تفاجئهم لولا دها لیلا اونهارا رواه ابن ماجه عن محمد بن بشارعن زید ابن هارون عن العوام بن حوشب به نحوه‘‘

ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ شب معراج میں ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام سے میری ملاقات ہوئی تو قیام قیامت کا ذکر آ گیا کہ کب ہوگی۔ سب نے اس سوال کو ابراہیم علیہ السلام کی خدمت میں پیش کیا تو ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ مجھ کو قیامت کے وقت کا کچھ علم نہیں۔ پھر اس سوال کو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر پیش کیا تو انہوں نے بھی کہا کہ اس کا مجھ کو کچھ علم نہیں۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر پیش کیا تو انہوں نے کہا کہ قیامت کا عین وقت وقوع تو سوائے خدا کے کوئی نہیں جانتا۔ لیکن اللہ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ دجال نکلنے والا ہے اور میرے ہاتھ میں دو چھڑی ہوں گی۔ پس جب وہ مجھ کو دیکھے گا تو پگھلنے لگے گا۔ جیسے سیسا پگھلتا ہے۔ آخر حدیث تک اور اس میں یہ بھی ہے کہ مجھ سے اللہ نے وعدہ کیا ہے کہ جب یہ واقعات ہو چکیں گے تب قیامت ایسی جلدی آئے گی۔ جیسے پورے دنوں کی حاملہ کہ اس کے گھر والے نہیں جانتے ہیں کہ رات یا دن کو کس وقت ناگاہ بچہ پیدا ہو جائے گا۔

اس حدیث کے سب رجال رجال شیخین ہیں۔ سوائے موثر بن غفارہ کے کہ وہ ایسا ثقہ ہے کہ اس میں کوئی جرح نہیں ہے۔ اس لئے میزان میں اس کا ذکر نہیں ہے۔ ہاں ایک علت اس میں ہے وہ یہ ہے کہ ہشیم مدلس ہے اور یہاں عن کے ساتھ روایت کی ہے۔ لیکن چونکہ متابع اس کا یزید بن ہارون موجود ہے۔ اس لئے تدلیس کچھ ضرر نہیں کرتی ہے۔ اس حدیث سے بھی صاف معلوم ہوتا ہے کہ مسیح جو آنے والے ہیں وہ وہی عیسیٰ نبی بنی اسرائیل ہیں نہ کوئی مثیل ان کا۔

دلیل یازدہم...... ’’عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ والذی نفسی بیده لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویفیض المال وحتیٰ لا یقبله احد حتیٰ تکون السجدة والواحدة خیرا من الدنیا وما فیها متفق علیه‘‘

ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھ کو اس ذات پاک کی قسم ہے۔ جس کی قبضۂ قدرت میں میری جان ہے کہ البتہ تحقیق عنقریب ابن مریم تم میں حاکم عادل ہو کر اتریں گے تو صلیب توڑیں گے اور خنزیر کو ہلاک کریں گے اور جزیہ کو اٹھا دیں گے اور مال کی کثرت

ہوگی۔ یہاں تک کہ اس کو کوئی قبول نہ کرے گا۔ یہاں تک کہ ایک سجدہ دنیا ومافیہا سے بہتر ہوگا۔ روایت کیا اس حدیث کو امام بخاری ومسلم نے اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مسیح موعود کے زمانے میں مال اس قدر کثرت سے ہوگا کہ کوئی قبول نہ کرے گا اور ایک سجدہ بہتر ہوگا دنیا ومافیہا سے یہ دونوں باتیں مرزاقادیانی کے زمانے میں اب تک پائی نہیں گئیں اور نہ ان کے زمانے میں پائی جانے کی امید ہے۔

ابوہریرہؓ کی ایک متفق علیہ حدیث میں یہ لفظ ہے۔ ’’وحتیٰ یکثر فیکم الاموال فیفیض حتیٰ یھم رب المال من یقبل صدقة وحتی یعرضه فیقول الذی یعرضه علیه لا ارب لی به ‘‘مسلم کی ایک راوایت کے یہ لفظ ہیں۔ ’’لا تقوم الساعة حتیٰ یکثر المال ویفیض حتیٰ یخرج الرجل زکوٰة ماله فلا یجد احدا یقبلها‘‘ مسلم کی دوسری روایت میں ہے۔ ’’تقی الارض افلا ذکبدها امثلا الا سطوانة من الذهب والفضة فیجئ القاتل فیقول فی هذا قتلت ویجئ القاطع فیقول فی هذا قطعت رحمی ویجئ السارق فیقول فی هذا قطعت یدی ثم یدعونه فلا یاخذون منها شیئا وان حارثة ابن وهب قال قال رسول اللهﷺ تصدقوا فانه یأتی علیکم زمان یمشے الرجل بصدقته فلا یجد من یقبلها یقول الرجل لوجئت بها بالامس لقبلتها فاما الیوم فلا حاجة لی بها متفق علیه‘‘

یہ سب حدیثیں حدیث اوّل کی تفسیر واقع ہوئی ہیں۔ یہاں سے معلوم ہوا کہ مرزاقادیانی کے مریدوں کی یہ تاویلیں کہ علم کے خزانے بہیں گے یا مال سے وہ روپیہ مراد ہے جو مرزاقادیانی کے اشتہارات میں مذکور ہے کہ جو کوئی براہین احمدیہ یا سرمۂ چشم آریہ وغیرہ وغیرہ کا جواب لکھے۔ ان کو اس قدر روپیہ دیا جائے گا۔ کس قدر پوچ ولچر وبیہودہ ہیں۔

دلیل دوازدہم...... مسلم کی ایک روایت میں یہ لفظ ہے۔ ’’ولیترکن القلاص فلا یسعٰی علیها ولتذهبن الشحناء والتباغض والتحاسد ‘‘اور (ابن مریم کے زمانے میں) جوان اونٹ چھوڑ دیئے جائیں گے۔ پس ان سے کوئی کام نہ لیا جائے گا اور کینہ اور بغض اور حسد نہ رہے گا۔ اس روایت سے معلوم ہوا کہ مسیح موعود کے زمانے میں جوان اونٹ چھوڑ دیئے جاویں گے۔ نہ ان پر سواری کی جائے گی اور نہ کسی اور کام میں لگائے جائیں گے اور عداوت وبغض وحسد باقی نہ رہے گا۔ یہ بات مرزاقادیانی کے زمانے میں پائی نہیں جاتی ہے۔

دلیل سیزدہم...... ابن سمعان کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مسیح موعود کے زمانے میں اس قدر

برکت ہوگی کہ ایک انار ایک جماعت کے لئے کافی ہوگا اور اس کے چھلکے کے سایہ میں ایک جماعت سایہ لے گی اور دودھ میں اس قدر برکت ہوگی کہ ایک اونٹنی ایک بڑی جماعت کے لئے کافی ہوگی اور ایک گائے ایک بڑے قبیلہ کے لئے اور ایک بکری چھوٹے قبیلہ کے لئے اور مرزاقادیانی کے زمانے میں ان میں سے کچھ بھی نہیں ہے۔

قولہ...... ’’پس بموجب حکم ان سب مقدمات مسلمہ کے۔‘‘

اقول...... یہ سب مقدمات تو آپ کے تارعنکبوت تھے۔ ہباء منثورا ہوگئے۔ اب بموجب اپنے وعدہ کے ثالث مقرر کر کے یا خود خوف خدا کر کے رجوع فرمایئے۔

قولہ...... ’’پس بموجب اس تاویل صحیحہ اور تفسیر حقہ کے اس شعر کا مضمون بہت راست ودرست معلوم ہوتا ہے۔‘‘

اقول...... اب تو معلوم ہوگیا کہ وہ تاویل آپ کی غلط اور تفسیر مردود ہے تو مضمون شعر وہی گستاخی اور بے ادبی رہا۔ بلکہ یہ دوسری گستاخی اور بے ادبی آپ کی ثابت ہوگئی اور مرزاقادیانی کا اس میں حصہ بھی ہوگیا اور عاجز نہایت درجہ فروتنی سے اپنے کو اپنے خدا کا بہت کمزور اور ادنیٰ درجہ کا ذلیل بندہ گندہ جان کر اور اﷲتعالیٰ نے جو احقر کو خبر دی ہے۔ اس کا اﷲتعالیٰ ہی پر بھروسہ کر کے اور اپنے مولا کی خبر پر یقین کامل کر کے آپ کو بشارت سناتا ہے۔ کہ آپ کے فرضی مسیح کو مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب مدظلہم کی سب وشتم اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اس گستاخی کا عوض بہت جلد ملنے والا ہے اور جہاں تک اس عاجز کو اس کے مولا نے علم دیا ہے۔ وہ یہ ہے کہ وہ کسی سخت بلائے جسمی میں مبتلا ہووے اور جلد ہووے۔ واﷲ غالب علی امرہ ولکن اکثر الناس لا یعلمون الٰہی تبت من کل المعاصی استغفرک واتوب الیک ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب

تـــــــمـــــــت

نوٹس منجانب خاکسار

اے مسلمانان ہر دیار وامصار اے میرے دین اور وطن کے بھائیو! اے میرے پیارے رسول محبوب رب العالمین ﷺ کے پیارو گوتم کو کوئی کیسا ہی حقیر سمجھے۔ مگر تمہاری وہ قدرومنزلت کسی طرح کم نہیں ہوسکتی کہ تم کو اﷲتعالیٰ نے اپنے آخرالزمان پیغمبر ﷺ کی امت ہونے کے لئے پسند کرلیا اور اسی سبب سے گوتم کسی حال میں ہو۔ مگر جب تک تم میں یہ صفت باقی ہے۔ شیطان تمہارا اور تم شیطان کے دشمن ہی رہوگے اور یہی وجہ ظاہر اس بھید کی ہے کہ تم پر

اندرونی اور بیرونی حملے ہمیشہ ہوتے رہتے ہیں اور ہوتے رہیں گے۔ اے عزیزو! تم اکثر میرے حال اور مزاج سے واقف ہو۔ میں بھی تمہارا ایک ادنیٰ خادم ہوں اور میری خدمتوں سے بھی تم کسی نہ کسی قدر واقف ہو گو۔ تم مجھ کو پسند کرو یا ناپسند۔ مگر مجھ کو اپنی قوت وحال کے موافق اسلام واہل اسلام کی خدمت سے دریغ نہیں۔

یہ عرضداشت محض برائے ہمدردی اپنے برادران سابقہ بخدمت جناب مرزغلام احمد قادیانی اوران کے سلسلہ کے تمام بھائیوں کے لئے لکھتا ہوں۔ خاص کر جن اصحاب سے میں اور مجھ سے وہ واقف ہیں۔ ان سے میرا خطاب خاص ہے۔ جیسے جناب حکیم نورالدین صاحب ومولوی محمد احسن صاحب ومولوی محمد ٹونکی صاحب وحافظ محمد یوسف صاحب واحباب لاہور وغیرہ اگر آپ صاحب میری اس درخواست کو حقیر جان کر توجہ نہ فرمائیں گے تو یہ امر آخر ہے۔ مگر ذرا بھی توجہ کریں تو اس کا جواب واجب ولازم ہے۔ جناب مرزا قادیانی کی تصنیفات میں سے میں نے براہین احمدیہ، فتح الاسلام، توضیح مرام، ازالہ اوہام، اور مولوی محمد احسن صاحب (قادیانی) کے حصص اعلام الناس تا الحق دیکھے اور اس وقت میں میرے نزدیک مرزا قادیانی نے سخت غلطی کی اور بہت بے جا طور سے ایک پرانے جھگڑے کو جو مر چکا تھا۔ اسلام میں کھڑا کر دیا۔ جس سے مسلمانوں کو بہت نقصان پہنچنے کا خیال ہے اور فائدہ کچھ نہیں۔ اگرچہ مرزا قادیانی اوران کے اتباع نے نہایت زور سے لکھا ہے کہ اسلام میں کسی نے آج تک مثیل مسیح ہونے کا دعویٰ اس طرح نہیں کیا۔ جس طرح مرزا قادیانی نے کیا ہے مگر یہ فرمانا ان صاحبوں کا علم تاریخ سے غفلت کا سبب ہے اور الہام ہو تو وہ بھی غلط کیونکہ ایسا دعویٰ پہلے بھی کیا گیا ہے۔ بسبب کمی گنجائش کے صرف ایک نمونہ پیش کرتا ہوں۔ امام ابن تیمیہ کتاب بغیۃ المرتاد میں لکھتے ہیں۔ ’’قال شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ فی کتابه بغیة المرتاد فی رد القائلین بالحلول والاتحاد مالفظه هذا او قد کان عندنا بد مشق الشیخ المشهور الذی یقال له ابن هود وکان من اعظم من رایناه من هؤلاء الاتهادیة زهد او معرفة وریاضة وکان من اشد الناس تعظیماً لا بن سبعین ومفضلا له عنده علی ابن عربی وغلامه ابن اسحق واکثر الناس من الکبار والصغار کانوا یطیعون امره وکان اصحابه الخواص به یعتقدون فیه انه اعنے ابن هود المسیح بن مریم ویقولون ان امه کان اسمها مریم وکانت نصرانیة ویعتقدون قول النبی ﷺ ینزل فیکم ابن مریم هو هذا وان روحانیة عیسیٰ تنزل علیه وقد ناظرنی فی ذلک من

كان افضل الناس عندهم اذ ذاك معرفة بالعلوم الفلسفية وغيرها مع دخوله في الزهد والتصوف وجرىٰ لهم في ذلك مخاطبات ومناظرات يطول ذكرها جرت بيني وبينهم حتىٰ بينت لهم فساد دعوٰهم بالا حاديث الصحيحة الواردة في نزول المسيح وان ذلك الوصف لا ينطبق علےٰ هذا وبينت فساد ماد خلوا فيه من القرمطة حتىٰ ظهرت مباهلتهم وحلفت لهم ان ما ينتظرونه من هذا الرجل لا يكون ولا يتم وان الله لا يتم امرهذا الشيخ فابر الله تلك الاقسام والحمد لله رب العلمين‘‘

ہمارے پاس شہر دمشق میں ایک بڑا شیخ مشہور تھا۔ جس کو ابن ہود کہتے تھے اور فرقہ صوفیہ اتحادیہ یعنی وحدت وجودیہ جن کو ہم نے دیکھا ان میں وہ ایک بڑا پرہیزگار اور معرفت اور ریاضت میں یگانۂ روز تھا اور ابن سبعین کی بہت تعظیم کرتا اور اس کو اپنے زعم میں ابن عربی اور اس کے غلام ابن اسحاق پر فضیلت دیتا تھا اور بہت سے بڑے اور چھوٹے سب اس کے حکم کی اطاعت کرتے تھے اور اس کے مریدان خاص اس کے حق میں یہ اعتقاد کرتے تھے کہ ابن ہود مسیح ابن مریم موعود ہے اور کہتے تھے اس کی ماں کا نام بھی مریم ہے اور وہ نصرانیہ تھی اور نسبت حدیث آنحضرتﷺ کی کہ اترے گا تم میں ابن مریم علیہ السلام۔ ان کا یہ عقیدہ تھا کہ وہ یہی ابن ہود ہے اور اس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی روحانیت نازل ہوتی ہے اور مجھ سے مناظرہ کیا۔ اس کی طرف سے اس بارہ میں اس شخص نے جوان لوگوں کے نزدیک اس وقت میں فلسفہ وغیرہ میں سب سے افضل تھا اور علاوہ اس کے زہد وتصوف میں بھی دخل رکھتا تھا اور اس معاملہ میں ان سے کئی مباحثے اور مناظرے واقع ہوئے کہ ان سب کا ذکر کرنے سے طول ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ میں نے ان کے دعوے کا بطلان ان احادیث صحیحہ سے اچھی طرح بیان کر دیا۔ جو نزول عیسیٰ علیہ السلام میں آئی ہیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وہ وصف اور نشان اور علامات بیان کر دیئے۔ جو ابن ہود پر ٹھیک ودرست نہیں آتے اور میں نے ان کو فساد اور خرابی ان کے قرمطہ (یعنی نیچریت) کی جس کو انہوں نے اپنے عقیدہ میں داخل کر لیا تھا۔ وضاحت وصراحت سے بیان کر دی۔ یہاں تک کہ میرا اور ان کا مباہلہ ٹھہرا اور میں نے ان سے حلف اٹھا کر کہہ دیا کہ جن باتوں کا تم انتظار کرتے ہو ہرگز ہرگز پوری نہ ہوں گی اور نہ کچھ اس کا اچھا نتیجہ ظاہر ہوگا اور یہ ڈھکوسلا اور جھوٹا دعویٰ اس شیخ کا پورا نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے میری ان سب قسموں کو سچا کیا (اور وہ خوار وذلیل ہوئے) والحمدللہ رب العالمین۔

پس یہ حملہ اسلام پر پہلے بھی لوگ کر چکے ہیں۔ مگر اسلام اور اہل اسلام نے فتح پائی اور اللہ تعالیٰ کی ذات پاک سے اب پوری اور کامل امید ہے کہ اسلام کا بول بالا ہوگا اور اہل اسلام ضرور فتح یاب ہوں گے اور چند عرصہ کے بعد ابن ہود کی طرح مرزا قادیانی کو بھی لوگ بھول جائیں گے۔ مگر مرزا قادیانی سے چونکہ عاجز کی قدیم ملاقات ہے اور ان کے بعض اتباع سے بھی اس لئے اس عاجز کو یہ خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ مرزا قادیانی کو توبہ نصیب کرے یا اللہ بطفیل اپنے حبیب سید المرسلین شفیع المذنبینﷺ کے مرزا قادیانی کو تو صراط مستقیم پر لے آ اور اس نازک وقت میں مسلمانوں کو اس فتنہ سے نجات دے۔ آمین! اے میرے رب جلیل بے شک تیرا کوئی کام حکمت سے خالی نہیں ہے تو ضرور اپنی حکمت بالغہ سے ہمیشہ اپنے بندوں کو آزماتا رہا ہے۔ مگر اے ارحم الرحمین تو اپنے عام فضل اور وسیع رحمت اور رحمۃ للعالمین کی برکت سے ہم کو اس آزمائش سے معاف کردے تو نے بے شک ہماری مدد کی اور کرتا ہے اور کرے گا مگر ہم آزمائش کے لائق نہیں۔ ’’ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وھب لنا من لدنك رحمة انك انت الوھاب‘‘ جس وقت مرزا قادیانی دہلی میں آئے تھے اس وقت میں نے بہت چاہا کہ مرزا قادیانی دوستانہ طور پر گفتگو کر کے اس امر کا فیصلہ کریں۔ مگر مرزا قادیانی نے سوائے ناجائز عذر اور ترکیبی ٹال مٹول اور بے سود چالوں کے کوئی بات نہ کی باوجودیکہ میں بار بار ان کی خدمت میں گیا اور مکرر سہ کرر نوٹس بھی دیئے۔ مگر مرزا قادیانی کو گفتگو کی جرأت نہ ہوئی۔ ناچار ان کی خدمت کرنی پڑی۔ چنانچہ بفضلہ تعالیٰ وتقدس ان کے تمام رسائل کے جواب سے اہل اسلام سبکدوش ہوئے اور طبع ہونے بھی شروع ہوگئے۔ مگر قبل از اشاعت پھر اس کے ذریعہ سے تمام اتباع ومعتقدین مرزا قادیانی کو اطلاع دی جاتی ہے کہ کوئی بھی تم میں ایسا ہے کہ باہمی گفتگو اخلاق کے ساتھ کچھ دنوں کرسکے یا ابن ہود کی طرح مرزا قادیانی کو مناظرہ یا مباہلہ پر آمادہ کرے۔

الیس منکم رجل رشید!

قطعہ تاریخ از نتائج طبع سرآمد شاعران محمد سردار خان صاحب کیفی دہلوی سلمہ اللہ الولی

آیا غلام احمد بن کر مسیح کاذب
یہاں بھی دکھائی آکر تہذیب قادیانی
سننے کا ہزل وبطلان کفارہ تھا مناسب
تھی واعظوں پہ واجب تغریب قادیانی
اس وجہ سے جناب عبدالمجید صاحب
اٹھے ادھر سے بھرتادیب قادیانی
لکھی کتاب رد میں جب اس کی یہ تو کیفی
ازروئے بحث بولا تکذیب قادیانی

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

شفاء للناس

حضرت مولانا محمد عبداللہ شاہجہانپوری رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

الحمد للّٰہ الذی لا الہ الا ھو نحمدہ ونستعینہ ونستغفرہ ونؤمن بہ ونتوکل علیہ ونعوذ باللّٰہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یھدہ اللّٰہ فلا مضل لہ ومن یضلل فلا ھادی لہ واشھد ان لا الہ الا اللّٰہ وحدہ لا شریک لہ وان محمد اعبدہ ورسولہ وان عیسیٰ عبداللّٰہ ورسولہ وکلمۃ القاھا الیٰ مریم وروح منہ صلوٰۃ اللّٰہ وسلامہ علیھما وعلی جمیع الانبیاء والمرسلین وعلی عبادہ الصالحین ۰ اما بعد!

یہ عاجز احقر عباد اللہ عبداللہ بن العالم الالمعی والفاضل التقی، جامع علوم نقلیہ وعقلیہ نیک سیرت، محبّ سنت از بدعات مجتنب، منعوت بافواہ الحاضر والغائب، ولی اللہ فیما احسب مفضل بفضل معنوی وصوری استاذی مولوی محمد کفایت اللہ صاحب لازالت ظلال افاضاتہ علی رؤسنا ممدودۃ شاہجہانپوری خدمت میں اخوان مؤمنین کے عرض پرداز ہے کہ اس وقت میں ہوا پرستی اور احکام الٰہی کے بجالانے میں سستی ایسی آگئی ہے کہ بیان سے باہر اور تقویٰ اور دیانت سے دوری اور صدق وامانت سے مہجوری ایسی ہوگئی ہے کہ حد سے بڑھ کر اور شرور وفساد اور فتن وعناد کا ایسا دروازہ کھلا ہے کہ جس سے شیاطین جن کو چنداں حاجت تکلیف اٹھانے کی نہ رہی اور ایسے دجل پیشہ اور تضلیل وتلبیس شیوہ لوگ ہونے لگے۔ جس سے ابلیس کو بھی راحت ہوگئی۔ دجالین پیدا ہوکر خلق اللہ کو گمراہ کرنے لگے دعاوی باطلہ کا دم بھرنے لگے۔ جھوٹی جھوٹی باتوں کو شائع کرنے لگے۔ یہ وہی وقت معلوم ہوتا ہے جس کی خبر مخبر صادق علیہ السلام نے پہلے ہی سے دی ہے: ’’یکون فی آخر الزمان دجالون کذابون یأتونکم من الاحادیث بما لم تسمعوا انتم ولا اباء کم وایاھم لا یضلونکم ولا یفتنونکم اخرجہ مسلم عن ابی ھریرۃ مرفوعا‘‘ یعنی آخر زمانہ میں دجالین کذابین ہوں گے۔ تم کو ایسی باتیں سنائیں گے جو نہ کبھی تم نے سنیں نہ تمہارے باپ داداوں نے تو تم ان سے بچو کہیں۔ تم کو گمراہ نہ کردیں اور آفت میں نہ ڈال دیں۔ یہ صحیح مسلم کی حدیث ہے اور ایک حدیث میں یوں فرمایا: ’’سیکون فی امتی کذابون ثلاثون کلھم یزعم انہ نبی وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی (اخرجہ ابوداؤد والترمذی وصححہ ابن حبان کما فی الفتح)‘‘ یعنی میری امت میں تیس بڑے جھوٹے ہوں گے۔ ہر ایک اپنے آپ کو نبی کہے گا اور میں سب نبیوں کا پچھلا ہوں کوئی میرے بعد نبی نہیں۔ اس حدیث کو ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا اور ابن حبان نے اس حدیث

کو صحیح کہا۔ چنانچہ اس وقت میری نظر سے ایک رسالہ ضالۃ کا مقالہ مسمّٰی ’’باعلام الناس‘‘ گزرا کہ ازسرتاپا پرازتضلیل ہے اور اس میں کلام رب الجلیل کی خوب ہی باطل تاویل اور اقوال نبوی کی پوری پوری تحریف وتبدیل ہے۔ صاحب رسالہ نے اس رسالہ کو تائید میں ایک پنجابی (مدعی) کے لکھا ہے۔ جس نے کلام اللہ اور کلام رسول کو تاویل فاسد اور تحریف باطل کرتے کرتے درجۂ اہمال[۱] اور تعطیل کو پہنچادیا اور اپنے آپ کو مسیح کا مثیل بنالیا۔

پس وہ اپنے زعم میں مسیح بن مریم علیہ السلام کا مثیل ہے اور بحکم شرع ایسے شخص کو کہہ سکتے ہیں کہ دراصل دجال کا مثیل ہے۔ بلکہ یہ اس کے لئے ایک فرط اور معین بے عدیل ہے۔ کیونکہ جب رسول مقبول حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے اور تمام انبیاء سابقین نے ایک بڑے دجال سے تحذیر کی لوگوں کے دل میں اس سے پرہیز ڈلوادیا اور اہل اسلام کے دل میں اس کی طرف سے ایک نفرت قوی جم رہی تھی۔ اس کو اس شخص نے اس دجال موعود کا انکار[۲] کر کے نکال دیا اور لوگوں کے دل میں اپنی خوئے خناسی سے یہ ڈالا کہ وہ کوئی چیز نہیں۔ یہ صرف استعارات ہیں۔ جب وہ دجال موعود موافق فرمان ہمارے نبی آخرالزمان اور تمام انبیاء علیہم السلام کے خروج کرے گا اور اس شخص نے جو اس کا واقع میں بڑا حامی اور میر سامان کہ راستہ صاف کرنے کو اس کے لئے آیا ہے۔ فرمان انبیاء کے برعکس جما کر وہ سب نفرت قلوب سے سلب کرلی تو اب اس کی تضلیل کا کچھ حاجب اور مانع نہ رہا۔ بلکہ اس کے انواع انواع کے دجل اور خوارق دیکھ کر لوگ بہت جلد تسلیم کر لیں گے۔ کیونکہ جو اللہ جل شانہ نے بلسان انبیاء کے اس کے دجل کی حقیقت مؤمنین کے اوپر کھول دی تھی۔ اس کو اس شخص نے بھلادی۔ پس یہ اصل میں مسیح دجال کا مثیل ہے اور حامی اس کی تضلیل کا۔ نہ عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کا مثیل بلکہ ان کا دشمن، اور ساعی ہے ان کی تذلیل کا اور مؤمنین کا عدو اور مجاہد ان کی تذلیل کا کیونکہ جس نزول کو شارع نے بالفاظ صریح والصیغ تاکید فرمادیا۔

[۱] جو تاویلیں کہ مرزا قادیانی نے قرآن وحدیث میں کیں۔ اگر وہ تاویلیں درست کہی جاویں تو کبھی قرآن وحدیث سے کوئی مسئلہ ثابت نہیں ہونے کا بلکہ سب بالکل مہمل اور بیکار ہو جاوے گا۔

[۲] چنانچہ (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۳۳۷، خزائن ج۳ ص۲۲۰) میں لکھتے ہیں۔ ’’اس وال کا جواب ہم بجز اس صورت کے اور کسی طور سے دے نہیں سکتے کہ آخری زمانہ میں دجال موعود کا آنا سراسر غلط ہے۔‘‘

اہل اسلام کو اس کا انکاری بنانے والا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے وقت مومنوں کو ان کا منکر اور کافر بنانے[1] والا اور خاص ان کو کاذب ٹھہرانے والا اور مکذب بنانے والا اللهم احفظنا من شروره واهدنا واياه الىٰ طريقك السوی فانك تهدی من تشاء وتضل من تشاء تو اس رسالہ میں اس کی تائید کے لئے نصوص کی تحریف وتمویہ کر کے لوگوں کو بہکانا شروع کیا تھا۔ پس اس عاجز نے بوجہ حمیّت اسلامی کے اس کا جواب لکھنا شروع کیا۔ ''مستعينا بالله فانه ولی التوفيق وبيده ازمنة التحقيق ونعوذ به من الزلة والضلالة ونسا له الثبات على الحق واليه الهداية''

قولہ...... وجود مرزا قادیانی کا الیٰ آخرمدہ۔

اقول...... ممدوح وہی شخص ہے کہ اس کے افعال واقوال شریعت غراء کے موافق ہوں اور مطیع ہو۔ اللہ کا اور اس کے رسول کا نہ وہ کہ دجل پیشہ اور تضلیل شیوہ ہو اور مفتری ہو اللہ پر اور اس کے رسول پر۔ پس ایسی مدح کچھ فائدہ بخش نہیں۔ بلکہ موجب وبال ہے اور ایسا مادح لائق ہوا، اس فرمان نبوی کے ''اذا رأيتم المداحين فاحثوا فی وجوههم التراب اخرجه مسلم وابوداؤد والترمذی '' اور مرتکب ہوئے اس کے ''اذا مدح الفاسق غضب الرب اخرجه البيهقی وابن عدی وابن ابی الدنيا وابويعلی '' اور امثالہا کے اور ممدوح جو کہ خوش ہوتے ہیں مبشر اس وعید کے ہوئے۔ ''لا تحسبن الذين يفرحون بما اتوا يحبون ان يحمدو ابمالم يفعلوا فلا تحسبنهم بمفازة من العذاب ولهم عذاب اليم''

قولہ...... یہ دعویٰ میرا بلا بینہ نہیں بلکہ براہین احمدیہ سے ثابت وظاہر ہے۔ اگر کسی کے آنکھوں میں کچھ فتور ہو تو کحل الجواہر بھی حاضر ہے۔

اقول...... براہین احمدیہ اور کحل الجواہر اب تمہارے مطلب فاسد کو مفید نہیں اور اس وقت تمہارے پیر کی حقیقت اور مجددیت کی دلیل نہیں۔ (خاص کر کہ یہ دعاوے جو کئے گئے ہیں براہین احمدیہ کے خلاف ہیں اور اس میں جو اقرار کئے گئے نزول جسمانی حضرت مسیح کے معارض) کیونکہ نبی علیہ السلام نے فرمایا: ''ان الله ليؤيد هذا الدين بالرجل الفاجر اخرجه البخاری'' یعنی

[1] کیونکہ جب ان کے نزول کا انکار کیا تو جب وہ موافق فرمان شارع کے نزول فرماویں گے تو لوگوں کے دل میں جو بات جم جائے گی کہ اب ان کا نزول نہ ہوگا تو لامحالہ ان کو جھوٹا کہیں گے اور ان کا انکار کریں گے اور تکذیب کریں گے۔

اللہ جل شانہ اس دین کی مدد بدکار آدمی سے بھی کرا لیتا ہے۔ قصہ ورود اس حدیث کا یہ ہے کہ غزوہ حنین میں رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کے واسطے جو اپنے آپ کو مسلمان کہتا تھا فرمایا کہ یہ اہل نار سے ہے۔ جب کفار سے مقاتلہ ہوا تو اس شخص نے مسلمانوں کی طرف سے بہت قتال کیا اور بہت کفار کے ساتھ لڑا تو ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے آ کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ وہ شخص تو بہت قتال کرتا ہے اور اس کے سبب سے زخمی بھی بہت ہو گیا اور اس کو آپ ﷺ نے دوزخی فرمایا۔ اس بات سے بعض آدمیوں کے دل میں شک آ گیا اتنے میں اسی شخص کو ایک زخم سے تکلیف ہوئی تو اس نے ایک تیر لے کر اس سے اپنے آپ کو قتل کر دیا تو لوگوں نے دوڑ کر رسول اللہ ﷺ کو اس بات کی خبر کی تو آپ ﷺ نے ایک حدیث فرمائی۔ جس کا ٹکڑا یہ حدیث ہے جو ذکر کی۔

تنبیہ

واضح رہے کہ ترجمہ عبارات کا تمام رسالہ میں حاصل معنی کے ساتھ کیا جاوے گا۔ لفظی معنی کا لحاظ نہیں۔ کیونکہ اس میں یا تطویل زائد ہوتی یا مطلب عوام کے سمجھ میں نہیں آتا۔ مگر یہ بھی واضح رہے کہ اپنی طرف سے بھی کوئی لفظ نہ بڑھایا جاوے گا۔ جو لفظوں سے نکلے گا اسی کا حاصل لکھا جاوے گا۔ فقط)

حاصل مطلب یہ ہے کہ اگر کسی سے اسلام کی مدد کا کام ہو جاوے تو یہ گمان نہ کرنا چاہئے کہ بس سب اس کی باتیں حق ہیں۔ جیسا کہ یہاں پر ہے۔ بلکہ ہم کہتے ہیں کہ یہی اس کی دجالیت کی دلیل ہے کہ اوّل دجل اور دھوکے کے ساتھ مسلمانوں کو ان کی طبیعت کے موافق ایک کام بڑا کر کے اور حمیت اسلامی کا نام کر کے اپنی طرف گرویدہ کیا اور پھر اپنا مقصد اصلی کھولا۔ چنانچہ طریقہ دجال موعود اکبر کا بھی حدیث سے یہی معلوم ہوتا ہے۔ ’’عن عبداللہ بن عمر عن النبی ﷺ انہ قال الدجال لیس بہ خفا یجئ قبل المشرق فیدعو الیٰ الدین فیتبع ویظہر فلا یزال حتی یقدم الکوفۃ فیظہر الدین ویعمل بہ فیتبع ویحث علی ذلک ثم یدعی انہ نبی فیضع من ذلک کل ذی لب ویفارقہ فیمکث بعد ذالک فیقول انااللہ فتغشی عینہ وتقطع اذنہ ویکتب بین عینہ کافر فلا یخفے علی کل مسلم الحدیث اخرجہ الطبرانی بسند ضعیف کمافی الفتح ‘‘یعنی نبی صاحب نے فرمایا کہ دجال کی بات پوشیدہ نہیں۔ مشرق کی جانب سے آوے گا تو لوگوں کو دین کی طرف بلاوے گا تو لوگ اس کے تابع ہو جاویں گے اور لوگوں کو دین کا شوق دلائے

گا۔ پیچھے نبوت کا دعویٰ کر بیٹھے گا تو سمجھ دار اس سے الگ ہو جاویں گے۔ پھر خدائی کا دعویٰ کرنے لگے گا تو اس کی آنکھ چھپ جائے گی اور کان کٹ جائیں گے اور دونوں آنکھوں کے درمیان میں کافر لکھ دیا جاوے گا تو کسی مسلمان پر چھپا نہ رہے گا۔ تمہارے یہاں بھی دعویٰ نبوۃ پر تو نوبت آ گئی ہے۔ آگے دیکھئے۔

یارما امسال دعویٰ نبوۃ کردہ است
سال دیگر گر خدا خواہد خدا خواہد شدن

دوسری وجہ براہین احمدیہ اور کحل الجواہر کی تمہارے مدعائے اصلی کے مفید نہ ہونے کی یہ بھی ہے کہ ایک شخص کی بعض بات حق ہونے سے اس کی سب باتوں کی حقیت لازم نہیں آتی ہے۔ تیسری یہ کہ پہلے جو اس کو اچھا جانا گیا تھا تو اسی وجہ سے کہ اللہ رسول کے دین کی تائید کی بات کی تھی۔ پس جب قول رسول کی توہین اور قرآن وحدیث کی کہ جو بیّن الدلالۃ صحیح الثبوت بلکہ قطعی الثبوت تھے۔ تحریف کی، تو اس کو چھوڑ دینا چاہئے جو وجہ قبول کی تھی ویسی ہی وجہ عدم قبولیت کی بھی پیش آ گئی۔ پھر ترجیح بلا مرجح بلکہ ترجیح مرجوح کیوں ''اتبع الحق ولا تتبع الھوی خذما صفا ودع ماکدر''

قولہ...... مولوی محمد حسین صاحب اشاعۃ السنہ نے اس وقت میں۔ الخ!

اقول...... حاصل یہ ہے کہ مولوی محمد حسین صاحب پہلے مرزا قادیانی کے بہت مداح تھے۔ بہ سبب رفع کسی قدر حجاب کے اور اب بڑے ان کے منکر مکذب ہو گئے۔ بسبب انواع حجب کے۔ چونکہ عبارت صاحب رسالہ کی طویل تھی اور اس کے نقل میں عسرت تھی اور بغیر نقل خلاصہ مطلب نہ کھلتا۔ لہٰذا حاصل بیان کر دیا۔ اب ان کی غرض اس قصہ کے نقل سے سنو۔

قولہ...... میں نے یہ عبارات ان کے رسالہ کی اس واسطے نقل کئے ہیں کہ مرزا قادیانی کو ایک الہام یہ بھی ہوا تھا کہ ''جحدوا بھا واستیقنتھا انفسھم'' چنانچہ براہین احمدیہ میں یہ الہام بشرح وتفسیر مندرج ہے۔ جس کا ماحصل یہ ہے کہ بعضے لوگ میری تصدیق کر کے بعد تصدیق بھی منکر ہو جاویں گے۔ میں کہتا ہوں کہ اس کے پورے پورے مصداق بسبب عظمت شان اپنی کے مولوی صاحب ہی ہیں۔

اقول...... تصدیق کے بعد منکر ہو جانے سے اگر یہ غرض ہے کہ اقرار کے بعد انکار کریں گے۔ تو یہ جو لفظ الہام میں بزعم مرزا ان کا یہ مطلب ہرگز نہیں۔ کیونکہ جحد وابھا کے معنی تو یہ ہیں کہ باوجود

دل میں یقین ہونے کے انکار کریں گے۔ پس یہ اقرار کے بعد انکار کرنے کے معنی اگر مرزا قادیانی نے لئے ہیں تو وہ اپنے الہام کو نہیں سمجھے۔ یا تم نے یہ اس کے معنی لئے ہیں تو تم مرزا کے الہام کو نہیں سمجھے۔ کیونکہ جو الہام کے لفظ ہیں۔ بزعم مرزا اس کے معنی تو یہ ہیں دل میں یقین ہے اور ظاہر میں انکار ہے اور اگر تصدیق کے بعد منکر ہو جانے سے یہ غرض ہے کہ باوجود دل میں یقین ہونے کے انکار کریں گے تو تمہارا اس اقرار وانکار مولوی صاحب کو اس الہام کا مصداق بنانا بڑی نادانی کی دلیل ہے۔ کیونکہ یہ تم کو کیسے معلوم ہوا کہ اب حالت انکار میں مولوی صاحب کے دل میں مرزا کی حقیت کا یقین ہے اور پھر انکار کرتے ہیں۔

دوسرا فساد اس قول میں یہ ہے کہ مولوی صاحب کے اقرار کا زمانہ اور ہے اور انکار کا اور، اور الفاظ چاہتے ہیں اتحاد زمانہ کو کیونکہ ''واستیقنتھا'' حال ہے۔ کما لا یخفی!

تیسرا یہ کہ الفاظ الہام صیغہ ماضی ہیں اور مولوی صاحب کا انکار مستقبل میں ہے۔ پس اس انکار کو مصداق بنانا صحیح نہ ہوگا۔ الا بالتاویل!

قولہ...... پس انکار الہام سے بھی ملہم ہونا مرزا قادیانی کا ثابت ہوگیا۔

اقول...... کیا خوب ثابت ہوگیا اور اس کے ساتھ تمہاری خوش فہمی بھی ثابت ہوگئی۔

قولہ...... جب سے مولوی محمد حسین صاحب نے مرزا قادیانی کی تکذیب شروع کی۔ بعد اس تصدیق کے جو نقل کی گئی۔ تب سے مولوی صاحب ممدوح کا وہ مرتبہ مقبولیت جو تمام اہل حدیث ہند کے دلوں میں تھا وہ اب نہیں رہا۔

اقول...... اس کو ہم افتراء کہہ سکتے ہیں۔ یہ کہا جائے تو بجا ہے کہ وقعت مولوی صاحب کی جب سے علماء کے نزدیک کم ہوئی جب انہوں نے بعض بعض رسائل ومسائل خلاف قرآن وحدیث واجماع امت کے لکھ کر شائع کئے تھے۔ چنانچہ یہ بات اہل علم پر پوشیدہ نہیں اور مسائل دینیہ کو موجودہ حالت کے مطابق کرنا چاہا تھا۔ چنانچہ اہل خبرت پر مخفی نہیں۔ ''فما ادعیتم کذب صریح واما فھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین'' ہاں اگر یہ کہا جاوے تو ٹھیک ہے کہ جب سے تم نے ان دعاوے باطلہ کی تصدیق کی اور دجل کی نصرت کی تو تمہاری جو کچھ مقبولیت تھی بالکل جاتی رہی۔ عوام اور اہل علم سب کے نزدیک۔

قولہ...... الحاصل اور بھی بہت سے علماء وفضلاء مرزا قادیانی کی ولایت اور محدث ہونے اور ملہم ہونے کی تصدیق فرماتے ہیں۔ بلکہ ان کے فیضان سے مستفید ومستفیض ہوتے ہیں۔ اگر ان

سب کا کلام نقل کروں تو ایک دفتر طویل ہو جاوے۔ ان دو صاحبوں کا کلام اس واسطے نقل کیا ہے کہ یہ دونوں تلامذہ مولانا سید محمد نذیر حسین صاحب مدظلہ العالی کے ہیں جو دریں زمانہ علوم ظاہر دینیہ میں ہمارے مقتداء ہیں۔

اقول...... وہ کون علماء وفضلاء ہیں جو مرزا قادیانی کے محدث وغیرہ ہونے کے قائل ہیں۔ دو جو تم نے پیش کئے تو ایک تو رات دن ان کے رد میں مشغول رہتے ہیں اور دوسرے کے حال سے میں واقف نہیں کہ اب ان کا کیا عقیدہ ہے اور نہ آپ واقف ہیں۔ چنانچہ آپ نے یہ بات زبانی فرمائی۔ (جس کی خبر مجھ کو بہت معتبر طور سے ہے) کہ اب مجھ کو ان کی خبر نہیں کہ مرزا قادیانی کے بارہ میں اب ان کا کیا عقیدہ ہے۔ بہرحال ان قولوں سے جن کو تم نے نقل کیا اس وقت تمہارا مطلب دلی ثابت نہیں ہوتا اور یہ مدحین اب کے نہیں کہ تمہارے مفید مطلب ہوں۔ واضح رہے کہ صاحب رسالہ نے اس جگہ عوام کے لئے دھوکے کے ساتھ کام نکالا ہے کہ حضرت مولانا ومقتدانا شیخنا وشیخ الکل محی السنہ قامع البدعۃ امام الوقت استاذی حاجی الحرمین مولانا مولوی سید محمد نذیر حسین صاحب محدث دہلوی مدظلہ العالی کی تعریف کی کہ ان کے دو شاگردوں کے قول سے مرزا قادیانی کی مدح لکھی ہے اور اس کا اظہار کیا تاکہ عوام لوگ پھسلیں کہ ایسے بڑے عالم کے شاگرد یہ بات کہتے ہیں تو حق معلوم ہوتا ہے اور یہ خیال نہ کیا کہ اگر اسی شاگردی پر ہے تو اور جو ہزاروں مولانا ممدوح مدظلہ العالی کے شاگرد مخالف مرزا کے ہیں تو ان ہزاروں کا اعتبار نہ کیا جاوے گا اور ان دو کا کیا جاوے گا کہ ان سے بڑے بڑے اس کے رد میں مشغول ہیں۔ دوسرے ان دو میں کہ جو ان دیار میں مشاہیر سے ہیں وہ خود اس وقت بڑے مخالفین سے ہیں۔ تیسرے جو سب کے استاد ہیں۔ انہیں سے پوچھ لو وہ کیا فرماتے ہیں۔ چوتھے کسی بڑے کے شاگرد سے یہ بات لازم نہیں آتی کہ شاگرد سب باتوں میں مصیب ہو۔ پانچویں شاگردی اور استادی کو اس میں کچھ دخل نہیں۔ قرآن وحدیث دیکھنا چاہئے جو اس میں ہے وہی ٹھیک وحق ہے۔ باقی سب ہیچ۔ واللہ اعلم!

قولہ...... اب یہ عاجز بخدمت ان علماء وفضلاء کے جو مرزا قادیانی کے مکذب ہیں اور ان کے وجود کو اسباب اضلال سے جانتے ہیں۔ بلکہ نوبت باین رسید کہ الحاد وزندقہ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ یہ استفسار کرتا ہے کہ مرزا قادیانی میں وہ کون سا امر الحاد وزندقہ کا ہے۔ بیان تو کیا جاوے۔

اقول...... جو امور کہ مرزا قادیانی کے موجب زندقہ والحاد کے ہیں۔ ان کے تفصیلی بیان کی ضرورت نہ تھی۔ کیونکہ یہ کیا کم الحاد ہے کہ اس دعویٰ مثلیۃ میں قرآن وحدیث کی ایسی تاویل

وتحریف کی کہ معطل وبیکار کردیا اور صرف نصوص کا ظاہر سے بغیر صارف صحیح وبے وجہ وجہ الحاد ہے اورانہوں نے تو ایسا صرف کیا کہ صرف کا اس سے اوپر اور درجہ متصور نہیں۔ مگر چند اقوال وعقائد بطور تمثیل کے ان کی تحریرات سے بعینہ عبارات کے ساتھ (قطع نظر ان اقوال وعقائد سے کہ جو مجھ کو اخبار ثقات سے پہنچی ہیں) نقل کرتا ہوں کہ جس سے ناظرین خود غور کر سکتے ہیں اور اس وقت ان کے رد سے بخوف تطویل سکوت کیا۔ (ان کے رسائل کے جواب میں انشاء اللہ تعالیٰ جواب شافی ان کا ہو جاوے گا) ونیز مخالفت ان کی قرآن وحدیث سے ظاہر ہے۔ ایک عقیدہ ان کا یہ ہے کہ میں نبی ہوں اور نبوت مطلقاً ختم نہیں ہوئی۔ (توضیح المرام ص۱۸، خزائن ج۳ ص۶۰) میں لکھتے ہیں۔ ’’ماسوا اس کے اس میں کچھ شک نہیں کہ یہ عاجز خداتعالیٰ کی طرف سے اس امت کے لئے محدث ہوکر آیا اور محدث بھی ایک معنی سے نبی ہوتا ہے۔ گو اس کے لئے نبوت تامہ نہیں۔ مگر تاہم جزئی طور پر وہ ایک نبی ہی ہے۔ کیونکہ وہ خداتعالیٰ سے ہم کلام ہونے کا ایک شرف رکھتا ہے۔ امور غیبیہ اس پر ظاہر کئے جاتے ہیں اور رسولوں اور نبیوں کی وحی کی طرح اس کی وحی کو بھی دخل شیطان سے منزہ کیا جاتا ہے اور مغز شریعت اس پر کھولا جاتا ہے اور بعینہ انبیاء کی طرح مامور ہوکر آتا ہے اور انبیاء کی طرح اس پر فرض ہوتا ہے کہ اپنے تئیں بآواز بلند ظاہر کرے اور اس سے انکار کرنے والا ایک حد تک مستوجب سزا ٹھہرتا ہے اور نبوۃ کے معنی بجز اس کے اور کچھ نہیں کہ امور متذکرہ بالا اس میں پائے جائیں اور اگر یہ عذر پیش ہو کہ باب نبوت مسدود ہے اور وحی جو انبیاء پر نازل ہوتی ہے۔ اس پر مہر لگ چکی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ نہ من کل الوجوہ باب نبوۃ مسدود ہوا ہے اور نہ ہر ایک طور سے وحی پر مہر لگائی گئی ہے۔‘‘

اور ص۱۹ میں کہا: ’’ان النبی محدث والمحدث نبی باعتبار حصول نوع من انواع النبوۃ‘‘ اور یہ پہلے کہہ چکے کہ میں محدث ہوں اور (توضیح المرام ص۳۳ تا ۶۷) تک قابل دیکھنے کے ہیں۔ حقیقت ملائکہ میں کس قدر واہیات بھرے ہیں کہ کیا بیان کیا جاوے۔ عبارت طویل ہے۔ اس واسطے نقل نہیں کر سکا۔ بعض بعض مختصر جملوں کو بطور نمونہ کے ذکر کرتا ہوں۔

(توضیح المرام ص۳۳، خزائن ج۳ ص۶۲) میں ملائکہ کے بارہ میں کہتے ہیں۔ ’’اسی طرح روحانیات سماویہ خواہ ان کو یونانیوں کے خیال کے موافق نفوس فلکیہ کہیں یا دساتیر اور وید کے اصطلاحات کے موافق ارواح کواکب سے ان کو نامزد کریں۔ یا نہایت سیدھے اور موحدانہ طریق سے ملائک اللہ کا ان کو لقب دیں۔‘‘

اور (توضیح المرام ص۳۸، خزائن ج۳ ص۷۰) میں لکھتے ہیں: ’’انہیں نفوس کے پوشیدہ ہاتھ کے زور سے تمام ستارے اپنے اپنے کام میں مصروف ہیں اور جیسے خداتعالیٰ تمام عالم کے لئے بطور جان کے ہے۔ ایسے ہی (مگر اس جگہ تشبیہ کامل مراد نہیں) وہ نفوس نورانیہ کواکب اور سیارات کے لئے جان کا ہی حکم رکھتے ہیں۔‘‘

اور (توضیح المرام ص۶۷، خزائن ج۳ ص۸۵،۸۶) میں یوں کہا: ’’بلکہ ہر ایک فرشتہ علیحدہ علیحدہ کاموں کے انجام دینے کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔ دنیا میں جس قدر تم تغیرات وانقلاب دیکھتے ہو یا جو کچھ ممکن قوت سے خیر فعل میں آتا ہے یا جس قدر ارواح واجسام اپنے کمالات مطلوبہ تک پہنچتے ہیں۔ ان سب پر تاثیرات سماویہ کام کر رہے ہیں اور کبھی ایک ہی فرشتہ مختلف طور کے استعدادوں پر مختلف طور کے اثر ڈالتا ہے۔‘‘

غور کرو! یہ کن عقائد کفریہ کو جن کا رد بکلی قرآن وحدیث میں ہو چکا ہے۔ تعلیم کیا جاتا ہے اور کس دجل کے ساتھ مخلوق کو گمراہ کیا جاتا ہے۔ اب بھی کچھ زندقہ والحاد میں شک رہ گیا۔ پھر اس کے بعد ایک طویل عبارت میں یہ بھی مضمون ادا کیا گیا ہے۔ تصریح کے ساتھ کہ کوئی فرشتہ بذات خود زمین پر نہیں آتا اور اپنے مقام سے جدا نہیں ہوتا۔ بلکہ صرف اس کی تاثیر نازل ہوتی اور اس کی عکسی تصویر انبیاء کے دل میں منقوش ہو جاتی ہے۔ دیکھو (توضیح المرام ص۶۸، خزائن ج۳ ص۸۶،۸۷،۹۵) میں اور پھر ذات باری تعالیٰ کے ساتھ یہ کیا کم گستاخی ہے کہ گو مجازاً ہی سہی اپنے آپ کو اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کے بیٹے کے ساتھ تعبیر کیا۔ چنانچہ (توضیح المرام ص۲۷، خزائن ج۳ ص۶۴) میں ہے: ’’مسیح اور اس عاجز کا مقام ایسا ہے کہ اس کو استعارہ کے طور پر ابنیت کے لفظ سے تعبیر کر سکتے ہیں یعنی ابن اللہ کہہ سکتے ہیں۔‘‘ نعوذ باللّٰہ من ذالك!

ایسے ہی (توضیح المرام ص۲۲، خزائن ج۳ ص۶۲) میں تثلیث ثابت کی گئی ہے۔ عبارت طویلہ کے بعد کہا: ’’اسی وجہ سے اس محبت کی بھری ہوئی روح کو خداتعالیٰ کی روح سے جو نافخ المحبت ہے استعارہ کے طور پر ابنیت کا علاقہ ہوتا ہے اور چونکہ روح القدس ان دونوں کے ملنے سے انسان کے دل میں پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے کہہ سکتے ہیں کہ وہ ان دونوں کے لئے بطور ابن ہے اور یہی پاک تثلیث ہے۔‘‘

بھلا یہ عقائد کفریہ کو در پردہ عوام میں پھیلانا ہے کہ نہیں اور یہ اسلام کے ساتھ کھلی دشمنی ہے کہ نہیں فانصف۔ پھر (فتح الاسلام ص۵۴، خزائن ج۳ ص۳۲) میں لیلۃ القدر کو زمانہ ظلمانی بنایا ہے

کہ اس سے رات مراد نہیں۔ یہ بھی قابل دید ہے اور جو (توضیح المرام ص۴۹، خزائن ج۳ ص۷۶) میں بیان معنی آیت متضمن ہوکر سجدۂ آدم علیہ السلام اپنے آپ کو مسجود و مخدوم ملائکہ ثابت کرنا چاہا ہے۔ وہ بھی لائق غور ہے۔ بخوف طویل عبارت نہیں نقل کی گئی۔ کیسے کیسے الحادیات بیان کئے ہیں کہ الامان اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توہین اور منقصت شان ان کی کتب میں تو اس قدر ہیں کہ کیا بیان کیا جاوے۔

(ازالہ اوہام ص۶، خزائن ج۳ ص۱۰۵،۱۰۶) میں جو شروع کی ہے تو کہیں صراحۃً اور کہیں اشارۃً نہ معلوم کہاں تک چلی گئی۔ بعض جگہ کے الفاظ کو لکھتا ہوں۔ ص۶،۷ میں لکھتے ہیں: ''ماسوا اس کے اگر مسیح کے اصلی کاموں کو ان کے حواشی سے الگ کر کے دیکھا جاوے جو محض افتراء کے طور پر یا غلط فہمی کی وجہ سے کھڑے کئے گئے ہیں تو کوئی اعجوبہ نظر نہیں آتا۔ بلکہ مسیح کے معجزات اور پیشگوئیوں پر جس قدر اعتراض وشکوک پیدا ہوتے ہیں۔ میں نہیں سمجھ سکتا کہ کسی اور نبی کے خوارق یا پیش خبریوں میں کبھی ایسے شبہات پیدا ہوئے ہوں کیا تالاب کا قصہ مسیحی معجزات کے رونق دور نہیں کرتا اور پیش گوئیوں کا اس سے بھی زیادہ تر ابتر ہے۔''

پھر لکھتے ہیں: ''اور اس سے بھی زیادہ تر قابل افسوس یہ امر ہے کہ جس قدر حضرت مسیح کی پیشین گوئیاں غلط نکلیں۔ اس قدر صحیح نہیں نکل سکیں۔'' (ایضاً)

اور (ازالہ اوہام ص۱۵۸، خزائن ج۳ ص۱۸۵) میں لکھتے ہیں۔

اینک منم کہ حسب بشارات آمدم
عیسیٰ کجا است تابہ نہد پابمنبرم

اور (ازالہ اوہام ص۱۵، خزائن ج۳ ص۱۰۰) میں ہے۔ ''کیونکہ حضرت مسیح کی سخت زبانی تمام نبیوں سے بڑھی ہوئی ہے اور انجیل سے ثابت ہے کہ اس سخت کلامی کی وجہ سے کئی مرتبہ یہودیوں نے حضرت مسیح کے مارنے کے لئے پتھر اٹھائے۔''

اور اسی حصہ اوّل میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کے بارہ میں جو صریح کلام مجید سے ثابت ہیں۔ (ازالہ اوہام ص۲۹۵ تا ۳۲۲، خزائن ج۳ ص۲۵۱ تا ۲۶۳) تک کس قدر خرافات بھرے ہیں اور ان سے انکار اور کیسی ہجو کی ہے کہ نقل کرتے شرم آتی ہے۔ (ازالہ اوہام ص۳۰۴، خزائن ج۳ ص۲۵۵) میں لکھتے ہیں: ''اور ایسا معجزہ دکھانا عقل سے بعید نہیں۔ کیونکہ حال کے زمانہ میں بھی دیکھا جاتا ہے کہ اکثر صناع ایسی ایسی چڑیاں بنالیتے ہیں کہ وہ بولتی بھی ہیں اور ہلتی بھی ہیں اور دم

بھی ہلاتی ہیں اور میں نے سنا ہے کہ بعض چڑیاں کل کے ذریعہ سے پرواز بھی کرتی ہیں۔ بمبئی اور کلکتہ میں ایسے کھلونے بہت بنتے ہیں۔''

آگے (ازالہ اوہام ص۳۰۵، خزائن ج۳ ص۲۵۵) میں لکھتے ہیں: ''ماسوا اس کے یہ بھی قرین قیاس ہے کہ ایسے ایسے اعجاز طریق عمل الترب یعنی مسمریزمی طریق سے بطور لہو ولعب نہ بطور حقیقت ظہور میں آسکیں۔ کیونکہ عمل الترب میں جس کو زمانہ حال میں مسمریزم کہتے ہیں۔ ایسے ایسے عجائبات ہیں۔''

اور (ازالہ اوہام ص۳۰۹، خزائن ج۳ ص۲۵۷) میں لکھتے ہیں: ''مگر یاد رکھنا چاہئے کہ یہ عمل ایسا قدر کے لائق نہیں۔ جیسا کہ عوام الناس اس کو خیال کرتے ہیں۔ اگر یہ عاجز اس عمل کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو خداتعالیٰ کے فضل اور توفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان عجوبہ نمائیوں میں حضرت ابن مریم سے کم نہ رہتا۔''

اور (ازالہ اوہام ص۳۲۲، خزائن ج۳ ص۲۶۳) میں لکھتے ہیں: ''غرض یہ اعتقاد بالکل غلط اور فاسد اور مشرکانہ خیال ہے کہ مسیح مٹی کے پرندے بنا کر اس میں پھونک مار کر انہیں سچ مچ کے جانور بنا دیتا تھا۔ نہیں بلکہ صرف عمل الترب تھا جو روح کی قوت سے ترقی پذیر ہو گیا تھا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ مسیح ایسے کام کے لئے اس تالاب کی مٹی لاتا تھا۔ جس میں روح القدس کی تاثیر رکھی گئی تھی۔ بہرحال یہ معجزہ صرف ایک کھیل کی قسم میں سے تھا اور وہ مٹی درحقیقت ایک مٹی ہی رہتی تھی۔ جیسے سامری کا گوسالہ۔''

مرزاقادیانی کے ان عقائد میں غور کر کے اہل حق غور کر سکتے ہیں کہ حق پر کون ہے اور ان عقائد کا معتقد بددین اور ملحد ہے کہ نہیں۔ واللہ اعلم علمہ اتم واحکم!

قولہ...... (مصنف اعلام نے مولوی عبدالحق کا قول نقل کیا) مباہلہ ایک قسم کی قسم ہے اور یہ بھی ایک صورت فیصلہ کی ہے کہ دونوں طرف اپنی جان اور اولاد سے حاضر ہوں اور دعا کریں کہ جو کوئی ہم میں سے جھوٹا ہے۔ اس پر لعنت اور عذاب پڑے ''تعالوا ندع ابناء نا وابناء کم'' ان دنوں مرزاغلام احمد ساکن قادیان ضلع گرداسپور واقع پنجاب نے دعویٰ عیسیٰ ہونے کا کیا ہے اور جو آیتیں اور حدیثیں عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ میں وارد ہیں۔ ان کا مصداق اپنی ذات کو قرار دیا ہے۔

اقول...... (قول مؤلف اعلام الناس) ابھی تک مجھ کو یہ معلوم نہیں کہ مرزاقادیانی نے اس درخواست مباہلہ کا کیا جواب دیا ہے۔ دو حال سے خالی نہیں یا تو بشرائط مفید طرفین مباہلہ کرنا منظور

فرماویں گے۔ یا اس وجہ سے کہ میاں عبدالحق کچھ ایسے اکابر اور مشاہیر میں سے نہیں۔ جن سے مباہلہ کرنے میں اثر تام اور نفع عام پہنچے منظور نہ فرماویں گے۔ تو پھر ایسے مباہلوں کا ثمرہ مفید عام اور نتیجہ معتد بہا اور نفع تمام کیا ہو کہ جس کا اثر ایک ملک ہند پر بھی نہ پڑے گا۔ الیٰ آخر القول!

اقول...... یہ امور جو تم نے مباہلہ کے واسطے بیان کئے آیا یہ شرط ہیں۔ مباہلہ کے واسطے یا نہیں۔ درصورت شق ثانی کیوں مباہلہ کے واسطے نہ کھڑے ہوئے اور حق کو (جو تمہاری زعم میں ہے) چھپا گئے اور درصورت شق اوّل یعنی یہ امور مباہلہ کے شروط سے ہیں (اور تمہاری عبارت رسالہ کی اس کو مقتضی ہے) تو اس پر دلائل شرعیہ سے دلیل لاؤ اور قرآن وحدیث سے ان کی شرطیہ کو بیان کرو۔ ’’وان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا النار التی وقودها الناس والحجارة‘‘ اور یہ جو کہتے ہو کہ جانب مخالف سے کوئی بڑا شخص ہونا چاہئے کہ اس کی غالبی اور مغلوبی کا اثر تمام اہل اسلام کو پہنچے۔ ورنہ ایسے مباہلوں کا ثمرہ مفید عام اور نتیجہ معتد بہا کیا ہوگا۔ تو ہم کہتے ہیں کہ کچھ بہت بڑے ہونے کی ضرورت نہیں۔ اگر ایسے آدمی بھی مباہلہ کریں گے تو ان کی غالبی مغلوبی ایسی مقصود رہنے والی نہیں۔ ادنیٰ ادنیٰ بات تو چھپتی نہیں اس قدر بڑی بات چھپ جائے اور لوگوں پر اس کا اثر نہ پڑے۔ یہ بات خلاف عقل ہے۔ اس قدر میں بھی فائدہ عام اور نتیجہ معتد بہا ہوسکتا ہے اور تمام اہل اسلام کو کسی صورت ممکنہ میں نظر نہیں آتا۔ یہ محض بہانہ ہے۔

دوسرے! اللہ جل شانہ فرماتا ہے۔ ’’فمن حا جك فيه من بعد ماجاء ك من العلم فقل تعالوا ندع ابناء نا‘‘ دیکھو اللہ تعالیٰ نے من کے ساتھ فرمایا جو عام ہے۔ اعلیٰ وادنیٰ سب کو یعنی جو کوئی اس میں جھگڑا کرے اس سے مباہلہ کرنا۔ پھر تم نے یہ خاص کیسے کرلیا۔ لاؤ کوئی مخصص والا۔ اللہ کے کلام کے مقابلہ سے ڈرو اور باز آؤ۔

تیسرے! یہ کہ قصۂ وفد نجران کو دیکھو جب نصاریٰ نجران کے قاصد رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے تو رسول اللہ ﷺ نے آیات جو دوبارہ مسیح کے ہیں پڑھیں تو وہ لوگ اس کے ماننے سے انکاری ہوئے۔ تب رسول اللہ ﷺ مباہلہ کے واسطے تیار ہوئے اور نکلے۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ نہ پوچھا کہ تم لوگ بہت بڑے آدمی ہو یا نہیں اور تمہارے ساتھ مباہلہ کا اثر تمام اہل عرب کو پہنچے گا یا نہیں۔ بلکہ روایات سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کو اس بات کی بھی خبر نہ تھی کہ یہ لوگ نجران والوں کے بھی سردار ومقتداء ہیں کہ نہیں اور تمام نصاریٰ کا ہونا تو کیا۔ چنانچہ بیہقی کی روایت میں اس طرح ہے کہ ’’قال فتلقی شرجیل رسول اللہ ﷺ فقال له

انی قدرأیت خیر امن ملاعنتك فقال وماھو فقال حکمك الیوم الیٰ اللیل والیلتك الیٰ الصباح فمھما حکمت فینا فھو جائز فقال رسول اللهﷺ لعل وراءك احدیثرب علیك فقال شرجیل سل صاحبی فسالھا فقالا مایروا لوادی ولا یصدر الا عن رای شرجیل فرجع رسول اللهﷺ فلم یلاعنھم‘‘ دیکھو جب نبی علیہ السلام کو یہ بات معلوم ہوئی کہ یہ سردار ہیں۔ تب آپ لوٹے اور اس کی بات کا اعتبار کیا تو معلوم ہوا کہ پہلے سے آپ اس کو نہ جانتے تھے۔ پس اگر بڑا آدمی شرط ہوتا تو کیوں آپﷺ پہلے سے مباہلہ کے واسطے مستعد ہو جاتے اور مباہلہ کے لئے نکل کھڑے ہوتے۔

چوتھے! یہ کہ تمہارے پیر اسی درخواست مباہلہ کے جواب میں کیا فرماتے ہیں۔ دیکھو اشتہار استدعا مباہلہ بار دیگر جو منجانب مولوی عبدالحق غزنوی ہے۔ مطبوعہ ۱۷؍شعبان ۱۳۰۸ھ کہ اس میں ان کا جواب بھی نقل کیا گیا ہے۔ عبدالحق کون ہے۔ کسی گروہ کا مقتداء یا مقتدی اور عبدالحق مباہلہ میں اکیلا ہے یا کوئی اور بھی اس کے ساتھ ہے۔’’بہرحال میں مباہلہ کے لئے مستعد کھڑا ہوں۔ مگر اس شرط پر کہ مولوی نذیر حسین صاحب دہلوی اور مولوی محمد حسین بٹالوی اور مولوی احمد اللہ امرتسری بالاتفاق یہ فتویٰ لکھ دیں کہ مسلمانوں کا آپس میں فیصلہ مباہلہ سے جائز ہے۔‘‘

(خلاصہ مجموعہ اشتہارات ج۱ ص۲۰۸)

دیکھو تمہارے پیر کہیں جانب مخالف کے مباہلہ میں بڑے آدمی ہونے کی شرط لگاتے ہیں؟ وہ تو بہرحال مستعد اپنے آپ کو کہتے ہیں۔ چاہے عبدالحق مقتدی ہو یا مقتداء۔ اکیلے ہوں یا اور کسی کے ساتھ۔ اگر شرط ہوتا تو وہ یہ کیسے کہتے۔ مگر یہاں تو اندھا دھند ہے کچھ بولنا چاہئے۔ ٹھیک پڑے یا نہ پڑے۔ پیر کے برابر پڑے یا ان سے بھی دو ہاتھ اونچے، یہ تو یہ کہہ کے جھوٹے اور ان کے پیر بہمانہ فتویٰ علماء ثلاثہ کا لائے۔ یہ عجب بات ہے۔ جس وقت مسیح علیہ السلام کی گدی پر بیٹھے اور متصرف عالم کا کواکب بنایا وغیرہا من الخادیات۔ تب کسی عالم سے فتویٰ نہ پوچھا۔ اب جب قلعی کھلنے لگی تو مولوی صاحبوں کو پکارنا شروع کیا۔ کیا جب مولوی محمد اسماعیل علی گڑھی سے مباہلہ طلب کیا تھا؟ اس وقت وہ مسلمان نہ تھے یا تم مسلمان نہ تھے۔

’’واذا دعوا الیٰ الله ورسوله اذا فریق منھم معرضون وان یکن لھم الحق یاتوا الیه مذعنین افی قلوبھم مرض ام ارتابوا‘‘

اصل تو یہ ہے کہ خود بھی اپنے آپ کو دل میں سچا نہیں جانتے۔ کیونکہ اگر سچا اور حق پر

جانتے تو پھر مباہلہ میں (کہ جس میں ان کا اس قدر فائدہ تھا کہ نہ کسی وعظ میں متصور ہے نہ کسی مناظرہ میں) ایسے واہیات بہانے کیوں لاتے۔ بلکہ رسول اللہﷺ کی طرح مباہلہ کے نام سے میدان میں نکل کھڑے ہوتے۔ نصاریٰ نجران کی طرح کیوں بھاگتے یہ ہم خوب جانتے ہیں کہ چاہئے زمین ٹل جائے۔ مگر مرزا قادیانی ہرگز مباہلہ نہیں کریں گے۔ والّا کچھ تحقیق مباہلہ بین المسلمین لکھتے۔ مگر اب بے سود ہے۔

قولہ...... (قول الغزنوی سلمہ اللہ) جیسا کہ حدیث صحیحین میں ہے۔ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ مرزا تو ابن مریم نہیں۔

اقول...... (قول مؤلف اعلام الناس) مرزا قادیانی کب کہتے ہیں کہ میں حقیقتاً ابن مریم ہوں۔ بلکہ جن احادیث صحاح میں پیشین گوئی نزول ابن مریم کے نبی علیہ السلام نے فرمائی ہے۔ اس میں تاویل کرتے ہیں جو بموجب قواعد عربیہ کے صحیح معلوم ہوتی ہے۔ مگر یہ وہ تاویل ہے۔ جس کی نسبت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ''یوم یأتی تاویلہ یقول الذین نسوہ من قبل قد جاء ت رسل ربنا بالحق '' اب صحت تاویل بموجب محاورۂ عربیہ کے بیان کی جاتی ہے۔ واضح ہو کہ بموجب محاورہ عرب کے معنی نزول من السماء وغیرہ میں یہ کچھ ضرور نہیں کہ سماء سے نزول بجسم عنصری وخاکی ہی ہو۔ دیکھو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ''وانزلنا الحدید فیہ باس شدید ومنافع للناس '' اب کوئی بیان کرے کہ حدید بوجود عنصری آسمان سے اتارا گیا ہے۔

اقول...... وباللہ التوفیق جب مرزا قادیانی خود کہتے ہیں کہ میں حقیقتاً ابن مریم نہیں تو پھر نصوص شرعیہ کو کیوں بلاوجہ حقیقت سے صرف کرتے ہیں اور اپنے آپ کو پیشین گوئیوں کا مصداق بناتے ہیں اور حقیقت کو بدل کر مجاز لاتے ہیں۔ مگر یہ وہی تبدیلی ہے۔ جس کی نسبت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ''یحرفون الکلم عن مواضعہ ونسوا حظاً مما ذکروا '' اور یہ وہ تاویل نہیں جس کی نسبت اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ''یوم یأتی تاویلہ '' اس کو اس سے کیا نسبت ہے۔ اب جو صحت تاویل بیان کی گئی ہے۔ اس کو سنو۔

واضح رہے کہ بلاشبہ نزول صفات اجسام سے ہے اور اس میں جسم کے ساتھ ہونا پڑا ہوا ہے۔ جیسا کہ مجمع البحار میں ہے۔ ''النزول والصعود والحرکات من صفات الاجسام '' اور قاضی بیضاویؒ لکھتے ہیں۔ ''والانزال نقل الشیٔ من الاعلی الیٰ الاسفل وھو انما یلحق المعانی بتوسط لحوقہ الذوات الحاملۃ لھا '' تو جس وقت اس کی نسبت اجسام

عنصریہ وخاکیہ کی طرف کی جاوے گی تو بلاشبہ اس کے معنی نزول بجسمہ العنصری وخاکی ہی کے ہوں گے۔ یہ بات ایسی ظاہر ہے کہ بیان کی چنداں حاجت نہیں۔ چنانچہ موضع متنازع فیہ میں بھی ہے کہ نسبت نزول کی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف کی گئی ہے تو اس جگہ پر یہی معنی ہوں گے کہ وہ اپنے شریف جسم عنصری کے ساتھ نزول فرمائیں گے تو معنی حقیقی نزول کے یہی ہوئے۔ علاوہ اس کے ایک بات اور سن لینے کے قابل ہے۔ وہ یہ کہ ظاہر بات ہے کہ نزول کے معنی اعلیٰ سے اسفل کی طرف نقل کے ہیں۔ (چنانچہ میں کسی کتاب لغت کو گمان نہیں کرتا کہ اس میں یہ معنی نہ ہوں۔ میں نے جہاں تک کتب لغت دیکھے سب میں یہ بات موجود پائی) پس جس وقت نزول کی نسبت کسی جسم کی طرف کی جاوے گی تو بے شک اس کے معنی اسی جسم کے نقل کے ہوں گے۔ مثلاً کہیں کہ اٹاری پر سے پتھر گرایا۔ کوٹھے پر سے زید اتر آیا آسمان سے اولے برسے تو سوائے اس کے اور کوئی معنی نہ ہوں گے کہ وہ اپنے جسم ذاتی عنصری کے ساتھ اوپر سے نیچے آئے۔ اصلی اور حقیقی معنی اس کے یہی ہوں گے۔ پھر واضح رہے کہ معنی حقیقی مقدم ہوتے ہیں اور معنی مجازی اسی وقت مراد ہوتے ہیں کہ جب معنی حقیقی سے تعذر ہو اور معنی حقیقی لینا ممکن نہ ہو اور بن نہ سکیں۔ یہ قاعدہ ایسا مسلم ہر اہل علم کا ہے اور مشہور ہے کہ جس میں کسی علم والے کو شک نہیں اور کسی زبان کا ادیب اس کا منکر نہیں۔ لہٰذا حاجت استشہاد کی نہیں۔ کتب فن معانی والبیان کی اور اصول کی اور ادب وغیرہ کے اس سے مملو ہیں۔ پس معنی حقیقی بنتے ہوئے معنی مجازی لینا نصوص شرعیہ کو تحریف کرنا ہے۔

حدیث مذکورہ بالا لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم (یعنی قریب ہے کہ تم میں ابن مریم نزول فرماویں گے) میں معنی حقیقی لینے سے کون مانع ہے کہ جس کے سبب سے معنی حقیقی چھوڑ کر باطل معنی مجازی لئے گئے۔ پھر دوسری روایت میں لفظ ہبوط کے ساتھ بھی وارد ہے۔ وہاں کس طرح پر تحریف کی صورت نکلے گی۔ بڑی جائے تعجب ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے کس کثرت سے نزول اور کہیں ہبوط کے ساتھ عیسیٰ علیہ السلام کا بیان فرمایا۔ اگر نبی صاحب کا یہی مقصود ہوتا جو مرزا قادیانی کا مطلب ہے تو کیا رسول اللہ پر ویسا لفظ فرمانا ایسا مشکل تھا اور اس کی تعبیر وتفسیر پر قادر نہ تھے کہ اس کثرت سے نزول وہبوط کے لفظ کے ساتھ فرمایا جو صریح مرزا کے مطلب دلی کو مبطل ہے۔ میری غرض یہ نہیں کہ مجاز کوئی چیز نہیں اور استعمال مجاز کہیں ٹھیک نہیں۔ (کیونکہ بہت جگہ مجاز ہی احسن ہوتی اور حقیقت سے ابلغ ہوتی ہے کہ اس سے مناسبات لطیفہ پیدا کی جاتی ہیں۔ وغیرہا من الفوائد مگر جہاں کہیں حقیقت کا ارادہ متعذر رہو اور سامع کو فتنہ میں ڈالنے

والی نہ ہو اور مخل بالمقصود نہ ہو) بلکہ میری غرض یہ ہے کہ ایسے مجاز استعمال کرنا کہ مقصود اصلی اور مراد دلی کو فوت کردے اور بالکل بے قرائن ہو اور ایسی جگہ استعمال میں لاوے کہ معنی حقیقی لینے سے کوئی مانع نہ ہو اور معنی مجازی دل میں لے کر بولے۔ بالکل قبیح ہے اور عقل ونقل کے خلاف اور طرفہ اس پر یہ کہ اکثر جب بولے تو اسی لفظ مجازی کے ساتھ بولے۔ بلکہ اور الفاظ دیگر بھی کہ جو مبائن ہوں۔ اس کے مجاز کے اور معنی حقیقی کی طرف مضطر کرنے والے ہوں اور طرہ اس پر یہ کہ ایسے بڑے امر میں ہو کہ جس پر ایک جہاں کا دارومدار ہے کہ شریعت کے ایک ارکان سے ہیں اور عقائد سے اور پھر ایک کارخانہ کا کارخانہ خیالات کا بنا کر کھڑا کردے۔ ایسے مجاز کہیں کلام عاقل میں نہیں اور کوئی عاقل ایسے مجاز کے استعمال کو پسند نہ کرے گا۔ یہ مجاز کیا ہے۔ بلکہ دھوکا دہی اور فریب ہے۔ ایسے مجاز ہرگز کلام شارع میں نہیں ہوسکتے۔ حاشا وکلا شارع کو ہرگز دھوکا دہی اور فتنہ میں ڈالنا منظور نہیں اور تضلیل خلائق مقصود نہیں۔ وہ تو امیین کی ہدایت کے واسطے ہے۔ نہ شعبدہ بازوں کے باطل عقیدہ کھولنے کی جگہ چنانچہ یہ پیشین گوئی نزول عیسیٰ بن مریم کی ایسی ہی ہے۔ (چھوٹا طالب علم بھی الفاظ روایات صحاح پر نظر کر کے معلوم کرسکتا ہے) اگر میری یہ بات صحیح نہیں تو بتاؤ کہ ہبوط کے کیا معنی ہیں اور نزول کے ارادہ معنی حقیقی سے کون مانع ہے؟ اصل تو یہ ہے کہ مانع کوئی نہیں۔ اپنے آپ کو عیسیٰ موعود بنانے کو دل چاہتا ہے۔ اگر احادیث کا صریح انکار کریں تو کافر مطلق کہلاویں تو تدبیر ہی سے کام نکالیں۔ ’’اللہم احفظنا من فتن الدجال وانصارہ ‘‘مخفی نہ رہے کہ اس جگہ دجل سے کام لیا گیا ہے۔ وہ یہ کہ دھوکا دہی عوام کے واسطے لفظ محاورۂ عرب کا بول کر کہ جو حقیقت مجاز کو عام ہے۔ چند شواہد مجاز کے پیش کردیئے اور کہہ دیا کہ محاورۂ عرب میں بغیر جسم عنصری وخاکی کے بھی نزول کا استعمال آیا ہے۔ (جس کی حقیقت آگے کھولی جاوے گی) حالانکہ یہ عوام کو بڑے دھوکا دینے کی بات کہی۔ کیونکہ وہ یہ بات تو خیال کریں گے کہ استعمال اگر ہے تو استعمال معنی مجازی کا بھی ہوتا ہے تو ان مثالوں سے یہ لازم نہیں آتا کہ ہر جگہ معنی مجازی ہوسکیں اور جہاں چاہیں معنی مجازی لے لیا کریں۔ چاہے تعذر معنی حقیقی کا ہو چاہے نہ ہو۔ نعوذ باللہ من شرور انفسنا اور یہ جو کہا کہ ’’انزلنا الحدید ‘‘میں اب کوئی بیان کرے کہ حدید بوجود عنصری آسمان سے اتارا گیا تو میں کہتا ہوں کہ کیا عجب ہے کہ اوّلاً اللہ تبارک وتعالیٰ نے لوہے کو اوپر سے اتارا ہو۔ چنانچہ ظاہر لفظ قرآن مجید اسی کی مقتضی ہیں اور مؤید اسی کا ہے جو ابن جریر اور ابن ابی حاتم میں ہے۔ جس کو حافظ ابن کثیر نے نقل کیا۔ ’’عن ابن عباسؓ قال ثلاثۃ اشیاء نزلت مع آدم السندان

والکلبتان والمیقعة ’’یعنی المطر اقۃ ایسا ہی جامع البیان اور روجیز میں ہے۔ پس تمہارا استشہاد اس سے صحیح نہیں۔ والاّ استحالہ ثابت کرو۔ لوہے کا بجسدہ اوپر سے اترنے کا اور جب استحال ثابت کردو گے تو ہم کہیں کہ بسبب استحالہ معنی حقیقی کے معنی مجازی مراد لئے گئے۔ پس تب بھی تمہارا مطلب ثابت نہ ہوگا۔ کیونکہ نزول بجسدہ ابن مریم کا محال نہیں۔ والاّ نزول بجسدہ ابن مریم کا استحالہ ثابت کرو۔ اگر کہو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام وفات پاچکے۔ جب وفات پاچکے تو جنت میں داخل ہوگئے۔ کیونکہ وہ برگزیدہ نبی تھے۔ ’’قال اللہ تعالیٰ قیل ادخل الجنة وادخلی جنتی ‘‘اور جو جنت میں داخل ہوا وہ وہاں سے نہ نکلے گا۔

’’قال اللہ تعالیٰ وماھم منھا بمخرجین ‘‘پس حضرت عیسیٰ کیونکر بذات خود دنیا میں آسکتے ہیں؟ تو جواب اس کا یہ ہے کہ ثبوت اس امر کا تین مقدموں پر موقوف ہے۔ اوّل! وفات عیسیٰ دوسرے! موت کے بعد ہی جنت میں داخل ہو جانا۔ تیسرے! اس دخول کے بعد پھر وہاں سے نکلنا نہیں۔ جب تک یہ تینوں مقدمے ثابت نہ ہوں۔ تب تک یہ مطلب ثابت نہیں ہوسکتا اور ایک مقدمہ کے انتفاء سے بھی مقصود کا انتفاء ہو جاوے گا تو میں کہتا ہوں کہ یہ تینوں مقدمے غیر صحیح اور باطل ہیں۔ عدم صحۃ وبطلان مقدمہ اولی کا تو رسالہ کے اختتام کے قریب انشاء اللہ تعالیٰ آوے گا اور صحیح نہ ہونا مقدمۂ ثانی اور ثالث کا کئی وجوہ سے ہے۔

وجہ اوّل! یہ ہے کہ قرآن وحدیث سے صاف طور پر یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ دخول جنت حشر کے بعد ہوگا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ اپنے کلام مجید میں فرماتا ہے۔ ’’ونفخ فی الصور فصعق من فی السمٰوٰت ومن فی الارض الیٰ قولہ تعالیٰ وسیق الذین اتقوا ربھم الیٰ الجنة زمراً حتیٰ اذا جاؤھا وفتحت ابوابھا وقال لھم خزنتھا سلام علیکم طبتم فادخلوھا خٰلدین ‘‘اور فرمایا’’ھل ینظرون الاالساعة ان تاتیھم بغتة وھم لا یشعرون الیٰ قولہ تعالیٰ ادخلوا الجنة انتم وازواجکم تحبرون ‘‘اور فرمایا’’ونفخ فی الصور ذلک یوم الوعید الیٰ قولہ تعالیٰ ادخلوھا بسلام ذلک یوم الخلود ‘‘اور حدیث میں تو بہت کثرت سے اس کا بیان ہے اور ان میں بتصریح یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ دخول جنت حشر کے روز ہوگا۔ پس ضرور ہے کہ قبل اس کے وہ جنت سے باہر ہوں۔ کیونکہ داخل کے واسطے پھر دخول کیسا اور یہ بات بہت ظاہر ہے۔ دیکھو شرح جامی میں بھی لکھ دیا ہے۔ ’’فانہ اذا قال الداخل فی البلد دخلت الدار لا یصح ان

یقول دخلت البلد ''تو یہ دو حال سے خالی نہیں یا یہ کہ پہلے کبھی دخول ہوا ہی نہ ہو، یا ہوا ہو۔ مگر پھر خروج ہو اور درصورت اوّل مقدمۂ ثانی باطل ہوگیا اور درصورت دوم مقدمۂ ثالث باطل ہوگیا۔ وھذا ھوا لمطلوب!

وجہ ثانی! یہ کہ میدان حشر میں سب انبیاء، صلحاء حاضر ہوں گے۔ حضرت آدم اور ابراہیم وموسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام سب موجود ہوں گے۔ چنانچہ بخاری اور مسلم کی طویل حدیث باب شفاعت میں بتصریح مذکور ہے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے ''وجیئی بالنبیین والشھداء وقضے بینھم بالحق وھم لا یظلمون ''اور فرمایا ''یومئذ تعرضون لا تخفیٰ منکم خافیہ ''اگر دخول ان کا جنت میں ہو چکا ہے تو پھر کیوں نکالے جاویں گے۔ اگر نکالے گئے تو بطلان مقدمۂ ثالث کا لازم آیا۔ وجہ ثالث! یہ کہ اگر موت کے بعد ہی سے دخول جنت ہو جائے تو لازم آوے گا۔ قیامت میں خروج جنت سے اور خروج جنت سے ممتنع ہے۔ ''لقولہ تعالیٰ وماھم منھا بمخرجین ''اور مستلزم ممتنع کا ممتنع ہے۔ پس دخول جنت موت کے بعد ہی ممتنع ہے۔ لہٰذا مقدمۂ ثانی باطل ہوگیا۔

وجہ رابع! یہ کہ سرور کائنات جناب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے فرمایا۔ ''اوّل من یقرع باب الجنۃ انا۔ اخرجہ مسلم ''اور فرمایا ''اتی باب الجنۃ یوم القیامۃ فاستفتح فیقول الخازن من انت فاقول محمد فیقول بك امرت لا افتح لاحد قبلك اخرجہ مسلم ''یعنی سب سے پہلے جو دروازہ جنت کا ٹھوکے گا وہ میں ہی ہوں۔ قیامت کے دن جنت کے دروازہ پر آ کر دروازہ کھلواؤں گا تو اس کا داروغہ کہے گا تم کون ہو تو میں کہوں گا محمد تو وہ کہے گا آپ ﷺ ہی واسطے مجھ کو حکم ہوا ہے کہ آپ ﷺ سے پہلے کسی کے لئے نہ کھولوں۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس سے پہلے کسی کے واسطے دخول جنت نہیں۔ پس مقدمۂ ثانی بطل ہوگیا۔

وجہ خامس! یہ کہ شب معراج میں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے دوسرے آسمان پر ملے اور کلام کیا۔ چنانچہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں بتصریح موجود ہے اور عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے نزول کا بھی ذکر کیا۔ چنانچہ احمد اور ابن ماجہ کی صحیح روایت میں ہے۔ (جس کا ذکر آگے آتا ہے) پھر رسول اللہ ﷺ تیسرے آسمان پر گئے۔ پھر چوتھے آسمان پر ایسے ہی پانچویں، چھٹے، ساتویں پر۔ پھر سدرۃ المنتہیٰ جا کر جنت میں داخل ہوئے۔ چنانچہ صحیحین ودیگر کتب حدیث میں موجود ہے۔ دیکھو حضرت عیسیٰ جنت میں نہ تھے بلکہ باہر تھے۔ وھذا ھو المطلوب!

اور یہ جوکہا ’’قیل ادخل الجنة ‘‘تواوّل تو یہ ایک شخص خاص کے واسطے خطاب ہے۔ یہ کوئی حکم عام نہیں۔ پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے واسطے یہ بات کیونکر اس سے ثابت ہوئی۔ دوسرے یہ کہ یہ شخص شہید کر دیا گیا تھا۔ چنانچہ روایات سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے۔ پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اس پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے۔ اس واسطے کہ گو انبیاء، شہداء سے افضل ہیں۔ مگر شہید کے واسطے خصوصیات بھی ہیں کہ دوسرے کے واسطے نہیں۔ ذرا سی بات ہے۔ دیکھو شہداء کو اموات کہنا ناجائز ہے۔ ’’ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات ‘‘اور انبیاء کے اوپر اطلاق اموات کا جائز ہے۔ ’’انك میت وانهم میتون ‘‘اور’’ وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل افان مات ‘‘پس اس آیت سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دخول جنت کیونکر ثابت ہوسکتا ہے اور یہ جو کہا’’ وادخلی جنتی ‘‘تو سیاق وسباق کلام سے صاف طور پر یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ یہ حشر کے روز کا مقولہ ہے۔ ’’کلا اذا دکت الارض دکا دکا ‘‘سے پڑھ کر دیکھو۔ چنانچہ ابن عباسؓ سے بھی یہی مروی ہے۔ پس اس آیت سے اور موت کے بعد دخول جنت سے کیا تعلق ہے اور اگر مان بھی لیں کہ یہ آیت اور ایسی ہی آیت سابق بعد موت کے دخول جنت پر دال ہیں تو میں کہتا ہوں کہ اس سے دخول خلدی جنت میں لازم نہیں آتا۔ یعنی اس سے مراد دخول خلدی نہیں بلکہ مراد دخول روحی ہے۔ نہ دخول جسدی کہ ہمیشہ رہنے کے واسطے داخل ہوں اور دلیل اس پر وہی مخطورات مسطورہ بالا ہیں اور آیت ’’وادخلی جنتی ‘‘تو خود بھی اس بات کو کھلم کھلا کہہ رہی ہے۔ چنانچہ فرمایا ’’یا ایتها النفس المطمئنة ارجعی الیٰ ربك راضیة مرضیة فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی ‘‘دیکھو خطاب خاص نفس کے ساتھ ہے اور اس بات کو احادیث بھی بتصریح بیان کر رہی ہیں۔ چنانچہ مالک اور احمد اور نسائی نے بسند صحیح کعب بن مالکؓ سے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ’’انما نسمة المؤمن طائر یعلق فی شجر الجنة حتیٰ یرجعه اللہ تعالیٰ الیٰ جسده یوم القیامة ‘‘اور احمد طبرانی نے بسند حسن ام ہانیؓ سے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ’’تکون النسم طیرا تعلق بالشجر حتیٰ اذا کان یوم القیامة دخلت کل نفس فی جسدها ‘‘ایسے ہی بہت سی روایات میں آیا تو ان روایات سے معلوم ہوا کہ اس وقت میں جو جنت میں داخل بھی ہوتا ہے تو وہ دخول روحی ہوتا ہے۔ نہ جسدی وہ تو قیامت ہی کے روز ہوگا کہ پھر وہاں سے نہ نکالے جاویں گے اور یہ بھی واضح رہے کہ ارواح مؤمنین کے رہنے کے واسطے برزخ میں اماکن مختلفہ روایات میں وارد ہیں۔ بعض روایات سے تو معلوم ہوتا ہے کہ ارواح مؤمنین کی

جنت میں پھر کر عرش کے نیچے قنادیل لٹکتی ہیں۔ اس میں آ کر رہتی ہیں اور بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ساتویں آسمان میں جمع ہوتی ہیں اور بعض روایات میں ہے کہ زمین پر جابیہ میں (کہ ملک شام میں واقع) آ کر جمع ہوتی ہیں اور بعض میں چاہ زمزم کا بھی آیا ہے۔ وغیرہا!

اور بڑے بڑے ذی شان عالی مراتب نبی جناب رسول اللہ ﷺ نے شب معراج میں آسمانوں پر موجود پائے۔ کوئی پہلے آسمان پر کوئی دوسرے پر وقس علیٰ ہذا دیکھو حضرت عیسیٰ علیہ السلام دوسرے آسمان پر موجود تھے اور اگر فرضاً تسلیم بھی کرلیں کہ مرنے کے بعد سے دخول خلدی ہوجاتا ہے تب بھی ہم کہتے ہیں کہ خلود کو اللہ جل شانہ نے اپنی مشیت پر رکھا ہے۔ چنانچہ فرمایا اور ''اما الذین سعدوا ففی الجنة خالدین فیها مادامت السمٰوات والارض الا ماشاء ربك '' دیکھو خلود سے اللہ تعالیٰ نے اپنی مشیت کا استثناء کیا ہے اور اپنے چاہنے کی قدر اس وعدہ سے نکال لیا۔ پس ہم کہتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ کے واسطے اللہ تعالیٰ چاہ چکا ہے اور اس کی مشیت اس بات کے ساتھ متعلق ہوچکی ہے کہ ان کو پھر دنیا میں بھیجے۔ چنانچہ شب معراج میں خود انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اخیر زمانہ میں جب دجال خروج کرے گا۔ مجھ کو دنیا میں اتارنے کا وعدہ دیا ہے۔ (یہ ایک صحیح حدیث کا مضمون ہے۔ جس کا تفصیلی ذکر آگے آتا ہے) پھر بھلا اس میں کیا استبعاد ہے اور کون سا محذور لازم آتا ہے۔ پھر دیکھو جناب رسول اللہ ﷺ شب معراج میں جنت کے اندر تشریف لے گئے۔ پھر وہاں سے نکل کر دنیا میں تشریف لے آئے اور دیکھو حضرت آدم علیہ السلام جنت میں داخل ہوئے اور اس میں رہ کر اللہ تعالیٰ کی مشیت سے اتارے گئے تو اگر بجرد دخول خروج جنت سے ممتنع ہوتا تو یہ کیسے باہر آتے۔ بہرحال کسی صورت سے مطلب صاحب رسالہ اور ان کے ہم خیالوں کا ثابت نہیں ہوتا اور کسی طور سے استحالہ نزول ابن مریم کا بجسدہ العنصری پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچتا۔ پھر بلاوجہ کیوں صرف نصوص کا ظاہر سے کیا جاتا ہے اور کس لئے معنی حقیقی چھوڑ کر مجاز کو اختیار کیا جاتا ہے اور تحریف کا دروازہ کیوں کھولا جاتا ہے اور الحاد کے طریقوں کو کیوں رواج دیا جاتا ہے۔ اللہ جبار وقہار سے ڈرو اور طریق حق کو اختیار کرو۔ ''افرأیت من اتخذ الٰهه هواه '' اس جگہ اس بیان کو مختصر طور پر لکھ دیا۔ اگر اللہ جل شانہ نے توفیق دی تو انشاء اللہ کسی تحریر میں اس کی تفصیل کی جاوے گی۔ مگر چونکہ ان لوگوں کا اس دلیل پر بڑا مدار تھا۔ اس واسطے اس جگہ اس کا جواب لکھنا ضروری سمجھا۔

اسی طرح اور بھی ان کے دلائل کا جن پر فخر کرتے ہیں اور ان کو اپنے براہین قویہ سے سمجھ کر بیشمار جگہ اپنی تحریرات میں لاتے ہیں۔ موقع موقع پر اس رسالہ میں جواب ماصواب لکھا

جاوے گا۔ اگرچہ اس رسالہ مردود علیہ میں نہ موجود ہوتا۔ ناظرین کو فائدہ تامہ حاصل ہو۔’’وعلیٰ اللّٰہ التوکل وبہ الاعتصام‘‘

قولہ...... اور دیکھو’’یا بنی آدم قد انزلنا علیکم لباسا یواری سواتکم وریشا‘‘ کسی نے دیکھا ہے کہ پارچہ اور ملبوسات۔

اقول...... معنی انزال کے یہاں پر وہی اتارنا جسم کے ساتھ ہیں۔ البتہ مجاز یہاں پر اسناد میں ہے۔ یعنی انزال کی نسبت حقیقی نہیں۔ مسبب کو بجائے سبب کے بول دیا کہ پانی ہے۔ مثلاً معنی یہ ہوے کہ اتارا ہم نے پیدائش لباس کے سببون کو مثلاً پانی ہے کہ بوجودہ العنصری اترتا ہے۔ پس لفظ اپنے معنی اصلی میں مستعمل ہوا۔ لہٰذا اس سے صاحب رسالہ کا استشہاد صحیح نہ ہوا اور اگر فرضاً مانیں بھی تو اسی وجہ سے کہ معنی حقیقی متعذر ہیں اور مستشہد لہ میں متعذر نہیں۔ کمامر۔ پس تب بھی استشہاد صحیح نہیں۔

قولہ...... اور فرمایا’’قد انزلنا الیکم ذکراً رسولاً یتلوا علیکم آیات اللّٰہ مبینات‘‘ کیا آنحضرتﷺ بوجود عنصری آسمان سے نازل ہوئے تھے۔

اقول...... اس آیت سے استشہاد کے واسطے اوّلاً اس بات کا ثابت کرنا ضرور ہے کہ اس سے مراد رسول اللہ ہیں۔ (ﷺ) ہم کہتے ہیں مراد اس سے جبرائیل ہیں اور نسبت’’یتلوا‘‘ کی ان کی طرف بلاواسطہ ہے یا بواسطہ محمد رسول اللہﷺ کے کہ ان کے پڑھنے کو جبرائیل کا پڑھنا کہہ دیا۔ جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا’’فاذا قرأناہ فاتبع قرأنہ‘‘ پس انزال اپنے حقیقی معنی میں مستعمل ہے اور تمہارا استشہاد صحیح نہ ہوا اور قرآن مجید بھی مراد ہوسکتا ہے اور اگر محمد رسول اللہﷺ کو مراد لیں۔ تب بھی انزال اپنے ہی معنی میں رہے گا۔ انزال کی نسبت ان کی طرف ترشیحا کی گئی۔ پس یہ مجاز نسبت میں ہے نہ لفظ انزال میں۔ فاین المدعی؟ اگر مجاز مانی بھی جاوے تو اس وجہ سے کہ حقیقت متعذر ہے اور شاہد لہ میں متعذر نہیں۔ کمامر۔’’فلا تلبسوا الحق بالباطل‘‘

قولہ...... اور دیکھو حدیث میں ہے۔’’انزل الدواء الذی انزل الداء‘‘ کسی شفاء خانہ میں یا عطار کی دکان پر کوئی دوا کسی نے دیکھی کہ آسمان سے بوجود عنصری اتری ہو۔

اقول...... اس میں بھی وہی وجوہ جواب کے جو پہلے ذکر کئے گئے۔ جاری ہیں کہ ظاہر ہے اعادہ کی ضرورت نہیں۔ بہرحال مقصود صاحب رسالہ کا ثابت نہیں ہوتا۔

قولہ...... اور فرمایا’’انزل الناس منازلھم‘‘ اور آیا ہے کہ’’لما نزلت ھو قریظة‘‘ اور آیا ہے’’خرج من مکة ونزل یثرب‘‘

اقول...... چونکہ صاحب رسالہ نے ان تینوں شاہدوں سے وجہ استدلال کو بیان نہیں کیا۔ لہٰذا ہم بھی بیان جواب سے اعراض کرتے ہیں۔ اگر انہوں نے ظہور کے سبب چھوڑ دیا تو ہم بھی جواب ظاہر سمجھ کے چھوڑتے ہیں۔

قولہ...... اگر مرزاقادیانی نے نزول کے معنی میں بموجب محاورۂ کتاب وسنت کے یہ کہا کہ نزول سے مراد نزول من السماء بوجود عنصری نہیں تو کیا اور کیا الحاد ہے۔ بینوا توجروا!

اقول...... مرزاقادیانی بنصوص شرعیہ کو اپنے معنی سے خلاف لغت وقواعد جمیع اہل عربیۃ کے تحریف کر کے مصداق ''یحرفون الکلم عن مواضعہ'' کے ہوگئے اور فرمایا ''ان الذین یلحدون فی ایاتنا لا یخفون علینا افمن یلقیٰ فی النار خیر ام من یأتی امناً یوم القیامۃ''

قولہ...... اور لفظ ابن مریم کی نسبت یہ عرض ہے کہ قرآن مجید میں متعدد جگہ مسافر کو ابن السبیل بطور استعارہ کے فرمایا ہے۔ اب دریافت کیا جاتا ہے کہ آیا مسافر راہ کا بیٹا ہوتا ہے۔ حقیقتاً یا چاند کو عرب میں ابن اللیل کہتے ہیں۔ کیا چاند رات کا بیٹا حقیقی ہوتا ہے۔

اگر کنیت بلفظ ابن کتب حدیث وغیرہ میں تفحص کی جاوے تو بہت کثرت سے ایسی نکلے گی جو صرف بطور استعارہ کے کسی مناسبت کی وجہ سے وہاں ابن کا لفظ لگا دیا ہوگا نہ یہ کہ بیٹا حقیقی وہاں مراد ہو۔ اگر مرزاقادیانی نے بطور استعارہ لطیفہ کے ابن مریم سے ایسا شخص مراد لیا جو بلا واسطہ آباء ومشائخ زمان کے اس کو علوم لدنیہ حاصل ہوئے ہوں اور بغیر داخل ہونے کے کسی سلسلہ میں سلاسل اولیاء اللہ ماسبق سے اس کو کشوف والہامات ومعارف کتاب وسنت منجانب اللہ اس کو دیئے گئے ہوں تو کون سا استحالہ لازم آیا۔

اقول...... وباللہ التوفیق !لفظ ابن کا استعارہ بیان کرنے سے اگر آپ کی یہ غرض ہے کہ مرزا پر ابن مریم بغیر حذف ومثل حذف کے مانے ہوئے صادق آجائے تو یہ ہرگز ممکن نہیں۔ کیونکہ اسی خبر کے بعض روایات میں تو لفظ عیسیٰ بن مریم کا وارد ہے۔ جیسا کہ مسلم کی روایت ہے اور بعض میں لفظ مسیح عیسیٰ بن مریم کا آیا ہے۔ چنانچہ احمد کی روایت میں ہے اور بعض میں روح اللہ عیسیٰ ہے۔ جیسا مستدرک حاکم میں واقع ہے، اور بعض روایات میں لفظ نبی اللہ کا بھی وارد ہے۔ ''یفسر بعضها بعضاً'' پس ان الفاظ کو مرزاقادیانی پر بغیر حذف مانے کیونکر صادق کر سکتے ہو اور اگر تمہاری یہ غرض نہیں کہ بغیر حذف مانے مرزاقادیانی پر صادق آتا ہے۔ بلکہ حذف کرنا پڑے گا۔ پس اس وقت میں یہ استعارہ بیان کرنا بالکل لغو ہے اور بے محل۔ کیونکہ جب حذف مانو گے تو

اس وقت ابن اپنی استعمال حقیقی ہی پر رہے گا نہ مجازی پر۔ جس کے لئے تم نے اپنی اس قدر علمیت صرف کی۔

دوسرے! یہ کہ ابن کا جو استعمال استعارۃً ہوتا ہے تو اس طرح پر ہوا ہے کہ ابن کے مصداق کو اس کے مضاف الیہ کے ساتھ ایک مناسبت ہوتی ہے کہ جس کے سبب سے ابن فلان بول دیتے ہیں۔ مثلاً ابن السبیل کہ ابن کے مصداق یعنی مسافر کو اس کے مضاف الیہ یعنی سبیل کے ساتھ ایک مناسبت ہے۔ ایسی ہی ابن اللیل میں چاند کو رات کے ساتھ مناسبت ہے۔ جس کے سبب سے ابن السبیل وابن اللیل بول دیتے ہیں اور صاحب رسالہ نے جو وجہ مناسبت بیان کی یعنی (اگر مرزا قادیانی نے بطور استعارہ لطیفہ کے ابن مریم سے ایسا شخص مراد لیا ہو جو بلا واسطہ آیا) تو یہ وجہ مناسبت کی بقول ان کے، ساتھ ابن مریم کے ہے۔ نہ مصداق ابن کے ساتھ مریم کے۔ کما لا یخفی فتفکر فان فیه مافیه!

بہرصورت تمہارا مطلب فاسد بغیر حذف کے ثابت نہیں ہوا اور بغیر وجہ محذوف وغیرہ ماننا کس قدر نصوص شرعیہ کی تحریف ہے۔ اللہ قہار و جبار سے ڈرو۔ اگر ایسے ہی جہاں چاہیں حذف مان لیا کریں تو ہرگز کسی نص سے کوئی مسئلہ شرعیہ ثابت نہ ہوسکے گا۔ حتیٰ کہ توحید باری عزاسمہ اور رسالت رسول اللہ ﷺ کی بھی جو نصوص کہ دبارۂ نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وارد ہیں۔ ان سے اور اس مرزا سے بالکل مناسبت نہیں اور سر موے موافقت نہیں۔ بڑی بے حیائی کی بات ہے۔ ان کا اپنے آپ کو مصداق کہنا۔ اذا لم تستجی فاصنع ماشئت!

اگر کوئی دوسرا دعویٰ کر بیٹھے تو شاید کچھ چل بھی جاتا۔ ایسی کھلی بات کے چھوٹے مصداق بنے۔ ہر چند کہ احصار ان احادیث کا جو دربارۂ نزول مسیح علیہ السلام ودجال کے وارد ہیں۔ محال عادی ہے۔ مگر میں یہاں پر چند احادیث واسطے افادۂ عوام کے مع حاصل ترجمہ کے لکھتا ہوں۔

حدیث اوّل

’’اخرج البخاری ومسلم وابوداؤد والترمذی عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ والذی نفسی بیده لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما مقسطا فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویفیض المال حتیٰ لا یقبله احد حتیٰ تکون السجدة الواحده خیر امن الدنیا ومافیها ثم یقول ابوهریرة اقروأ ان شئتم وان من اهل الکتاب الالیؤمنن به قبل موته‘‘

بخاری اور مسلم اور ابوداؤد اور ترمذی نے ابوہریرۃؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ

میں اس کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ بے شک قریب ہے کہ ابن مریم تم میں اتریں منصف حاکم ہو کر، تو صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر کو ماریں گے اور جزیہ کو اتاریں گے کہ یہاں تک کثرت ہو جاوے گی کہ اس کو کوئی قبول نہ کرے گا اور ایک سجدہ اس وقت میں دنیا ومافیہا سے بہتر ہوگا۔ پھر ابوہریرہؓ بولے اگر چاہو تو (قرآن سے اس بات کی تصدیق کے لئے) اس آیت کو پڑھ لو’’وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته‘‘ابوہریرہؓ صحابی کی یہ غرض تھی کہ اللہ تعالیٰ ان کے نزول کا قصہ قرآن میں فرماتا ہے کہ جو فرقہ کتاب والوں میں ہے۔ سو اس پر یقین لاوے گا۔ اس کی موت سے پہلے، یعنی جب وہ نزول فرماویں گے۔ اس وقت اس پیشین کا ظہور ہوگا۔ ورنہ پہلے تو ہوا نہیں۔

حدیث دوم

’’اخرج مسلم عن جابرؓ قال قال رسول اللہﷺ لا تزال طائفة من امتی یقاتلون علی الحق ظاهرین الیٰ یوم القیامة فینزل عیسیٰ بن مریم فیقول امیرهم تعال صل لنا فیقول الا ان بعضکم علی بعض امراء تکرمة اللّٰه تعالیٰ لهذه الامة‘‘صحیح مسلم میں جابرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا کہ ہمیشہ میری امت کا ایک گروہ قتل کرتا رہے گا حق پر غالب رہیں گے۔ قیامت تک، پس عیسیٰ بن مریم علیہما السلام اتریں گے۔ پس کہے گا حاکم ان کا آیئے نماز پڑھایئے تو وہ جواب میں فرماویں گے نہیں۔ تم ہی ایک دوسرے پر سردار ہو۔ اللہ تعالیٰ کی بزرگی دینے کے سبب سے اس امت کو۔

حدیث سوم

’’اخرج ابوداؤد عن ابی هریرةؓ مرفوعا لیس بینی وبین عیسیٰ نبی وانه نازل. فاذا رأیتموه فاعرفوه رجل مربوع الیٰ الحمرة والبیاض ینزل بین ممصرتین کأن راسه یقطر وان لم یصبه بلل فیقاتل الناس علی الاسلام فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویهلك اللّٰه فی زمانه الملل کلها الا الاسلام ویهلك اللّٰه فی زمانه المسیح الدجال فیمکث فی الارض اربعین سنة ثم یتوفی فیصلے علیه المسلمون‘‘ابوداؤد میں ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا کہ میرے اور عیسیٰ کے درمیان کوئی نبی نہیں اور بے شک وہ اترنے والے ہیں سو ان کو پہچان لینا۔ میانہ قد، سرخی اور سفیدی کے درمیان اتریں گے دو رنگین کپڑوں میں گویا کہ ان کے

سر کے بال ٹپک رہیں۔ اگرچہ انہیں تری نہ پہنچی ہو تو لوگوں سے اسلام کے لئے لڑیں گے۔ سو صلیب کو توڑ ڈالیں گے اور خنزیر کو قتل کریں گے اور جزیہ کو اٹھادیں گے اور اللہ جل شانہ ان کے وقت میں سواء ملت اسلام کے سب ملتوں کو کھودے گا اور اللہ تعالیٰ ان کے وقت میں مسیح دجال کو ہلاک کرے گا۔ سو مسیح علیہ السلام زمین پر چالیس برس رہیں گے۔ پھر وفات پائیں گے تو ان پر مسلمان نماز پڑھیں گے۔ ایسے ہی امام احمدؒ نے بھی روایت کیا۔ مگر بعض لفظ کا فرق ہے۔ علامہ حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں اس حدیث کو صحیح الاسناد کہا۔ چنانچہ اکثر الفاظ اس حدیث کے بیان کئے اور کہا روی احمد وابوداؤد باسناد صحیح اور اس عاجز نے بھی جو رجال اسناد کی طرف مراجعت کی تو سب راوی اس کے صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے راوی پائے۔ سواء عبدالرحمٰن بن آدم کے کہ وہ صرف مسلم کے رواۃ سے ہیں تو ان کا بھی محتج بہ ہونا اور ثقاہت یقینی ہے۔

حدیث چہارم

’’اخرج الحاکم فی المستدرك بلفظ ان روح اللّٰه عیسیٰ نازل فیکم فاذا رأیتموه فاعرفوه فانه رجل مربوع الیٰ الحمرة والبیاض علیه ثوبان ممصران کأن راسه یقطروا ان لم یصیبه بلل فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویدعو الناس الیٰ الاسلام فیهلك اللّٰه فی زمانه المسیح الدجال وتقع الامنة علی اهل الارض حتیٰ ترعی الاسود مع الابل والنمور مع البقر والذئاب مع الغنم ویلعب الصبیان مع الحیات فیمکث اربعین سنة ثم یتوفی ویصلی علیه المسلمون‘‘ حاکم نے اپنی کتاب مستدرک میں ابوہریرہؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ روح اللہ عیسیٰ تم میں نزول فرمانے والے ہیں۔ سو جب تم ان کو دیکھنا تو پہچان لینا۔ میانہ قد، سرخی وسفیدی کے درمیان ان پر دو کپڑے رنگین ہوں گے۔ گویا کہ ان کے سر سے پانی ٹپک رہا ہو۔ اگرچہ تری نہ پہنچی ہو۔ (یہ ان کی کمال نظافت وصفائی کا بیان ہے) تو چلیپا سہ کو توڑیں گے۔ (یہ وہ ہے جس کو نصاری پوجتے ہیں) اور خنزیر کو (کہ شریعت محمدی میں سخت حرام ہے اور نصاریٰ کھاتے ہیں) ماریں گے اور جزیہ اٹھاویں گے اور لوگوں کو دین اسلام کی طرف بلاویں گے تو ان کے وقت میں اللہ تعالیٰ مسیح دجال کو ہلاک کرے گا اور اہل زمین میں امن ہو جاوے گا کہ سانپ اونٹ کے ساتھ چرنے لگیں گے اور چیتے گائے کے ساتھ اور بھیڑیئے بھیڑ بکریوں کے ساتھ اور لڑکے سانپوں کے ساتھ کھیلیں گے۔ سو زمین میں چالیس برس رہیں گے۔ پھر وفات پائیں گے اور مسلمان ان پر نماز پڑھیں گے۔

حدیث پنجم

’’اخرج احمد وابن ماجه وصححه الحاکم (کما فی الفتح) وهذا الفظ احمد عن ابن مسعودؓ عن رسول اللّٰهﷺ قال لقیت لیلة اسری بی ابراهیم وموسیٰ وعیسیٰ علیهم السلام فتذاکروا امر الساعة فردوا امرهم الیٰ ابراهیم فقال لاعلم لی بها فردوا امرهم الیٰ موسیٰ فقال لا علم بها فردوا امر هم الیٰ عیسیٰ فقال اما وجبتها فلا یعلم بها احد الا اللّٰه وفیما عهد الیّٰ ربی عزوجل ان الدجال خارج ومعی قضیبان فاذا رآنی ذاب کما یذوب الرصاص (ولفظ ابن ماجة مکان هذا اللفظ هکذا) فذکر خروج الدجال قال فانزل فاقتله فیرجع الناس الیٰ بلادهم قال فیهلکه اللّٰه اذا رانی حتیٰ ان الحجر والشجر یقول یا مسلم ان تحتی کافر افتعال فاقتله قال فیهلکم اللّٰه ثم یرجع الناس الیٰ بلادهم واوطانهم فعند ذلك یخرج یاجوج وماجوج وهم من کل حدب ینسلون فیطؤن بلادهم فلا یأتون علی شئ الااهلکوه ولا یمرون علی ماء الا شربوه قال ثم یرجع الناس یشکونهم فادعو اللّٰه علیهم فیهلکم ویمیتهم حتی تجوی الارض من نتن ریحهم وینزل اللّٰه المطرفیجترف اجساد هم حتیٰ یقذ فهم فی البحر ففیما عهد الیٰ ربی عزوجل ان ذلك اذا کان کذلك ان الساعة کالحامل المتم لا یدری اهلها متی تفاجئهم بولادها لیلا اونهارا‘‘ امام احمد اور ابن ماجہ نے عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت کی کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا کہ معراج کی رات میں میں ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام سے ملا تو انہوں نے قیامت کا ذکر کیا۔ تو پہلے ابراہیم پر چھوڑا سو ابراہیم علیہ السلام نے کہا مجھ کو اس کا علم نہیں۔ (یعنی کب واقع ہوگی) پھر موسیٰ علیہ السلام پر چھوڑا تو انہوں نے کہا کہ مجھ کو اس کا علم نہیں۔ پھر عیسیٰ علیہ السلام پر چھوڑا تو عیسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ وقت وقوع کا تو سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا اور اللہ جل شانہ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ دجال نکلے گا اور میرے ساتھ دو ڈھنیاں ہوں گی۔ جب مجھ کو دیکھے گا تو سیسہ کی طرح پگھلنے لگے گا (اور ابن ماجہ کی روایت میں یہ ہے) کہ عیسیٰ علیہ السلام نے دجال کے نکلنے کا کہہ کر کہا کہ پھر میں اتروں گا تو اس کو قتل کروں گا۔ کہا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے کہ پس اللہ ہلاک کرے گا۔ اس کو جب مجھے دیکھے گا۔ یہاں تک کہ پتھر اور درخت کہیں گے کہ اے مسلمان میرے نیچے کافر چھپا ہوا ہے۔ سو آ کر اس کو قتل کرو تو اللہ سب کفار کو

ہلاک کردے گا۔ پھر لوگ اپنی اپنی بستیوں اور گھروں کی طرف لوٹیں گے تو اب یاجوج وماجوج نکلیں گے۔ وہ ہر اونچے سے پھسلتے آویں گے تو ان کی بستیوں کو روندیں گے۔ سو جس چیز پر جاویں گے اس کو ہلاک کردیں گے اور جس پانی پر گزریں گے اس کو پی جاویں گے تو پھر لوگ آ کر ان کی شکایت کریں گے تو میں اللہ سے ان کے لئے بددعا کروں گا تو ان سب کو اللہ تعالیٰ ہلاک کر دے گا اور ان سب کو موت دے گا۔ یہاں تک کہ ان کی بدبو تمام زمین میں بھر جاوے گی۔ تو اللہ پانی برساوے گا۔ جس سے وہ تمام دریا میں بہ جاویں گے تو اللہ عزوجل کے اس وعدہ میں یہ ہے کہ جب ایسا حال ہوگا اس وقت قیامت کا حال ایسا ہوگا جیسے کہ پوری دنوں کی گابھن کہ معلوم نہیں ہوا کس وقت رات یا دن میں اچانک جن پڑے۔ حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا اور اس عاجز نے بھی جو رواۃ اس حدیث کے دیکھے احمد اور ابن ماجہ دونوں کے تو سب راوی اس کے صحیح بخاری اور صحیح مسلم کے راوی پائے۔ سوا جبلہ بن سحیم کے اور مؤثر بن عفارہ کے کہ وہ دونوں بھی ثقہ ہیں۔ جیسا کہ خلاصہ اور تقریب میں ہے۔ واللہ اعلم!

حدیث ششم

''اخرج مسلم عن النواس بن سمعان قال ذکر رسول اللہ ﷺ الدجال فقال ان یخرج وانا فیکم فانا حجیجه دونکم وان یخرج ولست فیکم فامرءٌ احجیج نفسه واللہ خلیفتی علی مسلم انه شباب قطط عینه طافیة کانی اشبها بعبد العزی بن قطن فمن ادرکه منکم فیلقرأ فواتح سورة الکهف وفی روایة فلیقرأ علیه بفواتح سورة الکهف فانها جوارکم من فتنة انه خارج خلة بین الشام والعراق فعاث یمینا وشمالا یا عباد اللہ فاثبتوا قلنا یا رسول اللہ وما لبثه فی الارض قال اربعون یوما یوم کنة ویوم کشهر ویوم کجمعة وسائرا یامه کایا مکم قلنا یا رسول اللہ فذلك الیوم الذی کسنة ایکفینا فیه صلاة یوم قال لا اقدرو اله قدره قلنا یارسول اللہ وما اسراعه فی الارض قال کالغیث استدبرته الریح فیأتی علی القوم فیدعوهم فیؤمنون به فیأمر السماء فتمطروالارض فتنبت فتروح علیهم سارحتهم اطول ماکانت ذری واسبغه ضروعا وامده خواصر ثم یاتی القوم فیدعوهم فیردون علیه قوله فینصرف عنهم فیصبحون ممحلین لیس بایدیهم شئ من اموالهم ویمر بالجزیة فیقول لها اخرجی کنوزك فتتبعه کنوزها کیعا

سیب النحل ثم یدعوء رجلا ممتلیا شبابا فیضربه بالسیف فیقطعه جزلتین رمیة الغرض ثم یدعوه فیقبل ویتهلل وجهه یضحك فبینما هو كذالك اذبعث الله المسیح بن مریم فینزل عند المنارة البیضاء شرقی دمشق بین مهروذتین واضعا كفیه علی اجنحة ملكین اذا طاطأ راسه قطر واذا رفعه تحدرمنه مثل جمان كاللؤلؤ فلا یحل لكافر یجد من ریح نفسه ینتهی حیث ینتهی طرفه فیطلبه حتیٰ یدركه بباب لدفیقتله تم یاتی عیسیٰ علیه السلام قوما قد عصمهم الله منه فیمسح عن وجوههم ویحدثهم بدرجاتهم فی الجنة فبینما هو كذلك اذاوحی الله عزوجل الیٰ عیسیٰ انی قد اخرجت عباد الیٰ لایدان لا حد بقتا لهم فحرز عبادی الیٰ الطور ویبعث الله یاجوج ماجوج وهم من كل حدب ینسلون فیمز اولهم علی بحیرة طبریة فیشربون مافیها ویمرا خرهم فیقول لقد كان بهذه مرة ماء ثم یسیرون حتیٰ ینتهوا الیٰ جبل الخمر وهو جبل بیت المقدس فیقولون لقد قتلنا من فی الارض فلنقتل من فی السماء فیرمون بنشابهم الیٰ السماء فیرود الله علیهم نشابهم مخضوبة دماء یحصر نبی الله واصحابه حتی یكون رأس الثور لاحدهم خیر امن مائة دینار لا حد كم الیوم فیرغب نبی الله عیسیٰ واصحابه الیٰ الله فیرسل الله علیهم النصف فی اقابهم فیصبحون فرسی كوت نفس واحدة ثم یهبط نبی الله عیسیٰ واصحابه الیٰ الارض فلا بجدون فی الارض موضع شبراً لااملاه زهتهم ونتهم فیرغب نبی الله عیسیٰ واصهابه الیٰ الله فیرسل الله طیرا كالاعناق البخت فتحملهم فتطر حهم حیث شاء الله ثم یرسل الله مطر الا یكن منه بیت مدرولا وبرفیغل الارض حتی یتركها كالزلفة ثم یقال للارض اخرجی ثمرك وردی بركتك فیومئذ تاكل العصابة من الرمانة الحدیث الیٰ قوله ویبقی شرار الناس یتهارجون فیها تهارج الحمر فعلیهم تقوم الساعة'' صحیح مسلم میں نواس بن سمعانؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دجال کا ذکر کیا۔ سوفرمایا۔ اگر میری موجودگی میں نکلا تو میں تمہاری طرف سے جھگڑلوں گا اور اگر میرے پیچھے نکلا تو ہر شخص اپنے لئے جھگڑے گا اور میرے بعد اللہ ہر مسلمان کا نگہبان ہے۔ وہ جوان ہوگا بہت پیچیدہ بال آنکھ اس کی اٹھی ہوئی مجھ کو اس کی مشابہت عبدالعزی بن قطن کے سی لگتی ہے۔ سو جو

کوئی تم میں کا اس کو پاوے تو اس پر سورۂ کہف کا شروع پڑھے۔ اس کے سبب سے اس کے فتنے سے بچ رہے گا۔ وہ نکلے گا اس راستہ پر جو شام وعراق کے درمیان میں ہے تو اس کا فساد دائیں بائیں پھیل جائے گا۔ اے اللہ کے بندو اس وقت مضبوط رہنا۔ صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ کب تک وہ رہے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا چالیس روز ایک دن مثل ایک برس کے ہوگا اور ایک دن مثل ایک مہینے کے اور ایک دن ہفتہ کی طرح اور باقی دن مثل اور تمہارے دنوں کے صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ جو دن سال کا سا ہوگا کیا اس میں ایک دن کی نماز کافی ہو جاوے گی۔ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں اندازہ کر لینا صحابہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ زمین پر اس کا جلدی پھرنا کیونکر ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا جیسے ابر کہ اس کو ہوا لے کر چلتی ہے تو آوے گا ایک گروہ پر اور ان کو اپنی طرف بلاوے گا۔ سو وہ اس کے تابع ہو جاویں گے تو وہ آسمان سے کہے گا۔ پس وہ برسنے لگے گا اور زمین سے کہے گا تو وہ اگے گی تو ان کے مواشی خوب موٹے ہو کر تھن پھولے رکھیں بھیڑیں چر کر لوٹیں گی۔ پھر ایک گروہ پر آوے گا اور ان کو اپنی طرف بلاوے گا تو وہ لوگ اس کی بات نہ مانیں گے۔ تب وہاں سے پھر جائے گا تو اس پر خشکی پڑ جائے گی اور بالکل خالی ہاتھ ہو جاویں گے اور وہ دجال اجڑی زمین پر گزرے گا تو اس سے کہے گا کہ اپنے خزانوں کو نکال تو سب خزانے نکل کر اس کے ساتھ ہو جاویں گے۔ جیسے شہد کی مکھیاں اپنے سردار کے ساتھ، پھر بلاوے گا ایک بھری جوانی والے کو تو اس کو تلوار سے مار کر دو ٹکڑے کر دے گا۔ ایک ایک ٹکڑا تیر کے نشانہ کی دوری پر جا پڑے گا۔ پھر اس کو بلاوے گا آ جاوے گا اور اس کا منہ چمکتا ہوگا۔ ہنستا سو وہ اس حالت میں ہوگا کہ اتنے میں اللہ تعالیٰ مسیح بن مریم علیہما السلام کو بھیجے گا تو وہ اتریں گے سفید منارہ کے نزدیک شرقی جانب دمشق کے دو رنگین کپڑوں میں۔ اپنے دونوں ہاتھ رکھے ہوئے دو فرشتوں کے بازوؤں پر جب سر جھکائیں گے تو ٹپکے گا اور جب اٹھائیں گے تو اس سے موتی سے گریں گے۔ سو جس کافر کو ان کی سانس پہنچے گی مر جائے گا اور ان کی سانس وہاں تک پہنچے گی جہاں تک ان کی نظر جائے گی تو وہ دجال کو تلاش کر کے باب لد میں پا کر قتل کر دیں گے۔ پھر عیسیٰ ان لوگوں کے پاس آویں گے جن کو اللہ تعالیٰ نے دجال کے فتنہ سے بچایا تھا تو ان کے منہ پر ہاتھ پھیریں گے اور جنت کے ان کے درجات بیان کریں گے۔ اتنے میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اللہ تعالیٰ وحی بھیجے گا کہ میں نے ایسے بندوں کو نکالا ہے۔ جن کے ساتھ قتال کی کسی کو قوت نہیں تو میرے بندوں کو طور پر لے جا کر بچا اور بھیج دے گا اللہ تبارک وتعالیٰ یاجوج ماجوج کو اور وہ ہر اونچے سے پھیلتے آویں گے تو گزرے گا آگے والا ان کا بحیرۂ طبریہ پر سو لے لے گا جو اس میں ہوگا اور پچھلا جو آوے گا تو کہے گا کہ اس میں کبھی پانی تھا پھر

پھرتے پھرتے جبل خمر تک پہنچیں گے۔ یہ بیت المقدس میں پہاڑ ہے تو کہیں گے زمین میں جو تھے ان کو تو ہم نے قتل کر لیا۔ اب آسمان والوں کو قتل کرنا چاہئے تو اپنے تیر آسمان کی طرف پھینکیں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے تیروں کو خون سے بھرا ہوا پھیرے گا اور نبی اللہ اور ان کے اصحاب گھرے رہیں گے۔ یہاں تک کہ ان کے نزدیک سری ایک بیل کی بہتر ہوگی۔ تمہارے نزدیک سو دینار سے تو نبی اللہ عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے اصحاب اللہ سے دعا مانگیں گے تو اللہ تعالیٰ ان پر ایسا مرض ڈالے گا کہ سب کے سب ایک بارگی مر جاویں گے۔ پھر نبی اللہ اور ان کے اصحاب نیچے اتریں گے۔ زمین پر تو کہیں بالشت بھر جگہ یعنی یاجوج ماجوج زمین پر ان کی گندگی اور بو سے خالی نہ پاویں گے تو اللہ کے نبی عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے اصحاب اللہ سے دعا کریں گے تو اللہ ایسے پرندے بھیجے گا جن کی گردنیں اونٹوں کی سی ہوں گی تو وہ انہیں اٹھا کر جہاں اللہ چاہے گا پھینک دیں گے۔ پھر اللہ پانی بھیجے گا کہ جس سے کوئی مقام نہ بچے گا تو زمین کو دھو کر آئینہ سا صاف کر دے گا۔ پھر زمین کو حکم ہوگا کہ اپنے پھلوں کو نکال اور اپنی برکت لوٹ دے۔ (یعنی پھر پہلے کی سی برکت آجاوے) تو اس وقت ایک گروہ ایک انار سے کھالے گا۔ (حدیث میں برکت بیان کر کے پھر فرمایا کہ اللہ ایک ہوا بھیجے گا جس سے سب ایمان والے اٹھ جاویں گے) اور بدترین خلائق رہ جاویں تو انہیں پر قیامت آوے گی۔

یہ الفاظ صحیح مسلم کے بیان کئے گئے اور ابن ماجہ اور ترمذی میں بھی اسی طرح ہے۔ بلکہ کچھ زائد تفصیل کے ساتھ ہے۔

حدیث ہفتم

''اخرج الحاکم عن ابی ہریرۃ مرفوعا لیھبطن عیسیٰ بن مریم حکما واماما مقسطا ولیسلکن فجاحاجا او معتمر اولیأ تین قبری حتیٰ یسلم علی ولاردّن علیہ'' حاکم نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک عیسیٰ بیٹے مریم کے اتریں گے۔ حاکم اور انصار والے پیشوا اور البتہ چلیں گے راستہ میں حج کرنے یا عمرہ کرنے اور البتہ آویں گے میری قبر پر کہ سلام کریں گے مجھ پر اور میں جواب اس کا دوں گا۔

حدیث ہشتم

''اخرج مسلم عن ابی ہریرۃؓ قال قال رسول اللہ ﷺ لا تقوم الساعۃ حتیٰ ینزل الروم بالاعماق اوبوابق فیخرج الیھم جیش من المدینۃ من خیار اھل الارض یومئذ فاذا تصافوا قالت الروم خلو بیننا وبین الذین

سبوا منا نقاتلهم فيقول المسلمون لاوالله لا نخلى بينكم وبين اخواننا فيقاتلونهم فينهزم ثلث لا يتوب الله عليهم ابدا ويقتل ثلثهم افضل الشهداء عند الله ويفتح الثلث لا يفتنون ابدا يفتتحون قسطنطنيه فبينماهم يقسمون الغنائم قد علقوا سيوفهم بالزيتون اذ صاح فيهم الشيطان ان المسيح قد خلفكم فى اهليكم فيخرجون وذلك باطل فاذا جاؤ الشام خرج فبينماهم يعدون للقتال يسوون الصفوف اذا اقيمت الصلوٰة فينزل عيسىٰ بن مريم فأمهم فاذا رآه عدوالله ذاب كما يذوب الملح فى الماء فلوتركه لانذاب حتى يهلك ولكن يقتله الله بيده فيريهم دمه فى حربة '' صحیح مسلم میں ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت نہ آوے گی جب تک کہ رومی لوگ (یعنی نصاریٰ) اعماق یا وابق میں نہ اتریں تو ان کی طرف لشکر مدینہ سے نکلے گا۔ جو اپنے زمانہ کے بہترین لوگوں سے ہوں گے تو جب صف باندھیں گے (یعنی لڑائی کے واسطے) تو رومی کہیں گے کہ ہم میں کے جو لوگ قید کئے گئے ہیں۔ (یعنی غلام جو مسلمان ہوگئے ہیں) وہ ہم کو دو ہم ان سے لڑیں گے تو مسلمان کہیں گے کہ ہرگز ایسا نہیں ہوگا وہ ہمارے بھائی ہیں تو ان سے مقاتلہ ہوگا پس تہائی لوگ (مسلمانوں کے) بھاگ جاویں گے۔ کبھی ان کے طرف اللہ متوجہ نہ ہوگا اور تہائی شہید ہوجاویں گے۔ وہ اللہ کے نزدیک افضل الشہداء ہیں اور تہائی فتح کریں گے کبھی وہ لوگ فتنہ میں نہ پڑیں گے تو قسطنطنیہ کو فتح کرلیں گے۔ سو وہ غنیمتوں کو تقسیم کرتے ہوں گے کہ شیطان پکارے گا کہ مسیح (یعنی دجال) تمہاری اہل میں تمہارے پیچھے آ گیا تو وہ نکلیں گے اور یہ بات شیطان کی جھوٹی ہوگی (کیونکہ مسیح دجال مدینہ میں نہ جاسکے گا) پس جب وہ شام میں آویں گے تو وہ نکلے گا تو جس وقت وہ قتال کے لئے تیار ہوں گے اور صفیں درست کرتے ہوں گے کہ نماز کے لئے تکبیر ہوگی پس عیسیٰ بن مریم نزول فرمائیں گے تو ان کے امام ہوں گے سو جب ان کو اللہ کا دشمن (یعنی دجال) دیکھے گا تو جیسے نمک پانی میں گھلتا ہے گھلنے لگے گا۔ سو اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسے چھوڑ دیں تو گھلتے ہی گھلتے ہلاک ہوجاوے۔ مگر اللہ تعالیٰ ان کے ہاتھ سے اس کو قتل کروائے گا۔ پس حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کا خون بھالے میں لگا ہوا لوگوں کو دکھاویں گے۔

حدیث نہم

'' اخرج الترمذى واحمد عن مجمع بن جارية عن رسول الله ﷺ قال يقتل ابن مريم الدجال بباب لد وقال الترمذى هذا حديث صحيح قال

وفی الباب عن عمران بن حصین ونافع بن عیینة وابی برزة وحذیفة بن اسید وابی هریرة وکیسان وعثمان بن ابی العاص وجابر وابی امامة وابن مسعود وعبداللّٰہ بن عمرو وسمرة بن جندب والنواس بن سمعان وعمرو بن عوف وحذیفة بن الیمانؓ ’’امام احمد اور ترمذی نے مجمع بن جاریہ سے روایت کی کہ رسول اللّٰہ ﷺ نے فرمایا کہ ابن مریم دجال کو باب لد میں قتل کریں گے۔ ترمذی نے کہا یہ حدیث صحیح ہے اور کہا کہ اس بارہ میں اتنے صحابیوں سے روایت ہے۔ عمران بن حصین اور نافع بن عیینہ اور ابی برزہ اور حذیفہ ابن اسید اور ابی ہریرہ اور کیسان اور عثمان بن ابی العاص اور جابر اور ابی امامہ اور ابن مسعود اور عبداللہ ابن عمرو اور سمرہ بن جندب اور نواس بن سمعان اور عمرو بن عوف اور حذیفہ ایمانی رضی اللہ عنہم اجمعین احادیث جو نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں وارد ہیں۔ اس کثرت سے ہیں کہ جوان میں کے سہل الوصول اور موجود ہیں ان کے لئے ایک بڑا دفتر چاہئے۔ ان چند احادیث کو بطور نمونہ کے سنادیا ناظرین منصفین ان احادیث کو دیکھ کر غور کر سکتے ہیں کہ الفاظ رسول اللّٰہ ﷺ کیا کہتے ہیں اور متنحل مسحیہ کیسی کیسی تحریف کرتا ہے اور کیسی صحیح صریح احادیث کا پیرایۂ تاویل میں انکار کرتا ہے۔ اے اہل اسلام ایسے دعوے جھوٹے کرنے والا تم لوگوں کا نہانی دشمن ہے۔ اس سے بچتے رہو۔ اپنے نبی رحمۃ کی کھلی تعلیم کو (جوان پڑھوں کی تعلیم کے لئے بھیجے گئے تھے) چھوڑ کر دشمن ڈگا دینے والے کے تابع نہ ہو یہ اللہ کی طرف سے جانچ کا وقت معلوم ہوتا ہے کہ کون اپنی عقل کو شرع کے تابع کرتا ہے اور کون شیطانی وسوسہ کی طرف جاتا ہے۔

’’ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ هدیتنا وهب لنا من لدنك رحمة انك انت الوهاب‘‘ علامہ شوکانی بعد نقل احادیث کے اپنی کتاب توضیح میں کہتے ہیں۔’’وجمیع ما سقناه بالغ حدالتواتر کما لا یخفی علی من له فضل اطلاع فتقرر بجمیع ماسقناه فی هذا الجواب ان الاحادیث الواردة فی المهدی المنتظر متواترة والاحادیث الواردة فی الدجال متواترة والاحادیث الواردة فی نزول عیسیٰ متواترة فی هذا المقدار کفایه لمن له هدایه واللّٰه ولی التوفیق‘‘

قولہ...... اگر کہا جاوے کہ مرزا قادیانی اگر ایسا استعارہ اپنے کلام میں استعمال کرتے تو کوئی قباحت نہ تھی۔ کلام رسول مقبول ﷺ میں انہوں نے ایسی تاویل کی جو تمام علماء سلف وخلف کو معلوم نہ ہوئی اور صرف مرزا قادیانی کو ہی سوجھی تو اس کا جواب یہ ہے کہ جتنے امور مستقبلہ کی خبر مخبر صادق نے دی ہے۔ ان کی حقیقت اور پوری پوری ماہیت جب تک کہ وہ واقع نہ ہولیں۔ صرف علوم ظاہر

سے معلوم نہیں ہوسکتی۔ البتہ ان پر ایمان لانا جیسا کہ ان کے الفاظ اور معانی ظاہرہ سے مفہوم ہوتا ہے۔ ضروری ہے اس کی چند نظیریں بطور شواہد کے میں پیش کرتا ہوں۔ تاکہ اصل مدعیٰ ہر شخص منصف کے سمجھ میں آجاوے اور اس مقدمہ کا ثبوت بھی اس سے ہو جاوے۔

اقول...... ’’بعون اللّٰہ تعالیٰ‘‘ صاحب رسالہ نے جو قائل کا جواب دیا اس کا حاصل یہ ہے کہ نزول ابن مریم کا ان امور مستقبلہ سے ہے کہ جن کی خبر مخبر صادق نے دی ہے اور جتنے امور مستقبلہ کی خبر مخبر صادق نے دی ان کی حقیقت اور پوری پوری ماہیئت جب تک کہ وہ واقع نہ ہولیں صرف علوم ظاہر سے نہیں معلوم ہوسکتی۔ پس نزول ابن مریم کی حقیقت اور پوری پوری ماہیئت جب تک کہ واقع نہ ہولے صرف علوم ظاہر سے معلوم نہیں ہوسکتی تو واضح رہے کہ اس کلام میں کئی وجوہ سے فساد ہے۔ اوّل یہ کہ کبریٰ قیاس مسلم نہیں۔ مطالب بالبرہان ہے۔ یعنی اس بات کا دعویٰ کہ جتنے امور مستقبلہ کی خبر مخبر صادق نے دی ہے۔ ان کی حقیقت بغیر وقوع کے علوم ظاہر سے معلوم نہیں ہوسکتے۔ بغیر دلیل مسلم نہیں اس کی دلیل۔ بیان کرنا چاہئے اور جو شواہد بیان کئے تو اوّل تو وہ تمہارے مدعا کے موافق نہیں یا خود ان کے ثبوت میں کلام ہے۔ چنانچہ آگے انشاء اللہ ظاہر ہو جاوے گا۔ دوسرے یہ کہ بعض افراد پر حکم سے کل افراد پر وہ حکم لازم نہیں آتا۔ کمالایخفی کہ تمہارا یہ کلیہّ ٹھیک ہو جاوے۔ لہٰذا قیاس منتج نہ ہوگا۔ پس آپ کا مدعا بھی ثابت نہ ہوگا۔

دوسری وجہ فساد کی یہ ہے کہ حقیقت اور پوری پوری ماہیئت معلوم نہ ہونے سے دو حال سے خالی نہیں۔ یا یہ غرض ہے کہ طریق وقوع کا علم حاصل نہیں ہوتا کہ جس طرح ظاہر الفاظ خبر کے مقتضی ہیں۔ اسی طرح واقع ہوگی یا دوسری طرح کہ قول مخبر ماؤل ہو یا یہ غرض ہے کہ اس کا علم تو ہو جاتا ہے۔ مگر اس کی صورت کماہی اور پوری پوری حالت بعینہا جو ظہور میں آوے گی بتمامہا معلوم نہیں ہوتی۔ شق ثانی مسلم ہے کہ جہاں تک خبر نہیں دی گئی اس کی صورت تفصیلی کا حال کیونکر قبل وقوع معلوم ہو جاوے۔ مگر اس کی خصوصیت اخبار مستقبلہ کے ساتھ کیا ہے۔ بلکہ جو اخبار ماضیہ یا موجودہ غیر مشاہد ہیں وہ بھی ایسے ہیں۔ دوسرے یہ بات تمہارے مدعا اصلی کو بالکل مفید نہیں۔ کیونکہ اس کے تو اس قدر نکلتا ہے کہ نزول حضرت عیسیٰ روح اللہ نبی اللہ ابن مریم کی صورت کماہی تفصیلی اور حالت بعینہا معلوم نہیں۔ جب تک کہ وقوع میں نہ آوے اور نزول ان کا بذات خود یقینی ہے نہ یہ کہ ان کے ذاتی نزول میں شک ہے اور درصورت شق اوّل یہ قاعدہ مسلم نہیں۔ کیونکہ جہاں پر الفاظ اخبار مستقبلہ کی باعتبار قواعد عربیہ کے متحمل کئی معانی کے ہیں۔ مثلاً کئی معنی کو مشترک ہیں اور کوئی قرینہ قوی مرجحہ نہیں یا کوئی مجاز اس لفظ میں ایسی مشہور ہو کہ قریب حقیقت کے ہو مثلاً طویل

الیہ کہ بمعنی سخی کے مشہور ہے اور وہاں پر کوئی وجہ وجیہ اور سبب قوی اطلاق مجاز پر قائم ہو تو البتہ وہاں پر قبل وقوع علم یقینی حاصل نہیں ہوتا اور جہاں پر یہ بات نہیں بلکہ الفاظ قطعی الدلالۃ ہیں تو وہاں پر کوئی شک وشبہ نہیں۔ کیونکہ جب مخبر صادق نے ایسے الفاظ فرمائے کہ جن کی معنی میں کسی طرح کا شک اور کسی نوع کا احتمال نہیں۔ باعتبار قواعد عربیہ کے (جو محاورۂ اہل زبان کو بتانے والی ہیں اور خادم ہیں۔ کتاب وسنت کے) پھر اس میں شک کرنا نادانی اور وسوسۂ شیطانی ہے۔ کیونکہ اگر مخبر صادق کو دوسرے معنی مقصود ہوتے تو جو الفاظ صاف قطعی الدلالۃ غیر معنی مقصود پر ہیں۔ ان کو بول کر خاص کر معظم امور میں کہ جن سے ایک تختہ دین کا بدلتا ہو امت کو فتنہ میں ڈالنا ہے اور لوگوں کو حق کا منکر بنانا حاشا وکلا ہرگز ایسا نہیں ہوسکتا۔ تو یہ پیشین گوئی نزول نبی اللہ عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کی اسی قبیلہ سے ہے کہ کس کثرت سے شارع نے اور کیسی کیسی تفصیلوں اور تاکیدوں اور تشریحوں کے ساتھ صاف صاف الفاظ صریح الدلالۃ کے ساتھ بیان فرمادیا۔ (چنانچہ بات الفاظ حدیث دیکھ کر کم استعداد آدمی پر بھی کھل سکتی ہے) اب اس میں شارع کا کیا قصور ہے۔

گر نہ بیند بروز شپر چشم ہا چشمہ آفتاب راچہ گناہ

پس اس میں باب تحریف باطل اور تاویل فاسدہ کا کھولنا بڑی الحاد کی بات ہے۔ اللھم احفظنا منہ! پس قاعدہ موضوعہ تمہارے مقصود فاسد کو مفید نہ ہوا۔ تیسری وجہ فساد یہ ہے کہ جب قاعدہ یہ ٹھہرا کہ حقیقت پیشین گوئی کی قبل وقوع کے علوم ظاہر سے معلوم نہیں ہوسکتی تو تمہارے پیر جی جو اس پیشین گوئی کے معنی مثیل کے کرتے ہیں تو ہم اس کو کس طرح تسلیم کریں۔ کیونکہ جب قاعدہ یہ ٹھہرا کہ قبل وقوع کے پوری پوری حقیقت نہیں معلوم ہوسکتی تو پھر قطعاً یہ کیسی تسلیم کی جاوے کہ اس کی معنی مثیل کے ہیں۔ اگر کہو کہ مرزا قادیانی اس کے مصداق ہوگئے اور پیشین گوئی واقع ہوگئی تو ہم کہیں گے کہ مرزا قادیانی کا اس پیشین گوئی کا مصداق ہونا موقوف ہے۔ اس پر کہ اس پیشین کے معنی مثیل کے ہیں اور یہ معنی معلوم ہونا موقوف ہیں۔ مرزا قادیانی کے مصداق ہونے پر۔ پس لازم آیا دور اور وہ باطل ہے اور مستلزم باطل کا باطل ہے۔ پس مرزا قادیانی کے یہ معنی کرنا یا تمہارا یہ قاعدہ باندھنا باطل ہے۔ اگر کہو کہ ہمارے پیر جی کو الہام اور علوم باطنیہ سے معلوم ہوا تو ہم کہیں گے کہ یہ ان کے احتلامات اور بطنیات ان کے ہی واسطے ہیں۔ دوسروں پر حجت نہیں۔ اگر کہو خارجاً دوسرے طور سے مرزا قادیانی کا مصداق ہونا معلوم ہوا تو ہم کہیں گے۔ لاؤ وہ کیا ہے۔ بسبب امکان معنی حقیقی کے اور وسعت زمانی کے کہ واقع ہونا پیشین گوئی کا اپنے معنی اصلی میں خوب ممکن ہے۔ مجبوری نہیں کہ خواہ مخواہ معنی مجازی لئے جاویں۔ عاقل منصف کے لئے اس قدر

کافی ہے اور سمجھدار پر خوب ظاہر ہوگیا کہ منشاء ومنی جو صاحب رسالہ کا تھا وہ باطل ہوگیا۔ اب چنداں ضرورت جواب شواہد کی نہ تھی۔ مگر اتماماً للحجۃ اور ایضاحاً للحق ہر ایک کو علیحدہ بیان کر کے جواب دیتا ہوں تو واضح رہے کہ غرض صاحب رسالہ کی ان شواہد کے بیان کرنے سے دو ہیں۔

ایک یہ کہ یہ قاعدہ ثابت ہو جاوے کہ پیشین گوئی کی حقیقت اور پوری پوری ماہیئت قبل وقوع کے علوم ظاہر سے نہیں معلوم ہوسکتی۔

دوسرے یہ کہ اصل مدعی ہر شخص منصف کے سمجھ میں آ جاوے یعنی یہ بات معلوم ہو جاوے کہ اس پیشین گوئی، نزول ابن مریم میں معنی حقیقی مراد نہیں۔ یہ دونوں باتیں ان کی عبارت سے ظاہر ہیں۔ مگر بسبب اجمال کے تفصیل کی ضرورت پڑی و نیز یاد رہے کہ ان ہی دو پر جواب شواہد میں بحث کی جاوے گی۔

قولہ...... انجاج الحاجہ شرح ابن ماجہ میں لکھا ہے کہ ’’ان عثمان لما جمع المصاحف روی لہ ابوھریرۃ انہ سمع النبی ﷺ یقول ان اشد امتی حبالی قوم یأتون من بعدی یؤمنون بی ولم یرونی یعملون بمافی الورق قال ابوھریرۃ فقلت ای ورق حتی رأیت المصاحف ففرح بذلك عثمان واجازا باھریرۃ بعشرۃ الاف درھم وقال انك لتحفظ علینا حدیث نبینا ‘‘ دیکھو حضرت ابوہریرہؓ کو حقیقت اور ماہیئت ورق معلوم نہ ہوئی۔

اقول...... یہ روایت انجاح الحاجہ شرح ابن ماجہ میں نہیں۔ اگر صاحب رسالہ (احسن قادیانی) انجاح الحاجہ میں نکال دیں ابھی ہم ان کی علمیت کے قائل ہو جاویں۔ بلکہ یہ روایت مصباح الزجاجہ حاشیہ ابن ماجہ میں بیان نزول عیسیٰ علیہ السلام میں ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ صاحب رسالہ رموز حواشی کی تمیز نہیں رکھتے۔ بھلا یہ رطب ویابس روایتیں مطلب کو کیونکر مفید ہوسکتی ہیں۔ اوّل قابل احتجاج ہونا روایت کا بیان کرئے پیچھے اس سے نتیجہ نکالتے۔ نتیجہ فرع ہے۔ روایت کا جب روایت کا ثبوت نہیں تو نتیجہ کا کیا ذکر صاحب مصباح الزجاجہ نے نہ مخرج روایت کا بیان کیا نہ خود سند بیان کی۔ پھر بے سند بات کیونکر قبول ہوسکتی ہے۔ ابھی ہم کو صحت روایت مسلّم نہیں تو دوسرے جواب کی کیا ضرورت۔ جب وہ روایت کا ثبوت دیں گے اس وقت ہم بھی جواب اس کا دیں گے۔

قولہ...... ’’عن ابی ھریرۃؓ قال قال رسول اللہ ﷺ ھلکۃ امتی علی یدی غلمۃ من قریش رواہ البخاری ‘‘ باتفاق شارحین حدیث یہ پیشین گوئی واقع ہو چکی۔ مراد امت سے صحابہ اور اہل بیت ہیں اور مراد غلمہ قریش سے یزید اور عبداللہ بن زیاد وغیرہما ہیں۔ اب جو

شخص معنی غلمہ میں قریش کی حقیقی مراد لے اور لفظ امت سے جو معنی متعارف وہ مراد لئے جاویں تو اس کے نزدیک یہ پیشین گوئی اب تک واقع نہیں ہوئی۔

اقول...... واضح رہے کہ صاحب رسالہ نے ان شواہد کو دو غرض سے بیان کیا۔ جیسا کہ اوپر ظاہر ہوا تو غرض اوّل (یعنی قبل وقوع کے حقیقت پیشین گوئی کی معلوم نہیں ہوتی) اس روایت سے ذرا بھی ثابت نہیں ہوتی۔ بلکہ اس کا خلاف ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ اس سے یہ کہاں معلوم ہوا کہ اصحاب کو قبل وقوع کے اس کی حقیقت معلوم نہ تھی۔ بلکہ دیکھو ابوہریرہؓ کہتے ہیں۔ جو صحیح بخاری میں اسی روایت کے ساتھ موجود ہے۔ ''فقال ابوهريرةؓ لوشئت ان اقول بنی فلان وبنی فلان لفعلت ''یعنی ابوہریرہؓ بعد بیان اس حدیث کے کہتے تھے کہ اگر میں چاہوں تو بتادوں وہ فلانے اور فلانے کی اولاد ہیں اور ابن ابی شیبہ میں ہے۔ ''ان اباهريرةؓ كان يمشئ فی السوق ويقول اللهم لاتدركنی سنة ستين ولاامارة الصبيان ''یعنی ابوہریرہؓ بازار میں چلتے ہوئے کہتے تھے اے اللہ میں سنہ ساٹھ تک نہ پہنچوں اور نہ لڑکوں کی امارت تک۔ ''قال الحافظ ابن حجر وفی هذا اشارة الیٰ ان اوّل الاغليمة كان فی سنة ستين وهو كذالك فان يزيد بن معاوية استخلف فيها ''ان اقوال ابوہریرہؓ سے یہ بات کھل گئی کہ حقیقت پیشن گوئی کی ابوہریرہؓ کو پہلے سے معلوم تھی اور وہ اس کے مصداق ومعنی سے قبل وقوع خوب واقف تھے۔ پس اس سے ہرگز یہ بات ثابت نہیں ہوتی کہ قبل وقوع حقیقت پیشین گوئی کی معلوم نہیں ہوسکتی۔ بلکہ اس کے خلاف ثابت ہوا کہ دیکھو قبل وقوع کے خوب معلوم تھی اور اس کی ماہیئت سے پورے پورے طور پر واقف تھے۔ ثبوت غرض اوّل کا تو معلوم ہوا۔ اب غرض ثانی کا حال سنو۔ (یعنی اس پیشین گوئی میں مجاز ہونے سے نزول ابن مریم مجاز مانا جاوے) اقوال ابوہریرہؓ سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جناب نبی کریمﷺ نے بالتصریح ان کو حقیقت پیشین گوئی پر مطلع فرمادیا تھا۔ ورنہ وہ عالم الغیب تو تھے نہیں یہ بات کیسی کہتے کہ میں ہر ایک کا نام لے کر بتا سکتا ہوں۔ مگر ابوہریرہؓ نے مصلحت سے کلمہ مجمل کے ساتھ روایت کی۔ اب آپ بتائیے کب رسول اللہﷺ نے فرمادیا کہ یہ جو ساری علامات اور تشریحات نزول عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے بیان کی گئی ہیں۔ ان سے یہ ظاہری معنی مراد نہیں ہیں۔ بلکہ مطلب دوسرا ہی ہے۔ پس یہ کیسا قیاس مع الفارق کرتے ہو۔ حاصل یہ کہ نبی صاحب نے مجاز غلام کے ساتھ تحقیر کے واسطے بولی۔ چونکہ اس میں ابہام دیکھا تو اپنی مراد سے مطلع فرمادیا۔ اس پیشین گوئی نزول عیسیٰ بن مریم میں اگر مجاز مراد ہوتی تو یہاں پر کہ اس سے زائد ابہام ہے۔ درصورت ارادہ مجاز کے کہ سب قرائن مقتضی

حقیقت کے ہیں۔ کیوں نہ مطلع فرمادیتے اور اپنی مراد سے کہ جس کا بغیر اطلاع سمجھنا موافق قواعد کے متعذر رہے۔ مفصل خبر دے دیتے۔ پس اس سے ثابت ہوا کہ اس پیشین گوئی نزول میں مجاز مراد نہیں۔ اس سے تو خلاف تمہارے مطلوب کے ثابت ہوا نہ موافق۔

دوسرے یہ کہ غلام کا استعمال ''جوان'' کے معنی میں کلام عرب میں بہت شائع وجاری ہے۔ ''قال فی مصباح المنیر وسمعتهم یقولون للکهل غلام وهو فاش فی کلامهم '' تم اپنی مجازات میں جو ہزاروں الفاظ حدیثیہ میں تحریف کرتے ہو ثابت کرو۔ شیوع ان کے استعمال کا ان باطل معنی میں۔

تیسرے یہ کہ ہم کہتے ہیں کہ غلمہ اپنے حقیقی معنی میں مستعمل ہے۔ مراد غلمہ سے اولاد ہیں۔ امراء وقت کے، دیکھو فتح الباری میں ہے۔ ''الا ان یکون المراد بالاغیلمة اولاد بعض من استخلف فوقع الفساد بسببهم فنسب الیهم '' یہ ترجمہ باب کے شرح میں لکھا ہے اور آگے لفظ حدیث بخاری کی شرح میں لکھتے ہیں۔ ''قوله فاذا رایتهم غلمانا...... الخ! هذا یقوی الاحتمال الماضی وان المراد اولاد من استخلف منهم '' یعنی یہ لفظ روایت ''اذا رآهم غلمانا '' پچھلے احتمال کو قوی کرتے ہیں اور یہ کہ مراد غلمہ سے ان خلفاء کی اولاد ہے۔ تو اب پیشین گوئی اپنے معنی حقیقی ہی میں رہی اور لفظ غلمہ اپنے معنی اصلی میں مستعمل ہوا پھر تمہارا مطلب کدھر گیا۔ امت کے معنی متعارف بیان نہیں کئے گئے۔ نہ معلوم وہ کیا سمجھ بیٹھے ہیں۔ جس سے یہ گمراہی کا دروازہ کھولنا چاہا ہے۔ مگر یہ معلوم ہوتا ہے کہ خود بھی اس میں متردد تھے۔ لہٰذا زبان پر نہیں لائے۔ مگر اپنا پیشہ چھوڑا نہیں جاتا۔ واللہ اعلم!

قولہ...... ''عن عائشةؓ ان بعض ازواج النبی ﷺ قلن للنبی ﷺ اینا اسرع بك لحوقا قال اطولکن یدا فاخذوا قصبة یذر عونها وکانت سودة اطولهن یدا فعلمنا بعدا انما کان طول یدها الصدقة وکانت اسرعنا لحوقا به زینب وکانت تحب الصدقه متفق علیه ولفظه للبخاری '' مولوی محمد بشیر صاحب نے مجھ سے یہ حدیث بیان کر کے کہا کہ دیکھو اس پیشین گوئی کی تاویل قبل وقوع اصحابہ کو معلوم نہ ہوئی۔

اقول...... سلمنا کہ اس پیشین گوئی کی تاویل قبل وقوع کے ازواج کو معلوم نہ ہوئی۔ مگر طویل الید سخی کے معنی میں بھی مشہور ہے۔ دیکھو امام نووی لکھتے ہیں۔ ''قال اهل اللغة یقال فلان طویل الید والباع اذا کان سمحاً جوادا وضده قصیر الیدوالباع '' اسی کے مثل ہے جو اللہ جل شانہ نے فرمایا۔ ''وقالت الیهود ید اللہ مغلولة غلت ایدیهم ولعنوا بما

قالوا بل یداہ مبسوطتان ینفق کیف یشاء ''ابن عباسؓ سے مروی ہے۔''مغلولۃ ای بخیلۃ ''اورانہوں نے شان نزول بھی اس آیت کا یہی کہا کہ یہود نے کہا تھا کہ اللہ بخیل ہے۔ خرچ نہیں کرسکتا۔ چنانچہ اپنے موقع میں مبیّن ہےاورفرمایا۔''ولا تجعل یدک مغلولۃ الیٰ عنقک ولا تبسطھا کل البسط ''توجناب رسول اللہﷺ نے اسی معنی مشہور کے اعتبار سے فرمایااورازواج کا خیال دوسری طرف گیا۔ چونکہ یہ بات احکام تکلیفیہ میں سے نہ تھی اوراس کے عدم علم سے کوئی موجب فساد دینی کا نہ تھا۔ بلکہ ایسے امور سے کہ جن کے اظہارکواللہ جل شانہ نے مناسب نہ سمجھا اوراس کی تفصیلی کیفیت سے کسی کو مطلع نہ فرمایا۔لہٰذا رسول اللہﷺ نے بھی ایسے مجمل لفظ کے ساتھ فرمایا کہ وہ بات مبہم ہی رہے۔

اورزین بن منیر نے یوں کہا۔''لما کان السوال عن آجال مقدرۃ لا تتعلم الا بالوحی اجابھن بلفظ غیر صریح واحالھن علی مالا یتبین الا بآخرہ وساغ ذلک لکونہ لیس من الاحکام التکلیفۃ انتھی من فتح الباری شرح البخاری ''پھربھی لحاظ اس میں اس بات کا رکھا کہ ایسے لفظ کے ساتھ بولے کہ جو معنی مقصود میں مشہور بھی ہیں نہ یہ کہ ایسی بے تکی بولیں جس سے کلام فہم عقلاء سے خارج ہو جاوے۔ جیسا کہ صاحب رسالہ اوران کے پیر نے اس پیشین گوئی نزول ابن مریم کوسیکڑوں الفاظ حدیثہ میں مجاز ناجائز بنا کراورتاویل باطل کردیا اوران تنصیصات کوجن کوشارع نے عقائداور معظم اموراورایک بڑی دین کی بات جان کرطرح طرح سے تشریح اورصاف صاف علامات کے ساتھ تصریح کر کے فرمادیا تھا۔ان کو بے جا تاویلیں اور فاسد مجازین بنابنا کرکلام عقلاء وخطاب بلغاء سے خارج کر دیا۔پس اس پیشین گوئی کوتمہارے مدعا اصلی سے کیا نسبت ہے۔ انتہاء درجہ یہ ہے(موافق رائے بعض علماء کے جس میں ابھی ہم کوکلام باقی ہے) کہ مجاز کا ایسی جگہ استعمال بلاقرینہ درست ہے۔ جہاں موجب خرابی کا نہ ہو۔''قال فی الفتح وفیہ جواز اطلاق لفظ المشترک بین الحقیقۃ والمجاز بغیر قرینۃ وھو لفظ اطولکن اذا لم یکن محذور ''اورموضع متنازع فیہ میں جو کچھ محذور ہے اہل علم پر مخفی نہیں اور کہیں کہیں یہ عاجز بھی تصریح کرتا جاتا ہے تو واضح ہوگیا کہ فرمانا جامع علوم،حاوی فنون، ناصردین منیر جناب مولوی محمد بشیر صاحب مدظلہ کا صحیح ہے۔مگرصاحب رسالہ کے مطلب کو بالکل مفید نہیں اورصاحب رسالہ کا ان کے اس قول کواس جگہ ذکرکرنا عوام کودھوکا دہی سے خالی نہیں۔ واللہ اعلم!

قولہ...... میں کہتا ہوں۔ مسلک سلف صالح کا یہی تھا کہ قبل وقوع واقعہ کے کسی مسئلہ میں تدقیق

اور چھان بین نہیں کیا کرتے تھے۔ بلکہ اوّل بخطاب سائل حل وقعت دریافت کر کے جواب دیتے تھے۔ پس جب کہ امور احکامیہ کا یہ حال تھا تو پیشین گوئیوں مستقبلہ کی کرید کرنے کی کیا ضرورت تھی۔ بجز اس کے کہ ان کے الفاظ ظاہرہ پر ایمان لایا جاوے۔

اقول...... میں کہتا ہوں کہ مسلک سلف صالح کا یہی تھا کہ کسی نص شرعیہ میں تاویل بجا کر کے اپنی ہوا وخواہش کے منافق نہ بناتے تھے۔ بلکہ جس بات کو محاورہ کے موافق کلام شارع سے پاتے تھے اس کے موافق عمل درآمد کرتے تھے۔ جب نصوص عملیہ میں یہ حال تھا تو جو نصوص عقائد کے ساتھ متعلق ہیں اور جن پر مدار دین کا ہے۔ ان میں تحریف کرنے کی ان کو کیا ضرورت تھی اور کیوں تحریف کر کے ملحد بنتے۔ بجز اس کے کہ الفاظ ومعانی ظاہرہ جو ان سے مستفید ہوتے ہیں۔ ان پر ایمان لاویں۔ ’’ومن اضل ممن اتبع هواه بغير هدى من الله‘‘

قولہ...... ایضاً فرمایا اللہ تعالیٰ نے ’’لقد صدق الله رسوله الرؤيا بالحق لله لتدخلن المسجد الحرام ان شاء الله‘‘ اس آیت کی شان نزول میں لکھا ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے خواب میں دیکھا کہ ساتھ اصحاب کے آپ ﷺ مکہ کو تشریف لے گئے اور وہاں بفراغ خاطر عمرہ کیا۔ حاصل کلام یہ ہے کہ اس پیشین گوئی کی تعیین وقت میں صحابہ کرامؓ سے بھی خطا واقع ہوئی اور آنحضرت ﷺ کی رائے عالی بھی اولا صحابہ کرامؓ کے ہی موافق رہی۔ لیکن اصل حال یہ تھا کہ خواب بے شک سچا تھا۔ لیکن اس میں کچھ اسی سال کی تعیین نہ تھی۔

اقول...... بعون اللہ تعالیٰ آپ نے جو اس شاہد کو اس واسطے پیش کیا کہ قبل وقوع کے پیشین گوئی کی حقیقت نہیں معلوم ہوتی تو حقیقت نہ معلوم ہونے سے اگر آپ کی یہ غرض ہے کہ وقت وقوع معین طور پر نہیں معلوم ہوتا تو سلمنا اگر شارع ومخبر کی جانب سے تعیین وقت نہ ہوتی تو وقت معین کیونکر معلوم ہوسکتا ہے تو یہ مطلب آپ کے کچھ مفید نہیں۔ کیونکہ یہ قاعدہ آپ نے اس قائل کے جواب میں بیان کیا۔ جس کا اعتراض کہ وقت معین معلوم ہوگیا۔ نزول ابن مریم کا معنی نہ معلوم ہونے میں ہے نہ تعین وقت میں ونیز آپ کے مقصد اصلی کو بھی مفید نہیں۔ اگر قیاس کرتے ہو معنی نہ معلوم ہونے کو وقت نہ معلوم ہونے پر تو یہ قیاس مع الفارق ہے۔ کیونکہ وقت نہ معلوم ہونے کی وجہ تو یہ ہے کہ مخبر صادق نے کوئی وقت معین نہیں کیا۔ بخلاف معنی کے جب الفاظ صریح المعنی قطعی الدلالۃ بتادیئے تو پھر معنی میں کیا شک رہا اور اگر حقیقت نہ معلوم ہونے سے یہ غرض ہے کہ معنی اصلی معلوم نہیں ہوتے تو اس پیشین گوئی کو اس مطلب سے کچھ تعلق نہیں۔ کیونکہ یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ وہ لوگ نفس معنی پیشین گوئی کو نہ جانتے تھے۔ بلکہ یہ پیشین گوئی تمہارے اس قاعدہ کو توڑتی ہے دو وجہ سے۔

وجہ اوّل! یہ کہ دیکھو اصحاب کو قبل وقوع کے حقیقت پیشین گوئی کی معلوم ہوگئی تھی کہ اس سے مکہ کو جانا مراد ہے اور کچھ نہیں اسی بناء پر جب آئندہ سال کے واسطے مصالحت ہوگئی۔ (چنانچہ تفصیلی قصہ صحیح بخاری میں مذکور ہے) تو حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ آپ ﷺ نے تو فرمایا تھا کہ ہم بیت اللہ کو جاویں گے اور وہیں خانہ کعبہ کو طواف کریں گے۔ دیکھو حضرت عمرؓ نے پیشین گوئی کے معنی میں بالکل شک نہیں کیا کہ شاید اس کی کچھ اور حقیقت ہو۔ بلکہ اس کی معنی میں یقین کر کے اور جزماً اس معنی کو مان کر اپنی نظر میں خلف وعدہ دیکھ کر عرض کیا۔

وجہ ثانی! یہ کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کے جواب میں یہ فرمایا کہ پیشین گوئی کی حقیقت قبل وقوع کے علوم ظاہر سے نہیں معلوم ہوسکتی ہے۔ تم ابھی کیوں اعتراض کرتے ہو۔ بلکہ ان کے جان لینے کو قبل وقوع کے مسلم رکھ کے فرمایا کہ میں نے یہ کہا تھا کہ اسی سال میں جاویں گے؟ تو حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ نہیں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ بس جانا ہوگا اور طواف بھی کریں گے۔ تو اس قصہ میں تقریر نبوی ﷺ سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ قبل وقوع کے حقیقت پیشین گوئی کی معلوم ہوجاتی ہے۔ پس یہ حدیث قاعدہ ومطلب صاحب رسالہ کو مبطل ہے نہ مثبت اس کو صاحب رسالہ کا اپنا شاہد بنانا بڑی جائے تعجب ہے۔

پھر واضح رہے کہ یہ کہنا صاحب رسالہ کا کہ آنحضرت ﷺ کی رائے عالی بھی اوّلاً صحابہ کرام کے ہی موافق رہی۔ جب تک کہ اس کا ثبوت کسی روایت صحیح سے نہ دیں۔ رسول اللہ ﷺ پر افتراء باندھنے میں داخل ہوگا۔ بھلا یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ نبی صاحب بھی صحابہ کے ساتھ خطاء میں شریک تھے۔ دیکھو نبی صاحب تو حضرت عمرؓ کے جواب میں فرماتے ہیں۔ چنانچہ صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے عرض کیا۔ ''اولیس کنت تحدثنا انا سناتی البیت فنطوف بہ'' یعنی آپ ﷺ تو فرماتے تھے کہ ہم لوگ بیت اللہ جاویں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے جواب میں ارشاد فرمایا۔ ''بلیٰ فاخبرتك انا ناتیه العام قلت لا قال فانك آتیه ومطوف به'' دیکھو رسول اللہ تو فرماویں کہ میں نے یہ کب کہا تھا کہ اسی سال میں جاویں گے اور تم کہو کہ پہلے تو رسول اللہ ﷺ کی بھی یہی رائے تھی جو صحابہ کی تھی۔ اگر آپ کو بھی یہی خیال ہوتا تو فرمادیتے کہ پہلے میں بھی یہی سمجھا تھا۔ واللہ اعلم!

قولہ...... امام احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور حاکم نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی ہے۔ مشکوٰۃ شریف میں موجود ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت عثمانؓ سے فرمایا کہ بے شک اللہ تمہیں ایک قمیص پہنائے گا پھر اگر منافقین چاہیں کہ وہ قمیص تم اتار دو تو تم مت اتاریو۔

یہاں تک کہ مجھ سے ملاقات کرو۔اس پیشین گوئی میں اگر قمیص کے معنی حقیقی مراد لئے جاویں تو یہ پیشین گوئی واقع نہیں ہوئی۔

اقول...... اوّل الفاظ روایت کو نقل کرتا ہوں۔جس سے تصرف صاحب رسالہ کا ظاہر ہوا۔ابن ماجہ کے لفظ اس طرح ہیں۔''عن عائشةؓ قالت قال رسول اللهﷺ یا عثمانؓ ان ولاك الله هذا الا مریو ما فارادك المنافقون ان تخلع قمیصك الذی قمصك الله فلا تخلعه یقول ذلك ثلاث مرات ''اور لفظ ترمذی کے یوں ہیں۔''یا عثمانؓ انه لعل الله یقمصك قمیصا فان ارادوك علی خلعه فلا تخلعه لهم ''تو واضح رہے کہ غرض اوّل صاحب رسالہ کی (کہ قبل وقوع حقیقت پیشین گوئی کی نہیں معلوم ہوسکتی) بالکل اس سے ثابت نہیں ہوتی۔کیونکہ اس سے یہ کہاں معلوم ہوا کہ حضرت عثمانؓ کو قبل وقوع کے حقیقت پیشین گوئی کی معلوم نہ تھی۔بلکہ اس کے خلاف پر ہم قرینہ سے بتاتے ہیں کہ ان کو معلوم تھی۔چنانچہ ابن ماجہ میں اسی روایت کے بعد دوسری روایت میں حضرت عائشہؓ سے موجود ہے۔''فجاء عثمان فخلا به فجعل النبیﷺ یکلمه ووجه عثمان یتغیر ''اور یہ ہے''ان عثمان بن عفان قال یوم الدار ان رسول اللهﷺ عهد الیٰ عهد افانا صائر الیه ''اور اس سب کو بیہقی نے بھی دلائل النبوۃ میں ذکر کیا اور بعض روایت کو ترمذی نے بھی ذکر کیا اور کہا''هذا حدیث حسن صحیح ''حاصل ترجمہ یہ کہ حضرت عثمانؓ سے رسول اللہﷺ اپنے مرض میں خلوت میں کچھ فرماتے تھے اور حضرت عثمانؓ کا چہرہ متغیر ہوتا جاتا تھا۔جب حضرت عثمانؓ کو منافقوں نے گھر میں محبوس کیا تو حضرت عثمانؓ نے فرمایا کہ رسول اللہﷺ نے مجھ سے عہد کیا ہے تو میں ویسے ہی کروں گا۔ابن ماجہ میں ہے۔''قال قیس کانوا یرونه ذلك الیوم'' قیس نے کہا لوگ وہ اسی دن کو سمجھتے تھے۔مثل اس کے اور بھی روایتیں آئی ہیں۔حاصل کلام یہ ہے کہ ان روایتوں سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ حضرت عثمانؓ اور دوسرے لوگ بھی پہلے سے اس کو خوب جانتے تھے۔دور جانے کی کیا ضرورت ہے۔اسی روایت کو دیکھو جس کو صاحب رسالہ اپنی دلیل قرار دیتے ہیں۔اس میں رسول اللہﷺ نے''ان ولاك الله هذا الامر ''فرمادیا تو پھر کیا شبہ رہ گیا۔پس معلوم ہوگیا کہ اس شاہد سے غرض اوّل تو ثابت نہیں ہوئی۔رہی غرض ثانی تو اس کو سنو۔جب نبی صاحب نے صاحب نے لفظ''ان ولاك الله هذا الامر ''فرمادیا تو اب مجاز لینے کی کیا ضرورت رہ گئی۔فرمادیا کہ ادنیٰ درجہ اگر ایک کرتہ جو اللہ تم کو پہنائے وہ بھی اگر منافقین اتارنا چاہیں تو نہ دینا تو خلافت چھوڑنا تو بڑی بات ہے پس باوجودیکہ قمیص کے معنی حقیقی مراد لئے

گئے۔ پیشین گوئی واقع ہوگئی تو یہ قول صاحب رسالہ کا (اگر قمیص کے معنی حقیقی مراد لئے جاویں پیشین گوئی واقع نہ ہوگی) غلط ہے قطع نظر اس سے موافق فہم صاحب رسالہ کے، میں کہتا ہوں حسب ترجمہ صاحب رسالہ کے پیشین گوئی تو اسی قدر ہے کہ اللہ تمہیں ایک قمیص پہنائے گا تو ایک کیا اللہ تعالیٰ نے انہیں بیسیوں پہنائے۔ پھر آگے حکم فرمایا کہ اگر منافقین اتارنا چاہیں تو نہ اتارنا۔ پس قمیص کے معنی حقیقی لے کر پیشین گوئی کیوں نہ واقع ہوئی۔ پھر ہم کہتے ہیں۔ اگر مجاز مان بھی لیں تو قرینہ صارفہ کیسا قوی (یعنی ''ان ولاك الله هذا الامر '' اور دوسرے تصریحات) موجود ہے۔ آپ کوئی قرینہ صارفہ ضعیفہ ہی پیش کیجئے۔ پس یہ کیا قیاس مع الفارق ہے۔ ''ولا تلبسوا الحق بالباطل وتكمتوالحق''

قولہ...... تحریر الشہادتین میں لکھا ہے کہ ابن عساکر نے محمد بن عمر بن حسن سے روایت کی ہے کہ ہم کربلا میں حضرت امام حسینؓ کے ساتھ تھے۔ سوانہوں نے سمرہ کو دیکھ کر فرمایا۔

اقول...... بعد تسلیم صحت نقل کے اس روایت کا صحیح ہونا مسلم نہیں۔ صاحب رسالہ کا نفس استشہاد ہے جب تک صحت روایت کو ثابت نہ کرلیں صحیح نہیں، وجہ استشہاد پر تو نظر پیچھے کی جاوے گی۔ بلکہ اہل علم نے احادیث ابن عساکر کو طبقہ رابعہ سے خیال کیا ہے۔ جن کی اصلح روایت ضعیف محتمل اور اسوء موضوع وغیرہ ہوتی ہے۔ ''قال فی حجة البالغة والطبقة الرابعة كتب قصد مصنوفها بعد قرون متطاولة جمع مالم يوجد فى الطبقتين الاولين وكانت فى المجاميع والمسانيد المختفية فنوهو ابامرها وكانت على السنة من لم يكتب حديثه المحدثون ككثير من الوعاظ المتشدقين واهل الاهواء والضعفاء اوكانت من آثار الصحابة والتابعين اومن اخبار بنى اسرائيل اومن كلام الحكماء والوعاظ خلطها الرواة بحديث النبی ﷺ سهوا او عمدا اوكانت من محتملات القرآن والحديث الصحيح فرداها بالمعنى قوم صالحون لا يعرفون غوامض الرواية فجعلوا المعانى احاديث مرفوعة اوكانت معانى مفهومة من اشارات الكتاب والسنة جعلوها احاديث مستندة براسها عمدا اوكانت جملا شتى فى احاديث مختلفة جعلوها حديثا واحدا بنسق واحد مظنة هذه الاحاديث كتاب الضعفاء لا بن حبان وكامل ابن عدى وكتب الخطيب وابى نعيم والجوزقانى وابن عساكر وابن النجار والديلمى وكاد مسند الخوارزمى يكون من هذه الطبقة واصلح هذه الطبقة

ماكان ضعيفا محتملا واسوء ها ماكان موضوعا او مقلوباً شديد النكارة ‘‘
یعنی طبقہ رابعہ کی وہ کتابیں ہیں جن کے مصنفون نے بہت مدت کے بعد ان روایات کو جمع کرنا چاہا جو پہلے دو طبقوں میں نہ تھیں اور پوشیدہ تھیں۔ ایسے لوگوں کی زبانوں پر تھیں۔ جن کی روایات محدثین لکھتے بھی نہیں۔ جیسے بہت سارے واعظین ہوتے ہیں۔ بڑھا کر بات کہنے والے اور ہوا پرست اور غیر معتبر یا وہ روایتیں اقوال صحابہ تھیں۔ یا اقوال تابعین یا بنی اسرائیل کے اخبار یا عقلمندوں کا کلام یا واعظوں کا تو اس کو نبی صاحب کی حدیث کے ساتھ ملا دیا۔ دھوکے سے یا قصداً یا کوئی احتمالی معنی قرآن یا صحیح حدیث کے تھے یا کوئی اشارہ تھا کہ قرآن یا حدیث سے نکلتا تھا۔ اس کو حدیث بنا دیا یا مختلف مضمون کی حدیثیں تھیں۔ ان کو ایک کر دیا مظنہ اس طرح کی روایات کا ابن حبان کی کتاب الضعفا اور کامل ابن عدی اور کتب خطیب اور ابی نعیم اور جوزقانی اور ابن عساکر اور ابن نجار اور دیلمی میں ہے اور مسند خوارزمی بھی اسی کے قریب ہے اور اس طبقہ کی اصلح روایت وہ ہوتی ہے جو ضعیف محتمل ہوتی ہے اور بدتر وہ جو موضوع یا مقلوب بڑی منکر ہوتی ہے اور اسی کتاب حجۃ اللہ میں ہے۔’’ واما الرابعة فالا شتغال بجمعها والاستنباط منها نوع تعمق من المتاخرين وان شئت الحق فطوائف المبتدعين من الرافضة والمعتزلة وغيرهم يتمكنون بادنى عناية ان يلخصوا منها شواهد مذاهبهم فالانتصار بها غير صحيح فى معارك العلماء بالحديث والله اعلم ‘‘ یعنی طبقہ رابعہ کی روایتوں میں اشتغال اس کے جمع کرنے میں اور ان سے استنباط کرنے میں متاخرین کے اوپر بہت مشکل ہے اور حق یہ ہے کہ بدعتیوں کے فرقے جیسے رافضی ہیں۔ معتزلی ہیں۔ ان کے سوائے اور بدعتی ذرا موقع پا کر ان سے اپنے مذہب کا شواہد بنا کر کھڑا کر دیتے ہیں۔ پس ایسی روایتوں سے مدد لینا علماء کے مقابلہ میں صحیح نہیں۔ چنانچہ یہ حضرت بھی انہیں میں ہیں۔ جب تک اثبات صحت روایت کا نہ کرو گے کامیاب نہ ہوگے۔ پس ابھی ہم کو دوسرے جوابات سے تطویل کی حاجت نہیں۔ واللہ اعلم!

قولہ...... نسیم الریاض میں لکھا ہے۔ بیہقی اور طبرانی اور ابن حکیم جنی نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ ایک گھر میں ہم دس آدمی تھے۔ جناب نبی علیہ السلام نے فرمایا کہ جو تم میں سے پیچھے مرے گا نار میں ہوگا۔

اقول...... اس میں بھی وہی جواب ہے۔ مستشہد پر اثبات مستشہد منہ کا ضرور ہے۔ مانع کے لئے اس قدر کافی ہے کہ یہ کتب ایسے نہیں۔ جن کی احادیث سب صحیح ہی ہوں۔ بلکہ طبقہ ثالثہ کی روایات

سے ہے۔ جن کی روایتیں صحیح، حسن، ضعیف، معروف، غریب، شاذ، منکر، خطا، صواب، ثابت، مغلوب سبھی طرح کی ہوتی ہیں۔ چنانچہ حجۃ اللہ وغیرہ میں ہے۔ پس مستدل پر ایسی روایتوں میں اوّل نفس ثبوت روایت بیان کرنا ضرور ہے۔ والسلام!

قولہ...... تحریر الشہادتین میں لکھا ہے۔ ’’قال الحسین علیه السلام انی سمعت ابی‘‘

اقول...... اس کا بھی وہی جواب ہے۔ جو پہلے ذکر کیا بیان نفس ثبوت روایت ضرور ہے۔ بعد ثبوت روایت کے وجہ استدلال میں نظر کی جاوے گی۔ ابھی تطویل کی ضرورت نہیں۔

قولہ...... بیہقی نے عروہ اور سعید بن مسیّب سے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ابی بن خلف سے کہا تھا کہ میں تجھے قتل کروں گا۔ آپ نے اس کے حلق پر ایک جگہ زرہ سے خالی دیکھ کر ایک نیزہ مار دیا۔ ایک زخم پوست خراش لگا کہ اس میں سے خون بھی نہ نکلا۔ مگر گھوڑے سے گر پڑا اور پھر بھاگ کر قریش میں جا ملا۔ لوگوں نے کہا تجھے کچھ اندیشہ کی بات نہیں۔ لیکن بالآخر اسی زخم سے راہ میں مکے کو پھرتے ہوئے واصل جہنم ہوا اور ایک شخص کہتا ہے کہ اسے پانی مت دیجیو۔ یہ مقتول رسول اللہ ﷺ کا ہے۔ ابی بن خلف۔ اس پیشین گوئی کے لکھنے سے میری یہ غرض ہے کہ جو معنی ظاہر قتل کے ہیں۔ وہ یہاں پر نہیں پائے گئے۔

اقول...... اس کا بھی وہی جواب سابق ہے۔ مگر بڑی جائے تعجب ہے کہ صاحب رسالہ قتل کے معنی کیا سمجھے ہیں کہ کہتے ہیں کہ ظاہر معنی قتل کے نہیں پائے گئے۔ باوجودیکہ یہ خود لکھتے ہیں کہ اسی زخم سے جو رسول اللہ ﷺ نے مارا تھا۔ وہ مرا کیا معاً مارنے کے مرے، تب ہی اس کا قتل کہلاوے گا؟ اگر کچھ دیر لگ جائے جان نکلنے میں اور مرے اسی کے مار کے سبب سے تو اس کا قتل نہ کہلاوے گا؟ ’’قال اللغة قتلة قتلا از هقت روحه‘‘ اور پھر قصہ ابن عمر میں یہ بھی لکھتے ہیں کہ یہ مقتول رسول اللہ کا ہے۔ دوسرے اخبار میں بھی اس شخص پر مقتول رسول اللہ کا اطلاق آیا ہے۔ فافهم والله اعلم!

قولہ...... ہدیہ مہدویہ میں لکھا ہے۔ جس کی عبارت بعینہ نقل کی جاتی ہے۔ شیخ جلال الدینؒ نے کہ پندرہ سو برس کا تخمینہ قیامت کا کیا ہے...... اس عبارت طویلہ کے نقل کرنے سے یہ غرض ہے کہ تمام محدثین سلف وخلف کا خیال بسبب خلط ہو جانے خیال اہل کتاب کے یہ تھا کہ عمر دنیا کی ابتداء سے فنا تک سات ہزار برس کی ہے اور اس خیال غیر صحیح پر جو کچھ تعریفات کیں وہ سب خلاف نفس الامر نکلیں۔ اگر صعود نزول عیسیٰ بن مریم کا آسمان سے بوجود عنصری بسبب خلط روایات وخیالات اہل کتاب کے ان کے ذہن نشین ہو گیا ہو تو کیا استبعاد ہے۔ لیکن اس خیال کی تصریح متن احادیث

صحاح میں کہیں نہیں پائی جاتی اور نہ قرآن مجید سے یہ تصریح ثابت ہوتی ہے۔مؤلف!

مرزائی اعلام کا محدثین پر افتراء

اقول...... وبالله التوفیق !یہ کہنا کہ(تمام محدثین سلف وخلف کا یہ خیال تھا کہ عمر دنیا کی ابتداء فنا تک سات ہزار برس ہے)محدثین اراکین دین پر بڑا افتراء ہے۔’’ھذا بھتان عظیم‘‘ تمام محدثین سلف وخلف سے تو کیا تم آدھوں سے ثابت کردو کہ وہ اس کے قائل تھے۔آدھوں سے نہیں تہائی، چوتھائی سے ہم کہتے ہیں۔دو تین ہی معتبر سے’’وان لم تفعلوا ولن تفعلوا فاتقوا النار التی وقودها الناس والحجارة‘‘ظاہر بات ہے کون اہل علم سے اس بات کو کہے گا کہ انتہائے عمر دنیا کی اور وقت معین قیامت کا معلوم ہوگیا۔جس کو اللہ جل شانہ اپنے کلام پاک میں جابجا بالتصریح والتنصیص فرماتا ہے کہ سوائے ذات باری کے اور کسی کو اس کا علم نہیں۔ چنانچہ فرمایا۔’’یسئلونك عن الساعة ایان مرسها قل انما علمها عند ربی لا یجلیها لوقتها الا ھو‘‘تجھ سے پوچھتے ہیں۔قیامت کس وقت ہے۔اس کا ٹھہراؤ تو کہہ اس کا علم تو میرے رب ہی کے پاس ہے۔نہ ظاہر کرے گا اس کو اس کے وقت پر مگر وہی۔

اور فرمایا’’یسئلونك عن الساعة ایان مرسها فیم انت من ذکراها الیٰ ربك منتهها‘‘تجھ سے پوچھتے ہیں۔قیامت کا ٹھہراؤ کس وقت ہے تو کس بات میں ہے۔اس کے مذکور سے تیرے رب کی طرف ہے اس کی انتہاء۔یعنی پوچھتے پوچھتے اسی کی طرف پہنچنا ہے۔ بیچ میں سب بیخبر ہیں۔

اور فرمایا’’یسئلك الناس عن الساعة قل انما علمها عند الله‘‘یعنی قیامت کا علم تو اللہ ہی کو ہے۔

اور فرمایا’’ان الساعة آتیة اکادا خفیها‘‘بے شک قیامت آنے والی ہے۔ نزدیک ہے کہ میں چھپا ڈالوں اس کو۔

اور فرمایا’’الیه یرد علم الساعة‘‘اللہ ہی کے طرف حوالہ کیا جاتا ہے علم قیامت کا۔

اور فرمایا’’ویقولون متی ھذا الوعد انکنتم صادقین قل انما العلم عند الله وانما انا نذیر مبین‘‘اور کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ(یعنی قیامت چنانچہ ماقبل کی آیت بتاتی ہے)تو کہہ خبر تو ہے اللہ کے پاس اور میں تو یہی ڈر سنانے والا ہوں۔

اورفرمایا’’ان اللّٰہ عندہ علم الساعة‘‘یعنی اللہ ہی کے پاس ہے علم قیامت کا۔
اوراحادیث میں بیشمار جگہ موجود ہے۔ بطورمثال کہتا ہوں۔فرمایا’’فی خمس لا یعلمهن الا اللّٰہ ‘‘اورفرمایا’’ماالمسئول عنها باعلم من السائل ‘‘غرض کہ یہ بات ایسی ظاہرومشہور ہے کہ جس سے نہ عالم منکر و بیخبر ہے نہ عامی، پھرکون محدث اس بات کو جزأً کہہ سکتا ہے۔مگر صاحب رسالہ کے نزدیک تو تمام محدثین اور خلف منکر صریح کلام الٰہی اور مکذب تصریح نبوی کے ہوکر دنیا کی عمرحد معلومہ کے قائل ہوگئے۔نعوذ باللہ من ذلک!

پس تمام محدثین پر افتراء کر کے اس خیال کو مرزا قادیانی کے خیال کے ساتھ تشبیہ دینا اور محدثین پر افترائی خیال کو مرزا قادیانی کے خیال کا شاہد بنانا۔ بناء فاسد کی فاسد پر ہے۔ وھو کما تری!

دوسرے! اگر مانیں بھی کہ کوئی اس بات کا قائل ہوگیا ہوتو بھی تمہارے مطلب کے مفید نہ ہوگا۔کیونکہ وہاں تو پہلے باعتبار قواعد شرعیہ کے بڑی باطل بات تھی۔ پیچھے حق معلوم ہوگیا۔ بخلاف تمہارے مطلب کے کہ پہلا خیال بالکل قواعد شرعیہ کے موافق ہے اوراس میں کوئی محال شرعی یا عقلی لازم نہیں آتا۔پھر حقیقت کیوں مہجور ہوگی۔ پس یہ یعنی شے کو اپنے ضد کے ساتھ تشبیہ دے کراور مخالف کو شاہد بنا کر ثابت کرنا کون سی عقل کی بات ہے۔وہاں تو جو پہلا خیال فرض کیا گیا ہے قواعد شرعیہ کے بالکل خلاف ہے اور خیال پچھلا موافق اور یہاں جو پہلا خیال ہے یعنی نزول ذاتی حضرت عیسیٰ علیہ السلام قواعد کے موافق ہے اور پچھلا یعنی جو تمہارے پیر اور تم معنی کرتے ہو بالکل مخالف۔ پس اس پر اس کو قیاس کرنا کیسا خلاف عقل ہے؟ اگر ایسے قیاسات صحیح ہوں تو چاہئے کہ اخبار مستقبلہ کے جہاں کہیں جو معنی کئے گئے ہیں۔سب سے رجوع کر لینا چاہئے۔اس پر قیاس کر کے ایسے ہی کسی نص شرعی میں کوئی نئے معنی ظاہر ہونے سے لازم آوے گا کہ جب نصوص کے جو معنی کئے گئے۔ چاہے عملی ہوں چاہے اعتقادی۔سب سے رجوع کرلیا جاوے اور ایک جگہ پچھلے معنی غلط ہونے سے سب جگہ معانی غلط ٹھہرادیئے جائیں۔

پس یہ شریعت کیا ہنسی کھیل ہوگئی؟ نعوذ باللّٰہ من ذالك! کیا فرضاً اگر علماء کا خیال بسبب خلط خیالات اہل کتاب کے نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا باوجود عنصری ہوگیا تو کیا رسول اللہ ﷺ کو بھی اہل کتاب نے بہکا دیا کہ انہوں نے فرمادیا کہ خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام اتریں گے۔چنانچہ صحیح حدیث میں موجود ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔’’لیس بینی وبین عیسیٰ نبی وانه نازل ‘‘یعنی میرے اور عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کوئی نبی نہیں اور وہ (یعنی

جن کے اور میرے درمیان کوئی نبی نہیں) اترنے والے ہیں اور دوسری روایت صحیح میں اس طرح ہے۔’’الانبیاء اخوۃ لعلّات امھاتھم شتی ودینھم واحد وانا اولی الناس بعیسیٰ بن مریم لانہ لم یکن بینہ وبینی نبی وانہ نازل ‘‘یعنی انبیاء باپ کی طرف سے بھائی ہوتے ہیں۔ مائیں (یعنی فروعات دین) ان کی مختلف ہوتی ہیں اور دین ایک ہی ہوتا ہے اور میں اولیٰ الناس ہوں۔عیسیٰ بن مریم کے ساتھ۔ کیونکہ میرے اوران کے درمیان کوئی نہیں اور بے شک وہ اترنے والے ہیں، اور بیشمار حدیثیں ہیں۔ جن میں نبی صاحبﷺ نے نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تصریح فرمائی ہے۔ چند احادیث اس عاجز نے بھی اوپر نقل کر کے سنادی ہیں اور نیز کیا اہل کتاب نے اپنے خیالوں سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بھی غلطی میں ڈال دیا اور بہکا دیا کہ وہ کہتے ہیں کہ میں قریب قیامت اتر کر دجال کو قتل کروں گا۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے یہ وعدہ دیا ہے۔ چنانچہ صحیح حدیث میں موجود ہے کہ شب معراج میں ہمارے نبی صاحبﷺ سے انہوں نے یہ بات کہی۔ چنانچہ اوپر گزر چکا۔ پس یہ کہنا کہ اس خیال کی تصریح متن احادیث صحاح میں کہیں نہیں پائی جاتی۔ کیسی نادانی کی بات ہے اور قرآن مجید سے بھی اس کا ثبوت اخیر رسالہ میں انشاءاللہ بیان کیا جاوے گا۔ ناظرین انشاءاللہ جان لیں گے کہ یہ قول صاحب رسالہ کا کہ قرآن وحدیث میں اس خیال کی تصریح نہیں محض افتراء ہے اللہ پر اوراس کے رسولﷺ پر۔’’ان الذین یؤذون اللّٰہ ورسولہ لعنھم اللّٰہ فی الدنیا والآخرۃ واعدلھم عذاباً مھینا‘‘

قولہ...... اندریں صورت لازم ہے کہ مرزا قادیانی کی تکذیب اس دعوے میں ہرگز نہ کی جاوے۔ کیونکہ ایسی حالت میں قاعدۂ تصدیق اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں یوں مقرر فرمایا ہے۔’’وقد جاء کم بالبینات من ربکم وان یک کاذباً فعلیہ کذبہ وان یک صادقاً یصبکم بعض الذی یعدکم ان اللّٰہ لا یھدی من ھو مسرف کذاب‘‘

اللہ اوراس کے رسول پر افتراء

اقول...... وباللّٰہ التوفیق !واضح رہے کہ یہ اللہ جل شانہ نے موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں سے ایک شخص کے قول کی حکایت بیان فرمائی ہے۔ چونکہ صاحب رسالہ کو پوری نقل کرنا مضر تھا اس واسطے تھوڑی نقل کی۔ پوری آیت کریمہ یوں ہے۔’’وقال رجل مؤمن من اٰل فرعون یکتم ایمانہ اتقتلون رجلاً ان یقول ربی اللّٰہ وقد جاء کم بالبینات من ربکم وان یک کاذباً فعلیہ کذبہ ‘‘اور بولا ایک مرد ایماندار فرعون کے لوگوں میں سے جو چھپاتا تھا۔ اپنا ایمان کیا مارے ڈالتے ہو۔ ایک مرد کو اس پر کہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے

اور لایا ہے تمہارے پاس کھلی نشانیاں تمہارے رب کی اور اگر وہ جھوٹا ہوگا تو اس پر پڑے گا۔ اس کا جھوٹ اور اگر وہ سچا ہو تو تم پر پڑے گا کوئی وعدہ جو دیتا ہے بے شک اللہ راہ نہیں دیتا۔ اس کو جو ہووے بے لحاظ جھوٹا۔

اوّل! تو مرد مؤمن نے قتل سے منع کیا تھا۔ نہ تکذیب محض سے اگر تکذیب محض سے بھی منع کر دیا جاوے تو معجزہ کس طرح دیکھنے میں آوے۔ پس صاحب رسالہ کا یہ کہنا کہ مرزا قادیانی کی تکذیب اس دعویٰ میں ہرگز نہ کی جاوے اور اس پر یہ قاعدہ بیان کرنا تدلیس یا سوء فہمی سے خالی نہیں۔

دوسرے! یہ کہ آیت کریمہ میں تو یہ ہے کہ ''وقد جاء کم بالبینات من ربکم'' یعنی قاعدہ اس وقت کا ہے کہ مدعی دلائل ظاہرہ کے ساتھ آیا ہے اور تمہارے یہاں ظاہر کیا معنی کوئی غیر ظاہر دلیل بھی نظر نہیں آتی۔ خالی زبانی جمع خرچ ہے۔ مگر ہمارے پاس تمہارے دعاوی کے بطلان پر بیّنات ہیں۔ موقع پر انشاء اللہ بیان ہوں گے۔

تیسرے! یہ کہ تمہارے فہم کے موافق ان دجالین کے مقابلہ میں جن کی خبر نبی صاحب نے دی ہے کہ ہر ایک ان میں کا نبوت کا دعویٰ کرتا ہوگا اور مقابلہ میں دجال اکبر کے اس قاعدہ کا کیا جواب ہے۔ ''فما جوابکم فیهم فهو جوابنا فی مسیحکم'' مگر میرا گمان تو یہ ہے کہ تمہارے نزدیک یہ کوئی نہ ہوگا۔ اس واسطے کہ سب کے بدلے کے یک آ گئی۔ واللّٰہ اعلم!

قولہ...... واضح رہے کہ اگر پیشین گوئیاں جن سے معنی ظاہری قطعاً مراد نہیں بلکہ استعارۃ وکنایۃ دوسرے معانی لطیفہ بطور استعارہ کے مراد ہیں۔ جمع کی جاویں تو ایک دفتر ہو جاوے۔ بالفعل انہیں دس پر اقتصار کیا گیا۔ وتلك عشرة کاملة!

وجہ اختصار

اقول...... واضح ہو کہ صاحب رسالہ نے یہ دس جو جمع کی ہیں۔ ان میں ایسے ایسے ہیں کہ درجہ اعتبار سے ساقط ہیں۔ پھر اور کیا جمع ہوں گے کہ درجہ اعتبار میں آویں۔ یہی دس جو بڑے زور شور سے لائی گئیں۔ ''کرماد اشتدت به الریح فی یوم عاصف'' ہو گئیں۔ باوجودیکہ جواب میں خوف طول سے قصداً اختصار بہت کیا گیا۔ اللہ جل شانہ شاہد ہے اس بات کا، کہ اگر اس عاجز کو قلت فرصت اور عدم سامان کتب نہ ہوتا تو انشاء اللہ بہت تفصیل وزائد تحقیق کے ساتھ جواب لکھتا۔ بہر حال حق مغلوب نہیں ہو سکتا اور اللہ کے دین کا نور نہیں بجھ سکتا۔

قولہ...... اب یہ غرض ہے کہ حدیث متنازع فیہ میں یہ پیشین گوئی بایں تاکیدات کیوں مذکور ہوئی ہے۔’’والذی نفسی بیدہ لیؤشکن ان ینزل فیکم ابن مریم ‘‘اوّل تاکید قسم کے ساتھ دوسرے لام تاکید اور نون ثقیلہ یہ خطاب نبی علیہ السلام کا کن لوگوں سے ہے۔ آیا صحابہ کرامؓ سے ہے۔ بالکل امت اجابت و نیز امت دعوت سے بہر دو شق تاکیدات لغو ہوئی جاتی ہیں۔ کیونکہ صحابہ کرامؓ اور امت اجابت تو مؤمنین کاملین ہیں۔ منکرین معاندین نہیں جو محتاج تاکید ہوں اور جب کہ نزول عیسیٰ بن مریم باوجود عنصری مراد ہے تو ایسا نزول من السماء جو شخص دیکھے گا وہ انکار کیونکر کر سکتا ہے۔ پس بہر دو صورت کلام مقتضاء حال کے مطابق نہ ہوا اور بلاغت و فصاحت سے عاری ہوا۔ کیونکہ ایسے تاکیدات تو خطاب میں کسی بڑے منکر معاند کے چاہئے تھیں۔

اقول...... بعون اللہ تعالیٰ تاکیدات جو انکار کے جواب میں لائی جاتی ہیں تو یہ کچھ ضرور نہیں کہ انکار تحقیقی ہو بلکہ بہت جگہ بسبب انکار حکمی کے تاکیدین لائی جاتی ہیں اور غیر منکر کو قائم مقام منکر کے اور غیر مسائل کو قائم مقام سائل کے حسب مقتضاء حال کے قرار دیتے ہیں۔ چنانچہ تصریح اس کی علم معانی میں مذکور ہے اور نیز کلام فصحاء و بلغاء میں ہزاروں جگہ موجود ہے۔ چونکہ یہ قاعدہ مسلمہ ہے۔ حاجت مثال کی نہ تھی۔ مگر چند مثالیں ابلغ الکلام کلام الملك العلام سے بیان کرتا ہوں۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے’’لئن اشرکت لیحبطن عملك ‘‘کیا رسول اللہ ﷺ کو اس میں شک تھا اور فرمایا حکایت قول ابلیس میں’’فبعزتك لا غوینهم ‘‘کیا نعوذ باللہ اس میں اللہ جل جلالہ کو کچھ انکار یا شک تھا کہ یہ تاکیدین لائی گئیں اور فرمایا’’والضحیٰ واللیل اذا سجیٰ ما ودعك ربك وما قلیٰ وللآخرة خیر لك من الاولیٰ ‘‘کیا رسول اللہ ﷺ کو جو مخاطب تھے اس میں انکار تھا۔ اس قدر تاکید قسم اور پھر لام کے ساتھ فرمایا۔

اور فرمایا’’والعادیٰت ضبحا فالموریٰت قدحاً الیٰ قوله ان الانسان لربه لکنود ‘‘انسان کے ناشرہ ہونے میں کس کو شک یا انکار ہے۔ بلکہ موافق معنی قرب کے اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے کہ انسان خود بھی اس بات پر شاہد ہے۔ چنانچہ فرمایا’’وانه علی ذالك لشهید وانه یحب الخیر شدید ‘‘اور فرمایا’’لا اقسم بهذا البلد وانت حل بهذا البلد ووالد وما ولد لقد خلقنا الانسان فی کبد ‘‘اس میں کس کو شک یا انکار ہے کہ اس قدر تاکیدات سے فرمایا گیا۔ اس طرح کی قسمیں اور تاکیدیں تو کلام مجید میں بکثرت وارد ہیں کہ ظاہر میں کوئی متردد یا انکاری نہیں۔ مگر غیر منکر کو منکر کے قائم مقام کر کے حسب مقتضاء حال فرمایا ہے اور فرمایا’’ولا تحزن علیهم ولا تك فی ضیق فما یمکرون ان اللّٰه مع الذین

اتقوا والذین ھم محسنون ''کیا رسول اللہ کو جو مخاطب ہیں۔ اس میں انکار یا شک تھا۔ ایسے ہی ''وان لك لا جراً غیر ممنون وانك لعلیٰ خلق عظیم ''اور ''انا اعطیناك الکوثر ''اور ''ولئن اتبعت اھواء ھم من بعد ماجاء ك من العلم انك اذا لمن الظالمین ''بھلا اس میں رسول اللہ ﷺ کے طرف شک یا انکار کا گمان ہوسکتا ہے۔ مثل اس کے اور بہت ہیں جمع کرنے کے لئے ایک بڑا دفتر چاہئے۔ حاصل کلام یہ کہ تاکیدوں کے واسطے انکار تحقیقی ضرور نہیں۔ بغیر تحقیقی انکار کے بھی تاکیدات حسب مقتضاء حال آتی ہیں تو اس پیشین گوئی میں بھی اسی طرح ہے۔ چونکہ یہ ایک بات تعجب کی ہے اور خوارق عجیبہ سے لہٰذا متعجب کو بجائے منکر کے قرار دے کر خبر کو مؤکد بتاکیدات فرمایا۔

دوسرے! ہوسکتا ہے کہ اللہ حکیم وعلیم نے اپنے نبی کو تم جیسے منکروں کی خبر دے دی ہو کہ ایسے ایسے لوگ بھی پیدا ہوں گے اور میرا ظن یہی ہے کہ ضرور خبر دی گئی ہوگی۔ کیونکہ یہ تو بڑا فتنہ عظیم ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے تو اس فتنہ والے تک کی خبر دے دی۔ جس کے ساتھ تین سو آدمی ہوں۔ قیامت تک جتنے ہوں اس کا نام اور اس کے باپ کا نام اور اس کے قبیلہ کا نام بتادیا۔ چنانچہ ابوداؤد کی روایت میں ہے۔ ''عن حذیفة قال واللہ ما ادری انسی اصحابی ام تناسوا واللہ ما ترك رسول اللہ ﷺ من قائد فتنة الیٰ ان تنقضے الدنیا یبلغ من معه ثلمائة فصاعداً الا قد سماہ لنا باسمه واسم ابیه واسم قبیلة ''اس کا ذکر مجملاً انہی حضرت حذیفہؓ سے بخاری اور مسلم میں بھی ہے۔ پس نبی صاحب نے انہیں منکروں کے واسطے یہ تاکیدیں فرمائیں کہ ہرگز اس میں شک نہ کریں۔ پس فائدہ تاکید کا ظاہر ہوگیا اور تاکید لغو نہ ہوئی۔

نکتاہا ہست بسے محرم اسرار کجاست

قولہ...... ہاں بموجب مسلک مرزا قادیانی کے محمل ان تاکیدات کا بہت درست معلوم ہوتا ہے کہ وہ نزول ایسا ہوگا جس سے تم بسبب اپنے خیالات کے منکر ہوگے اور وہ عیسیٰ بن مریم بھی ایسا ہی ہوگا کہ تم اس کا انکار کروگے۔

اقول...... یہ تو جب ہوتا کہ مثلاً عبارت حدیث کی اس طرح ہوتی۔ ''والذی نفسی بیدہ لیؤشکن ان یخلق فیکم (یا مثل اس کے کوئی اور لفظ) مثیل ابن مریم ''اور یہاں تو کچھ اور ہی ہے۔ جو تمہارے مطلب کی بیخ کنی کرتی ہے اور پھر اس پر اکتفا نہیں۔ بلکہ اور تصریح آخر اور تشریح دیگر کے ساتھ کہ محال ہے۔ صدق اس کا تمہارے مسیح پر پس مطلب حدیث کجا اور مقصد مرزا کجا اور فرمان نبوی کجا اور غرض مرزا کجا۔ ''فبینھما بعد المشرقین''

قولہ…… مگر نفس الامر میں وہ نزول ایسا ہی ہوگا۔ جیسا کہ ’’قد انزلنا الیکم ذکراً رسولاً‘‘ میں ہے۔

اقول…… بلاشک ایسے ہی نزول ہوگا جو اس آیت میں ہے کہ مراد اس سے جبرائیل ہیں اور بیان اس آیت کا گزر چکا۔ فتذکر!

قولہ…… اندریں صورت علاوہ بلاغت کلام کے ایک دوسری پیشین گوئی اشارۃً اور بھی پیدا ہوگئی اور قاعدہ کلیہ علم معانی کا کہ ’’کل حکم مع منکر یجب توکیدہ‘‘ بھی منقوض نہ ہوا۔

معانی وانی مؤلف اعلام الناس کی

اقول…… یہ بلاغت اور یہ اشارہ دوسری پیشین گوئی کا تو جب ہوتا کہ وہ عبارت ہوتی جو بھی ہم نے لکھی۔ ’’واین ھذا من ذٰلك‘‘ مخفی نہیں کہ غرض صاحب رسالہ کی تو یہ ہے کہ تاکیدات کے واسطے ضرور ہے کہ خطاب ہو کسی منکر معاند کے ساتھ۔ نہ یہ کہ معاند کے مقابلہ میں تاکید ضرور ہے۔ پس اس عبارت قاعدہ کا لانا ’’کل حکم مع منکر یجب توکیدہ‘‘ موافق مطلوب نہ ہوگا۔ کیونکہ اس سے تو صرف اس قدر نکلتا ہے کہ حکم مع منکر کے واسطے تاکید ضرور ہے۔ نہ یہ کہ جہاں تاکید ہوگی تو کسی منکر ہی کے مقابلہ میں ہوگی۔ پس یہ قاعدہ کلیہ اس جگہ تو ویسے بھی نہیں ٹوٹا اس مطلوب کے لئے تو ایسی عبارت لانا چاہئے تھی۔ ’’التوکید انما یکون مع المنکر‘‘ یا مثل اس کے اگر کہا جاوے کہ حکم وجوب تاکید راجع ہے قید کی طرف، تو ہم کہیں گے کہ قطع نظر خلاف ظاہر کے اس سے عدم وجوب درحالت عدم انکار کے نکلے گا۔ نہ عدم استحسان یا عدم جواز بھی۔ پس بہرحال اس مطلب کے واسطے یہ اس عبارت قاعدہ کا لانا مفید طلب نہ ہوگا۔ بلکہ یہ ایک کھلی دلیل مؤلف اعلام الناس کے معنی دانی کی ہوگئی۔

قولہ…… دوسرے الفاظ صحیحین کے یہ ہیں کہ ’’کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم وامامکم منکم‘‘ ان الفاظ میں بھی استفہام تعجبی کا کوئی محمل صحیح نہیں۔ معلوم ہوتا۔ لیکن بموجب مسلک مرزاقادیانی کے یہ استفہام تعجبی بھی اپنے محل پر ہے۔ جس کا جواب خود نبی کریم ﷺ نے اپنے کلام پاک میں دے دیا۔ ’’وامامکم منکم‘‘ جیسا کہ شرح بخاری میں لکھا ہے۔ اووضع المظھر موضع المضمر! حاصل مطلب یہ ہے کہ ابن مریم تمہیں میں سے ہوگا۔

اقول…… یہ استعمال لفظ استفہام کا واسطے تعظیم شان حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے تفخیم حال کے لئے ہے کہ کیا اچھا تم لوگوں کا اس وقت حال ہوگا اور وہ وقت کیا خوب ہوگا۔ چنانچہ دوسری احادیث میں تفصیل اس کی فرمادی کہ کیسی اسلام کو قوت اور مؤمنین کو عزت اور کفار کو ذلت اور کفر کی

بیخ کنی اور ہلاکت ہو جاوے گی اور مال کی کثرت ایسی ہوگی کہ کسی کو اس کی حاجت نہ رہے گی اور آپس کا حسد اور کینہ اور عداوت سب جاتے رہیں گے۔ اس وقت اللہ ہی کی عبادت کی طرف رغبت ہوگی۔ ایک سجدہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہوگا۔ کوئی دوسرا اس وقت میں نہ پوجا جائے گا تو اس کلمہ استفہام میں ان خوبیوں کی طرف اشارہ ہے اور اس تعظیم و تفہیم کے لئے لایا گیا ہے۔

نکتہا ہست بسے محرم اسرار کجاست

تدلیس در معنی امامکم منکم کا ازالہ

پس یہ کہنا کہ اس کا کوئی محمل صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ نادانی کی بات ہے۔ اس طرح کے استفہام کلام عرب میں بکثرت آتے ہیں۔ کہیں تحقیر کے لئے کہیں تظیم کے لئے، اور علم معانی میں بھی اس کا بیان واضح موجود ہے اور یہ جو کہا کہ بموجب مسلک مرزا قادیانی کے یہ استفہام تعجبی بھی اپنے محل پر ہے۔ تو یہ تو جب ہو سکتا کہ الفاظ نبوی یوں ہوتے۔ ''کیف انتم اذا اتی فیکم یا ولد فیکم مثیل ابن مریم واین ھذا من ذالك '' واضح ہو کہ اس جگہ نفس استفہام تعجبی ہونا نہ ہونا اور وضع مظہر موضع مضمر ہونا نہ ہونا ہمارے لئے کچھ مضر نہیں اور اس سے چنداں ہماری غرض اصلی متعلق نہیں۔ لہٰذا ہم اس کے صحیح ہونے نہ ہونے سے اعراض کر کے اور اس کی طول بحث کو چھوڑ کر اصل مطلب کی طرف رجوع کرتے ہیں تو واضح رہے کہ ان کے پیر نے امامکم منکم کے معنی یہ کئے کہ وہ تمہارا ایک امام ہوگا۔ جو تم میں سے پیدا ہوگا۔ دیکھو (توضیح المرام ص۱۱، خزائن ج۳ ص۵۶) میں سوا سی کو ان صاحب نے اس طرح تعبیر کیا کہ وہ ابن مریم تمہیں میں سے ہوگا۔ چونکہ وہ فنون رسمیہ اور علوم آلیہ سے عاری ہیں۔ لہٰذا ان کو ایسے کھلے باطل معنی کرتے عار نہ آئی۔ مگر بہ نسبت ان کے پڑھے ہوئے ہیں تو ان کو صاف صاف کہتے، شرم آئی۔ لہٰذا مطلب کو زبان دبا کر ادا کیا تو میں کہتا ہوں کہ امامکم منکم کے یہ معنی کرنا کہ وہ تم میں سے پیدا ہوگا۔ افتراء ہے رسول اللہ ﷺ پر، کیا منکم سے یہ لازم آتا ہے کہ تم میں سے پیدا ہوگا۔ استغفر اللہ! یہ کیسا طوفان ہے؟

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ''یا ایھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا الیھود والنصاریٰ اولیاء بعضھم اولیاء بعض ومن یتولھم منکم فانه منھم '' کیا اس کے یہی معنی ہیں کہ اے ایمان والو! نہ رفیق بناؤ یہود و نصاریٰ کو اور جو شخص تم میں پیدا ہوا ان کو رفیق بنائے تو وہ انہیں میں کا پیدا ہو جاوے گا اور جو فرمایا ''الم ترا الیٰ الذین تولوا قوماً غضب اللّٰہ علیھم ماھم منکم ولا منھم '' کیا اس سے یہی غرض ہے کہ وہ لوگ نہ تم میں سے پیدا ہیں نہ ان میں سے پیدا ہیں۔

اورفرمایا:’’ومن یرتد منکم عن دینه ‘‘کیااس کے معنی یہی ہیں کہ جوتم میں کا پیدا مرتد ہوجاوے اورفرمایا۔’’یا ایھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا بطانة من دونکم ‘‘کیا اس کا مطلب یہی ہے کہ اے ایمان والو! اپنے غیر سے پیدا کو بھیدی نہ بناؤ۔

اورفرمایا:’’ومن یتولھم منکم فاؤلئك ھم الظالمون ‘‘کیااس کے یہی معنی ہیں کہ جوتم میں کا پیدا ہوا ان کو رفیق بنائے تو وہ ظالم ہے۔ ایسے ہی اور بہت آیات ہیں اور احادیث میں بے شمار جگہ موجود ہے۔ پس بعد فرض تسلیم اس بات کے کہ اقامت مظہر کی موضع مضمر کی ہے یہی معنی ہوں گے کہ وہ تمہارے دین کے موافق عمل درآمد کریں گے۔ جیسا کہ ان آیات میں یہی معنی ہیں۔ چنانچہ متقدمین نے بھی ایسے الفاظ کے یہی معنی کئے ہیں۔

چنانچہ صحیح مسلم میں ہے۔’’قال ابن ابی ذئب اتدری ما امکم منکم قلت وتخبرنی قال فامکم بکتاب ربکم ‘‘اور فتح الباری میں ہے۔’’قال ابوذر الھروی حدثنا الجوزقی عن بعض المتقدمین قال معنی قوله وامامکم منکم یعنی یحکم بالقرآن لا بالانجیل قال الطیبی المعنی یؤمکم عیسیٰ حال کو نه فی دینکم‘‘ قوله...... شراح حدیث الفاظ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں۔’’حکماً والمعنی انه ینزل حاکما بھذه الشریعة فیکسر الصلیب والمقصود ابطال النصرانیة والحکم بشرع الاسلام وکذاقوله ویقتل والخنزیر ومعناه تحریم اقتنائه واکله واباحة قتله کذا قال الطیبی ویضع الحرب فی روایة الکشھمینی ولجزیة والمعنی ان الدین یصیر واحد افلا یبقی احد من اھل الذمة یؤدی الجزیة ‘‘حاصل مطلب یہ ہے کہ اس جگہ دو نسخے ہیں۔ اوّل اوراصل یضع الحرب اوردوسرا یضع الجزیہ درصورت نسخہ اوّل کے مدعا نہایت واضح ہے کہ اس میں گنجائش تاویل کی نہیں ہے اور درصورت نسخہ دوم کہ اگرچہ تاویل بعید خلاف مقصود بعض نے کی ہے۔ لیکن وہ مقبول نہیں کہ مخالف نسخہ اوّل واصل کے ہے اور تفسیر کلام نبوی ایسی چاہئے کہ مصداق ہو۔’’یفسر بعضھا بعضاً‘‘ کی اور دوسری خوبی اس معنی میں یہ بھی ہے کہ منسوخ ہونا احکام شرعیہ خاتم النبیین کا بھی لازم نہیں آتا۔ بخلاف معنی دوسرے کے کہ وہ مستلزم ہے۔ نسخ حکم جزیہ کومگر بتاویل بعید۔

تحقیق یضع الحرب

بعون اللہ تعالیٰ اوّلاً میں کچھ ابتداء حال نزول عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کا بیان کرتا ہوں۔ جس سے ناظرین کو صاحب رسالہ کے مطلب باطل ہونے پر بصیرت ہو۔ تو واضح رہے کہ

ابوداؤد کی صحیح روایت میں (جس کو ہم اوپر لکھ چکے ہیں) یہ ہے۔ ’’فیقاتل الناس علی الاسلام فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویهلك الله فی زمانه الملل کلها الا الاسلام ‘‘یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام بعدنزول کے لوگوں سے اسلام پر لڑیں گے۔ صلیب کو توڑ دیں گے اور سور کو قتل کریں گے اور جزیہ کو چھوڑ دیں گے۔ (یعنی شریعت اسلام میں ان کے نزول سے قبل تک یہ حکم ہے کہ اہل کتاب اگر جزیہ دیں تو قبول کرلیا جاوے اور لڑائی ان سے موقوف رہے اور جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول فرماویں گے تو اس وقت جزیہ کا حکم نہیں رہے گا۔ ان کی لڑائی اسلام ہی سے رفع ہوگی۔ سوائے اسلام کے کچھ قبول نہ کریں گے۔ پس شعائر نصرانیہ کو بالکل کھودیں گے۔ صلیب کو توڑ دیں گے۔ سور سخت حرام ہے۔ اس کو وہ برتتے ہیں۔ مارڈالیں گے جب یہ ہواتو) اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کے وقت میں کوئی ملت سوائے ملت اسلام کے باقی نہ رہے گی۔

قتل دجال کی بحث

اور مسلم میں ہے ’’فاذا رأه عدو الله ذاب کما یذوب الملح فی الماء فلوترکه لا نذاب حتیٰ یهلك ولکن یقتله الله بیده ‘‘یعنی جب عیسیٰ اتریں گے تو ان کو عدو اللہ (دجال) دیکھے گا تو جیسے نمک پانی میں پگھلتا ہے پگھلنے لگے گا۔ سو اگر عیسیٰ علیہ السلام اس کو چھوڑ دیں تو پگھل کر ہلاک ہو جاوے۔ لیکن اللہ تعالیٰ انہیں کے ہاتھ سے اسے قتل کراوے گا اور احمد اور ابن ماجہ کی صحیح حدیث میں ہے۔ (جس کو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں) ’’فانزل فاقتله‘‘

اور یہ بھی ہے ’’قال فیهلکه الله اذا رأنی حتیٰ ان الحجر والشجر یقول یا مسلم ان تحتی کافراً فتعال فاقتله قال فیهلکم الله ‘‘یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ میں اتروں گا تو اس کو قتل کروں گا۔ سو اس پر میرے دیکھنے سے ہلاکت پڑے گی۔ یہاں تک کہ پتھر اور درخت بھی کہنے لگیں گے کہ اے مسلمان میری آڑ میں کافر ہے۔ اس کو آکر قتل کر۔

اور امام احمد کی ایک روایت میں ہے۔ (جس کے راوی سب راوۃ مسلم سے ہیں)

’’وینزل عیسیٰ بن مریم علیه السلام عند صلوٰة الفجر فیقول امیرهم یا روح الله تقدم صل فیقول هذه الامة امراء بعضهم علی بعض فیتقدم امیرهم فیصلی حتی اذا قضی صلاته اخذ عیسیٰ حربة فیذهب نحو الدجال ذاب کمام یذووب الرصاص فیضع حربة بین ثندوته فیقتله ویهزم اصحاب

فلیس یومئذ شئ یواری منهم احداً حتیٰ ان الشجرة تقول یا مؤمن هذا کافر ویقول الحجر یا مؤمن هذا کافر ’’یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام فجر کی نماز کے وقت اتریں گے تو مسلمانوں کا امیر کہے گا کہ آپ نماز پڑھایئے تو انکار کریں گے۔ فرماویں گے کہ اسی امت کے بعض بعض پر سردار ہیں۔ آخر ان کا امیر نماز پڑھائے گا۔ جب نماز سے فارغ ہوویں گے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام دجال کو مارنے چلیں گے۔ باقی ترجمہ پہلی روایت کا سا ہے۔ اس حدیث میں اوّل رسول اللہ ﷺ نے دجال کا بیان کیا کہ اس کے ساتھ ستر ہزار آدمی ہوں گے۔ اکثر ان کے یہودی اور عورتیں ہوں گی اور یہ بیان فرمایا کہ مسلمانوں پر بہت تکلیف ہوگی اور بھوک کی سخت آفت پڑے گی۔ اس کے بعد حضرت عیسیٰ اتریں گے تو ایسا ایسا کریں گے اور ابن ماجہ میں ہے ’’فقالت ام شریك بنت ابی الفکر یا رسول الله فاین العرب ویومئذ قال هم قلیل وجلهم یومئذ بیت المقدس وامامهم رجل صالح قد تقدم یصلی بهم الصبح اذا نزل عیسیٰ بن مریم علیه السلام وفرجع ذلك الامام یمشی القهقریٰ لیتقدم عیسیٰ علیه السلام فیضع یده عیسیٰ بین کتفیه ثم یقول وتقدم فصل فانها لك اقیمت فیصلی بهم امامهم فاذا انصرف قال عیسیٰ افتحوا الباب فیفتح ورأه الدجال معه سبعون الف یهودی کلهم ذوسیف محلی وتاج فاذا نظر الیه الدجال وذاب کما یذوب الملح فی الماء وینطلق هارباً فیقول عیسیٰ ان لی فیك ضربة لن تسبقنی بها فسیدرکه عند باب لدالشرقی فیقتله ویهزم الیه الیهود فلا یبقی شئ مما خلق الله یتوارٰی به یهودی الا انطق ذلك الشئ لا حجر ولا شجر ولا حائط ولا دابة الا الغرقدة فانها من شجرهم لا تنطق الاقال یا عبدالله المسلم هذا یهودی فتعال فاقتله ’’اس کے بعد کچھ دجال کا بیان ہے۔ اس کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بیان میں فرمایا۔’’وتکون الکلمة واحدة فلا یعبد الا الله وتضع الحرب اوزارها ’’یعنی جب رسول اللہ ﷺ نے دجال کا ذکر فرمایا تو ام شریک نے پوچھا کہ اس وقت میں عرب کہاں ہوں گے تو فرمایا وہ بہت کم ہوں گے اور اکثر ان کے بیت المقدس میں ہوں گے اور ان کا سردار ایک صالح آدمی ہوگا۔ صبح کی نماز پڑھانے کے لئے آگے بڑھے گا کہ عیسیٰ مریم کے بیٹے اتریں گے تو یہ امام حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو امام کرنے کے لئے پیچھے ہٹے گا۔ تو وہ نہ مانیں گے۔ آخر وہی سردار نماز پڑھائیں گے۔ جب نماز سے فراغت پاویں گے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماویں گے

کہ یہ دروازہ کھول دو تو دروازہ کھول دیا جاوے گا تو اس کے پیچھے دجال ہوگا۔ اس کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہوں گے تاج پہنے ہوئے ہر ایک کے پاس تلوار ہوگی۔ زیور پہنائے ہوئے تو جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دجال دیکھے گا تو پگھلنے لگے گا نمک کی طرح اور بھاگنے لگے گا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماویں گے مجھ کو تیرا مارنا ہے تو اس سے بچ نہیں سکتا۔ سو باب لد پر پاکر اس کو قتل کردیں گے۔ پس شکست دے گا اللہ تعالیٰ یہود کو سو جہاں کہیں وہ چھپیں گے۔ پتھر یا درخت یا دیوار یا کسی جاندار کی آڑ میں۔ سواء ایک خاردار درخت کے تو وہ بول اٹھے گا کہ اے اللہ کے بندے مسلمان یہ یہودی ہے۔ اس کو آکر قتل کرو اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ان کے وقت میں سب کا کلمہ ایک ہی ہوگا۔ سو سواء اللہ کے اور کوئی نہ پوجا جائے گا اور لڑائی اپنا راچہ رکھ دے گی۔

اور ابن جریر کی روایت میں ہے (کہ جس کے راوی سب رواۃ بخاری اور مسلم سے ہیں۔ سواء دو شخصوں کے ایک عبدالرحمٰن بن آدم کہ وہ صرف رواۃ مسلم سے ہیں تو ان کی بھی ثقاہت میں کلام نہیں۔ دوسرے بشر بن معاذ کہ وہ بھی ثقہ ہیں۔ چنانچہ خلاصہ وغیرہ میں ہے) ''یقاتل الناس علی الاسلام'' (لفظ اس روایت کے مثل روایت ابی داؤد مسطورہ بالا کے ہیں) یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام لوگوں سے اسلام پر لڑیں گے۔

تو واضح رہے کہ ان روایتوں سے یہ بات ظاہر ہوگئی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو نزول کے بعد مقابلہ کفار کے ساتھ اور قتل وحرب ضرور کرنا ہوگا۔ گو ان کو چنداں تکلیف نہ اٹھانی پڑی۔ پھر سب ملتیں سواء ملت اسلام کے کھودی جاویں گی اور اسی ایک ملت حقہ کا دوردورہ رہ جاوے گا۔ پھر کس سے حرب ہوگی اور کیوں حرب ہوگی۔ لہٰذا حرب اٹھ جاوے گی اور ان کے وقت میں تحاسد تباغض سب جاتا رہے گا۔

تنبیہ

ناظرین باانصاف! ذرا غور سے ان الفاظ پیشین گوئی کو جن کو، نبی صاحب ﷺ نے کیسی تصریح سے فرمادیا ہے۔ دیکھیں اس سے اور مرزا قادیانی سے کیا نسبت ہے۔ اس کا اپنے آپ کو مصداق بنانا کیسی صحیح احادیث نبویہ کی تکذیب ہے۔ والسلام!

جب یہ بیان بطور مقدمہ کے ناظرین کو سنادیا گیا تو اب صاحب رسالہ کے اس قول کی حقیقت کو بیان کیا جاتا ہے، تو واضح رہے کہ اور الفاظ اس حدیث کے تو، مرزا قادیانی کی غرض کے بالکل مخالف ہیں اور کھلے طور پر اس کے مطلب کو باطل کرتے ہیں۔ لہٰذا ان پر علیحدہ علیحدہ مجھ کو کلام کرنے کی حاجت نہیں۔ البتہ چونکہ صاحب رسالہ نے یضع الحرب اور یضع الجزیۃ میں کلام کیا اور

اپنے زعم میں اپنے مطلب کے موافق بنالیا تو اس واسطے یہ عاجز بھی ان میں کلام کر کے ان کو ان کے مطلب کے خلاف ہونا ظاہر کرتا ہے اور انہیں سے بطلان ان کے مقصد کا ثابت کرتا ہے۔ واللہ ولی التوفیق!

پوشیدہ نہ رہے کہ صاحب رسالہ نے اوّل اور اصل نسخہ یضع الحرب کو ٹھہرایا اور یضع الجزیہ کو غیر اصل اور خلاف اوّل تو میں کہتا ہوں کہ یہ دعویٰ بلا دلیل ہے۔ اس کے لئے دلیل بیان کرنا چاہئے۔ مدعی پر ثبوت ہے شاید اس وجہ سے کہتے ہوں گے کہ بعض بخاری کے نسخوں میں نساخ نے اس نسخہ کو حوض میں لکھا ہے اور دوسرے کو حاشیہ پر تو میں کہتا ہوں کہ اگر اسی پر اصل اور غیر اصل ہونا ہے تو جہاں حفص کی قرأت کے موافق کلام مجید مطبوع ہوا ہے اور دوسری قرأت ابوبکر وغیرہ کی حاشیہ پر لکھی ہیں تو چاہئے کہ حفص کی قرأت اصل ہو جاوے اور دوسرے ائمہ کی غیر اصل اور جہاں دوسرے کسی امام کی قرأت کے موافق مطبوع ہوا ہے تو وہ قرأت اصل ہو جاوے اور حفص اور دیگر ائمہ کی غیر اصل کہیں یہ بے اصل ہے اور کہیں وہ بے اصل ہے۔ یہ کیسا جہل ہے۔ دوسرے میں کہتا ہوں دیکھو بخاری مطبوعہ مصری کو کہ اس میں نسخہ یضع الجزیہ ہی کو حوض میں لیا ہے اور دیکھو علامہ قسطلانی نے اپنی شرح بخاری میں اپنے نسخہ کی کیسی تعریف کر کے اور اپنی اصل کو کیسا وثوق بیان کر کے یضع الجزیہ ہی کو اصل متن میں داخل کیا اور یضع الحرب کو پیچھے بیان کیا اور دیکھو صاحب مشکوٰۃ نے جس حدیث کو بخاری کی طرف نسبت کیا۔ اس میں نسخہ یضع الجزیۃ ہی کو اختیار کیا اور مصابیح والے نے بھی اسی نسخہ کو لیا اور علامہ ابن کثیر نے بھی اپنی تفسیر میں جو بخاری کی حدیث کو نقل کیا تو اسی نسخہ کو اختیار کیا تو تمہارے قاعدہ کی رو سے اس کو ترجیح ہوئی یا اس کو۔ پھر ہم کہتے ہیں کہ دیکھو بروایت انہی صحابی ابوہریرہؓ کے اسی حدیث میں صحیح مسلم میں بلا احتمال نسخہ ثانی کے یضع الجزیۃ ہے اور اس طرح ابوداؤد میں ہے اور اسی طرح ترمذی میں ہے۔ بلانسخہ ثانی یضع الجزیہ ایسے ہی مستدرک حاکم میں ہے اور مسند احمد میں بھی یہی ہے اور ابن ماجہ میں بھی اسی طرح واقع ہے اور ابوداؤد کی دوسری روایت میں بھی یوں ہی ہے اور بہت روایات ہیں کہ جن میں بلا احتمال دوسرے نسخہ کے یضع الجزیۃ وارد ہے۔ پھر ایک نسخہ کو دوسرے پر بلا مرجح ترجیح دینا اور ایک کو اصل اور دوسرے کو غیر اصل بلا دلیل کہنا حالانکہ اس کے خلاف پر اس قدر قرائن قائم ہوں اور ایسے شواہد موجود ہوں جہالت صریح یا تدلیس قبیح سے خالی نہیں اور یہ جو کہا کہ: ''درصورت نسخہ اوّل کے مدعا نہایت واضح ہے۔'' تو میں کہتا ہوں کہ جس کو نسخہ اوّل کہا وہ یضع الحرب ہے۔ یعنی لڑائی اٹھادیں گے۔ یہ دو حال سے خالی نہیں یا یہ کہ ابتداء ہی سے حرب وقتل کفار کریں ہی نہیں یا یہ کہ ابتداء میں

حرب کریں۔ مگر پھر موقوف ہو جائے اور لڑائی نہ رہے۔

شق اوّل مسلم نہیں اس واسطے کہ مخالف ہے۔ ان روایات کے جو ابھی مقدمہ میں لکھی گئیں، اور تفسیر کلام نبوی ایسی چاہئے کہ مصداق ہو یفسر بعضہ بعضا کی اور شق ثانی تمہارے مدعا کے بالکل مخالف ہے کہ جس سے مقصد دلی جڑ سے اکھڑ جاتا ہے۔ پس یہ کہنا کہ درصورت نسخہ اوّل کے مدعا نہایت واضح ہے اس میں گنجائش تاویل کی نہیں بالکل غلط ہے۔ اس میں اور بھی کلام باقی ہے۔ بقصد اختصار چھوڑا گیا اور یہ جو کہا کہ درصورت نسخہ دوم کے اگرچہ تاویل بعید خلاف مقصود بعض نے کی ہے۔ تو یہ بنا فاسد کی فاسد پر ہے۔ جب اصل اصل نہ رہا تو تفریح اس پر بے اصل ہے۔ بلکہ مخالف اس کے برعکس کہہ سکتا ہے۔ ''کما لا یخفی'' اور یہ جو کہا کہ: ''منسوخ ہونا احکام شرعیہ خاتم النبیین کا بھی لازم نہیں آتا ہے۔'' تو میں کہتا ہوں کہ اگر نسخ سے یہ غرض ہے کہ نسخ من جانب خاتم النبیین ہی کے ہے تو اس میں کوئی محذور نہیں کہ جس سے بچنا ضرور ہو اور اگر یہ غرض کہ منجانب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہے تو یہ غلط ہے۔ کیونکہ وہ اس کے ناسخ نہیں۔ بلکہ یہ اسی شریعت کا حکم مقید موقت ایک وقت معین تک ہے۔ یعنی شارع نے کہ خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں۔ اللہ کی طرف سے انہوں نے ایک وقت تک اس حکم پر عمل درآمد کرنے کو فرمادیا۔ اس کے بعد دوسرے پر۔ جب وہ وقت آ گیا اور مدت پوری ہوگئی تو پہلا حکم اٹھ گیا۔ تو دوسرا جاری ہوا تو یہ انہیں کے طرف سے ہوا نہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف سے۔ پس لازم غیر لازم اور مدعا باطل ہوگیا۔ ''قال فی الفتح قال النووی ومعنی وضع عیسیٰ الجزیة مع انها مشروعة فی هذه الشریعة ان مشروعیتها مقیدة بنزول عیسیٰ لمادل علیه هذا الخبر ولیس عیسیٰ بناسخ لحکم الجزیة بل نبینا ﷺ هو المبین للنسخ بقوله هذا'' اسی طرح اور بھی شروح بخاری ومسلم دیگر سنن میں ہے۔ ''کما لا یخفی علی واقف الفن'' پس اس کلام صاحب رسالہ میں کئی وجوہ سے فساد ہے۔

قادیانی مؤلف کی غلطیاں

اوّل! یہ کہ بلاوجہ اور بغیر دلیل ایک نسخہ کو اوّل اور اصل اور ایک کو غیر اصل ٹھہرایا۔ حالانکہ جو غیر اصل ٹھہرایا گیا اس کی ترجیح کی اس قدر وجوہ موجود ہیں کہ کہنے والا اگر اسی کو اصل ٹھہرائے تو بجا ہے۔

دوسری! یہ کہنا کہ درصورت نسخہ اوّل کے مدعا نہایت واضح ہے کہ جس میں گنجائش

تاویل کی نہیں۔ حالانکہ وہ ان کے مدعا کے بالکل خلاف ہے۔

تیسری! یہ کہ اس رفع حکم جزیہ کو نسخ ممنوع سمجھا۔ حالانکہ ایسا نہیں۔ چنانچہ اوپر ظاہر ہوا یہ وہ ہیں جو اوپر مفصلاً بیان ہوچکیں۔ علاوہ اس کے اور بھی بہت سی وجہیں فساد اس کلام کی ہیں جو بوجہ عجلت کے چھوڑی گئیں۔ واللہ اعلم!

اس عاجز نے جہاں تک ہوسکا اس رسالہ میں علم استدلالی اور طریق احتجاجی سے کام لیا اور علم تقلیدی اور اقوال ناس سے حجت نہیں پکڑی۔ مگر چونکہ اس جگہ صاحب رسالہ نے اقوال شراح نقل کئے۔ لہٰذا یہ عاجز بھی نقل کرتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صاحب رسالہ اپنی طرف سے تخلیط اور تدلیس کا موقع دیکھتے رہتے ہیں۔ اسی واسطے بغیر وجہ کے نام کتاب کا جس سے لیتے ہیں۔ نہیں لیتے۔ کیونکہ اگر نام لے دیں گے تو ناظرین پر ان کا ملایا ہوا جلدی کھل جائے گا۔ لہٰذا نام کتاب کا نہ لو۔ کوئی کہاں تک ڈھونڈے گا۔ پس کید کسی پر نہ کھلے گا اور جو کچھ اس میں کتر بیونت ہوگی کسی پر ظاہر نہ ہوگی۔ اگر یہ بات نہیں تو کیوں نہیں۔ جہاں پر کسی کتاب سے نقل کرتے۔ اس کا نام لے دیتے۔ ان الفاظ کی شرح میں حافظ ابن حجر فتح الباری شرح بخاری میں لکھتے ہیں۔ ’’حکما ای حاکما والمعنی انه ینزل حاکما بهذه الشریعة فان هذه الشریعة باقیة لاتنسخ بل یکون عیسیٰ حاکما من حکام هذه الامة...... واللطبرانی من حدیث عبدالله بن مغفل ینزل عیسیٰ بن مریم مصدقا بمحمد علی ملة قوله فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ای یبطل دین النصرانیة بان یکسر الصلیب حقیقة ویبطل ماتز عمه النصاریٰ من تعظیمه ویستافاد منه تحریم اقتناء الخنزیر وتحریم اکله...... ویستفاد منه ایضا تغیر المنکرات وکسر الة الباطل...... قوله ویضع الحرب فی روایة الکشمهینی الجزیرة والمعنی ان الدین یصیر واحد افلا یبقے احد من اهل الذمة یؤدی الجزیة وقیل معناه ان المال یکثر حتیٰ لا یبقی من یمکن صرف مال الجزیة له فتترك الجزیة استغناء عنها وقال عیاض یحتمل ان یکون المراد بوضع الجزیة تقریرها علی الکفار من غیر محاباة ویکون کثیرة المال بسبب ذلك وتعقبه النووی وقال الصواب ان عیسیٰ لا یقبل الا الاسلام قلت ویؤیده ان عند احمد من وجه آخر عن ابی هریرة وتکون الدعویٰ واحدة قال ابن بطال وانما قبلناها قبل نزول عیسیٰ للحاجة الیٰ المال بخلاف زمن عیسیٰ فانه لا

یحتاج فیه الیٰ المال فان المال فی زمنه یکثر حتیٰ لا یقبله احد ویحتمل ان یقال ان مشروعیة قبولهما من الیهود والنصاریٰ لما فی ایدیهم من شبهة الکتاب وتعلقهم بشرع قدیم بزعمهم فاذا نزل عیسیٰ علیه السلام زالت الشبهة بحصول معاینته فیصیرون کعبدة الاوثان فی انقطاع حجتهم وانکشاف امرهم فناسب ان یعاملوا معاملتهم فی عدم قبول الجزیة منهم هکذا ذکر بعض مشائخنا احتمالا واللّٰه اعلم‘‘

اور قسطلانی میں یضع الجزیۃ کی شرح میں لکھا ہے۔’’یضع الجزیة عن اهل الکتاب لا نه لا یقبل الا الاسلام ولیس عیسیٰ بناسخ لحکم الجزیة بل نبیناﷺ هو المبین للنسخ بهذا فعدم قبولها هو من هذه الشریعة لکنه مقید بنزول عیسیٰ ولابی ذرعن الحموی والمستملے ویضع الحرب بدل الجزیة‘‘ مختصراً اسی کے مثل اور شراح نے بھی لکھا ہے۔ظاہر بات ہے کہ کسی کا سلف سے خلف تک یہ اعتقاد باطل اور ایسا مطلب فاسد نہ تھا۔ بلکہ جو لکھتے ہیں تو ایسے ہی لکھتے ہیں۔جس سے مطلب اصل صاحب رسالہ کا حاصل نہیں ہوتا۔پس زیادہ تر عبارات شروح نقل کر کے رسالہ کو طویل کرنا فائدہ مند نہیں۔ یہ عبارت بطور نمونہ کے نقل کر دی۔اس کے بعد صاحب رسالہ نے اپنے مناظرہ کی کیفیت کو جو کہ جناب عالم جامع خلق وکرم عامل بالسنۃ قامع البدعۃ مولوی محمد سلامت اللہ صاحب مدظلہ العالی کے ساتھ ہوا تھا۔لکھا اور کچھ اور بھی اس کے متعلق بیان کیا۔ چونکہ میں پوری کیفیت مناظرہ سے واقف نہیں اور نیز اس میں بحث کر کے رسالہ کو زائد طول دینا مناسب نہیں سمجھتا۔لہٰذا اس سے اعراض کیا البتہ عالم حقانی جناب مولوی محمد بشیر صاحب سہسوانی مدظلہ سے سوال کیا (کہ جن کی روبکاری میں باقرار صاحب رسالہ کے واقع ہوا) کہ اس گفتگو میں حق پر کون تھا اور حجج وبراہین سے غلبہ کس کو رہا اور کلمات طعن وتشنیع کس کے طرف سے زائد تھے تو جناب مولوی صاحب موصوف نے جواب میں تحریر فرمایا کہ:’’حق پر مولوی سلامت اللہ صاحب تھے اور حجج وبراہین سے غلبہ مولوی سلامت اللہ کو تھا اور کلمات طعن وتشنیع مولوی محمد احسن صاحب کے طرف سے زیادہ تھے۔‘‘

قولہ...... (قول الغزنوی) اور صحیح مسلم کی حدیث’’اذ بعث اللّٰه المسیح ابن مریم فینزل عند المنارة البیضاء شرقی دمشق‘‘ یہ مشتے نمونہ از خروار ہے۔ساری احادیث صحیحہ صریحہ جو دربارہ عیسیٰؑ کے وارد ہیں۔ان کے لکھنے کی یہاں گنجائش نہیں اور ادنیٰ طالب علم حدیث

ان سے واقف ہے اوراسی طرح مرزا قادیانی دجال سے وہی لوگ مراد لیتے ہیں جوحق سے کانے اورمرزا قادیانی سے منکر ہیں۔

اقول...... (قول مؤلف اعلام الناس) مجھ کونہیں معلوم کہ مرزا قادیانی اس کا کیا جواب دیویں گے۔مگر یہ ہیچمدان اس قدر کہتا ہے کہ اس حدیث کی تاویل کا وقت ابھی نہیں آیا یہ کیا ضروری ہے کہ ساری باتیں ایک ہی وقت میں واقع ہوجاویں۔ الیٰ آخر قوله!

اقول...... بتوفیق اللّٰہ تعالیٰ !واضح رہے کہ یہ حدیث مولوی عبدالحق غزنوی نے ذکر کی یہ ٹکڑا ہے۔اس حدیث طویل کا جس کو پہلے میں ذکر کر چکا ہوں۔ حاصل مضمون اس کا یہ ہے کہ دجال موعود انہی حالات کے ساتھ جو پہلی حدیث سے ذکر کئے گئے۔ آ کر بہت فساد ڈال چکے گا۔اس کے بعد اللہ تعالیٰ حضرت مسیح علیہ السلام بیٹے مریم کو بھیجے گا تو وہ سفید منارہ کے پاس سے اتریں گے۔ جو شرقی جانب دمشق کے ہے۔سو وہ اس دجال کو قتل کریں گے۔الیٰ آخرہ تو یہ حالات نزول سے پہلے کے ہیں اور خاص وقت نزول کے پس صاحب رسالہ کے اس قول کے کیا معنی کہ اس حدیث کی تاویل کا وقت ابھی نہیں آیا اور مسیح آ گئے۔ یہ عجب بات ہے۔

بریں عقل ودانش بباید گریست

جب حالات نزول کے قبل کے ہیں کہ اوّل دجال نکل کر ایسا ایسا شور وفساد پھیلائے گا اور مؤمنوں کو ایسا ایسا ستائے گا۔اس کے بعد فلاں فلاں جگہ پر عیسیٰ بن مریم نزول فرماویں گے۔ اس اس کیفیت کے ساتھ تو پھر یہ کہنا کہ وہی عیسیٰ تو آ گئے۔ مگر ابھی ان باتوں کا وقت نہیں آیا۔ بڑی عقل کی بات ہے۔اگر کوئی ایسی صفت وکیفیت ہوتی کہ کسی ایسے وقت کے ساتھ مقید نہ ہوتی تو یہ بات کہنا بادی النظر میں قرین قیاس بھی ہوتا اور یہاں تو محال ہے۔ دوبارہ اگر مسیح تمہارے آویں اور پہلے یہ صفتیں ہو جاویں۔تب یہ بات کہہ سکتے ہو۔ پس ان مثالوں پر جو تم نے بیان کیں۔ بحث کرنے کی کچھ حاجت نہ رہی۔ اس سے ان کو کیا نسبت ہے اور یہ جو کہا یہ تمام مہدی یا عیسیٰ کے وقت میں ہوگا تو وہ کون سے عیسیٰ ہیں اور کون مہدی ہیں۔

قولہ...... اورواضح ہو کہ محل نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مختلف وارد ہوا ہے۔ ’’قال الحافظ ابن كثير وقدورد في بعض الاحاديث ان عيسىٰ عليه السلام ينزل بيت المقدس وفي رواية بالاردن وفي رواية بمعسكر المسلمين فالله اعلم‘‘ دیکھو حافظ ابن کثیر بسبب تعارض روایات محل نزول کے اس کی تاویل کو حوالہ بعلم الٰہی کرتے ہیں۔ الخ!

اقول...... صاحب رسالہ نے اس قول ابن کثیر کو مصباح الزجاجہ سے نقل کیا۔ مگر افسوس ہے کہ مطلب کی بات کہ جس میں تعارض حدیث نبوی میں ثابت ہو نقل کر لی اور جس کے بعد صاحب مصباح الزجاجہ یعنی علامہ سیوطی نے ان روایات میں تطبیق دی۔ اس کو چھوڑ دیا۔ وہ یہ ہے۔ ’’قلت حدیث نزوله بیت المقدس عند ابن ماجه وهو عندی ارجح ولا ینافی سائر الروایات لان بیت المقدس هو شرقی دمشق وهو عسکر المسلمین اذ ذالك والاردن اسم الکورة کما فی الصحاح وبیت المقدس داخل فیه فاتفقت الروایات فان لم یکن فی بیت المقدس الان منارة بیضاء فلا بد ان تحدث قبل نزوله ‘‘ ایسے ہی علامہ شیخ علی عزیزی نے بھی کہا۔ پھر تعارض کہاں رہا۔ تم کو چاہئے تھا کہ یا تو علامہ جلال الدین سیوطی کی تطبیق بین الاحادیث کو باطل کر کے پھر تعارض کو ثابت رکھتے اور اپنے مقصد دلی کو پہنچتے۔ یا اقرار تطبیق اور بیان توافق کرتے۔ یہ بڑی بددیانتی کی بات ہے کہ حدیث نبوی کا تعارض بیان کر کے چھوڑ دینا اور باوجود تطبیق ہونے کے کہ سامنے موجود ہے۔ اس سے منہ موڑ جانا۔ اگر کسی شخص کو تطبیق معلوم نہ ہوئی تو اس سے نفی نفس الامر کی یا دوسرے کے علم کی لازم نہیں آتی۔ واللہ اعلم!

قولہ...... ایسی پیشین گوئیوں میں اسلم طریقہ یہی ہے کہ جس قدر علم یا ظن کو احادیث آحاد مفید ہوں۔ اس قدر اعتقاد رکھنا چاہئے۔ باقی تفاصیل کا حوالہ بعلم الٰہی رکھنا چاہئے اور اس کی تاویل کا انتظار کرنا چاہئے۔ جیسا کہ حافظ ابن کثیر نے کیا۔

اقول...... آپ نے اس پر کہاں عمل کیا۔ جس قدر علم یا ظن کو احادیث مفید ہوں۔ اس قدر اعتقاد رکھنا کیا معنی۔ اس کے ایسی ایسی باطل تاویلیں اور کھلی تحریفیں کیں کہ نصوص شرعیہ کو کلام عقلاء سے ہی نہیں رکھا۔ بلکہ مجانین کا کلام کر دیا۔ ’’یاایها الذین اٰمنوا لم تقولون مالا تفعلون کبر مقتا عند اللّٰه ان تقولوا ما لا تفعلون‘‘

قولہ...... اب یہ دریافت کیا جاتا ہے کہ یہ جو عوام میں مشہور ہے اور اکثر علماء کا بھی خیال ہے کہ حضرت عیسیٰ منارہ سفید دمشق کے اوپر بوجود عنصری آسمان سے اتریں گے۔ یہ خیال کن الفاظ سے پیدا ہوا۔ الخ!

اقول...... آسمان سے بوجود عنصری اترنا تو بالتفصیل والتحقیق اوپر دلائل واحادیث سے ثابت کر دیا گیا۔ اب اعادہ کی ضرورت نہیں۔ البتہ منارہ کے اوپر اترنا اس کا بار ثبوت اس کے مدعی پر ہے۔ واللہ اعلم!

قولہ…… اور’’واضعا کفیۃ علی اجنحتہ ملکین ‘‘اگر یہ بیان ہے کیفیت اترنے ان کے کا تو بڑی مشکل یہ ہے کہ جو شخص اوپر سے نیچے کو کسی چیز کے سہارے سے اترتا ہے۔ وہ اس شان سے نہیں اترتا۔ الخ!

اقول…… اس میں باقی اور کیفیت کی تو نفی نہیں کہ جس سے تم یہ کہنے لگے۔ دوسرے کہہ سکتے ہیں کہ جیسے ان کے اور خوارق عادات اور دوسروں سے ممتاز صفات وحالات ہیں۔ بے باپ کے پیدا ہونا مردوں کو زندہ کرنا اور مادرزاد اندھوں کو اچھا کرنا۔ بچے پن میں گود کے اندر کلام کرنا۔ غیر مشاہد موجود حالات کی خبر دینا اور بہت سی ہیں۔ ایسے ہی ایک یہ بھی ہے۔ واللہ اعلم!

قولہ…… اور پھر اس حدیث کے کیا معنی ہیں کہ’’ان الملائکۃ لتضح اجنحتہا لطالب العلم ‘‘پس جو معنی اس کے ہیں وہی معنی اس کے بھی مراد ہو سکتے ہیں۔ تاکہ سب تکلفات سے خلاص ہو۔ چنانچہ لکھا ہے مجمع البحار میں’’وقیل ھو بمعنی التوضع تعظیما لحقہ ‘‘بلکہ اصل معنی اجنحہ ملائکہ کے وہی معلوم ہوتے ہیں۔ جو زبدہ شرح شفا میں لکھتے ہیں:’’اجنۃ الملائکۃ لیست کما یتوھم من اجخۃ الطیر ولکنھا صفات ملائکۃ ‘‘یہاں پر ملائکہ کے بازوؤں سے صفات اور قوائے ملکیہ مراد ہیں اور قیاس نہ کرنا چاہئے۔ ان کو پرندوں کے بازوؤں پر اس لئے کہ پرندوں کے سوائے دو کے یا تین یا چار سے زائد بازو نہیں ہوتے ہیں۔ چہ جائیکہ چھ سو بازو ہوں۔ ہاں البتہ بموجب مسلک محدثین کے بازو وملائکہ کے واسطے ثابت کرنا ضروری ہے۔ لیکن ان کی کیفیت کے بیان کرنے سے باز رہنا چاہئے۔

اقول…… اس حدیث سے اور اس حدیث سے جو مثال میں لائی گئی۔ کیا نسبت ہے اہل علم کے نزدیک اس محاورہ’’وضعت یدی علی اجنحۃ ‘‘اور اس محاورہ’’وضعت اجنحتی لفلان ‘‘میں بڑا فرق ہے۔ دوسرے ہم کہتے ہیں۔ کہ اس کی یعنی’’واضعا کفیہ ‘‘کے وہی معنی ہیں۔ جو اس کے ہیں۔ چنانچہ مجمع البحار میں ہے۔’’ان الملائکۃ لتضع اجنحتہا لطالب العلم ای تفرشھا لتکون تحت اقدامہ اذا مشی وقیل معناہ بسط الجناح لتحملہ علیھا وتبلغہ حیث یرید ‘‘اور دوسری جگہ کہا’’الملائکۃ لتضع اجنحتہا لطالب العلم لتکون وطالہ اذا مشی ‘‘غرض یہ کہ معنی حقیقی مراد ہیں کہ فرشتے اپنی جناح کو طالب علم کے لئے فرش کر کے بچھا دیتے ہیں کہ اس کے پیروں کے نیچے چلتے ہیں۔ پڑھتے ہیں اور طالب علم ان جناح پر چلتا پھرتا ہے تو ایسے ہی یہاں پر مراد ہے۔ پھر صاحب مجمع البحار قیل کر کے لکھتے ہیں۔’’وقیل بمعنی التواضع تعظیما لحقہ وقیل اراد بوضع الاجنحۃ

نزولهم عند المجالس وترك الطیران وقیل اراد به اظلالهم بها‘‘تو دیکھو دونوں جگہ اوّل وہی معنی بیان کئے جو اصلی معنی ہیں کہ اپنے پر بچھا دیتے ہیں۔ طالب علم کے روندنے کے لئے کہ اس کا فرش ہو جاوے۔ پھر اس کے بعد قیل کے ساتھ دوسرے معنی بیان کئے۔ مگر صاحب رسالہ کو اس سے کچھ کام نہیں۔ چاہے ضعیف ہو چاہے باطل۔ پھر چاہے سرقہ کریں چاہے تدلیس۔ مطلب بنانا چاہئے۔ پس جو اس حدیث کے اصلی معنی ہیں۔ وہی اس کے بھی تو خیال کرنا چاہئے کہ خلاصی تکلفات سے اس معنی صریح میں ہے یا ان تاویلات میں کہ جن میں صاحب رسالہ خلاصی بتاتے ہیں اور حق مذہب محدثین کا ہے نہ یہ کہ ہر شئے میں تاویلات باردہ کرنا۔ چنانچہ اس کی تحقیق اپنے موقع پر پوری موجود ہے۔ مگر یہاں تو تکلف کا نام خلاصی اور خلاصی کا نام تکلف اور حق کا نام باطل اور باطل کا نام حق ہے۔’’الشئ یعمی ویصم‘‘

قولہ...... اور’’لا یحل لکافر یجد من ریح نفسه الا مات‘‘ سے کیا مراد ہے۔ آیا یہ کرامت اور معجزہ حضرت کا ہمیشہ رہے گا کہ جب آپ کا دم اور سانس باہر کو آوے تو یہ معجزہ ہر نفس میں پایا جاوے۔ اندریں صورت نہ جہاد کی ضرورت رہی اور نہ قتل کرنے دجال کی حاجت ہے اور پھر باوجود اس معجزہ کے محاصرہ کیا جانا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اور ان کے یاروں کا کوہ طور میں کیونکر ہوگا۔ جو اسی حدیث میں مذکور ہے۔ پس معلوم ہوا کہ یہ معنی تو ہرگز مراد نہیں ہیں۔ کوئی دوسرے معنی مراد ہیں۔ وہ بیان کئے جاویں۔ لیکن وہ معنی دوسرے آپ کو مفید اور مرزا قادیانی کو مضر نہ ہوں گے کہ ان کے برکات انفاس سے تمام مخالفین اسلام’’قل موتوا بغیظکم‘‘ کے مصداق ہو رہے ہیں۔ الیٰ آخر القول!

اقول...... بطلان شق آخر تردید کا نہ بیان کیا۔ پھر کس طرح یہ نتیجہ نکال لیا۔ (کہ پس معلوم ہوا کہ یہ معنی تو ہرگز مراد نہیں) کیا مخالف کو مجاز اختیار شق ثانی کا نہیں۔ پھر تمہارا نتیجہ کدھر جائے گا۔

دوسرے یہ کہ بلاشبہ ان کی ریح نفس ایسی ہی ہوگی۔ مگر بسبب مصالح تحصیل فضیلت وغیرہ کے قتل دجال وجہاد کریں گے۔ چنانچہ صحیح مسلم میں ہے۔’’فاذا رآه عدو الله ذاب کما یذوب الملح فی الماء فلوترکه لا نذاب حتیٰ یهلك ولکن یقتله الله بیده فیریهم دمه فی حربة‘‘یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جب عدو اللہ (کہ دجال ہے) دیکھے گا تو پگھلنے لگے گا۔ جیسا کہ نمک پانی میں پگھلتا ہے۔ سو اگر وہ اسے چھوڑ دیں تو بے شک گھل کر ہلاک ہو جاوے۔ لیکن وہ اسے قتل کر کے اس کا خون اپنے حربہ میں لگا ہوا لوگوں کو دکھاویں گے۔ اسی طرح امام احمد کی بھی روایت میں اور ایسے ہی ابن ماجہ کی بھی روایت میں ہے۔ چنانچہ ہم سب کے

لفظ لکھ چکے ہیں تو معلوم ہوا کہ بے قتل کے بھی دجال اور اس کے ہمراہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا سامنا نہیں کر سکتے اور ویسے ہی سامنے آنے سے ہلاک ہو جاتے۔ مگر وہ قتل وجہاد کی فضیلت کو نہ چھوڑیں گے۔ رہے یاجوج وماجوج تو کسی کو سوائے ذات باری کے کمال دائمی نہیں۔ یہ اللہ کا دیا معجزہ تھا۔ جس وقت اللہ تعالیٰ نے چاہا دیا جس وقت چاہا لے لیا۔ بلکہ یہ ہونا تو ضروری ہے۔ کیونکہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں۔ ''ان حقاً علی اللہ ان لا یرتفع شئ من الدنیا الا وضعہ اخرجہ البخاری'' پس اس سے تمہارے گرو مسیح موعود نہیں ہوئے جاتے کہ جو ایسے عقائد ومسائل کو شائع کرتے ہیں۔ جن سے ابلیس اور اس کے ذریات خوشی مناتے ہیں اور آرام پاتے ہیں۔ بلکہ یہ معنی ایسے اباطیل دعاوی کا استیصال وبیخ کنی کرتے ہیں۔

پھر واضح رہے کہ موت کے معنی جو حقیقی ہیں۔ ایسے مشہور ہیں کہ بیان ونقل سند کی حاجت نہیں۔ دور جانے کی کیا ضروت ہے۔ انہی کے گرو۔ (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۳۳۷، خزائن ج۳ ص۲۷۲) میں بیان وفات مسیح میں لکھتے ہیں۔ ''اور موت حقیقی ایک کامل موت ہے۔'' پھر کیا شک باقی رہ گیا اور مجمع البحار کی جو عبارت نقل کی گئی تو وہ صاف کہہ رہی اور کھلے طور سے بتارہی ہے کہ معنی متعارف کے علاوہ یہ معانی مجازی ہیں۔ پس حدیث ''لا یحل لکافر یجد من ریح نفسہ الامات'' میں وہی موت حقیقی مراد ہے۔ نہ کوئی دوسرے مجازی معنی۔ کیونکہ حقیقت سے کون صارف ہے کہ مجاز کے تکلفات وتاویلات کو اختیار کیا جاوے۔

دوسرے یہ کہ اور روایتیں صاف صاف بیان کر رہی ہیں اور بتصریح بتارہی ہیں کہ موت سے سوائے معنی متعارف حقیقی کے کوئی دوسرے معنی مجازی مراد نہیں۔ چنانچہ بعض ان روایت سے اس مختصر رسالہ میں بھی کئی جگہ ذکر کئے گئے ہیں اور بہت کتب حدیث میں موجود ہیں۔ جس کو منظور ہو دیکھ لے۔ واللہ اعلم!

قولہ...... بے شک دجال کے حق میں احادیث صحیحہ کثرت سے وارد ہیں۔ مرزا قادیانی ان احادیث صحیحہ کے ہرگز منکر نہیں ہیں۔

اقول...... احادیث صحیحہ صریحہ الدلالۃ سے یہ بات ثابت ہے کہ دجال اخیر زمانہ میں خروج کرے گا۔ اگر مرزا قادیانی اس کے منکر نہیں تو پھر (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۲۳۷، خزائن ج۳ ص۲۲۰) میں یہ کیسے لکھتے ہیں: ''آخری زمانہ میں دجال معہود کا آنا سراسر غلط ہے۔'' میں تعجب کرتا ہوں کہ انکار کس چیز کا نام ہے۔ دوسرے ہم کہتے ہیں کہ ہم نے مانا کہ مرزا قادیانی ان حدیثوں صحیحہ کے منکر نہیں تو انہیں احادیث صحیحہ میں تو یہ بھی ہے کہ پہلے دجال ان اوصاف وحالات کے ساتھ خروج

کر کے اپنا کام کرے گا۔ اس کے بعد مسیح بن مریم نزول فرماویں گے۔ (چنانچہ یہ بات ہم اوپر ثابت کر چکے) تو پھر تمہارے مسیح کیوں دجال سے پہلے خروج کر کے مسیحیت کا دم بھرنے لگے۔ یہ عجب بات ہے۔ اب ہم کو معلوم ہوگیا کہ بے شک یہ مثیل مسیح ہیں۔ یہاں پر مجھ کو یاد آیا کہ ان کے گرو مرزا قادیانی نے اپنی عادت کے موافق صحیح مسلم کے اس حدیث طویل کو جو نواس بن سمعانؓ سے مروی ہے اور ان کے مسیح موعود ہونے کو جڑ سے اکھیڑ دیتی ہے۔ ضعیف کرنا شروع کیا اور حکمت عملی سے اس کا ضعف لوگوں کے دل میں ڈالنے لگے۔ چنانچہ (ازالہ اوہام حصہ اوّل ص۲۲۰، خزائن ج۳ ص۲۰۹،۲۱۰) میں لکھتے ہیں۔ ''یہ وہ حدیث ہے جو صحیح مسلم میں امام مسلم صاحب نے لکھی ہے۔ جس کو ضعیف سمجھ کر رئیس المحدثین امام محمد اسماعیل بخاری نے چھوڑ دیا ہے۔''

یہ بات ایسی کہی کہ جس سے ساری رونق عیسائیہ اور زینت مسیحیہ کی جاتی رہی۔ بھلا یہ کیونکر معلوم ہوا کہ انہوں نے اس حدیث کو ضعیف سمجھا۔ اس سے کہتے ہو کہ اپنی صحیح میں نہیں لائے تو ممکن ہے کہ یہ حدیث ان کو نہ پہنچی ہو۔ چنانچہ یہ بات اہل علم وواقف فن حدیث پر مخفی نہیں۔ پس ضعیف وصحیح سمجھنا کیسا۔ دوسرے محض صحیح میں نہ داخل کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ اس کو ضعیف جانتے ہوں۔ ورنہ ثابت کرو کہ انہوں نے کہا کہ جو احادیث میں نے اس صحیح میں داخل نہیں کیں وہ ضعیف ہیں۔ بلکہ ان سے تو یہ منقول ہے کہ میں نے بہت سی احادیث صحیحہ کو چھوڑ دیا اور اس صحیح میں بسبب خوف طول کے داخل نہیں کیا۔ چنانچہ مقدمہ صحیح بخاری مؤلفہ مولوی احمد علی صاحب سہارنپوری میں بھی موجودہ۔ وروی عنہ ''(ای عن الامام محمد بن اسماعیل البخاریؒ) قال ما ادخلت فی کتاب الجامع الاماصح وترکت کثیراً من الصحاح لحال الطول'' پھر اگر اس اختلاف کی طرف رجوع کیا جاوے جو درمیان امام بخاری اور امام مسلم کے ہے تو اس کی بھی تحقیق ان شاء اللہ ہم کسی موقع پر لکھیں گے۔

اور پھر طرفہ تر یہ کہ چونکہ بیچارے اس فن سے بے بہرہ اور نا آشنا ہیں تو یہ بھی خبر نہیں رکھتے کہ امام بخاری کا نام کیا ہے۔ بسبب نادانی کے رواج وقت پر قیاس کر کے ان کا نام محمد اسماعیل رکھ دیا۔ حالانکہ ان کا نام صرف محمد ہے اور اسماعیل ان کے باپ کا نام ہے۔ اس میں کاتب کی غلطی کا بھی گمان نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ اسی کتاب میں ص۹۶ سطر۵ میں لکھتے ہیں۔ ''دراصل حضرت اسماعیل بخاری کا یہی مذہب تھا۔''

اور اسی صفحہ کے سطر۲ میں لکھا کہ: ''امام محمد اسماعیل صاحب جو اپنی صحیح بخاری۔''

اورص ۴۴۳ میں لکھا:’’امام محمد اسماعیل صاحب بخاری نے اس بارہ میں اشارہ تک نہیں کیا۔‘‘

اورص ۵۱۸ میں فرمایا۔’’یعنی حضرت محمد اسماعیل صاحب صحیح بخاری اور حضرت امام مسلم صاحب صحیح مسلم اپنے صحیحون۔‘‘

یہ عبارت اور بھی مضحکہ صبیان ہے اور ان کی لیاقت کی دلیل اور پھر اسی کتاب میں نہیں۔ بلکہ اپنے پہلے رسائل میں ایسے لکھ چکے ہیں اور عجب ہے کہ کسی چیلے نے ان کو اس سے آگاہ بھی نہیں کیا۔ شاید اس میں بھی کچھ سوچ رکھا ہوگا۔

قولہ…… اوّل تو تعدد دجاجلہ کی نسبت احادیث صحیحہ صریحہ بہت وارد ہیں۔ کسی میں تعداد ان کی ثلاثین اور کسی میں قریباً من ثلاثین۔

اقول…… مولوی عبدالحق صاحب غزنوی نے جو دجال کا ذکر کیا تو یہ وہی دجال ہے۔ جس کے بارہ میں حدیث میں الدجال کا لفظ وارد ہے۔ جس کے بارہ میں تمہارے مسیح اشتہار دے چکے ہیں کہ جہاں کہیں بخاری مسلم میں الدجال کا لفظ وارد ہے۔ اس سے دجال معہود ہی مراد ہے۔ کوئی دوسرا دجال مراد نہیں۔ پھر تمہارا اس کے مقابلہ میں ان دجاجلہ کو ذکر کرنا بڑی خوش فہمی اور اپنے مسیح کی مذہب دانی کی دلیل ہے۔ یہی یاد رہ گیا۔ سب بھول گئے۔’’ حفظت شیئا وغابت عنك اشیـــاء ‘‘ دوسرے ہم کو ان دجاجلہ کی بحث سے کچھ غرض نہیں۔ ہم کو تو دجال اکبر کی بحث مقصود ہے۔ جو قبل نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے خروج کر کے فساد مچائے گا۔ وہ کہاں گیا یہ تمہارے مسیح نے کیوں پہلے سے خروج کر دیا۔

قولہ…… آگے رہا دجال اکبر سو اس کے بارہ میں خود صحیح مسلم وغیرہ میں اس قدر اختلاف ہے کہ تلفیق وتوفیق نہایت دشوار ہے۔ اب آپ کہیں کہ ان روایات مختلفہ کے آپ کیونکر توفیق وتطبیق کریں گے۔ اگر قاعدہ’’ اذا تعارضا تساقطا ‘‘ کا مدنظر رہے گا۔ تو اہمال وترک احادیث کثیرہ کا لازم آوے گا اور اگر کوئی وجہ جامع ایسی پیدا کی جاوے گی جو سب پر اعمال ہو جاوے اور اہمال لازم نہ آوے تو وہی مسلک مرزا قادیانی کا اختیار کرنا پڑے گا۔ الیٰ آخر القول!

اقول…… تطبیق وتوفیق اللہ کے فضل سے کچھ بھی مشکل نہیں۔ دیکھو شراح حدیث نے کیسی خوبی کے ساتھ تلفیق وتوفیق دے دی ہے اور آپ نے خود بھی شیخ عبدالحق مترجم مشکوٰۃ سے نقل کر دی تو پھر کیسی جامع نقل آئے اور تمہارے پیر جی کا مسلک کدھر گیا۔ اس سے تو ان کا مسلک باطل ہوا نہ ثابت۔ پھر اختیار کرنا کیسا۔ فافهم واتعظ!

قولہ...... ’’ای قول الغزنوی ‘‘اوردونوں آنکھوں کے درمیان’’ک ف ر‘‘یعنی کفرلکھاہواہوگا۔
اقول...... ’’ای قول المرزائی ‘‘اس باب میں بھی احادیث صحیحہ مختلف ہیں۔بعض میں تو وہی ہے جو گزرا اور بعض میں ان سب روایتوں کی تطبیق کی وجہ یہی ہے کہ اس کی پیشانی تقدیر میں کفر ازلی لکھا ہوگا۔ جو دور نہ ہو سکے گا۔ جس کو مؤمن اپنی فراست صادقہ سے پہچانے گا۔ الیٰ آخر القول!
اقول...... نص شرعی بین الدلالۃ کوظاہر معنی سے کیوں پھیرا جاتا ہے۔کیا اس کو تحریف نہیں کہیں گے اوراس بات کا تو صاحب رسالہ نے خودبھی آگے چل کراقرار کیا کہ یہ معنی جو صفات دجال میں لکھے گئے حقیقی نہیں تو پھر بلاوجہ یہ مجازات کیوں اختیار کئے جاتے ہیں۔ میں الفاظ روایات کونقل کرتا ہوں۔ جن سے منصف پرخوب واضح ہوجائے گا کہ یہ معنی کرنا صاحب رسالہ کا بالکل غیرصحیح ہے۔صحیح بخاری میں ہے۔’’وان بین عینیه مکتوب کافر‘‘
اورصحیح مسلم میں اس طرح ہے۔’’الدجال مکتوب بین عینیه ك ف ر ای کافر ‘‘اورایک روایت میں یوں ہے۔’’مکتوب بین عینیه کافر ثم تهجاها ك ف ر یقراء کل مسلم ‘‘اورترمذی کی روایت میں ہے:’’یقراء کل من کره عمله‘‘اوراحمد کی روایت میں ہے:’’ یقرأه الا می والکاتب‘‘
اورابن ماجہ کی روایت میں اس طرح ہے۔’’یقرأه کل مؤمن کاتب وغیر کاتب ‘‘اوراحمد کی دوسری روایت میں ہے۔’’مکتوب بین عینیه کافر مهجاة ‘‘غورکا مقام ہے کہ ان الفاظ روایت سے وہ معنی مفہوم ہوتے ہیں۔ جو صاحب رسالہ نے لکھے یا کتابت وقرأۃ حقیقی علامہ نووی نے کہا۔’’الصحیح الذی علیه المحققون ان هذه الکتابة علی ظاهرها وانها کتابة حقیقة جعلها الله علامة من جملة العلامات القاطعة بکذب الدجال فیظهر المؤمن علیها ویخفیها علی من اراد شقاوته‘‘
اورحافظ ابن حجرعسقلانی فتح الباری میں لکھتے ہیں۔’’وقوله یقرأه کل مؤمن کاتب وغیر کاتب اخبار بالحقیقة وذلك ان الادراك فے البصر یخلقه الله للعبد کیف شاء ومتی شاء فهذا یراه المؤمن بعین بصره وان کان لا یعرف الکتابة ولا یراه الکافر ولو کان یعرف الکتابة لان ذلك الزمان تنخرق فیه العادات فی ذلك‘‘
اورلکھتے ہیں۔’’ولا یلزم من قوله یقرأه کل مؤمن کاتب وغیر کاتب ان

لا تکون الکتابة حقیقة ‘‘اور یہ جو امثلہ دیئے گئے ہیں۔ تو ان میں اور ممثل لہ میں بڑا فرق ہے۔ عاقل پر مخفی نہیں۔ تفصیل بخوف طویل چھوڑی گئی۔

قولہ...... ’’اے الغزنوی ‘‘اس کے ساتھ دوزخ اور بہشت ہوگی۔

اقول...... (المرزائی اصح الکتب بعد کتاب اللّٰہ) میں تو یوں لکھا ہے۔’’ فیجئ معه بتماثل الجنة والنار ‘‘

اور دوسرے نسخہ میں ’’ بمثال الجنة والنار ‘‘اگر باقی روایات کو روایات بخاری پر محمول کرتے ہو تو فبھا آپ کو کچھ مفید نہیں اور مرزا قادیانی کو کچھ مضر نہیں اور اگر صحیح بخاری کی روایت کو تسلیم نہیں کرتے تو ان روایات مختلفہ میں وجہ توفیق کیا ہوگی۔ بینوا توجروا کسی روایت میں تو ہے کہ اس کے ساتھ روٹیوں کا پہاڑ اور پانی کی نہر ہوگی اور کسی روایت میں ہے۔’’ یجئ معه بمثل الجنة والنار ‘‘

اقول...... بتوفیق اللہ تعالیٰ تعجب ہے کہ تمثال کی صورت میں مرزا قادیانی کے کیوں نہیں مضر ہے۔ یہ تو حال ہے اس دجال کا جو عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے پہلے خروج کر کے پھرے گا تو ہم نے فرض کیا کہ مثال ہی جنت و نار کی مراد ہے تو وہ کون ہے جو مثال جنت و نار کی لے کر پھرا۔ جس کے قتل کرنے کو تمہارے پیر جی آئے۔ اب وجہ تطبیق و توفیق سنو۔ فاقول بتوفیق اللہ تعالیٰ دجال کے ساتھ جنت و نار بذات خود ہوں گے۔ کوئی ان کی خیالی صورت یا محض مثالی حالت مراد نہیں۔ چنانچہ تصریحات نبویہ بتصریح اس کو بتاتی ہیں۔

دیکھو صحیح مسلم میں ہے۔’’ معه جنته ونارہ فنارہ جنة وجنته نار ‘‘

اور صحیح بخاری کے باب ماذکر عن بنی اسرائیل میں ہے۔’’ ان مع الدجال اذا خرج ماءً ونار افا ما التی یری الناس انها النار فماء بارد واما التی یری الناس انه ماء بارد فنار تحرق فمن ادرك منکم فلیقع فی الذی یریٰ انها نار فانه عذب بارد ‘‘

اور صحیح بخاری کی کتاب الفتن میں ہے۔’’ ان معه ماء ونارًا فنارہ ماء بارد وماء ه نار ‘‘اور احمد اور طبرانی کی روایت میں اس طرح وارد ہے۔’’ معه وادیان احد هما جنة والآخر نار فنارہ جنة وجنته نار ‘‘اور ابن ماجہ کی روایت میں یوں ہے۔’’ وان من فتنة ان معه جنة ونارًا فنارہ جنة وجنته نار فمن ابتلی بنارہ فلیستغث باللّٰہ ولیقرا فواتح الکهف فتکون علیه بردا وسلاما کما کانت النار علیٰ ابراهیم ‘‘

ان روایات سے یہ بات کھل گئی کہ دجال کے ساتھ واقعی جنت ونار ہوگی اور یہ جو صحیح بخاری کی کتاب الانبیاء میں ہے۔’’وانہ یجئ معہ بمثال الجنۃ والنار فالتی یقول انہا الجنۃ ھی النار ‘‘تو یہ اس وجہ سے فرمایا کہ یہ جنت ونار کہ دجال کے ساتھ ہوگی یہ وہ جنت ونار جو موعود مؤمنین وکافرین کے لئے ہے۔ وہی خاص نہ ہوگی۔ بلکہ یہ اس معہود کی ایک مثال ہوگی۔ اسی واسطے جہاں پر مثال کے لفظ سے فرمایا تو جنت ونار کو الف لام عہدی کے ساتھ فرمایا اور جہاں پر بغیر لفظ مثال کے وارد ہوا تو بغیر الف ولام کے ہے۔ بلکہ اس میں بعض جگہ اس کی طرف نسبت کی یعنی جنۃ ونارہ کرکے فرمایا کہ یہ جنت ونار کہ اس کے ساتھ ہوں گے۔ یہ اسی کے ہیں یہ وہ موعود نہیں ماحصل سب روایات کا یہ ہوا کہ اس کے ساتھ جنت ونار ہوگی۔ کہ مثل ہوگی۔ اس جنت ونار موعود کے نہ وہی خاص فاتفقت الروایات۔

دوسری وجہ لفظ تمثال یا مثال فرمانے کی یہ ہے کہ جو نار ہے صورت میں وہ جنت کے ہوگی اور جو جنت ہے تو وہ صورت میں نار کے ہوگی۔ تو جو نار ہوگی وہ واقع میں نار نہ ہوگی۔ بلکہ ایک مثالی صورت نار کی ہوگی۔ ایسے ہی جو جنت نظر آوے گی۔ وہ واقع میں نار نہ ہوگی۔ بلکہ ایک مثالی صورت جنت کی ہوگی۔ اس وجہ سے اس کو مثال الجنۃ والنار فرمادیا نہ یہ کہ واقع میں جنت ونار اس کے ساتھ نہ ہوگی۔ دلیل اس پر یہ ہے کہ اسی حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔’’فالتی یقول انہا الجنۃ ھی النار ‘‘تو دیکھو اس کو قطعی طور پر آپؐ نے نار فرمایا۔ نہ یہ کہ مثال اسی طرح عکس کو خیال کرلو۔ دوسری دلیل اس پر یہ ہے کہ دوسرے احادیث صحیحہ میں بکثرت اسی کو نار وجنت فرمایا۔ پھر اس میں بغیر اس معنی کے لے لازم آوے گا۔ اہمال بہت احادیث کا۔ تیسرے مسلم کی روایت میں صاف ہے۔’’قال اللہ رسول ﷺ لانا اعلم بما مع الدجال منہ معہ نہران یجریان احد ھما رأی العین ماء ابیض والآخر رأی العین نار تاجج ‘‘اسی کے مؤید اور بھی الفاظ روایت آئے ہیں تو معلوم ہوگیا کہ ان احادیث کے اصل معنی یہی ہیں کہ اس کے ساتھ واقعی نار وجنت ہوگی نہ کوئی محض تصویر یا مثالی حالت اصح الکتب بعد کتاب اللہ ہی میں متعدد جگہ خود نار وماء کے لفظ موجود ہیں۔ پھر کیوں نہیں تسلیم کرتے۔

قولہ...... اور پھر میں یہ بھی کہتا ہوں کہ اس میں کیا استحالہ ہے۔ اللہ تعالیٰ پر آسان ہے کہ اپنے وقت پر ایسا ہی دجال پیدا ہوجاوے۔ جس میں یہ سارے صفات بطور حقیقت کے بھی پائی جائیں۔

اقول...... بڑی جائے تعجب ہے۔ یہ حال تو اس دجال کا ہے۔ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے پہلے نکلے گا اور تمہارے مسیح پہلے ہی نکل پڑے۔ پھر اب اس کے کیا معنی کہ اپنے وقت پر ایسا دجال پیدا ہو جاوے۔ یہ وقت جو گزرا کیا اب پھر عود کرے گا۔ آپ کے مسیح کے لئے سبحان اللہ کیا کیجئے۔ تمہارے مسیح یہاں پر چوک گئے۔ اگر کسی فریب سے پہلے آپ گم ہوکر دجال کا کام لے لیتے پھر آپ بھی تشریف لے آتے تو شاید کچھ بات بنانے کو جگہ مل جاتی۔ مگر حق تو پھر بھی نہیں چھپتا۔

تنبیہ

اس قول صاحب رسالہ میں اعتراف ہے۔ اس بات کا کہ یہ معانی جو صفات دجال میں کئے یہ مجازی تاویلات تھیں۔ نہ حقیقی معانی تو میں کہتا ہوں کیا وجہ ہے کہ معنی حقیقی چھوڑ کر معنی مجازی لئے گئے۔ کیا اس کو تحریف نہیں کہتے۔ کیا تمہارے پیر جی نے صرف نصوص ظاہر سے منع نہیں کیا۔ دیکھو ازالہ اوہام کو یہ کلمہ حق انہیں پر حجت تمام کرنے کے واسطے اللہ تعالیٰ نے ان کے منہ سے نکلوا دیا۔

قولہ...... اور مرزا قادیانی نے جو معنی دجال کے لکھے ہیں۔ اس کے مصداق وہی ہیں جو زمانہ حال میں پیشۂ دجل رکھتے ہیں اور ان کی کثرت احادیث صحیحہ سے بھی ثابت ہے۔ کمامر!

اقول...... ان دجاجلہ کی بحث سے کیا غرض ہے وہ دجال کیا ہوا جس کو تمہارے گرو جی مارنے آئے ہیں۔ اصل تو یہ ہے کہ اگر دجال کو مارنے کو آئے ہوں تو بتائیں جو اسی کا راستہ صاف کرنے کو آئے وہ کیا بتائے۔ البتہ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پائیں تو ان کے ساتھ جو کر سکیں کریں۔ کیونکہ وہ ان کے مقصد اصلی اور مراد دلی مثلیہ میں خلل انداز ٹھہریں گے اور زبانی تو اب بھی نہ چھوڑا اور اس زمانہ کے دجل پیشوں کو ان دجاجلہ کا جو حدیث میں وارد ہیں۔ مصداق بنانا نادانی کی بات معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ جب مسیح آگئے اور دجال مسیح سے پہلے خروج کرے گا اور یہ دجال اخیر ہوگا۔ ان سب دجاجلہ کا پھر اب بموجب تمہارے عقیدہ کے کہاں ان دجاجلہ کا وقت رہا۔ کیونکہ وہ دجاجلہ تو دجال اکبر سے پہلے ہوں گے۔ چنانچہ حدیث میں ہے۔ ’’ولا تقوم الساعة حتیٰ یخرج ثلاثون کذابا آخرهم الاعور الدجال اخرجه احمد والطبری واصله عند الترمذی وصححه کمافی الفتح ‘‘یعنی قیامت سے پہلے تیس دجال جھوٹے نکلیں گے۔ ان کے اخیر میں وہ دجال اعور نکلے گا۔ پس جب کہ بموجب عقیدہ صاحب رسالہ کے اس دجال اعور کا بھی زمانہ ہوگیا تو اب ان دجاجلہ کا اس وقت میں ہونا اور اس وقت کے دجل پیشوں کو ان دجاجلہ کا مصداق بنانے کے کیا معنی۔ واللہ اعلم!

قولہ...... ’’قول الغزنوی ‘‘اور زمین پر چالیس دن ٹھہرے گا۔ پہلا دن برس دن کے برابر ہوگا اور دوسرا دن ایک مہینہ کے برابر اور تیسرا ہفتہ کے برابر اور باقی ایام مثل ان دنوں کے ہوں گے۔

اقول...... (قول مؤلف الاعلام)اس باب میں بھی احادیث صحیحہ مختلف ہیں۔ بعض میں تو وہ ہے جو گزرا اور دوسری روایت بروایت صحیح مسلم یہ ہے۔’’یخرج الدجال فی امتی فیمکث اربعین لا ادری اربعین یوما اواربعین شهرا واربعین عاما ‘‘اور تیسری روایت شرح السنۃ کی جو مشکوٰۃ شریف میں موجود ہے۔’’عن اسماء بنت یزید بن السکن۔ الخ!‘‘ شراح حدیث نے تطبیق اس کی یوں لکھی ہے کہ مراد اوّل سے ٹھہرنا اس کا ہے۔ ساتھ فتنہ اور خلل اور فساد ڈالنے کے اور اس سے مطلق ٹھہرنا یا باعتبار شدت کے ایک دن مانند ایک برس کے دراز معلوم ہوگا اور باعتبار جلدی گزر جانے کے کم ہوگا۔ حتیٰ کہ ایک دن مانند ایک ساعت کے ہوگا۔ مگر آپ ان روایات میں کیونکر تطبیق کر سکتے ہیں۔

اقول...... معنی حدیث کے وہی ہیں جو لفظ حدیث کہتے ہیں کہ بڑا ہونا دنوں کا مراد ہے نہ کوئی استعارہ اور مجاز چنانچہ ظاہر لفظ حدیث کے بتاتے ہیں۔ اسی کا مؤید ہے۔ جو سنن ابن ماجہ میں ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے دجال کے وقت کے ایام کا چھوٹا ہونا بیان فرمایا تو صحابہ نے عرض کیا۔ ’’یا رسول اللّٰہ کیف نصلے فی تلك الایام القصار قال تقدرون فیها الصلوٰۃ کما تقدر ونهافی هذه الایام الطوال ‘‘تو دیکھو نبی صاحب نے ایام قصار کی نماز کا پوچھنے پر انکار نہ فرمایا کہ یہ مطلب نہیں کہ مقدار دن کی چھوٹی بڑی ہو جاوے گی۔ تم کیوں نماز کا پوچھتے ہو۔ بلکہ ارشاد فرمایا کہ جیسا ان بڑے دنوں میں حساب کرنا پڑے گا۔ ایسے ہی ان چھوٹے دنوں میں اس سے اظہر من الشمس ظاہر ہو گیا کہ اس میں کوئی دوسرے معنی دنوں کے بڑھنے گھٹنے کی مراد نہیں۔ پھر دیکھو سنن ابن ماجہ میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایام قصار کے باب میں فرمایا۔ ’’وآخر ایامه کالشررة یصبح احد کم علی باب المدینة فلا یبلغ بابها الاخر حتّٰی یمسی ‘‘اس سے کالشمس فی نصف النہار کھل گیا کہ طول وقصر سے مراد سوائے مقدار گھٹنے بڑھنے کے کوئی دوسرے معنی مراد نہیں۔ کما لا یخفی !اب تطبیق روایات کی سنو کہ مسلم کی حدیث جس میں عدم علم تعین ہے۔ وہ معارض اس حدیث کی جس میں تعین ایام کی کر دی نہیں ہو سکتی کیونکہ غیر علم علم کے معارض نہیں۔ علم عدم علم پر حجت ہے۔ کما ھو ظاہر، رہی حدیث شرح السنۃ کی تو پہلے مقابلہ اس کا حدیث مسلم کے ساتھ اور تساوی ثابت کرتے کہ تعارض متحقق ہوتا۔ پھر تطبیق پوچھتے جب اس کو حدیث مسلم کے ساتھ مساواۃ ومقابلہ ہی نہیں۔ پھر تطبیق کی کیا ضرورت ہے۔

دوسرے یہ دجال کے وقت میں جیسے اور خوارق ہوں گے ایسے ہی یہ بھی ہوگا کہ کبھی دن طویل ہوجاویں گے اور کبھی قصیر اور کبھی مثل ان ایام کے۔ چنانچہ روایت ابن ماجہ کی بتصریح اس کو بتاتی ہے۔ ''تقدرون فیها الصلوٰة کما تقدرون فی هذه الایام الطوال ''یعنی جیسے ایام طوال میں اندازہ کرنا پڑے گا۔ ایسے ہی ایام قصار میں بھی کرنا ہوگا تو معلوم ہوا کہ اس کے وقت میں یہ دونوں قسم کے دن ہوں گے۔ پس کچھ تعارض نہ رہا۔ واللّٰه اعلم!

قولہ...... بہرحال جواب مخبر صادق ﷺ کا درجواب سوال صحابہ کرامؓ کے ''اتکفینا فیه صلوٰة یوم قال لا اقدروا له قدره '' کیسا مطابق واقع ہوا۔ یعنی جب صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ جب ایک دن برابر ایک برس کے ہوگا تو اس میں نماز ایک دن کی کافی نہ ہوگی۔ تب آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ ''لا'' یعنی یہ بات نہیں کہ تم سمجھے ہو کہ دن کی مقدار بڑھ جاے گی۔ الخ!

اقول...... یہاں پر تو اپنے پیر جی سے بھی بڑھ گئے۔ وہ تو بیچارے یہاں پر سیدھے طور پر ترجمہ کر گئے۔ دیکھو (ازالہ اوہام ص۲۱۵، خزائن ج۳ ص۲۰۷) میں۔ ''ہم نے عرض کیا کہ ان لمبے دنوں میں ایک دن کی نماز پڑھنا کافی ہوگا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ نہیں بلکہ نماز کے وقتوں کی مقدار پر اندازہ کرلینا۔''

پھر لکھتے ہیں کہ: ''آنحضرت ﷺ نے بلحاظ وسعت قدرت الٰہی کے کشفی امر کو مطابق سوال سائل کے ظاہر پر محمول کر کے جواب دیا۔'' میں کہتا ہوں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا اگر یہی مطلب ہوتا کہ مقدار دن کی بھی رہے گی تو پھر یہ کیوں فرماتے۔ ''اقدر واله قدره '' پھر کیا حاجت قدر کی رہ گئی۔''

اور دوسرے دیکھو ابن ماجہ کی روایت میں ہے۔ ''قلنا یا رسول الله فذلك الیوم الذی کسنة تکفینا فیه صلوٰة یوم قال فاقدرواله قدره ''اب یہاں تمہارا مطلب کدھر جائے گا۔ واللّٰه اعلم بالصواب!

قولہ...... ای قول الغزنوی اور زمین پر ایسا تیز چلے گا جیسا بادل کہ جس کے پیچھے ہوا ہو پوری پوری احادیث کے بیان کے واسطے بڑا دفتر چاہئے۔ اقول (المرزائی)اس میں آپ کو کیا استبعاد ہے۔ ریل گاڑی موجود ہوگئی ہے۔ الخ! چند عرصہ میں تمام دنیا میں پھیل جاوے گی۔

اقول...... یہ عجب جواب ہے یہ کیفیت تو اس دجال کی ہے جو نزول عیسیٰ علیہ السلام سے خروج کرے گا تو اب ریل کا ہونا یا آئندہ کو پھیلنا آپ کے کیا مفید ہے۔ غایة مافی الباب یہی ریل

دجال کے واسطے راحلہ ہو جاوے۔ جب خروج کرے پھر عیسیٰ علیہ السلام نزول فرماویں۔ مگر تمہارے مسیح تو دجال سے پہلے ہی ریل پر سوار ہونے لگے۔ نعوذ باللّٰہ!

’’وزین لهم الشیطان اعمالهم فصدهم عن السبیل فهم لا یهتدون‘‘

قولہ...... افسوس ہے کہ پہلے قرنوں میں جو پیشین گوئی حضرت کی واقع ہوتی تھی۔ سلف صالح اس واقع کو اس کا مصداق قرار دیتے تھے۔ حضرت خدیجہؓ فرماتی ہیں۔ ’’لیکون منه الشئ قد نسیته فاراه فاذکره کما یذکر الرجل وجه الرجل اذا غاب عنه ثم اذا رآه عرفه متفق علیه‘‘ اب یہ حال ہے کہ جو پیشین گوئی مخبر صادق کی ہو بہو واقع ہو جاتی ہے اور کوئی شخص مؤید من اللہ اس کے تصدیق کے درپے ہوتا ہے تو علماء زمن اس کی تکذیب کرتے رہتے ہیں۔ ’’یا حسرة علی العباد مایاتیهم من رسول الا کانوا به یستهزؤن‘‘

اقول...... افسوس صد افسوس ہے کہ پہلے قرنوں میں جب کوئی واقعہ پیشین گوئی کے موافق ظہور میں آتا تھا تو سلف صالح اس پیشین گوئی کا مصداق سمجھ لیتے تھے اور جب تک وہ واقعہ فرمان نبوی کے ہو بہو واقع نہ ہو ہرگز اس کو مصداق بنانے کے لئے فرمان نبوی میں تحریف باطل اور تاویل بے جا سے کام نہ لیتے تھے۔ چنانچہ حضرت خدیجہؓ کا قول اس پر دال ہے کہ جیسے کوئی کسی آدمی پہچانے ہوئے کو خیال سے اترنے کے بعد دیکھتا ہے تو پہچان لیتا ہے۔ بسبب پوری موافقت کے کہ اس آدمی کی اس صورت حاصلہ کے ساتھ ہوتی ہے۔ ایسے ہی فرمان نبوی سے کہ ایک صورت وکیفیت مفہوم ہوتی تھی۔ اس کے موافق جب کوئی واقعہ دیکھتے تھے تو جان لیتے تھے کہ یہ وہی ہے جو ہمارے نبی صاحب نے فرمایا۔ مگر اس وقت میں یہ حال ہے کہ اگر کوئی دجل پیشہ تلبیس شیوہ واسطے تخلیط باطل اور خلل اندازی کے ہدایت نبوی میں ان کے تصریحات میں تاویل فاسد وتحریف کرنے لگتا ہے تو اس کے بھی لوگ پیرو ہونے لگتے ہیں۔ بلکہ اس کی تائید میں دل وجان سے حاضر ہو جاتے ہیں۔ یہ نہیں جانتے کہ یہ تو نصوص نبویہ کے ساتھ استہزاء ہے۔ ’’یا حسرة علی العباد مایاتیهم من رسول الا کانوا به یستهزؤن‘‘ اس غفور رحیم کے سامنے توبہ کرو۔ کہیں قیامت کے دن یہ کہنا نہ پڑے۔ ’’یاویلتی لیتنی لم اتخذ فلانا خلیلاً لقد اضلنی عن الذکر بعد اذجاء نی وکان الشیطان للانسان خذولاً‘‘

قولہ...... ادھر تو علماء نے مذہب ظاہر پرستی اختیار کر لیا ہے اور ادھر مخالفین اسلام نے اپنی

اپنی عقل ناقص کی پرستش، نہ کسی مذہب کے پابند ہیں نہ کسی کتاب کے پیرو مخالفین تو ایسی پیشین گوئیوں کو کیوں تسلیم کرنے لگے۔ لیکن موافقین بھی نہ مانیں گے۔ جب تک کہ ایسا گدھا حقیقی نہ پیدا ہو۔

اقول...... اگر ظاہر پرستی کے معنی سوائے اتباع ظاہر قرآن وحدیث کے کوئی اور مراد رکھے ہیں تو یہ تمہارا افتراء ہے علماء پر ''والذین یؤذون المؤمنین والمومنات بغیر ما اکتسبوا فقد احتملوا بهتاناً واثماً مبینا'' اور اگر ظاہر پرستی سے یہی مراد ہے کہ جو قرآن وحدیث کی نص ظاہر مقتضی ہوتی ہے۔ اس پر عمل وعقیدہ رکھتے ہیں تو بے شک یہ ہمارا عین ایمان اور اسلام کی یہی بات ہے اور جو اس پر طعن کرے اور اس سے منکر ہو وہ خارج عن ربقۃ الاسلام ہے۔ یہ بھی ایک آسمانی نشان ہے کہ تمہاری یہاں تک نوبت پہنچ گئی کہ جو باتیں عین ایمان تھیں۔ ان پر طعن کرنے لگے اور جس پر اسلام کی بناء ہے اس کو برائی سے یاد کرنے لگے۔ تصریحات شرعیہ پر اعتقاد رکھنے کو بیوقوفی ٹھہرایا۔ کیا جو مخالفین اسلام کی صفت بیان کرتے ہو اس کو آپ نے اور آپ کے ہم خیالوں نے اب اختیار نہیں کرلیا۔ کیا اپنی عقل ناقص سے کتاب وسنت کی بات کو نہیں رد کرنے لگے۔ کیا قرآن وحدیث کی تفصیلی باتوں کو محض عقلیات سے مردود نہیں ٹھہراتے کہ وہ عقلیات بھی خلاف عقل ہیں۔ ان کا عقلیات سے نامزد کہ ٹھیک نہیں۔ بلکہ ان کا نام تو ہوائے شیطانی مناسب ہے کیا تمہارے پیر جی جب مناظرہ میں کسی قاعدہ ادبی یا اصولی سے قائل کئے جاتے ہیں تو یہ نہیں کہہ دیتے کہ ہم اس کو نہیں مانتے۔ کیا یہ قاعدے کچھ گھر کی گھڑنت ہیں۔ پھر نہ کسی مذہب کے پابند، نہ کسی کتاب کے پیرو ہوئے کہ نہیں یہ باتیں جو میں نے لکھیں کچھ جھوٹ نہیں۔ اگر کوئی صاحب اس کا ثبوت مانگیں تو میں انشاءاللہ بحوالہ صفحہ وسطر ان لوگوں کی تحریرات سے دے سکتا ہوں۔

قولہ...... بے شک اللہ تعالیٰ کو سب قدرت ہے۔ ''آمنا باللہ انه علی کل شئ قدیر''

اقول...... تو پھر کیوں تاویلات باردہ وتوجیہات فاسدہ سے نصوص شرعیہ بگاڑتے ہو۔ بے شک اللہ تعالیٰ اپنے نبی علیہ السلام کو سچا کرے گا۔

قولہ...... مگر گذارش یہ ہے کہ ایسے کھلے کھلے نشان جب کسی نبی صادق کو بھی نہیں دیئے گئے تو دجال کو جو رسالت کا دعویٰ کاذب کرے گا کیونکر دیئے جائیں گے اور اگر دیئے جاویں تو نعوذ باللہ اس کا گدھا ناقۃ اللہ سے بھی بڑھ گیا اور تخت سلیمان بھی اس کے روبرو ناچیز رہا۔ نعوذ باللہ من ذالك!

حالانکہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی یہ دعا مقبول ہوچکی ہے۔ ’’وھب لی ملکاً لا ینبغی لاحد من بعدی ایھا الناس‘‘ یہ استعارات ہیں جیسے کہ شواہد میں مذکور ہوچکا۔
اقول...... واضح رہے کہ بعض خوارج اور معتزلہ اور جہمیہ نے دجال کے وجود کا انکار کیا اور بعض ان میں جو دجال کے قائل ہوئے تو کہنے لگے کہ یہ اوصاف اس کے جو احادیث میں بیان ہوئے ہیں یہ خیالی باتیں ہیں۔ حقیقتاً مراد نہیں اور وجہ اس کی یہ بیان کی کہ اگر یہ خوارق واقع میں ہوں تو پھر انبیاء کے معجزات پر کیونکر اعتماد ہوسکتا ہے اور نبوۃ حقہ اور دعویٰ نبوۃ باطلہ میں تمیز کیسی ہوگی تو وہی اعتراض صاحب رسالہ بھی لائے۔ مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی حکمت سے عنوان بدل کر ظاہر کیا جواب اس کا یہ ہے کہ اگر یہ غرض ہے کہ بغیر دعویٰ نبوت کے بھی خوارق عادات منع ہیں تو یہ دعویٰ باطل ہے اور بہ ہدایت یہ مقولہ فاسد ہے۔ کیونکہ دیکھو عمل سفلی والے کیا کچھ کر دکھاتے ہیں اور کیسی سچی خبریں ایک لمحہ میں دور دور کی بتادیتے ہیں۔ یہ نظر بند نہیں۔ نظر بند دوسرے ہوتے ہیں اور جادوگر اور ایسے ہی کفار جو ریاضت کرتے ہیں کیسے کیسے خوارق دکھاتے ہیں کہ معجزات انبیاء سے کم نظر نہیں آتے۔ مگر یہاں دعویٰ نبوت نہیں۔ پس کچھ التباس اور باعث حرج نہیں اور اگر یہ غرض ہے کہ حالت دعویٰ نبوت کاذبہ میں یہ خوارق منع ہیں تو آپ کو اس کا ثبوت دینا چاہئے کہ دجال سے یہ خوارق حالق دعویٰ نبوت میں سرزد ہوں گے۔ تب یہ مدعا ثابت ہوگا۔ المدعی مطالب بالبرہان ہر چند بعض روایت سے کہ جو متکلم فیہا بھی ہیں یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ پہلے دعویٰ نبوت بھی کرے گا پھر الٰہیہ مگر یہ کسی میں نہیں پایا گیا کہ یہ خوارق دعویٰ نبوت میں سرزد ہوں گے۔ بلکہ صحاح احادیث سے اس کے خلاف معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ صحیح بخاری میں ہے۔ ’’انہ اعور وان اللّٰہ لیس باعور‘‘ اور بخاری کی ایک روایت میں ہے۔ ’’الا انہ اعور وان ربکم لیس باعور وان بین عینیہ مکتوب کافر‘‘ اور بخاری اور مسلم کی متفق علیہ حدیث میں ہے۔ ’’ان اللّٰہ لا یخفیٰ علیکم ان اللّٰہ تعالیٰ لیس باعور وان المسیح الدجال اعور عین الیمنیٰ‘‘ اور ابوداؤد کی روایت میں ہے۔ ’’فان البس علیکم فاعلموا ان ربکم لیس باعور‘‘ غرض یہ کہ فرمادیا اگر اس کے خوارق دیکھ کر دھوکا پڑے تو طریقہ تمیز کا یہ ہے کہ وہ تو آنکھ کا عیب دار ہوگا اور اللہ تعالیٰ عیب سے پاک ہے اس سے معلوم ہوا کہ الوہیت کے دعوے میں خوارق دکھلائے گا۔ جس کے واسطے ہمارے نبی صاحب نے تصریح فرمادی کہ اس کے خوارق پر نہ جانا ایک یہ ظاہری عیب اس کی الوہیت کو مانع ہے۔ اگر دعویٰ نبوت میں دکھاتا کہ موجب التباس

ہوتو نبی الرحمۃ اس کا بھی جواب تعلیم فرمادیتے۔اسی جواب پر اقتصار سے یہ بات معلوم ہوئی کہ یہ خوارق اس کے دعویٰ الوہیت میں ظاہر ہوں گے نہ دعویٰ نبوت میں۔’’کما لا یخفی علی من لہ فہم سلیم ‘‘اگراس سے زیادہ تر تفصیل چاہو تو مسلم کی حدیث طویل جو بروایت ابوسعید خدریؓ کے ہے۔جس میں دجال کے لوگ ایک شخص سے کہیں گے کہ تو ہمارے رب پر ایمان نہیں لاتا اور دجال اسی مسلمان کو چیرے گا۔دیکھو ابن ماجہ میں ہے۔’’وان من فتنتہ ان یقول للاعرابی ارایت ان بعثت لك اباك وانك اتشهد انی ربك ‘‘حاصل یہ کہ یہ روایات قرینہ ہیں۔اس بات پر کہ یہ خوارق دعویٰ الٰہیہ میں دکھائے گا نہ دعویٰ نبوت میں اور جس کو اس کا دعویٰ ہو کہ دعویٰ نبوت میں دکھائے گا تو اس پر اس کا بار ثبوت ہے اور دعویٰ الوہیت میں یہ خوارق کچھ مضر اور موجب التباس نہیں۔کیونکہ جب اپنے میں ایسے ظاہر عیوب ونقصان ہیں تو چاہے کتنے خوارق دکھائے اللہ کیسے ہوسکتا ہے جو اپنے کو چنگا نہ کرسکا۔وہ الہ کیسا؟ پس یہ اعتراض بعض خوارج اور معتزلہ اور جہمیہ اور ان کے پیرو صاحب رسالہ (احسن قادیانی) اور ان کے ہم مذہبوں کو بیکار ہوگیا اور یہ جو کہا کہ جب کسی نبی صادق کو نہیں دیئے گئے تو دجال کو کیوں دیئے جاویں گے تو اس پر کوئی دلیل نہ بیان کی۔اس کے منع پر وہی دلیل تھی جو پہلے ہم دوسرے فرق باطلہ سے نقل کر کے بحمداللہ جواب شافی دے چکے اور جو حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا کا ذکر کیا تو سلیمان علیہ السلام کے ملک سے اور اس سے کیا نسبت ہے۔ذراسی بات ہے کہ وہ جہاں چاہتے تھے۔ہوا ان کو لے کر پہنچتی تھی۔دیکھو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔’’فسخر نالہ الریح تجری بامرہ رخاء حیث اصاب ‘‘اور مسیح دجال بہتیرا سر بھٹکے کہ مکہ مدینہ میں جاوے۔ہرگز نہ جاسکے گا۔دیکھو متفق علیہ حدیث میں ہے۔’’یاتی الدجال وهو محرم علیه ان یدخل نقاب المدینة ‘‘اور دوسری متفق علیہ روایت میں ہے۔’’یاتی المسیح من قبل المشرق همته المدینة حتیٰ ینزل دبر احد ثم تصرف الملائکة وجهه ‘‘اور بخاری کی روایت میں ہے۔’’لا یدخل المدینه رعب المسیح الدجال لها یومئذ سبعة ابواب علی کل باب ملکان ‘‘اور مسلم کی روایت میں ہے:’’ فلا ادع قریة الا اهبطها فی اربعین لیلة غیر مکة وطیبة هما محرمتان علی کلما اردت ان ادخل واحدا منهما استقبلنی ملك بیده السیف صلتا ‘‘پس حضرت سلیمان علیہ السلام سے اور اس سے کیا نسبت ہے۔دوسرے ان کے شیاطین اور جن سب تابع تھے۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔’’والشیاطین کل بناء

وغواص واٰخرین مقرنین فی الاصفاد ’’پھر دیکھو ان کے واسطے اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے۔ ’’ھذا عطائنا فامنن اوامسك بغیر حساب ‘‘ بھلا دجال کو اس سے کیا نسبت ہے؟ پھر سلیمان علیہ السلام کی مقبول دعا کا کیا خلاف لازم آیا۔ سبحان اللہ! کیسی کیسی باتیں ابطال حق کے لئے سوجھتی ہیں۔ اچھے اس کے مجدد ہوئے۔

ایہا الناس! یہ بات واضح ہوگئی کہ جس قدر نصوص کہ دربارۂ نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وارد ہیں اور جتنے تصریحات نبویہ مسیح دجال کے باب میں آئی ہیں۔ سب اپنی حقیقت پر ہیں اور سب سے مراد وہی معنی ہیں کہ جن پر وہ صریحۃ الدلالۃ اور بین المراد ہیں۔ نہ کوئی مجاز ہے نہ کوئی استعارہ۔ اس میں بلاوجہ مجاز ماننا بالکل تحریف اور موجب الحاد ہے۔ جیسا شواہد میں بالتفصیل گزر چکا۔ چونکہ ہمارا مقصد اصلی اسی بات کو ثابت کرنا تھا تو یہ بحمد اللہ وحسن توفیقہ خوب مفصلاً ثابت ہوگئی۔ لہٰذا اب جو آگے تاویل لیلۃ القدر کی (کہ جو ان کے پیرنے کی ہے) بیان کی اس میں بحث کر کے رسالہ کو طول دینا مناسب نہ سمجھا۔ انہیں کے رسائل کے جواب میں اس میں کلام مفصلاً انشاء اللہ کیا جاوے گا۔

بحث وشرائط مباہلہ

قولہ...... اس شخص کو مسئلہ مباہلہ بھی نہیں معلوم کہ مباہلہ کس وقت میں ہونا چاہئے اور کیا کیا شرائط اس کے کتاب وسنت میں آئے ہیں۔ لہٰذا واسطے آگاہی مسلمانوں کے وہ شرائط تفسیر فتح البیان سے لکھی جاتی ہیں۔ ’’قال فی الجمل وقع البحث عند شیخنا العلامۃ الدوانی قدس سرہ جواز المباھلہ بعد النبی ﷺ فکتب رسالۃ فی شروطھا المستنبطۃ من الکتاب والسنۃ والآثاروکلام الائمۃ وحاصل کلامہ فیھا انھا لا تجوز الافی امرمھم شرعاً وقع فیہ اشتباہ وعناد ولا یتیسر رفعہ الا بالمباھلۃ فیشترط کونھا بعد اقامۃ الحجۃ والسعی فی ازالۃ الشبھۃ وتقدیم النصح والانذار وعدم نفع ذلك ومساس الضرورۃ الیھا انتھی‘‘

قولہ...... اگر کوئی شخص کہے کہ مرزا قادیانی نے خود مولوی اسماعیل صاحب ساکن علی گڑھ کو واسطے مباہلہ کے رسالہ فتح اسلام میں طلب کیا ہے۔ الخ! تو جواب اس کا یہ ہے کہ مرزا قادیانی سے اوّلاً گفتگو زبانی اور بالمواجہ بمقام علی گڑھ مولوی اسماعیل صاحب سے ہوچکی ہے اور مرزا قادیانی ان کے اعتراض کا جواب شافی دے چکے ہیں۔ معہذا مولوی اسماعیل صاحب نے مرزا قادیانی پر یہ افتراء کیا کہ ان کے یہاں آلات رصد اور نجوم کے موجود ہیں۔ اس کے ذریعہ سے یہ اخبارات

بیان کرتے ہیں۔ الخ! تب مرزا قادیانی نے بعد ایک مدت کے مجبور ہوکر درخواست مباہلہ کی ہے۔ اب تم غور کرو کہ درخواست مرزا قادیانی دربارہ مباہلہ مولوی اسماعیل صاحب سے کیسی مطابق شرائط ہوئے کہ اس میں ایک شرط بھی فوت ہونے نہیں پائی۔ بخلاف درخواست مباہلہ مولوی عبدالحق صاحب کی کہ اس میں ایک شرط مباہلہ بھی نہیں پائی جاتی۔ بلکہ خلاف سنت ہے۔ اسی واسطے مرزا قادیانی باربار اصرار فرماتے ہیں کہ اوّلا ایک جلسہ علماء کا منعقد ہو۔ الخ! مرزا قادیانی نے یہ اشتہار بھی دیا ہے کہ جب تک تیسرا رسالہ ازالہ اوہام طبع ہوکر شائع نہ ہولے تب تک کوئی صاحب علم مخالفانہ تحریر نہ کریں۔ واللہ درمن قال!

کار مردان روشنی وگرمی است

الیٰ آخر القول!

اقول...... بحول اللہ تعالیٰ وتوفیقہ !واضح رہے کہ مرزا قادیانی نے جو جناب مولوی اسماعیل صاحب علی گڑھی سے درخواست مباہلہ کی تھی تو اسی بات پر کہ انہوں نے بہ نقل ایک ثقہ کے یہ کہا کہ مرزا قادیانی کے پاس آلات نجوم ہیں وہ ان کے ذریعہ سے کام لیتے ہیں۔ چنانچہ خود مرزا قادیانی اپنے رسالہ (فتح اسلام ص۳۸، خزائن ج۳ ص۲۳) میں مولوی صاحب موصوف کے اس قول کے جواب میں سید احمد عرب جن کو میں ثقہ جانتا ہوں۔ وہ مجھ سے بلاواسطہ بیان کرتے تھے کہ میں نے دو ماہ تک ان کے پاس (یعنی مرزا قادیانی کے پاس) ان کے معتقدین خاص کے زمرہ میں رہ کر بنظر تجسس وامتحان ہر یک وقت خاص پر حاضر رہ کر جانچا تو معلوم ہوا کہ درحقیقت ان کے پاس آلات نجوم ہیں۔ وہ ان سے کام لیتے ہیں۔ لکھتے ہیں۔’’اقول تعالوا ندع آباء نا وابناء کم ونساء نا ونساء کم وانفسنا وانفسکم ثم نبتھل فنجعل لعنۃ اللہ علی الکاذبین‘‘ میرے طرف سے درحقیقت یہی جواب ہے۔

مرزا کے علی گڑھ آنے کی تفصیل

مرزا قادیانی پھر واضح رہے کہ چونکہ صاحب رسالہ نے اس جگہ مولوی صاحب موصوف کے ساتھ مرزا قادیانی کی گفتگو اور مغلوب کرنے کا ذکر کیا تو مجھ کو ضرور ہوا کہ پہلے اس کی واقعی کیفیت سے مطلع ہوکر قول صاحب رسالہ پر بحث کروں تو میں نے مولوی اسماعیل صاحب مدظلہ علی گڑھی کو لکھا کہ آپ کے ساتھ جو کچھ گفتگو مرزا قادیانی نے کی ہے۔ واقعی طور پر کل سے مطلع فرماویں تو مولوی صاحب موصوف نے کہ کسی دوسرے کے نامزد کر کے بقصد طبع تیار کر کے رکھے تھے۔ میرے خط کے پہنچتے ہی مجھ کو روانہ کردے۔ چونکہ وہ بیان بہت طویل ہے۔ کیونکہ سب اوّل

سے آخر تک مرزا قادیانی کے علی گڑھ میں آنے کا انہوں نے تفصیل بیان کیا ہے۔ لہٰذا میں اس میں سے کچھ لکھتا ہوں۔ انہیں الفاظ کے ساتھ بعینہ نقل کرتا ہوں۔ کوئی حرف اپنی طرف سے زائد نہ کروں گا اور نیز کسی بیان کو شروع کر کے ناقص نہ کروں گا۔ چونکہ تہذیب اس کی غیر کی جانب سے کی ہے۔ لہٰذا ہر جگہ مولوی صاحب موصوف بصیغہ غائب مذکور ہیں تو کیفیت تشریف آوری مرزا قادیانی کی علی گڑھ میں لکھ کر لکھتے ہیں۔ ''مولوی صاحب بھی خبر پا کر فوراً مرزا قادیانی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عجیب شوق وذوق کے ساتھ مرزا قادیانی سے ملاقات کی مگر مولوی صاحب کی ادراک صحیح نے ہر چند مرزا قادیانی کی زیارت میں مضمون ''اذا اراد ذکر اللّٰہ'' کو تلاش کیا۔ مگر ہرگز اس کا نشان نہ پایا۔ زبان فیض ترجمان کو بھی افادہ فیوض ربانی میں قاصر پایا تو مجبور ہو کر مولوی صاحب صاحب نے مرزا قادیانی کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ کی رونق افروزی اس دیار میں گویا نعمت غیر مترقبہ ہے۔ ہم لوگ چاہتے ہیں کہ کچھ آپ کے افادات سے مستفید ہوں۔ آپ کسی عام جلسہ میں کچھ مطالب توحید کچھ اسرار رسالت بیان فرمادیں۔ مرزا قادیانی نے اس کو قبول فرمایا اور قریب تھا کہ اس کی بابت منادی عام کی جاوے کہ اسی اثناء میں مرزا قادیانی کا عنایت نامہ مولوی صاحب کے پاس آیا۔ مرزا قادیانی نے اس میں یہ تحریر فرمایا تھا کہ مجھے آج صبح کی نماز میں میرے خدا نے منع کیا ہے کہ میں کچھ بیان کروں۔ مجھ کو اشارہ یمنع کا ہوا ہے۔ اس وقت مولوی صاحب اور تمام مشتاقان فیض واستفادہ کو نہایت صدمہ ہوا۔ اس عرصہ میں جوق جوق مردمان شہر مرزا قادیانی کی خدمت میں حصول برکات کے واسطے حاضر ہوئے۔ مگر جو آیا اس نے کہا کہ مرزا قادیانی نے اہل بدعت سے ان کی حسب تمنا گفتگو کی اور دوسرے جلسہ میں اہل سنت سے ان کی مرضی کے موافق باتیں کیں۔ تیسرے جلسہ میں اہل تشیع کو راضی رکھا۔ چوتھے جلسہ میں کچھ اور ہی فرمایا۔ مولوی صاحب نے اس کو بھی سکوت سے ٹال دیا۔ اس کے بعد یہ مرحلہ پیش آیا کہ مولوی صاحب نے مرزا قادیانی کی دعوت کی اور جلسہ دعوت میں مرزا قادیانی کے انگریزی الہامات کا کچھ ذکر آ گیا۔ مولوی صاحب نے مرزا قادیانی سے عرض کیا کہ الہام کو جو ملہم اس وجہ سے حجت سمجھا جاتا ہے کہ ملہم واسطہ کا محتاج نہیں ہوتا اور جب ایسی زبان میں الہام ہو جس کو ملہم نہ جانتا ہو تو لامحالہ ایسی زبان سے مراد الٰہی کے سمجھنے میں ملہم بھی محتاج واسطہ کا ہوگا۔ اس تقدیر پر ملہم اور غیر ملہم دونوں کے حق میں یہ الہام بنظر احتیاج الی الواسطہ برابر ہو جاوے گا اور احتیاج واسطہ میں یہ مشکل محتمل ہے کہ بعض اوقات اگر واسطہ غیر معتبر ہو یا مخالف معاند ہو اور الہام کی مراد کو بالکل خلاف منشاء ربانی سمجھا جاوے تو اس صورت میں بجائے ہدایت کے یہ الہام

اسباب ضلالت میں سے ہوجاوے گا۔ پس اوّل تو پہلے ہی یہ اطمینان نہیں کہ الہام ربانی اور وسوسہ شیطانی میں آسانی سے فرق ممکن ہو اور جب یہ احتمال پیش آ گیا اور ملہم خود ہی مراد الٰہی سمجھنے میں معذور ہو گیا تو بالکل ہی یہ الہامات بیکار ہو گئے۔ یہ خلاصہ اس بات کا ہے جو مرزا قادیانی سے جلسہ دعوت میں ہوئے۔ اس کے جواب میں مرزا قادیانی نے غالباً حالت سکر میں یہ فرمایا کہ بعض عوام الناس کو خواب میں دوسری زبان کی دعائیں تلقین کی جاتی ہیں۔ جس کے معنی وہ نہیں جانتے۔ مولوی صاحب اس جواب سے اور بھی زیادہ متحیر ہوئے اور اسی پر کلام ختم کیا اور یہ سمجھا کہ یہ جواب بھی کچھ کم الہام سے نہیں ہے۔ اس کے بعد روز جمعہ واقع ہوا۔ مولوی صاحب نے مرزا قادیانی سے تواضع امامت کی نہیں کی۔ اس کے سبب سے مرزا قادیانی کو سخت پیچ وتاب ہوا اور غالباً اسی غیظ وغضب میں مرزا قادیانی نے نماز ادا فرمائی جو درحقیقت ادا نہیں ہوئی اور جس کو مرزا قادیانی نے خود بھی لکھا ہے کہ ہماری نماز نہیں ہوئی۔ جس کا اصل منشاء یہ تھا جو بیان کیا گیا۔ نماز کے بعد مرزا قادیانی مولوی صاحب کے مکان پر آئے۔ اس وقت اتفاق سے اسی جلسہ میں کنور محمد عبدالعلی خان صاحب خلف رئیس چھتاری بھی موجود تھے۔ مرزا قادیانی سے ان کی ملاقات کرائی گئی۔ مگر اس وقت ان کو دیکھ کر مرزا قادیانی کا تغیر احوال قابل دید تھا نہ قابل شنید۔ مرزا قادیانی فوراً پریشان ہو کر مولوی صاحب کو علیحدہ لے گئے اور مضطربانہ فرمایا کہ ان کو مجھ سے بیعت کرادو۔ مولوی صاحب نے عرض کیا کہ خود درخواست کرنا اور اس عجلت کے ساتھ کچھ مناسب نہیں ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ خود مرید ہو جاویں گے۔ مرزا قادیانی نے مولوی صاحب کو خارج مطالب سمجھا اور رخصت ہو گئے۔ مولوی صاحب دوسرے روز کنور محمد عبدالعلی خان صاحب کو ہمراہ لے کر مرزا قادیانی کی خدمت میں اس غرض سے حاضر ہوئے کہ اس وقت مرزا قادیانی سے سرسری ملاقات ہوئی تھی۔ اب ملاقات خاص میں کچھ بات چیت تفصیلی ہوگی۔ مگر مرزا قادیانی پھر فوراً رئیس مذکور کو علیحدہ مکان میں لے گئے اور مولوی صاحب سے مخفی ان سے کہا کہ تم کو خدا کا حکم ہے کہ مجھ سے بیعت ہو جاؤ۔ رئیس مذکور نے اس وقت بہ لطائف الحیل اس کو ٹال دیا اور مرزا قادیانی اور رئیس مذکور دونوں باہر آئے۔ مولوی صاحب نے مرزا قادیانی کے چہرہ پر کچھ آثار تشتت اور رئیس مذکور کے چہرہ پر کچھ آثار تبسم تکذیب آمیز پائے۔ رئیس مذکور نے علیحدہ ہو کر مولوی صاحب سے خفت آمیز ہنسی کے ساتھ کہا کہ مرزا قادیانی بیعت ہو جانے کو فرماتے تھے۔ مولوی صاحب کو نہایت ندامت اس وجہ سے ہوئی کہ اہل اللہ کی خفت اسلام کی تفضیح ہے۔ پھر اس کے بعد مولوی صاحب مرزا قادیانی سے نہیں ملے اور وقت رخصت جو چندہ پچاس چالیس روپے کا مرزا قادیانی کے

واسطے مسلمانوں سے مولوی تفضّل حسین صاحب نے کیا مولوی صاحب شریک نہ ہوئے اور سنئے۔

سمندر ناز پر ایک اور تازیانہ ہوا

یعنی ڈاکٹر جمال الدین صاحب وارد شہر علی گڑھ ہوئے اور مولوی صاحب سے ملاقات کی اور مرزا قادیانی کے حالات دریافت کئے۔ مولوی صاحب نے جو کچھ دیکھا مقتضائے الدین النصیحۃ کے صاف صاف کہہ دیا اور جو سستی نماز اور اتباع سنت میں مشاہدہ کی تھی۔ اس کا ذکر کیا۔ چنانچہ ایک مرتبہ مرزا قادیانی جلسہ میں لوگوں کی طرف متوجہ تھے اور عصر کی نماز فوت ہوا چاہتی تھی کہ ان کے خادم نے کہا نماز تو پڑھ لیجئے وقت جاتا ہے۔ مرزا قادیانی نے فرمایا کہ کیا ابھی نماز نہیں پڑھی۔ اس نے کہا نہیں پڑھی۔ تو مرزا قادیانی نے اٹھ کر بہت تنگ وقت میں نماز ادا کی جو نمونہ نقرۃ الغراب تھی۔ تو کیا یہ بھی رخصت سفر میں داخل تھا۔ غرضیکہ یہ سب باتیں مولوی صاحب نے ڈاکٹر صاحب سے بیان کر دیں اور مرزا قادیانی کے الہامات کا حال مولوی صاحب سے ایک ثقہ شخص مولوی سید احمد عرب نے بیان کیا تھا کہ میں نے دو مہینے قادیان میں رہ کر اس شخص کے مخفی حالات دریافت کئے ہیں۔ یہ شخص رمال اور رمالانہ پیشین گوئیاں بذریعہ آلات نجوم کے نکالا کرتا ہے۔ اسی کا نام الہام رکھ لیا ہے۔ یہ شخص پرہیز کے لائق ہے۔ یہ بھی مولوی صاحب نے ڈاکٹر صاحب سے کہہ دیا۔ ڈاکٹر صاحب نے واپس ہو کر یہ قصہ اور بندگان الٰہی سے بیان کیا جب مرزا قادیانی کو اس کا پتہ لگا تو مولوی صاحب اوّل کافر بہ ٹھہرے۔ یہ تفصیل ہے اس قصہ کی جو علی گڑھ میں پیش آیا۔'' انتھی ماقصدت نقلہ من خط مرسلہ مولوی محمد اسماعیل مدظلہ ''جب یہ ہدیہ ناظرین ہو چکا تو میں کہتا ہوں کہ کہنا صاحب رسالہ (احسن قادیانی) کا کہ درخواست مرزا قادیانی دربارہ مباہلہ مولوی اسماعیل صاحب سے کیسے مطابق شرائط ہوئے کہ اس میں ایک شرط بھی فوت نہ ہوئی۔ بخلاف درخواست مباہلہ عبالحق صاحب کے کہ اس میں ایک شرط مباہلہ بھی نہیں پائی جاتی۔ بالکل غلط ہے وجہ اس کی یہ ہے کہ اوّل تو یہ شرائط جو فتح البیان سے نقل کیں۔ ہم لوگ اہل حدیث پر حجت نہیں خود ہی تصریح کر دی ہے کہ کتاب وسنت وآثار واقوال سب ہی لکھے گئے ہیں۔ پھر ہم پر کیا الزام ہے۔ آپ کوئی شرائط کتاب وسنت سے ثابت کر کے مخالف ان کی جتاتے تو خیر الزام تھا۔ دوسرے بتقدیر تسلیم ہم کہتے ہیں کہ درخواست مباہلہ مرزا کی بالکل ان شرائط کے مخالف ہے اور مولوی عبدالحق کی بالکل موافق، تفصیل اس کی یہ ہے کہ ان شرائط میں کی پہلی شرط یہ ہے۔'' لا تجوز الا فی امر مھم شرعاً '' تو مرزا قادیانی نے اس بات پر درخواست مباہلہ کی کہ میرے الہامات آلات نجوم کے ذریعہ سے نہیں۔ بھلا یہ

بات کون سی مہمات شرع سے ہے۔ مہمات سے ہونا دوسری بات ہے۔ شرعی ہونا ثابت کرو یہ کون سی مہمات دین سے بات ہے کہ مرزا قادیانی کی یہ کاروایاں آلات نجوم کے ذریعہ سے نہیں۔ اگر کہو کہ اس سے یہ لازم آوے گا اور وہ لازم آوے گا تو ایسی تو جس بات کو چاہو کیسی چھوٹی ہو کفر تک نوبت پہنچادو وہاں ایک بات کہو گے کہ ان کو تو مسیح موعود بننا ہے۔ اگر ایسا نہ کریں تو جڑ ہی نہ اکھڑ جاوے تو ہم کہیں گے۔ کیا خوب اصل مطلب پر تو درخواست مباہلہ خلاف ٹھہرائے جاوے اور اس کی لین ڈوری پر موافق وہی اخ تھو اور درخواست مباہلہ مولوی عبدالحق صاحب کو دیکھو۔ کیسی امر مہم شرعی پر ہے کہ جس کے انقلاب سے ایک تختہ دین کا انقلاب ہے۔ اس مسئلہ کا امر مہم شرعی ہونا تو اظہر من الشّمس ہے۔ پس واضح ہو گیا کہ درخواست مباہلہ مولوی عبدالحق صاحب کی اس شرط کی خوب موافق ہے اور درخواست مرزا قادیانی کی مخالف ایسے ہی ''وقع فیه اشتهباه وعناد'' درخواست مرزا قادیانی میں امر مہم شرعاً ہے ہی نہیں۔ تو پھر اس کی یہ صفت اور قید کجا جب مطلق کا عدم ہے تو مقید کا وجود کیسے ہوگا اور مرزا قادیانی کے اس دعوے میں جس پر درخواست مولوی غزنوی نے کی ہے۔ جو کچھ عوام میں اشتباہ وعناد واقع ہوا وہ ظاہر ہے۔ پس اس کے بھی مخالف ہونا مرزا قادیانی کا اور موافق ہونا مولوی عبدالحق غزنوی کا ظاہر ہو گیا اور ان میں کی ایک شرط یہ ہے۔ ''فلا یتیسر رفعه الا بالمباهلة'' تو درخواست مرزا قادیانی کی بالکل اس کے مخالف ہے۔ کیونکہ وہ ایسی بات پر نہیں کہ بغیر مباہلہ کے اس کا رفع نہ ہو سکے۔ دیکھو خود مرزا قادیانی لکھتے ہیں۔ اسی جگہ جہاں درخواست مباہلہ تحریر ہے اور جب کہ میں ابھی تک زندہ موجود ہوں۔ اس حالت میں مولوی صاحب دو ماہ تک آپ ہی رہ کر دیکھ لیں۔ کسی دوسرے عربی عجمی کے توسط کی کیا ضرورت ہے۔ یہ تو ایسی بات ہے کہ جس میں چنداں مناظرہ ومباحثہ کی بھی ضرورت نہیں۔ مشاہدات سے ہے دیکھ لینے سے سب عدم وجود کھل سکتا ہے۔ مباہلہ کو اس سے کیا تعلق ہے اور درخواست مولوی عبدالحق صاحب کی ایسے امر میں ہے کہ بلاشبہ اس کا رفع پورے طور پر بغیر مباہلہ کے متصور نہیں۔ کیونکہ جو اللہ قہار وجبار سے ایسے نصوص بین الدلالۃ میں تحریف کرتے نہ ڈرے اور شرم نہ آئے تو مناظرہ مباحثہ کیا اس کو نفع دے گا۔ چنانچہ ابھی عرصہ تقریباً پندرہ بیس روز کا ہوا کہ دہلی میں مناظرہ کے اندر سے کہ عالم ربانی جناب مولانا مولوی محمد بشیر صاحب سہسوانی سے واقع ہوا۔ بجز گریز کے اور کچھ نہ سوجھا اور مناظرہ کے بیچ سے باوجود کیسے عہد وپیمان اور کن کن شرائط کے چلدیئے۔ (جس کی تفصیل مولوی صاحب موصوف خود ہی شائع کرنے والے ہیں) کہ جس سے شان مسیحیت کا تو کیا ذکر ہے۔ شان مومنیہ کو بھی بٹا لگ گیا۔ پھر کیا مناظرہ مفید ہوا اور کون سا اس

سے کام نکلا۔ اگر مباہلہ کرتے تو اب تک فیصلہ ہو چکتا اور عوام وخواص سب پر حق کھل جاتا۔ اس بات کو مولوی عبدالحق صاحب خود بھی اشتہار درخواست مباہلہ ثانی میں لکھتے ہیں۔ جو مطبوعہ ۱۷ر شعبان ۱۳۰۸ھ ہے: ''اور میرا مطلب یہ ہے کہ جھگڑا طے ہو جاوے اور حق باطل سے جدا ہو۔ کیونکہ تحریر کا سلسلہ تو منقطع نہیں ہوسکتا۔ قلم دوات کا غذ روشنائی بہت ہے اور ملک آزادی کا ہے۔ جس کا جو جی چاہے بک سکتا ہے۔ خصوصاً جس کو خدا کا خوف اور آنکھوں میں حیا کی بو نہ ہو وہ ایک جہاں کو درہم برہم کر سکتا ہے۔'' تو ظاہر ہو گیا کہ درخواست مرزا قادیانی اس شرط کے بھی بالکل مخالف ہے اور درخواست مولوی عبدالحق صاحب کی بالکل موافق اور ان میں سے ایک شرط یہ ہے۔ ''فیشترط کونها بعد اقامة الحجة '' اوّل تو اقامۃ حجۃ مثبت اور مدعی پر ہوا کرتی ہے اور مولوی عبدالحق صاحب نافی ہیں۔ چنانچہ ان کے اشتہار سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ درخواست اس پر ہے کہ مرزا قادیانی مسیح موعود نہیں اور بادی النظر میں مرزا قادیانی بھی اپنی درخواست میں نافی ہیں۔ پس یہ شرط خارج از مبحث ہے۔ پس اس سے مولوی عبدالحق صاحب کے اوپر کچھ الزام نہیں۔

دوسرے اگر اقامۃ حجۃ کی یہ معنی ہیں کہ کوئی مجلس مناظرہ کی منعقد کرنا ضرور ہے اور تحریریں جانبین کی سنائی جائیں تو اوّل تو اقامۃ حجۃ کی یہی معنی نہیں۔ دوسرے مرزا قادیانی نے مولوی علی گڑھی صاحب سے جس پر درخوست مباہلہ کی اس میں کب مناظرہ کیا اور وہ جو دو ایک بات ہوئیں۔ (جس کو ہم اوپر مفصلاً لکھ چکے ہیں) تو وہ نفس غیر زبان میں الہام ہونے پر تھیں۔ کچھ آلات نجوم یا خاص مرزا قادیانی کے ملہم ہونے پر بحث نہ تھی۔ ایسے تو مولوی عبدالحق صاحب بھی مرزا قادیانی سے توہین انبیاء کے بارہ میں گفتگو کر چکے تھے۔ چنانچہ ان کے اشتہار ثانی میں مذکور ہے تو مرزا قادیانی اس شرط کے خلاف ہیں۔ پہلے ہی سبقت کر چکے تو پھر مولوی عبدالحق صاحب پر کیا الزام ہے اور اگر اقامۃ حجۃ سے یہ غرض ہے کہ اپنی حجۃ بیان کردے اور دلیل کو قائم کردے تو مولوی عبدالحق صاحب نے اپنی حجت حدیث صحیحین اور دیگر حدیث مسلم سے جو صحیح الثبوت قطعی الدلالۃ ہیں ثابت کردی۔ پس تب بھی ان کے ذمہ کچھ الزام نہ رہا اور شرط فوت نہ ہونے پائی۔

تیسرے مخفی نہیں کہ مرزا قادیانی نے جو درخواست مباہلہ کی کی تھی تو اس سے محض نفی مراد نہ تھی کہ آلات نجوم کے ذریعہ سے کاروائی نہیں۔ بلکہ غرض یہ تھی کہ واقعی الہام ہے کہ آلات نجوم کے ذریعہ سے نہیں اور جو مولوی عبدالحق صاحب نے درخواست مباہلہ کی تو وہ محض نفی اس

بات کی ہے کہ مرزا قادیانی مسیح موعود نہیں نہ اثبات کسی شے پر کیونکہ اثبات نفس اتیان مسیح کا بھی تو درحقیقت مرزا قادیانی ہی کے ذمہ ہے۔ اس واسطے کہ بغیر اس کے ان کا مقصد دلی اور فرض اصلی ثابت نہیں ہوسکتا۔ پس مولوی عبدالحق صاحب کو تو محض نفی مفید مطلب ہے اور مرزا قادیانی کو مولوی اسماعیل صاحب کے مقابلہ میں محض نفی مضر مطلب اور معدم غرض ٹھرے گی۔ پس ان کو نفی شے مع اثبات شے دیگر کرنا ضرور ہے۔ لہٰذا مرزا قادیانی پر بار ثبوت ہوا اور اقامۃ حجۃ ضرور پڑی۔ بخلاف مولوی عبدالحق صاحب کے کہ وہ محض نافی ہیں۔ ان پر اقامۃ حجۃ نہیں باوجود اس کے انہوں نے حجت قائم کر دی اور اگر مان بھی لیں کہ مولوی عبدالحق صاحب پر بھی بار ثبوت ہے۔ تب بھی انہوں نے اپنی حجت قائم کر دی اور مرزا قادیانی نے جس کا ان پر بار ثبوت تھا۔ اس پر کوئی حجت قائم نہ کی۔ پس اس شرط کے بھی مرزا مخالف رہے اور مولوی عبدالحق صاحب موافق فافهم فانه عجيب والله اعلم اور ان میں سے یہ بھی ہے۔'' والسعی فی ازالة الشبهة وتقديم النصح والانذار۔ الخ '' اس پر بھی مرزا قادیانی نے عمل نہ کیا اور مولوی عبدالحق صاحب نے کلمات نصائح اور اشعار اور الہامات کے ساتھ سبھی طور سے کہہ سنایا کہ پھر بھی اگر نہ مانو تو مباہلہ کے واسطے موجود ہو۔ چنانچہ ان کا اشتہار اس سے پر ہے۔ جس کو منظور ہو دیکھ لے۔

اب ناظرین کو خوب معلوم ہوگیا ہوگا کہ درخواست مرزا قادیانی کی شرائط مسلمہ صاحب رسالہ کے کیسی مخالف ہے اور خلاف سنت اور درخواست مولوی عبدالحق صاحب کی بالکل موافق اور مطابق سنت اور ازالہ اوہام کا تو خالی بہانہ تھا۔ آخر دیکھو جب شائع ہوا تو اس سے کیا ہوا۔ سوا اس کے کہ الحادیات اور زائد شائع ہوئیں۔ ناظرین غور فرماویں کہ اگر مرزا ایسے دعوے میں سچے ہوتے تو ہرگز اعراض نہ کرتے۔ کیونکہ مباہلہ کے برابر نہ کسی تقریر میں نفع متصور ہے نہ تحریر میں مگر گھر ہی کے شیر ہیں۔ میدان میں آویں تو حقیقت کھلے سچ ہے۔

کار مرداں روشنی وگرمی است
کار دوناں حیلہ و بے شرمی است

جب تمہارا کام ایسا کچا ہے تو خلق اللہ کو کیوں بہکاتے ہو۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔

ہست آخر بیک خدا کارت
نہ کسے یادرہ نہ کس یارت

قولہ...... البتہ گمراہ وہی ہے جو کوئی درخواست مباہلہ خلاف کتاب وسنت کے کرتا ہے اور مسلمانوں کو تیر لعنت کا نشانہ بنانا چاہتا ہے۔

اقول...... بے شک جیسے آپ کے پیر اوران کے ہم خیال کہ خلاف کتاب وسنت کے درخواست مباہلہ کر کے مسلمانوں کو تیر لعنت کا نشانہ بنانا چاہا۔ چنانچہ آپ کے مسلمات کے موافق ہم نے ثابت کر دکھایا۔ واللہ اعلم!

قولہ...... حسب اشتہار مرزا قادیانی کے کیوں نہیں۔ایک جلسہ علماء کا منعقد کیا جاتا ہے۔الیٰ قولہ مسلمانوں کو خلاف کتاب وسنت تیر ملامت ولعنت کا نشانہ بنانا رفاض کا کام ہے۔

اقول...... دہلی میں جب جلسہ علما کا منعقد ہوا تو مناظرہ کے اندر سے کیوں شرائط توڑ کر چل دیئے۔اپنی شرائط کے موافق کیوں نہ بحث کی نہ مباہلہ پر مضبوط، نہ بحث میں قائم، تو پھر مسلمانوں کو کیوں بہکاتے ہو۔مسلمانوں کو سیدھی راہ سے بھٹکانا شیطانوں، دجالوں کا کام ہے۔

قولہ...... آگے رہی یہ بات کہ صحابہ کرام بھی ان احادیث کا مطلب وہی سمجھے ہوئے تھے۔ جو یوم الاثنین ۲۶/جمادی الاخری ۱۳۰۸ھ تک آپ لوگوں کے خیال میں ہے۔ سواوّلاً تو ثبوت اس کا آپ کے ذمہ ہے۔ بہ نقل صحیح تمام صحابہ سے ثابت کیجئے کہ سب نے نزول عیسیٰ ہی کے نسبت یہ کہا ہو۔ ینزل بوجود عنصری من السماء اور ثانیاً یہ عرض ہے کہ قبل از وقوع ہر ایک پیشین گوئی کی ماہیت۔الخ!

اقول...... بعون اللہ تعالیٰ حدیث کا مطلب سمجھنا فرع ہے نفس حدیث معلوم ہونے کے۔پس کل صحابہ سے اس حدیث کا یہی مطلب جو اہل سنت والجماعت سمجھے ہوئے ہیں۔ ثابت کرنا ضرور نہیں۔ بلکہ بروقت مطالبہ کے انہیں سے ثابت کر دینا کافی ہے۔جن سے اس نفس احادیث کے علم کا ثبوت ہے تو مخفی نہیں کہ جو مطلب ایسا ہے کہ جس پر لفظ حدیث صریح الدلالۃ ہیں اور احتمال دوسرے معنی صحیح کا نہیں۔ پھر اہل زبان کی طرف بغیر ان کے خلاف تصریح کے یہ کیونکر گمان ہوسکتا ہے کہ وہ ایسے صریح معنی کو چھوڑ کر ایسا مطلب سمجھے ہوں جو کوئی اہل زبان وغیر اہل زبان ان لفظوں سے اس مطلب کو نکال نہیں سکتا اور کوئی اہل علم قواعد سے جو محاورہ اہل زبان کے مبین ہیں۔ اس مطلب کو ان الفاظ کے ساتھ چسپیدہ نہیں کرسکتا۔اگر اس پر بھی نہ سمجھو تو کتب حدیث میں آثار صحابہ دیکھ کر تسکین حاصل کرلو۔ چنانچہ انہیں آثار میں سے ابوہریرہ اور عبداللہ بن عمر و اور ابن عباس اور ابن مسعود کے آثار کی طرف شوکانی نے بھی اشارہ کیا ہے اور حافظ ابن کثیر نے بھی بہت سے صحابہ اور تابعین سے آثار نقل کئے ہیں اور بعضوں کے نام لے کر چھوڑ دیئے۔ چنانچہ ان میں سے ابن عباسؓ اور ابوہریرہؓ اور قتادہ اور عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم ہیں۔ وغیرہم اور حسن بصری کا یہ قول ذکر کیا۔''واللہ انہ لحی الآن ولکن اذا نزل آمنوا بہ اجمعون'' اور ایسے ہی حافظ

ابن حجر نے بھی ذکر کیا۔ان کے اقوال نہ سہی تو رسول ﷺ نے کیسا صاف فرما دیا۔’’الانبیاء اخوۃ لعلات امہاتھم شتی ودینھم واحد انا اولی الناس بعیسیٰ بن مریم لانہ لم یکن بینہ وبینی نبی وانہ نازل ‘‘اور ایسے ہی خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بھی اپنے نزول کو شب معراج میں رسول اللہ ﷺ سے کہا۔(جیسا کہ حدیث صحیح سے میں اوپر لکھ چکا ہوں) پھر اب کیا شک رہ گیا رہے یہ لفظ ینزل بوجود عنصری تو یہ جہالت آمیز لفظ وہ اہل لسان نہیں استعمال میں لاتے تھے اور جو کہ ثانیاً عرض ہے۔اس کی تحقیق بحمد اللہ اوپر گزر چکی۔فتذکر!

قولہ...... ترجمے میں شاہ مولانا ولی اللہ صاحب تحریر فرماتے ہیں۔الخ!

اقول...... یہ فائدہ شاہ صاحب نے تحت اس آیہ کریمہ’’وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبی الا اذا تمنی القی الشیطان فی امنیۃ ‘‘کے لکھا ہے۔آیت شریف سے مطابق کر کے دیکھو ہرگز مفید مطلب نہ پاؤ گے۔والّا ہم ہی کسی وقت مفصلاً بیان کریں گے۔انشاء اللہ تعالیٰ!

قولہ...... قبل از وقوع پیشین گوئی کی صحابہ کرامؓ سے لے کر آج تک سب لوگ مکلّف اس امر کے ہیں کہ ظاہر پر ایمان لاویں اور تاویل اس کی حوالہ علم الٰہی کریں اور جب وہ پیشین گوئی کس طرح پر واقع ہو۔بشرطیکہ تاویل صحیح سے ہو نہ تاویل فاسد سے تو اس کی تصدیق کریں نہ تکذیب۔

اقول...... پھر آپ نے کیوں وقوع اس پیشین گوئی کا تسلیم کر لیا۔یہاں تو تاویل فاسد کیا صریح تحریف ہے۔چنانچہ یہ بات اہل علم کے نزدیک بہت ظاہر ہے اور اس عاجز کی بھی تحریر سے خوب واضح ہوگیا۔’’یاایھا الذین اٰمنوا لما تقولون مالا تفعلون کبر مقتا عند اللّٰہ ان تقولوا مالا تفعلون ‘‘مگر میں تو ایسا جانتا ہوں کہ یہ لفظ صرف چالاکی سے لکھا ہے۔اگر اصل مسلک یہی ہوتا تو ایسی تحریف باطلہ اور تاویلات فاسدہ کے مصدق ومعاون کیوں بنتے۔ ’’یقولون بافواھھم مالیس فی قلوبھم ‘‘اور یہ جو حدیث منام رسول اللہ کی لکھی تو اس میں ہم نے کوئی بات آپ کے مفید مطلب نہیں پائی۔اگر ہو تو بیان کرو تا اس میں نظر کریں۔اب آگے مولوی عبدالحق صاحب کے الہامات کو ان پر الٹا ہے۔چونکہ یہ بحث چنداں مفید مطلب اور قابل اعتماد نہیں۔لہٰذا ہم نے اس میں تفصیلی جواب سے اعراض کیا۔مگر اس قدر کہتے ہیں کہ ہماری تحریر سے یہ بات کھل گئی اور خوب واضح ہوگئی کہ کون مخالف کتاب وسنت ہے اور کس نے طریقہ سلف صالح کو چھوڑا اور کون ملحد اور محرف کتاب وسنت بنا۔پس کون مصداق’’من شذ شذ فی النار ‘‘اور’’سیصلیٰ ناراً ذات لھب ‘‘کا ہوا اور’’فلا تھنوا وتدعوا الیٰ السلم وانتم الاعلون ‘‘کا مشار الیہ کون ہے اور اس سے کس بات کے طرف اشارہ ہے۔فافہم واللہ اعلم!

قولہ...... ایہا الناس! واضح ہو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام صعود اولیٰ آسمان پر اور نزول اخریٰ آسمان سے بوجود عنصری جو ہمارے خیالوں میں بسا ہوا ہے۔ وہ کسی حدیث مرفوع صحیح سے ثابت نہیں ہوتا اور نہ قرآن مجید میں کہیں پایا جاتا ہے بلکہ اعجاز نظام یعنی کلام اللہ الملک العلام نے اس شبہ واقعہ کا بکلی رد کر دیا ہے۔ قال اللہ تعالیٰ ''یا عیسیٰ انی متوفیك ورافعك الیّ الی آخر الایة'' دیکھو لفظ متوفی کو اوّل ارشاد فرمایا اور لفظ رافعک کو بعد اس کے۔

نزول مسیح، قرآن وسنت کی روشنی میں

اقول...... وباللہ التوفیق وبیدہ ازمة التحقیق ایہا الناس !واضح ہو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا صعود اولیٰ آسمان پر اور نزول آخری آسمان سے بوجود عنصری جو سلف صالح سے بلکہ رسول اللہ ﷺ سے اور خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ہم تک خیالوں میں بسا ہوا چلا آتا ہے۔ بالتصریح والتفصیل احادیث صحیحہ کثیرہ سے جن کو محدثین نے متواتر کہا اور آیات متعددہ سے ثابت ہے کہ جن میں شبہ اور تاویل بیجا موجب ضلالت اور الحاد ہے۔ صعود کے بارہ میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ''وما قتلوہ یقیناً بل رفعه اللہ الیه'' ظاہر ہے کہ رفعہ کی ضمیر اسی کے طرف راجع ہے۔ جس کے طرف ضمیر قتلوہ کی راجع ہے اور یہ بات مخفی نہیں کہ قتل روح کا نہیں ہوتا۔ پس قتلوہ کی ضمیر روح کے طرف نہیں۔ لہٰذا رفعہ کی ضمیر بھی روح کے طرف نہیں تو معلوم ہوا کہ اس سے رفع روح مراد نہیں۔ پس رفع جسمی ہی مراد ٹھہرا۔ فثبت المطلوب اور فرماتا ہے۔ ''انی متوفیك ورافعك الیّ '' اس کا بیان آگے آتا ہے اور بیان صعود کا احادیث سے سنو تو اوّلا واضح رہے کہ بعد تسلیم دو مقدموں کے جس قدر نصوص کہ نزول پر دلالت کرتی ہیں۔ وہی صوعود پر بھی دلالت کرتی ہیں اور اس مطلوب میں بین المراد ہیں۔ مقدمہ اوّل یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام پہلے زمین پر تھے۔ مقدمہ ثانی یہ کہ نزول سے سوائے نزول ذاتی وجسمی کے کوئی دوسرا مطلب مراد نہیں تو مقدمہ اوّل تو بدیہی الثبوت اور بلاریب مسلم ہے اور مقدمہ ثانی کو پہلے ہی ہم بحمد اللہ وحسن توفیقہ خوب مفصل ثابت کر چکے پس جن احادیث سے نزول ان کا ثابت ہوا انہیں سے ان کا صعود بھی ثابت ہوگیا۔ کیونکہ جب وہ بذات خود آسمان سے اتریں گے اور پہلے اس سے زمین پر تھے تو لامحالہ قبل اس کے وہ آسمان پر اٹھائے گئے۔ وهذا هو الصعود وهو المطلوب!

ثانیاً یہ کہ اثر ابن عباس جس کو بسند صحیح ابن ابی حاتم نے روایت کیا۔ چنانچہ حافظ ابن کثیر نے ذکر کیا۔ ''عن ابن عباس قال لما اراد اللہ ان یرفع عیسیٰ الیٰ السماء خرج علی اصحابه وفی البیت اثناء عشر رجلا من الحواریین یعنی فخرج

علیهم من عین فی البیت ورأسه یقطر ماء فقال ان منکم من یکفر بی اثنا عشر مرة بعد ان آمن بی قال ثم قال ایکم یلقیٰ علیه شبهی فیقتل مکانے ویکون معی فی درجتی فقام شاب من احدهم سناً فقال اجلس ثم اعاد علیهم فقام ذلك الشاب فقال اجلس ثم اعا دعلیهم فقام الشاب فقال انا فقال هو انت ذاك فالقی علیه شبه عیسیٰ ورفع عیسیٰ من روزنة فی البیت الیٰ السماء قال وجاء الطلب من الیهود فاخذ والشبیه فقتلوه ثم صلبوه ''ابن عباس سے روایت ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اٹھانا چاہا تو وہ اپنے اصحاب کے پاس آئے اور گھر میں حواریوں میں بارہ آدمی تھے۔ یعنی گھر میں چشمہ تھا۔ اس میں سے نکلے اوران کے سر سے پانی ٹپکتا تھا تو فرمایا تم میں سے ایسے ہیں کہ میرے اوپر ایمان لانے کے بعد میرے ساتھ بار بار کفر کریں گے۔ ابن عباس نے کہا پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ تم میں سے ایسا کون ہے کہ میرا ہم شکل ہو جانا اختیار کرلے کہ میری جگہ قتل کیا جاوے۔ (یعنی یہود حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنا چاہتے تھے تو ان کی جگہ پر قتل ہو جاوے اور وہ دھوکے میں رہیں) اور وہ میرے درجہ میں ساتھ رہے تو ان میں کا نوعمر کھڑا ہوا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس سے فرمایا کہ تو بیٹھ جا۔ پھر عیسیٰ علیہ السلام نے وہی بات ان لوگوں سے کہی تو وہی جوان پھر کھڑا ہوگیا تو فرمایا کہ تو بیٹھ جا تو پھر وہی بات ان لوگوں سے کہی تو پھر وہی جوان اٹھ کھڑا ہوا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ اس کام کا تو ہی ہے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مشابہت اس پر پڑ گئی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے گھر میں روشندان تھا۔ اس سے آسمان کی طرف اٹھائے گئے۔ ابن عباس نے کہا اور یہود کے تلاشی لوگ آئے تو انہوں نے اسی ہم شکل کو پکڑ لیا۔ سو اس کو قتل کر دیا اور سولی پر چڑھا دیا۔ حافظ ابن کثیر نے اس روایت کی سند کے بارہ میں کہا۔ ہذا اسناد صحیح الیٰ ابن عباس پوشیدہ نہ رہے کہ یہ صحیح السند اثر حکم میں حدیث مرفوع کے ہے۔ کیونکہ ایسے صحابی کا قول ہے کہ اہل کتاب سے نہیں لیتے۔ چنانچہ یہ بات اپنے موقع پر مذکور ہے اور قاعدہ مسلمہ ہے کہ جو ایسے صحابی کا ایسا اثر ہو کہ جس میں رائے کو دخل نہ ہو تو وہ حکم میں حدیث مرفوع کے ہوتا ہے اور ظاہر ہے کہ اس میں رائے کو بالکل دخل نہیں۔ بھلا ایسا قصہ کون اپنی رائے سے کہہ سکتا ہے اور سچا متقی آدمی ایسا حال بغیر دوسرے واقف سے سنے۔ اپنی طرف سے کیونکر بیان کرسکتا ہے۔ پس ابن عباس کا کہنا حکماً رسول اللہ ﷺ ہی کا فرمانا ہے۔ اس سے بھی بالتصریح والتشریح صعود آسمان پر حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ثابت ہوگیا۔ واللہ اعلم!

اوران کے نزول کے بارہ میں اللہ جل شانہ فرماتا ہے۔’’وان من اھل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ ‘‘اوراحادیث درباب نزول کے تو اس قدر وارد ہیں کہ ان کا احصار متعذر ہے۔ان میں سے چند احادیث صحیحہ صریحہ ہم اوپر بیان بھی کر چکے۔پس واضح ہوگیا کہ بہت سی احادیث اور آیات سے صعود اولیٰ آسمان پر اور نزول آخری آسمان سے بوجود عنصری ثابت ہے۔لہٰذا یہ کہنا صاحب رسالہ کا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا صعود اولیٰ آسمان پر محض افتراء ہے۔ اللہ پر اوراس کے رسول پر’’ان الذین یؤذون اللّٰہ ورسولہ لعنھم اللّٰہ فی الدنیا والآخرۃ واعدلھم عذاباً الیما‘‘نعوذ باللّٰہ من ذلک!

رہی یہ بات کہ صاحب رسالہ اس آیت کریمہ’’یا عیسیٰ انی متوفیك ورافعك الیّ ‘‘ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے فوت ہوجانے پر استدلال کرتے ہیں تو اس کا جواب سنو تو واضح رہے کہ ظاہر کتب لغت سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ لفظ توفی دو معنی میں مشترک ہے اور کلام عرب میں استعمال اس لفظ کا دو معنی میں جاری ہے۔ایک بمعنی استیفاء یعنی پورالینا دوسرے موت مصباح المنیر میں ہے۔’’وتوفیۃ واستوفیۃ بمعنی وتوفاہ اللّٰہ اماتہ ‘‘صحاح جوہری میں بھی اسی طرح ہے اور قاموس میں بھی ایسے ہی موجود ہے اور جامع البیان میں ہے۔’’التوفی اخذ الشئ وافیا ‘‘اور تفسیر فتح البیان میں ہے۔’’التوفی یستعمل فی اخذالشئ وافیاً ای کاملا ‘‘تو معلوم ہوا کہ توفی کے دو معنی آتے ہیں۔ایک استیفاء، دوسرے موت، استیفاء کے معنی بھی سمجھ لو۔مجمع البحار میں ہے۔’’واستوفیت حقی ای اخذتہ تاما ‘‘اور غیاث اللغات میں ہے۔استیفاء تمام رافرو گرفتن وتمام گرفتن حق از منتخب وکنز وصراح انتہی تو توفی یہاں پر معنی اوّل میں مستعمل ہے۔معنی یہ ہوئے۔اے عیسیٰ میں تجھے پورا لینے والا ہوں اور اٹھانے والا ہوں۔یعنی میں تجھ کو مع جسم وجان سب لے کر اٹھالوں گا۔اب یہاں پر نہ تقدیم لفظ کی ضرورت ہے نہ تاخیر کی آیت بے تکلف اپنی معنی دیتی ہے۔ممات مسیح کو اس سے کچھ تعلق نہیں۔بلکہ ان کی حیات پر دال اوران کے صعود جسمی کی دلیل ہے اوراس معنی کی ترجیح کے واسطے بہت قرائن ہیں کہ معنی موت کے نہیں بنتے۔

اوّل یہ کہ آیت’’بل رفعہ اللّٰہ الیہ ‘‘یہی بتاتی ہے۔دوسرے اور آیت کہ حیات پر دال ہیں۔اسی کے مقتضی ہیں۔جیسے’’وان من اھل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ ‘‘ تیسرے اثر ابن عباس کہ حکم میں حدیث مرفوع کے ہے اور بسند صحیح ثابت جو اوپر مذکور ہوا اسی کا مبین اور مصرح ہے۔چوتھے ظاہر احادیث نزول کی اسی معنی کو چاہتی ہیں۔پانچویں’’اذقال

اللہ ’’جس کا ظرف ہے۔ یعنی مکر اللہ وہ اسی معنی کا مقتضی ہے نہ موت کا۔ کیونکہ حامی اپنے دوست کو اس وقت میں کہ دشمن اس پر حملہ کیا چاہتے ہوں اور اس کے قتل کے درپے ہوں۔ ان کے مقابلہ میں اپنے طرف سے موت کی خبر سنادی تو یہ بات ہرگز باعث تسکین نہ ہوگی اور حمایت نہ ٹھہرے گی۔ ظاہر ہے موت سے طبیعت انسانی کسی کی ہو نبی کی یا ولی کی متنفر ہوتی ہے۔ احادیث میں انبیاء کے قصص کو پڑھ دیکھو۔ زیادہ نہیں تو موسیٰ علیہ السلام کے قصہ کو دیکھ لو۔ اگر کہا جاوے کہ پھر رافعک بیکار ہو جاوے گا تو میں کہتا ہوں۔ رافعک رافع ہے ابہام متوفیک کو، کیونکہ استیفاء عام ہے۔ استیفاء برفع الی السماء وبغیر رفع کو تو رافعک نے اس احتمال غیر مقصود کو دور کر دیا۔ ایسے ہی صرف رافعک بھی محتمل غیر مقصود معنی کا تھا۔ لہٰذا دونوں ہی لفظ کا فرمانا ضرور تھا۔ پس کوئی کلمہ کلام بلاغت نظام کا بیکار اور خالی فائدہ سے نہیں۔ پس یہ آیت کریمہ کھلی دلیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے صعود اور رفع جسمانی کی ہے۔ اب میں اسی معنی کے چند اقوال مفسرین نقل کرنا چاہتا ہوں۔ تاکہ معلوم ہو جاوے کہ بھلے لوگوں نے بھی ایسے معنی کئے ہیں۔ تفسیر جامع البیان میں ہے۔ ’’اومتوفیك من الدنیا ولیس بوفاة موت ای قابضك من الارض لم ینالوا منك شیئا من توفیت مالی ‘‘اور جمل حاشیہ جلالین میں ہے۔ ’’فیه وجهان اظهرهما ان الكلام علیٰ ظاهره من غیر ادعا تقدیم وتاخیر فیه بمعنی انی مستوفی اجلك ومؤخرك وعاصمك من ان یقتلك الكفار الیٰ ان تموت حتف انفك من غیر ان تقتل بایدی الكفار ورافعك الیٰ سمائی ‘‘اور تفسیر انوار التنزیل میں ہے۔ ’’ای مستوفی اجلك ومؤخرك الیٰ اجلك المسمی عاصما ایاك من قتلهم او قابضك من الارض من توفیت مالی ‘‘ایسے ہی تفسیر کشاف میں ہے اور اگر متوفیک کے معنی ممیتک مان بھی لیں تو اس سے تقدیم موت کی رفع پر ثابت نہیں ہوتی کیونکہ واو سے ترتیب مستفاد نہیں ہوتی۔ ابوالبقاء نے کہا۔ ’’الواو فی قوله ورافعك لا تفید الترتیب لانها المطلق الجمع فلا فرق بین التقدیم والتاخیر ‘‘پس تب بھی ممات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی اس سے ثابت نہ ہوگی۔ لہٰذا یہ کہنا صاحب رسالہ کا کہ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات اوّل ہوئی اور رفع بعد کو دعویٰ بلادلیل اور ادعاء خلاف منشاء قرآنی ہے۔ کیونکہ اگر وہاں یہ ترتیب مراد ہوتی تو کسی لفظ ترتیبی کے ساتھ فرمایا جاتا۔ ’’واین هذا من ذاك ‘‘اور ترتیب کلمات قرآنی مستلزم ترتیب زمانی کو نہیں کہ جو نظم مقدم ہے۔ وہ وقوع میں بھی مقدم ہو۔ ’’ومن ادعی فعلیه البیان ‘‘پس اگر مان بھی لیں کہ توفی کے معنی یہاں پر موت کے ہیں۔ تب بھی ممات مسیح اس سے

کیونکر ثابت ہوسکتی ہے۔قتادہ وغیرہ نے اس آیت کریمہ کے معنی میں کہا ہے۔’’انی رافعك الیّ ومتوفیك یعنی بعد ذالك ‘‘ چنانچہ حافظ ابن کثیر اور علامہ سیوطیؒ نے اس کو نقل کیا ہے۔یہ تقدیم وتاخیر باعث نقصان فصاحت وبلاغت نہیں۔ چنانچہ بہت جگہ کلام بلاغت نظام میں موجودہ کہ نظم میں مقدم ہے اور معنی میں مؤخر وبالعکس چند مثالیں آیات کریمہ سے ہدیۂ ناظرین کرتا ہوں۔فرمایا اللہ جل وعلانے’’ولو لا کلمة سبقت من ربك لکان لزاماً واجل مسمی ‘‘ قتادہؒ نے کہا۔’’ھذا من تقادیم الکلام تقول لو لا کلمة واجل مسمی لکان لزاما ‘‘ اورفرمایا’’انزل علی عبده الکتاب ولم یجعل عوجاً قیما ‘‘قتادہ نے کہا۔’’ھذا من التقدیم والتاخیر انزل علی عبده الکتاب قیما ولم یجعل له عوجا ‘‘اورفرمایا۔ ’’واذ قتلتم نفساً فادارا تم فیھا ‘‘بغوی نے کہا۔’’ھذا اوّل القصة وان کان مؤخرا فی التلاوة ‘‘اورفرمایا۔’’فلا تعجبك اموالھم ولا اولادھم انما یرید اللّٰه لیعذبھم فی الحیوٰة الدنیا ‘‘قتادہؒ نے کہا۔’’ھذا من تقادیم الکلام نقول لا تعجبك اموالھم ولا اولادھم فی الحیوٰة الدنیا انما یرید اللّٰه ان یعذبھم فی الاخرة ‘‘وقس علیٰ ہذہ! میری یہ غرض نہیں کہ یہ تقدیم وتاخیر خالی نفع سے ہے۔ بلکہ سب میں خوبیاں رکھی گئی ہیں۔بعض بعض کا بیان تفاسیر میں بھی موجود ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے محض فضل وکرم سے ایک وجہ وجیہ میرے ذہن میں اس آیت کریمہ’’انی متوفیك ورافعك ‘‘میں تقدیم وتاخیر کی آئی ہے۔کسی مصلحت سے اس وقت نہیں لکھی۔کسی دوسری تحریر میں انشاءاللہ لکھی جاوے گی۔ واللّٰه اعلم وعلمه احکم!

قولہ...... پھراب اور دوسری آیت کو دیکھو۔’’اذا قال اللّٰه یا عیسیٰ اانت قلت للناس ‘‘ ظاہر ہے کہ قال صیغہ ماضی ہے اور اس کے اوّل اذ موجود ہے جو خاص واسطے ماضی کے آتا ہے۔ پس ثابت ہوا کہ یہ معاملہ وقت نزول آیت سے زمانہ ماضی کا ہے۔

اقول...... بتوفیق اللہ تعالیٰ وتائیدہ اولاً تقریر استدلال صاحب رسالہ کی بیان کرتا ہوں۔آیت ’’فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیھم ‘‘سے ممات مسیح نکالتے ہیں۔بنا استدلال کی دو مقدموں پر ہے۔اوّل یہ کہ توفی بمعنی موت کے ہے۔دوسرے یہ کہ سوال وجواب نزول آیت سے زمانہ ماضی میں ہوا ہے۔یہ قیامت کا قصہ نہیں۔اس ثانی مقدمہ پر دلیلیں بیان کیں۔پہلے یہ کہ صیغہ ماضی ہے اور اذ کے ساتھ ہے جو مخصوص ماضی کے ساتھ ہے۔دوسری دلیل یہ کہ اگر یہ قصہ قیامت مانا جائے تو اگر توفیتنی کے معنی اماتنی کے ہیں تو جو زمانہ درمیان صعود ونزول کے ہے وہ داخل

نہ ہوگا اور اگر رفعتنی کے ہیں تو وہ خلاف محاورہ ولغت ہے اور پھر نزول بعد جب وفات ہوئی۔ وہ زمانہ داخل نہ ہوا۔ پس جواب ناقص رہا۔ جواب میں یہ عاجز عرض کرتا ہے کہ مقدمۂ اولیٰ کہ توفی کے معنی اس جگہ موت کے ہیں۔ مسلم نہیں بلکہ معنی توفیتنی کے استوفیتنی کے ہیں۔ جس کو ہم پہلے لغت سے ثابت کر چکے ہیں اور قرائن مسطورہ بالا یہاں پر بھی قائم ہیں۔ تقریب جب ہی تمام ہوگی کہ جو معنی خلاف مقصود ہیں۔ ان کا تعذر ثابت کرو اور یہاں اس کے خلاف پر قرائن موجود ہیں۔ پس دلیل تام نہ ہوئی اور اس سے ممات مسیح ثابت نہ ہوئی۔ بلکہ اس سے ان کی حیات نکلتی ہے۔ چاہے یہ قصہ رفع کے بعد کا کہا جاوے یا روز قیامت کا اور مقدمہ ثانی بھی مسلم نہیں اور یہ جو کہا کہ صیغہ ماضی اور اذ ہے تو صیغہ ماضی اور اذ سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ قصہ قیامت کا نہیں۔ کیونکہ کلام مجید میں بہت جگہ حالات قیامت کا ذکر اذ اور صیغہ ماضی کے ساتھ آیا ہے۔ چند آیات تمثیلاً لکھتا ہوں۔ فرمایا اللہ جل شانہ نے ’’اذتبر والذین اتبعوا من الذین اتبعو ورأوا العذاب وتقطعت بهم الاسباب وقال الذين ‘‘اس آیت میں چار جگہ صیغہ ماضی اور اذ واقع ہے اور فرمایا۔’’ونادیٰ اصحاب الجنة اصحاب النار ‘‘اور فرمایا۔’’وناد واصحاب الجنة ان سلام عليكم ‘‘اور فرمایا’’ونادی اصحاب الاعراف رجالًا ‘‘اس رکوع میں چار جگہ صیغہ ماضی بمعنی مستقبل وارد ہے اور فرمایا’’وبرزوالله جميعاً فقال الضعفاء ‘‘اس آیت میں تین جگہ وارد ہے اور فرمایا۔’’ولوتریٰ اذ وقفوا علیٰ ربهم قال اليس هذا باالحق قالوا بلیٰ وربنا قال فذوقوا ‘‘اس آیت میں چار جگہ وارد ہے اور فرمایا’’وناد وايا مالك ليقض علينا ربك قال انكم ماكثون ‘‘اور فرمایا۔’’ولوتری اذ وقفوا على النار فقالوا ‘‘اور فرمایا۔’’ونفخ فی الصور فصعق من فے السمٰوٰت ‘‘اس رکوع میں آٹھ جگہ صیغہ ماضی بمعنی مضارع ہے۔ اور فرمایا’’وسيق الذين كفروا الیٰ جهنم زمراً ‘‘اس رکوع میں بھی متعدد جگہ واقع ہے۔ حاصل یہ کہ کلام مجید میں یہ بات بہت شائع ہے کہ حالات قیامت اور کیفیات آخرت کو کہ جو زمانہ مستقبل کے ساتھ متعلق ہیں۔ ان کو ماضی کے صیغوں اور ماضی کے لفظوں کے ساتھ بسبب تحقق وقوع یا حکایت حال کے ذکر کیا ہے اور بہت جگہ یہ بات سیاق وسباق سے پہچانی جاتی ہے۔ چنانچہ اس آیت میں بھی’’یوم یجمع الله الرسل فيقول ماذا اجبتم ‘‘سے پڑھ کر دیکھو صاف معلوم ہو جاتا ہے کہ قیامت کا قصہ ہے۔ پس یہ دلیل صاحب رسالہ کی ان کو مفید نہ ہوئی اور ان کی تقریب ناتمام رہ گئی اور ناتمامی دلیل ثانی کا بیان سنو تو ہم کہتے ہیں کہ توفیتنی کے معنی استوفیتنی کے ہیں۔ (یعنی شق ثانی کو اختیار کیا) اور توفی کے معنی استیفاء کے

پہلے ہم لغت سے ثابت کر چکے ہیں اور یہ جو کہا کہ نزول کے بعد جب وفات ہوئی۔ وہ زمانہ داخل نہ ہوا۔ تو واضح رہے کہ اللہ جل شانہ کی طرف سے کچھ ان کے سوانح عمری اور ان کی سرگزشت کا سوال نہیں بلکہ سوال تو اس قدر ہے کہ تم نے کیا لوگوں کو اپنی اور اپنی ماں کی عبادت کے واسطے کہا تھا۔ یہ سوال کفار کے کہ جو حضرت عیسیٰ اور ان کی ماں کو پوجتے ہیں۔ ان کے رسوا کرنے کے لئے ہوگا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کا جواب کئی طور پر دیں گے۔ اوّل یہ کہ میں تو تیری پاکی بولنے والا ہوں کہ تو سب عیبوں سے پاک ہے جو ایسا ہو۔ اس کا کوئی شریک کیونکر ہوسکتا ہے۔ پھر بھلا میں ایسی نالائق بات کیسے ان کو تعلیم کرتا۔ دوسرے یہ کہ تو تو علاّم الغیوب ہے۔ اگر میں ان کو ایسی بات کا حکم کرتا تو تو ضرور اس سے واقف ہوتا۔ تیسرے تصریح ہے کہ میں نے تو وہی کہا تھا جو کہنے کا تو نے مجھ کو حکم فرمایا تھا کہ اے لوگو! اس کو پوجو جو ہم سب کا پروردگار ہے۔ چوتھے یہ کہ جب تک میں ان میں موجود تھا تو ان کی خبر رکھتا تھا اور جب تو نے مجھ کو لے لیا تو تو ہی ان کا نگہبان رہا۔ غرض یہ کہ میری موجودگی میں تو تیرے سواء اور کسی کی میری یا میری ماں کی پرستش نہ کرنے پائی۔ میری ناموجودگی میں جو کچھ انہوں نے کیا وہ تو ہی جانے میں اس کو کیا جانوں۔ میرے پیچھے انہوں نے جو چاہا سو کیا۔ اگر میری مرضی اور کہنے سے ہوتا تو میرے سامنے بھی کیا جاتا۔ چنانچہ جب اوّل حضرت عیسیٰ علیہ السلام زمین پر موجود تھے۔ تب بھی ان کی پرستش کوئی نہ کرتا تھا یہ تو سب پیچھے شروع ہوا۔ پھر جب نزول فرماویں گے تب بھی سواء رب العالمین کے غیر کی عبادت نہ رہے گی۔

چنانچہ تفصیل اس کی احادیث میں موجود ہے۔ پس جواب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بہت ٹھیک اور خوب کامل رہا۔ پس دلیل ثانی بھی صاحب رسالہ کی فاسد ہوگئی۔ دوسرے یہ کہ معظم زمانہ کا ذکر جس میں کفار مسیح ومریم کی عبادت کرتے تھے۔ ذکر کر دیں گے کیونکہ ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ مقصود انہیں کا سنانا ہے اور اس قلیل زمانہ کا ذکر چونکہ مفید مقصود نہیں۔ چھوڑ دیں گے۔ فلا محذور!

تیسرے ہوسکتا ہے کہ وہ اس زمانہ کا بھی ذکر کریں۔ اللہ جل شانہ نے اس کا ذکر اس جگہ مصلحت سے چھوڑ دیا ہو بہرصورت جواب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ناقص نہ ہوا۔ پس دوسری دلیل بھی صاحب رسالہ کی باطل ہوگئی اور اس آیت کے قصہ قیامت ہونے کا کوئی مانع نہ رہا۔ بلکہ مخالف اس کے قصہ قیامت ہونے پر سیاق وسباق کو قرینہ قائم کرسکتا ہے۔

دوسری وجہ یہ بیان کرسکتا ہے کہ اللہ علیم وخبیر کو تو سب چیز کی خبر ہے اس کو پوچھنے کی کیا ضرورت ہے۔ یہ پوچھنا تو دوسروں ہی کے سنانے کے واسطے ہے۔ وہ کفار ہیں جنہوں نے عیسیٰ اور مریم کو خدا بنا رکھا ان کے رسوا کرنے کے لئے پوچھا جاوے گا۔ کہ ان کا معبود جن کی تابعداری کا

دم بھرتے تھے۔ وہی ان سے منکر ہو جاویں تو یہ قیامت ہی کا روز ہوگا۔ جس دن اوّلین وآخرین سب جمع ہوں گے۔ چنانچہ مؤیداس کی وہ حدیث ہے۔ جس کو ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ اور ابن عساکر نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کی ہے۔ ''عن ابی موسیٰ قال قال رسول اللہ ﷺ اذا کان یوم القیامة یدعیٰ بالانبیاء وامهاتم ثم یدعیٰ بعیسیٰ فیذکره نعمته علیه فیقربها فیقول یا عیسیٰ بن مریم اذکر نعمتی علیك الایة ثم یقول أأنت قلت للناس اتخذونی وامی الهین من دون الله فینکر ان یکون قال ذالك فیوتی بالنصاری فیسئلون فیقولون نعم هو امرنا بذلك فیطول شعر عیسیٰ حتیٰ یاخذ کل ملك من الملائکة بشرعة من شعر راسه وجسده فیحاتیهم من یدی الله مقدار الف عام حتیٰ یوقع علیهم الحجة'' اور قتادہ وغیرہ سے بھی اس آیت میں قیامت کے دن کا قصہ ہونا منقول ہے۔ پس اس آیت سے ممات مسیح پر استدلال کرنا بالکل باطل ہو گیا۔ والله اعلم وعلمه اتم!

قولہ...... اگر کوئی کہے کہ پھر اس آیت کے کیا معنی ہوں گے کہ ''ان من اهل الکتاب الالیؤمنن به قبل موته'' تو جواب اس کا یہ ہے کہ ضمیر قبل موتہ میں راجع طرف کتابی کے ہے۔ اس واسطے کہ دوسری قرأت میں یوں آیا ہے جو بیضاوی وغیرہ میں لکھی ''الا لیؤمنن به قبل موتهم بضم النون'' پس تفسیر آیت ایسی چاہئے جو موافق ہو قرأت دوسری کے نہ ایسی تفسیر جو مخالف۔ الخ!

اقول...... مستعینا باللہ جل وعلا آپ کے پیر جی (توضیح مرام ص۸، خزائن ج۳ ص۵۴) میں لکھتے ہیں۔ اگرچہ حضرت مسیح کے بہشت میں داخل ہونے کا بتصریح کہیں ذکر نہیں۔ لیکن ان کے وفات پا جانے کا تین جگہ ذکر ہے۔ اس کے حاشیہ میں تین آیتوں میں سے ایک یہ آیت بھی لکھی ہے۔ ''وان من اهل الکتاب'' اور (ازالہ اوہام ص۳۸۵، خزائن ج۳ ص۲۹۹) میں اسی آیت کے ذکر میں لکھتے ہیں: ''غرض قرآن شریف میں تین جگہ مسیح کا فوت ہو جانا بیان کیا گیا ہے۔''

اور اسی (ازالہ اوہام ص۶۰۳، خزائن ج۳ ص۴۲۵) میں لکھتے ہیں۔ چوتھی آیت جو مسیح کی موت پر دلالت کرتی ہے۔ وہ یہ آیت ہے۔ ''وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته'' تو دیکھو آپ کے پیر جی نے ارجاع ضمیر موتہ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے طرف ثابت رکھ کر لفظ میں نسبت موت کی ان کے طرف دیکھ کر اس سے موت مسیح ثابت کر لی۔ جب انہوں نے ممات مسیح کی اس آیت سے ثابت کی اور اس آیت کو ممات مسیح پر دال بتایا تو اس وقت ''قرأت

قبل موتهم ‘‘کیوں پس پشت ڈالی گئی اوراس وقت یہ قاعدہ کہ (تفسیر آیت ایسی چاہئے جو موافق ہو قرأت دوسری کی نہ ایسی جو مخالف ہو) کدھر گیا تھا۔’’ واذ ادعوا الیٰ اللّٰہ ورسولہ اذا فریق منھم معرضون وان یکن لھم الحق یاتوا الیہ مذعنین افی قلوبھم مرض ام ارتابو ‘‘ہم کہتے ہیں جس وجہ سے مرزا قادیانی نے موتہ کی ضمیر کو عیسیٰ علیہ السلام کے واسطے خاص رکھا ہے۔ پھر اس سے ممات مسیح نکالی اسی وجہ سے موتہ کی ضمیر کو ہم بھی عیسیٰ کے واسطے خاص رکھ کر قطعی طور پر اس آیت سے حیات مسیح ثابت کرتے ہیں۔ بیان اس کا یہ ہے کہ اس صورت میں معنی آیت کے کہ جن پر آیت صریح الدلالۃ بین المراد ہے یہ ہوں گے کہ تمام اہل کتاب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مرنے سے پہلے ایمان لے آویں گے اور یہ بات قطعی ہے کہ اب تک تمام اہل کتاب ایمان نہیں لائے۔ پس قطعی طور پر معلوم ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اب تک نہیں مرے اور ہماری طرف سے قرأت ‘‘قبل موتھم وامثالھا ’’ کا وہی جواب ہے۔ جو مرزا قادیانی کی طرف سے ان کے اثبات مطلوب میں اس کا جواب ہے۔ مگر فرق اس قدر ہے کہ اثبات وفات اس آیت سے بنا بر نافہمی صریح یا تحریف وفتیح کے ہے اور اثبات حیات دلالت اصلیہ اور محاورہ عربیہ پر پس بنا بر مقدمہ مسلمہ مرزا قادیانی کے کہ ان کی دلیل کا جز ہے۔ یہ آیت قطعی الدلالت ہے۔ حیات مسیح پر۔ وھذا ھوالمطلوب فافھم واتبع الحق ولا تبتع الھویٰ!

قولہ...... اب میں اس آخر حصہ اوّل کو مزین کرتا ہوں۔ ساتھ بعض صفات اس مسیح الزمان کے جو حدیثوں سے معلوم ہوتے ہیں۔ حلیہ تو اس کا صحیح بخاری میں لکھا ہے۔ وہ گندم گون ہے اور اس کے بال گھونگروالے نہیں اور کانوں تک لٹکتے ہیں۔

اقول...... میں پوچھتا ہوں کہ یہ صفات جو آپ نے بیان کئے آیا ہر ایک ان میں کا مسیح موعود ہونے کو بالاستقلال ثابت کرتا ہے۔ یا دوسرے اوصاف کے انضمام کی بھی ضرورت ہے۔ شق اوّل باطل ہے والا لازم آوے گا کہ ہر وقت میں ہزاروں مسیح موعود ہوں۔ مثلاً گندم گوں غیر گھونگروالے بال کانوں تک لٹکتے اس وقت ہزاروں کے نکلیں گے کیا یہ سب مسیح موعود ہو جاویں گے؟ درصورت شق ثانی کل اوصف کے جو قرآن وحدیث میں بتائے گئے ہیں۔ انضمام کی ضرورت ہے یا بعض کی شق ثانی باطل ہے۔ بوجہ مسطور وغیرہ من الوجوہ کما لا یخفی!

پس متعین ہوا کہ تمام اوصاف کے انضمام کی اور سب کے مصداق بنانے کی ضرورت ہے تو جب تک کہ سب اوصاف کا مصداق نہ بنا دیں۔ ہرگز مطلب ثابت نہیں ہوسکتا تو میں کہتا ہوں کہ مرزا قادیانی کو ان سب اوصاف کا جو مخبر صادق نے بتائے ہیں۔ مصداق بنانا ہرگز ممکن

نہیں۔ کیونکہ انہیں اوصاف میں سے ایک یہ بھی ہے کہ مسیح موعود کے نزول سے پہلے دجال خروج کر کے روئے زمین پر فساد پھیلائے گا اور یہ یہاں اب ممکن نہیں اور ایسے ہی بہت سے علامات اور صفات ہم احادیث صحیحہ سے اوپر مفصلاً بیان کر چکے ہیں کہ ان کا مصداق بنانا مرزا قادیانی کو ہرگز ممکن نہیں۔ پس یہ صفات کہ صاحب رسالہ نے بیان کئے۔ ہرگز مفید مطلب اور فائدہ بخش مدعا نہ ہوں گے۔ لہٰذا مجھ کو ہر ایک کے علیحدہ علیحدہ جواب لکھنے کی حاجت نہ تھی۔ مگر ایضاحاللحق واتماما للحجة ہر ایک کا جواب لکھتا ہوں۔

قولہ...... نسب اس کا صحیح مسلم وغیرہ میں لکھا ہے۔ ''لوکان العلم مطلقاً بالثریالنا له رجل من ابناء فارس''

اقول...... یہ صفت اگر مسیح موعود ہونے کے لئے لکھی ہے تو یہ بات ہرگز مسیح موعود کے صفات سے نہیں ظاہر ہے کہ یہ فارس کے صفات سے ہے اور مسیح علیہ السلام فارس سے نہیں۔ پھر اس سے اور مدعا سے کیا نسبت اور اگر کسی دوسری غرض سے لکھی ہے تو اس سے ہم کو اس جگہ غرض نہیں۔ مگر اس جگہ لکھنا بے موقع ہونے سے خالی نہیں۔

قولہ...... ایک مرد مسلمان ہوگا اور مسلمانوں میں پیدا ہوگا۔

اقول...... یہ بات ہرگز مسیح موعود کی صفات سے نہیں بھلا یہ کون سی آیت یا حدیث سے معلوم ہوا کہ وہ مسیح موعود مسلمانوں میں پیدا ہوں گے۔ ایسی باتیں کرنا کیسا صریح افتراء ہے۔ اللہ پر اور اس کے رسول پر۔ ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللّٰہ کذباً!

اشتہار

مخفی نہ رہے کہ صاحب رسالہ نے اعلام الناس حصہ ثانی کے ص۹۲ میں اپنی حکمت عملی سے اس بات کا اشتہار دیا کہ جو کوئی صعود ونزول عیسیٰ بن مریم کو بوجود عنصری کسی حدیث صحیح مرفوع متصل صریح الدلالۃ سے نصاً ثابت کردے تو میں فی حدیث اس کو بیس روپے حق المحنت دوں گا تو ناظرین پر واضح رہے کہ اس عاجز نے کس خوبی کے ساتھ آیات متعددہ اور احادیث کثیرہ متواترہ سے صعود اور نزول حضرت عیسیٰ بن مریم کو بوجود عنصری ثابت کر دکھایا۔ بس مؤلف اعلام الناس کا صدق اور حق پسندی اور طلب راہ حق اسی سے ظاہر ہوسکتا ہے۔ اب میں بذریعہ اشتہار مؤلف اعلام اور ان کے پیرو اور ان کے تمام ہم خیالوں کو اطلاع دیتا ہوں کہ جو کوئی ان میں کا کسی آیت یا حدیث صحیح مرفوع صریحہ الدلالۃ سے نصاً اس بات کو ثابت کردیں کہ مسیح موعود مسلمانوں میں پیدا ہوں گے اور مسیح موعود وہی مسیح بن مریم علیہما السلام نہیں تو میں اس کو چالیس روپے حق المحنت دوں گا

اور میرا یہ اقرار بہت سچا اور صحیح سمجھا جاوے۔ والسلام!

قولہ...... اور صفت اس کی یہ کہ باطل کرے گا۔ دین نصرانیۃ۔

اقول...... تحقیق اس کی روایات کی اوپر گزر چکی۔

قولہ...... اگر کوئی کہے کہ قتل خنزیر اور کسر صلیب کی جو تم نے یہ معنی کئے تو یہ خلاف ظاہر ہیں۔ تو جواب اس کا یہ ہے کہ یہ معنی صرف ہم نے ہی نہیں کئے۔ شروح بخاری کو دیکھو۔

اقول...... شروح بخاری کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ اس قول نبوی کے معنی یہ ہیں کہ نصرانیت کو باطل کریں گے اور کسر صلیب اور قتل خنزیر استعارہ کے طور پر بولا گیا ہے۔ ایسی نص کو ظاہر سے بلاوجہ پھیرنا تو انہیں کا کام ہے۔ جن کو نہ اللہ کا ڈر ہے نہ لوگوں کی شرم بلکہ شراح بخاری کی غرض یہ ہے کہ اس قتل خنزیر اور کسر صلیب سے مقصود ابطال نصرانیۃ ہوگی اور وہ یہ کر کے نصرانیۃ کو مٹادیں گے۔ دیکھو فتح الباری میں ہے۔ فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ای یبطل دین النصرانیة بان یکسر الصلیب حقیقتاً پس اس سے اور آپ کے مسیح سے کیا نسبت ہے۔

قولہ...... بھلا کوئی بتلاوے تو کہ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت خاتم النبیین تک کسی نبی نے یہ پیشہ اختیار کیا ہے کہ خنزیروں کا شکار کھیلتا پھرے۔ جب یہ بات عادتاً تمام انبیاء کے خلاف ہے تو پھر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کیونکر خنزیروں کا شکار کریں گے۔

اقول...... یہ کہنا کہ یہ بات عادتاً تمام انبیاء کے خلاف ہے۔ جب صحیح ہو کہ یہ بات ثابت کردو کہ کسی نبی نے اس کو نہیں کیا اور یہ بات ثابت نہیں غایۃ مافی الباب یہ کہا جاوے کہ کسی نبی سے اس کا کرنا منقول نہیں تو عدم نقل سے یہ لازم نہیں آتا کہ واقع میں کیا نہ ہو۔ پس جب یہ بات (کہ یہ عادتاً تمام انبیاء کے خلاف ہے) صحیح اور ثابت نہیں تو جو اس پر تفریح کی (کہ پھر عیسیٰ کیونکر کریں گے) وہ بھی صحیح اور ثابت نہیں۔ وھو المطلوب!

دوسرے میں کہتا ہوں کہ مقدم اور تالی میں ملازمت نہیں کیونکہ آدم علیہ السلام سے لے کر کسی نبی کے نہ کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ پھر کوئی نبی اس کو نہ کر سکے۔ دیکھو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ''لکل جعلنا منکم شرعة ومنها جاً'' یعنی ہم نے ہر ایک نبی کے لئے ایک دستور اور راہ بنائی اور ظاہر ہے کہ بعض بعض نبی بعض صفت وحکم میں مخصوص ہوئے کہ دوسرے کے واسطے وہ حکم وصفت نہ ہوئی۔ چنانچہ بخاری اور مسلم کی متفق علیہ حدیث میں ہے کہ غنیمت خاص ہمارے

حضرت خاتم النبیین کے وقت میں حلال ہوئی کہ پہلے کسی کے واسطے حلال نہ تھی۔ ایسے ہی آپ کی ہی خاص شریعت میں تمام زمین جائے نماز ہوگئی کہ جہاں چاہیں نماز پڑھ سکتے ہیں اور زمین پر تیمّم مشروع ہوا کہ پہلے کسی کے واسطے یہ بات نہیں ہوئی تھی اور جناب خاتم النبیین کے واسطے یہ بھی بات خاص ہوئی کہ آپ تمام لوگوں کے طرف رسول کر کے بھیجے گئے اور پہلے نبی کسی خاص قوم کی طرف بھیجے جاتے تھے۔ ایسے ہی اور بات بہت سی باتیں کہ احادیث کے مطالعہ سے ظاہر ہوتی ہیں تو اگر آدم علیہ السلام سے لے کر کسی نبی نے قتل خنزیر نہ کیا اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کریں گے۔ تو کون سا محذور لازم آتا ہے۔

تیسرے صاحب رسالہ کا مقدمہ مسلمہ ہے کہ مسیح موعود ایک حاکم ہوں گے۔ حکام شریعت خاتم النبیین سے اور موافق شریعت محمدی کے عمل درآمد کریں گے تو میں کہتا ہوں کہ قتل خنزیر بھی ایک حکم ہے۔ احکام شریعت خاتم النبیین سے کہ مقید ہے ایک وقت خاص کے ساتھ وہ وقت نزول ابن مریم کا ہے اور اس پر دلیل یہی حدیث ''یقتل الخنزیر'' ہے۔ پس حضرت عیسیٰ کو اس پر عمل درآمد کرنا ضرور ہوگا۔ چاہے کسی نبی کی عادت کے موافق ہو چاہے مخالف ان کو اس سے کیا کام ان کو تو احکام شریعت محمدی کا بجالانا ہے۔ پس یہ کہنا کہ جب یہ بات عادتاً تمام انبیاء کے خلاف ہے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کیونکر کریں گے غیر صحیح ہے۔ کما لا یخفی!

چوتھے کیا رسول اللہ ﷺ نے کتوں کو نہ مروایا تھا اور عام طور پر کتے مارے گئے۔ پھر خنزیروں میں کون سا استبعاد ہے۔ مگر اصلی بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ جو لوگ سچے مسیح کے جھوٹے تابعدار ہوئے انہیں کو خنزیر محبوب رہے تو جن کی اصل ہی جھوٹی ہے یعنی ان کے مسیح ہی جھوٹے ہیں تو ان کو تو اور بھی احب ہوں گے۔ پھر بھلا ان کے مارنے کی راہ کیوں نکالنے دیں گے اور ایسی سبیل کیوں تجویز ہونے دیں گے۔ جس سے خنازیر قتل ہوں۔ مگر وہ کچھ کریں اللہ تعالیٰ تو اپنے نبی کی پیش گوئیوں کو ضرور ہی سچا کرے گا۔ گو منکرین کیسے ہی ہاتھ پیر چلائیں۔ یہاں پر یہ بھی بات قابل دید وغور ہے کہ اب کہاں تک نوبت پہنچ گئی کہ احادیث صحیحہ کے صریح مضامین پر کھلے کھلے طعن کرنے لگے۔ کہتے ہیں حضرت عیسیٰ کیونکر خنزیروں کا شکار کھیلتے پھریں گے۔ سبحان اللہ! یہ کیسی دیانت ہے۔ ''نعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا من یهده اللہ فلا مضل له ومن یضلل فلا هادی له''

قولہ...... ان کے وقت میں ایسے عوائق شرعیہ پیش آویں گے کہ جہاد ظاہری کا وقت نہ ہووے گا۔

اقول…… کیا یہ محض افترائی دعویٰ نہیں ہے۔ بھلا یہ کون سی آیت یا حدیث سے معلوم ہوا کہ ان کے وقت میں ایسے عوائق شرعیہ پیش آویں گے۔ کیا ایسی جھوٹی باتیں بنانے والا خاص کر امور دینیہ میں وعید ’’لعنة اللّٰہ علی الکاذبین ‘‘میں داخل نہیں اور میں ابتداء میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا کفار سے قتال وجہاد کرنا احادیث سے اوپر ثابت کر چکا ہوں۔ فتذکر

قولہ…… چھٹی صفت اس کی یہ کہ لوگوں کو مال کے طرف بلاوے گا اور کوئی قبول نہ کرے گا۔ پڑھو اس حدیث کو ’’لیدعون الیٰ المال فلا یقبله احد ‘‘تم سمجھے اس کے کیا معنی ہیں۔ ایک معنی یہ بھی ہیں جو ذیل میں لکھے جاتے ہیں۔ اس مسیح وقت نے اوّل تو دس ہزار روپے کا اشتہار مندرجہ براہین احمدیہ تمام دنیا کے اطراف میں مشتہر کیا ہے۔

اقول…… سوائے جواب مذکورۂ بالا کے میں کہتا ہوں کہ اس حدیث کے ہرگز یہ معنی نہیں۔ دیکھو بخاری اور مسلم کی متفق علیہ روایت میں اس طرح ہے۔ ’’ویفیض المال حتی لا یقبله احد ‘‘یعنی مال کی کثرت ہوگی کہ کوئی اس کو قبول نہ کرے گا اور احمد کی روایت میں یوں وارد ہے۔ ’’ویعطی المال حتیٰ لا یقبل ‘‘یعنی لوگوں کو یہاں تک مال دیں گے کہ کوئی قبول کرنے والا نہ ملے گا۔ ناظرین! ذرا غور فرماویں کہ صاحب رسالہ نے جو معنی لکھے بھلا الفاظ نبویہ کے یہ معنی ہو سکتے ہیں۔ ہرگز نہیں۔ حاصل روایات کا تو یہ ہے کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوں گے تو مال کی بہت کثرت ہو جاوے گی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام لوگوں کو اس قدر مال دیں گے کہ پھر کسی کو حاجت نہ رہے گی اور کوئی قبول نہ کرے گا اور یہاں بھلا اس کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ خود ہی مسیح اوروں سے مانگ رہے ہیں۔ دیکھو (فتح الاسلام ص۵۰،۵۱، خزائن ج۳ ص۳۰)

قولہ…… ساتواں وصف اس کا یہ ہے کہ شحناء اور تحاسد اور تباغض اس کے سبب سے جاتا رہے گا۔ اس صفت کا بھی شروع ہو چلا ہے۔ جو لوگ اس مسیح وقت سے حسن ارادت رکھتے ہیں ان میں یہ صفات ذمیمہ نہیں پائے جاتے۔

اقول…… علاوہ جواب سابق کے میں کہتا ہوں کہ صحیح مسلم کا لفظ یہ ہے۔ ’’ولتذھبن الشحناء والتباغض والتحاسد ‘‘اور بروایت مستدرک حاکم یہ مضمون اس طرح ادا کیا گیا ہے۔ ’’وتقع الامنة علی اھل الارض حتی ترعی الاسود مع الابل والنمور مع البقر والذیاب مع الغنم ویلعب الصبیان مع الحیات ‘‘یعنی زمین والوں میں امن

ہوجاوے گی کہ سانپ اور اونٹ ایک جگہ چریں گے اور چیتے بقر کے ساتھ اور بھیڑیے غنم کے ساتھ اور لڑکے سانپوں کے ساتھ کھیلیں گے۔ تو واضح رہے کہ یہ عداوت اور تحاسد اور تباغض کا لوگوں سے اٹھ جانا تو جب ہی ہوگا کہ سب لوگ ایک ملت ہو جاویں گے اور مال کی ایسی کثرت ہوگی کہ کوئی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ پھر کوئی کسی سے کیوں حسد وبغض وعداوت وجھگڑا کرے گا۔ لہٰذا تمام لوگوں میں امن ہوجاوے گی۔ پس اس سے اور جو صاحب رسالہ نے رفع عداوت وغیرہ بیان کیا ہے۔ کیا نسبت ہے اور ایسے تو قاعدہ کی بات ہے کہ جب چند لوگ کسی ایک مسلک حق یا باطل پر متفق ہوتے ہیں تو شروع شروع ان میں اتفاق اور محبت ہو ہی جاتی ہے۔ پھر قادیانی سے کیا ہوا۔ ''فاتعظوا'' اس صفت کا وقوع جب ہی ہوگا کہ تمام لوگ ایک ملت ہو جاویں اور تحاسد اور تباغض جاتا رہے۔ واللہ اعلم!

قولہ...... حضرت عالی سیدنا ومولانا ﷺ بطور پیشین گوئی کے فرماچکے ہیں کہ اس امت پر ایک زمانہ۔ الخ! تب فارس کے اصل میں سے ایک ایمان۔ الخ! کا۔

اقول...... حاصل کلام یہ کہ مرزا قادیانی نے (فتح الاسلام ص۳، خزائن ج۳ ص۹) میں لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ بطور پیشین گوئی کے فرماچکے ہیں کہ جب میری امت سخت درجہ کی یہودیوں کے ساتھ مشابہت پیدا کر لے گی۔ تب فارس کے اصل میں سے ایک ایمان کا تعلیم دینے والا پیدا ہوگا۔ تو میں کہتا ہوں کون سی روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا کسی روایت سے اس کا ثبوت پہنچادیں۔ ''والا وعید من کذب علی متعمداً فلیتبواء مقعده من النار'' میں داخل ہوں گے اور یہ بھی ایک ان کی دلیل مسیحیت ہو جاوے گی۔ ن

قولہ...... واں نشان اس کا یہ ہے کہ کوئی مخالف اس کے مقابلہ میں نہیں ٹھہر سکتا اور اس کے مقابلہ سے ہر مخالف پر موت سی آجاتی ہے۔ صدق رسولہ الکریم ''فلا یحل لکافر یجد من ریح نفسه الامات''

اقول...... قطع نظر جواب مسطور الصدر کے یہ غرض ہے کہ ابھی عرصہ بیس پچیس روز کا ہوا کہ دہلی کے مناظرہ میں جناب عالم المعی مولوی محمد بشیر صاحب سہسوانی مدظلہ کے مقابلہ سے کون بھاگتا نظر آیا۔ افسوس پہلے سے ایسے عہد وشرائط کئے تھے تو اپنے آپ کو قیدی ہی کر کے تین روز ٹھہرا لیتے راتے رات بھاگنے کی کیوں رسوائی اٹھاتے۔ اب یہاں کس پر موت پڑی؟ سچ ہے۔ ''الحق یعلو ولا یعلی''

تنبیہ

اب یہاں پر تو تمام مخالفین کو کافر بنا دیا اور جب مخالفین درخواست مباہلہ کرتے ہیں تو یہ عذر پیش کیا جاتا ہے کہ مسلمانوں سے مباہلہ کیسے کریں۔ سبحان اللہ! کیسی دیانت ہے کہ جس نے شان مسلمانی کو بھی دھبا لگا دیا۔

واضح رہے کہ تحقیق لا یحل لکافر یجد کی اوپر بیان ہو چکی ہے۔

قولہ...... دسویں علامت ما بہ الامتیاز اصیل مسیح اور اس مثیل مسیح میں یہ ہے کہ اصل مسیح نے نکاح نہیں کیا تھا اور نہ اس کے کوئی اولاد ہوئی تھی اور مثیل مسیح نکاح بھی کرے گا اور پیدا کی جاوے گی اس کے لئے اولاد یہ نشان بھی اس میں بخوبی موجود ہے۔

اقول...... یہ دعویٰ محض باطل ہے۔ بھلا یہ کہاں ہے کہ یہ بات مسیح اور مثیل مسیح میں ما بہ الامتیاز ہے اور بعض حدیثوں میں نکاح کرنے کا جو ذکر ہے تو اس طرح پر ہے کہ اس وقت میں مسیح نکاح کریں گے۔ چنانچہ لفظ حدیث یہ ہے۔ ''ان عیسیٰ اذ ذاك یتزوج ''اس سے صاف طور پر یہ بات معلوم ہوئی کہ وہی مسیح اب نکاح کریں گے۔ جنہوں نے پہلے نکاح نہ کیا تھا۔ اثنینیۃ ہی نہیں تو پھر امتیاز کس میں باقی آگے جو کچھ آخر رسالہ تک لکھا۔ اس کا جواب اوپر مفصلاً گزر چکا۔ اعادہ کی حاجت نہیں۔ الحمدللہ والمنۃ کہ اس وقت میں کہ اخیر ربیع الآخر ۱۳۰۹ھ تیرہ سونو ہے۔ رسالہ اعلام الناس کے مختصر جواب سے فارغ ہو گیا۔

ایک خواب

ناظرین اگر نظر غور اور انصاف سے اس رسالہ کو ملاحظہ فرماویں گے تو یقیناً اس بات کو جان لیں گے کہ مرزا غلام احمد قادیانی کے یہ دعاوی بحکم شرع محض باطل اور قرآن وحدیث کے بالکل خلاف وفاسد ہیں اور جو شخص ایسے عقائد اور مسائل کا معتقد ہوا۔ بلاشبہ وہ چاہ ضلالت میں پڑ گیا۔ اس جگہ پر مجھ کو اپنے ایک خواب کا بیان کرنا مناسب معلوم ہوا تو اوّلاً واضح رہے کہ یہ بات تمام اہل اسلام کے نزدیک مسلم ہے کہ جھوٹ بولنا سخت گناہ ہے اور پھر دین کی بات میں کہ اور بھی زائد اور خاص کر خواب جھوٹے بنا کر کہنا کہ قیامت کے روز دو جو میں گرہ لگانے کا حکم ہوگا پس مسلمان ان وعدوں پر واقف ہو کر جھوٹے خواب بنا کر کہنے پر ہر گز جرأت نہیں کر سکتا۔ یہ اس واسطے میں نے لکھا کہ اس بیان خواب میں میں جھوٹ نہیں بولنے کا اور میری طرف ہرگز اس کا گمان نہ کیا جاوے تو واضح رہے کہ جب میں نے اس فتنہ کا حال سنا اور ان لوگوں کی تحریرات نظر سے گزریں (اور ایک مدت تک مجھ کو مطلق اس کی اطلاع نہ تھی۔ فی الحال مجھ کو اس کی پوری کیفیت کھلی۔ اسی واسطے جواب

اعلام الناس میں دیر ہوئی۔ والاّ جس وقت اعلام الناس شائع ہوئی تھی اگر مجھ کو اطلاع ہو جاتی تو ذات باری سے امید تھی کہ اسی وقت اس کا جواب تیار ہو جاتا) خیر میں اپنے ہادی مطلق سے مرزا قادیانی کے بارہ میں راہ صواب کی طلب کیا کرتا تھا اور اپنے ہادی حق سے دعا کیا کرتا تھا کہ اس بارہ میں مجھ کو طریق حق دکھا اور اس پر مضبوط رکھ اور ہر طالب حق کو ایسا ہی چاہئے۔ ایک روز میں نے قنوت وتر میں بھی اس کی دعا مانگی اور سو گیا تو خواب میں دیکھتا ہوں کہ میں ایک جگہ مسجد کے پاس کھڑا ہوں۔ مسجد کے احاطہ کے اندر اتنے میں کچھ شور سا ہوا کہ مرزا آتے ہیں۔ جب مرزا میرے قریب پہنچے تو میں نے دیکھا کہ ان کے ساتھ پانچ چھ آدمی ہیں اور ان کا بائیاں ہاتھ ایک شخص پکڑے ہوئے ہے اور وہ لوگ کچھ تعظیم کے طور پر مرزا قادیانی کے ساتھ نہیں چلتے بلکہ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی کسی مجرم کو لئے جاتا ہے اور مرزا قادیانی کے اوپر بھی ایک حالت گھبراہٹ کی معلوم ہوتی تھی۔ آخر ان لوگوں نے قبلہ رو کر کے ایک، جگہ کھڑا کر دیا۔ جب ذرا آگے بڑھ کر میں نے مرزا قادیانی کو دیکھا تو ننگا سر اور دونوں آنکھیں اس کی چپڑی پائیں۔ آنکھیں ایسی چپٹی ہوئی ہیں کہ چہرے کے طرف دیکھنے سے نفرت ہوتی ہے۔ ان دونوں آنکھوں میں ایک آنکھ بہت ذرا سی کھلتی ہے۔ غالباً وہ دائیں آنکھ ہے۔ (اتنی بات میں کہ کھلنے والی آنکھ کہ جو بہت ذرا سی کھلتی ہے۔ جاگنے کے بعد مجھ کو شک ہو گیا کہ آیا دائیں تھی یا بائیں اور غالب یہ ہے کہ دائیں تھی) جب میں نے ان کی آنکھوں کا یہ حال دیکھا تو اسی وقت خواب کے اندر میرے دل میں یہ گذرا کہ یہ شخص اپنے آپ کو مسیح موعود کہتا ہے۔ حالانکہ اس میں اوصاف جو دجال موعود کی احادیث میں مذکور ہیں پائے جاتے ہیں۔ اس کے بعد میں جاگ اٹھا۔ ’’واحمد اللّٰہ علیٰ ذالک ‘‘ یہ خواب قابل غور اور جائے عبرت ہے اور کیوں نہ ہو۔ اس واسطے کہ بالکل موافق کتاب وسنت کے ہے بیان اس کا یہ ہے کہ یہ بات یقینی ہے کہ مرزا مسیح موعود اور اس امر کے مأمور من اللہ نہیں اور ظاہر ہے کہ جو شخص کہ اللہ کی طرف سے مبعوث اور مامور من اللہ نہ ہو۔ اور پھر اس کا دعویٰ کرے اور اللہ تعالیٰ کے اوپر طرح طرح کی افترائی باتیں جوڑے تو اس سے بڑھ کے کون ظالم ہے۔ ’’ومن اظلم ممن افتریٰ علی اللّٰہ کذبا اوقال اوحی الیّ ولم یوح الیہ شئ ‘‘ اور اہل اسلام کو طریقہ حق سے بہکا کر صریح باطل عقائد ومسائل کی تعلیم کرے تو وہ دجال صفت اور ابلیس سیرت نہیں تو کون ہے۔ یہ بات کہ مرزا قادیانی مسیح نہیں ہو سکتے۔ میرے اس رسالہ سے بفضلہ تعالیٰ پورے طور پر کھل گئی اور متفرق مقاموں میں اس بات کے لئے نشانات بھی بیان کر دیئے۔ مگر اب اس اخیر رسالہ میں اس بات پر دو چار دلیلیں کہ جو اپنے مطلوب کو یقینی طور پر ثابت کرتے ہوں۔

قادیانیوں سے دس سوالات

بطور خلاصہ کے لکھتا ہوں تاکہ اور بھی زیادہ تر ناظرین طالبین حق کو فائدہ حاصل ہو۔

دلیل اوّل! یہ کہ قبل نزول مسیح موعود کے خروج دجال کا ضروری ہے۔ جب تک دجال انہیں حالات اور اوصاف کے ساتھ جن کو احادیث صحیحہ متواترہ نے مفصلاً بیان کر دیا ہے۔ خروج نہ کر لے اور اپنا فساد جہاں میں نہ برپا کر لے۔ ہرگز مسیح موعود نہیں آسکتے۔ چنانچہ جو احادیث کہ ابتداء رسالہ میں ذکر کی گئیں۔ ان میں سے حدیث پنجم اور حدیث ششم اور حدیث ہشتم کو دیکھو اور یہ بات قطعی ہے کہ اب تک اس صفت کے دجال نے خروج نہیں کیا۔ لہٰذا اس وقت تک کوئی مسیح موعود ہو کر نہیں آسکتا۔ پس قطعاً یہ بات معلوم ہوگئی کہ مرزا مسیح موعود نہیں ہو سکتے۔ وهو المطلوب!

دلیل دوم! یہ کہ جب تک رومی وابق یا اعماق میں آکر مدینہ کے اسلامی لشکر کے ساتھ نہ لڑیں۔ پھر تہائی ان مدینہ والوں میں کے بھاگ جائیں اور تہائی شہید ہوں اور تہائی فتح کر لیں۔ پھر شیطان غنیمت تقسیم کرتے وقت ان کو مسیح دجال کے نکلنے کی خبر سناوے۔ تب تک مسیح موعود نزول نہ فرماویں گے۔ دیکھو حدیث ہشتم کو اور ظاہر ہے کہ یہ واقعہ اب تک نہیں ہوا۔ پس ابھی کیسے مسیح موعود آسکتے ہیں۔ لہٰذا مرزا قادیانی کیونکر مسیح موعود ہو سکتے ہیں۔

دلیل سوم! یہ کہ مسیح موعود ایسی قوم میں نزول فرماویں گے کہ جن میں حکومت وامارت مسلمان کی ہوگی اور ان میں جو حاکم ہوگا وہ حضرت مسیح علیہ السلام سے امامت کے واسطے بھی کہے گا۔ دیکھو حدیث دوم اور ہشتم کو اور اظہر ہے کہ یہ بات یہاں نہیں پھر مرزا قادیانی کیونکر مسیح موعود ہوگئے؟

دلیل چہارم! یہ کہ مسیح موعود ایسی قوم میں نازل ہوں گے کہ جو جہاد کرتے ہوں گے۔ دیکھو حدیث ہشتم کو اور یہاں تو اس کا ذکر ہی کیا ہے۔ بلکہ غالباً اور خلاف مسلک ہے۔ پھر بھلا کس طرح مسیح موعود ہوگئے؟

دلیل پنجم! یہ کہ مسیح موعود کا نزول ہوگا۔ چنانچہ تمام احادیث میں یہ بات تفصیلاً بیان کی گئی ہے اور پھر اس کی ہیئت مخصوصہ بھی جتادی کہ دو فرشتوں کے بازوؤں پر ہاتھ رکھے ہوئے دو رنگین کپڑے پہنے ہوئے نزول فرماویں گے۔ دیکھو حدیث سوم اور چہارم اور ششم کو اور یہاں اس سے بھلا کیا نسبت ہے۔ پھر کیونکر مسیح موعود بن بیٹھے؟

دلیل ششم! یہ کہ مسیح موعود نبی ہوں گے۔ دیکھو حدیث ششم کو کہ اس میں چار جگہ لفظ نبی اللہ کا ان پر بولا گیا ہے اور حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے بعد کا کوئی نبی نہیں ہو سکتا۔ ’’ماکان

محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النبیین ’’اور جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔’’لا نبی بعدی ‘‘پس حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے بعد کا کوئی مسیح موعود نہیں ہوسکتا۔لہٰذا مرزا قادیانی ہرگز مسیح موعود نہیں ہوسکتے۔وھو المطلوب!

واضح رہے کہ نبی کے جو یہاں پر معنی ہیں وہی وہاں پر بھی ہیں جو حقیقتاً شرعیہ ایک جگہ مراد ہے وہی دوسری جگہ بھی۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ ایک جگہ تو اپنی غرض کے لئے اور معنی مراد لو اور دوسری جگہ کچھ اور صرف نص کا حقیقت سے بلا صارف الحاد وتحریف ہے۔’’فاتقوا اللّٰہ‘‘

دلیل ہفتم! یہ کہ مسیح موعود نزول کے بعد کفار سے مقاتلہ اور جہاد کریں گے اور دجال معہود کو ماریں گے۔ دیکھو حدیث سوم اور پنجم اور ششم اور ہشتم اور نہم کو اور یہ بات یضع الحرب کے معنی میں بھی مفصلاً بیان ہوچکی ہے اور یہاں تو اس سے بکلی انکار ہے۔ پھر بھلا کس طور سے مسیح موعود ہوسکتے ہیں؟

دلیل ہشتم! یہ کہ مسیح موعود کا نام عیسیٰ مسیح اور ان کی ماں کا نام مریم ہے۔دیکھو احادیث مسطورۂ بالا کو اور تمام احادیث اس بارہ کی اس بات کو تصریحاً بیان کرتی ہیں اور اظہر ہے کہ نہ مرزا قادیانی کا نام عیسیٰ مسیح ہے اور نہ ان کی ماں کا نام مریم ہے۔ پھر مرزا قادیانی کس طرح مسیح موعود ہوسکتے ہیں؟

دلیل نہم! یہ کہ مقدمہ مسلمہ ہے کہ مسیح موعود ہادی حق اور متبع شریعت محمد ہوں گے۔ پس جو شخص کہ عقائد کفریہ کا رواج دینے والا، مسائل زندیقیہ کا تعلیم کرنے والا انبیاء کی شان میں کلمات اہانت کے بولنے والا اور معجزات کو جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں اپنے انعامات اور احسانات میں شمار کیا ہے۔ان کو سحر اور اپنے نزدیک مکروہ ٹھہرانے والا اور قرآن وحدیث میں کھلی کھلی تحریف کرنے والا ہوں کہ موجب الحاد ہے۔ کیونکر مسیح موعود ہوسکتا ہے؟ ان باتوں کا ثبوت میں ابتداء رسالہ میں بحوالہ کتاب وصفحہ بیان کرچکا ہوں۔

دلیل دہم! یہ کہ مسیح موعود سے وہی خاص مسیح بن مریم حقیقی نبی جن پر انجیل نازل ہوئی جو بنی اسرائیل کی طرف نبی کر کے بھیجے گئے تھے مراد ہیں اور یہ بات تمام احادیث سے ثابت ہوتی ہے۔ دیکھو حدیث سوم اور پنجم کو کہ جس میں جناب رسول اللہ ﷺ نے قطعی تصریح کردی ہے کہ وہی عیسیٰ علیہ السلام نزول فرماویں گے اور خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے محمد رسول اللہ سے شب معراج میں تصریح کردی۔ قرب قیامت کے ذکر میں کہ دجال نکلے گا تو میں اتروں گا اور اس کو قتل کروں گا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا مجھ سے عہد ہے۔ دیکھو اب یہاں کیسی اظہر تشریح موجود ہے کہ مسیح موعود

وہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں۔ پھر ان نصوص میں مثیل مسیح ماننا صریح بے ایمانی اور کھلی بے حیائی اور پوری کتاب سنت سے مخالفت اور اللہ ورسول سے لڑائی نہیں تو کیا ہے؟ اے اہل اسلام ذرا غور کرو۔ اللہ جل شانہ نے اپنے رسول امین کی زبان سے نزول عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کو کیسی کیسی تصریح اور کس کس تشریح سے فرمادیا کہ جس سے مرزا قادیانی کی نسبت کا تو ذکر ہی کیا ہے۔ میرے نزدیک اس میں ان کا نام ہی لانا ناروا ہے۔ اے مسلمان بھائیو! میں تم کو محض بسبب ہمدردی اسلام کے نصیحت کرتا ہوں کہ اگر آپ لوگ بنظر انصاف اس رسالہ کو دیکھیں گے تو آپ پر کالشمس فی النہار ظاہر ہو جاوے گا کہ بحکم شرع شریف مرزا غلام احمد قادیانی کے یہ دعاوی محض باطل اور فاسد ہیں اور ایسے عقائد ومسائل صرف شیطانی دھوکے اور وساوس ابلیسی ہیں۔ جو ان باتوں کا معتقد ہوا۔ بلاشبہ وہ قید دجالی اور جال شیطانی میں پھنس گیا۔ اے حق کے طالبو اور اپنے مولیٰ کی مرضی چاہنے والو! ایسے عقائد ومسائل سے بہت بچتے رہو۔ یہ وہی وقت معلوم ہوتا ہے۔ جس کی خبر مخبر صادق نے دی ہے کہ دجال کذاب مدعی نبوت خروج کریں گے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ روز قیامت میں یہ کہنا پڑے۔ ’’یلیتنی اتخذث مع الرسول سبیلاً یا ویلتی لیتنی لم اتخذ فلانا خلیلا لقد اضلنے عن الذکر بعد اذ جاء نے وکان الشیطان للانسان خذولاً ‘‘ ہر مسلمان کو رسول اللہ ﷺ کے اس فرمان پر عمل چاہئے۔ ’’ان الناس اذار اؤ منکر فلم یغیرہ یوشك ان یعمھم اللہ بعقابہ اخرجہ ابن ماجہ والترمذی وصححہ ‘‘یعنی جب لوگ خلاف شرع بات دیکھ کر نہ مٹادیں گے تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب پر اپنا عذاب بھیج دے گا اور ترمذی کی ایک روایت میں اس طرح ہے کہ میں اس ذات کی قسم کھا کر کہتا ہوں۔ جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ تم لوگوں کو بھلائی کی وصیت کرنا اور برائی سے بچانا والا تم پر اللہ ایسا عذاب بھیجے گا کہ اگر دعا مانگو گے تو تمہاری دعا بھی قبول نہ ہوگی۔ تو اے بھائیو! ہم سب لوگوں کو چاہئے کہ رسول اللہ ﷺ کی اس وعید سے ڈر کر منکر کے مٹانے میں مشغول ہوں۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ’’من رأی منکم منکراً فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ فان لم یستطع فقلبہ اخرجہ الشیخان ‘‘یعنی تم میں جو کوئی کسی منکر کو دیکھے تو چاہئے کہ اس کو ہاتھ سے مٹاوے۔ اگر اس کی طاقت نہ رکھتا ہو تو زبان سے مٹاوے اگر یہ بھی نہ کر سکے تو دل سے ہی برا سمجھے۔ ہر شخص کو بقدر اپنی استطاعت اور ہمت کے کار خیر میں سعی اور کوشش چاہئے۔ اہل علم کو چاہئے کہ اپنے علم سے کام لیں۔ مالداروں کو چاہئے کہ اپنے زر کے زور سے اعانت حق میں مشغول ہوں۔ اس مادہ کی کتابیں جو علماء تالیف کرتے ہیں۔ ان کی طبع

میں مدد کریں کہ وہ بھی اس کے ثواب جزیل میں شریک ہوں۔’’وان تتولوا یستبدل قوماً غیرکم ثم لایکونوا امثالکم یاایھا الذین اٰمنو کونوا انصار اللّٰہ وآخر دعوانا ان الحمدللّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خاتم النبیین والہ وصحبہ اجمعین وجمیع المسلمین برحمتك یا ارحم الراحمین۰ الحمد للّٰہ والمنۃ‘‘ کہ رسالہ شفاء للناس جواب شافی وکافی رسالہ اعلام الناس کا تمام ہوا۔

عذر

اپنے پرانے محبّ اور مشفق جناب مولوی محمد احسن صاحب امروہی (قادیانی) مؤلف اعلام الناس کی خدمت میں عرض پرداز ہوں کہ میر اس تحریر میں اگر کوئی کلمہ ناملائم طبع ہو تو یہ محض بوجہ حمیت اسلامی اور جوش ایمان کے نکلا۔ لہٰذا مجھ کو معذور سمجھیں۔ واسال اللّٰہ ان یھدینی وایاکم الیٰ طریقہ المستقیم!

المعتذر

مؤلف شفاء للناس احقر تلامذہ امام ھمام حجۃ اللّٰہ بین الانام علم العلماء العظام بقیۃ السلف الکرام موضع حجۃ الملۃ والاسلام المفسر المحدث الفقیہ شیخ الانام حضرت مولانا سید محمدنذیر حسین صاحب لازالت شموس فیوضہ طالعۃ الیٰ یوم القیام۔

تقریظ من جانب مولوی حافظ عبدالوہاب صاحب مدظلہ

الحمد لولیہ والصلوٰۃ علی نبیہ اما بعد! میں نے اس رسالہ کو اوّل سے آخر تک بغور سنا۔ اپنے باب میں اس رسالہ کو بہت پورا اور اعلام الناس کا جواب کافی وشافی پایا۔ اگر اس کو بنظر غور دیکھا جاوے تو اس میں اعلام الناس کے لفظ لفظ کا جواب ہے۔ مگر چونکہ مؤلف زاد فضلہ ودام فیضہ نے قصداً اختصار کا بہت کیا۔ اس واسطے حاجت اس رسالہ کے مطالعہ میں نظر غور کی ہے اور زیادہ تر اس کی خوبی جب ظاہر ہوسکتی ہے کہ اوّل اعلام الناس کو دیکھے۔ اس کے بعد اس کو دیکھنے میں اس کے ہر بات کا جواب خیال کرتا جاوے اور جو صاحب اس رسالہ کا مطالعہ کریں تو مناسب ہے کہ اوّل سے آخر تک دیکھیں۔ کیونکہ اس کا بیان ایک دوسرے سے متعلق اور منسلک ہے۔ پس جب تک کہ پورا نہ دیکھا جاوے کیفیت پوری نہیں معلوم ہوسکتی۔ والحمدللّٰہ الذی بنعمۃ تتم الصالحات والسلام علی سید الموجودات!

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

النصر المبین

فی

رد اقوال الجاہلین

حضرت مولانا دوست محمد خان رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

نحمدہ ونصلے علیٰ نبیہ ورسولہ خاتم النبیین محمد واٰلہ واصحابہ اجمعین!

۱۹/جولائی ۱۸۹۵ء کو مولوی احمد علی صاحب جو بغرض وصول چندہ پہاڑ پر مقیم تھے۔ ڈھرہ دون میں تشریف لائے تھے اور ۲۰/جولائی ۱۸۹۵ء کو مولوی احسن قادیانی سہارنپوری سے پیر جی خدابخش صاحب کے مکان پر تشریف لائے۔ ۲۱/جولائی ۱۸۹۵ء بوقت ۴/بجے شام کے یہ خاکسار ومحمد حنیف خلف خدابخش صاحب واحمد حسین ملازم وجناب مولوی احمد علی صاحب اوپر دوکان پیر جی صاحب کے بیٹھے ہوئے تھے کہ مولوی احسن قادیانی، پیر جی صاحب کے مکان سے دوکان پر تشریف لائے اور السلام علیکم وعلے من لدیکم! مولوی احمد علی صاحب سے ہوا اور بیٹھ گئے اور ادھر ادھر کی گفتگو ہوتی رہی کہ مولوی احسن قادیانی نے مولوی احمد علی صاحب سے دریافت کیا کہ آپ مرزاغلام احمد قادیانی سے ملے ہیں یا نہیں۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ میں حمایت الاسلام امرتسر میں گیا تھا۔ مرزاقادیانی بھی وہاں تشریف رکھتے تھے۔ مگر میری ملاقات نہیں ہوئی۔ اگلے روز مرزاقادیانی لدھیانہ تشریف لے گئے تھے۔ بجواب اس کے مولوی احسن قادیانی نے کہا کہ مرزاقادیانی قابل ملاقات ہیں۔ ضرور ملئے۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ میرا ارادہ ضرور ملنے کا ہے اور پیر جی خدابخش صاحب نے یہی وعدہ قادیان چلنے کا کیا تھا۔ ابھی تک اتفاق نہیں ہوا اور محمد حنیف کی طرف متوجہ ہوکر یہ بھی فرمایا کہ تم بھی قادیان چلو اور میں بھی چلوں گا۔ مجھے بھی مرزاقادیانی سے ملنا ہے۔ کیونکہ اکثر شبہات جو ان کی تصنیف پر ہیں وہ ان کو سناؤں گا اور ان سے جواب لوں گا۔ بجواب اس کے مولوی احسن قادیانی نے دریافت کیا وہ شبہ آپ کے پاس لکھے ہوئے ہیں تو مجھے بھی دکھلایئے۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ میرے پاس یہاں لکھے ہوئے تو نہیں ہیں۔ لیکن مجھے زبانی یاد ہیں۔ اگر آپ سننا چاہیں تو سنا سکتا ہوں۔ بجواب اس کے مولوی احسن قادیانی نے کہا کہ میں شائق ہوں سنایئے۔ شاید یہی کچھ طے ہوجاوے۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ اوّل شبہ یہ ہے کہ مرزاقادیانی نے اپنی کتاب حمامۃ البشریٰ میں تحریر فرمایا ہے کہ طلوع الشّمس من مغربہا ہو چکا ہے۔ بلکہ اور علامات قیامت اور خروج دجال اور دابۃ الارض وغیرہ بھی گذر چکے ہیں۔ اب جو مرزاقادیانی لوگوں کو اپنی طرف بلاتے ہیں اور دعوت اسلام کرتے ہیں تو ازروئے حدیث صحیح مسلم

کہ روایت ہے۔ابوہریرہؓ سے کہ فرمایا محمد رسول اللہ ﷺ نے۔’’عن ابی ہریرةؓ ان رسول اللہ ﷺ قال لا تقوم الساعة حتے تطلع الشمس من مغربها فاذا طلعت الشمس من مغربها امن الناس کلهم اجمعون فیومئذ لا ینفع نفسا ایمانها لم تکن اٰمنت من قبل او کسبت فی ایمانها خیراً ‘‘کہ جس کا مطلب یہ ہے کہ طلوع الشّمس میں مغربہا کے بعد جو لوگ ایمان لاویں گے ان کو ایمان نفع نہ دے گا اور وہ ایمان معتبر نہ سمجھا جاوے گا۔ کیونکہ وہ ایک علامت کبریٰ کو دیکھ کر ایمان لائے ہیں۔ اب وہ لوگ جو مرزا قادیانی کی طرف رجوع کررہے ہیں۔ان کو ایمان کب نفع دے گا۔ یہ مولوی احمد علی صاحب کا شبہ تھا کہ بطور سوال کے مولوی احسن قادیانی کے روبرو ظاہر کیا گیا کہ اسی عرصہ میں مولوی مرید احمد صاحب ومولوی دوست محمد صاحب تشریف لے آئے اور ان کے روبرو یہی شبہ ظاہر کیا گیا۔ بجواب اس کے مولوی احسن قادیانی نے کہا کہ آپ کا شبہ بہت عمدہ اور فاضلانہ اور عالمانہ ہے۔ایسا شبہ نہیں کہ کوئی اس کا جواب بسہولت دے اور دوسری رہی یہ بات کہ مرزا قادیانی نے حمامۃ البشریٰ میں جہاں تک مجھ کو یاد ہوتا ہے یہ نہیں لکھا کہ طلوع الشّمس من مغربہا کا گذر جانا لکھا ہو اور یہ حدیث بھی تاوقتیکہ صحیح مسلم میں نہ دیکھی جائے۔ وطلوع الشّمس من مغربہا حمامۃ البشریٰ میں نہ دیکھا جاوے۔اس وقت تک میں تسلیم نہیں کروں گا۔ چنانچہ صحیح مسلم پیرجی صاحب کے دکان میں موجود تھی اور حمامۃ البشریٰ مولوی خلیل الرحمٰن صاحب کے پاس موجود تھی۔ مولوی احمد علی صاحب نے اسی وقت صحیح مسلم، محمد حنیف سے لے کر مولوی احسن قادیانی کو حدیث دکھلائی اور پڑھی۔

اور ترجمہ کیا کہ جس کا مطلب یہ ہے کہ طلوع الشّمس من مغربہا کے بعد جو لوگ ایمان لاویں گے ان کو ایمان نفع نہ دے گا اور وہ ایمان معتبر نہ سمجھا جاوے گا۔

بجواب اس کے مولوی احسن قادیانی نے دوسری یہ حدیث پیش کی کہ:’’عن ابی ہریرةؓ قال قال رسول اللہ ﷺ ثلث اذا خرجن لا ینفع نفسا ایمانها لم تکن اٰمنت من قبل اوکسبت فی ایمانها خیرا طلوع الشمس من مغربها والدجال ودابة الارض ‘‘کہ جس کے یہ معنی ہیں کہ ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تین باتیں جب ظاہر ہوجاویں تو اس وقت کسی کو ایمان لانے سے فائدہ عائد نہ ہوگا اور اس کو جو پہلے سے ایمان نہ لایا یا نیک کام نہیں کیا۔ایک تو نکلنا آفتاب کا جدھر سے ڈوبتا ہے۔ دوسرا دجال کا نکلنا تیسرا دابۃ الارض کا نکلنا اور مولوی احسن قادیانی نے یہ بھی کہا کہ مسیح اور خروج دجال کے زمانہ

میں ایمان نفع دے گا یا نہیں۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ زمانہ مسیح اور خروج دجال جب ایک ہوگا نفع نہیں دے گا اور جس حالت میں مرزا قادیانی نے خروج دجال کا گذر جانا حمامتہ البشریٰ میں تحریر کیا ہے اور یہ حدیث جو آپ نے پیش کی ہے۔ مطابق اس کے یہ اعتراض بھی مرزا قادیانی کے اوپر پڑتا ہے۔ بجواب اس کے مولوی احسن قادیانی نے کہا کہ مرزا قادیانی کے اوپر کیسے اعتراض پڑتا ہے۔ میں ثابت کروں گا۔ قرآن اور حدیث اور بیضاوی سے کہ بعد طلوع الشّمس من مغربہا اور خروج دجال کے ایمان نفع دے گا اور معتبر ہوگا۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ آپ قرآن مجید سے یا حدیث سے یا بیضاوی سے ثابت کریں۔ لیکن طول تقریر نہ کریں۔ جیسا کہ میں نے آپ کو صحیح مسلم میں حدیث دکھلائی ہے۔ آپ بھی دکھلا دیں۔ کسی کا قول یا مرزا قادیانی کی تحریر میں نہ مانوں گا۔ بجواب اس کے مولوی احسن قادیانی سب کے سامنے کہا کہ بیضاوی میں دکھادوں گا۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے دریافت فرمایا کہ بیضاوی یہاں ہے مولوی مرید احمد صاحب نے فرمایا کہ میرے پاس کرنپور میں ہے۔ اسی عرصہ میں اذان عصر ہوگئی اور سب صاحبان موجود مسجد چلنے کو تیار ہوگئے اور مولوی احمد علی صاحب نے مولوی مرید احمد صاحب سے بیضاوی لانے کو اور محمد حنیف سے حمامتہ البشریٰ مولوی خلیل الرحمٰن صاحب کے پاس سے منگوانے کو فرمایا اور جلسہ کل ۲۲؍جولائی ۱۸۹۵ء پر منحصر ہوا اور نماز کے لئے مسجد میں آ گئے۔ بعد نماز عصر کے مولوی احسن قادیانی، مولوی احمد علی صاحب کے ہمراہ لے کر پیر جی خدا بخش صاحب کی دوکان پر تشریف لائے۔ پھر مولوی احسن قادیانی اپنے مناظرے اور مرزا قادیانی کے تصنیفات سناتے رہے اور تین چار کتابیں مثل رسالہ شاہین بطور دکھلانے اور ظاہر کرنے تحریر مرزا قادیانی کے مولوی احمد علی صاحب کو دیں۔ مولوی احمد علی صاحب پلٹن بازار کی مسجد کو تشریف لے گئے اور کل کے جلسہ میں فیما بین جو تقریر وقوع میں آوے گی ضبط تحریر ہوگی۔ مورخہ ۲۱؍جولائی ۱۸۹۵ء۔

۲۲؍جولائی ۱۸۹۵ء کو مرزا کریم بیگ صاحب داروغہ اسکوٹر گورنر جنرل صاحب بہادر نے مہمانداری مولوی احمد علی صاحب ونیز جلسہ وعظ مقرر کیا۔ چنانچہ آج جلسہ متنازعہ فیما ملتوی رہا۔ کل پر منحصر رکھا گیا۔ ۲۳؍جولائی ۱۸۹۵ء وقت ۴؍بجے شام کے مولوی احمد علی صاحب ومولوی احسن قادیانی واسطے نماز عصر کے مسجد وہا نوالہ میں موجود تھے۔ نماز سے فارغ ہوکر مولوی احسن قادیانی نے کہا کہ قیام جلسہ پیر جی خدا بخش صاحب کے مکان پر کیا جاوے تو بہتر ہے۔ بجواب

اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ جلسہ مسجد میں بہتر ہے۔ عام ہونا چاہئے۔ چونکہ اس بات کا چرچہ کئی روز سے تھا۔ بہت لوگ مشتاق تھے کرنپور سے مولوی مرید احمد صاحب ومولوی دوست محمد معہ چند ولایتیوں کے اورنی نگر سے مولوی خلیل الرحمٰن ومولوی الہ دیا صاحب وضلع دار صاحب انہار ومنشی خلیل الرحمان صاحب ودیگر صاحبان وپلٹن بازار سے حافظ محمد شریف صاحب ودیگر چند صاحبان غرضیکہ ایک مجمع کثیر مسجد میں جمع ہوا۔ مولوی احمد علی صاحب نے یہ فرمایا کہ کتاب (حمامتہ البشریٰ ص۸۳، خزائن ج۷ ص۳۰۲) میں مرزا قادیانی نے یہ عبارت لکھی ہے۔ ’’فاعلم ان ھذہ الانباء قد تمت کلھا ووقعت کما کان فی الاثار المنتقاۃ المدونہ عن الشقات ولکن الناس ماعرفوھا وکانوا غفلین‘‘ کہ جس کے معنی یہ ہیں کہ خروج دجال ودابۃ الارض وطلوع الشّمس من مغربہا ہو چکا اور مولوی احسن قادیانی کو دکھلائے گئے اور یہ حدیث ’’عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ ﷺ قال لا تقوم الساعۃ حتی تطلع الشمس من مغربھا فاذا طلعت الشمس من مغربھا امن الناس کلھم اجمعون فیومئذ لا ینفع نفسا ایمانھا لم تکن اٰمنت من قبل اوکسبت فی ایمانھا خیرا‘‘ صحیح مسلم میں دکھلائی کہ جس کا مطلب یہ ہے کہ بعد طلوع الشّمس من مغربہا کی ایمان نفع نہ دے گا۔ مولوی احسن قادیانی نے تسلیم کیا اب مولوی احسن قادیانی اس کے ثبوت میں کہ بعد طلوع الشّمس من مغربہا کے ایمان نفع دے گا۔ آیات قرآنی یا صحیح مسلم یا صحیح بخاری یا بیضاوی شریف یا کسی مستند کتاب سے اس کا جواب پیش کریں۔ ان کے مقابلہ میں کسی کا قول خواہ مرزا قادیانی کا ہو یا اور کسی کا ہرگز نہیں مانا جاوے گا۔

بیضاوی شریف اور قرآن مجید موجود ہے۔ بجواب اس کے مولوی احسن قادیانی نے کہا کہ اس حدیث کے یہ معنی نہیں جو مولوی صاحب سمجھ رہے ہیں۔ طلوع الشّمس من مغربہا سے یہ شمس مراد نہیں ہے۔ جیسا کہ عام سمجھ رہے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ممالک مغربی میں جو ظلمات کفر پھیل رہا تھا وہاں آفتاب اسلام چمک رہا ہے۔ یعنی لیور پول وغیرہ میں لوگ ایمان لے آئے ہیں۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ آپ آفتاب کے کچھ ہی معنی سمجھئے۔ جب مرزا قادیانی قد تمت کلھا کے ساتھ حمامتہ البشریٰ میں تحریر فرماچکے ہیں تو اس میں طلوع الشّمس من مغربہا بھی آچکا ہے اور یہ آپ نے کہا کہ تم اس کا ترجمہ نہیں سمجھے تو مولانا صاحب مہربانی کر کے اس حدیث کا جو کچھ اور ترجمہ ہو کیجئے گا اور مجھ کو سمجھا دیجئے۔ مولوی احسن قادیانی نے ترجمہ نہیں کیا

اور اس امر کو تقریر میں ڈال دیا کہ جس سے سمع خراشی سامعین ہوتا تھا۔ بعد ازاں مولوی احسن قادیانی نے یہ حدیث پڑھ کر ’’عن جابر بن عبداللّٰہ حلف باللّٰہ تعالیٰ ان ابن صیاد ھو الدجال وانہ سمع عمر یحلف باللّٰہ علے ذالک عن النبی ﷺ فلم ینکرہ النبی ﷺ وروی ابوداؤد باسناد صحیح عن ابن عمر انہ کان یقول واللّٰہ ماشک ان ابن صیادھو المسیح الدجال ‘‘جس کا یہ ترجمہ ہے۔ تحقیق جابر بیٹے عبداللہ نے اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ حلف کر کے کہا کہ یہ بات بہت تحقیق ہے کہ ابن صیاد ہی دجال ہے اور انہوں نے سنا کہ حضرت عمرؓ اللہ تعالیٰ نزدیک رسول مقبول ﷺ کے حلفیہ کہا کرتے تھے کہ ابن صاد ہی دجال ہے اور آنحضرت ﷺ نے اس کا کچھ انکار نہیں کیا اور ابوداؤد نے اسناد صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے کہ حضرت ابن عمرؓ فرمایا کرتے تھے کہ میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ابن صیاد کے دجال ہونے میں کچھ بھی شک نہیں کرتا۔ اس صورت میں آپ کے شبہ کی تقریر کے بموجب جو اعتراض مرزا قادیانی پر وارد ہوتا ہے۔ اس سے بہت ہی بڑھ کر ان اجلہ صحابہ پر وارد ہوتا ہے اور بطور وعظ کے اپنی کلام کو اس قدر طول دیا کہ جس سے مطلب اصلی تلف ہو جاوے۔

بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے یہ حدیث پڑھی۔ ’’یخرج الدجال ویری الناس الجنۃ والنار والخزائن التی تتبع وتطلع الشمس من مغربھا کما اخبر عنھا رسول اللّٰہ ﷺ‘‘ کہ جس کے معنی یہ ہیں کہ نکلے دجال اور لوگ دیکھیں کہ اس کے ساتھ جنت اور نار ہے اور خزانے جو اس کے پیچھے ہولیویں اور طلوع کرے آفتاب اپنی چھپنے کی جگہ سے جیسے اس سے خبر دی رسول اللہ ﷺ نے۔ پس ابن صیاد میں یہ نشانیاں نہیں پائی گئیں۔ مولوی احسن قادیانی اپنی تقریر کو طول دیتے جاتے تھے اور مولوی احمد علی صاحب ان کو بار بار روکتے تھے کہ معاذ اللہ منہا آپ اجلہ صحابہ کی نسبت ایسے کلمہ کہتے ہیں اور آپ تقریر کو اس قدر کیوں طول دیتے ہیں اور مدعا اصلی کیوں بیان نہیں کرتے اور صاف طور سے اس کا جواب کسی معتبر کتاب یا قرآن مجید یا بیضاوی شریف میں کیوں نہیں دکھلاتے؟ اپنے وعدہ کے مطابق کہ بیضاوی شریف میں دکھلا دوں گا کہ طلوع الشمس من مغربہا کے بعد بھی ایمان نفع دے گا اور معتبر ہوگا۔ مگر وہاں وہی مرغی کی ایک ٹانگ تھی۔ نہ کسی معتبر کتاب سے اور نہ کلام مجید سے اور نہ بیضاوی شریف میں دکھلاتے تھے اور بار بار یہ کہتے تھے کہ میں اس کا جواب پچاس حدیثوں اور قرآن شریف میں دکھلا دوں گا اور بوجہ خشک لبی کے بار بار پانی پینے کو مانگتے تھے اور منہ سے جھاگ آتی تھی۔ لیکن

تقریر اور وعظ کے بعد دکھلانے کا وعدہ کیا جاتا تھا۔ اس وقت دکھلانے پر صفر تھا۔ اس بات پر حاضرین جلسہ خوب قہقہہ اڑاتے تھے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ آپ دفع الوقتی کیوں کرتے ہیں؟ پچاس حدیثیں آپ پیش کرنا چاہتے ہیں میں صرف ایک حدیث کے لئے عرض کرتا ہوں کہ صحیح مسلم یا صحیح بخاری یا بیضاوی شریف میں دکھلایئے کہ بعد طلوع الشمس من مغربہا کے ایمان نفع دے گا بہت دیر کے بعد مولوی احسن قادیانی نے کہا مرزا قادیانی اپنی کتاب ازالہ اوہام میں تحریر فرماتے ہیں کہ طلوع الشمس من مغربہا مجھے خواب میں دکھلایا گیا اور میں نہیں کہتا کہ طلوع الشمس من مغربہا کے دوسرے معنی نہ ہوں۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ طلوع الشمس من مغربہا کا ہوچکنا حمامتہ البشریٰ میں تحریر ہے کہ جو کتاب ازالہ اوہام سے بعد کو تحریر فرمائی ہے۔ اس کتاب ازالہ سے بحث نہیں ہے۔ بڑے افسوس کی بات ہے کہ میں پیشتر ہی عرض کر چکا ہوں کہ حدیث نبوی کے مقابلہ میں کسی کا قول نہیں مانا جاوے گا اور اگر آپ یہی قول پیش کرتے ہیں تو یہ کتاب ازالہ اوہام، حمامتہ البشریٰ سے پیشتر کی تصنیف ہے۔ مغرب کا وقت آ گیا۔ مولوی احسن قادیانی نہ کوئی حدیث اور نہ آیات قرآنی پیش کر سکے اور نہ بیضاوی شریف میں بموجب اپنے وعدہ کے دکھلایا۔ ہر چند مولوی خلیل الرحمٰن صاحب اور مولوی مرید احمد صاحب نے فرمایا کہ آپ پچاس حدیثیں پیش کرنے کو کہتے ہیں۔ ان میں سے ایک پیش کر دیجئے۔ مگر توبہ گو تقریر تمام ہوچکی تھی اور حاضرین جلسہ سمجھ چکے تھے کہ مولوی احسن قادیانی اس کا جواب نہیں دے سکے اور گنیپہ گنیپہ ادھر ادھر کرتے تھے۔ مگر جلسہ پھر کل پر منحصر رکھا گیا۔ مورخہ ۲۴؍جولائی ۱۸۹۵ء کو بعد نماز عصر کے پھر جلسہ مسجد وہامانوالہ میں ہوکر مباحثہ شروع ہوا اور اس روز اوّل روز سے زیادہ مجمع تھا اور اکثر صاحبان غیر مذہب بھی وہاں موجود تھے۔ مولوی احمد علی صاحب نے اعتراض حمامتہ البشریٰ پر بذریعہ صحیح مسلم کے کہ جس طرح اوّل پیش کی تھی پیش کی اور فرمایا کہ جیسے میں نے قول مرزا قادیانی کا معہ اس کتاب کے کہ جس میں یہی عبارت لکھی ہوئی ہے۔ ’’فاعلم ان ھذہ الانباء قدتمت کلھا ووقعت کماکان فی الاٰثار المنتقاۃ المدونۃ عن الشقاۃ ولٰکن الناس ما عرفوھا وکانوا غفلین‘‘ (حمامتہ البشریٰ ص۸۳، خزائن ج۷ ص۳۰۲) ونیز حدیث نبوی جو اس کا خلاف ظاہر کر رہی ہے۔ یہ صحیح مسلم کی حدیث مذکورہ بالا پیش کر دی۔ ایسا ہی آپ بھی کریں کہ صحیح مسلم وصحیح بخاری وکلام مجید ویا کسی مستند کتاب معتبر سے یا بیضاوی سے جیسا کہ آپ کا وعدہ ہے کہ بیضاوی شریف میں دکھلا دوں گا۔ دیگر صاحب اور مولوی مرید احمد صاحب

شاہد ہیں کہ آپ نے فرمایا تھا کہ بعد طلوع الشّمس من مغربہا کے ایمان معتبر ہوگا۔ بجواب اس کے مولوی احسن قادیانی نے کہا کہ میں نے ایک خط مولوی احمد علی صاحب کے پاس پیش کرنے کو منشی مظفر علی کی درخواست سے آج ۲۴/ جولائی ۱۸۹۵ء کو لکھا تھا کہ جس کا یہ مضمون ہے کہ ایک گھنٹہ آپ اس عاجز کو مرحمت فرماویں اور ایک گھنٹہ آپ کے واسطے ہے اور اس وقت بھی مولوی احمد علی صاحب نیز حاضرین جلسہ سے بھی عرض کیا جاتا ہے کہ مجھ کو ایک گھنٹہ بیان کرنے کے لئے اجازت کیوں نہیں ملتی ہے۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب فرمایا کہ میں آپ کی زبانی گفتگو ہرگز ہرگز نہیں مانوں گا۔ جب تک آپ کسی معتبر کتاب سے نہ دکھاویں گے کہ طلوع الشّمس من مغربہا کے بعد بھی ایمان نفع دے گا اور جو آپ ایک گھنٹہ مہلت چاہتے ہیں تو بیان شروع کیجئے۔ مولوی احسن قادیانی نے الحمد شریف پڑھنی شروع کی اور الحمد شریف کی تفسیر بیان کرنی شروع کر دی۔

بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ وعظ سے مناظرہ کو کیا نسبت۔ اگر آپ کو وعظ فرمانا ہے تو اور موقعہ ومحل ہے۔ اگر آپ مجھے وعظ سنانا چاہتے ہیں تو اور کسی موقع پر سنائیے گا۔ میں ایک گھنٹہ کی جگہ چار گھنٹہ سنوں گا اور اگر ایک گھنٹہ کی مہلت چاہتے ہیں تو اس وقت منظور کی جاوے گی جب آپ یہ جملہ ضبط تحریر کر دیں کہ بعد گذرنے ایک گھنٹہ کے بیضاوی شریف میں حدیث مذکورہ کا خلاف دکھلا دوں گا۔ بیضاوی شریف موجود ہے۔ مولوی احسن قادیانی اس بات کو منظور تو نہیں کرتے تھے۔ مگر اس وقت بغیر منظور کے کوئی چارہ نہ تھا۔ یہ جملہ ایک گھنٹہ کے بعد بیضاوی شریف میں دکھلا دوں گا کہ خروج دجال وطلوع الشّمس من مغربہا کے بعد بھی ایمان معتبر ہوگا اور نفع دے گا۔ مگر دستخط نہیں کرتے تھے اور جب دستخط پر زور دیا گیا تو کہا ماشاء اللہ! میں یہ کب کہتا تھا کہ طلوع الشّمس من مغربہا کے بعد ایمان نفع دے گا۔ اس وقت مولوی مرید احمد شہادت میں پیش کئے گئے۔ مولوی صاحب نے شہادت دی بعد اس کے پھر مولوی احسن قادیانی سے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ آپ اوّل اس ضبط تحریر پر دستخط کر دیں اس وقت جو چاہیں تقریر کریں اور بعد ایک گھنٹہ کے بیضاوی شریف میں خلاف حدیث نبوی کے دکھا دیں کہ بعد طلوع الشّمس من مغربہا کے ایمان نفع دے گا۔ چونکہ اب ان کا آپ انکار کرتے ہیں۔ لیکن مولوی احسن قادیانی نے دستخط نہیں کئے اور صاف انکار کر دیا۔ اس پر سب حاضرین جلسہ ایک دم اٹھ کھڑے ہوئے اور کرامت اللہ خان نے ایک خلعت معہ دیگر پارچہ ہار پوشید جو ایک کشتی میں اپنی ہمراہ اس غرض سے لائے تھے کہ جو صاحب غالب آئیں گے پہنا دیں گے اور اس وقت تک کسی کو اس کا حال

معلوم نہیں تھا۔ مولوی احمد علی صاحب کو پہنا دیئے۔ اس کے بعد مولوی احمد علی صاحب نے وعظ فرمانا شروع کر دیا اور مولوی احسن قادیانی ایک گوشہ مسجد میں جا بیٹھے۔ نماز مغرب کا وقت ہوا۔ جلسہ وعظ برخاست ہوا اور ہر دو مولوی صاحب ہم بغل ہوکر ملے اور مولوی احسن قادیانی نے تعریف وعظ کی۔

۲۵؍جولائی ۱۸۹۵ء کو کسی قسم کی ہر دو جانب سے مسئلہ متنازعہ میں تین بجے شام تک گفتگو نہیں ہوئی۔ صرف مولوی احسن قادیانی نے ۲۴؍جولائی ۱۸۹۵ء کو مولوی احمد علی صاحب کے نام ایک خط دوبارہ جلسہ منعقد ہونے کی غرض سے لکھا اور وقت ۴؍بجے شام کے اس خاکسار کو پیر جی صاحب کے مکان پر بلا کر دیا کہ مولوی احمد علی صاحب کے پاس لے جاؤ۔ جس کا یہ مضمون تھا۔

خط محمد احسن قادیانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم!

محبّ مکرم حضرت مولوی احمد علی صاحب۔ بروز تاریخ ۲۴؍جولائی ۱۸۹۵ء ذریعہ رقعہ نیاز بھی عرض کیا گیا کہ ایک گھنٹہ آپ عاجز کو مرحمت فرمادیں اور ایک گھنٹہ جناب کے واسطے اور حسب شرائط میں نے بیاد سخن درمیان سخن، ضبط تقریر و تحریر وسکوت دیگر صاحبان حاضرین ازطرفین آپ کے شبہ پیش کردہ میں گفتگو ہو جاوے۔ لیکن آپ نے دیروز ہرگز اس کو قبول نہ فرمایا اتمام الحجۃ آج پھر عرض کیا جاتا ہے کہ ان شرائط کو جو عندالعقل والنقل ضروریات سے ہیں۔ قبول فرما کر جلسۂ منعقد فرمالیجئے۔ والسلام! مورخہ ۲۵؍جولائی ۱۸۹۵ء، الراقم محمد احسن

کمترین تحریر مذکورہ بالا لے کر مولوی احمد علی صاحب کے خدمت میں مسجد پلٹن بازار میں پہنچا۔ مولوی صاحب نے خط کو ملاحظہ فرما کر جواب لکھنے کو تیار تھے کہ مولوی احسن قادیانی و پیر جی خدا بخش صاحب بھی مولوی احمد علی صاحب کے پاس آ گئے۔ بدیں وجہ جواب خط ملتوی رہا۔ مولوی احسن قادیانی نے صرف وہی گفتگو شروع کی کہ مولوی صاحب کیوں ایک گھنٹہ کی اجازت نہیں ہوئی۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ آپ کبھی الحمد پڑھنی شروع کر دیتے ہیں اور کبھی وعظ کہنا شروع کر دیتے ہیں۔ مناظرہ میں وعظ سے کیا تعلق ہے؟ جیسا میں نے اپنی شبہ کو تحریر مرزا قادیانی میں اور خلاف تحریر مرزا قادیانی کا حدیث نبوی میں دکھلا دیا۔ ایسا ہی

خلاف اس حدیث نبوی کے کوئی حدیث آپ دکھلا دیتے۔ مولوی خلیل الرحمٰن بھی مسجد میں نماز عصر پڑھ رہے تھے۔ نماز سے فارغ ہوکر وہ بھی تشریف لے آئے۔ مولوی احسن قادیانی نے مولوی خلیل الرحمٰن کی طرف متوجہ ہوکر کہا کہ آپ لوگ اجازت ایک گھنٹہ کی کیوں نہیں دیتے ہیں اور رہی یہ بات کہ الحمد شریف پڑھنے اور وعظ کہنے سے جو روکتے ہیں تو میں سو دفعہ الحمد شریف پڑھوں گا یا تو تحریری یا تقریری مباحثہ منعقد کیا جاوے۔ اس وقت حدیثیں پیش کروں گا۔ بجواب اس کے مولوی احمد علی صاحب نے فرمایا کہ اوّل یہ وعدہ ہو چکا تھا کہ تحریر اور تقریری مباحثہ طول نہیں ہوگا۔ جیسے میں نے حدیث نبوی اور تحریر مرزا قادیانی دکھادی۔ اسی طرح خلاف حدیث نبوی کے کوئی حدیث آپ دکھادیں۔ اس وقت دوبارہ جلسہ منعقد ہوسکتا ہے۔ اسی درمیان میں مولوی خلیل الرحمٰن سے مولوی احسن قادیانی نے فرمایا۔ چانکہ آپ سے اس شبہ کے بارہ میں میری خط وکتابت پیشتر ہوچکی ہے۔ اس گفتگو کا آپ ہی فیصلہ کیجئے۔ چنانچہ اس وقت سے تحریری گفتگو مولوی خلیل الرحمٰن سے کہ جس کا پرچہ علیحدہ تحریر ہوگا۔ شروع ہوئے۔ تیسرا سوال مولوی خلیل الرحمٰن صاحب نے تحریر فرمالیا تھا کہ وقت نماز مغرب ہوا اور حاضرین برخاست ہوئے اور مولوی خلیل الرحمٰن صاحب نے سوال لکھ کر مولوی احسن قادیانی کو دے دیا اور فرمایا کہ اب وقت جواب لکھنے کا نہیں رہا۔ مکان پر لیتے جایئے۔ جواب لکھ کر بھیج دیجئے گا۔ مورخہ ۲۵؍جولائی ۱۸۹۵ء

۲۶؍جولائی ۱۸۹۵ء کو بجواب خط مولوی احسن قادیانی کے مولوی احمد علی صاحب نے خط لکھا کہ جس کا مضمون ذیل میں درج ہے تابعدار لے کر مولوی احسن قادیانی کے پاس گیا کچھ جواب نہیں دیا واپس چلا آیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

مکرم بندہ مولوی احسن قادیانی السلام علیکم! بجواب آپ کے خط کے عرض ہے کہ آنجناب نے جو دو روز کے جلسہ میں تقریر فرمائی اس کا حسن وقبح تمام حاضرین جلسہ پر ظاہر ہوگیا۔ جس امر کا آپ نے وعدہ فرمایا تھا اس کو آپ نے پورا نہیں کیا۔ یعنی حدیث شریف یا قرآن مجید سے یہ ثابت نہیں فرمایا کہ بعد طلوع الشّمس من مغربہا کے بھی ایمان نفع دے گا۔ وعظ فرمانا شروع کر دیا کہ جس سے عام لوگوں کے خیال مطلب اصلی سے ہٹ جاویں اور شام ہو جاوے۔ مولانا صاحب وعظ اپنے محل پر مناسب ہے نہ کہ ہر جگہ پھر جو امر چند جملوں سے طے ہوسکتا ہو اسے طول دینے سے کیا فائدہ۔ یعنی سوال دیگر جواب دیگر۔ میں ہر طرح اس وقت بھی تیار تھا اور اب بھی ہمہ

تن موجود ہوں۔ آپ شوق سے دو گھنٹہ وعظ فرمائیے یا حدیث شریف پڑھئے۔ مگر مجھے یہ تحریر دیجئے کہ بعد ختم ہوتے اپنے وقت کے (بموجب اپنی وعدہ کے) بیضاوی شریف میں دکھلا دوں گا کہ بعد طلوع الشّمس من مغربہا کے ایمان نافع ہوگا اور میں ہر طرح تیار ہوں۔ جس وقت جہاں ارشاد ہو حاضر ہوں۔ مورخہ ۲۶؍جولائی ۱۸۹۵ء، الراقم محمد احمد علی

نوٹ: مولانا صاحب حدیث پیش کریئے ورنہ یہ دھبہ ٹالے نہ ٹلے گا۔ بقلم دوست محمد خان۔

مرزا غلام احمد قادیانی کے افترٰی پردازی کی حسرت ناک نامرادی

میر عباس علی صاحب صوفی لدھیانوی کہ جو مرزا غلام احمد قادیانی کے مرید خاص تھے۔ اللہ تعالیٰ نے عرصہ ہوا کہ مرزا غلام احمد قادیانی کے بیعت سے نجات دی۔ یہ سچ ہے کہ بمقابلہ سچائی کے بناوٹ دور ہو جاتی ہے۔ ’’قل جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا‘‘ اللہ تعالیٰ اپنی کلام پاک میں فرماتا ہے۔ ’’ان الشيطان لكم عدو مبين‘‘ جہاں تک ممکن ہے شیطان بہکاتا ہے اور عالموں کے فرمانے کو مردمان بہت کم سنتے ہیں۔ کیونکہ شیطان درپے ایمان ہے۔ ’’ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ هديتنا وهب لنا من لدنك رحمة انك انت الوهاب‘‘ میر عباس علی صاحب صوفی نے ایک قصیدہ مرزا غلام احمد قادیانی کی نسبت تحریر فرمایا ہے۔ جو ذیل میں درج ہے۔ ناظرین پڑھ کر حظ وافر اٹھائیں گے۔

قصیدہ دررد قادیانی از میر عباس علی لدھیانوی (سابق قادیانی)

مرزا صاحب میں دل سے معتقد تھا آپ کا
حسن ظن سے محض میں نے ہاتھ پکڑا آپ کا

ہوں مرید خاص حضرت، سب سے پہلا آپ کا
جانتے ہیں سب تعلق تھا جو میرا آپ کا

برخلاف حق اطاعت آپ کی کیونکر کروں
گرچہ حضرت جان و دل سے تھا میں شیدا آپ کا

کیا خبر تھی ہو کے رد نیچری کے مدعی
نیچریت کی طرف ہوگا تقاضا آپ کا

یوں کہیں گے معجزات انبیاء کو مسمریزم
اور ہوگا ان پر پھر ایسا تبرا آپ کا

مجھ کو ہے مکروہ ورنہ کم نہیں عیسیٰ سے میں
پھل ہوئی کھٹی نہ جن پر ہاتھ پہنچا آپ کا

حضرت عیسیٰ جلالی طور پر آئیں گے پر
ہم نہ تھے آگاہ کہ ہے یہ محض دھوکا آپ کا

عیسیٰ موعود بن بیٹھیں گے آخر آپ ہی
ہو گی بیماری مبارک زر دجوڑا آپ کا

اس جناب پاک کو سولی پہ بھی لٹکائیں گے
برخلاف قول حق اٹھے گا غوغا آپ کا

جوش تصلیب واماتت بھر عیسیٰ اس قدر
فرض منصب ہے بھی دنیا میں گویا آپ کا

ابن مریم یوسف نجار کا بیٹا ہوا
دیدۂ دل ہوگیا سرمے سے اعمی آپ کا

آپ نے باندھا ہے صدیقہ پہ بہتان عظیم
ہے بجا گر قول ہو انا قتلنا آپ کا

لمبی لمبی سن کے تقریر مزخرف کیا کریں
نیچری کے کارخانہ سے ہے سودا آپ کا

نیچریت کھل چکی ہے آپ کی تحریر سے
ہے عبث باتیں بنانا اور مکرنا آپ کا

مار کر اللہ نے زندہ ہزاروں کر دیئے
مانیں اب ہم فیصلہ قرآن کا یا آپ کا

اولیاء سے خرق عادت ہے نبی کا معجزہ
خود نشان آسمانی پر وہ دعویٰ آپ کا

کہہ دے اسلامی عقائد کو سرے سے خیر باد
واہ وا اونچی دکان پکوان پھیکا آپ کا

گرچہ ہے مشہور مضمون میں شب قدر اک رات
اب ہوا اقرار سے انکار بے جا آپ کا

شب نہیں وہ اک زمانہ رات کا ہم رنگ ہے
نیچریت نے ڈبویا ہائے بیڑا آپ کا

قادیان کو حضرت اقدس بناتے ہیں دمشق
ہے منارہ اس میں بیت الذکر اچھا آپ کا

نوبت تجدیدہ وتحدیث آپ کی منظور ہے
اب نبوت کے لئے بجتا ہے ڈنکا آپ کا

نام جزوی ہے ولیکن کچھ کمی رکھی نہیں
ہے وہی وحی رسل الہام جیسا آپ کا

عام لوگوں اور نبی میں فرق ہے جزوی کیا
ہوگیا عالم پہ اب سب راز افشان آپ کا

مرسل یزداں لقب ہے نوح کی کشتی ہیں آپ
اس بھنور میں دعویٰ تجدید ڈوبا آپ کا

نام استغفار واقبال خطا اس میں نہیں
میں نے مجموعہ رسائل کا جو دیکھا آپ کا

بڑھ گئے تحدیث میں فاروق اعظم سے بھی آپ
یہ مزاج میرزائی خوب بگڑا آپ کا

حسن ظن کرتے ہوئے مجھ کو برس گذرے بہت
راستی پر ایک بھی دعویٰ نہ پایا آپ کا

خلق طیر عیسوی کو شرک کہتے ہیں جناب
کیا ہوا وہ غیب کی باتیں بنانا آپ کا

پوشش عیسیٰ پہ استہزاء مسلمانوں کے ساتھ
کس جگہ سے لایا چھینٹے سرخ رویا آپ کا

عالموں اور صوفیوں کو آپ نے لکھوائے خط
اپنی شہرت تھی فقط مطلوب ومنشاء آپ کا

دیکھ لی آنکھوں سے میں نے آپ کی بحث بوسعید
کیوں بغل میں رہ گیا آخر کار پرچہ آپ کا

عرض کی گھر پر یہ میں نے چاہئے ایفائے عہد
ہوگیا دل عہد سے بے وجہ ٹیڑھا آپ کا

کی بخاری کے حوالے سے حدیث عرض نقل
نکلا آخر علم کا دعویٰ بھی جھوٹا آپ کا

علم ظاہر کی بھی قلعی عام جلسہ میں کھلی — زور باطن بھی ہوا آخر نکما آپ کا

کیوں نہ کی لاہور میں پھر بحث عبداللہ سے — کیا اڑایا دوست نادانوں نے خاکا آپ کا

شرط نورالدین جموں میں نشان کے واسطے — کر گئے منہ خوب ہی عالم میں کالا آپ کا

صادق آیا طالب ومطلوب دونوں میں ضعیف — اب بھی گر طالب ہو کوئی دل کا اندھا آپ کا

قادیاں کو چلتے چلتے جانب دلی چلے — خوب ہے معلوم وہ جانا تھا کیسا آپ کا

میں نے روکا انتظام قادیان چل کر کرو — بس نہ تھا کچھ ساتھ کہ فتنہ پہ اصلاً آپ کا

طشت از بام آپ ہونے کے لئے دلی گئے — قدرت حق سے ہوا طے جلد جھگڑا آپ کا

سعی ہو مشکوران کی اہل دین خوش کر دیئے — کیا دکھایا اہل دلی نے تماشا آپ کا

آپ نے جو راہ پکڑی وہ بھی دوڑی ساتھ ساتھ — عذر یا حیلہ کوئی باقی نہ چھوڑا آپ کا

تھے کہاں پر زور جملے آپ کے اور کیا ہوا — وہ نشان آسمانی سے مسیحا آپ کا

کس لئے بھاگے وہاں سے شب کو چوروں کی طرح — پہرہ چوکی جب کہ تھا ہر وقت برپا آپ کا

یاد ہوگا آپ نے لکھا تھا جو خط میں مجھے — مر گیا جس وقت عموئیل بیٹا آپ کا

ان کا اطمینان کردید بدظن ہوئے جاتے ہیں لوگ — میں نے حسن ظن سے پھر سکہ بٹھایا آپ کا

پوچھیں کیا اوروں سے کہئے آپ انصاف سے — پہلے کیا اقوال تھے اب حال ہے کیا آپ کا

میں نے جب درخواست کی آخر بطرز صوفیا — رنگ چہرہ ہوگیا دہشت سے پیلا آپ کا

شور تھا ہم زور باطن سے کریں گے فیصلہ — نکلا مذہب وقت پر اس میں بھی ڈھیلا آپ کا

آپ کی ہستی ہے کیا ہے قادیان آئے کوئی — کھل گیا ہے سب پہ راز دین ودنیا آپ کا

حسن وخوبی کہئے کیا ہے ظاہری یا باطنی — سال بھر تک کوئی رہن تمنا آپ کا

راہ دین میں مقتداء میں نے بنایا تھا تمہیں — یاد رکھئے اب بھی چھوڑوں گا نہ پیچھا آپ کا

مرزائی نیچری ہیں نیچری — کوچہ وبرزن میں پیٹوں گا ڈھنڈورا آپ کا

سارے عالم میں کروں گا خوب ہی مٹی خراب — ہے ابھی کیا نام روشن اور ہو ہوگا آپ کا

حق تعالیٰ آپ کو پھر لائے راہ راست پر — پھر بنائے مجھ کو دولت خواہ سچا آپ کا

ہو اسی پر ہو چکا لیکن اگر جف القلم — دور ہو ایمان والوں سے یہ لغو آپ کا

حضرت صوفی خدا کا شکر کیجئے بچ گئے — ہر دو عالم میں رہے اللہ مولیٰ آپ کا

نقل پرچہ تصدیقی مطابق اصل کے ہے۔

تحریر مناظرہ کو جملہ ناظرین تصدیق کرتے ہیں کہ واقع متعلقہ مسئلہ متنازعہ فیہا کے ہے اور دستخط ذیل میں کرتے ہیں:

مولوی مرید احمد	مولوی دوست محمد	مولوی محمد عاشق	حافظ شریف خان	حافظ محمد ایوب	مولوی اللہ دیا
حافظ سراج الدین	منشی عبدالکریم	حافظ احمد	حافظ عبداللہ	منشی محمد حنیف	منشی کرامت اللہ خان
حافظ محمد حسین	منشی محمد حسین	منشی عبدالرحمٰن	منشی نظیر حسین	حافظ علم الدین	منشی محمود خان
سید ولایت حسین	سید نثار حسین	منشی مظفر حسین	منشی رحمت اللہ	عبدالغفور خان	منشی منظور احمد
حافظ عبدالرحمٰن	محمود خان سوداگر	شاہ جی عبدالغنی	نور بخش	پیر جی نور محمد	حافظ ضابطہ خان
منشی محمد حسین	منشی احمد حسن	منشی مقبول احمد	منشی ظفر حسین	منشی حسن احمد مختار	منشی حسن محمد مختار
ملا مولا بخش	مولوی حاجی عبدالکریم	منشی رحمت اللہ	منشی محمد بخش	منشی عبدالقادر	منشی شیخ گل محمد
منشی عبدالقیوم	منشی خلیل الرحمٰن	منشی ابراہیم خان	منشی مولا بخش	منشی علی احمد	حافظ عظیم الدین
حافظ محمد یعقوب	منشی عاشق علی	منشی عبدالرزاق	مرزا کریم بیگ	منشی عبدالاحد خان	منشی محمد یعقوب خان

مورخہ ۲۶؍جولائی ۱۸۹۵ء کو مولوی احمد علی صاحب نے جو خط بنام مولوی محمد احسن صاحب روانہ کیا تھا۔ کچھ جواب نہیں دیا ہے۔ ۱۰؍اگست ۱۸۹۵ء

اعلان

جملہ اہل اسلام کو مژدہ وبشارت ہو کہ مرزا غلام احمد قادیانی اور ان کے حواری مولوی محمد احسن مدعی طلوع الشمس من مغربہا کو کہتے ہیں کہ ہو چکا اور پھر کہتے ہیں کہ ایمان نفع دے گا۔ یہ حدیث صحیح مسلم کے مطابق کہ جو مناظرہ مندرجہ ہذا میں پیش کردہ جناب مولوی احمد علی صاحب ہے۔ ہرگز بعد طلوع الشمس من مغربہا کے ایمان لانا نفع نہیں دے گا اور نہ معتبر ہوسکتا ہے۔ ان کے عقائد باطلہ کے رد میں یہ مناظرہ غور طلب ہے کہ وہ کوئی حدیث خلاف حدیث نبوی کے پیش نہیں کر سکے اور اس فتنہ سے اپنے آپ کو اور جملہ مؤمنین کو بچاویں۔

المشتہر!

دوست محمد خان عفی عنہ!

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی
میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

رقیمۃ الاخلاص

حضرت مولانا دوست محمد خان رحمۃ اللہ علیہ

رقیمۃ الاخلاص

وان جندنا لهم لغالبون

مراسلات فیما بین حضرت مولانا خلیل الرحمن صاحب ومولوی احسن قادیانی واقع دهره دون

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم!

پرچہ نمبر:۱......مولانا خلیل الرحمٰن

(تقریر سوال) بعد طلوع شمس کی جانب سے مغرب سے جیسے کہ احادیث صحیحہ میں بیان ہے کسی کافر کا ایمان لانا عنداللہ اگر مقبول ہوسکتا ہے تو قرآن یا حدیث سے عبارت کو منقول فرمایا جاوے۔سائل خلیل الرحمٰن!

پرچہ نمبر:۱......از مولوی محمد احسن امروہی قادیانی

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم!

نحمده ونصلے علىٰ رسوله الكريم!

بعد طلوع ہو چکنے شمس کے اپنے مغرب سے کسی کافر کا ایمان لانا ہرگز مقبول نہیں ہوسکتا۔جیسا کہ سائل صاحب فرماتے ہیں، ہمارا اس پر ایمان ہے۔

الراقم محمد احسن، مورخہ ۲۵/جولائی ۱۸۹۵ء

پرچہ نمبر:۲......از مولانا خلیل الرحمٰن

درصورت تو تسلیم اس امر کے کہ بعد طلوع الشمّس کے کسی کافر کا ایمان عنداللہ مقبول نہیں ہونے کا، تو مرزا قادیانی کا تحریر فرمانا کہ کل آیات کبریٰ پوری ہوچکیں اور واقع ہوچکیں۔جیسے کہ (حمامتہ البشریٰ ص۸۳) کے اندر جواب کے تقریر میں مذکور ہے کہ یہ سب چیزیں جیسے کہ صحیح اخبار میں ثابت ہیں واقع ہوچکی۔جس میں طلوع الشمّس من مغربہا کا بھی بیان ہے۔آپ کے نزدیک مسلم ہے یا نہیں؟

الراقم خلیل الرحمٰن!

پرچہ نمبر:۲......از محمد احسن قادیانی

الجواب وبہ نستعین! حضرت اقدس مرزا صاحب نے کسی اپنی تصنیف میں نہیں تحریر فرمایا کہ طلوع الشمّس من مغربہا جو علامت کبریٰ وجود قیامت کی ہے۔وہ پوری ہوچکی اور سائل صاحب کو جو یہ شبہ حضرت مرزا صاحب کی عبارت حمامہ سے پیدا ہوا ہے وہ محض خلاف ہے۔کیونکہ

مرزا صاحب نے ایک معترض کا قول بطور اعتراض کے نقل فرماتے ہیں کہ مسیح موعود کی جو نشانیاں مثل خروج یاجوج وماجوج اور طلوع الشمس من مغربہا وغیرہ ہے وہ تو ابھی واقع ہوئی ہی نہیں۔ پھر جب کہ امارات مقدمہ مسیح واقع نہیں ہوئیں تو مرزا صاحب مسیح موعود کیونکر ہو سکتے ہیں۔ پس یہ معترض کی غلطی ہے کہ طلوع الشمس من مغربہا کو مسیح کے پہلے اور مقدم سمجھ کر اس نے اعتراض کیا ہے۔ پس معترض کے قول کی غلطی مرزا قادیانی پر عائد نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ مرزا صاحب نے تو اپنے قول میں کہیں نہیں فرمایا کہ طلوع الشمس من مغربہا ہو چکا۔ ہاں مرزا صاحب اس اعتراض کے جواب میں یوں تحریر فرماتے ہیں کہ ’’فاعلم ان ہذاہ الانباء قدتمت کلہا ووقعت الیٰ آخرہ‘‘ ظاہر ہے کہ الف لام لفظ الانباء جو عہد کا ہے خواہ وہ عہد ذہنی آپ اس کو تسلیم کریں یا عہد خارجی اور استغراقی مانیں۔ جیسے کچھ آپ اس لام کی نسبت فرماویں اور نیز چونکہ ذکر انہیں نشانوں کا ہے جو متنازعہ فیہا مقدمات مسیح سے ہیں۔ یعنی وہ علامات جو مسیح سے پہلے واقع ہونی ضرور ہیں نہ ان نشانیوں کا ذکر ہے جو متصل قیامت کے باتصال حقیقی واقع ہوں گے تو مراد الانباء معرف بلام اور لفظ ہذہ اسم اشارہ متوسط سے وہی خبریں مراد ہو سکتی ہیں جو کہ امارات مقدمہ مسیح کی ہوویں۔ نہ دیگر علامات متصلہ قیامت کیونکہ ان میں تو بحث ہی نہیں ہے اور اسی مطلب کو بہت تائید کے ساتھ خود سائل صاحب سمجھ سکتے ہیں۔ کیونکہ حضرت مرزا صاحب نے جواب تفصیلی اسی سوال میں جو شرح اور بسط فرمائی ہے اس میں اور علامات مقدسہ مسیح کا وقوع تو بیان کیا ہے۔ لیکن طلوع الشمس من مغربہا کی نسبت ایک حرف تک نہیں لکھا اور اگر کہا جاوے کہ جواب تفصیلی میں حضرت مرزا صاحب نے معترض کو کیوں نہیں یہ تنبیہ کی، کہ تو نے یہ علامت مسیح سے مقدم کیوں گردانی اور اپنے اعتراض میں کیوں اس کو ذکر کیا۔ کیونکہ وہ علامت مسیح سے پہلے انتہاء کو نہیں پہنچ چکی تو واضح ہو کہ حضرت مرزا صاحب مثل معلمین اطفال کے کوئی میانجی نہیں ہیں کہ معترض کے قول میں جو جو اغلاط واقع ہوں ان سب کو تعلیم فرمایا کریں۔ ہاں جو امور متنازعہ فیہا میں یعنی وہ نشانیاں جو مسیح سے پہلے واقع ہونی چاہئیں۔ ان کا بیان فرمادیا ہے۔ مرتبہ اجمال میں اس طرح پر کہ الف لام عہد سے وہ جملہ اور کل پیشین گوئیاں جو مسیح سے پہلے ہونی چاہئیں ذکر فرمائیں۔ جس کی طرف الف لام عہد کا اور اشارہ متوسط ہذہ دلالت کرتا ہے اور جواب تفصیلی میں بھی وہی پیشین گوئیاں معہ اپنے اسرار اور معارف کے بیان کیں جو مسیح سے پہلے ہونی ضرور تھیں۔ لیکن طلوع الشمس من مغربہا کا کہیں ذکر نہیں کیا۔ یہ اعتراض قلت تدبر سے پیدا ہوا ہے کہ اگر بنظر امعان نظر وانصاف دیکھا جاوے تو کبھی یہ شبہ پیدا نہ ہو۔ مورخہ ۲۵؍جولائی ۱۸۹۵ء الراقم محمد احسن (قادیانی)

پرچہ نمبر:۳...... از مولانا خلیل الرحمٰن

براہ نوازش اس بات کا ثبوت کہ مرزا قادیانی نے طلوع الشّمس من مغربہا کا واقع ہوچکنا بیان نہیں کیا ہے تو ہذہ الانباء قد تمت کلھا کہنے سے وہ کون سے اخبار مراد ہیں۔ جو اشارہ کے ساتھ ص۸۲ حمامہ میں عبارت کے ساتھ مرحمت فرمائیے۔

راقم الحروف خلیل الرحمٰن مورخہ ۲۵/ جولائی ۱۸۹۵ء

پرچہ نمبر:۳...... از محمد احسن قادیانی

الجواب بہ و نستعین! اے مولوی صاحب عاجز کو آپ کا مبلغ علم معلوم ہوگیا۔ اصول علم مناظرہ وغیرہ کے آداب کے بیان کرنے کی اب مجھ کو کچھ ضرورت ہی نہیں ہے۔ کیونکہ مخاطب کو جملہ علوم متحضر نہیں دو سہ کلمات عرض کیے دیتا ہوں۔ اے مولوی صاحب! آپ مجھ سے معدوم کا وجود وثبوت کیوں طلب فرماتے ہیں۔ یہ تو تکلیف مالایطاق ہے۔ ’’لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا‘‘ جب کہ آپ کسی مضمون کے وجود کی صورت میں ہے۔ اعتراض قائم کر سکتے ہیں اور میں کہتا ہوں کہ وہ مضمون یعنی طلوع الشّمس من مغربہا کا واقع ہوچکنا کہیں مرزا صاحب نے تحریر نہیں فرمایا جو نیا اعتراض ہے تو پھر فرمائیے کہ بنا اعتراض کا دکھانا معترض کا کام ہے۔ یا مجیب کا میں کیونکر اس مضمون کو جو مرزا قادیانی نے اپنے کسی رسالہ میں نہیں لکھا ہے۔ دکھلا سکتا ہوں اگر آپ اعتراض کرتے ہیں تو آپ پر فرض ہے کہ نقل عبارت کر کے اوّل بنا اعتراض قائم فرماویں اور مرزا قادیانی کی کتابوں میں اس نباء کا وجود پیدا کریں اور پھر اعتراض کریں ورنہ آپ کا اعترض ہباء منثورا ہوگیا اور میں تو عرض کر چکا کہ لفظ الانباء میں الف لام عہد کا موجود ہے اور لفظ ہذہ اسم اشارہ متوسط بھی جس سے مراد وہی امارات میں جن کو مسیح سے پہلے ہونا ضروری ہے اور اسم اشارہ متوسط اسی واسطے لایا گیا ہے کہ امارات صغریٰ اور طلوع الشّمس من مغربہا کے درمیان میں لیکن مسیح سے پہلے جو امارات ہیں وہ پوری ہوچکی اب میں آپ کے خطاب میں اور کیا عرض کرسکتا ہوں کہ کلموا الناس علے قدر عقولھم وارد ہے۔ اگر آپ کو اس بارہ میں مفصلاً نظر کرنا ہو تو رقیمہ الوداد کو جس میں مولوی احمد علی صاحب کے شبہ کا تارو پود اکھاڑا گیا ہے۔ ملاحظہ فرماویں معانی الفاظ سے ہی مفہوم ہوا کرتی ہیں جو معنی عاجز نے لکھے اس کے الفاظ بھی آپ کی خدمت میں پیش کردیئے۔ اگر اب بھی آپ کا شبہ رفع نہ ہوا تو یہ قصور فہم آپ کا ہے۔ زیادہ حد ادب!

الراقم محمد احسن مقام دہرہ دون ۲۵/ جولائی ۱۸۹۵ء

پرچہ نمبر:۴......ازمولانا خلیل الرحمٰن

ایہاالمولانا معلوم رہے کہ حسب ارشاد باری وفوق کل ذی علم علیم کے یہاں فخر علمی پہلے سے ہی نہیں ہے۔ پرافسوس یہ ہے کہ جن صاحبوں کو زعم اعلم الناس ہونے کا ہے وہ اپنے مبلغ علم کو کام میں نہ لاسکے۔ان پر فرض تھا کہ سچ پر گواہی دینے سے نہ شرماتے۔’’کما قال اللّٰہ تعالیٰ ولو علی انفسھم اوالوالدین‘‘اس پر نظر کر کے حق گوئی سے منہ نہ پھیرتے۔اے مخدوم!

شکستہ قدح گر بہ نبد ندحسیت
نیاورد خواہد بھائی درست

جب کہ قرآن وحدیث سے مرزاقادیانی کے اقوال شکستہ ہیں تو آپ کے تکلفات سے کب درست ہوسکتے ہیں۔

مشک آنست کہ خود بیوید نہ کہ عطار بگوید

علم مناظرہ کے اصول آپ بیان فرماتے تو کیا عنداللہ آپ کا جواب مقبول ہوتا اور اب جو تحریر نہیں کہ تو کون کی محولہ جواب میں خیالی کی جاتی ہے۔مجھ کو امید تھی کہ بخاری کی تفسیر کے مطابق آیۂ شریف’’الا تطغوا فی المیزان واقیموا الوزن بالقسط‘‘ کی بات چھپی ہوئی بیان فرماتے۔انصاف تو کیجئے آپ کا جواب میں یہ عذر کہ شے معدوم کیوں طلب کی جاتی ہے اور یہ کہ طلوع الشمس من مغربہا کا واقع ہوچکنا کہیں مرزاقادیانی نے تحریر نہیں فرمایا۔کوئی نفس الامری عذر ہے اور بنااعتراض کا نہ دکھلانا تو صرف آپ کے ارشاد سے تھا۔کیونکہ آپ نے سوال کی تحریر کے وقت یہ کہہ کر کہ حمامہ کی عبارت جب کہ طرفین کو معلوم ہے تو لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔مجھ کو متنازع فیہ عبارت کے پیش کرنے سے روک دیا۔اب جو آپ اس کی نقل طلب فرماتے ہیں تو انشاء اللہ تعالیٰ اس تقریر کے خاتمہ پر گذارش کردیا جاوے گا۔اب اس کو بجنسہ ان سوال اور جوابوں کے ساتھ شامل ومحفوظ رکھے گا۔تاکہ جناب کے جواب سب ہباء منثورا ہی رہیں اور جو کہ آپ نے بیان میں لام الابناء کے الام حوالہ قلم کئے ہیں اور سوال دوئم کے جواب میں اس لام کے اعتماد پر سائل کے حق میں ملامت کی طرف متوجہ ہوئے۔اے مخدوم اصطلاحات علمیہ سے واقف شخص کون ہے جو نہیں جانتا کہ بیان کے موقع میں خاموشی بیان کا فائدہ دیا کرتی ہے۔پس وہ امارات کبریٰ جن کے تفصیل اعتراض کی تقریر اور (حمامہ ص۸۳) میں موجود ہے۔خواہ ازراہ معترض کی خام خیالی کے ہو اور واقع میں نہ ہو۔خواہ مطابق واقع کے ہووے جب کہ مرزاقادیانی

نے اصلاً ان کی علامات خاصہ نزول مسیح موعود کے واسطے ہونے پر انکار نہ کیا اور بے ساختہ جواب میں کہہ دیا کہ سب خبریں بے شک تمام ہوچکیں تو آپ کا یہ فرمانا کب معتبر ہوسکتا ہے کہ طلوع الشّمس من مغربہا کا واقع ہوچکنا کہیں مرزاقادیانی نے تحریر نہیں فرمایا۔ کیونکہ اولاً! بلا انکار کے مرزاقادیانی نے معترض کی تقریر اعتراض کو اپنی تصنیف میں درج کیا۔ یہ خود دلالت کرتا ہے کہ مرزاقادیانی کے نزدیک مسیح موعود کے نزول کے لئے پہلے سے ظہور یاجوج وماج اور دابۃ الارض اور دجال کا مع اپنی نشانیوں کے اور طلوع آفتاب کا اپنے چھپنے کی جگہ سے ہونا تحریری مسلم ہے۔

ثانیاً! جواب میں اشارہ کر کے انہیں مذکورہ بالا خبروں کی جانب یہ کہنا کہ وہ سب خبریں بے شک پوری ہوچکیں جو صریح اقرار پر دلالت کرتا ہے۔

ثالثاً! اس پر یوں زور دینا کہ ایسی واقع ہوچکے جیسے کہ چیدہ خبروں میں ثقہ لوگوں سے جمع ہوئیں ہیں۔

رابعاً! اس پر ترقی اس طور پر دینا کہ لوگوں نے ان علامات کے پورے ہوچکتے کو نہ پہچانا اور بے خبر رہے۔

خامساً! پھر یوں ہی تائید کرنا کہ جو بڑے نشان ہیں وہ بجز استعارات اور مجازات کے نہیں واقع ہوتے اور ظاہر طور پر ہرگز نہ جلوہ گر ہوتے یا کہ ہوسکتے ہیں۔

سادساً! اس کو چند آیات قرآنی سے یوں مؤید کرنا کہ پوشیدہ اور بے خبری کی حالت میں ہی بڑے نشانوں کا واقع ہونا ثابت ہوتا ہے۔

سابعاً! امارات کبریٰ اگر ظاہر اور حقیقت میں جلوہ گر ہوں تو اس پر منع تفصیلی کرنا اور ان میں طلوع الشّمس من مغربہا کو شمار کر کے اس طرح بتلانا کہ ''کما اخبر عنہا رسول اللہ ﷺ'' پس کیا یہ سب ثبوت مرزاقادیانی کی انگلیوں نے تحریر نہیں کئے جو آپ حمامہ کے اندر ان کے وجود کا انکار کرتے میں ایہا المولانا شے بدیہی الثبوت پر عدم موجودگی کا ادّعا کرنا آپ کے ہی مبلغ علم کا مقتضا ہے۔ افسوس کیونکر آپ کو جرأت ہولی کہ مرزاقادیانی جو طلوع الشّمس من مغربہا کے واقع ہوچکنے پر زور دے کر بیان کر چکے۔ اس کے عدم وجود ہونے کو آپ سنادیں اور نیز اپنے دوسرے جواب میں بے سود تکلف کی طرف مائل ہوکر یوں لکھیں کہ مرزاقادیانی نے جو (حمامہ ص۸۳) کے اعتراض کی تقریر پر کچھ انکار نہیں کیا۔ اس کی وجہ عدم ضرورت ہے اور یہ کہ مرزاقادیانی مکتب کے معلمون کی طرح اطفال کے میاں جی تو نہیں کہ معترض کے قول میں جو جو اغلاط واقع ہوں۔ ان سب کو تعلیم فرمایا کریں۔ مولانا آپ کا یہ عذر تو ایسا ہے جس کو تو بدتر از گناہ کہا

جاوے تو بجا ہے اے حضرت بہتر یوں ہے کہ آپ اب الام کے حلقہ سے آزاد ہو کر سیدھے راہ پر الف قامت ہو جائے اور اور واضح ہووے کہ اس رقیمۃ الاخلاص کو ملحوظ رکھنے کے بعد آپ کے تارو پود شکستہ رقیمۃ الوداو پر کچھ التفات کرنے کی احتیاج نہیں رہی ہے۔'' وما علینا الا البلاغ المبین واٰخر دعونا ان الحمد للّٰہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علےٰ سید المرسلین محمد وعلےٰ اٰلہ واصحابہ اجمعین '' اور حمامہ کی مطلوبہ عبارت یہ ہے ملاحظہ فرمائیے۔

الراقم خلیل الرحمٰن۔ مورخہ ۲۶؍ جولائی ۱۸۹۵ء

''ومن اعتراضاتھم انھم قالوا ان المسیح الموعود لایاتی الا عند قرب القیامۃ وظھور اماراتھا یعنی ظھور یاجوج وماجوج ودابۃ الارض والدجال الذی تسیر معہ الجنۃ والنار وطلوع الشمس من مغربھا وما ظھر شیٔ من ھذا العلامات فمن این جاء المسیح الموعود مع عدم مجیٔ اٰیات اخریٰ وکیف یطمئن القلب علےٰ ھذا وکیف یحصل الثلج والیقین اما الجواب فاعلم ان ھذہ الانباء قد تمت کلھا وقعت کما کان فی الاثار المنتقاۃ المدونہ عن الثقاۃ ولکن الناس ماعرفوھا وکانوا غافلین...... ایضاً فثبت من قولہ عزوجل اعن ولا یزال الذین کفرو فی مریۃ منہ ان العلامات القطعیۃ المزیلۃ للمریۃ والامارات الظاھرۃ الناطقنا الدالۃ علےٰ قرب القیامۃ لا نظھر ابداً وانما تظھر ایات نظریہ التی یحتاج الیٰ التار ویات ولا تظھر ولا فی حلل الاستعارات والا فکیف یمکن ان تنفح ابواب اسماء وینزل منھا عیسیٰ اما عین الناس وفی یدہ حربۃ وینزل الملئکۃ معہ وتنشق الارض وتخرج منھا دابۃ عجیبۃ ویکلم الناس ان الدین عند اللّٰہ الاسلام ویخرج یاجوج وماجوج بصورھم الغربیۃ واذ انھم الطویلۃ ویخرج حمار الدجال ویری الناس بین اذنیہ سبعون باعاویخرج الدجال ویری الناس الجنۃ والنار معہ الخزائن التی یتبعہ وتطلع الشمس من مغربھا کما اخبر عنھا رسول اللّٰہ ﷺ ویسمع الخلق اصواتاً متواترۃ عن السماء ان المھدی خلیفۃ اللّٰہ وما ذالک یبقی الشک والشبھاۃ فی قلوب الکافرین ولاجل ذلک کتبت فی کتبی غیر مرۃ ان ھذہ کلھا استعارات وما اراد اللّٰہ بھا الابتلاء الناس لیعلم من یعرفھا بنور القلب ومن یکون من الضالین'' (حمامۃ البشریٰ ص۸۳، خزائن ج۷ ص۳۰۲، ۳۰۳)

اور معترضون کی باتوں سے ہے کہ انہوں نے کہا بے شک مسیح موعود آئے گا۔ مگر جب ہے کہ قیامت کے نزدیک اور اس کی بڑی نشانیوں کا ظہور ہوگا۔ یعنی ظہور یاجوج وماجوج ودابۃ الارض اور دجال کے جس کے ساتھ جنت اور نار چلتے ہوں گے اور طلوع ہونے سورج کے اس کے چھپنے کی جگہ سے۔ حالانکہ ان علامات سے کوئی شئے نہیں ظاہر ہوئی تو مسیح موعود کہاں سے آ گیا؟ باوجود دوسرے نشان نہ آنے کے اور کیونکر دل اطمینان اس پر پاوے اور کیسی ٹھنڈک اور یقین حاصل ہووے۔ پس جواب معلوم رہے کہ بلاشک یہ خبریں البتہ سب تمام ہوچکیں اور واقع اس طور پر ہوئیں جیسے حدیثوں میں ثقہ سے جمع شدہ تھیں۔ ولیکن لوگوں نے نہ پہچانا اور بے خبر رہے...... پس ثابت ہوا قول اس بزرگ غالب سے اور ہمیشہ کافر اس سے شک میں رہیں گے۔ یہ کہ بلاشبہ نشانیاں قطعیہ جو شبہ مٹاویں اور نشانات ظاہری جو صریح دلالت قیامت کے قرب پر کریں کبھی نہیں ظاہر ہوتی۔ اس کے سوائے نہیں کہ فکری طور سے نشانیاں ظاہر ہوتی ہیں جو تاویلات کی طرف ظاہر ہوں اور نہیں ظاہر ہوتیں مگر پیرایہ استعارات میں۔ ورنہ کیونکر ہوسکتا ہے۔ اگر کھولے جاویں آسمان کے دروازے اور ان سے عیسیٰ لوگوں کی آنکھوں کے آگے اتریں اور اپنے ہاتھ میں حربہ لئے ہوں اور ان کے ساتھ جیسے اتریں اور زمین پھٹے اور اس میں سے دابہ عجیبہ نکلے جو لوگوں سے کہے کہ بیشک مقبول دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے اور نکلے یاجوج وماجوج اپنی عجیب صورتوں اور لمبے کانوں کے ساتھ اور نکلے گدھا دجال کا اور لوگ دیکھیں کہ اس کے دونوں کانوں کے درمیان فاصلہ ستر ہاتھ کا ہو اور نکلے دجال اور لوگ دیکھیں کہ اس کے ساتھ جنت اور نار ہے اور خزانے جو اس کے پیچھے ہولیتے ہوں اور طلوع کرے آفتاب اپنے چھپنے کی جگہ سے جیسے کہ اس سے خبر دی رسول اللہ ﷺ نے اور لوگ آواز پے در پے آسمان سے سنیں کہ بیشک مہدی اللہ کا نائب ہے اور باوجود اس کے شک وشبہ کافروں کے دلوں میں باقی رہے اور اس وجہ سے میں نے اپنی کتابوں میں کتنی ہی دفعہ لکھا کہ بے شک یہ سب استعارات ہیں اور ان سے اللہ تعالیٰ نے نہیں ارادہ کیا۔ مگر ان کی آزمائش تاکہ دیکھے کون ان کو دل کی نور سے پہچانتا ہے اور کون بھکے ہوؤں سے ہوتا ہے۔

مورخہ ۲۶؍جولائی ۱۸۹۵ء، از خلیل الرحمٰن

پرچہ نمبر:۴...... از محمد احسن قادیانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

نحمده ونصلے علیٰ رسوله الكريم!

’’هذه معارضه بقلب جوابكم ۰ فان كان قولكم صواباً فهذا

صوابکم ’’این جہاں کوہست وفعل وماندا بازمی آیدنا اہاراصدا ایہا المولانا معلوم رہے کہ حسب ارشادوفوق کل ذی علم علیم کی یہاں تو فخر علمی پہلے سے ہی نہیں ہے اور افسوس یہ ہے کہ جن صاحبوں کوزعم اعلم الناس ہونے کا ہے وہ اپنے مبلغ علم کو کام میں نہ لا سکے۔ ان پر فرض تھا کہ سچ پر گواہی دینے سے نہ شرماتے۔‘‘کما قال اللّٰہ تعالیٰ ولو علیٰ انفسھم اولوالدین ‘‘اس پر نظر کر کرحق گوئی سے منہ نہ پھیرتے اے مخدوم ؎

شکستہ قدح گربہ بند ند چست

نیاحہ وخواہد بہائے درست

جب کہ قرآن وحدیث سے مرزا قادیانی کے اقوال مؤید ومبرہن ہیں تو آپ کے تکلفات سے کب شکستہ ہوسکتے ہیں۔

مشک انست کہ خود بوید نہ آنکہ عطار بگوید

علم مناظرہ کے اصول اگر عاجز بیان کرتا تو بھی انشاءاللہ عنداللہ جواب مقبول ہوتا اور اب جوتحریر نہیں کئے تو کون سی کمی محولہ جواب میں خیال کی جاتی ہے۔ مجھ کو امید ہے کہ بخاری کی تفسیر کے مطابق آیت شریف’’الا تطغوا فی المیزان واقیموا الوزن بالقسط ‘‘ کی بات سچی ہوئی۔ بیان فرماتے۔ انصاف تو کیجئے کہ عاجز کے جواب میں یہ عذر کہ شے معدوم کیوں طلب کی جاتی ہے اور یہ کہ (طلوع الشمّس من مغربہا کا واقع ہو چکنا) کہیں مرزا قادیانی نے تحریر نہیں فرمایا کیا نفس الامری عذر ہے۔ اس عبارت حمامہ سے جو آپ نے نقل فرمائی۔ اعتراض قائم ہی نہیں ہوسکتا۔ خواہ خاتمہ پر آپ اس کو نقل فرماویں یا اوّل میں۔ یہی تو وجہ ہے کہ خاتمہ ٹھیک نہیں۔ لہٰذا آپ اس کو بجز ان سوال وجوابوں کے ساتھ شامل محفوظ رکھئے گا۔ تا کہ جناب کے شبہات سب ہباء منثورا ہی رہیں اور جو کہ آپ نے بیان میں الفلام الانباء کے الام حوالہ قلم کئے ہیں اور سوال دوم کے جواب الجواب میں اس لام کے عدم اعتماد پر مجیب سائل کے حق میں ملامت کی طرف متوجہ ہوئے۔ اے مخدوم اصطلاحات علمیہ سے واقف شخص کون ہے جو نہیں جانتا کہ بیان کے موقع میں یہ الف لام بہت سے مطلوبن کے بیان کا فائدہ دیا کرتا ہے۔ پس وہ امارات کبریٰ جن کی تفصیل اعتراض کی تقریر اور حمامہ ص۸۳ میں موجود ہے۔ خواہ وہ امارات ازراہ معترض کی خام خیالی ہوں اور واقع میں نہ ہوں۔ خواہ مطابق واقع کے ہوویں۔ لیکن جب کہ مرزا قادیانی کو انہیں علامات خاصہ نزول مسیح موعود کی بحث منظور ہے اور بے ساختہ جواب میں کہہ دیا ہے کہ سب خبریں جو مسیح سے مقدم ہیں بے شک تمام ہو چکیں۔ جس کی طرف الف لام دلالت کرتا ہے تو آپ

کا یہ فرمانا کب معتبر ہوسکتا ہے کہ طلوع الشّمس من مغربہا کا واقع ہوچکنا مرزاقادیانی نے تحریر فرمایا ہے۔ کیونکہ اولاً معترض کا اعتراض ہی یہ ہے کہ امارات مسیح ابھی نہیں واقع ہوئیں۔ اگرچہ اپنی بے علمی سے طلوع الشّمس من مغربہا کو بھی علامت مقدمہ مسیح اس نے شمار کیا ہے۔ یہ امر خود دلالت کرتا ہے کہ مرزاقادیانی کے نزدیک مسیح موعود کے نزول کے لئے پہلے سے ظہور یاجوج وماجاج اور دابۃ الارض اور دجال کا معہ اپنی کل نشانیوں کے ہونا مسلم ہے۔ جس طرح سے کہ وہ واقع ہوئیں اور طلوع الشّمس من مغربہا مسیح موعود کی مقدم نشانی ہی نہیں جو وہ بھی پہلے واقع ہولے۔

ثانیاً! اس میں اشارہ متوسطہ سے اشارہ کرنا انہیں مذکورہ بالا خبروں کے لئے ہے کہ جو امارات مسیح ہیں اور وہ وہی درمیانی اور متوسطہ بھی ہیں اور یہ سب خبریں پوری ہوچکی ہیں۔ یہ دلالات صریحہ ہیں۔ تعجب ہے کہ آپ جیسے فہیم کے فہم میں نہیں آئیں۔

ثالثاً! اس پر یوں زور دینا کہ یہ سب ایسے واقع ہوچکے جیسا کہ چیدہ خبریں ثقہ لوگوں سے جمع ہوئیں ہیں۔ کیونکہ کسی چیدہ خبر میں جو ثقاب سے مروی ہو یہ وارد نہیں ہوا۔ طلوع الشّمس من مغربہا بھی مسیح کے مقدم ایک امارت ہوئے گی۔ ’’ومن ادعے فعلیه البیان‘‘

رابعاً! اس پر ترقی اس طور سے دینا کہ لوگوں نے ان علامات کے پورے ہوچکنے کو نہ پہچانا اور بے خبر رہے۔ کیونکہ طلوع الشّمس من مغربہا جو وجود قیامت تک متصل ہوگا اس کو سب پہچان لیویں گے۔ کیونکہ سب ایمان لے آویں گے اور وہ ایمان نفع نہ دیوے گا۔ لیکن ابھی تک سب کفار کب ایمان لائے ہیں اور اگر کشفی طلوع شمس من مغرب سے اب شروع ہوچکا ہے تو وہ بطور استعارہ کے ہے نہ حقیقی۔ ’’کما فی ازالہ الاوہام خامساً‘‘ پھر یوں تائید کرنا کہ جو بڑے نشان میں مگر وہی جو مسیح کے مقدم ہوں تو وہ بجز استعارات اور مجازات کے نہیں واقع ہوتے اور اگر ظاہری طور پر ہوویں تو پھر سب لوگ ایمان لے آویں اور وہ ایمان نفع بھی نہ دیوے۔ لاکن زمانہ مسیح کا بالاتفاق دارالتکلیف ہے نہ دارالجزاء اور مولوی احمد علی صاحب کا خلاف اس میں معتبر نہیں کہ ان کو ہم نے رقیمۃ الوداد میں بخوبی منقوض کردیا ہے۔ سادساً پھر اس کو چند در چند آیات قرآنی سے یوں مؤید کرنا کہ پوشیدہ اور بے خبری کی حالت میں ہی بڑی نشانیوں کا قبل قیامت واقع ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اگر مسیح کے وقت میں بھی طلوع الشّمس من مغربہا اپنے ظاہری معنوں پر واقع ہوتا تو پھر ایمان واسلام کب قبول ہو۔ کیونکہ شروع قیامت تو اس وقت طلوع شمس من مغربہا سے ہوجاوے گا نہ مسیح کے وقت سے۔

سابعاً! امارات کبریٰ پر اگر ظاہر اور حقیقت جلوہ گر ہوں تو اس پر منع تفصیلی کرنا اور ان میں طلوع الشّمس من مغربہا کو شمار کر کے اس طرح پر جتلانا ''کما اخبر عنہا رسول اللہ ﷺ'' (یعنی ظاہری طور پر) مسیح کے وقت میں نہیں واقع ہوسکتا۔ کیونکہ اندریں صورت پھر ایمان قبول نہ ہو۔ لیکن مسیح کے وقت میں تو ایمان واسلام مقبول ہے تو ہر گز نہیں ہوسکتا کہ مسیح کے وقت میں طلوع الشّمس من مغربہا حقیقی طور پر واقع ہو۔ ہاں بطور استعارہ یعنی طلوع الشّمس اسلام ممالک مغربی سے ہوسکتا ہے۔ لیکن اس کا زمانہ بھی ہزار ہا دو ہزار برس یا کم وبیش ہوسکتا ہے۔'' کما برھنت علیہ فی رقیمۃ الوداد '' ایہا المولانا شے معدوم کا بدیہی الثبوت کہہ دینا آپ کے مبلغ علم کا مقتضا ہے۔ افسوس کیونکر آپ کو جرأت ہوئی کہ مرزا قادیانی جو طلوع الشّمس من مغربہا کے نہ واقع ہوچکنے کے بعد دیگر بیان کر چکے۔ پھر بھی اس کے واقع ہوچکنے کو آپ سنا دیں اور نیز جب کہ مرزا قادیانی نے طلوع الشّمس من مغربہا کا بیان ان تصریحات اور توضیحات کے ساتھ کر دیا اگر مع ہذا پھر بھی کسی معترض ذکی صاحب کے سمجھ میں نہ آوے تو پھر یہ عذر کہ حضرت مرزا صاحب معلمان اطفال کی طرح نہیں ہے کہ بار بار کسی معترض ذکی کو سبق یاد کرایا کریں۔ کیا عذر قوی ہے کہ بغیر قبول ہوئے آپ کو چارہ ہی نہیں۔ اے حضرت بہتر یوں ہے کہ اب آپ اسلام کے حلقہ میں پورے پورے داخل ہوکر مرزا قادیانی کے اسلام پر آئین اس لام کو خصوصاً جو بیان الف لام میں لکھے گئیں ہیں تصدیق فرماویں اور اپنے الف قامت کو اس لام اسلام کی روبرو مثل لام کے خمیدہ کر کر بتوضیع وادب اسلام کے ساتھ پیش آویں۔ تاکہ '' وعید من لم یعرف امام زمانہ فقد مات میتۃ جاھلیۃ '' پیش نہ آجاوے اور واضح ہو کہ اس رقیمۃ الاخلاص کے ملحوظ رکھنے کے بعد بھی آپ کو کچھ شبہ باقی ہے تو پھر رقیمۃ الوداد کا پیالہ آپ سے نہ ٹلے گا اور بعد طبع کرانے اس کے آپ کے جملہ شبہات متعلقہ مسئلہ متنازعہ کا تار و پود ادھڑ دیا جاوے گا۔ لہٰذا اس کے طبع تک آپ انتظار کریں اور واضح ہو کہ جب قرارداد کے جلسہ میں بیٹھ کر آپ کو اور عاجز کو آئندہ مثل سابق کے جواب وسوال لکھنا ہوگا اور آپ کا خانہ ساز جواب مقبول نہ ہوگا اور نہ لیا جاوے گا۔'' وما علینا الا البلاغ المبین وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین محمد والہ واصحابہ اجمعین '' اور حمامہ کی عبارت میرے مطلوبہ نہیں تھی۔ کیونکہ وہ عاجز کے پاس موجود ہے۔

الراقم: محمد احسن امروہی۔ مورخہ ۲۷؍جولائی ۱۸۹۵ء

پرچہ نمبر:۵......ازمولانا خلیل الرحمٰن

الجواب

”ھذا دفع المعارضة لرفع للناقضة“

مخدوماً آپ کا مقلوب جواب پہنچا اور کیفیت مرقومہ سے مطلع کیا۔ فرمایئے تو کب تک آپ حق پذیری اور انصاف گزینی کی طرف سے منقلب رہیں گے۔ اگر مرزائی طریقہ میں راہ صواب سے پلٹ جانے کو ہی صواب مان رکھا ہے تو آپ کو ہی مبارک رہے۔ نہاں کے ماند آن رازے گزو سازند محفلہا۔ مرزا قادیانی کا قول امارات کبریٰ معہ طلوع شمس من مغربہا کے واقع ہو چکنے کی بابت جو حمامہ ص۸۳ میں موجود ہے اور آپ اس عبارت کو اس سوال وجواب کی تقریر میں درج کرنے کے لئے مخاطب کئے گئے ہیں۔ اے مولانا وہ ایسا مصرح نہیں ہے کہ اس میں سے آپ کے طلوع شمس من مغربہا مستثنیٰ کرنے کو بمقابلہ مرزا قادیانی کی تصریح کے وقعت ہوسکے اور الانباء کے لام کے حلقہ میں کو کتنے ہی آپ الجھے رہیں اور ہذہ سے جو اشارہ میں کلیۃ وہ خبریں کہ اعتراض کی تقریر میں مذکور نہیں متعین ہوئیں اس سے گریز اس طرف کریں کہ مرزا قادیانی کے نزدیک معترض کے قول میں طلوع شمس من مغربہا واقع ہو چکنے کی بابت کوئی اقرار نہیں ہے اور نہ آپ کا یہ فرمانا مفید ہوسکتا ہے کہ طلوع شمس من مغربہا جب کہ احادیث میں نزول مسیح موعود کے واسطے علامت نہیں بیان ہوئی تو کیونکر مرزا قادیانی اس کو معترض کے قول کے موافق علامت مان لیتے۔ کیونکہ عبارت جو حمامہ کی ہے۔ وہ ہرگز آپ کے اس توجہ کو جگہ نہیں دیتی ہے۔ جیسا کہ ناظرین پر مخفی نہیں ہے۔ اے حضرت کہ برہان توی بائد ومعنوی۔ نہ رگہائے گردن بحجت قوی۔ گو آپ مرزائی ہیں ولیکن بحث شدہ مسئلہ میں مرزا قادیانی کے خیالات سے آپ کے خیال کہیں پرے ہیں۔ چنانچہ جوابوں سے ناظرین پر پوشیدہ نہیں ہے کہ آپ ص۸۳ حمامہ والی مرزا قادیانی کی تقریر کو محرف کرتے ہیں۔ کیونکہ مرزا قادیانی نے حمامہ کے اندر جو کہ پچھلے تصانیف سے ہے کہیں دعویٰ نہیں کیا کہ طلوع شمس من مغربہا یا خروج دجال موعود یا خروج دابۃ الارض موصوف سے ظاہر عبارت احادیث کے مطابق طلوع وخروج مراد ہے جو قیامت سے باتصال حقیقی واقع ہوگا۔ ”ومن ادعی بوجودہ فعلیہ البیان“ البتہ اس کی نفی کبھی ظاہری طور پر احادیث مظہرہ کے مطلب نہ ہونے کا ثبوت تحریر کیا ہے۔ چنانچہ بار بار اس کا مقام آپ کو یاد دلایا گیا اور آپ نے اپنی تحریر میں طریق مذکور کو پیش کیا ہے۔ چنانچہ آفتاب کی بابت آپ کا مرزا قادیانی کے خلاف تو ان ہی سوالوں کے جواب میں موجود ہے اور نیز طلوع شمس میں معہ خروج دجال دابۃ الارض کے

اس پرچہ میں ہے۔ جو مورخہ بست وچہارم رمضان سنہ غلط میں تحریر کیا جیسا کہ اب کی دفعہ تاریخ میں غلطی کی ہے کہ بجائے ۲۸یا۲۹؍جولائی کے ۲۷؍جولائی لکھی ہے۔ حالانکہ جس پرچہ کا جواب ہے وہ آپ کے پاس ۲۸؍جولائی ۱۸۹۵ء کو پہنچا تھا۔'' عبارتہ ھکذا فطلوع الشمس من مغربها والدجال ودابة الارض اعنی الایات الثلاث التی اذا اخرجن لا ینفع نفسا ایمانها کما فی المسلم ھی التی تکون متصلاً بالقیامة باتصال حقیقی والصادق تحقیقی ''پھر طرفہ ماجری یہ ہے بہت کہ آپ اپنی مقلوب جواب کی پہلی صورت میں باوجود غرض کے اعتراض کو غلط مان لینے کے طلوع شمس میں مغربہا کے سوا لینے ظہور یاجوج وماجوج ودابۃ الارض ونزول مسیح کے لئے پہلے سے ہونے کو مرزا قادیانی کے نزدیک مسلم مانتے ہیں۔ اجی حضرت وہ حدیث پیش تو کیجئے جس میں بیان ہوا ہو کہ نزول مسیح کے لئے پہلے علامات سے ظہور یاجوج ودابۃ الارض ہے۔ لیکن اگر آپ اس طرح کی حدیث پیش نہ کر سکے تو معترض کے اعتراض کی تقریر میں سے نزول مسیح موعود کے لئے مرزا قادیانی کے نزدیک منجملہ علامات کے جیسے ظہور یاجوج وماجوج ودابۃ الارض کا ہونا مسلم ہے طلوع شمس من مغربہا کا وقوع مسلم ہے جیسے کہ کلیت قد تمت کلہا سے روشن اور یہ کہ آپ جو طلوع شمس من مغربہا کو استثناء کرتے ہیں۔ فضول ہے اور جس قدر آپ نے الابناء کے لام کے دائرہ میں گردشیں کھا کر استثناء کرنے طلوع الشمّس میں زور لگائے۔ سب کے سب بے سود ہیں۔

اب میں اس تقریر کو اسی قدر تحریر پر ختم کرتا ہوں۔ اہل انصاف خود پرکھ لیویں کہ حق بات کس کی طرف ہے اور یہ معلوم کریں گے کہ ان تحریرات کے ساتھ حمامہ کی وہ عبارت مع ترجمہ کے شامل رہنے سے آپ کی تاویلات کس قدر رکیک ہیں۔ براہ نوازش اس کو علیحدہ نہ فرمائے گا اور مکان کے اندر بیٹھ کر جواب نویسی کا آغاز تو خود آپ سے ہی ہوا ہے۔ اگر بالمواجہ وبالمشافہ ہی تحریر مدنظر تھی تو گھر میں بیٹھ کر جواب مت لکھا ہوتا۔ اس احقر نے آپ کا جواب اگر اپنے مکان پر لکھ دیا تو کیا خطاء کی۔'' اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم کبر مقتاعند الله ان تقولوا ما لا تفعلون ''نیز التماس ہے کہ خواہ آپ کسی خلاف واقع کے رقمیۃ الوداد کنج خانہ کی تصنیف کردہ کو طبع کرادیں یا اس رقیمۃ الاخلاص کی تحریرات کو چھپوادیں تا اختتام گفتگو اس تحریر کے توقف تحریر کے طبع میں کریں اور کوئی تبدیلی اور کچھ کمی وبیشی نہ فرماویں۔'' واخردعوئنا ان الحمدلله رب العلمین والصلوٰة والسلام علیٰ رسوله محمد وعلیٰ اٰله واصحابه اجمعین''

الرقم: خلیل الرحمٰن مورخہ ۲۹؍جولائی ۱۸۹۵ء

پرچہ نمبر:۶......از مولانا خلیل الرحمٰن

حامداً ومصلیاً ومسلماً! مخدوم ومکرم مولانا صاحب بعد از سلام مسنون، معروض آنکہ میرا جوابی پرچہ جو جناب کی نظر سے گذر چکا ہے اور اس کو آپ کی خدمت میں گئے ہوئے دن بھی آج تیسرا ہے۔ غالب ہے کہ محقق طور سے عبارت میری ہرسہ اور مطلوبہ کی آپ نقل فرما چکے ہوں گے۔ یعنی ایک یہ کہ مرزاقادیانی نے حمامہ کے اندر جو پچھلے تصانیف سے ہے اور بلاد عرب تک بھی گئی ہے۔ کس مقام پر تحریر کیا ہے کہ احادیث صحیحہ میں جو طلوع الشمس من مغربہا آیات کبریٰ میں سے قرب قیامت کے لئے بیان ہوا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ طلوع ظاہری طور پر اسی آفتاب کے لئے آئندہ زمانہ میں ہووے گا۔ دوسری یہ عبارت کہ طلوع آفتاب کا مغرب کی جانب سے جو ہوگا وہ قیامت کے قریب مابتصال حقیقی ہوگا۔ تیسری عبارت ان احادیث صحیحہ کی جن میں بیان ہوا ہے کہ مسیح موعود کے لئے علامت پہلے نزول سے ظہور یاجوج وماجوج ودابۃ الارض کا ہے۔ تاکہ معلوم ہووے کہ بحث شدہ مسئلہ میں آپ کا اور مرزاقادیانی کا ایک مسلک اور بیان ہے اور یہ کہ آپ نے جو شق اوّل میں دعویٰ کیا ہے وہ درست اور ثابت ہے۔

الراقم: خلیل الرحمٰن مورخہ یکم/اگست ۱۸۹۵ء

پرچہ نمبر:۷......از مولانا خلیل الرحمٰن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

جناب مخدوم ومکرم سید مولوی محمد احسن تسلیم مسنون کے بعد گذارش ہے آج ماہ اگست ۱۸۹۵ء کی بارہویں تاریخ میں آپ کا مرسلہ رقمیۃ ردی الطلب جواب پہنچا۔ حضرت من اگرچہ بات تو یوں ہے کہ یہ مشتے کہ پس از جنگ یاد آید برکلہ خود باید زد۔ جب کہ آپ علانیہ مجلس عام میں زک پاچکے اور آپ کے منہ کا لاٹا بند گیا۔ چنانچہ حاضرین جلسہ برابر دیکھتے تھے کہ بار بار پانی کے گھونٹ پی پی کر اپنی خشک لبی مٹاتے تھے اور پھر وہ ہی حالت ہو جاتی۔ تھی آج اختراعی دجالی بیانات لکھ کر طبع کر کے طالب جواب بنتے ہیں۔ چہ دلاور است وزدے کہ بکف چراغ دارد۔

اجی حضرت! اس قصہ کو بھی جانے دیجئے۔ پہلے یا اپنی عجز اور لاجواب رہ جانے کا میرے سابقہ سوالات مرسلہ کے جواب کا اقرار لکھ بھیجے یا تحریری محققانہ جواب ثبوت ان ہرسہ امور کا عنایت کیجئے۔ یعنی:

۱...... یہ کہ حمامہ جو پچھلی تصانیف مرزا سے ہے اور عربستان تک پہنچ گئی ہے۔ اس میں مرزاقادیانی نے کس مقام پر تحریر کیا ہے کہ آیات کبریٰ میں سے قرب قیامت کے لئے جو احادیث

صیحہ میں طلوع شمس من مغربہا بیان ہوا ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ طلاع ظاہری طور پر اسی آفتاب کے لئے آئندہ زمانہ میں ہووے گا تاکہ ثابت ہو کہ آپ کا استثناء باطل نہیں ہے۔

۲...... حمامہ سے جس کی عبارت پر بحث واقع ہے وہ عبارت مرحمت فرمائیے۔ جس میں مذکور ہو کہ آفتاب کا طلوع مغرب کی طرف سے جو ہووے گا وہ قیامت کے قریب باتصال حقیقی والصاق تحقیقی ہوگا۔ تاکہ معلوم ہو کہ آپ کا ادعاء العقول بمالا یرضے بہ القائل نہیں ہے۔

۳...... عبارت ان احادیث صیحہ کی جن میں بیان ہوا ہے کہ مسیح موعود کے لئے علامت پہلے نزول سے ظہور یاجوج وماجوج اور دابۃ الارض کا ہے۔ تاکہ ثابت ہووے کہ کیونکر آپ کی شق اوّل کی تقریر درست ہے؟ اور کیسے مرزاقادیانی کے اقوال احادیث صیحہ سے منطبق ہیں۔ جس کے آپ اپنے جوابات کے اندر مدعی ہیں اور بوجہ شہادت صیحہ پیش نہ کر سکنے کے مطالبہ کا میرا پرچہ آپ نے یہ غلط بیانی کر کے واپس کر دیا کہ بالمشافہ تحریر کی شرط ہو چکی تھی۔ لہٰذا واپس ہے۔ حالانکہ کوئی شرط تحریر سوال وجواب کے وقت مقرر نہیں ہوئی۔ بلکہ گھر بیٹھ کر جواب نویسی کی ابتداء آپ سے ہوئی۔ لہٰذا اگر شرط یہی تھی تو خلف وعدہ کے آپ ہی مرتکب ہوئے اور جب آپ کی طرف سے شرط فوت ہوئی تو مشروط کی جو آپ کے خیال میں سے مجھے رعایت کچھ لازم نہ ہوئی۔ پس الزام کی وجہ آپ کے اوپر ہی عائد رہی۔ باجملہ جب آپ اس بحث سے کہ میرے اور آپ کے درمیان واقع سے فراغت پا کر سائل ہونے کا منصب حاصل کر لیویں۔ اس وقت خواہ مجھ سے خواہ میری معرفت مولوی احمد علی سے اپنے رقیمہ ودی کا جواب طلب کیجئے پھر دیکھئے بطمہ نوحی مرزاقادیانی کے طوفان یا آپ کے خاص اپنی نیرنگی بیان سے کیسا کامل جواب حسب ان شرائط کے جو آئندہ مقرر ہو جائیں گے۔ پاتے ہیں۔ الراقم: خلیل الرحمٰن امروہی دوازدہم ۱۲/اگست ۱۸۹۵ء

عبارت منصفانہ بنام محمد احسن قادیانی

ایہا المولانا مولوی محمد احسن صاحب۔ السلام علیکم! کیوں حضرت جو مناظرہ فی مابین آپ کے اور جناب مولوی احمد علی صاحب کے ہوا تھا۔ آپ کو یاد ہے کہ طلوع شمس من مغربہا کے بارہ میں آپ نے پیرجی خدابخش صاحب کی دکان پر جب کہ اثناشبہ جناب مولوی احمد علی صاحب نے آپ کے طالب ہونے پر بالمواجہ منشی محمد حنیف صاحب خلف پیرجی خدابخش صاحب ظاہر فرمایا تھا کہ بموجب حدیث نبوی کے بعد طلوع شمس من مغربہا کے ایمان لانا نفع نہیں دے گا اور نہ معتبر ہوگا۔ آپ چونکہ مرزاقادیانی الشّمس من مغربہا کا گذر جانا حمامہ میں تحریر فرماتے ہیں اور پھر دعوت اسلام کے لئے بلاتے ہیں۔ بموجب حدیث کو ان کے ایمان کب نفع دے گا کہ آپ نے

نہیں فرمایا تھا کہ بعد طلوع شمس میں مغربہا کے ایمان نفع دے گا اور معتبر ہوگا اور ہم بیضاوی سے ثابت کریں گے اور دکھلا دیں گے باوجود روز جلسہ منعقد رہنے کے آپ نہ دکھلا سکے اور الحمد شریف کا وعظ اختیار فرمایا۔ اب آپ کی اس مناظرہ میں اس طرح کروٹ لینا کہ اقرار کر لیا گیا کہ بعد طلوع الشمس من مغربہا کے ایمان نفع نہیں دے گا۔ اس نے آپ کی صاف ہٹ دھرمی بایں اس جلسہ کے پائی جاتی ہے۔ ناظرین بعد ملاحظہ ہر دو مناظرہ معلوم کر سکتے ہیں کہ عقائد باطلہ پر کون ہے۔ (دوست محمد خان عفی عنہ)

قابل غور عبارت

۲۹؍جولائی ۱۸۹۵ء کو مولوی خلیل الرحمٰن صاحب نے جواب الجواب خط مولوی محمد احسن کے نام تحریر فرما کر روانہ فرمایا تھا۔ دو روز منتظر جواب رہ کر یکم؍اگست ۱۸۹۵ء کو ایک خط بطور یاددہانی وطلبی جواب نامہ اوّل کے تحریر فرما کر مولوی محمد احسن کے پاس روانہ فرمایا۔ جس کو نہیں لیا زبانی عذر کر کے واپس کر دیا۔ وہی نامہ ۵؍اگست ۱۸۹۵ء کو پھر معرفت منشی حسن محمد مختار مولوی محمد احسن کے پاس بھیجا گیا۔ پھر نہیں لیا۔ لفافہ بعبارت ذیل لکھ کر واپس کر دیا۔ ’’یہ خط گھر میں بیٹھ کر لکھا گیا ہے۔ لہٰذا خلاف شرط مسلمہ ہے۔ بالمشافہ جو کچھ گفتگو ہو وہ لکھی جاوے۔ جیسا کہ قرارداد ہے۔ لہٰذا واپس ہے۔ ۵؍اگست ۱۸۹۵ء ۸ محمد احسن‘‘ اگرچہ لینے سے عذر مولوی محمد احسن قادیانی کا ناقابل اعتبار رہے۔ کیونکہ وقت تحریر سوال وجواب کے کوئی شرط بالمشافہ تحریر کی نہیں ہوئی تھی۔ بلکہ گھر پر بیٹھ کر مباحثہ کے مندرجہ سوال نمبر۳ کی جواب نویسی کی ابتداء مولوی محمد احسن سے ہوئی اور پھر عذر یہ کہ خانہ ساز تحریر کو نہیں مانوں گا۔ اگر بالمشافہ تحریر مناظرہ مدنظر تھا تو نامہ رکھ کر یہ جواب لکھ دینا چاہئے تھا کہ بالمشافہ تحریر کے لئے جلسہ فلاں تاریخ اور فلاں جگہ منعقد کیا جائے۔ آپ تشریف لاویں۔ واپس کرنا نامہ کا اگر بغور دیکھا جاوے تو تاویلات اور استعارات غلط ہیں اور پھر اس پر طرہ یہ کہ ایک پرچہ اختراعی وجعلی بیانات لکھ کر اور طبع کرا کر طالب جواب بنے۔ چہ دلاور ست وزدے کہ بکف چرغ دارد۔ ۱۲؍اگست ۱۸۹۵ء کو مولوی خلیل الرحمٰن صاحب نے ایک نامہ پھر مولوی محمد احسن قادیانی کے پاس بھیجا تھا۔ کہ ہنوز جواب ندارد ناظرین پرچہ طبع شدہ مولوی محمد احسن قادیانی ونیز ہر دو مباحثہ تحریر شدہ در جواب پرچہ طبع شدہ کو ملاحظہ فرما کر معلوم کر سکتے ہیں کہ تحریر باطلہ کا مرتکب کون ہے۔ مورخہ ۲۴؍اگست ۱۸۹۵ء المشتہر دوست محمد خان

تمت ...... تمام شد

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

نصرة الحق

فی

رد القول الزاهق

حضرت مولانا خلیل الرحمٰن بھوپالی رحمۃ اللہ علیہ

جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا

رسالہ نصرۃ الحق فی رد القول الزاھق

فی رد سواء السبیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

ولا تلبسوا الحق بالباطل وتکتموا الحق وانتم تعلمون

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ محمد واٰلہ واصحابہ اجمعین ۰ اما بعد!

کمترین آل عباس خلیل الرحمٰن ’’تعمدہ اللہ بالغفران ‘‘عرض کرتا ہے کہ راقم الحروف کے ہم وطن مولوی محمد احسن متبع قادیانی کا جواب باصواب دینے کا زبانی دعویٰ جب دہرہ کے قیام میں مقابلہ مولوی احمد علی مدرس مدرسہ سہارنپور کے کچھ پایہ ثبوت کو نہ پہنچا جس کے باعث مجمع عام میں شرمندہ ہونا پڑا تو بعد میں انہوں نے دوکاروائیاں کیں۔ ایک اس نیازمند سے تحریری گفتگو، اس میں بھی آخر لاچار ولاجواب رہے۔ چنانچہ میری تحریر ’’رقیمۃ الاخلاص‘‘ سے ناظرین معلوم کر سکتے ہیں۔ دوئم ایک فرضی تحریر بنام ’’سوء السبیل‘‘ چھپوا کر شائع کی تاکہ جولوگ ان کے کھوٹے احوال کو بھلا اور کھرا جانتے ہیں اوراس سے نکل نہ جاویں اور ناوقف اشخاص آپ کو فتح مند سمجھیں۔ لیکن درحقیقت اس میں بھی خام خیالی سے کام لیا ہے۔ چنانچہ میری اس تحریر ’’نصرت الحق‘‘ سے واضح ہوگا اوراس کا چھپا ہوا ایک نسخہ میرے پاس ہے جو مولوی محمد احسن قادیانی نے بھیجا ہے۔ جس کی عبارت ذیل میں درج ہے۔ ’’لھذا لا علاء کلمۃ اللہ ‘‘جواب لکھا گیا۔ ’’واللہ ولی التوفیق ‘‘نقل عبارت مولوی محمد احسن قادیانی جو پیشانی پر اپنے رسالہ کے انہوں نے لکھی تھی۔ ’’مولوی خلیل الرحمٰن یا خود اس کا جواب شائع کرو۔ مولوی احمد علی صاحب سے جواب بغرض اشاعت تاکہ ناظرین کو عذر کرنے کا موقع ملے۔‘‘

www.amtkn.com www.facebook.com/amtkn313 www.emaktaba.info

الجواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

حامداً ومصلیاً ومسلماً

(وضع) ہمارے مولانا صاحب نے جو حدیث مسلم کے یعنی حضرت ابی ہریرہؓ کی روایت سے جس میں بعد طلوع شمس من مغرب کے کفار کے ایمان کی عدم قبولیت بیان ہوئی ہے۔ بیان فرما کر شبہ کو تقریر فرمایا۔ افسوس کہ اس کے بعد متصل کے حدیث کو نظر انداز (یعنی خیال سے دور) فرمادیا ہے۔ جس کو عاجز سابق بیان کر چکا ہے اور اب بھی بیان کرتا ہے۔ ’’عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ ثلث اذاخرجن لا ینفع نفساً ایمانھا لم تکن اٰمنت من قبل اوکسبت فی ایمانھا خیر اطلوع الشمس من مغربھا والدجال ودابۃ الارض‘‘

(رفع) اے مجیب صاحب کوئی شخص تو دوسرے کی بات نہیں سمجھا کرتا۔ آپ اپنی بات ہی نہیں سمجھتے ہیں۔ سچ ہے ؎

چوں غرض آمد ہنر پوشیدہ شد
صد حجاب ازدل بسوی دیدہ شد

حضرت من جب آپ پہلے یہ ظاہر کر چکے کہ الزامی جواب عاجز نے جو اس وقت عرض کیا بحوالہ حدیث صحیح مسلم وغیرہ (اور یہاں اقرار کر کے کہتے ہیں کہ) جس کو عاجز سابق بیان کر چکا ہے (تو محض اتہام ہے کہ حدیث مذکور کو مولوی احمد علی صاحب نے نظر انداز فرمادیا ہے) اجی حضرت مولوی صاحب موصوف نے تو پہلے ہی جس وقت آپ نے اس حدیث ابی ہریرہؓ کو ان کے سامنے پیش کیا تھا۔ آپ کو جتلا دیا تھا کہ میرے دوسرے سوال کے لئے یہ حدیث حجت ہے چنانچہ اس دم کی پوری تقریر سے واضح ہے۔ جسے منشی دوست محمد خان نے تحریر کیا ہے اور آپ نے اسے چھوڑ دیا ہے۔ پس مولانا کا اس حدیث کو نظر انداز فرمانا کیا معنی ہیں۔ آپ سے تو اس حدیث متصل والی کے ذریعہ سے دوسرا مطالبہ پیش کیا گیا ہے۔ لہٰذا نظر انداز کا الزام تو آپ کی طرف ہی عائد ہے کیونکہ اولاً جب آپ حدیث مذکور پیش کر چکنے کے مقر ہیں تو گو آپ کے زعم کے موافق اس کو بیان سے چھوڑ دینا مان لیا جاوے۔ خیال سے دور کرنا مولوی صاحب کا ثابت نہیں ہوتا۔

ثانیاً! جب مولوی صاحب آپ کو جتلا چکے کہ حدیث مذکور کے ساتھ مرزا قادیانی سے میرا دوسرا سوال ہے۔ ثالثاً! آپ کی یہ مطبوعہ کنج خانہ کی تصنیف آپ کی توصیف ظاہر کرتی ہے کہ آپ عمداً نظر سے احادیث کے مضامین کو چھوڑتے ہیں۔ اسی حدیث کا ترجمہ آپ نے ایک تو درود شریف میں اصل کے مطابق نہیں کیا۔ قطع برید طبعی سے صلی اللہ چھوڑ دیا۔ دوسری ''اوکسبت فی ایمانها خیـــراً'' کا ترجمہ غلط کردیا اور ایمان کو ترک کیا۔ حالانکہ کہنا چاہئے تھا کہ یا ایمان میں بہتری حاصل نہ کی۔ رابعاً! آپ کی نسبت نظر اندازی کو عمداً سے اور قطع برید کو طبعی سے میں نے مفید بیان کیا ہے۔ اس پر آپ اور آپ کے ہمدرد برانہ مانیں۔ کیونکہ ایک اور بھید کی بات اس جگہ میں ہدیہ ناظرین کرتا ہوں۔ دیکھئے پہلے جو میرے اور آپ کے مابین خط وکتابت ہوتی تھی۔ اسے حدیث ابی ہریرہؓ کے پیش کرنے پر جسے یہاں الزامی وقت میں آپ لکھتے ہیں۔ چنانچہ میرے پاس اب تک وہ تحریر موجود ہے۔ یعنی ''فطلوع الشمس من مغربها والدجال دابة الارض اعنی الایات الثلاث التی اذا خرجن لا ینفع نفساً ایمانها کما فی المسلم التی تکون متصلاً بالقیامة ما تصال حقیقی والصاق تحقیقی لا التی تکون فی زمن المسیح والمهدی ''(اے غیرالموعودین)'' ولا نکذبها قط وننکرها وهب نقول ان الایمان لا یقبل معها کما قال تعالیٰ یوم یأتی بعض آیات ربك لا ینفع نفسا ایمانها''

پس نکلنا اپنی چھپنے کی جگہ سے آفتاب اور دجال اور دابۃ الارض یعنی ان تین نشانیوں کا کہ جب وہ ظاہر ہوں گی تو کسی شخص کو (یعنی کافر کو) اس کا ایمان نفع نہ دے گا۔ جیسے کہ مسلم میں ہے وہ تین نشان ہیں جو قیامت سے متصل باتصال حقیقی اور پیوستہ تحقیقی ہوں گی نہ کہ وہ جو زمانہ مسیح اور مہدی (یعنی غیر موعود) کی اور ہم ہرگز ہرگز نہیں جھٹلاتے ہیں اور نہ انکار کرتے ہیں اور ہاں ہم کہتے ہیں کہ بیشک ایمان معہ ان کے قبول نہیں ہونے کا جیسے کہ خداتعالیٰ نے فرمایا کہ جب آپ کی بعض نشانیوں سے تیرے پروردگار کے تو کسی شخص (یعنی غیر مؤمن) کو اس کا ایمان نفع نہ دے گا۔ انتہی!

باوجود اس بات کو تسلیم کر چکنے کے کہ حسب حدیث مسلم کے جب آفتاب کا طلوع اس کے غروب گاہ سے اور دجال موعود اور دابۃ الارض موصوف کا خروج ہوگا اور یہ خروج قیامت سے قریب ہوگا۔ تو بیشک وہ شبہ بہت یہ ہے کہ کسی کافر کا ایمان مقبول نہیں ہونے کا گو آپ اپنی سادہ

رائے سے ان ہر سہ امور کے ظہور موعود کو قیامت سے متصل باتصال حقیقی سمجھے۔ حالانکہ ان کا ظہور قیامت سے باتصال حقیقی ہونا عقل اور نقل کے خلاف ہے۔ تو بھی منکرانہ مولوی احمد علی صاحب کے مقابلہ میں حدیث مذکور کا مفہوم آپ ظاہر کرتے ہیں اور اس پر اصرار کرتے ہیں تو بیشک واضح ہوا کہ حدیث مذکور کا مفہوم آپ نے ہی نظر انداز کیا اور یہ آپ کا فعل عمداً اور طبعی قطع و برید سے ہوا۔ ''فاعتبروا یا اولی الابصار''

(اطلاع) اس مقام پر چند امور غور طلب ہیں۔

۱...... یہ کہ مولوی محمد احسن قادیانی اپنی عربی تحریر میں بڑی مضبوطی سے جب شہادت دے چکے ہیں کہ حدیث مسلم پیش کردہ کے موافق بیشک وشبہ آیات ثلث یعنی اپنے چھپنے کی جگہ سے آفتاب کی طلوع ہونے اور دجال موعود اور دابۃ الارض موصوف کی خروج پر ہرگز کسی کافر کا ایمان قبول نہ ہوگا تو ان کو اس اپنی شہادت سے پھر جانے کے گنجائش نہیں ہے اور نہ مسلمانوں کا شیوہ ہے کہ شہادت ایسے طور پر دیویں جس کی اپنے دل میں معتقد نہ ہوں۔ بلکہ یہ خصلت منافقین کی ہے۔ چنانچہ سورہ منافقین میں بیان ہوا کہ اے محمد ﷺ۔ جب تیرے پاس منافق آئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم گواہی دیتے ہیں۔ بے شک تو اللہ کا رسول ہے اور اللہ جانتا ہے کہ البتہ تو اس کا رسول ہے اور اللہ گواہی دیتا ہے کہ منافق جھوٹے ہیں۔ کیونکہ ان کا دل زبان کے ساتھ موافقت نہیں رکھتا۔

۲...... اپنی شہادت مسطورہ پر اگر انہوں نے قیام نہ کیا اور تاویل کی طرف متوجہ ہوکر کہا کہ بقرینہ اسباب کے جو کہا ہے کہ قیامت سے متصل باتصال حقیقی عرض شہادت میں صرف آفتاب کا طلوع اس کے چھپنے کی جگہ سے ہے تو اس پہلو بدلنے کی بھی ان کو گنجائش نہیں ہے۔ اس لئے کہ اتصال حقیقی محض غلط اور قلت تدبر سے بیان کیا گیا ہے۔ کیونکہ اتصال حقیقی میں ضرور ہے کہ جو متصل کسی سے ہے۔ ہرگز جس سے جو متصل ہے ان کی درمیان فاصلہ نہ ہووے۔ جیسے اس خبر کی حرکت جسے پانی بہا کر لے جائے۔ لیکن مغرب سے آفتاب کے طلوع ہونے کے ساتھ ایسا اتصال نہیں۔ ثابت ہوتا ہے جیسے کہ کسی چیز کی حرکت پانی بہا لے جانے والی کے ساتھ ہونی ہے یا کہ آسمان کے کنارہ سے آفتاب کا نکلنا اور دن کا ہونا بلا فاصلہ ہے اور اس لئے کہ انہوں نے اپنی تحریر یں طلوع آفتاب میں مغرب اور خروج دجال اور دابۃ الارض ہر ایک بیان کر کے پھر تشریحاً سب کو ایک حکم کے ساتھ مقید اور جمع کیا۔ چنانچہ کہا کہ ''اعنی الایات الثلاث التی اذا خرجو لا ینفع نفساً ایمانها''

۳...... یہ کہ جب اس عربی عبارت میں کہا کہ ’’لا التی تکون فی زمن المسیح والمهدی ‘‘یعنی نہ وہ نشانات جو مسیح اور مہدی کی زمانہ میں ہوں تو اس سے واضح ہوا کہ مولوی محمد احسن قادیانی کے نزدیک مسلم ہو چکا ہے کہ درحقیقت مرزا قادیانی موعود مسیح اور مہدی نہیں نہ مرزا قادیانی کا یہ دعویٰ احادیث نبوی کے مطابق ہے جو اپنی زمانہ میں دجال دابۃ الارض کے خروج موعود کا وجود بڑے شدومد سے بیان کیا اور مغرب سے طلوع ہو چکنا۔ سنایا ہے۔ اس واسطے میں نے خطوط وحدانی میں ناظرین کے واسطے جتلا دیا ہے(ای غیر الموعودین) کیونکہ بقول مولوی محمد احسن قادیانی کی حدیث مسلم کے موافق بغیر انکار اور تکذیب کے مقر ہوا کہ حسب موعود اپنے چھپنے کی جگہ سے آفتاب کا طلوع اور معہود دجال اور دابۃ الارض کا خروج ہووے گا تو نص قرآنی ’’یوم یأتی بعض آیات ربك ‘‘کے مطابق کسی کافر کو مقبول ایمان نصیب نہ ہوگا اور کوئی شخص اپنے ایمان میں بہتری حاصل نہ کر سکے گا۔ کیونکہ جب شئے پائی جاتی ہے تو اس کے لوازم بھی اس کے ساتھ ہوتے ہیں۔ مثلاً ایمان کے وقت کا ختم ہو چکنا ان نشانیوں مذکورہ کے ظہور پر تو یقیناً ثابت ہوا کہ مرزا قادیانی کو موعود مسیح ومہدی ہونے کا مرتبہ حاصل نہیں ہے۔ دجال معہود کے ظاہر ہو چکنے پر مسیح موعود کا نزول ثابت اور ہمارے اور مرزائیوں کے نزدیک مسلم ہے۔

۴...... ان کی اگلی عبارت نے اس ہمارے نمبر سوئم کی توضیح کو پختہ کر دیا ہے۔ آپ لکھتے ہیں۔

’’خروج دجالی النصاریٰ وان وقع الان ایضا وتسلم انه علامة کبری للقیامة لا صغریٰ ولکن هذا الخروج لیس کخروجهم متصلاً بالقیامة ‘‘ترجمہ اور نصاریٰ دجال کا خروج اگرچہ اس وقت بھی واقع ہوا اور ہم مانتے ہیں کہ وہ البتہ قیامت کے لئے بڑی علامت ہے۔ چھوٹی نہیں ہے۔ لیکن یہ نکلنا ایسا نہیں ہے جیسے کہ ان کا نکلنا قیامت سے متصل ہوگا اور اسی قیاس پر دابۃ الارض ضرور ہے کہ قیامت قائم ہونے کے نزدیک صادر ہوگا۔ جیسے کہ قرآن میں آیا ہے۔

۵...... جب حدیث حضرت ابی ہریرہؓ کے جس میں تین علامتوں مذکورہ بالا کا بیان ہے۔ مجیب صاحب مان چکے کہ اس کا ہم انکار نہیں کرتے اور اس کو ہم نہیں جھٹلاتے ہیں اور ہاں ہم کہتے ہیں کہ ان نشانیوں کے ساتھ ایمان مقبول نہیں ہونے کا اور یہ کہ موعود ظہور ان علامتوں کا ابھی تک نہیں ہوا ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ اپنی اس قدر تشریح کو اگر نظر انداز کریں اور ابن صیاد کے لئے جن روایات میں دجال ہونا بیان ہوا ہے ان کو اس حدیث کے معارض ٹھہرا دیں اور لکھیں کہ جب ابن

صیاد کا وجود درصورت اس کو دجال کہا جائے کہ ایمان کی حد نہ ہوا تو موعود دجال کا خروج ہی جس کے ہلاک کرنے کو نزول عیسیٰ خداتعالیٰ نے مقرر کیا ایمان کی قبولیت کے لئے حد نہیں ہوسکتا تو صاف ظاہر ہوگا کہ وہ انصاف اور حق کے راہ سے ہٹتے اور بناوٹی مسیح کے طرفدار ہوتے ہیں۔ کیونکہ ابن صیاد کا ظہور اور وجود اگر اس کے موعود دجال ہی ہونے سے واقع ہوتا تو ضرور ہوتا۔ تو اس کو ہلاک اور دفع کرنے کے لئے موعود مسیح ابن مریم کا نزول اب تک کب کا واقع ہوچکتا اور سوائے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے تمام روئے زمین کے باشندے خاص اس کے فتنہ سے آزمائے جاتے۔ لیکن نہ تمام روئے زمین کے باشندے اس کے فتنہ سے آزمائے گئے اور نہ مسیح موعود کا نزول اس کو ہلاک اور دفع کرنے کے لئے واقع ہوا تو ہرگز نہیں ہوسکتا ہے کہ دجال موعود کا خروج واسطے بقائے وقت ایمان کے قبولیت کے مماثل زمانہ سے ظہور ابن صیاد کے ہوے۔ بلکہ متعین ہوا جن روایات میں دجال ہونا ابن صیاد کے حق میں آیا ہے وہ اس کے بعض ابتدائی حالات پر نظر کرنے سے ہے جو دجال موعود کے حالات سے تشابہ رکھتے تھے۔ جیسے کہ ابی بکرہ کی روایت سے ظاہر ہے جو ترمذی میں بیان ہوئی۔ یعنی اس نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ دجال کے باپ اور ماں کے تینتیس برس تک بچہ نہیں پیدا ہونے کا پھر ان کے ایک لڑکا پیدا ہوگا۔ بھینگا۔ نقصان کی چیز زیادہ اور فائدہ کی چیز کم رکھتا ہوگا۔ اس کی آنکھیں سوویں گی اور اس کا دل جاگتا ہوگا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے دجال کے ماں باپ کی صورت بتلائی۔ چنانچہ فرمایا کہ اس کا باپ لمبی قد کا جس کے بدن میں گوشت کچھ یوں ہی ہوگا اور ناک پرند کی چونچ سے ہوگی اور اس کی ماں ایک عورت پستان بہت موٹے اور لمبے رکھتی ہوگی۔ ابوبکرؓ نے کہا کہ مدینہ میں میں نے ایک لڑکا کو سنا۔ پس میں زبیر بن عوام کو ساتھ لے کر گیا۔ حتیٰ کہ اس کے والدین کے پاس ہم داخل ہوئے تو اتفاق سے رسول اللہ ﷺ کی صفت بتلائی ہوئی ان میں تھی۔ ہم نے ان سے پوچھا کہ تمہارے کوئی لڑکا ہے سو وہ دونوں بولے کہ تینتیس برس ہم اس حالت میں رہے کہ ہمارے بچہ نہیں ہوتا تھا۔ پھر ہمارے ایک لڑکا پیدا ہوا۔ بھینگا نقصان کی چیز زیادہ اور فائدہ کی چیز کی کمی والا اس کی آنکھیں سوتی ہیں اور اس کا دل نہیں سوتا۔ کہا راوی نے پھر ہم نکلے ان کے پاس سے تو اتفاق سے وہ لڑکا ایک چادر اوڑھے ہوئے۔ دھوپ میں لیٹا ہوا ہے اور کچھ کھسر پسر کرتا ہے۔ پھر اس نے سر کھولا اور بولا کہ تم نے کیا کہا تھا۔ (یعنی اس کے والدین سے) ہم نے جواب دیا کہ تو نے کیا سن لیا جو ہم نے کہا۔ اس نے کہا کہ ہاں میری آنکھیں سوتی ہیں میرا دل نہیں سوتا۔

وضع...... یہ امر مسلم فریقین ہے کہ زمانہ دجال اور حضرت مسیح کا ایک ہے۔
رفع...... یہ اتحاد زمانی جونہایت قلیل عرصہ کے لئے مابین مسیح الدجال اور مسیح ابن مریم احادیث سے لے کر پیش کی ہے۔ ہرگز اس بات کی دلیل نہیں ہوسکتی کہ اس وقت میں عنداللہ کفار کا ایمان قبول ہوگا تاوقتیکہ نص قطعی کو مجیب صاحب اپنے مدعا کے ثبوت پر پیش نہ کریں۔ کیونکہ جو حدیث یہاں پر مجیب صاحب نے لکھی ہے اس سے اصل مدعا کو کچھ تائید نہیں ہے۔ اس لئے کہ بحث اس بارہ میں نہیں قائم ہوئی کہ کچھ وقت باہم دجال اور عیسیٰ موعود کی متحد ہی نہیں ہے۔ علیٰ ہذا وہ اتحاد زمانی جو امام مہدی اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کے لئے آپ سناتے ہیں۔ آپ کے مدعا کو مثبت نہیں ہے۔
وضع...... پس اس حدیث مسلم کی بموجب جس کے راوی ابوہریرہؓ ہیں زمانہ مسیح ومہدی میں ہی آپ کی تقریر شبہ کے بموجب کسی نفس کو ایمان نفع نہ دیوے گا۔ پھر جس مسیح ومہدی کا آپ کو انتظار ہے۔ ان کی بھی جملہ کوششیں اور سعیان دربارہ دعوت اسلام وایمان بالکل لغو اور بے کار ہوگئیں۔
رفع...... تقریر شبہ کی بابت آئے حضرت آپ تو پہلے کہہ چکے تھے کہ مولوی احمد علی صاحب نے وہ حدیث ابی ہریرہؓ والی جس میں تین علامتوں کا ظہور بیان ہوا ہے۔ افسوس ہے کہ نظرانداز کردی جن کا یہ نتیجہ ٹھہرتا ہے کہ شبہ کی تقریر صرف اس پر تھی کہ آپ نے مغرب سے آفتاب کے طلوع کرنے پر بموجب اوّل کی حدیث ابی ہریرہؓ کی کسی کافر کا ایمان قبول نہ ہوگا اور یہاں تین علامتوں والی حدیث کو شبہ کی تقریر آپ جتلا رہے ہیں۔ فرمائیے تو آپ کے متناقض جواب کی بدرنگی ظاہر ہورہی ہے۔

شادم کہ ازر قیبان دہن کشان گذشتے
گومشت خاک ماہم برباد رفتہ باشد

اے مولانا اب فرمائیے کہ آپ اپنے پہلے قول کو مانتے ہیں جہاں نظراندازی پر افسوس لکھا ہے تو آپ کے یہ اتحاد زمانے کی سب تقریر غلط ہوگئی یا کہ شبہ کی تقریر میں حضرت ابی ہریرہؓ کی وہ تین علامتوں والی حدیث تسلیم کرتے ہیں تو آپ کا پہلا افسوس آپ ہی کے اوپر عائد ہوا اور جب کہ دجال موعود کے خروج سے زمانہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ٹکر جائے اور امام مہدی کے قافلہ میں دجال کے خروج کرنے کی دھوم مچ جائے۔ اسی وقت میں ایمان مقبول ہونے کفار کے بابت تاوقتیکہ آپ نص قطعی نہ پیش کریں گے۔ صحیح مسلم کی حدیث نبوی جو حضرت ابوہریرہؓ سے منقول

ہوئی۔ ساقط الاعتبار نہیں ہوسکتی۔ بلکہ ایمان کی تحدید بیان کرنے میں محکم مانی جائے گی اور مہدی صادق اور ابن مریم موعود کی آمد اور کوشش وسعیان جن کے ہم منتظر ہیں۔ آپ کا ان کو مؤمنین کی نصرت اور تائید کے واسطے نہ ماننا اور کفار کی حمیت میں زور لگائے رہنا یہ کیسی آپ کے بے اصل سرگرمی ہے۔ نعوذ باللہ منہ! اے مولانا غیر موعود عیسیٰ کی طرفداری چھوڑی۔ جس کی ہم پہلے اطلاع دے چکے ہیں۔ یعنی آپ اپنی عربی اقراری تحریر یاد کر کے صحیح مسلم کی حدیث سے منہ نہ موڑیئے اور آپ اپنے اس فہم نادرست کو واپس لیجئے کہ رسول اللہ ﷺ کے وجود باجود سے ایمان کی تحدید کی خبر نکالتے ہیں۔ ’’نعوذ باالله من شرالوسواس الخناس‘‘

وضع ...... جو جواب اپنی مسیح ومہدی ومنتظر کا عنایت فرماویں۔

رفع ...... حضرت مسیح موعود ومہدی موصوف جن کا انتظار اور ان کی لغت کا اظہار احادیث نبوی ﷺ میں مؤمنین کو سنایا گیا ہے وہ تو آپ کو جتلا دیا گیا ہے کہ مہدی اور عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کو خداتعالیٰ اس لئے بھیجے گا کہ اس سے مؤمنین بندوں کو نصرت وتائید ہووے اور کفار کو ذلت پہنچے اور ان کے شرور کو دفع کریں۔ ’’والله ولی المؤمنین وان الله مخزی الکافرین‘‘ کا مضمون صدہا جگہ قرآن وحدیث میں موجود ہے پر کہیں ایک جگہ بھی نہ قرآن کریم میں بیان ہوا کہ طلوع الشمس من مغربہا کے یا کہ خروج دجال موعود کی یا ظہور دابۃ الارض موصوف کے ہونے پر یا کہ یاجوج وماجوج کے دنیا میں پھیل کر سطوت پا جانے کے بعد جب کہ ارواح مؤمنین قبض ہوچکیں گی۔ کفار کا ایمان مقبول ہوگا۔ اگر آپ اس خاص خاص اوقات کے اندر کفار کے مقبول ایمان ہونے کی بابت آیات قرآنی اپنے پاس رکھتے ہیں تو کیوں نہیں پیش کرتے اور کس لئے اپنے قیاس کو قرآنی آیات ٹھہراتے ہیں۔ ’’نعوذ بالله منه‘‘ اور نہ احادیث نبویہ میں کہا گیا کہ ان مخصوصہ اوقات میں کسی کافر کا ایمان نفع دیوے گا یا اپنے ایمان میں کوئی شخص بہتری حاصل کرے گا۔ ہاں قرآن وحدیث میں ہے تو آپ کا اور آپ کے جعلی مسیح کا زعم غلط کر دینے والا بیان موجود ہے۔ فرمایا خداتعالیٰ نے ’’یوم یأتی بعض اٰیات ربك لا ینفع نفساً ایمانها لم تکن اٰمنت من قبل او کسبت فی ایمانها خیراً‘‘ اور حضرت ابی ہریرہؓ کی حدیث سے واضح ہوا کہ وہ نشانیاں رب کی جن میں سے ایک ہے کہ ظہور سے کفار کو ایمان مقبول نصیب نہیں ہوسکتا وغیرہ! وہ تین چیزیں ہیں یعنی اپنی چھپنے کی جگہ سے آفتاب کا طلوع اور دجال موعود کا خروج اور دابۃ الارض موصوف کا ظہور وہ سورہ نمل میں ارشاد ہوا۔ ’’واذ وقع القول علیهم‘‘

یعنی جب کفار پر حجت الٰہی قائم ہوجاوے گی۔’’اخرجنا لھم دابۃ الارض ‘‘ہم ان کے لئے دابۃ الارض کو نکالیں گے’’تکلمھم ان الناس کانوا باٰیتنا لا یوقنون ‘‘ان سے کہے گا کہ تحقیق لوگ ہماری آیتوں کا یقین نہیں کرتے تھے اور سورۂ انبیاء میں فرمایا۔’’حتیٰ اذا فتحت یاجوج وماجوج وھم من کل حدب ینسلون ‘‘یعنی جو تین چیزیں اوپر بیان ہوئیں اور جمع عطفی کے لئے بوسیلہ واؤ کے ذکر ہوئیں ایک یہ کہ جو شخص بحالت ایماندار ہونے کے نیکیوں سے عمل میں لاوے تو اس کی کوشش مشکور ہے۔ دوسرے یہ کہ اس کو خداتعالیٰ اس کے اعمالنامہ کے اندر درج کرتا ہے۔

تیسری یہ کہ خداتعالیٰ نے جس بستی کو ہلاک کیا ان کے رجوع کی حرمت ان کے وقت کا ختم ہوچکنا اس پر ہے کہ یاجوج وماجوج کشادگی پاویں اور وہ ہر ایک بلندی پر پھیل جاویں۔ اب دیکھ لیجئے کہ جس مہدی ومسیح کا انتظار ہے ان کی آمد کس قدر مطابق تر وعدہ الٰہی سے ہے جو فرمایا۔ ’’انا لننصر رسولنا والذین اٰمنوا فی الحیوٰۃ الدنیا ویوم یقوم الاشھاد ‘‘ ترجمہ البتہ ہم بے شک اپنے پیغمبروں کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے مدد دیتے ہیں درمیان زندگی یعنی دنیا کے اور اس دن کہ گواہی دینے والی گھڑی ہوں گے پھر اپنے مرزا قادیانی غیرموعود مسیح ومدعی مہدی کے نشان دیکھئے کہ انہوں نے امت محمدیہ کے مؤمنین میں کیسے پھوٹ ڈالے اور الہامات کاذبہ سنا سنا کر کیسے خداتعالیٰ کی طرف سے ذلت پائی۔ اس پر بھی مرزائیوں کو عبرت نہ ہو تو وہ جانے سچ ہے ؎

ظلم کی ٹہنی سدا پھلتی نہیں
ناؤ کاغذ کی کہیں چلتی نہیں

وضع…… پھر صحیح مسلم کی حدیثوں میں یہ بھی موجود ہے۔

رفع…… اے مولانا آپ کی استدلال کا ابطال پہلے گذر گیا ہے۔ یعنی تاوقتیکہ آپ ابن صیاد کے زمانہ میں مسیح موعود کا نزول اس کے ہلاک کر چکنے کے واسطے ثبوت کے ساتھ پیش نہ کر چکیں گے۔ ابن صیاد کا دجال موعود ہونا ہرگز نہیں ثابت ہوتا ہے اور یہ بات پہلے بھی کہی گئی ہے۔ اب پھر جتلائی جاتی ہے کہ ابن صیاد کے حق میں دجال کہے جانے کا سبب یہ ہے کہ جب حدیث ابی بکرہ کی ابن صیاد میں دجال کی طرف بعض صفات مشترک تھیں جن کے اوپر نظر کرکے اور اس کی ابتدائی کیفیت دیکھ کر اس وجہ سے کہ وہ کسی قدر صفات موعود دجال کے ساتھ متصف تھا۔ اس کے دجال

ہونے پر بعض صحابہؓ نے باہم مذکور کیا اور حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت عمرؓ نے ابن صیاد کو حلف کر کے دجال کہا تاکہ یوں حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ:’’واللہ ما اشک ان ابن صیاد ھو المسیح الدجال‘‘یعنی میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں ابن صیاد کے دجال ہونے میں شک نہیں کرتا ہوں اور مسلمات سے ہے کہ اگرچہ بعضے رائے حضرت حضرت عمر کے موافق اللہ تعالیٰ نے وحی پہنچی۔ لیکن یہ بات ہرگز اس کو مستلزم نہیں ہے کہ ہر ایک ان کی رائے یا کہ ہر ایک ان کا قول خدا تعالیٰ کی وحی کے منطبق ہوتا تھا۔’’ومن ادعی فعلیہ البیان‘‘اور یہ بھی یقینی امر ہے کہ آئندہ کی خبر بغیر خدا تعالیٰ کے بتلائے کوئی نہیں جانتا ہے۔ چنانچہ خدائے تعالیٰ نے فرمایا۔’’وما تدری نفس ماذا تکسب غدا‘‘پس مذکور بالا وجوہات سے روشن ہے کہ نہ جابر بن عبداللہؓ اور حضرت عمرؓ یا کہ دوسرے صحابہ کا ابن صیاد کو دجال کہنا اور خیال کرنا غلط ہے اور نہ ابن صیاد کا موعود دجال ہونا ثابت ہے۔ پس بجز سفسطہ کی نہیں ہے۔ جو مولوی محمد احسن قادیانی نے ابن صیاد کی روایات کو قلم بند کیا کہ’’ان جابر بن عبداللہ حلف باللہ تعالیٰ ان ابن صیاد ھو الدجال وانہ سمع عمر یحلف باللہ علی ذلک عند النبی ﷺ وروی ابوداؤد باسناد صحیح عن ابن عمر انہ کان یقول واللہ ما اشک ان ابن صیاد ھو المسیح الدجال‘‘اور یہ خیال بھی مولانا کا غلط ہے جو وہ سوچتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے جب رسول اللہ ﷺ کے سامنے حلف کر کے ابن صیاد کو دجال کہا اور آنحضرت ﷺ نے اس وقت سکوت فرمایا تو اس سے ابن صیاد کا موعود دجال ہونا مقرر ثابت ہوا۔ کیوں نہ دوسری احادیث میں مصرح ہو چکا ہے کہ حضرت عمرؓ نے آنحضرت ﷺ سے اپنے زعم کے موافق ابن صیاد کو قتل کر ڈالنے کی اجازت مانگی تو جواب یہ ملا کہ ابن صیاد اگر وہی موعود دجال ہے تو اس کے قتل کرنے پر تم قابو نہ پاؤ گے اور جو ابن صیاد موعود دجال نہیں ہے تو اس کا قتل بے ضرورت ہے۔ پس جب آنحضرت ﷺ کے نزدیک ابن صیاد کا موعود دجال ہونا متحقق نہ ہوا تو حضرت عمرؓ کی حلف کرنے اور ابن صیاد کے دجال کہنے پر سکوت فرمانا آنحضرت ﷺ کا محض اسی وجہ سے ہوا کہ دجال کی کچھ صفات ابن صیاد میں موجود تھیں۔ فقط نہ یہ کہ درحقیت وہ دجال موعود تھا اور کیونکر وہ دجال موعود ٹھہر سکتا ہے۔ جب کہ بعد میں وہ اسلام لایا اور مسکونہ زمین بلکہ مدینہ منورہ کے باشندوں میں سے ایک شخص تھا۔ حالانکہ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ کہا میں نے سنا فرماتے ہوئے نبی ﷺ کو وفات سے ایک مہینہ پہلے کہ تم مجھ سے قیامت کا وقت پوچھتے ہو اور بجز اس کے نہیں کہ اس کا علم خدا کے پاس ہے

اور میں اللہ کی قسم کے ساتھ کہتا ہوں کہ انہیں میں سے زمین پر کوئی سانس لینے والا شخص (یعنی آج) کہ اس پر سو برس آویں اور وہ اس وقت تک جیتا رہے یہ روایت بھی صحیح مسلم کی ہے تو کیا قبل آمد مسیح موعود کے ابن صیاد بموجب حدیث نبی کے سو برس کے اندر مر نہ چکا؟

الحاصل جب تحقیق ہو چکا کہ ابن صیاد دجال موعود نہیں تھا تو اس کا وجود اور ظہور کوئی بھی مولوی محمد احسن قادیانی کے واسطے نہ جواب کے صلاحیت رکھتا ہے اور نہ اس سے مولوی احمد علی کے پیش کردہ شبہ پر کچھ اعتراض عائد ہوتا ہے۔ اب مجیب صاحب پنے تمسکات کو دیکھیں کیسے کمزورگی اور قادیانی کے لئے کچھ بھی فائدہ مند نہ ہوئے۔

وضع...... آپ کے شبہ کی تقریر کے بموجب جو اعتراض مرزا قادیانی پر وارد ہوتا ہے اس سے بہت ہی بڑھ کر ان اجلہ صحابہؓ پر وارد ہوتا ہے۔

رفع...... واہ مولانا اسی فہم کے بھروسہ پر مجیب بننے کا حوصلہ کرتے تھے اور اپنے ارادہ باطل کے سوائلسبیل کو سواء السبیل سے نامزد کرتے تھے۔ اجی حضرت جو شبہ مولوی احمد علی صاحب نے پیش کیا ہے اس سے ہرگز نہ کسی صحابی پر اعتراض وارد ہے اور نہ بزرگان دین میں سے کسی پر۔

گرت چشم خدا بنی بخشند
نہ بنی ہیچ کس عاجز تراز خویش

اب فرمایئے! آپ کا اور آپ کے مرزا قادیانی کا غلط بیان میں کیا حال ہے۔ اعتراض کے ورود سے کوئی مخلص نہیں ہے۔

للہ الحمد ہرانچیز کہ خاطر می خواست
آخر آمدر پس پردہ تقدیر پدید

وضع...... اور مرزا قادیانی کی عبارت حمامۃ البشریٰ پر آپ نے بالکل غور نہیں فرمایا۔ اگر غور فرماتے تو ایسا شبہ ہرگز پیدا نہ ہوتا۔

رفع...... مولانا جانچ کر دیے گئے تو آپ پر واضح ہو کہ آپ حمامہ کے مضمون سے کہاں تک بچتے ہیں۔ عبارت کیا ہے اور آپ کیا کہتے ہیں۔

وضع...... کیونکہ مرزا قادیانی نے معترض کے قول میں تو البتہ طلوع الشمس کو منجملہ دیگر امارات مسیح کے ذکر کیا ہے۔

رفع...... یہ بات آپ کی بے اصل ہے۔ بلکہ یہ آپ کا قول اس امر کو مستلزم ہے کہ یا تو آپ اور

آپ کے مرزا قادیانی دونوں شخص مسیح موعود کے علامات متقدم کے پہچاننے سے بے خبر ہیں یا جان بوجھ کر عمداً غلط کی راہ ناپتے ہیں۔ کیونکہ کسی اسلامی کتاب میں نہیں بیان ہوا کہ مسیح موعود کی یہ علامت ہے کہ ان کے نزول سے پہلے آفتاب اپنی مغرب سے طلوع کرے گا یا کہ یاجوج وماجوج کا ظہور ہوگا یا دابۃ الارض خروج کرے گا۔ تاکہ مرزا قادیانی پر ان چیزوں کی عدم ظہور سے کوئی شخص معترض ہوتا اور اس کے جواب دینے کی طرف توجہ کی جاتی اور جب باوجود ان تینوں چیزوں کے مسیح موعود کے لئے نزول سے پہلے نشان مقرر نہ ہونے کے مرزا قادیانی بجائے تردید کرنے زعم معترض کے اس کے جواب میں بولے۔ ’’فاعلم ان هذه الانباء قد تمت كلها ووقعت كما كانت فى الاثار ‘‘تو جان کہ تحقیق لئے سب خبریں البتہ کل تمام ہوچکیں اور واقع اس طور ہوچکیں جیسے احادیث میں ہیں۔

اور آپ لاطائل تکلفات سے گوحمامہ کی عبارت میں سے جب کہ مرزا قادیانی پر سخت اعتراض وارد ہوا طلوع الشّمس من مغربہا کو مستثنیٰ ٹھہرا کر کہنے لگے کہ ہذہ! اشارہ متوسط کے ساتھ اور لام عہد کا لفظ الانباء میں موجود ہونے سے مرزا قادیانی کے مراد علاوہ طلوع الشّمس من مغربہا کی مسیح سے متقدم علامات میں اس آپ کے کمزور توجیہ پر جب راقم الحروف نے چند مرتبہ تحریری زور دے کر آپ سے پوچھا کہ وہ کون سی علامات متوسط ہیں۔ جن کے آپ ’’هذه الانباء‘‘ سے مراد لیتے ہیں تو جواب میں یاجوج وماجوج اور دابۃ الارض کا ظہور آپ نے لکھا۔ اس پر کسی حدیث کی شہادت راقم الحروف نے جب طلب کی تو پیش کرنے سے درماندہ رہ کر جواب نویسی کی طرف سے ایسا دم سادھا جیسا کہا کرتے ہیں کہ فلانے کو سانپ سونگھ گیا۔ پس آپ کا یہ لاچار رہنا اور مرزا قادیانی کا معترض کے قول کے موافق ان چیزوں کو نزول مسیح سے پہلے علامات کے طور پر وقوع کے ساتھ تسلیم کر لینا اس بات کی کھلی ہوئی دلیل ہے کہ یا تو آپ اور آپ کے مرزا قادیانی دونوں شخص مسیح موعود کے علامات متقدم کی پہچاننے سے بے خبر ہیں یا جان بوجھ کر غلطی کی راہ چلتے ہیں۔ نعوذ باللہ منہ!

وضع...... اس کے آگے مرزا قادیانی مفصل طور پر جواب تفصیل سے دیتے ہیں اور ثابت کرتے ہیں کہ فلاں پیشین گوئی رسول مقبول ﷺ کی اس طرح واقع ہوچکی اور فلاں اس طرح پر۔

رفع...... اے مولانا غت ربود نہ کیجئے اور ’’لا تقربو الصلوٰة ‘‘ کا طور نہ لیجئے۔ اگر آپ یہ خیال کر کے گھٹا گھٹو کر بات لکھ دیجئے کون درپے سراغ ہوتا ہے تو یہاں آپ کی چالاکی نہ چلے گی۔

کتاب دیکھو کہ کلام مفصل میں پہلے قیامت کی نشانیاں ظاہر ہونے کا طور بتلایا ہے اور قیامت کی جو بڑی نشانیاں ہیں ان کی بابت بڑی مضبوطی سے کہا کہ وہ بجز استعارات کے اور محاورات کے کبھی ظاہر نہیں ہوتی ہیں اور اپنی ظاہری صورت پر ہرگز ظاہر نہیں ہوں گے اور اسی دعویٰ کے توثیق میں کلام کو خوب طول دیا ہے۔

وضع...... لیکن اس تفصیلی جواب میں طلوع الشّمس من مغربہا کی نسبت ایک حرف تک تحریر نہیں فرمایا کہ یہ بھی پوری ہوچکی۔

رفع...... مجیب صاحب نے یہاں طبیعت کے نہایت سادگی سے کام لیا ہے یا یوں سمجھئے کہ بغرض تحریف بیان مرزائی کے ص۸۳،۸۴ حمامہ کی عبارت کو چھپایا ہے۔ یہ کتاب کچھ ایسی عنقاء صفت نہیں کہ مقام تحریف شدہ کو اس میں سے نکال کر کوئی سمجھدار شخص دیکھ نہ سکے یا کہ کسی دوسرے کی معرفت سے پڑھوا کر سمجھ نہ سکے۔ کیا جہاں میں سب مرزائی اور بزاخفش کے مانند آدمی ہیں جو مولوی محمد احسن قادیانی کے غلط بیانی پر کہہ نہ لیویں گے اور زہر خندہ یا کہ سر جھکا لینے کے ساتھ اس پر فخر یا کہ سکوت کریں گے۔ اے مولانا چشم عبرت کھولئے اور جواب کی تفصیل ص۸۳،۸۴ کو حمامہ کے اندر دیکھئے کہ پہلے یہ قاعدہ کلیہ آپ دیکھیں گے۔ مرزا قادیانی نے بیان کیا کہ جو قیامت کی بڑی نشانیاں ہیں وہ بجز استعاروں اور مجازات کے جلوہ پذیر نہیں ہیں اور ظاہری صورت پر ہرگز کبھی نمودار نہیں ہونے کی پھر ان قیامت کے نشانات کو جن کے واقع ہوچکنے کا کلیت کے ساتھ دعویٰ کیا ہے۔ انہیں کی تفصیل کرتے ہوئے اور ظاہری طور پر ان کے وقوع مراد لینے پر اعتراض کرتے ہوئے (حمامتہ البشریٰ ص۸۴، خزائن ج۷ ص۳۰۴) میں جگہ طلوع الشّمس من مغربہا کا ذکر کیا ہے۔ ایک چوتھی سطر میں ان لفظوں کے ساتھ کہ ''طلوع الشمس من مغربھا کما اخبر عنھا رسول اللّٰہ ﷺ''

دوسری بارھویں سطر میں اس قدر توضیح اگر آپ کے نزدیک بمقدار ایک حرف کے شمار نہیں ہوتی تو یوں کہئے کہ بیان مرزا قادیانی نے کسی نشان کی بجز دابۃ الارض کے تفصیل ہی نہیں کی اور وہ یہی احادیث نبوی سے مطابق نہ ہونے کے سبب اور قرآن شریف کے مخالف پائے جانے کے سبب محض غلط ہے۔ چنانچہ سابقہ واضح کیا گیا۔

وضع...... اور مرزا قادیانی نے طلوع الشّمس من مغربہا کو مسیح موعود کی امارات اور مقدمات میں سے کہیں نہیں شمار کیا۔

رفع...... مولانا آپ کی ابلہ فریب تقریر مردود ہوچکی اور جیسے کوئی عالم معتبر سلف خلف میں سے اس کا قائل نہیں ہے کہ طلوع الشمس من مغربہا مسیح سے مقدم ہوچکے گا۔ ایسے ہی اس کا ہی قائل نہیں ہے کہ مسیح موعود کے نزول کے مقدم علامت ’’فتحت یاجوج وماجوج وھم من کل حدب ینسلون‘‘ ہے۔ کیونکہ مرزاقادیانی حمامہ ص۲۹ حاشیہ سطر۴ سے ۱۴ تک میں ان کے لئے ایسے ہی ظہور کے قائل ہیں۔ علیٰ ہذا محدثین میں سے کسی نے صحیح حدیث نہیں بیان کی۔ جس میں دابۃ الارض کا ظہور واسطے مسیح موعود کے نزول سے متقدم علامت ہونے کا مذکور کیا ہو۔ ہاں آپ اور آپ کے مرزاقادیانی نے دلیل کے اس بارہ میں مدعی ہوئے دیکھو۔ رقیمۃ الاخلاص کے اندر اپنی تاریخ غلط والی شق اوّل میں جس کا ثبوت آپ سے طلب کیا گیا ہے اور ہنوز اس کا جواب ندارد ہی ہے۔ دونوں امور صریح اس پر گواہ ہیں کہ آپ اور مرزاقادیانی دونوں ہوئے نفسانی کے پیرو ہیں نہ کہ احادیث نبوی کے تابع۔ پس کیونکر باور ہوسکے کہ طلوع الشمس من مغربہا کو نزول مسیح کے لئے پہلی امارات شمار کرنے سے اس بناء پر مستثنیٰ مانا ہے کہ اس کو کسی عالم نے سلف وخلف میں سے علامت مقدم المسیح نہیں کہا ہے۔

وضع...... اور مرزاقادیانی پر یہ کب ضرور ہے کہ ہر لغویات معترض پر توجہ فرما کر مثل مدرسوں اور معلموں کے ان کو پڑھانے بیٹھتے۔

رفع...... آپ کا یہ عذر محض واہی اطفال ہرزہ گرد کا سا ہے۔ کیونکہ ظہور یاجوج وماجوج اور خروج دابۃ الارض جو کسی حدیث صحیح میں نزول مسیح کے لئے مقدم علامات سے بیان نہیں ہوئی ہیں۔ جس حال میں کہ آپ مان چکے ہیں کہ مرزاقادیانی کے نزدیک آپ کا نزول سے مقدم ہوچکنا مسلم ہے اور حمامہ کی عبارت میں ’’ھذہ الانباء‘‘ کے اشارہ متوسط اور الف لام معہود سے انہیں کو معہود اور مقصود وبالاشارہ اپنی تحریر میں جو غلط تاریخ کے ساتھ لکھی ہے آپ تسلیم کرچکے ہیں تو مرزاقادیانی اور آپ لغوبات کے پیرو ثابت ہوئے۔ اس صورت میں آپ کا طلوع الشمس من مغربہا کو جب کہ قد تمت کلہا کے ساتھ جتلانے سے دیگر لغویات میں شامل ہے۔ مستثنیٰ کرنا اور مرزاقادیانی نے جو اس کا مستثنیٰ ہونا بیان نہیں کیا اس کی وجہ عدم ضرورت کہنا سراسر لغو اور بے سمجھ اطفال کا سا بہانہ ہے اور چونکہ (حمامہ ص۸۳، خزائن ج۷ص۳۰۲) میں اعتراض والی عبارت مرزاقادیانی کی بناوٹی بات ہے۔ کیونکہ جیسے کسی حدیث میں نہیں آیا نزول مسیح کے لئے پہلی علامت یاجوج وماجوج کا ظہور اور دابۃ الارض کا خروج ہے۔ لہٰذا بحیثیت ایجاد تقریر اعتراض کی مرزاقادیانی کو آپ خواہ سفیہ لکھیں خواہ سفاہت سے بیان کنندہ اس کو آپ کا ذہن جانے اور مرزاقادیانی کا ذہن وسخن۔

وضع...... جو امارات مقدمہ مسیح تھیں ان کا پورا ہونا ارشاد فرمایا۔

رفع...... آپ کا یہ قول بھی غلط ہے اور حق یہ ہے کہ جو نشانیاں مقدمہ نزول مسیح نہیں تھیں ان کو بھی نزول مسیح کے لئے مقدمہ ٹھہرایا ہے۔

وضع...... اور دلائل سے اس کو ثابت بھی کر دیا۔

رفع...... مرزائیوں کے زعم فاسد میں آمد مسیح موعود کے نشانوں کا پورا ہو چکنا مرزا قادیانی نے دلائل سے ثابت کیا ہوگا۔ ورنہ حقیقت استدلال کی دیکھئے تو وہ ابلہ فریبی کی تخیلات سے فوقیت نہیں رکھتی۔

وضع...... اگر اب بھی آپ کا شبہ دفع نہ ہوا تو آپ پر ضرور ہے کہ کسی کتاب میں پتہ ونشان دیویں کہ مرزا قادیانی نے طلوع الشّمس من مغربہا کو لکھا ہے کہ پورا ہو چکا یعنی اپنی ظاہری معنوں پر۔

رفع...... اے مولانا آپ کا مولوی احمد علی سے یہ مطالبہ بھی غلط ہے۔ کیونکہ جب حمامہ کی عبارت میں جو شبہ کا مقام ہے آپ کو جتلا دیا تھا کہ مرزا قادیانی کے نزدیک طلوع الشّمس من مغربہا کے خواہ کچھ ہی معنی ہوویں جس حالت میں کہ اس کا کلیت کے ساتھ اس حدیث سے پورا ہو چکنا وہ کہہ چکے۔ جس طور کہ اس کا واقع ہونا آثار چیدہ اور ثقہ راویوں کے جمع کئے ہوئے میں تھا تو آپ کو کیا مجاز رہا کہ شبہ کی اصل تقریر میں سے عبارت کم وبیش کر کے آپ بات کے طالب بنیں۔ مولوی احمد علی صاحب طلوع الشّمس من مغربہا کے بابت مرزا قادیانی کو وہ قول دکھلا دیں جس میں مذکور ہو کہ ظاہری معنوں پر آفتاب کا اپنے چھپنے کی جگہ سے نکلنا پورا ہو چکا۔ اجی حضرت کیا آپ کو یاد نہیں رہا کہ مولوی احمد علی صاحب نے اپنے شبہ کی تقریر کو مذکورہ بالا عبارت کے ساتھ جب واضح کر دیا تھا جو ابھی تحریر ہوئی ہکے بکے سے آپ رہ گئے تھے۔ یہ آپ کی لاچاری دیکھ کر صدمہ آوے جو موقعہ پر مباحثہ کے موجود تھی۔ دائیں بائیں سے آپ کے دعویٰ باطل جاننے سے ہنسنے لگے۔ زردروئی آپ کی بڑھے خوش لبی نے ترقی کی بار بار پانی پیکر سخن کا پہلو بدلنے لگے اور اعتراض کے جواب سے گریز کر کر کے اس طرف متوجہ ہوئے کہ ایک گھنٹہ وعظ گوئی کی اجازت ملی تو حضرت مسیح اور امام مہدی کے زمانہ میں ایمان کا مقبول ہونا سنایا جاوے۔ بجواب اس کے بعد اس عذر کی کہ یہ جلسہ ادلہ کے ساتھ مباحثہ ومناظرہ کے واسطے منعقد ہے۔ وعظ گوئی میں وقت ختم کرنے کے لئے نہیں ہے۔ جب آپ کو یہ کہا گیا کہ اچھا وعظ شروع کیجئے اور بجائے ایک گھنٹہ کے ہمارے طرف

سے وقت دو گھنٹہ کا لیجئے۔ لیکن پہلے یہ وعدہ کر لیجئے کہ بعد ختم وعظ کے بیضاوی یا کسی حدیث کی کتاب میں عبارت اپنے پہلے وعدہ کے مطابق دکھلاویں گے کہ طلوع الشمّس من مغربہا کی بعد اور نیز مہدی و مسیح کا جو زمانہ دجال کے زمانہ سے مل جاوے اور ٹکرا جائے اس میں کفار کا ایمان لانا فضول نہ ہوگا۔ تو اس شرط کی ایفاء کرنے پر نہ جمے اور صرف بیان وعظ ہی کے واسطے اجازت طلب کرتے رہے۔ لیکن یوں بلا ایفائے وعدہ کیوں اجازت آپ کو ملنے لگی تھی۔ آخر آپ نے زک پانے سے پوری ندامت اٹھائی جب گھر پہنچے تو الٹ پلٹ کر تقریر شائع کرنے کے لئے بنائی۔ مگر سچ ہے غلط بیانی کے پاؤں کم ہوتے ہیں۔ آپ کی یہ تحریر بھی غلط بیانوں سے مرتب ثابت ہوئے۔

اے مولانا ’’ولا تقف ما لیس لك به علم ان السمع والبصر والفوأد کل اولئك کان عنه مسئولا ولا تمش فی الارض مرحا انك لن تخرق الارض ولن تبلغ الجبال طولا کل ذلك کان سیئة عند ربك مکروها‘‘

وضع ...... دونہ خرط القتاد۔

رفع ...... شاباش مولانا مرزا قادیانی کی مفروضہ معنی کی بابت جو ظاہری طور پر نہیں ہیں آپ کے ہی منہ سے خرط القتاد نکلا۔ واقعی زعم مرزا بے خیال بطخ سے مناسب ہے۔

وضع ...... ’’ایها الناظرین ‘‘ ایسے بے جا نکتہ چینیوں سے حضرت اقدس پر کوئی اعتراض وارد نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ حضرت اقدس نے ص۸۴ حمامہ میں خود تصریح فرمادی ہے کہ طلوع الشمّس من مغربہا قبل مسیح نہیں ہوسکتا۔

رفع ...... اے مولانا گھبرایئے نہیں ناظرین ابھی دیکھ لیتے ہیں کہ مرزا قادیانی پر اعتراض کا ورود اور ان کی بابت نکتہ چینی کیسے چسپاں ہے کہ انگوٹھی کا نگ ہونا ان کی صفت کہنی چاہئے اور ابھی کھل جاتا ہے کہ آپ نے بے جا تعصب میں سرگرم ہوکر عبارت ص۸۴ میں کیسی تحریف کر چکی ہیں۔

وضع ...... دیکھو اس عبارت کو۔

رفع ...... اجی حضرت عبارت تو دیکھئے۔ فرمایئے تو جس عبارت کو آپ نے لکھا ہے اس میں کہاں مرزا قادیانی نے لکھا ہے کہ طلوع الشمّس من مغربہا قبل مسیح نہیں ہوسکتا۔

راست گفتند یک زو بیند لوچ

افسوس! کیسے دروغ گوئی اپنے تہہ دل میں جما رکھی ہے۔ لیجئے! اصل عبارت محولہ لکھی جاتی ہے اور آپ کی غلط بیانی کی قلعی کھلی جاتی ہے۔

’’ولا جل ذلك كتبت فى كتبى غير مرة ان هذه كلها استعارات وما اراد الله بها الا ابتلاء الناس ليعلم من يعرفها بنور القلب ومن يكون من الضالين ولو فرضنا انها تظهر بصورها الظاهرة فلاشك ان من ثمراتها الضرورية ان يرتفع الشك واشبة والمرية‘‘

(حمامۃ البشریٰ،خزائن ج۸۴،خزائن ج۷ص۳۰۴)

اوراس لئے میں نے اپنی کتابوں میں کئی مرتبہ لکھا کہ بے شک یہ کل استعارے ہیں اوراللہ تعالیٰ نے ان سے نہیں ارادہ کیا مگرآزمائش آدمیوں کی تاکہ معلوم کرے کون ان کودل کے نورسے پہچانتا ہےاورکون بہکنے والوں سے ہوتا ہےاوراگرہم فرض کرلیتے کہ البتہ وہ اپنی ظاہری صورتوں سے ظاہرہوں گےتو بے شک تواس فرض کرلینے کاضروری نتیجہ یہ ہے کہ اٹھ جاوے شک اورشبہ اورکھٹکا۔

’’من قلوب الناس كما يرتفع فى يوم القيمة فاذا زالت الشكوك ورفعة الحجب فاى فرق بقى بعد انكشاف هذه العلامات المهيبة الغربية فى تلك الا يام و فى يوم القيٰمة انظر ايها العاقل انه اذا رأى الناس رجلاً نازلا من السماء وفى يده حربة ومعه ملئكة الذين كانوا غائبين من بدء الدنيا وكان الناس ليشكون فى وجودهم فنزلوا وشهدوا ان الرسول حق وكذلك سمع الناس صوت الله من السماء ان المهدى خليفة الله وقروالفظ الكافر فى جبهة الدجال ورؤان الشمس قد طلعت من المغرب تشقت الارض وخرجت منها دابة الارض الّتى قدمه فى الارض وراسه تمس السماء وسمت المؤمن والكافر وكتب ما بين عينهم مؤمن اوكافر وشهدت باعلى صوتها بان السلام حق وحصحص الحق وبرق من كل جهة وتبيننتنت انوار صدق الاسلام حتىٰ شهد البهائم واسباع والعقارب علےٰ صدقه فكيف يمكن ان يبقىٰ كافر علےٰ وجه الارض بعد روية هذه الايات العظيمة او يبقےٰ شك فى الله وفى يوم الساعة فان العلوم الحسية البديهية شئ يقبله كافر ومؤمن ولا يختلف فيه احد من الذين اعطو قوى الانسانية مثلاً اذا كان النهار موجوداً والشمس طالعة والناس مستيقظين فلا ينكره احد من الكافرين والمؤمنين

فكذالك اذا رفعت الحجب كلها وتواترت الشهادات وتظاهرت الأيات وظهرت المخفيات وتنزلت الملئكة وسمعت اصوات السماء فاى تفاوت بقيت بين تلك الايام وبين يوم القيامة واى مفربقى للمنكرين فلزم من ذلك ان يسلم الكفار كلهم فى تلك الايام ولا يبقى لهم شك فى الساعة ولكن القرآن قد قال غيرمرة ان لكفار يبقون علىٰ كفرهم الىٰ يوم القيمة يبقون فے مريتهم وشكهم فى الساعة حتىٰ تاتيهم الساعة بغتة وهم لا يشعرون ولفظ البغتة تدل بدالة واضحة على ان العلامات القطعية التى لا تبقٰى شك بعد على وقوع القيامة لا تظهر ابداً ولا تجليها الله بحيث ترتفع الحجب كلها‘‘

(حمامۃ البشریٰ ص۸۴، خزائن ج۷ ص۳۰۴،۳۰۵)

آدمیوں کے دلوں سے جیسے کہ اٹھ جائے گا قیامت کے دن میں سو جب مٹ گئی شکوک اور اٹھ گئی پیروی تو کیا فرق باقی رہا (یعنی بابت شک دل سے اٹھ جانے کے) بعد کھل جانے ان نشانیوں دہشت ناک عجیب کے ان دنوں میں (یعنی علامتوں کے زمانہ ظہور میں) اور قیامت کے دن میں اے عقلمند غور کرلے یہ کہ جب آدمی دیکھیں ایک شخص کو آسمان سے اترتے ہوئے اور ایک حربہ اس کے ہاتھ میں ہو اور اس کے ساتھ فرشتے ہوں جو کہ ابتداء دنیا سے غائب رہے اور لوگ ان کے ہونے میں شک رکھتے تھے۔ سو وہ اتر کر گواہی دیویں کہ تحقیق یہ رسول سچا ہے اور علی ہذا اگر آدمی خداتعالیٰ کی آوز آسمان سے سنیں کہ بیشک مہدی خداتعالیٰ کا نائب ہے اور لفظ کافر کا دجال کی پیشانی میں پڑھیں اور دیکھیں کہ بے شک آفتاب مغرب سے طلوع کر چکا اور زمین پھٹے اور اس سے دابۃ الارض نکلا۔ جو کہ قدم اس کے زمین میں اور سر کا لگے آسمانوں کو اور نشان لگادے مؤمن اور کافر کے کہ ان کی آنکھوں کے درمیان کہ مؤمن ہے یا کافر اور گواہی دیویں اپنی نہایت اونچی آواز سے کہ بیشک اسلام سچ ہے اور حق ظاہر ہوا اور ہر سمت سے چمک گیا اور اسلام کے صداقت کی روشنیاں واضح ہوئیں۔ یہاں تک کہ اس کی سچائی پر چوپایوں اور درندوں اور بچھوؤں نے گواہی دی تو کیونکر ہوسکے کہ زمین کے اوپر بعد ان بڑے نشانیوں کے دیکھ لینے کے کافر باقی رہے۔ یا کہ خدا میں اور قیامت کے ان میں شک رہ جاوے۔ کیونکہ علوم محسوس وظاہری ایسی چیز ہیں کہ ان کو کافر اور مؤمن قبول کرتا ہے اور ان میں ایسے لوگوں میں سے کوئی شخص اختلاف نہیں کرتا ہے۔ جن کو انسانی قویٰ دیئے گئے ہیں۔ بھلا جب کہ دن موجود اور سورج نکلا ہوا

ہے اور لوگ جاگتے ہیں تو کوئی کفار اور مومنین میں سے اس کا منکر نہیں ہوتا۔ سو اس طرح جب تمام پردے اٹھ گئے اور پے در پے گواہیاں ہوئیں اور نشانیاں ظاہر ہوئیں اور پوشیدہ چیزیں کھل گئیں اور فرشتہ اترے اور آسمان سے آوازیں سنیں تو کون سا فرق باقی رہا درمیان ان دنوں (یعنی معلومات میں ان علامات کے دنوں) اور درمیان قیامت کے دن کے (یعنی معلومات قیامت کے دن کے) اور منکروں کے واسطے بھاگنے کی کون سی جگہ باقی رہی۔ پس اس (یعنی علم حسی بدیہی) سے یہ لازم ہوا کہ ان دنوں یعنی علامات کبریٰ ظاہر ہونے کے زمانہ میں کل کفار مسلمان ہوجاویں اوران کو قیامت میں کچھ شک باقی نہ رہے۔ لیکن قرآن نے البتہ کئی مرتبہ کہا کہ بیشک کفار اپنے کفر پر قیامت کے دن تک رہیں گے اور اپنے شک وشبہ میں قیامت کی بابت رہیں گے۔ یہاں تک چپ چپاتی قیامت اورنہیں آجاوے گی اور وہ تمیز نکریں گے اور لفظ البغتۃ دلالت واضح سے اس پر دلالت کرتا ہے کہ تحقیق علامتیں قطعیہ کہ ان کے بعد قیامت کے واقع ہونے پر شک باقی نہ رہے۔ کبھی نہیں ظاہر ہونے کی اوران کو اللہ تعالیٰ اس طرح ظاہر نہ کرے گا کہ حجاب تمام اٹھ جاویں۔

نوٹ: اس کل تقریر کا حاصل جو حمامہ کے ص۸۴ میں ہے اور مولوی محمد احسن قادیانی نے برخلاف مرزا قادیانی کی مراد کے اوراس کا مطلب لکھا ہے۔ یہ ہے کہ قیامت کی بڑی نشانیاں ہرگز ہرگز ظاہری طور پرنہیں ہوئیں۔

لیجئے مولانا اب تو حمامہ ص۸۴ کے عبارت آپ کی منقولہ عبارت والی معہ بیان اوّل وآخرو درمیان کے جسے اپنے لوگوں کو غلطی میں ڈالنے کی غرض سے حذف کر کے لکھا تھا وہ کافی طور پر لکھ دیئے گئے۔ فرمایئے اور دکھلایئے مرزا قادیانی نے کہاں اور وہ کون سا فقرہ ہے۔ جس میں بیان ہوا کہ طلوع الشّمس من مغربہا قبل مسیح نہیں ہوسکتا۔

ناظرین! مرزا قادیانی کی عبارت دیکھ کر بخوبی جان لیویں گے کہ مرزا قادیانی بار بار یہ جتلاتے رہے ہیں کہ طلوع الشّمس من مغربہا اور نزول مسیح وغیرہ جتنے قیامت کے بڑے نشان ہیں۔ ہرگز ہرگز ان میں کوئی بھی ایسا نہیں ہے۔ جس کی واقع ہوچکنے کا پورا علم لوگوں کو ہوسکے اور یقین سے قیامت کی بابت اس کا قریب العہد ہونا جان جائیں۔ کیونکہ قرآن شریف میں قیامت کی آمد بغتۃ کے ساتھ یعنی چپ چپاتے بیان ہوئی ہیں اور ص۸۳ میں یہ بھی کہا ہے کہ آیت ’’ولا یزال الذین کفروا فی مریۃ‘‘ سے۔ جس کے یہ معنی ہوئے کہ کفار قیامت کی آمد تک ہمیشہ شک میں رہیں گے۔ ثابت ہوا کہ قیامت کی بڑی نشانی کبھی ظاہری صورت پر ظاہر نہیں ہوسکتی اور

یہ سب تفصیل اس بارہ میں کی گئی ہے کہ اعتراض کی عبارت میں جو کہا گیا تھا کہ جب طلوع الشمس من مغربہا وغیرہ نہیں ہو چکا۔ تو مسیح موعود کہاں سے آ گیا اور اس کے جواب میں ان سب نشانات کبریٰ قیامت کے تمام ہو چکنے کی بابت سنایا تھا کہ یہ سب ویسے ہی واقع ہو چکے جیسے کہ حدیث میں ہے تو یہ بھی کہا گیا تھا کہ ان نشانات کے مقامی لوگوں نے نہ پہچانے اور غافل رہے۔ لہٰذا مولوی محمد احسن قادیانی کے یہ دعویٰ سب غلط ثابت ہوئے جو انہوں نے کہا۔

۱...... قیامت کی کبریٰ نشانات بطور استعارات کے ظاہر ہونے سے وہی نشانات مراد ہیں جو نزول مسیح سے مقدم ہیں۔

۲...... یہ کہ علاوہ طلوع الشمس من مغربہا کی ہذہ الانباء سے نزول مسیح کے لئے مقدم نشانات مرزا قادیانی نے مراد لئے ہیں۔

۳...... مرزا قادیانی کی بابت یہ کہ ص۸۴ حمامہ میں خود تصریح فرمادی ہے کہ طلوع الشمس من مغربہا قبل مسیح نہیں ہو سکتا۔ علیٰ ہذا باقی دعویٰ پر مولوی محمد احسن قادیانی کو اپنی غلط بیانی کی خبر تو جب ہوئی کہ حمامہ ص۸۳،۸۴ کی عبارت کو چشم عبرت کھول کر دیکھیں لیکن انہوں نے تو اپنا خواب غفلت میں ہونا خود ہی اس شعر میں جتلا دیا۔

آنکھیں اگر موندی ہیں تو پھر دن بھی رات ہے
اس میں قصور کیا ہے بھلا آفتاب کا

وضع...... ہاں البتہ اس پیشین گوئی کی نسبت مرزا قادیانی ص۵۱۵،۵۱۶ ازالہ میں مفصل طور پر تشریح فرما چکے ہیں۔

رفع...... اس مقام پر مولانا نے ازالہ کی عبارت اس غرض سے لکھی کہ اس میں یہ بیان ہے کہ مرزا قادیانی نے کشفی طور پر خواب میں جانب مغرب سے آفتاب اور آفتاب کا طلوع اور اپنے آپ کو شہر لنڈن میں اسلامی وعظ کہتے ہوئے منبر پر تیتروں کے سامنے دیکھا اور اس کی تعبیر اپنا فیض انگریزوں تک پہنچنا سنائی۔ دوسری یہ کہ اس میں کہا ہے کہ یاد رہے کہ مجھے اس بات سے انکار نہیں کہ طلوع الشمس من مغربہا کے کوئی اور بھی معنی ہوں۔ تاکہ مولوی محمد احسن قادیانی دکھلا دیں کہ مرزا قادیانی بالکل طلوع الشمس من مغربہا نہیں کہتے ہیں۔ لیکن مولوی صاحب کا یہ استدلال بھی ٹھیک نہیں ہے۔

اولاً اس لئے کہ ازالہ پہلے کے تصنیف ہے اور حمامہ اس سے بہت عرصہ بعد کی۔ پس

ازالہ اوہام کی عبارت سے دلیل پیش کرنی غلط کاروائی ہے۔ کیونکہ یہ کیا ضرور ہے کہ مرزاقادیانی کو حمامہ کی تصنیف کرنے تک طلوع الشمّس من مغربہا کے کچھ اور معنی نہ کھلے ہوں۔ خصوصاً جب کہ بطریق اعتراض وجواب کے وہ کلیتاً اور احادیث سے مطابقہ طلوع الشمّس من مغربہا واقع ہوچکنے کو حمامہ کے اندر لکھ چکے اور تاویلی معنی کسی غیر پر استہزاء کر چکے۔

ثانیاً اس واسطے کہ احادیث میں جو قیامت کی نشانیوں سے آفتاب طلوع ہونے کی بابت مذکور ہے تو اس کے چھپنے کی جگہ سے طلوع بیان ہوا ہے۔ چنانچہ من مغربہا کا لفظ صریح موجود ہے۔ یوں نہیں وارد ہوا کہ طلوع الشمّس من المغرب تاکہ صرف مغرب سے ملک مغرب معنی ہوتے اور پچھمیوں میں بھرتے ہوکر مرزاقادیانی اپنے آپ کو آفتاب مانتے اور اپنی تصانیف کو اس کی شعاع جانتے۔ پس جب کہ حدیث میں جو لفظ تھا کہ اپنے چھپنے کی جگہ سے طلوع آفتاب جس سے ظاہر ہے کہ اسی محسوس آفتاب کا طلوع نبی ﷺ کے نزدیک مراد ہے تو اس سے صاف ثابت ہے کہ ازالہ میں طلوع الشمّس کے بابت جو رؤیا کشفی طور پر دیکھنا بیان کیا ہے محض غلط ہے۔ کیونکہ نبی ﷺ کی حدیث کے مطابق نہیں ہے۔ پس وہ غلط قول جس سے بحث ہی واقع نہیں ہے۔ مولوی محمد احسن قادیانی کا اس کو یہاں پیش کرنا لاطائل ہے۔

ثالثاً حمامہ ص۸۳ میں جن پیشین گوئی یعنی قیامت کے بڑے نشانات پورے ہوچکنے کو اور حسب بیان احادیث ان کی واقع ہوچکنے کا دعویٰ کر کے ان کے جان لینے سے بے خبر رہ جانے کی جو تفصیل کی ہے۔ ان سب کے شمول میں نام لے کر طلوع الشمّس من مغربہا کو یہی لکھا ہے۔ چنانچہ ناظرین عبارت منقولہ ص۸۴ حمامہ سے کی خود دیکھ سکتے ہیں۔ پس اس سے بخوبی ظاہر ہے کہ مرزاقادیانی کے نزدیک جیسے دوسرے نشانوں کے پورے ہوچکنے سے لوگ غافل رہے۔ ایسے ہی آفتاب کے طلوع من مغربہا ہوچکنے سے لوگ غافل رہے۔

رابعاً ص۸۴ حمامہ کے اندر جو ان علامتوں کے کلیۃ واقع ہوچکنے کی بابت بیان کیا ہے۔ نہ صرف ان کے ساتھ طلوع الشمّس من مغربہا کا گنا ہے۔ بلکہ اس طرح پر زور دے کر کہا ہے کہ ''کما اخبر عنہا رسول اللہ ﷺ'' یعنی جس طور پر کہ طلوع آفتاب سے رسول اللہ ﷺ نے خبر دی۔

وضع...... قبل قیامت جب تک عالم دنیا کا نظام موجود ہے یہ کیونکر ہوسکتا ہے کہ اس دار تکلیف میں کسی شخص کا ایمان قبول نہ ہووے۔

رفع ...... اے مولانا جو آپ چاہتے ہیں اپنی رائے خطا ناجائز اجتہادی سے لکھ دیتے ہیں۔ اجی! حضرت فرمائے تو آپ کے پاس اس کا کیا ثبوت ہے کہ جب تک نظام عالم دنیا موجود ہے تو ہر کسی کا ایمان ضرور مقبول ہے۔ دیکھئے قرآن کریم آپ کے زعم کو توڑتا ہے۔ فرمایا ''ان الذین کفروا بعد ایمانهم ثم ازدادو کفرا لن تقبل توبتهم واولئك هم الضالون تحقیق جن لوگوں نے کفر کیا بعد اپنے ایمان کے پھر زیادہ کیا کفر کو ہرگز نہ قبول ہوگی ان کی توبہ اور وہ لوگ گمراہ ہیں۔

اب غور کیجئے کہ اس آیت میں باری تعالیٰ نے جن کفار کے عدم قبولیت توبہ کی بابت ذکر کیا یہ عدم قبولیت ان کی توبہ کی عالم دنیا کے نظام موجود رہنے کی حالت میں ہے یا نہیں اور اسی دار تکلیف میں ان کا ایمان مردود ہے یا نہیں۔ اگر اس عدم قبولیت توبہ کو بعد از مرگ پر آپ محمول کریں تو یہ بھی غلط ہے۔ چنانچہ اس آیت مذکور سے جو اگلی آیت ہے مردہ کفار کی توبہ مقبول نہ ہونے کا اس میں بیان ہے۔

وضع ...... کہ مخالف نصوص قطعیہ ہے کما سیاتی۔

رفع ...... ہم دیکھیں کہ کون سی نص آپ کے پاس ہے۔

وضع ...... البتہ قیامت میں جب زمانہ طلوع الشّمس کا ہو چکے گا اور متصل اس کے قیامت بھی شروع ہو جاوے گی تو البتہ البتہ اس وقت ایمان کسی کا جو پہلے سے مؤمن نہیں ہے قبول نہ ہوگا۔

رفع ...... دیکھ لیجئے مولانا یہ وہی آپ کی بات ہے منجملہ ان باتوں کے جس پر آپ کو رقیمۃ الاخلاص میں کہا گیا ہے کہ مرزا قادیانی کے خیالات سے آپ کے خیال کہیں پرے ہیں۔ اجی! حضرت حمامہ کے اندر کہاں بیان ہوا ہے کہ قیامت سے متصل جب آفتاب کا طلوع ہو جاوے تو اس وقت ایمان کسی کا جو پہلے سے مؤمن نہیں ہے قبول نہ ہوگا تا کہ آپ کا اور قادیانی صاحب کا ایک مسلک ٹھہرے۔ جن کی حمایت ناجائز میں قرآن حدیث کے بیانات بھی آپ نہیں مانتے ہیں اور یاد رکھئے کہ حمامہ کی عبارت سے کسی مقام سے بھی آپ کبھی یہ بات نہیں دکھلا سکتے ہیں۔ جہاں قادیانی نے یہ کہا ہو کہ آئندہ زمانہ میں آپ نے مغرب سے آفتاب متصل بالقیامت طلوع کرنے والا ہے اس کے طلوع کر چکنے پر کسی کافر کا ایمان قبول نہ ہوگا اور حمامہ کی عبارت سے اس طلوع آفتاب کا اپنے ظاہری صورت پر قیامت سے قریب ہو سکنے پر قادیانی کا اقرار بھی دکھلانا آپ کے لئے ناممکن ہے۔ چنانچہ یہ دونوں باتیں چندمرتبہ سابق میں آپ کو سنائی گئیں۔ جن کے ثبوت پیش

کرنے سے آپ عاجز ہیں۔ نہ رقیمۃ الاخلاص تحریر ہونے کے وقت جواب دے سکے، نہ اب جواب مطلوب پیش کر سکتے ہیں۔ اگر اس پر آپ کہیں کہ ہم قرآن وحدیث سے توضیح اپنے دعویٰ کی پیش کریں تو قادیانی صاحب نے جو کچھ بیان کیا ہے جس کی بار بار تصریح گذری اس کے ناحق ہونے کا اقرار کر کے راہ راست پر آجایئے۔ ورنہ قادیانی ملاّ صاحب گوشمالی کر کے آپ کو ان کی مسجد ضرار وتفریق کے مخالف کرنے پر یہ مضمون قول سعدی کا سنائیں گے۔

ترا تیشہ دادم کہ منبرم شکن
نگفتم کہ دیوار مسجد بکن

وضع...... کیونکہ امور ایمانیہ میں کسی قدر اخفا کا ہونا بھی بہت ضروریات سے ہے۔ الیٰ قولہ ہمیں وجہ علامات کبریٰ زمانہ مسیح کے اپنی ظاہری معنوں پر محمول نہیں ہوسکتے۔ میں ورنہ مسیح کی تصدیق میں خفا نہ رہے۔

رفع...... امور ایمانیہ میں پوشیدگی بعد ظہور ان امور کے ماننے محض مرزائی تخیلات ہیں ان کے ظاہر ہوچکنے کے پیچھے کچھ ضرورت ان کے خفا کی نہیں ہے۔ کیونکہ علامت نہیں ہے۔ مگر پہچاننے کے واسطے اور وہ بڑی نہیں کی گئی۔ مگر زیادہ پہچان کا فائدہ دینے کے واسطے پس جو شئے کہ بڑی نشانی کسی شے کی پہچان کے واسطے کر کے خداتعالیٰ دنیا میں ظاہر کرے تو ممکن نہیں کہ اس بڑی نشانی کو خداتعالیٰ کے بھیجنے میں اس بڑی نشان ظاہر ہوچکنے کا پورا علم دیکھنے والوں کو نہ ہووے۔ کیونکہ نشان کا بڑا ہونا بڑی حجت قائم ہونے کا اگر فائدہ نہ دیوے تو اس کو بڑی علامت کہنا غلط ہے۔ لہٰذا قیامت تک بڑے نشانات کا مثل طلوع الشّمس من مغربہا اور خروج دجال اور دابۃ الارض کے کھلا ہوا اور آشکارا ظاہر ہونا ضرور ہے تاکہ کفار پر کامل حجت قائم ہووے۔ اگرچہ اس پر بھی کفار اپنے کفر پر رہیں۔ مثلاً عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ جو شخص دنیا میں پیدا ہوا ایک نہ ایک دن وہ ضرور مرتا ہے تو بھی لوگ امور دنیا میں بڑی امیدیں رکھتے ہیں۔ ’’انک لا تھدی من احببت‘‘ خود اس پر شاہد ہے کہ بجز ہدایت بخشنے خداتعالیٰ کے کوئی شخص ہدایت یافتہ نہیں ہوتا ہے۔ لہٰذا اگر قیامت کے بڑے نشان محسوس طور پر کفار کے سامنے پیش ہوں۔ جب کہ خداتعالیٰ انہیں ایمان کی قبولیت اور ہدایت نہ بخشے تو ان سے اوّلاً مؤمن ہونے کی امید نہیں ہے۔

ثانیاً! ان پر وعید الٰہی قائم ہوچکنے کے وقت ظاہر ہونے سے ان کا ایمان مقبول نہیں۔ پس ایمان کی حلاوت انہیں کیوں حاصل ہونے لگی ہے۔ اس لئے یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ آیت

قرآنی’’ولا یزال الذین کفروا فی مریة من لقائه‘‘اور نیز آیت’’ولا یزال الذین کفروا فی مریة منه حتیٰ تاتیهم الساعة بغتة وهم لا یشعرون ‘‘وغیرہ سے جس میں یہ بیان ہوا ہے کہ کفار خدا تعالیٰ کے سامنے حاضر ہونے اور قیامت یا کہ عذاب چپ چپاتی آنے تک درحالیکہ وہ تمیز نہ کرتے ہوں گے۔ شک وشبہ میں رہیں گے۔ لازم نہیں آتا ہے کہ قیامت کی بڑی علامتیں اپنی ظاہری صورت پر جلوہ گر نہ ہوں۔ کیونکہ بے عمل کے علم جیسے محال نہیں ہے۔ ویسے مشاہدہ بغیر یقین کے ممکن الوقوع ہے۔ مثل شق القمر کے پیغمبر خداﷺ سے، اور ناقہ کشی صالح علیہ السلام اور مردوں کو زندہ کرنے عیسیٰ بن مریم علیہما السلام سے فی البدیہی دیکھنے پر بھی بدنصیب کفار ایمان نہ لائے۔ تکذیب کرتے رہے یا منافق ہوئے۔ چنانچہ سورہ منافقوں وغیرہ سے ظاہر ہے اور جس حالت میں کہ جاننے والا شخص جاہلوں کی طرح اطوار رکھے تو بے شعور گنا جاتا ہے۔

چو دانا ہمچو نادان گشتہ غرق ست
زدانائی بنا دانی چہ فرق ست

لہٰذا کفار وهم لا یشعرون کے مصداق بنے۔ الحاصل جب ثابت ہوا کہ قیامت کی علامات کبریٰ اپنے ظاہری صورت پر جلوہ گر ہونے والے لامحالہ ہیں تو قادیانی کے استنباط لغو اور مولوی محمد احسن قادیانی کے استدلال غلط ہیں اور قائل کا یہ کہنا کہ علامات کبریٰ زمانہ مسیح کے اپنے ظاہری معنوں پر محمول نہیں ہوسکتیں۔ ورنہ مسیح کی تصدیق میں خفاء نہ رہے۔ سراسر وہی قول ہے۔

وضع...... بسبب عدم ایفائے شرط مسلم کے۔

رفع...... اس لایعنی کلام کا جواب پہلے گذر چکا ہے۔

وضع...... الحاصل جو معنی حدیث مسلم کے آپ نے سمجھے ہیں وہ مخالف قرآنی آیتوں اور حدیثوں کے ہیں۔

رفع...... اے مولانا آپ کا بے دلیل دعویٰ یہ بھی غلط ہے۔ چنانچہ جب وہ آیات اور حدیث کہ ان کو آپ سوچ رہے ہیں۔ پیش کریں گے۔ آپ کو ان کا حال جتلا دیا جاوے گا۔

وضع...... جس سے تمام کبار امت اور عوام خواص کا ایمان بے کار ہوا جاتا ہے۔

رفع...... مجیب نے اسی مضمون کو دجال وابن صیاد کے بیان میں بھی لکھا ہے۔ لیکن کوتاہ فہمی کے

ساتھ قلم گھسنے کے سوا اس کا نتیجہ نہیں دکھلایا۔ اے مولانا آپ کا پہلا زعم تو ٹوٹ گیا اور یہ دعویٰ بے سروپا بھی آپ کا عنقریب ٹوٹ جائے گا۔

وضع ...... اب میں بقدر پانچ چار صفحوں کے یہ عرض کرتا ہوں۔

رفع ...... یہاں پر قادیانی صاحب کے اسی کشفی رؤیا ازالہ ص ۵۱۵،۵۱۶ والے کو پھر اس بارہ میں مجیب صاحب نے بیان کیا ہے کہ اس کی بطالت کو صداقت کے مانند جاننا چاہے۔ لیکن ناظرین پر مخفی نہیں ہے کہ بطالت صداقت کے مانند ہرگز نہیں ہوتی ہے۔ مجیب صاحب اس جگہ پر نیچری تفسیر یعنی سید احمد خان کے رائے سے لے کر اس قصہ کو قرآن شریف کے اندر ۲۴ رکوع سورہ بقرہ میں مردے کو زندہ کر کے دکھلانے کی بابت خدا تعالیٰ نے سنایا ہے۔ خواب کا قصہ مانا ہے۔ حالانکہ معتبر تفاسیر کے مخالف نیچری تفسیر ہے۔ لہٰذا قادیانی کی کشفی رؤیا کی تاویل لغو اقاویل ہے اور یہ پہلے جتلا دیا گیا ہے کہ اگر احادیث نبوی میں طلوع الشّمس من المغرب ہوتا تو کچھ قادیانی تاویل کو موقع اپنے زور دینے کا ملتا۔ لیکن خدا تعالیٰ کے فضل سے احادیث میں رسول اللہ ﷺ کے جو الفاظ قیامت کے نشانی طلوع الشّمس کی بابت وارد ہیں ان میں من مغربہا آیا ہے۔ جس سے واضح ہے کہ قادیانی اور مولوی محمد احسن قادیانی دونوں غلط رؤیا میں رہ رہے ہیں۔ اگر جاگتے ہوتے تو بیجا نہ بڑاتے۔

وضع ...... عاجز نے ترقی کر کر عرض کیا تھا کہ طلوع الشّمس تو بہ موجب احادیث اصح الصحاح کے اوّل الآیات ہے۔ جس کے معنی آپ نے مجھ کو نہ کہنے دیئے۔ وہ یہ ہیں۔

رفع ...... اے مولانا بار بار آپ کو کہا گیا کہ آپ کے خیالات قادیانی کے خیالات سے کہیں پرے ہیں۔ اجی حضرت! آپ قادیانی کے مسلک سے جو حمامہ کے اندر مصرح ہے پہلے اتفاق پیدا کیجئے تب ان معانی کو جو یہاں بیان کئے ہیں ذکر کیجئے۔ تاکہ آپ کے کچھ بات باقاعدہ بنے۔ ’’مذبذبین بین ذلك لا الیٰ هولاء ولا الیٰ هؤلاء‘‘ کا طور آپ پرت رہے ہیں کہ کبھی مرزائی بنتے ہیں کبھی اہلحدیث کی طرف جھکتے ہیں اس تردد کی حالت میں کب تلک پڑے رہیں گے۔ جواب آپ سے جو طلب کیا گیا ہے اس میں دریافت طلب مولوی احمد علی صاحب کی جانب سے صرف یہ بات ہے کہ آپ ان اعتراضوں کو جو قادیانی صاحب پر وارد کئے گئے حدیثوں سے حسب مسلمات قادیانی صاحب کے اٹھادیں اور یہ امر طلب نہیں کیا ہے کہ مسئلہ بحث شدہ میں آپ اپنی رائے محض لکھیں۔ خواہ قادیانی صاحب کے مسلمات سے ربط اس کو حاصل ہو یا کہ نہ ہو۔

پس طلوع الشمس من مغربہا کے اوّل الآیات ہونے کی جو توجیہ آپ نے حسب تصریح حاشیہ ابن ماجہ کے حوالہ قلم کی اور مع اقرار اس بات کے کہ طلوع الشمس من مغربہا قبل قیامت کے ہی ہے۔ لیکن اس کے متصل جب کہ مؤمنین دنیا میں نہ رہیں گے اور مع تسلیم اس امر کے کہ قادیانی صاحب کے کشفی رؤیا موعودہ طلوع الشمس من مغربہا کا مصداق نہیں ہے۔ یہ بھی آپ نے لکھا کہ یمکن طلوع الشمس من مغربہا جسمانی طور پر ہی کسی وقت میں واقع ہو یہ آپ کی توجیہ مذکور اور اقرار مشرح بالا قول قیامت کے پہلے جسمانی طور پر کسی وقت میں طلوع الشمس من مغربہا واقع بالامکان کی بابت جب ہے قادیانی صاحب کے طرف سے جواب ہونے کے لائق ہے کہ آپ کے اس بیان کو قادیانی صاحب کے حمامہ والے ص۸۳،۸۴ سے مطابق ہو ورنہ آپ کے ان جوابوں کو سن کر قادیانی ملاجی کو آپ کو سبق پڑھاتے ہیں۔ از روئے عتاب کہیں گے کہ من چہ مے گوئم وطنبورہ چہ می سراید۔ اعتبار نہ ہو تو لفظ بغتۃ کی تشریح دیکھئے۔

وضع...... اور جب تک کہ نظام دنیا کا قائم ہے آنحضرت ﷺ کا دین اسلام اور ایمان ضرور نافع اور مفید ہے۔

رفع...... لیکن اس شرط پر کہ ایمان لانے کے وقت ختم ہو چکنے سے پہلے وہ شخص مسلم اور مؤمن بن جائے جو کہ اسلامی وایمانی نفع اور فائدہ چاہتا ہے اور جب ایمان لانے کا وقت ختم ہو چکا پھر نظام دنیا قائم رہے یا نہ رہے۔ کفار میں سے کسی کو ایمان لانا مفید نہیں ہے۔ جب کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا سورہ انعام میں ’’یوم یأتی بعض اٰیات ربك لا ینفع نفساً ایمانها لم تكن اٰمنت من قبل اوكسبت فی ایمانها خیراً‘‘ اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ’’عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ ثلث اذا اخرجن لا ینفع نفساً ایمانها لم تكن اٰمنت من قبل اوكسبت فی ایمانها خیراً طلوع الشمس من مغربها وخروج الدجال ودابة الارض رواه مسلم‘‘ ترجمہ آیت اور حدیث صحیح کا پہلے گذر چکا ہے اور ان کے خلاف پر جو کچھ شبہات مولوی محمد احسن قادیانی کے تھے وہ سب رد ہوئے ہیں۔ یہاں پر اتنی بات اور معلوم رہے کہ جو حکم نصوص قرآنی اور حدیث رسول ربانی ﷺ سے بالتفصیل بیان ہو چکے اس کے مقابل میں غیر منصوص حکم نہ آیت قرآنی سے کسی شخص کا پیش کیا ہوا حجت ہو سکتا ہے اور نہ حدیث رسول ربانی ﷺ سے۔ سو یہ مذکور بالا کی آیت اور حدیث اس بات کا صریح ثبوت سناتے ہیں کہ دنیا کی موجودگی ہی میں ایک دن آوے گا۔ جس میں کفار کا ایمان لانا مقبول نہ ہوگا اور وہ

دن وہ ہے جب کہ آیات میں سے کوئی نشانی آوے اور صحیح مسلم کے اندر بروایت ابی ہریرہؓ ان نشانیوں کی توضیح اپنے چھپنے کی جگہ سے آفتاب طلوع ہونے اور دجال کے خروج کرنے اور دابۃ الارض کے نکلنے کے ساتھ بیان ہوئی۔ پس مولوی محمد احسن قادیانی ان مخصوصہ اوقات میں کفار کے ایمان قبول ہونے کی بابت جب تک ایسی ہی صریح نصوص قرآنی وحدیث صحیح سے پیش نہ کریں ان کا جواب ہرگز نہ صحیح ہوسکتا ہے نہ مقبول۔

وضع...... اور سب طرح کی نصرت اور رحمت اللہ کی شامل حال مؤمنین کے رہے گی۔

رفع...... اے مولانا جو لوگ ایمان کی تحدید کے وقت سے پہلے مؤمنین مخلصین لہ الدین ہوئے آپ ان کے واسطے دنیا میں نفع ایمانی اور نصرت یزدانی شامل کیا سناتے ہیں۔ ان کے لئے تو دنیا اور آخرت دونوں جگہ میں فیضان الٰہی لامتناہی پہنچنے کی بشارتیں قرآن وحدیث میں بھری ہوئی ہیں اور ان کے واسطے نصرت پہنچنے کو نظام دنیا کے قائم رہنے اور نہ رہنے کی کسی کی بھی شرط نہیں ہے۔ انہیں آیات میں سے ایک یہ آیت ہے جو آپ خارج از بحث لکھ رہے ہیں۔

وضع...... ایسا کوئی زمانہ اس دنیا میں ہوتے ہوئے نظام دنیا کے بلا رویت عذاب نہیں آسکتا کہ مذہب محمدی دین اسلام کا بیکار ہو جاوے اور ایمان نفع نہ دیوے۔

رفع...... اے مولانا مذہب محمدی ودین اسلام کا کار آمد رہنا اور مؤمنین کے واسطے ہر زمانہ میں ایمان سے نفع پہنچنا شے دیگر ہے اور کفار کو تابقائے دنیا ایمان لانے کی مہلت اور قیامت قائم ہونے کی اتصال حقیقی تک ایمان ان سے مقبول ہونے کی بشارت شئ دیگر، آپ بلا موافقت باہمی مقیس اور مقیس علیہ کے کہاں ذہن دوڑا رہے ہیں۔ یاد رکھئے کہ آپ کفار کے لئے ایمان نافع کا دائمی وقت ہرگز قرآن وحدیث سے پیش نہیں کرسکتے ہیں۔

وضع...... فرمایا اللہ تعالیٰ نے ''انا لننصر رسلنا والذین اٰمنوا فی الحیٰوۃ الدنیا ویوم یقوم الاشہاد'' تحقیق البتہ ہم مدد دیتے ہیں پیغمبروں اپنوں کو اور جو لوگ کہ ایمان لائے بیچ زندگانی دنیا کے اور اس روز کہ کھڑے ہوں گے گواہی دینے والے۔

رفع...... مجیب صاحب اس آیت کو اپنے اس مدعا کے ثبوت میں لکھتے ہیں کہ نظام دنیا باقی رہنے تک کوئی وقت ایسا نہیں ہے کہ کوئی کافر ایمان لاوے تو اس کا ایمان مقبول نہ ہو۔ اے مولانا فرمائیے تو اس آیت میں کہاں اور کس لفظ میں بیان ہوا ہے کہ دنیا کے نظام باقی رہنے تک کافروں کا ایمان لانا مقبول ہے۔ کیا یہ بات روشن تر نہیں ہے۔ ''ویوم یقوم الاشہاد'' کا عطف

’’فی الحیوٰۃ الدنیا ‘‘ کے اوپر ہے اور یہ دونوں یعنی معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر فعل ’’لننصر ‘‘ کے ظرف زمان ہوئے ہیں اور اٰمنوا کے لئے یہ ظرف نہیں بیان ہوئی۔ بلکہ ’’اٰمنوا الا‘‘ بلاذکر ظرف کے اسم موصول ’’الذین ‘‘ کا صلہ نعتیہ ہے۔ پس جب یہ بات روشن تر ہے اور ازروئے قواعد علم نحو کے مسلمات سے ہے کہ بغیر معطوف کے معطوف علیہ کلام کے اندر نہ ظرف ہوسکتا ہے نہ فاعل یا کسی طرح کا مفعول وغیرہ۔ نہ مبتداء ہوسکتا ہے۔ نہ خبر نہ صفت وغیرہ ولہٰذا متعین ہوا کہ ظرف مخصوص لننصر کی ہی واسطے مذکور ہے فقط۔ ورنہ لازم آئے گا کہ بعد از مرگ بھی کفار کا ایمان مولوی محمد احسن قادیانی مقبول مانیں۔ حالانکہ یہ صورت نص قرآنی کے خلاف ہے۔

’’ولیست التوبة للذین یعملون السیئات حتیٰ اذا حضر احدهم الموت قال انی تبت الان ولا الذین یموتون وهم کفار ‘‘یعنی فرمایا خدا تعالیٰ نے توبہ نہیں مقبول ان لوگوں کی جو گناہوں کو کرتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ آ لگے ان میں سے ایک کو موت تو کہنے لگا اب البتہ میں تائب ہوا اور نہ ان لوگوں کی جو مرتے ہیں کفر کی حالت میں۔

بالجملہ جب متعین ہوا کہ آیت مذکورہ بالا میں جو ظرف یعنی فی الحیوٰۃ الدنیا واقع ہے۔ وہ لننصر ہی کے لئے مذکور ہوا ہے۔ تو ثابت ہوا کہ نصرت الٰہی مرحمت ہوئی۔ جو آیت میں سنائی گئی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے پیغمبروں کے اور ان لوگوں کے واسطے ہے جو کہ ایمان کی قبولیت کے وقت ختم ہوچکنے سے پہلے مؤمنین صالحین ہوویں اور یہاں سے بخوبی واضح ہوا کہ قادیانی کے بیان پر جس قدر مولوی احمد علی صاحب نے اعتراض کیا نہایت صحیح اور قوی ہے اور مولوی محمد احسن صاحب اس کے دفعہ کرنے میں مجمع عام مسلمین کے سامنے لاچار رہے ہی تھے۔ آپ نے رقیمۃ الودی...... کنج خانہ کی تصنیف کردہ میں بھی سوء فہمی کے اندر تحریر کرتے ہوئے درماندگی میں رہے۔ فتدبروان کان امر۔

وضع...... بڑی حد اصرار سے کہنے لگے کہ ہاں بالضرور مسیح ومہدی کے وقت میں بھی ایمان واسلام مقبول نہ ہوگا۔ کیونکہ وہ زمانہ دجال کا ہے۔

رفع...... اے مولانا عجب خلاف واقع کے آپ کی تحریر ہے۔ حضرت من جو اعتراض قادیانی پر وارد کیا گیا تھا۔ مولوی احمد علی صاحب پر اس کا یا اس سے بدرجہا بڑھ کر پلٹنا تو صرف آپ کا زبانی جمع خرچ ہے۔ حاضرین جلسہ آپ کی تقریر بے دلیل کی کیفیت بخوبی دیکھ چکے ہیں۔ فرمایئے تو کون سی حدیث یا کہ قرآنی آیت مولوی احمد علی صاحب کے سامنے اپنے مدعا کے مثبت یا اعتراض

جو قادیانی پر کیا گیا تھا اس سے بدرجہا اعتراض بڑھ کر مولوی احمد علی صاحب کے اوپر وارد ہونے کی مظہر آپ نے بیان کی تھی۔ اجی حضرت! جب آپ مدعی ہوئے کہ مسیح اور مہدی کے زمانہ میں ایمان واسلام معتبر ہونے کی بابت سو حدیثیں میں پیش کردوں گا اور اس پر مولوی احمد علی صاحب نے آپ کو کہا کہ جو زمانہ مسیح ومہدی زمانہ خروج دجال سے مطابق ہو جاوے اور ٹکرا جاوے اس میں کفار کے ایمان واسلام معتبر ہونے کو ظاہر کرنے والی ایک ہی قرآنی آیت کسی تفسیر سلف یا تفسیر بیضاوی میں جو یہ موجود ہے یا کوئی معتبر حدیث کسی حدیث کی کتاب سے دکھلا دیجئے۔ لیکن آپ ہرگز نہ دکھلا سکے اور اس جلسہ سے ندامت کے ساتھ زک پا کر جھنجلاتے ہوئے علیحدہ ایک گوشہ میں جا بیٹھے اور مولوی احمد علی صاحب نے وعظ سنایا اور کون حاضرین جلسہ سے اس وقت نہیں جان گیا تھا کہ مولوی محمد احسن قادیانی کا سارا دعویٰ ہیچ ہوگیا۔ جب مباحثہ میں یہ صورت مذکور واقع ہوئی تھی تو قائل کا یہ قول بالکل غلط واضح ہوا کہ مولوی احمد علی صاحب نے جب دیکھا کہ ان پر بدرجہا بڑھ کر وہ اعتراض وارد ہوا جو مرزا قادیانی پر سوء فہم سے وارد ہوتا تھا وغیرہ وغیرہ۔'' فاتق اللّٰہ ایھا المولانا ولا تکن من الغاوین''

وضع...... فرمایا اللہ تعالیٰ نے''انما التوبۃ علی اللّٰہ للذین یعملون السوء بجھالۃ ثم یتوبون من قریب فاؤلئک یتوب اللّٰہ علیھم وکان اللّٰہ علیماً حکیما الیٰ ماقال'' بحکم اس آیت کریمہ کے ہرگز نہیں ہوسکتا کہ دنیا میں بحالت موجودگی نظام دنیا کے یعنی رویت عذاب دنیا کے کوئی کافر جو صدق دل سے ایمان لاوے اور کفر وشرک سے توبہ کرے محض اس کی توبہ قبول نہ ہووے خواہ زمانہ توبہ کا زمانہ مسیح کا ہو یا مہدی یا دجال کا۔

رفع...... کسی حدیث سے ہرگز نہیں ثابت ہوتا ہے کہ دجال کے نکلنے کے زمانہ میں کوئی شخص صدق دل سے ایمان لاوے گا اور کفر وشرک سے توبہ کرے گا۔ اس کے سواء یہ حکم جو اس آیت سے مجیب صاحب نے لکھا ہرگز ٹھیک نہیں۔ محض تحکم وتوہم ہے اور نص قرآنی کے خلاف ہے۔

اوّلاً اس لئے کہ گفتگو خاص دربارہ ایمان کے قبولیت ہونے کے کفار میں ہے۔ گنہگار مؤمنین کی توبہ کے باب میں نہیں ہے اور یہ آیت خاص دربارہ کفار کے ایمان وتوبہ مقبول ہونے کے بیان میں نہیں۔ بلکہ الفاظ کی روانگی اور کلام کا طرز یہ چاہتا ہے کہ گنہگار مؤمنین کی توبہ کے بابت اس آیت میں اس طرح فرمایا کہ سوا اس کے نہیں کہ توبہ مقبول خدا تعالیٰ کے نزدیک واسطے ان لوگوں کے ہے جو گناہ کو نادانی سے کرتے ہیں پھر جلدی توبہ کرتے ہیں سو یہ لوگ ہیں جن پر

خدا رجوع ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا حکمت والا ہے۔ خصوصاً لفظ بجہالۃ اسی بات کو مقتضی ہے۔ کیونکہ مؤمنین کی شان گناہ سے نفرت ہے اور ان سے گناہ سرزد ہونا بیشتر نادانی سے ہوتا ہے۔ چنانچہ اسی مطلب کو خدا تعالیٰ نے سورۂ انعام کے اس آیت میں توضیح کے ساتھ یوں فرمایا ہے۔’’واذا جاء ک الذین یؤمنون بایتنا فقل سلام علیکم کتب ربکم علیٰ نفسه الرحمة انه من عمل منکم سوء بجهالة ثم تاب من بعده واصلح فانه غفور رحیم ‘‘ترجمہ اور جب آویں تیرے پاس وہ لوگ جو ایماندار ہیں۔ ہمارے آیتوں کے ساتھ پس کہہ دو سلامتی ہو تم پر مقرر کیا تمہارے رب نے اپنے اوپر رحم کرنے کو یہ کہ تحقیق جو کوئی تم میں سے بدی کرے نادانی کے ساتھ پھر توبہ کرے اس کے بعد اور درستی کر لیوے تو البتہ وہ معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے اور یہ بات ظاہر ہے کہ مؤمنین کے برابر انعام اور رحمت پانے میں کفار نہیں ہیں۔

ثانیاً! اس لئے کہ دوسری آیت میں جو بیان ہوا’’ولا الذین یموتون وهم کفار ‘‘ظاہر ہے کہ اس کا عطف’’ولیست التوبة ‘‘پر ہے۔ پس یہ آیت توبہ کی عدم قبولیت سنانے والی ہے۔ اس کو ہرگز لازم نہیں ہے کہ اگر مرتے وقت کسی کی توبہ قبول نہیں ہے تو اس کی توبہ زمانہ دجال سے ٹکراتے ہوئے زمانہ مسیح ومہدی میں قبول ہووے۔’’لولا یاتون علیهم بسلطان بیّن‘‘

ثالثاً! یہ قول بھی مولوی محمد احسن کا غلط ہے کہ ہرگز نہیں ہوسکتا کہ دنیا میں بحالت موجودگی نظام دنیا کی الخ اور پہلے بھی اس زعم کی غلطی بیان ہوئی۔ دیکھئے پارہ لن تنا سے دو آیت پہلے خدا تعالیٰ نے فرمایا’’ان الذین کفروا بعد ایمانهم ثم ازدادوا کفر لن تقبل توبتهم واولئك هم الضالون ان الذین کفروا وماتوا وهم کفار فلن یقبل من احدهم مل الارض ذهباً ولو افتدی به اولئك لهم عذاب الیم وما لهم من نصرین ‘‘تحقیق جن لوگوں نے کفر کیا بعد اپنے ایمان لانے کے پھر کفر کو زیادہ کیا ہرگز قبول نہ ہوگی ان کی توبہ یعنی اسی نظام دنیا کی موجودگی میں اور وہ لوگ گمراہ ہیں۔ تحقیق جن لوگوں نے کفر کیا اور مر گئے اس حالت میں کہ وہ کفار ہیں تو ہرگز قبول نہ ہوگا ان میں سے کسی سے زمین بھرا ہوا سونا۔ اگرچہ اس کے ساتھ بہت دیوے وہ لوگ ہیں کہ ان کے لئے عذاب دردناک ہے اور کوئی ان کے لئے مددگار نہیں ہے۔ اس پہلی آیت سے صاف ظاہر ہے کہ بعض کفار تائب کی توبہ ہرگز قبول نہیں

ہے اور نظام دنیا کی موجودگی ان کی توبہ کو کچھ مفید نہیں ہے اور ’’اولئك هم الضالون ‘‘اس مطلب کو قوی کرتا ہے کیونکہ نہایت سخت وہی گمراہ ہیں کہ ابقائے نظام دنیا میں وہ توبہ کریں۔ لیکن توبہ قبول نہ ہووے اور آیت جو دوسری ہے وہ کفار کے حالت بعد از مرگ کی سناتی ہے۔

وضع...... ایضاً فرمایا خدا تعالیٰ نے ’’ولوا من اهل الكتاب لكان خيراً لهم ‘‘فرمایا اللہ تعالیٰ نے ’’فاستجاب لهم ربهم انى لا اضيع عمل عامل منكم من ذكر اوانثىٰ ‘‘

رفع...... ناظرین بخوبی جان سکتے ہیں کہ ان دونوں آیتوں میں مطلقاً اس بات کا ذکر نہیں ہے کہ خروج دجال کے زمانہ میں کفار کا ایمان مقبول ہوگا۔ قادیانی صاحب کے بز اخفش صفت چیلوں کو خوش کرنے کے لئے محض سادہ لوحی سے مولوی محمد احسن قادیانی نے بحث شدہ مسئلہ سے قطع نظر کر کے یہ آیتیں گنتی دکھلانے کے طور پر لکھ دی ہیں۔ کیونکہ پہلی آیت میں یہ خبر دی گئی ہے کہ اگر اہل کتاب ایمان لاتے تو البتہ ان کے واسطے بہتر ہوتا۔ یعنی ان کے لئے بہتری جو نہیں ہے سو ان کے ایمان نہ لانے سے ہے۔ یہ کلام ایسا ہے بیان ہوا ہے۔ جیسے فرمایا ’’لوكان فيهما الٰهة الا الله لفسدتا ‘‘یعنی آسمان وزمین کے اندر اگر بجز خدا کے واقعی معبود ہوتے تو البتہ آسمان وزمین تلف ہو جاتی۔ پس جیسے آسمان وزمین کا قیامت سے پہلے برباد نہ ہو چکنا مشرکین پر اس بات کی حجت ہے کہ وہ جو ماسواء خدا تعالیٰ کے اپنے زعم میں دوسرے معبود مانتے ہیں۔ وہ غلط خیال ہے۔ ایسے ہی یہود ونصاریٰ میں بہتری نہ ہونا کہ وہ ’’مغضوب عليهم ‘‘اور ’’ضالين ‘‘جتلائے گئے۔ اس بات کی حجت ہے کہ وہ جو اپنے آپ کو خدا پر ایمان لانے والا جانتے ہیں اور اپنے تخیّلات کے ساتھ انہوں نے کہا کہ ’’لن يدخل الجنة الا من كان هودا اونصارىٰ ‘‘یعنی بہشت میں ہرگز داخل نہ ہوگا مگر وہی جو یہود ہے یا نصرانی۔ بات تو یہ تھی کہ جیسے تشریح گذری آیت ’’ولو امن اهل الكتاب ‘‘میں خدا تعالیٰ نے اہل کتاب کی ہجو اور بے ایمانی کی حالت سنائی ہے۔ لیکن مجیب صاحب فہم نارسا پر غران ہو کر آیت مذکور کو دلیل اس بات کی ٹھہراتے ہیں کہ دجال کے زمانہ میں کفار کا ایمان مقبول ہوگا۔ اے مولانا ۔

آدمی اعقل باید دربدن

ورنہ جان درکالبد دارد حمار

سمجھ کر بات کہئے اپنے قیاسات جیب میں ہی رکھیئے اور دوسری آیت یعنی ’’فاستجاب لهم ‘‘میں اس طرح فرمایا کہ مؤمنین صالحین نے جو دعائیں مانگیں جن کی تفصیل

آیات بالاسورۂ آل عمران کے پچھلے رکوع میں بیان ہوئے ان کے لئے وہ دعائیں ان کے رب نے قبول کیں کہ البتہ میں ضائع نہ کروں گا عمل کام کرنے والے کا تم میں سے خواہ مرد ہو خواہ عورت۔ پس ناظرین غور کریں کہ وہ کون سا لفظ اس آیت میں آیا ہے۔ جس سے یہ ظاہر ہووے کہ دجال کے زمانہ میں کفار فجار کو ایمان نصیب ہووے گا۔

بہت مغرور تھا وہ شوخ اور بھرتا تھا ہو حقین
مشعبد کی صفت نکلیں سبھی اس کے وہ فوفنکین

وضع...... ایضاً فرمایا اللہ تعالیٰ نے ’’یایھا الذین اوتوا الکتاب اٰمنوا بما نزلنا مصدقاً لما معکم من قبل ان نطمس وجوھاً فنردھا علیٰ ادبارھا‘‘

رفع...... اس آیت میں بھی کوئی لفظ ایسا مذکور نہیں ہوا جس میں دلالت ہو کہ دجال کے زمانہ میں کفار کا ایمان قبول ہوگا۔ بلکہ قبولیت کی نفی اگر دیکھئے تو ثابت ہوسکتی ہے۔ کیونکہ آیت شریف کا ترجمہ یہ ہوا کہ اے وہ لوگ جن کو کتاب دی گئی ایمان لاؤ اس پر جو ہم نے نازل کیا تصدیق کرتے ہوئے اس کلام کی جو تمہارے پاس ہے اس کے پہلے جو ہم چہروں کا مسخ کریں گے یعنی بدل ڈالیں گے پس ہم ان کو الٹا پھیریں گے ظاہر سے کہ کفار کے واسطے قیامت کا دن دوزخ میں داخل ہونے کا ہے اور ان کو نامراد پیچھے واپس کرنے اور مسخ کرنے کا وقت دنیا میں قیامت سے پہلے ہی اور خود عربی خط میں آپ بھی جو لکھ چکے ہیں اس بارہ میں وہ آپ کے اوپر حجت ہونے کو کافی ہے۔ عبارت ہٰکذا۔ ’’یقع القیامۃ علیٰ الاشرار والاشقیاء‘‘ یعنی قیامت شریروں اور ہدایت سے محروموں پر واقع ہوگی اور جب فرمایا اللہ تعالیٰ نے ’’من قبل ان نطمس وجوھا‘‘ چہروں کو بدل ڈالنے سے پہلے کہ الٹے پھیرے جاویں تو واضح ہوا کہ کفار کی دنیا میں اس حالت کی واقع ہوجانے سے تنبیہ کی ہے۔ جو سورہ بقرہ کے شروع میں فرمائی۔ ’’ختم اللہ علیٰ قلوبھم وعلیٰ سمعھم وعلیٰ ابصارھم غشاوۃ‘‘ مہر کردی خدا نے ان کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر اور ان کی آنکھوں پر دہ ہے۔ کیونکہ جب یہ کیفیت کسی کی ہوجاتی ہے تو ’’حقت علیہ کلمۃ العذاب‘‘ کے یعنی اس پر عذاب کا قول ثابت ہو چکا۔ تحت میں آجاتا ہے۔ چنانچہ ساتھ ہی فرمایا۔ ’’ولھم عذاب عظیم‘‘ ان کے واسطے بڑا عذاب ہے اور کیوں نہ ہو دنیا کے اندر ہی والی وہ حالت اس لئے کہ جس آیت کو مجیب صاحب لکھ رہے ہیں اس کا ٹکڑا یہ ہے۔ ’’او نلعنھم کما لعنّا اصحاب السبت لسبت‘‘ یعنی یا ہم ان اہل کتاب کو ملعون کریں پورا بدل ڈالیں جیسے ہم

www.amtkn.com www.facebook.com/amtkn313 www.emaktaba.info

نے اصحاب سبت کوملعون کیا۔یعنی فرمایا’’کونوا قردة خاسئین ‘‘ ہوجاؤ بندرنامراد۔چنانچہ زمانہ آنحضرتﷺ میں بے ایمانی کی حیثیت سے بندر کی موافق کفارفساق ہوئے۔سورۂ یونس رکوع ۴ میں ہے۔’’کذلك حقت کلمة ربك علی الذین فسقوا انهم لا یؤمنون ‘‘اسی طرح ثابت ہوئی بات تیرے رب کی ان لوگوں پر جنہوں نے بے راہی کی کہ تحقیق وہ ایمان دار نہ ہویں گے۔ بالجملہ جب وہ آیت جو مولوی محمد احسن قادیانی نے لکھی ہے۔اس میں نظام دنیا کے باقی رہتے ہوئے حال میں مسخ ہوجانے کی حالت سے پہلے ایمان لانے کی طرف اہل کتاب کو مخاطب کیا گیا ہےاور آیت مذکورہ سے ظاہر ہے کہ وہ مسخ دجال کے زمانہ سے پہلے واقع ہونا ممنوع نہیں ہے تو مولانا مذکور کا استدلال آیت سے بھی باطل ہے۔

وضع ...... ’’ومن یعمل من الصلحت من ذکرا وانثیٰ وهو مؤمن ایضاً ما یفعل الله بعذابکم ان شکرتم وامنتم ‘‘ان دونوں آیات کوبھی مسئلہ بحث شدہ سے نہ کوئی تعلق ہے نہ دجال کے نکلنے کے زمانہ میں ایمان مقبول ہونے کا کچھ ثبوت کیونکہ ان دونوں آیتوں میں خداتعالیٰ نے جو بہشت میں داخل ہونے کے بشارت اور عذاب الٰہی سے حفاظت جن لوگوں کے واسطے فرمائی ہے سووہ لوگ ہیں جو کہ صالحین مؤمنین ہیں اور شکر گذار ایمان کے ساتھ ہیں۔ان پر دجال کے زمانہ کے کفار کو قیاس مولوی محمد احسن قادیانی کا کرنا محض ناانصافی ہے۔’’مثل الفریقین کالاعمیٰ والاصم والبصیر والسمیع هل یستویان مثلاً افلا تذکرون ‘‘اے مولانا غور تو کیجئے۔دجال کے زمانہ کے کفار ایمان سے اندھے بہرے لوگ کیونکر ایمان کے نور سے بینائی اور ہدایت الٰہی کی گوش شنوار کھنے والوں کے برابر ہوسکتے ہیں۔’’نعوذ بالله من ذلك ‘‘آپ اپنے ان ہی کمزور خیالات پر نازاں ہوکر فرمارہے تھے کہ مولوی احمد علی صاحب کے اعتراض بزرگان وصالحان کے مانے ہوئے عقیدہ سے مخالف ہیں۔اجی حضرت خوب سمجھ لیجئے کہ آپ منصوص قرآنی اور حدیث رسولﷺ کے خلاف پر مصر ہیں اور مولوی احمد علی صاحب پر آپ ناحق الٹا الزام لگاتے ہیں۔امید ہے کہ اگر آپ منصف بنیں گے تو اپنے حسب حال اس مصرع کا ورد کریں گے۔

میں الزام ان کو دیتا تھا قصور اپنا نکل آیا

اور آپ کے صواحب سدا جو وجما لوکف افسوس ملتے رہیں گے۔

وضع ...... بڑا تعجب ہے کہ باوجود ہونے ایسے نصوص قطعیہ کے مولوی صاحب کو اصرار ہے کہ مسیح اور دجال کے زمانہ میں ایمان نفع نہ دے گا۔

رفع...... مجیب صاحب کا عجب زہرخندہ تعجب ہے۔ایک آیت اور حدیث تو اب تک ایسی پیش نہیں کی جس کو اسباب سے کچھ بھی لگاؤ ہووے کہ جو زمانہ موعود مسیح کا دجال کے زمانہ سے منطبق ہونے والا ہے۔اس میں کسی کافر کا ایمان خداتعالیٰ کے نزدیک مقبول ہووے گا۔پھر نصوص قطعیہ تو کہاں پیش کر سکتے۔

ترسم نرسی بکعبہ اے اعرابی
کین راہ کہ تو میروی بترکستان ست

وضع...... جب تک دنیا میں قرآن مجید موجود ہے۔الیٰ قولہ ہر ایک کافر کا ایمان واسلام بھی مقبول ہوگا۔

رفع...... مجیب کا دعویٰ مذکور محض کذب وافتراء ہے۔کیونکہ فرمایا اﷲتعالیٰ نے ’’ولقد ذرئنا لجہنم کثیراً من الجن والانس لهم قلوب لا یفقهون بها ولهم اعین لا یبصرون بها ولهم اذان لا یسمعون بها اولئك كالانعام بل هم اضل اولئك هم الغافلون ‘‘البتہ ہم نے جہنم کے واسطے پیدا کئے کتنے ہی جن اور انسان سے کہ ان کے دل میں جن سے نہیں سمجھتے ہیں اور ان کی آنکھیں ہیں جن سے نہیں دیکھتے ہیں اور ان کے کان ہیں جن سے نہیں سنتے ہیں۔وہی لوگ ہیں جو غافل ہیں۔’’ان الذین حقت علیهم کلمت ربك لا یؤمنون ولو جاء تهم كل اٰية حتىٰ یرو العذاب الالیم ‘‘تحقیق جن لوگوں پر مقرر ہوچکی بات تیرے رب کی وہ ایمان نہ لائیں گے۔اگرچہ آجائیں ان کے پاس کل نشانیاں یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب کو دیکھ لیں۔اے باخبر ناظرین دیکھ لیجئے جب کہ دوزخ کے واسطے جو لوگ یا جنات پیدا کئے گئے۔وغیرہ وغیرہ۔قرآن مجید سے صراحۃً ثابت ہیں تو کب ہوسکتا ہے کہ ایسے لوگوں کا خداتعالیٰ کے نزدیک ایمان مقبول ہوگا تاکہ مولوی محمد احسن قادیانی جو کہتے ہیں کہ جب تک قرآن مجید موجود ہے اور اس میں آیتیں محفوظ ہیں۔ہر ایک کافر کا ایمان واسلام بھی مقبول ہوگا اور نیز جن لوگوں پر عدم ایمان کی بات خداتعالیٰ ثابت کر چکا کیونکر مانا جاسکتا ہے کہ وہ مؤمن ومسلم سچے ہویں گے۔اعاذنا اﷲ من تلك الهفوات التی اخذها المجیب المذکور وعصمنا من كل الكفریات كما عصم اﷲ منها عباده الشكور۔

وضع...... پس میں نے حدیث کی۔

رفع...... مولوی محمد احسن قادیانی نے جو یہ تقریر بطور اپنی تحریر کے نتیجہ کے لکھی ہے۔محض بے کار وغلط ہے اور اس کا جواب مفصلاً گذر چکا ہے اور جن کشفی معنوں کا دعویٰ کیا ہے۔وہ بھی مردود

ہو چکے ہیں اور کیونکر نہ رد ہو جاتے۔ اس لئے کہ قادیانی کے رؤیا میں طلوع مغرب سے آفتاب کا جو ہو دو حال سے خالی نہیں یا یہ کہ برخلاف حدیث نبوی ﷺ کی مراد کے ہوئے تو جیسے وہ قیامت کے آثار سے نہیں ویسے کچھ فخر کی بھی چیز نہیں ہے۔ کیونکہ قادیانی صاحب نے اپنے آپ کو لندن میں نصاریٰ کے منبر پر پایا جو اہل اسلام کی وعظ گوئی کی نشست گاہ سے نہیں ہے۔ البتہ نصاریٰ کی یہاں دستر خوان کی زیب اس کے بغیر ہرگز نہیں ہوتی ہے۔ جس کا خلاصہ صحیح طور پر یہ ہوا کہ اسلامی باتوں کے پیرایہ میں کھانے پینے کی سبیل قادیانی صاحب نے اپنی تصانیف کے ذریعہ سے قائم کی ہے اور تیتر اور بٹیر کے دورنگی نفس سے میل رکھتی ہوئی دودلے آدمی ان باتوں پر کان لگاتے ہیں۔

خطا میکند مرد تفسیر دان
کہ علم وادب مے فروشد بنان

اور اگر طلوع الشّمس من مغربہا جو پیغمبر خدا ﷺ کی حدیث میں بیان ہوا۔ اسی خاص قرب قیامت کی علامت کا واقع ہو چکنا بہ فرض محال اس طور تسلیم کر لیا جاوے کہ اس سے مراد یہ ہے جسے قادیانی صاحب نے کشفی الہام کر کے بیان کیا تو ضرور ہوا کہ قادیانی کا وعظ و پند نہ کسی کافر کے حق میں مفید ہے نہ کسی مؤمن کے بلکہ مؤمنین پر واجب ہے کہ قادیانی کے دام سے کنارہ کر کے قرآن وحدیث کو حسب تفسیر دیگر علمائے صالحین کی مضبوطی سے اپنا ہادی واجب الاتباع مانتے رہیں اور اسی کے اوپر عمل کرنے میں مضبوط رہیں۔ پس مولوی محمد احسن قادیانی کی تمام خامہ فرسائی لغو ہے اور انہوں نے قادیانی کے رؤیا کشفی میں جو کچھ رؤیا ہے سب اکارت ہے اور ان کا یہ قول بھی محض غلط ہے کہ جب شمس اپنی مغرب سے طلوع ہو چکے گا یعنی اس کے طلوع کا زمانہ جس قدر علم الٰہی میں اس کے مقدار ہو گذر چکے تب البتہ سب ایمان لے آویں گے۔ کیونکہ حضرت ابی ہریرہؓ کی حدیث جو پیش کی گئی جو کہ قرآنی آیت سورۂ انعام والی کی تفسیر میں ہے۔ خدا تعالیٰ نے اس آیت میں یوم انقضی یا کہ یوم مضٰے یا کہ اذا جاء بعض آیات کے مثل ماضی کی صیغوں سے نہیں فرمایا ہے تا کہ کسی طرح پر دلالت سے مولوی محمد احسن قادیانی کو اپنی اس تاویل کی صحت کا موقع مل سکے کہ جب طلوع الشّمس من مغربہا کا زمانہ گذر چکے۔ تب البتہ سب لوگ ایمان لے آویں گے۔ بلکہ یوں فرمایا ہے کہ ’’یوم یاتی بعض اٰیات ربك‘‘ جس دن آوے تیرے پروردگار کے نشانیوں سے بعضی مثلاً اپنے چھپنے کی جگہ سے آفتاب کا نکلنا جس میں مضارع کے صیغہ کو لانے سے باری تعالیٰ نے واضح کر دیا ہے کہ طلوع الشّمس من مغربہا کی پائی جاتی ہے۔ کفار جو ایمان لاویں گے ان

کوایمان نفع نہ دے گا۔ کیونکہ ایمان بالغیب نہ رہا۔ لہٰذا طلوع الشمس من مغربہا کے زمانہ کا گذر چکنا ہر کفار کے ایمان لانے کے واسطے معین نہیں ہوسکتا ہے۔ اے مولانا کلام کے محاورہ میں آپ کی تبدیلی کرنی ہرگز مقبول نہ ہوگی۔ ''یوم تأتی السماء بدخان مبین یغشے الناس'' یعنی جس دن آسمان دھواں ظاہر کرے گا لوگ بیہوش ہوویں گے۔ کیا آپ اس کے یہ معنی سمجھ رہے ہیں کہ دخان کا زمانہ گذر جانے کے بعد میں لوگ بیہوش ہوویں گے۔ ''استغفر اللّٰہ'' جو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ''یوم نقول لجھنم ھل امتلئت وتقول ھل من مزید'' سے آپ یوں خیال کرتے ہیں کہ جب دوزخ سے خداتعالیٰ فرماوے گا کہ آیا تو بھر گئی ہے تو اس دن دوزخ چپ کئے رہے گی۔ اگلے دن جب قیامت کا روز ہو چکے گا تب دوزخ کہے گی آیا کچھ اور زیادہ ہے۔ ''نعوذ باللّٰہ من ذلك'' الحاصل جب معلوم ہو چکا کہ آیت قرآنی میں مضارع کا صیغہ موجود ہے۔ جس کی تفسیر میں حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث ہے تو اس میں جو بیان کہ ''اٰمن الناس کلھم اجمعون'' کا وہی وقت ہے جو کہا گیا ہے کہ ''فاذا طلعت الشمس من مغربھا'' پس جیسے ''النھار موجود'' کا ظرف اذا کانت الشمس طالعۃ یعنی اس وقت میں دن موجود ہے جب کہ سورج طلوع کئے ہوئے موجود ہے۔ ایسی ہی اس حدیث میں کل آدمیوں کے ایمان لانے کا جو وقت بیان ہوا ہے وہ اپنی چھپنے کی جگہ سے آفتاب کے طلوع کئے ہوئے اور موجودگی کا ہے۔ نہ مولوی محمد احسن قادیانی کے غلط فہمی کے موافق۔ ''واحفظ منی لعلك تذکرو تخشیٰ''

وضع ...... اور اگر کوئی ٹکڑا زمانہ عیسیٰ یا حضرت مہدی کا یا کل زمانہ ان کا بہ موجب قول حضرت مولوی صاحب کے ایسا ہو کہ اس زمانہ میں ایمان واسلام لانا کفار کا بیکار ہو جائے تو پھر دعوت الیٰ الاسلام حضرت امام مہدی اور مسیح کی بالکل لغو اور بیکار ہو جائے گی۔ الشیٔ اذا خلی من مقصودہ۔

رفع ...... اے مولانا ابھی آپ بھی نہیں سمجھے ہیں کہ امام مہدی علیہ السلام کس لئے ظہور کریں گے اور عیسیٰ علیہ السلام کس واسطے آسمان سے نزول فرماویں گے۔

زدعویٰ تہی آئی نابرشوی
نواز خود پر نئے ان تہی میردے

یاد رکھئے کہ ان دونوں بزرگواروں کے ظہور ونزول سے مقصود الٰہی دین اسلام کے نصرت اور کفار کے ذلت ہے بیشک اس سے خالی ہونا ممنوع ہے۔ چنانچہ سابقہ مذکور ہوا اور آئندہ بھی انشاء اللہ واضح کیا جاوے گا۔

وضع...... حالانکہ حدیث صحاح سے ثابت ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اسلام کے طرف دعوت کریں گے اوران کے زمانہ میں بہت لوگ اسلام میں داخل ہوں گے۔

رفع...... اے مولانا سوال از آسمان اور جواب از ریسمان کا طریق اختیار نہ کیجئے۔ گفتگو جس بارہ میں تھی اس کا جواب دیجئے۔ آپ سے پہلے بھی بار بار مجمع عام میں کہا گیا اور اب پھر گوش گزار کیا جاتا ہے کہ آپ چن کر کے صرف ایک ہی ایسی جید حدیث پیش کر دیجئے جس میں تصریح ہو کہ حضرت مہدی وحضرت مسیح کا جو زمانہ خروج دجال سے منطبق ہوگا یا کہ جس وقت دابۃ الارض ظہور کرے گا۔ یا کہ جب اپنے چھپنے کی جگہ سے آفتاب نکلے گا ان اوقات میں کس کافر کا ایمان مقبول ہوگا۔ لیکن کوئی حدیث آپ نے پیش نہ کی۔ بلکہ یہ بھی آپ سے نہ ہوسکا کہ اوقات مذکورہ میں کفار کو حضرت مہدی وحضرت عیسیٰ کا ایمان واسلام کی دعوت کرنے پر دلالت کرنے والے حدیث سناتے یا قرآن شریف کی کسی تفسیر میں دکھلاتے جو علماء اسلام کے نزدیک معتبر ہے اور بڑی جانفشانیوں کے بعد آپ نے لکھا ہے تو فتح الباری سے حافظ کا قول جس میں ہرگز نہیں کہا گیا کہ دجال کے زمانہ میں کفار کو حضرت عیسیٰ دعوت اسلام کریں گے اور علیٰ ہذا جو عبارت تفسیر بیضاوی سے نقل کے اس میں بھی نہیں بیان ہوا کہ دجال کے زمانہ میں حضرت عیسیٰ کفار کو ایمان کی طرف بلاویں گے۔ اب اگر کہئے کہ حافظ نے جو بحوالہ حدیث حضرت ابی ہریرہؓ کی بیان کیا کہ ''یدعوا الناس الیٰ الاسلام'' سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بعد نزول کے لوگوں کو دعوت اسلام کریں گے اور خدا تعالیٰ بجز اسلام کے سب ملتوں کو ہلاک کر دے گا۔ وغیرہ! یا تفسیر بیضاوی میں جو بیان ہوا۔ ''انه اذا نزل من السماء اٰمن به اهل الملل جميعاً'' تحقیق حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب آسمان سے اتریں گے تو سب مذاہب کے تمام لوگ ایمان لے آویں گے۔ وغیرہ سو اس کے دو جواب ہیں۔

اوّلاً! وہی پہلی بات کہ مولوی احمد علی صاحب نے جو آپ سے جواب طلب کیا اس بارہ میں کہ آپ ثابت کریں خروج دجال کے خاص زمانہ میں کفار کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام دعوت اسلام کریں گے اور اس مخصوص وقت میں ان سے عند اللہ ایمان قبول ہونا کسی نص شرعی سے بتلا دیں۔ کیونکہ عام کے وجود سے خاص کا موجود ہونا ضروری نہیں۔ مثلاً حیوان کے موجود ہونے کو ناطق کا موجود ہونا ضروری ولازم نہیں ہے۔ نہ یہ کہ اس خاص وقت کے اندر قبولیت ایمان کی بابت ثبوت دینے سے پہلو بدل کر دوسرے اوقات غیر بحث شدہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے

دعوت اسلام کرنے کی بابت کوئی سند پیش کریں جو کہ قادیانی صاحب کے زمانہ سے مطابق نہیں ہے۔ کیونکہ ان کے زعم کے موافق یہ زمانہ دجال موعود کے فتنہ کا ہے۔ جیسے کہ حمامہ ص۴۴ کے حاشیہ اور دیگر مقامات میں مذکور ہے یا یہ کہ مؤمنین سابقین کے مقبول الایمان ہونے پر کفار کے ایمان کی قبولیت قیاس کر کے سنادیں۔

ببین تفاوت راہ از کجاست تابکجا

سخن کچھ تھے دے کچھ کر کے بولے
ترازو عقل کی جس کی ہو تولے

ثانیاً بقول مشہور نظم سعدیؒ۔

تو براوج فلک چہ دانی چیست
چون ندانی کہ در سرائے تو کیست

بے روایات جن کو آپ نے حوالہ قلم کیا ذرا حمامہ کے اندر بھی دیکھئے۔ قادیانی صاحب کب باور کرتے ہیں اور جب قادیانی صاحب نے ان روایات کو قبول نہ کیا تو مجیب صاحب آپ کا ان عبارت کے پیش کرنے سے مدعا تو کیا ثابت ہوتا۔ آپ کو اور ندامت کھینچنا پڑ گیا۔ کیونکہ یہ روایات دو حال سے خالی نہیں یا یہ کہ آپ کے نزدیک غلط ہیں تو آپ کا ان روایات کے موافق خود تمسک اپنے عقیدہ کی صحت کا غلط ہوا۔ اس لئے کہ جو شخص کسی غلط بات سے اپنے عقیدہ کے موافقت بتلا کر اس کو تمسک سمجھے وہ محض غلطی میں گرفتار ہے اور یا یہ کہ آپ کے نزدیک یہ روایت معتبر نہیں تو نتیجہ یہ ٹھہرا کہ قادیانی صاحب نے جو اپنے دعویٰ مسیحیت کی بابت لکھا وہ سب غلط ہے اور اس کا آپ کے اوپر اظہار مقصود ہے۔ کیونکہ حضرت ابی ہریرہؓ کی روایت سے جو قول حافظ کا منقول ہے اس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ ''تقع الامنۃ ''یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں ایسا امن واقع ہوگا کہ شتر کے ساتھ شیر چریں گے اور بچے سانپوں کے ساتھ کھیلیں گے اور بیضاوی کے قول میں یہ بیان ہوا۔ ''ولا یبقیٰ احد من اھل الکتاب الا لیؤمنن بہ ''یعنی اہل کتاب میں سے کوئی بھی حضرت عیسیٰ پر ایمان لائے بغیر نہ رہے گا۔ چنانچہ قادیانی صاحب نے جب دیکھا کہ ان روایات کو اگر مان لیا جاوے تو اپنے موعود مسیح ہونے کا دعویٰ صریح غلط پڑتا ہے۔ لہٰذا ان روایتوں کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔

(حمامۃ البشریٰ ص۴۶، خزائن ج۷ ص۲۳۹) پر ہے:’’ثم اذا نظرنا نظرا اُخرو تأملنا فی قولهم وعقیدتهم واتفاق ندوتهم علیٰ ان الموجودین زمان نزول المسیح یدخلون فی دین الاسلام کلهم ولا تبقی نفس واحدة منهم منکرة للاسلام وتهلك الملل کلها الا اسلام فما وجدنا هذه العقیدة موافقة لتعلیم القراٰن بل وجدناها مخالفة لقول رب العالمین فان القرآن یعلم بتعلیم واضح ویشهد بصوت عال علیٰ ان الیهود وانصاریٰ یبقون الیٰ یوم القیمة کما قال عزوجل واغرینا بینهم العداوة والبغضاء الیٰ یوم القیامة...... واعلم ان حدیث هلاك الملل صحیح ولکن اخطاء العلماء فی فهمه وما فهموا من هلاك اهل الادیان فهو لیس بصحیح بل المعنی الصحیح هو الذی یشیر الیه القرآن فی اٰیة هو الذی ارسل رسوله بالهدیٰ ودین الحق لیظهره علی الدین کله فقد اشار فی هذه الاٰیة علےٰ علیه دین الاسلام علیٰ کل مذهب ودین وانت تعلم ان دیناً اذا صار مغلوباً مقهوراً فهو نوع من هلاك اهله بسلطان مبین‘‘

(حمامۃ البشریٰ ص۴۷، خزائن ج۷ ص۲۴۰) پر ہے:’’واما ماروی فی البخاری عن ابی هریرةؓ فی هذا الباب فلا تحسبه شیئا یتوجه الیه وعندنا کتاب اللّٰه‘‘

(حمامۃ البشریٰ ص۴۷،۴۸، خزائن ج۷ ص۲۴۱) پر ہے:’’قد اختلف اهل التفسیر فی مرجع ضمیر به فقال بعضهم ان هذا الضمیر الذی یوجد فی اٰیة لیؤمنن به راجع الیٰ نبیناﷺ وهذا ارجح الاقوال وقال بعضهم انه راجع الیٰ القراٰن وقال بعضهم انه راجع الیٰ اللّٰه تعالیٰ وقیل انه راجع الیٰ عیسیٰ وهذا قول ضعیف ما التفت الیه احد من المحققین‘‘ پھر جب ہم نے دیکھا نظر ثانی کر کے اور تأمل کیا درمیان ان کے قول اور عقیدہ اور اتفاق ان کی ہم کلامی کے اس پر کہ تحقیق جو لوگ موجود ہوں گے نزول مسیح کے وقت میں وہ کل دین اسلام کے اندر داخل ہو جائیں گے اور ایسا کوئی ایک بھی ان میں سے نہ بچے گا کہ اسلام کا منکر ہووے اور تمام ان کے مذاہب جز اسلام کے ہلاک ہو جاویں گے۔ سو ہم نے اس عقیدہ کو تعلیم قرآن کے موافق نہیں پایا۔ بلکہ ہم نے اس کو رب العالمین کے قول سے مخالف پایا۔ کیونکہ قرآن واضح تعلیم کے ساتھ سکھلاتا اور بلند آواز کے ساتھ

اس پر گواہی دیتا ہے کہ البتہ یہود اور نصاریٰ باقی رہیں گے۔ قیامت کے دن تک فرمایا اللہ تعالیٰ نے کہ ہم نے خیال ڈال دیا ہے۔ ان کے آپس میں عداوت اور بغض کا قیامت کے دن تک ایضاً اور معلوم ہوئے کہ البتہ حدیث مذاہب کے ہلاک ہونے کی صحیح ہے۔ ولیکن علماء نے اس کے سمجھنے میں غلطی کی اور جو کچھ وہ سمجھے اہل ادیان کے ہلاک کی بابت سو وہ صحیح نہیں ہے۔ بلکہ صحیح معنی وہ ایسے ہیں کہ ان کی طرف قرآن اشارہ کرتا ہے۔ درمیان اس آیت کے کہ خدا وہ ہے جس نے اپنا رسول بھیجا ہدایت اور دین حق کے ساتھ تاکہ اس کو غالب کر دے ہر ایک دین پر۔ پس البتہ اشارہ کیا اس آیت میں دین اسلام کا غلبہ ہر ایک مذہب اور دین پر اور تو جانتا ہے کہ بیشک کوئی دین جب مغلوب اور پست ہوا تو وہ ایک قسم کی ہلاکت اس دین والوں کی ہے روشن دلیل سے۔ (ایضاً ص۴۷) پر ہے: ''لیکن جو بخاری میں ابی ہریرہؓ سے اس باب میں روایت کیا گیا ہے۔ پس تو اس کو ایسی چیز مت گمان کر کہ اس کی طرف توجہ کی جاوے۔ حالانکہ ہمارے پاس کتاب اللہ ہے۔ ایضاً ص۴۷،۴۸ میں ہے کہ البتہ ان اہل تفسیر نے بہ کے ضمیر کے مرجع میں اختلاف کیا ہے۔ پس ان میں سے کسی نے کہا کہ تحقیق بہ ضمیر جو کہ پائی جاتی ہے درمیان آیت ''لیؤمنن بہ'' کی پھرتی ہے۔ ہمارے نبی ﷺ کی طرف اور یہ قول نہایت زبردست ہے اور ان میں سے بعضے نے کہا کہ وہ البتہ قرآن کی طرف پڑتی ہے اور کہا گیا کہ البتہ وہ عیسیٰ کی طرف پھرتی ہے اور یہ ایسا کمزور قول ہے کہ اس کی جانب کوئی محققین سے نہیں متوجہ ہوا۔

لیجئے! مولانا آپ جو قادیانی کے دلی حمیم بن کران کے حمایت میں علمائے اہل سنت والجماعت کے اقوال سے دلیل لائے تھے اور اس مقام پر اور نیز جو کچھ اگلی سطروں میں آیت ''وان من اھل الکتاب لیؤمنن بہ'' سے جو آپ تمسک پکڑتے ہیں خود آپ کے مرشد صاحب نے قبول نہیں کیا۔ بلکہ ان پر جرح کر دی فرمایئے اب بھی آپ کو معلوم ہوا کہ نہیں کہ مولوی احمد علی صاحب نے قادیانی صاحب کے باب میں جو کچھ اعتراض کیا اور اس راقم الحروف نے رقیمۃ الاخلاص میں جو کچھ آپ کی خدمت میں گذارش کیا وہ واقعی درست اور بجائے خود ہیں اور آپ کے توجیہات قلت تدبر سے یا مرزائی مسلک سے باہر ہے۔ اب آگے جو آپ نے حدیث تحریر فرمائی ہے کہ ''لا یزال طائفۃ من امتی یقاتلون علےٰ امر اللہ قاھرین بعد ولا یضرھم من خالفھم حتیٰ تاتیھم الساعۃ'' بجز اس کے نہیں کہ امت محمدیہ میں سے اہل حق کا گروہ اللہ تعالیٰ کا بول بالا کرنے کے لئے مخالفین پر ہمیشہ مقاتلہ کے ساتھ غالب رہے گا

اور قیامت کے آنے تک ان اہل حق کے دین میں مخالفین اسلام رخنہ انداز نہیں ہو سکتے ہیں۔ سو اس کو کب لازم ہے کہ دجال موعود کے زمانہ میں کفار اسلام کو قبول کر لیویں گے اور ہر ایک مقاتلہ کب کہ اسلام کے اندر کفار کو داخل ہی کرنے کے واسطے ہو۔ امام مہدی صاحب کے معرفت سے ہو خواہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی معرفت سے اگر یہ امر لازم یا ضروری ہوتا تو مقہورین ومخالفین نہ رہتے۔ جن کا وجود قاہرین اور خالف سے ظاہر ہے۔ ہاں البتہ اہل حق جب مقاتلہ علے امر اللہ کریں تو بے شک اللہ تعالیٰ کا بول بالا ہی کرنے کے لئے ہوگا اور ان کو فی سبیل اللہ سعی کا اجر برابر ملتا رہے گا۔ جیسے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ''ومن یعمل من الصالحات وھو مؤمن فلا کفران لسعیہ وانا لہ کاتبون'' سو اس بارہ میں بحث ہی واقع نہیں ہوئی ہے۔ چنانچہ سابقاً جتلایا گیا اور یہاں بھی واضح کیا جاتا ہے کہ اے مولانا آپ اپنے قیاس کو تو بالائے طاق رکھئے۔ کسی نص قرآنی وحدیث رسول ربانی ﷺ سے شہادت پیش کیجئے کہ طلوع الشّمس من مغربہا اور خروج دابۃ الارض اور عین فتنہ دجال کے زمانہ میں کفار سے ایمان مقبول ہوگا۔ لیکن اس کا ثبوت اگر آپ کے پاس ہوتا تو پیش ہی کیوں نہ کرتے۔ کس لئے غیر مبحث باتوں کو دلیل میں لاتے۔ کیونکہ اگر مولوی احمد علی صاحب کا اعتراض اس طور پر ہوتا جس میں کہا جاتا کہ ظہور پر آیات ثلاث مذکورہ سے کل یا بعض کے اہل اسلام صلحاء اور مقبول الایمان قائمین علے امر اللہ کا ایمان ضائع ہو جاوے گا یا ان کے لئے مساعی جمیل پر کچھ اجر عند اللہ مترتب نہ ہوگا یا یوں کہا جاتا کہ فتنہ دجال کے زمانہ سے لے کر پھر اگرچہ دجال مقتول ہو چکے۔ خواہ زمانہ مہدی علیہ السلام کا ہووے۔ خواہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا عہد کبھی کسی کفر کا ایمان لانا قبول نہ ہوگا۔ اگرچہ ہنوز دابۃ الارض موصوف کا ظہور اور طلوع الشّمس من مغربہا کا وقوع نہ ہوا ہو تو البتہ مولوی احمد علی صاحب کا اعتراض جو قادیانی کے بابت ہوا ہے غلط رہتا اور جمہور علماء اسلام کے مسلمات سے مخالف ٹھہرتا اس صورت میں آپ کا جواب بوئے۔ صداقت رکھتا لیکن جب کہ آپ کا جواب بحث شدہ امر سے خارج ہے اور اس بات کے اوپر کہ زمانہ میں دجال موعود کے کفار کا ایمان مقبول ہوگا۔ قرآن وحدیث سے کوئی نص آپ نہیں لا سکتے۔ وغیرہ وغیرہ تو جتنے کچھ مقاصد آپ کے اور قادیانی صاحب کے مسلمات پر واقع ہیں۔ سب کے سب قائم وثابت ہیں اور مرزا قادیانی کے توابع کا زمرہ مع اپنے معلم قادیانی کے باطل عقیدہ پر مصر ہے۔ اے مولانا کیا آپ اس بات کو باور نہیں کر سکتے کہ بعض آیات دوسری بعض آیات کی تفسیر بھی ہوتی ہیں اور بعض احادیث کی توضیح بھی کرتی ہیں۔ پس کون سا محال لازم ہے۔

اگر حضرت ابی ہریرہؓ کی دونوں حدیثیں جن کے ساتھ بحث واقع ہوئی اور آیت ’’یوم یأتی بعض آیات ربك لا ینفع نفساً ایمانها لم تکن اٰمنت من قبل اوکسبت فی ایمانها خیراً ‘‘اور آیت ’’وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به ‘‘ باہم اس طور سے موافق کی جاویں کہ طلوع الشمس من مغربہا اور خروج دابۃ الارض کے ہونے پر کفار کے حق میں ایمان کی محرومی آئندہ ہمیشہ کے لئے ہے اور فتنہ دجال کے وقت میں ایمان سے کفار کے لئے محرومی معین بوقت خاص یعنی جب ہی تک رہی کہ دجال اپنے خروج کے بعد قتل کیا جاوے اور کفار اس کو مانے ہوئے ہویں۔ کیونکہ آیت ’’واذا وقع القول علیهم اخرجنا لهم دابة الارض ‘‘ کے بموجب ظاہر ہے کہ موعودہ دابۃ الارض کا ظہور کفار پر وعید الٰہی لازم ہو چکنے کے بعد ہوگا اور اپنی تحریرات میں حسب آیت ’’یوم یأتی بعض اٰیات ربك ‘‘ کے آپ مان ہی چکے ہیں کہ طلوع الشمس من مغربہا کے واقع ہونے پر بھی کفار کا ایمان قبول نہیں ہونے کا اور عبداللہ ابن عمرو کی روایت سے جو صحیح مسلم کے اندر ہے کہ کہا ’’سمعت رسول اللهﷺ یقول اوّل الایات خروجاً ‘‘یعنی دلالت یقینی کے ساتھ قرب قیامت پر ’’طلوع الشمس من مغربها وخروج الدابة علیٰ الناس ضحی وایهما کانت قبل صاحبا فالاخری علیٰ اثرها قریباً ‘‘ سنا میں نے رسول اللہﷺ سے فرماتے ہوئے از روئے نکلنے کے پہلے نشانیوں کے آفتاب کا نکلنا اس کے چھپنے کی جگہ سے ہے اور دابۃ کا لوگوں کے سامنے چاشت کے وقت نکلنا اور جو نشانی دونوں میں سے اپنے ساتھ والی کے پہلے ہوگی تو دوسری اس کے قدموں پر قریب ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ علم اس بات کا ان دونوں میں پہلے کون سی نشانی واقع ہوگی۔ خداتعالیٰ کے نزدیک ہے۔ پس اگرچہ ایسے وقت میں بموجب حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث کے جیسے مولوی احمد علی صاحب نے پیش کیا۔ کفار ایمان لاویں گے پر نفع نہ دے گا اور بروز قیامت وہ ایسے گروہ میں سے ہوں گے جو بیان ہوا۔ ’’وقال الرسول یا رب ان قوی اتخذوا هذا القرآن مهجورا ‘‘ پس اس صورت میں جیسا کفار کا ایمان ہوا ویسی ہی رسول کی ان پر گواہی ہوئی اور حسب حدیث حضرت ابوہریرہؓ ’’والی ثلٰث اذ اخرجن ‘‘ کے کفار ایسے فاسق بنے رہیں جیسا کہ سورۂ یونس والی آیت سے گذشتہ مقام پر کفار کی حالت راقم الحروف نے بیان کی۔ یہاں تک کہ ان کو موت کی غرغرہ کی حالت پہنچ جاوے اور ’’یروا العذاب ‘‘ کی کیفیت میں ہوتے ہوئے ’’مثل فرعون ‘‘ کے اخیر حالت میں ایمان لے آویں۔ لیکن قبول نہ ہوے۔ لہٰذا یہ فریق بھی

قسادت قلبی کے ساتھ فریق اوّل کے قسم سے بدنصیبی میں ہوا اور جب فتنہ دجال کا وقت نکل گیا اور کفار نے فسق کو طلوع الشّمس من مغربہا اور خروج دابہ سے پہلے ترک کیا اور سچے دل سے ایمان لائے تو البتہ اسلام کے اندر داخل ہونے کے لائق ہوئے۔ اس صورت میں ہر آیت قرآنی اور جملہ روایات احادیث پیش کردہ باہم متفق ہیں۔ اے مولانا ہر سخن وقتے ہر نکتہ مکانے دارد۔

’’خذ منی ولو علیٰ رغم انف قادیانی ۰ والسلام علیٰ من اتبع الھدی‘‘

تمت

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

سعد اللہ لدھیانویؒ

یا رب نہ غرور خوش بیانی پر ہے
کچھ فخر نہ دل میں نکتہ دانی پر ہے
موجود جو کچھ ہے سب ہے تیری بخشش
جو آس ہے تیری مہربانی پر ہے
یہ آنکھ جو فیض آسمانی پر ہو
امید خدا کی مہربانی پر ہو
کاغذ کا یہ صفحہ ہو سپر میرے لئے
خامہ میرا حربہ قادیانی پر ہو

دجال قادیانی کی فضیحت اور اس کے چیلوں کو نصیحت

سعدی سے خفا نہ قادیانی ہونا
دور ازراہ بغض وبدگمانی ہونا
سچ کہتا ہوں سن کے آگ مت بن ظالم
لازم تجھے شرم سے ہے پانی ہونا
جفار ہے یا تو قادیانی رمال
مدت سے سمجھ چکے ہیں تیری ہم چال
یہ علم ہے روسیاہ تجھ کو کرتا
دشنام ہمیں نہ دے مثیل دجال
قادیانی رافضی بے پیر ہے
کفر اس کی آج کل جاگیر ہے
یوں صحابے کا محقر ہے خبیث
ہے فقط نواس بانیٔ حدیث
اس نے مشرک کر دیئے سارے سلف
ہائے کیا پیدا ہوا ہے ناخلف
کہتا ہے عیسیٰ کا وہ خلق طیور
شرک ہے ذات خدا میں بے قصور
یہ خیال مشرکانہ ہے فقط
اور وہ احیاء موتی ہے غلط
مر کے زندہ ہو نہیں سکتا کبھی
ہیں غلط بیہودہ تفسیریں سبھی
ابن مریم کو چڑھایا دار پر
جو مناسب ہو وہ اس مکار پر
کچھ یہودی بھی ہے گر کچھ رافضی
کچھ ہے نصرانی بطورے عارضی
قائل ابنیت عیسیٰ ہوا
حامی تثلیث چون ترسا ہوا

تا کہ انبیت کالے خود بھی مقام
کس قدر ظالم ہوا ہے بدلگام

رنگ چون گرگٹ بدلنا دمبدم
بھانڈ بھی دنیا میں ہوں گے ایسے کم

خارجی بھی ہے کہ مہدی بن گیا
ذات کا چنگیز خانی میرزا

گاہ محدث گاہ مجدد بن گیا
نیچری کا اب مقلد بن گیا

مہدی وعیسیٰ سے کیا ہونا ملول
بن گیا دجال خود احمد رسول

اس کے سسرے کی شکایت ہے درست
شعر دو موزوں کئے ہیں خوب چست

بدمعاش اب نیک از حد بن گئے
بو مسیلم آج احمد بن گئے

عیسیٰ دوران بنے دجال ہیں
ہر طرف مارے انہوں نے جال ہیں

مدعی مسند پیغمبری
اصل میں دجال ہے یہ نیچری

مرسل یزداں مریدوں کا ہے یہ
دشمن جانی سعیدوں کا ہے یہ

قادیان کو خود بناتا ہے دمشق
ہے ریاست کادیان کی دل میں عشق

ہیں یزیدی طبع لوگ اور خود یزید
دشمن جان حسین وبو سعید

یہ خبر ہے سرور عالم نے دی
قاتل دجال ہیں عیسیٰ نبی

جب دوبارہ اس جہان پر آئیں گے
دین کی خدمت بجا پھر لائیں گے

قادیانی فتنہ گر کہتا ہے یوں
میں وہی عیسیٰ نبی اللہ ہوں

مجھ پے وحی آتی ہے مثل انبیاء
وحی میں میری نہیں دخل خطا

حق سے جو حکم انبیاء کو آئے ہیں
انبیاء نے ان میں دھوکے کھائے ہیں

لیکن اس عاجز کی پیشین گوئیاں
ہیں نکلتی سر بسر حسب بیان

مرگ عموائیل آتھم کا فساد
اور وہ سلطان کا جینا بامراد

قادیانی کی تباہی کر گئے
خوب روشن روسیاہی کر گئے

لیکن یہ بے شرم باز آتا نہیں
اپنے دعوؤں سے شرماتا نہیں

مارا اس پر میں نے اک ثاقب شہاب
آج تک اس سے رہا یہ لاجواب

اور گیدڑ نامہ اک شائع کیا
اشتہار اس کی شغالی کا دیا

لیکن از مرزا صدائے برخواست
شد مسلم کان مثال دی بجاست

اور پنجابی میں دوسی حرفیاں
جس میں دجالی کا تھا اس کے بیاں

جب ہوا دلے کا ہنگامہ بپا
انہزام کادیانی بھی چھپا

آتھم وسلطان کا جو قصہ ہوا | نظم پنجابی میں کچھ حصہ ہوا
اس میں حقوحق چھپی دجالیاں | آریو پوپو کی جو تھی رمالیاں
وہ ستمبر کی چھٹی کے اشتہار | پھر وہ اکتوبر میں ہشتم کی پکار
قادیانی سخت کھسیا نہ ہوا | رنج میں غصے سے دیوانہ ہوا
بادہ گوئی پر دلیری کی بہت | تھا تو گیدڑ لیکن شیری کی بہت
گالیاں لکھ لکھ کے بھیجیں بر ملا | حامد واقبال کا بھی منہ چلا
ایک ہی تف سن کے حامد بج گیا | اور بد اقبال نے پیچھا دیا
گربہ مسکین یہ اب اک اور ہے | جس کا مسکن غالباً سنور ہے
نام سے معلوم ہوتا ہے وہی | الغرض چیلا ہے اک کوئی سہی
دل میں سازش آریہ سے ہے اسے | ہو گئی ہے ہضم ان کی قے اسے
رافضی کی روح آئی دانہ کہا | ہے تناسخ اعتقاد آریا
بن کے اس جاہل نے شاعر کیا لیا | قادیانی کا اس پر کہا لیا
ہندو ہندو کو بھی کہتا نابلد | کہا گیا یوں پائے ہندو بے خرد
کچھ نہیں چیلے گرو کو آگہی | بے محل تشدید ہے اک ابلہی
منع یا تشدید لایا بے شعور | قادیانی جس طرح لفظ غیور
گوست بنیا بولتا ہے جائے گوشت | یاجولاہا دوست کو کہتا ہے دوشت
تہمت تقلید شخصی دی مجھے | طنز ہندوزادہ کہہ کر کے مجھے
پائے جامہ دھوتی تنگڑی بھینگ وال | دیکھئے رائیں کی ہے کیا بول چال
ہجو گوئی کا لگایا اتہام | کام جو مرزائیوں کا ہے مدام
میں حقیقت اپنی کرتا ہوں عیاں | سنئے گوش دل سے یہ سچا بیاں
میں میرے ماں باپ ہندو تھے سبھی | میں نے پائی کفر سے آزادگی
رحمت حق نے نکالا کفر سے | بن کے ہادی دور ڈالا کفر سے
بحرایمان میں شناور کر دیا | تھا ضعیف اس نے تناور کر دیا
بحر ایمان میں ہوا گھر سے غریب | نیک بختوں نے کیا مجھ کو قریب
میں تھا عائل مجھ کو حق نے زر دیا | سالک راہ ہدایت کر دیا
خوش لباس کفر سے چھوٹا بدن | جامہ شرعی ہوا ملبوس تن

عقل کی میزان عطاء کی پھر مجھے
دے نہ دھوکا تا کوئی کافر مجھے

پاک کھانے بخشے کھانے کے لئے
دال ہیں جو چیز پر ساتھی دے

اہل عزت بن گئے سب میرے دوست
وایں ہمہ فضل وعطاء لطف اوست

میرا دل اسلام پر قائم کیا
اور عقیدہ اہل سنت کا دیا

اہل بدعت سے کیا بیزار دل
راہ سنت میں ہوا بیدار دل

صالحوں سے دل میں الفت دی مجھے
دی نہ صحبت اہل بدعت کی مجھے

اولیاء رحمٰن کے بندہ جو ہیں
جان ودل سے خاک پا ان کا ہوں میں

ہیں جو شیطان اولیاء شیطان کے
سخت بغض وکینہ ہے ان سے مجھے

وہ کہیں اس کو تعصب یا حسد
تابہ مقدور ان کو میں کرتا ہوں رد

میرے مولا تو صحیح ادراک دے
سعے مشکور اور نیت پاک دے

جو خطانسیان ہو تو کر دے معاف
اہل ایمان سے رہوں میں سینہ صاف

نوکری اچھی ملی عزت ملی
مل گئیں ساری مرادات دلی

اور جو حاجت ہو یارب کر عطاء
بے نہایت ہے تیری سب پر عطاء

میں نہ منشی ہوں نہ کوئی مولوی
تیری رحمت سے ملی ہمت قوی

وانچہ از افضال رب اکرم ست
علم الانسان مالم یعلم ست

برزبان ست آنچہ ازالقائے حق
شد ہمہ تحدیث نعمتہائے حق

ورنہ میں کیا اور میری سعی کیا
رحمت ربی کا ہے سب آسرا

دور رکھے حق غرور وکبر سے
خود پسندی میں نہ عاجز دل پھنسے

لاتزغ یا رب قلبی شد دعا
صبر وتقویٰ دارم از حق مدعا

حق نے جب بیٹے کو مؤمن کر دیا
کیا ضرر دے کفر اسے ماں باپ کا

قصہ آزر بہت مشہور ہے
اور انی ذاہب مذکور ہے

انت ربی انت حسبی انت نور
سیدی لا تخزنی یوم النشور

بالکے دجال کے اوپر جفاء
مجھ پہ ہندو زادگی کا طعن کیا

اس سے دنیا میں نہیں ہے عیب کچھ
تو بتا دے کہ کہیں ہے عیب کچھ

حیف ہے التفوازادہ ہو جو
یوں نسب میں اپنی افتادہ ہو جو

کچھ بھی شرمندہ نہ ہو وہ بدزبان
بلکہ دے لوگوں کو الٹی گالیاں

غور کر اس میں یہ کیا انصاف ہے
گالیاں خود شیوہ اجلاف ہے

ظاہری اعمال سے کیا بن سکے
ہوں عقائد ہی اگر کفار کے

سب عمل اسلام کے کرتا قبول
لیکن بنتا خود نبی احمد رسول

لفظ جزئی سے اسے پھر ٹالنا
کفر کو درپردہ اپنے پالنا

وحی میں ہوا انبیاء سے ہمسری
بلکہ ان سے بھی دکھانا برتری

گر نہیں یہ کفر پھر ہے کفر کیا
کر نہ یوں بدنام نام اولیاء

کس ولی حق نے یہ دعویٰ کیا
وحی میں ہوں میں مثال انبیاء

انبیاء کی گو غلط جائے خبر
ہے غلط سے پاک یہ عاجز نگر

مخبر صادق نے ہے فرما دیا
میں ہوں ختم مرسلین وانبیاء

میری جانب سے اگہی صبح شام
اس پر اس کی آل پر میرا سلام

بعد میرے اب نبی کوئی نہیں
جو کرے دعویٰ ہے جھوٹا بالیقیں

تیس دجالوں کے آنے کی خبر
دے گیا وہ ہادی جن وبشر

ہوں گے اپنے زعم میں وہ سب نبی
یہ نشانی ہے ہر ایک دجال کی

قادیانی کا ہے صاف اس میں بیاں
مرتضیٰ ہوں میں رسول غیب داں

ذکر جن کا سورۂ جن کے اخیر
غیب کے بارے میں کرتا ہے خبیر

پھر محدث بھی بڑھایا ہے وہاں
فن دجالی دکھایا ہے وہاں

اہل ایمان جب کہ ایسا حال ہو
قادیانی پھر نہ کیوں دجال ہو

گر ہو اس سے شک وہ پڑھتا ہے نماز
تم کو دھوکا دیتا ہے یوں حیلہ ساز

اس کے دھوکے میں نہ ہرگز آؤ تم
سن کے وہ فتویٰ نہ کچھ گھبراؤ تم

کیا منافق تھے نہ کہتے برملا
تو رسول اللہ ہے یا مصطفیٰ

کیا نمازیں ساتھ وہ پڑھتے نہ تھے
جنگ میں ہمراہ کیا چڑھتے نہ تھے

حق نے فرمایا ہے بیشک تو رسول
پر ہے جھوٹوں کی شہادت نا قبول

آڑ میں ایمان کے بے ایمان ہیں یہ
ان سے بچ بدخواہ دین وجان ہیں یہ

آؤ اب مرزائیوں عیسائیو!
یعنی ان تثلیثیوں کے بھائیو

باز آؤ چھوڑو اس دجال کو
قال میں رمال کو اے بالکو

اس سے پہلے کیا مسلمان تھے نہ تم
لگ گئی ہے کون سی اب اور دم

ہاں یہ سیکھے ہو کہ عیسیٰ مر گیا
دست اعداء سے وہ سولی پر گیا

نیچری نے یہ سکھایا بیشتر
قادیانی کا ہے اس میں کیا ہنر

میں ہوں عیسیٰ اس قدر ایزاد ہے
فی الحقیقت نیچری استاد ہے

قادیانی نے فقط اپنے لئے
مہدی وعیسیٰ کے ہیں دعوے کئے

قادیانی مہدی وعیسیٰ ہے اب
کہتے ہو سید مغل کو ہے غضب

بچہ التقواء کو ظلم سے
مہد صدیقہ میں تم رکھنے لگے

معجزے عیسیٰ کے عجل سامری
یوسف نجار کی کاری گری

پھر کبھی کہتے ہو تھا تربی عمل
کشف عیسیٰ میں رہا اکثر خلل

وحی کو سمجھے نہ ختم الانبیاء
قادیانی نے وہ اب ظاہر کیا

دابہ ہے کیا چیز ہے دجال کیا

....

ہندوؤں عیسائیوں کا رد بہت
چھپ کے شائع ہوچکا بے حد بہت

فی الحقیقت اب کسی میں جان نہیں
کوئی بسمل سا تڑپتا ہے کہیں

کس لئے کوئی نئی تصنیف ہو
کیوں بھلا بے فائدہ تکلیف ہو

فتنہ ترسافساد آریا
عالمان دین نے رد کر دیا

گر دل بینا ہے کافی ہے نوید
کھل گئے ہیں مذہب ترسا کے بھید

بت شکن کا خلعت زیبا ہے خوب
مذہب ہندو کا مراۃ العیوب

خلعت شش پارچہ بخشا عجیب
ہو سکا ہرگز نہ پھر ہندو مجیب

شوکت اسلام ہے اس میں عیاں
اور بیاں ہیں دین حق کی خوبیاں

پھر ہے سوط اللہ بھی عمدہ کتاب
فتنہ اندر منے کا سد باب

الغرض ایسے رسالے ہیں بہت
دین باطل کے ازالے میں بہت

حق کی تائیدی مقالے ہیں بہت
باغ جنت کے قبالے ہیں بہت

اور کچھ حاجت نہیں تحریر کی
طبع میں ہاں چاہئے کچھ زیر کی

کافر ان کو پڑھ کے ایمان لاتے ہیں
دین حق کے جلوے ان میں پاتے ہیں

کفر کی ظلمت میں جو گھیرا گئے
امت ختم رسل میں آگئے

تھے جو شپر چشم میں وہ لاعلاج
دان نہیں رکھی ازل سے احتیاج

کادیانی کی کتابیں دیکھ کر
کون کافر آیا راہ راست پر

گر کوئی ہو تو نشان دیجئے کہیں
جب نہیں انصاف سے کہہ دو نہیں

بلکہ کچھ دیندار کافر ہوگئے
صدق دل سے کادیان میں جو گئے

جس نے مانے ہیں دعاوی اس کے سچ
لگ گیا اس کفر کی کرنے وہ پچ

بعض بھولے بھالے احمق پھس گئے
مثل خر دلدل بن جا کر دھس گئے

کرتے ہیں تاویل ان اقوال کی
کیا حمایت کرتے ہیں دجال کی

مدعی سست اور شاہد چست ہیں
کس قدر تحقیق حق میں سست ہیں

کہتے ہیں مرزا کو کافر مت کہو
حق کو سونپو مشفق من چپ رہو

بیوقوفی کا ہے ان کے کیا علاج
ہم تو سمجھے اس مرض کو لاعلاج

راج پور کے ایک فدوی میں کلن
قادیانی سے لگائے ہے لگن

دور ہی سے بھیجتے ہیں نذر بھیٹ
قادیانی کا رہے خالی نہ پیٹ

بعض جاہل امر دین سے بے خبر
کہتے ہیں خذما صفا دع ماکدر

قادیانی کے ہیں پیچھے جا رہے
ہیں نجاست مین سے حلوا کھا رہے

اور پھر کہتے ہیں ہم محتاط ہیں
راہ دین میں جانب اوساط ہیں

یہ نہ سمجھے کھا گئے ناپاک وہ
احتیاط اس میں ہے کرتے خاک وہ

قادیانی فتنہ نوزائیدہ ہے
کام اس مکار کا پیچیدہ ہے

سب پہ لازم اس کی سرکوبی ہوئی
حسب طاقت ہے جو حق نے دی ہوئی

عالم اس کے کفر کو ظاہر کریں
عام کی غمخواری اور خاطر کریں

تا کہ اس کے داؤ میں آئیں نہ لوگ
پھیلے اس کے کفر وبدعت کا نہ روگ

ہو مہارت جن کو فن شعر میں
دین کی تائید چون حسان کریں

نظم میں لکھیں جو ان کا حال ہو
جس سے کشف سیرت دجال ہو

چاہیئے لیکن زبان بھی عام فہم
مٹ سکیں لوگوں کی جس سے شک ووہم

نظم ایسی نیزہ ہے دجال پر
ناگہانی مرگ ہے محتال پر

ہوش اڑ جائیں سنے جب برملا
اپنے اسرار خفیہ کا پتا

نیچری بھی اس پر پیٹیں تالیاں
واہ مرزا آپ کی رمالیاں

کوچہ وبازار میں ہوں شادیاں
وہ کٹا دیکھو مسیح قادیاں

راستوں پر ہوں یہ خوش الحانیاں
کھل گئی جھوٹے کی بے ایمانیاں

قادیانی وائے برنا کا میت
برو سلطان زوجہ الہامیت

....

قادیانی پر ہیں کیا بیدادیاں
ہر طرف سے جب سنے اس شور کو
سرڈہنی بکواس پر باندھی کمر
ایسا بکواسی ولئی حق نہیں
ہے جو ہاجی ہائم فے کل واد
راہ دین میں شاعری بھی ہے ہنر
ہے غرض دجال کی پردہ دری
ہجو گوئی سے اسے کیا واسطہ
کفر صادق ہو چکا دجال سے
ہم جو دیتے ہیں حوالہ دیکھ لو
اب بھلا توضیح کی توضیح کیا
ان کی تاویلات ہیں سب چوچلے
آئینے میں نقش ہے دجال کا
دخل یان تقلید کا مطلق نہیں
بے سند مانیں نہ کوئی بات ہم
بوحنیفہ شافعی مالک تمام
بو حنیفہ کو نہیں ہم چھوڑتے
ہم وصیت پر ہیں ان کے کاربند
رکھتے ہیں پیش نظر قول امام
جب نہ ہو معلوم کوئی مسئلہ
دیکھئے حضرت ازرہ صدق وصفا
جب کہ دل میں ہوتی ہے صادق طلب
اگر نہیں اس سے تو پھر اس سے سہی
جس جگہ اجمال ہے قرآن میں
کچھ معانی میں تردد ہو جہاں

قادیانی سر بسر مبہوت ہو
سب پہ ظاہر ہو کہ ہے جھوٹا نچر
جس کو شرم واتقاء مطلق نہیں
منزل شیطان ہے پاجی نامراد
انتصار دین حق ہے سر بسر
جس سے ہو اظہار کذب مفتری
ہے فقط تائید دین کا واسطہ
بے سند کافر نہیں کہتے اسے
فتح وتوضیح وازالہ دیکھ لو
شک رہا کیا جب ازالہ ہوچکا
ان میں دعویٰ ہو چکے کھلم کھلے
بن کے اندھا ہوگیا تو بالکا
مسلک اپنا غیر راہ حق نہیں
دل سے ہیں مشتاق تحقیقات ہم
اور احمد ہیں سبھی دین کے امام
فقہ سے ہرگز نہیں منہ موڑتے
ویسے کرتے ہیں طریق ان کا پسند
فاضربوا اور اترکوا قولی مدام
عالموں سے پوچھتے ہیں برملا
کوئی آیت یا حدیث مصطفیٰ
مدعا بھی مل ہی جاتا جب نہ تب
بند کچھ حاجت نہیں اب تک رہی
شرح ملتی ہے حدیثوں میں ہمیں
ہے حدیث مصطفیٰ قاضی وہاں

غزل

شرح قرآن ہے حدیث مصطفیٰ نور ایمان ہے حدیث مصطفیٰ
مؤمنوں کے واسطے قرآن کے ساتھ فضل رحمٰن ہے حدیث مصطفیٰ
مصطفیٰ کو مثل قرآن جو ملا وہ میری جان ہے حدیث مصطفیٰ
جنت الفردوس ہے قرآن ہمیں باغ رضوان ہے حدیث مصطفیٰ
بے خزاں رہتے ہیں اس کے فصل وباب کیا گلستان ہے حدیث مصطفیٰ
دین کے بھوکو چلے آؤ ادھر دین کا خوان ہے حدیث مصطفیٰ
حق نے یسرنا کہا قرآن کو کیوں کہ آسان ہے حدیث مصطفیٰ
خوان نعمت ہائے قرآن جب بچھے دان نمک دان ہے حدیث مصطفیٰ
مصطفیٰ جو حکم دیں مانو اسے حق کا فرمان ہے حدیث مصطفیٰ
اہل بدعت گر کمی بیشی کریں اس کی میزان ہے حدیث مصطفیٰ
نیچری مرزائیوں پر لا کلام سخت تاوان ہے حدیث مصطفیٰ
بھرو نیچری مرزائیاں تیز برہان ہے حدیث مصطفیٰ
آؤ سعدی سے سنو مرزائیو مثل قرآن ہے حدیث مصطفیٰ

قادیانی کے مریدو بالکو فیصلہ لو ہوگیا اب مت بکو
ہم نے مانا قادیانی کو مسیح آئے گا عیسیٰ سے پہلے جو مسیح
یہ مثیل اس کا ہے گو اصلی نہیں پر تمہارا بند نہ بھی ہو کہیں
اب تو خوش ہو جاؤ جھگڑا طے کرو بس نہ اتنا شور وغل ہے ہے کرو
لو یہاں اب ختم کرتا ہوں کلام پیرو راہ ہدایت پر سلام

عبارت منصفانہ

’’بل نقذف باالحق علےٰ الباطل فید مغه فاذا هو زاهق ولکم الویل مما تصفون ‘‘ہم بیشک مارتے ہیں سچ کو جھوٹ پر پھر وہ اس کا سر پھوڑتا ہے پھر وہ فنا ہوتا ہے اور تم کو خرابی ہے ان باتوں سے جو بناتی ہو بیشک۔

’’ان اللّٰہ یدافع عن الذین اٰمنوا ان اللّٰہ لا یحب کل خوان کفورا ‘‘ اللہ تعالیٰ ایمان والوں سے دغا بازوں کو اٹھا دے گا اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں آتا کوئی دغا باز ناشکر۔

مرزا قادیانی اور ان کے حواری مولوی محمد احسن قادیانی نے اپنی سوء السبیل میں شاگردی سید احمد نیچری کی اختیار کی ہے۔ اگرچہ طرز بیان جدا ہے بقول شخصے ؎

اگرچہ قندیل سخن کو مڑھ دیا تو کیا ہوا
ٹھاٹھ میں تو ہیں وہی اگلے برس کی تیلیاں

سوء السبیل کے دیکھنے سے جہاں تک خیال کیا جاتا ہے۔ مولوی احمد علی کا اصل اعتراض اٹھا نہیں بلکہ اور مضبوط ہوگیا ہے۔ جب یہ کہہ دیا کہ مرزا قادیانی طلوع الشّمس من مغربہا کے حقیقی طور پر ابھی وقوع کے اقراری نہیں اور اس کے ساتھ یہ بھی تسلیم کر لیا کہ نفع ایمان وغیرہ کا قصہ حقیقی وقوع سے متعلق ہے جو قیامت سے قریب واقع ہوگا تو لازمی طور پر مولوی محمد احسن قادیانی کو ماننا پڑے گا کہ حقیقتاً بھی کبھی ہوگا اور لا ینفع نفساً ایمانہا اس وقوع سے متعلق ہوگا جب مرزا قادیانی کا کلام سے مشابہت ہے کہ طلوع الشّمس من مغربہا واقع ہو چکا ہے تو ضرور مولوی محمد احسن قادیانی کو ماننا چاہئے کہ ایمان اور توبہ وغیرہ اب غیر نافع ہے۔ جس قدر اب تک معلوم ہو چکا ہے۔ اس سے میں خیال کرتا ہوں کہ عمدہ جواب مولوی محمد احسن قادیانی سے ادا نہیں ہوا۔ یہ رائے صرف میری ہی نہیں ہے بلکہ یہ فیصلہ میرے بڑے بھائی مخدوم جناب حافظ محمد یعقوب خان صاحب کہ جو عرصہ سے مرزا قادیانی کے معتقد ہیں اپنے خط مورخہ ۷راگست ۱۸۹۵ء میں کہ جو منشی محمد حنیف کے نام جیپور سے روانہ فرمایا ہے۔ عبارت ذیل تحریر فرماتے ہیں۔ کیوں نہ تحریر فرمائیں کہ ان کو مدنظر طلب حق ہے۔ ’’وھو ھذا‘‘

مباحثہ کی کیفیت یہ ہے کہ اوّل تو حافظ محمد شریف خان نے مجھے خبر دی تھی پھر محمد حسین مظلوم نے بہت مفصل کیفیت لکھی۔ پھر دوست محمد خان نے کچھ مختصر خبر دی۔ پھر آپ کی طرف سے کچھ خبریں پہنچی۔ چھپا ہوا مباحثہ پہنچا مجھے آپ کی رائے سے اتفاق ہے۔ کیونکہ میں خیال کرتا ہوں کہ ان کا اصل اعتراض اٹھا نہیں بلکہ اور مضبوط ہوگیا ہے۔ جب یہ کہہ دیا کہ مرزا قادیانی طلوع الشّمس من مغربہا کے حقیقی طور پر ابھی وقوع کے اقراری نہیں اور اس کے ساتھ یہ بھی تسلیم کر لیا کہ نفع ایمان وغیرہ قصہ حقیقی وقوع سے متعلق ہے تو لازمی طور پر یہ ماننا پڑے گا کہ حقیقتاً بھی کبھی واقع ہوگا اور ’’لا ینفع نفساً ایمانہا‘‘ اس وقوع سے متعلق ہوگا اور جس قدر اب تک معلوم ہو چکا ہے اس سے میں خیال کرتا ہوں کہ عمدہ جواب ادا نہیں ہوا۔ ناظرین ہر دو مباحثہ وجواب سواء السبیل بلکہ خود سوء السبیل کو ملاحظہ فرما کر معلوم کر سکتے ہیں کہ میری یہ ۱۸راگست ۱۸۹۹ء تحریر درست ہے یا نادرست ہے۔ فقط والسلام!

دوست محمد خان عفی عنہ

اس خاکسار نے معرفت مولوی عبدالرشید پانی پتی جو آج کل دہرہ میں رونق افروز ہیں۔ استفتاء ذریعہ خط جناب قاری ومحدث مولانا حضرت عبدالرحمٰن صاحب پانی پتی دریافت کیا۔ جس کا مضمون یہ ہے کہ قادیانی اور ہم لوگوں کے گروہ حنفیہ کی عالموں میں باہمی مباحثہ اس امر میں تھا کہ بعد طلوع الشمّس من مغربہا ایمان نفع نہیں دے گا اور خروج دجال دابۃ الارض اور طلوع الشمّس من مغربہا کے وقت بھی ایمان لانا نفع نہ دے گا۔ بحکم لاینفع نفسا ایمانہا کے عالم حنفی بھی فرماتے تھے کہ اس وقت ایمان نفع دے گا اور عالم قادیانی کہتے ہیں کہ ایمان نفع دے گا۔ ازراہ عنایت آپ جوابی کارڈ پر جواب مرحمت فرماویں کہ اس وقت ایمان نفع دے گا تو ہر دو حدیث کے کیا معنی ہوں گے اور یہ جواب منشی دوست محمد خان کے پاس مرحمت ہو۔ فقط والسلام!

الراقم: عبدالرشید عفی عنہ، مورخہ ۱۳/اگست ۱۸۹۵ء

الجواب...... مشفق مہربان مولوی عبدالرشید سلمہ

بعد سلام مسنون آنکہ آیت ’’وان من اهل الكتاب الا ليؤمنن ‘‘ ایمان لانا اہل کتاب کا قبل موت کے ثابت ہوتا ہے اور مختصر سب عالم آخرت کو دیکھ لیتا ہے تو اس کا ایمان بعد دیکھنے عذاب کے ہوا اور ایمان بالغیب نہ ہوا اور نافع اور مقبول ایمان بالغیب ہوتا ہے نہ بعد دیکھنے کے جیسا کہ آیت ’’قل يوم الفتح لا ينفع الذين كفروا ايمانهم ‘‘ میں مراد یوم فتح سے قیامت ہے اور قیامت کے کافروں کا ایمان اور یقین بعد دیکھنے امور آخرت کے ہے وہ نافع نہ ہوگا۔ ایمان ہونے سے نافع ہونا لازم نہیں آتا۔ نافع ایمان اختیاری ہوتا ہے نہ اضطراری اور بعض آیات رب یعنی خروج دجال وطلوع الشمّس من مغربہا کے بعد اور خروج دابہ کے بعد اضطراری بعد معاینہ کے ہوگا جو نافع نہیں ہوتا نہ ایمان اختیار اور بالغیب جو مقبول اور نافع ہوتا ہے۔ اگرچہ بعد مشاہدہ ان آیات کے مؤمنین کے توبہ گناہوں سے مقبول ہوا اور جب نفع نہ دیا اور قبول نہ ہوا تو گویا وہ ایمان ہی نہیں ہے۔ پس سب آیتوں اور حدیثوں کی توفیق خوب ظاہر ہوگئی۔

الراقم: حضرت مولانا عبدالرحمٰن بقلم مولوی عبدالسلام از پانی پت

مورخہ ۵/ربیع الاوّل سنہ ۱۳۱۳ھ

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

اعلاء الحق الصریح

بتکذیب المسیح

حضرت مولانا محمد اسماعیل علی گڑھی رحمۃ اللہ علیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ!

تعارف

مرزا قادیانی نے ۱۸۹۱ء میں فتح اسلام وتوضیح مرام نامی رسائل قلم کئے اوران کے حواری مولوی محمد احسن امروہی قادیانی نے تائید مرزا میں ''اعلام الناس'' نامی کتاب رقم کی تو علی گڑھ کے مولانا محمد اسماعیل مرحوم نے ان کے رد میں ایک کتاب ''اعلاء الحق الصریح بتکذیب المسیح'' تحریر فرمائی۔ اس کتاب پر مولانا لطف اللہ علی گڑھی، میاں سید نذیر حسین محدث دہلوی، شیخ حسین بن محسن یمانی، مولانا محمد بشیر سہسوانی، مولانا محمد، مولانا سلامت اللہ جیراجپوری، ملا محمد صدیق پشاوری، مولانا عبدالجبار عمر پوری نے تقاریظ تحریر فرمائیں۔ اس کتاب اوراس پر موجود تقاریظ سے معلوم ہوتا ہے کہ متفقہ فتویٰ تکفیر مرزا کے سامنے آنے سے قبل بھی مذکورہ بزرگ ردقادیانیت میں سے سرگرم تھے۔

یادرہے کہ یہ وہی کتاب ہے جس کے متعلق مرزا قادیانی کا کہنا تھا کہ: ''اس میں مولانا اسماعیل نے ان سے یک طرفہ مباہلہ کیا تھا اوراس مباہلے کی وجہ سے مولانا اسماعیل اس کی زندگی میں ہلاک ہوگئے۔'' جیسا کہ مرزا قادیانی اپنی موت سے ایک سال پہلے شائع ہونے والی کتاب میں لکھتے ہیں: ''الذین باھلوا وماتوا بعد المباھلة منھم الرجل المسمی بالمولوی غلام دستگیر القصوری ومنھم الرجل المسمی بالمولوی چراغ الدین الجمونی ومنھم الرجل المسمی بالمولوی عبدالرحمن محی الدین اللکوکی ومنھم الرجل المسمی بالمولوی اسماعیل علی گرھی''

(ضمیمہ حقیقت الوحی ص۶ حاشیہ، خزائن ج۲۲ ص۶۲۶)

اوراسی حقیقت الوحی میں لکھتے ہیں: ''مولوی اسماعیل باشندہ خاص علی گڑھ وہ شخص تھا جوسب سے پہلے عداوت پر کمر بستہ ہوا اور جیسا کہ میں نے اپنے رسالہ فتح اسلام میں لکھا ہے۔ اس نے لوگوں میں میری نسبت یہ شہرت دی کہ یہ شخص رمل اور نجوم سے پیش گوئیاں بتلاتا ہے اور اس کے پاس آلات نجوم کے ہیں۔ میں نے اس کی نسبت ''لعنت اللہ علی الکاذبین'' کہا اور خدا تعالیٰ کا عذاب اس کے لئے چاہا۔ جیسا کہ رسالہ فتح اسلام کے لکھنے کے وقت اس کی زندگی میں ہی میں نے یہ شائع کیا تھا اور یہ لکھا تھا۔ ''تعالوا ندع ابناء نا وابناء کم ونساء نا ونساء کم وانفسنا وانفسکم ثم نبتھل فنجعل لعنة اللہ علی الکاذبین'' چنانچہ

قریباً ایک برس اس مباہلہ پر گزرا ہوگا کہ وہ یک دفعہ کسی ناگہانی بیماری میں مبتلا ہوکر فوت ہوگیا (یعنی مباہلہ مرزا قادیانی نے یک طرفہ کیا تھا۔ نیز فتح اسلام ۱۳۰۸ھ میں شائع ہوئی۔ مولوی اسماعیل صاحب شوال ۱۳۱۱ھ مطابق مئی ۱۸۹۴ء میں، یعنی مرزا قادیانی کے مزعومہ مباہلہ کے تین سال بعد، فوت ہوئے۔ مرزا قادیانی نے ایک اور تین کا کوئی فرق ملحوظ خاطر نہیں رکھا یا تو وہ حساب میں کمزور تھے، یا جان بوجھ کر غلط بیانی کر رہے تھے۔ وہ کہا کرتے تھے کہ مباہلہ ہو تو اس کا اثر ایک سال کے اندر ظاہر ہونا چاہئے۔ تین سال کے عرصے کو قریباً ایک سال قرار دینے کا مقصد ناظرین وقارئین کو یہ بتانا تھا کہ فریق مخالف کی موت مہلت مقررہ کے اندر واقع ہوئی ہے۔ یہ بات ہم علی سبیل التنزل لکھ رہے ہیں۔ ورنہ ہمارے نزدیک تو ان دونوں کا مباہلہ انعقاد ہی نہیں ہوا) اور اس نے اپنی کتاب میں جو میرے مقابل پر اور میرے رد میں شائع کی تھی یہ لکھا تھا کہ جاء الحق وزھق الباطل۔ پس خدا نے لوگوں پر ظاہر کر دیا کہ حق کون سا ہے جو قائم رہا اور باطل کون سا تھا جو بھاگ گیا۔ قریباً سولہ برس ہوگئے کہ وہ اس مباہلہ کے بعد فوت ہوا۔''

(حقیقت الوحی ص ۳۲۹، ۳۳۰، خزائن ج ۲۲ ص ۳۴۲، ۳۴۳)

(حقیقت الوحی مئی ۱۹۰۷ء میں شائع ہوئی۔ اس کی اشاعت سے سولہ برس قبل ۱۸۹۱ء ہوتا ہے۔ جب کہ مولوی اسماعیل صاحب ۱۸۹۱ء میں نہیں بلکہ ۱۸۹۴ء میں فوت ہوئے اور مولوی اسماعیل کی اعلاء الحق الصریح ۴۴ صفحات پر شائع ہوئی تھی۔ اس کی ایک ایک سطر غور سے پڑھ لیجئے۔ اس میں جاء الحق وزھق الباطل کے الفاظ موجود ہی نہیں ہیں۔ گویا یہ بھی مرزا قادیانی کا جھوٹ ہے) حاشیہ میں مرزا قادیانی نے لکھا ہے: ''مولوی اسماعیل نے اپنے ایک رسالہ میں میری موت کے لئے بددعا کی تھی۔ پھر بعد اس بددعا کے جلد مر گیا اور اس کی بددعا اسی پر پڑ گئی۔''

(حقیقت الوحی ص ۳۳۰، خزائن ج ۲۲ ص ۳۴۲)

(اور رسالہ ''اعلاء الحق الصریح بتکذیب مثیل المسیح'' ۱۳۰۹ھ، ۱۸۹۱ء کا طبع شدہ موجود ہے۔ اس میں کہیں مباہلے کی طرف اشارہ بھی نہیں اور اگر مباہلہ ہوا بھی ہوتو مرزا قادیانی اثر کے لئے ایک سال کی مدت مقرر کرتے تھے۔ جب کہ یہاں رسالہ شائع ہونے اور مولوی اسماعیل صاحب کی وفات کے درمیان دو سال کا وقفہ ہے)

اس دعویٰ کی حقیقت پر بحث کرتے ہوئے مولانا ثناء اللہ امرتسری فرماتے ہیں:

''مرزا قادیانی نے جو اپنا علم کلام ایجاد کیا تھا اس میں ایک طریق استدلال یہ تھا کہ کوئی مخالف مر جاتا تو آپ فوراً اس کی بابت لکھ دیتے کہ ہم سے جھوٹا (پہلے) مر جائے گا۔ چنانچہ وہ جھوٹا تھا۔ اس

لئے وہ (مجھ مرزا سے پہلے) مر گیا۔ اس لئے وہ جھوٹا تھا اور میں سچا ہوں۔‘‘

مولانا (اسماعیل علی گڑھی) مرحوم اہل حدیث میں بڑے ذی اقتدار عالم اور رئیس تھے۔ مرزا قادیانی نے ۱۳۰۸ھ میں دعویٰ مسیحیت کیا تو مرحوم نے فوراً ۱۳۰۹ھ میں ان کی تردید میں ایک رسالہ لکھا۔ جس کا نام ہے: ’’اعلاء الحق الصریح بتکذیب مثیل المسیح‘‘ اس کتاب کا جواب مرزا قادیانی کی طرف سے ہم نے نہیں دیکھا۔ مولانا محمد اسماعیل علی گڑھی مرحوم شوال ۱۳۱۱ھ مطابق مئی ۱۸۹۴ء میں فوت ہوئے۔ رحمہ اللہ! یعنی کتاب کی اشاعت کے دو سال بعد مرزا قادیانی نے اپنے جدید علم کلام سے جھٹ لکھ دیا۔ مولوی اسماعیل نے صفائی سے خداتعالیٰ کے روبرو یہ درخواست کی کہ: ’’ہم دونوں میں سے جو جھوٹا ہے وہ مر جائے۔ سو خدا نے اس کو بھی اس جہان سے جلد تر رخصت کر دیا۔‘‘ (اشتہار انعامی پانچ سو روپیہ ص۷)

ہم نے مرزا قادیانی کی زندگی ہی میں یہ سوال اٹھایا تھا کہ مولوی اسماعیل صاحب کی عبارت کا حوالہ بتائیے۔ مرزا قادیانی نے ثبوت نہ دیا۔ حال ہی میں (یعنی ۱۹۴۲ء میں) کسی معترض نے مولانا علی گڑھی کی بابت یہ سوال کیا تو (مرزائیوں کے اخبار) پیغام صلح لاہور (۳۰؍ستمبر ۱۹۴۲ء) نے لکھا۔

’’رہا مولوی محمد اسماعیل علی گڑھی کا معاملہ یہ صرف آپ جیسے مولویوں کی بددیانتی اور ناخداترسی کا نتیجہ ہے کہ ان کی کتاب کے وہ الفاظ اور وہ بددعا جو ان کی موت کا باعث ہوئی۔ آج ہمارے سامنے نہیں۔ کیونکہ کتاب ابھی زیر طبع تھی کہ مولوی اسماعیل مر گیا۔ اس کی موت کے بعد مولویوں نے اس خیال سے کہ وہ الفاظ مرزا قادیانی کی صداقت کے لئے ایک زبردست گواہ کا کام دیں گے۔ انہیں کتاب سے نکال دیا۔ اصل کتاب کو ایک احمدی، عبداللہ سنوری نے دیکھا تھا۔ جن کی شہادت کی بناء پر مرزا قادیانی نے حقیقت الوحی میں لکھا کہ: ’’مولوی اسماعیل نے اپنے ایک رسالہ میں میری موت کے لئے بددعا کی تھی۔ پھر بعد اس بددعا کے جلد مر گیا اور اس کی بددعا اسی پر پڑ گئی۔‘‘

(مولانا ثناء اللہ فرماتے ہیں) کوئی قادیانی مسیح کے حواریوں سے پوچھے کہ تمہارے اس بیان کا ثبوت کچھ ہے؟ جس کو تم نے بددیانت مولویوں کی طرف منسوب کر کے اپنی اور اپنے قافلہ سالار کی غلط بیانی کو مٹانا چاہا؟ او ظالمو! کب تک نادانوں کی آنکھوں میں خاک ڈالو گے۔ یہ کتنا جھوٹ ہے جو تم نے لکھا ہے کہ کتاب ابھی زیر طبع تھی کہ مولوی اسماعیل مر گیا؟

کیا تم سمجھتے ہو کہ مرحوم (مولانا اسماعیل) کی کتاب نایاب ہوگئی؟ سنو دفتر اہل حدیث (امرتسر) بچشم خود دیکھ لو۔ اس پر سن طباعت ۱۳۰۹ھ لکھا ہے۔ (دفتر اہل حدیث امرتسر تو اب موجود نہیں ہے۔ تاہم ۱۳۰۹ھ کی مطبوعہ یہ کتاب جامعہ سلفیہ بنارس کی لائبریری اور اسی طرح سنٹرل لائبریری بہاولپور میں اصل کتاب اور عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے مرکزی دفتر ملتان میں اس کی فوٹو کاپی موجود ہے۔ فقیر مرتب) اور مرحوم (مولانا اسماعیل علی گڑھی) کی تاریخ وفات درکار ہو تو مرحوم کے صاحبزادہ کی تحریر دیکھ لو۔ یعنی دو سال بعد وفات ہوئی۔ نیز مولانا مرحوم کوئی معمولی آدمی نہ تھے۔ علی گڑھ میں عالمانہ اور رئیسانہ حیثیت رکھتے تھے۔ اب بھی آپ لوگ علی گڑھ جا کر موتی مسجد کے متولی خاندان سے مرحوم کی تاریخ وفات معلوم کر سکتے ہیں۔ مگر اس تحقیق کے بعد یہ ظاہر کرنا ہوگا کہ مرزا قادیانی نے غلط لکھا ہے۔ ہاں ۱۳۰۹ھ سے پہلے کی کوئی مطبوعہ کتاب ان کی ہو، تو پیش کرو۔ مگر یاد رہے کہ مرزا قادیانی نے ۱۳۰۸ھ میں دعویٰ کیا۔ دعویٰ سے پہلے تردیدی کتاب شائع نہیں ہوسکتی۔'' (اخبار اہل حدیث امرتسر مورخہ ۱۸؍ستمبر ۱۹۴۲ء ص۴،۵)

الغرض مولانا اسماعیل کی کوئی کتاب ایسی موجود نہیں ہے جس کی اشاعت اوّل ان کی وفات کے بعد ہوئی ہو۔ نہ کوئی ایسا غیر مطبوعہ مسودہ کہیں موجود ہے۔ جس میں مولانا نے بقول مرزا قادیانی یک طرفہ مباہلہ کیا ہو۔

مطبع انصاری دہلی سے باہتمام مولوی عبدالمجید دہلوی، ۱۳۰۹ھ میں ۴۴ صفحات پر شائع ہوکر مرزا قادیانی کی تکذیب پر بین شہادت پیش کرنے والی یہ کتاب اعلاء الحق الصریح مکمل صورت میں قارئین کی نذر کی جارہی ہے۔ (اب احتساب قادیانیت کی جلد ہذا میں۔ مرتب!) ملاحظہ فرمائیے۔ (ڈاکٹر بہاء الدین)

اعلاء الحق الصریح بتکذیب مثیل المسیح

''بسم اللہ الرحمن الرحیم ۰ الحمدللہ الذی ھدانا سبیل الرشاد ونجانا من الغوایۃ والضلالۃ والفساد والصلوۃ والسلام علی سیدنا محمد النبی الامی وآلہ الامجاد واصحابہ المتقین''

اس زمانہ پر شور و شر میں جو ضعف و ناتوانی اسلام کو مخالفین کے حملوں سے تھی اور جو تذلیل و تضحیک اس کی اعداء دین کر رہے تھے اور جو پستی اس کو اپنے اعوان و انصار کی قلت سے مشاہدہ و منتظر تھی۔ وہی کیا کم تھی جو ایک اور صدمہ اس کو خود اپنے ہی موافق اور مؤید گروہ سے نصیب

ہوا۔ یعنی جو حضرت اس کے حامی ومددگار تھے وہی اس کے تہ وبالا کرنے کا علم ہاتھ میں لے کر کھڑے ہوگئے۔ ایسی حالت میں کیا وہ دل جن میں ذرا بھی محبت اسلام سے ہے اس کے دیکھنے اور سننے سے دردمند نہ ہوں گے کہ آج یہ اسلام خود ان مقدس نما مسلمانوں کی ایسی حرکات کی بدولت جو فی الواقع اضحوکہ طفلاں ہیں۔ برباد ہوا چاہتا ہے اور جو تفضیح اور شکست اس کی ان بزرگوار مسلمانوں کے ہاتھ سے ہورہی ہے وہ اس کے لئے بڑی بھاری مصیبت ہونے والی ہے۔

''انا للّٰہ وانا الیہ راجعون''

دیکھو ان دنوں مرزاغلام احمد قادیانی نے علی الاعلان نبوت یعنی عیسویت کا دعویٰ کیا ہے اور اپنے اوپر نزول وحی اور نزول ملائکہ کا اشتہار دیا ہے اور جس عیسیٰ بن مریم کے نزول کی بشارت ہمارے نبی آخرالزمان خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے دی ہے اور جس پر کتاب اللہ اور کتاب الرسول ناطق ہے۔ اس سے صریح انکار کیا ہے اور نصوص کتاب وسنت کو بالکل مصروف عن الظاہر مانا ہے۔ لیلۃ القدر کے ایک متبرک رات ہونے سے بالکل انکار کیا ہے اور علی الاستعارہ اس سے ظلمانی زمانہ مراد لیا ہے۔ دجال سے گروہ منکرین عیسویت خود مراد لیا ہے اور عیسیٰ بن مریم موعود ومبشر سے مثیل عیسیٰ بن مریم مراد لے کر اپنے آپ کو اصلی مسیح موعود قرار دیا ہے اور پھر یہ بھی اقرار کیا ہے کہ مجھ کو اس سے انکار نہیں ہے کہ کوئی دوسرا بھی مسیح ہو، جو آئندہ نازل ہو۔ لیکن وہ میری ذریت میں سے ہوگا۔ اعاذنا اللّٰہ من کل ذلك!

پس اے مسلمانو! ہرچند کہ ایسے واقعات کا پیش آنا فی نفسہ تو کچھ حیرت کی بات نہیں۔ کیونکہ درحقیقت ایسے حوادث کا حدوث ہمارے نبی آخرالزمان کی پیش گوئیوں کے موافق قبل قیام الساعۃ ضرور ہے اور اس لحاظ سے ایسے واقعات کا پیش آنا اہل نظر کی نظر میں اپنے سچے نبی کی زیادہ تصدیق کا باعث ہے۔ مگر افسوس البتہ صرف اسی قدر ہے کہ ایسے امور انہیں لوگوں سے دیکھنے میں آویں جو اعلیٰ درجہ کے مقدس مسلمان اور پرلے درجہ کے حامی اسلام کہلاویں۔ ہمارے نزدیک مرزاغلام احمد قادیانی کا یہ دعویٰ ہمارے نبی پاک کی اس سچی پیش گوئی کا ظہور ہے۔

''لاتقوم الساعة حتیٰ تخرج ثلاثون دجالا کلهم یزعم انه رسول اللّٰه رواه ابوداؤد''

''وایضا قال رسول اللّٰه ﷺ سیکون فی امتی کذابون ثلاثون کلهم یزعم انه نبی اللّٰه وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی رواه ابوداؤد

والترمذی ’’نہ قائم ہوگی قیامت جب تک کہ تیس دجال ظاہر نہ ہولیں گے اور ہر ایک ان میں سے یہ کہے گا کہ میں رسول ہوں خدا کا۔ روایت کیا اس کو ابوداؤد نے، اور فرمایا رسول خداﷺ نے کہ میری امت میں آئندہ تیس جھوٹے پیدا ہوں گے۔ ہر ایک کہے گا کہ میں نبی ہوں۔ حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں۔ میرے بعد کوئی نبی نہ ہوگا۔ اس کو ابوداؤد اور ترمذی نے روایت کیا۔

پس یہ پیش گوئی ہم کو بتارہی ہے کہ ایسے دعوؤں کا ہونا لابد ہے اور اس میں تخلف کا گمان ’’مفضی الیٰ تکذیب نبینا محمد رسول اللہﷺ‘‘ ہے اور گو بزعم اہل باطل ایسے شروع اور فتن باعث تضحیک اسلام سمجھے جاتے ہوں۔ مگر ارباب نظر اسی کو بشارت کاملہ ترقی اسلام کی سمجھیں گے اور سمجھنا کیا معنی۔ آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں کہ اسلام کی اس سستی اور ضعف کے زمانہ میں لیورپول کے اسلام کا چمکارہ، یورپ کی سوسائٹیوں میں اسلام کی خوبیوں کا نعرہ، ایسی ظلمت کے زمانہ میں صدہا شپر چشموں کی آنکھوں کا اسلامی نور کی چکا چوند سے خیرہ ہونا، بڑے بڑے قبائل کفر کا کفر کی تیرگی سے نکل کر اسلامی روشنی میں آجانا، افریقہ کے کنارہ پر اسلام کے پرجوش دریا کا امنڈنا، ظاہراً کسی اور محرک کی تحریک کا نتیجہ نہیں ہے۔ بلکہ صرف ہمارے سچے اور پیارے نبی محمدﷺ کی ایسی پیش گوئیوں ہی کا پورا پورا ظہور ہے جو منکروں سے اقرار کراتا چلا جاتا ہے اور مقروں کی تجلی ایمانی کو بڑھاتا چلا جاتا ہے اور باوجود اسلام کی ایسی مخالفتوں کے اور اعداء دین کی ایسی کوششوں کے اسلامی روشنی کا مکدر نہ ہونا اور ہمارے سچے نبی کی پیش گوئیوں کا تیرہ سو برس کے بعد ہو بہو ظاہر ہونا، بڑے بڑے تیرہ دلوں کو حسن وجمال کا جلوہ دکھارہا ہے۔ جس کا یہی شیریں ثمر ہے کہ وہ بلاتحریک غیرے اسلام کے زمرہ میں شامل ہوتے چلے جاتے ہیں اور جب ایسے کذاب اپنے دعویٰ باطل سے اپنے کو رسوا کرتے ہیں تو وہی دعویٰ ان کی رسوائی اور ہمارے نبی آخرالزمان کی زیادت تصدیق کا باعث ہوتا ہے۔ پس جو اہل اللہ کامل الایمان ہیں وہ ہرگز ایسے حوادث کے ظہور سے نہیں گھبرا سکتے۔ بلکہ ان کی استقامت اور زیادہ ہوتی چلی جاتی ہے اور ان کو کامل یقین ہے کہ ایسی اکاذیب اور ادّعاء باطل سے اسلام کی چمک دمک میں کچھ خلل نہیں آوے گا اور اس کے پرجوش دریا کے بہاؤ کو ایسے قاذورات نہیں رک سکیں گے اور اس کی لمعات وبرق کو کبھی شپر چشم کی تیرگی نقصان نہ پہنچا سکے گی۔ کیونکہ اس کی نصرت کے واسطے بھی ہمارے سچے نبی نے ایک دوسری پیش گوئی فرمائی ہے جو ہماری بڑی تسلی اور اطمینان کا باعث ہے۔

’’قال رسول اللہﷺ لا تزال طائفة من امتی ظاهرین علی الحق لا یضرهم من خالفهم حتیٰ یأتی امراللہ رواه ابوداؤد‘‘

''قال رسول اللہ ﷺ یحمل ھذا العلم من کل خلف عدولہ ینفون عنہ تحریف الغالین وانتحال المبطلین وتاویل الجاھلین رواہ رزین''
اس کے تحت میں ملاعلی قاری لکھتا ہے: ''قولہ ینفون عنہ جملۃ حالیۃ ای طاردین عن ھذا العلم''
''قولہ تحریف الغالین، ای المبتدعۃ الذین یتجاوزون فی کتاب اللہ وسنۃ رسولہ عن المعنی المراد فیحرفون عن جھتہ''
''قولہ انتحال المبطلین الانتحال ادعاء قول اوشعر یکون قائلہ غیرہ بانتسابہ الیٰ نفسہ وھو ھھنا کنایۃ عن الکذب والمعنی ان المبطل اذا اتخذ قولاً من علمنا لیستدل بہ علی باطلہ او اعتزی الیہ مالم یکن منہ نفوا عن ھذا العلم ونزھوہ عما ینتحلہ''
''قولہ تاویل الجاھلین، ای معنی القرآن والحدیث الیٰ مالیس بصواب''

پس یہ پیش گوئی حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی مسلمانوں کے واسطے بشریٰ (بشارت) ہے اوران کے دلوں کے لئے سکینہ اورتسلی ہے اوراس بات سے کہ کسی جاہل کی تاویل اور کسی محرف کی تحریف اور کسی منتحل کا انتحال اور کسی مبطل کے اکاذیب اوراباطیل خداتعالیٰ کے دین کو بدلنے اور خدااوررسول کی مرادکواپنے ہوائے نفسانی کے تابع بنانے میں کبھی کارآمد نہ ہوں گے۔ بلکہ خدا کا دین بفحوائے ''انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون'' ایسے خلل اندازوں کی خلل اندازی سے ہمیشہ محفوظ رہے گا اورایسی تلبیسات کی مدافعت میں ہمیشہ اس کے بندوں کا ایک گروہ کمربستہ رہے گا۔ جس کوکسی کی مخالفت اور عداوت ضرر نہ پہنچاے۔ بلاشبہ اگر ہمارا خدائے برحق اپنے دین کی حفاظت کا آپ ذمہ نہ فرماتا اوراس کے خالص ومخلص بندے اس کی ہدایت کے سبب دین پر پوری جان فدائی نہ کرتے تو ہرگز یہ دین قیامت تک باقی نہ رہتا اور کسی طرح اہل فریب کی تلبیسات سے اس کوامن نہ ہوتا۔ لیکن چونکہ خدا خود حافظ اپنے دین کا ہے اوراس کے رسول پاک نے ایک سچی ترازودین کی جانچ تول کے واسطے اپنے فرمانبرداروں کوعطاء فرمائی ہے تو اب ہم کو متاع کاسد اورناقص کے جانچنے میں کچھ مشکل نہیں ہے۔ وہ ترازو ہمارا قرآن وحدیث ہے۔ جس کے ساتھ تمسک کرنے میں دین کی گمراہی سے ہم کو ہمیشہ امن مل سکتا ہے۔

''قال رسول اللہ ﷺ ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم بهما کتاب اللہ وسنة رسوله''

اس ترازو کا حامل وہی گروہ اہل حق کا ہے جس کو کسی کی مخالفت کچھ مضرت نہ کرے گی۔ پس اب جس خدّاع کا جی چاہے وہ متاع کاسد کو ہمارے دین میں پیش کرے۔ ہم اس کو اسی ترازو میں تولیں گے۔ اگر ہم برابر پاویں گے تو قبول کریں گے۔ ورنہ کالائے بد بریش خاوند کے بموجب اس کو اسی پر رد کریں گے۔ چنانچہ اسی ترازو میں ہم نے مرزا قادیانی کے دعویٰ نبوت اور دعویٰ عیسویت کو اور انکار نزول عیسیٰ بن مریم کو بھی تولا۔ تو ہم کو ان کی یہ متاع کاسد انہیں پر رد کرنے کے لائق ثابت ہوئی۔ پس ہم ان کے ایسے ملحدانہ دعویٰ کو انہیں پر رد کرتے ہیں۔

مرزا قادیانی اور ان کے حواریّین نے اس بے سروپا دعویٰ کے سرسبز کرنے کے واسطے اوّل یہ انتظام فرمایا ہے کہ وہ خدا کی مراد کو استعارات وکنایات میں ہونا تجویز فرماتے ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں: ''خداتعالیٰ ہمیشہ استعاروں سے کام لیتا ہے اور طبع اور خاصیت اور استعداد کے لحاظ سے ایک کا نام دوسروں پر وارد کردیتا ہے۔''

لیکن اہل نظر خوب جانتے ہیں کہ اگر مرزا قادیانی اور ان کے حواری یہ تجویز پہلے سے نہ کرلیں اور نصوص شریعت کو ''علی ظواهرها'' باقی نہ رکھیں تو وہ نہ مثیل مسیح بن سکتے ہیں اور نہ عیسیٰ بن مریم کے نزول سے انکار کرسکتے ہیں۔ مگر مرزا قادیانی اور ان کے حواری شاید اس سے غافل ہیں کہ ہماری شریعت غرّا نے ایسے فریب کا بھی پہلے ہی سے انتظام کردیا ہے اور اہل حق کا یہ عقیدہ راسخہ اور اجماعی مسئلہ ہوچکا ہے کہ نصوص شرعیت محمول علی ظواہرہا ہیں۔ ما لم یصرف عنها صارف قطعی!

قال العلامة التفتازانی فی شرح العقائد ''والنصوص من الکتاب والسنة تحمل علی ظواهرها مالم یصرف عنها دلیل قطعی کما فی الآیات التی تشعر بظواهرها بالجهة والجسمیة ونحو ذلك والعدول عنها ای عن الظواهر الی معان یدعیها اهل الباطن وهم الملاحدة وسموا الباطنیة لادعائهم ان النصوص لیست علی ظواهرها بل لها معان باطنیة لا یعرفها الا المعلم وقصدهم بذلك نفی الشریعة بالکلیة''

''الحاد ای میل وعدول عن الاسلام واتصال والتصاق بکفر لکونه تکذیبا للنبی ﷺ فیما علم مجیئه به باالضرورة''

’’واما ما ذهب الیه بعض المحققین من ان النصوص مصروفة علی ظواھرھا ومع ذلك فیھا اشارات خفیة الیٰ دقائق تنکشف علی ارباب السلوك یمکن التطبیق بینھما وبین الظواھر المرادة فھو من کمال الایمان ومحض العرفان‘‘

’’وایضافیه ورد النصوص بان ینکر الاحکام التی دلت علیھا النصوص القطعیة من الکتاب والسنة کحشر الاجساد مثلاً کفر‘‘

اور جب یہ معلوم ہوگیا کہ اہل سنت والجماعت کے عقائد حقہ میں سے یہ بات ہے کہ نصوص کتاب وسنت محمول علی ظواہرہا ہیں اور دقائق ارباب سلوک اور حقائق اہل باطن وہاں تک مقبول ہیں۔ جہاں تک کہ موافق ظاہر نص کے ہوں اور جو دقائق مبطل احکام شرعیہ ہوں وہ مقبول نہیں ہیں۔ بلکہ وہ عدول اور میل عن الشریعۃ ہے۔ جس سے اصل مقصود نفی الشریعۃ بالکلیہ ہوتا ہے تو اب مرزا قادیانی کا یہ زعم باطل کہ خدا کی مراد ہمیشہ کنایات میں ہوتی ہے۔ کس قدر بے وقعت اور کیسا افتراء ہے اور وہ کنایات اور استعارات اور بے سروپا تاویلات جو بعض جاہل متصوفہ سے ثابت ہیں۔ اہل حق کے نزدیک ان کا حکم تحریف سے زائد نہیں ہے جو ہمیشہ اہل دین کے نزدیک مردود مانے گئے ہیں۔ چنانچہ علامہ جلال الدین سیوطیؒ اتقان میں لکھتا ہے: ’’واما کلام الصوفیة فی القرآن فلیس بتفسیره قال ابن الصلاح فی فتاویه وجدت عن الامام ابی الحسن الواحدی المفسر انه قال صنف ابوعبدالرحمن السلمی حقائق التفسیر فان کان قد اعتقد ان ذلك تفسیر فقد کفر قال ابن الصلاح وانا اقول الظن بمن یوثق به منھم اذا قال شیئا انه لم یذکره تفسیرا ولا ذھب به مذھب الشرح للکلمة فانه لوکان کذلك کانواقد سلکوا مسلك الباطنیة وایضا قال فیه قال الله تعالیٰ ان الذین یلحدون فی آیاتنا لا یخفون علینا قال ابن عباس ھو ان یوضع الکلام فی غیر موضعه اخرجه ابن ابی حاتم‘‘

اور باعث ایسی تفاسیر پر اکثر اوقات یہ ہوتا ہے کہ یا تو بعض لوگ کسی غرض فاسد کے واسطے پہلے سے اپنے زعم باطل میں ایک معنی گھڑ لیتے ہیں اور پھر اپنے خیال اور اعتقاد کے موافق الفاظ قرآن واحادیث کا اس پر حمل کرتے ہیں اور تاویلات فاسدہ اور باطلہ سے ان الفاظ کو زبردستی اپنے معانی مزعومہ پہناتے ہیں اور یا کبھی بعض جاہل تفسیر اور تاویل نصوص میں اس امر کا

مطلق لحاظ نہیں کرتے کہ یہ کس کا کلام ہے اور کون اس کے ساتھ متکلم ہے اور یہ کس پر اتارا گیا ہے اور کون اس کے ساتھ مخاطب ہے۔ بلکہ وہ نصوص قرآن وحدیث کے صرف وہ معنی لیتے ہیں جو ایک متکلم بلغت عرب بلالحاظ کسی اور امر کے صرف محاورہ لسانی کے موافق ترجمہ کرسکتا ہے۔ عام اس سے کہ وہ مراد الٰہی کے مخالف ہو یا موافق۔ پس جو لوگ اپنے معانی مزعومہ اور عقائد مخترعہ کے موافق نصوص کتاب وسنت کے الفاظ کو تاویلات فاسدہ سے اپنی مراد کا مؤید بناتے ہیں۔ ان کو مراد الٰہی کے موافق یا مخالف ہونے کی کچھ پرواہ نہیں ہوتی۔ جن کی ایسی ہی تاویلات فاسدہ سے شریعت میں رخنہ پیدا ہوتا ہے اور امن جاتا رہتا ہے اور جو لوگ ترجمہ نصوص شرعیہ صرف محاورہ لسانی اور صحت قواعد عربیت پر قانع ہوتے ہیں اور معانی نصوص میں اتباع سلف کو چھوڑ دیتے ہیں اور جو مراد الٰہی بیان شارع علیہ السلام اور صحابہ رسول سے ثابت ہوچکی ہے۔ اس کی پیروی نہیں کرتے۔ ان کے لفظی ترجمہ اور ایک بازاری شخص کے کلام کی یکساں حالت ہوجاتی ہے۔ جس کے سبب سے خدا ورسول جیسے متکلم کے کلام کی شان اور عوام الناس کے کلام کی حالت برابر ٹھہر جاتی ہے۔ پس ایسی تاویلات باطلہ کب خطا اور انکار سے خالی ہوسکتی ہے۔ اسی ضرورت سے نصوص قرآن وحدیث میں اتباع سلف صالح ہم پر واجب کیا گیا ہے جو اعلم بالتفسیر اور اعلم بمعانی النصوص اور اعلم ان امور حقہ کے تھے جو ہمارے نبی صادق علیہ السلام ہماری طرف لے کر آئے اور جو امین شریعت اور اعلم باسباب نزول اور اعلم بشان المتکلم اور اعلم بشان المنزل علیہ والمخاطب تھے۔ وہی امین لوگ محل تاویل وغیرہ کو خوب جانتے تھے۔ بناء علیہ جو لوگ اس باب میں اتباع سلف صالح کو چھوڑ کر مراد الٰہی کو اپنے مزعومات کے موافق بنانے میں کوشش کریں بلاشبہ وہ دائرہ کفر وابتداع سے کسی طرح باہر نہیں ہوسکتے۔ چنانچہ اسی تفصیل کے متعلق سیوطی نے لکھا ہے: ’’قوم اعتقدوا معانی ثم ارادوا حمل الفاظ القرآن علیها والثانی قوم فسروا القرآن بمجرد ما یسوغ ان یریده من کان من الناطقین بلغة العرب من غیر نظر الیٰ المتکلم بالقرآن والمنزل علیه والمخاطب به فالاولون راعوا المعنی الذی رأوه من غیر نظر الیٰ ما یستحقه الفاظ القرآن من الدلالة والبیان والآخرون راعوا مجرد اللفظ وما یجوز ان یرید به العربی من غیر نظر الیٰ ما یصلح للمتکلم وسیاق الکلام۰ ثم هئولاء کثیراً ما یخلطون فی احتمال اللفظ لذلک المعنی فی اللغة فی صحة المعنی الذی فسروا به القرآن کما یغلط فی ذلک الاخرون وان کان نظر الاولین الیٰ المعنی اسبق ونظر الآخرین الیٰ اللفظ اسبق

الاوّلون صلقان تارة يسلبون عن لفظ القرآن مادل عليه واريد به وتارة يحملونه على مالم يدل عليه ولم يرد به وفى كلام الامرين قد يكون ما قصدوا نفيه واثباته من المعنى باطلا فيكون خطاء وهم فى الدليل والمدلول وقد يكون حقاً فيكون خطاء وهم فى الدليل لا فى المدلول فالذين اخطاء وافيهما مثل طوائف من اهل البدع اعتقدوا مذاهب باطلة وعمدوا الىٰ القرآن فناولوه على رأيهم وليس لهم سلف من الصحابة والتابعين لافى رأيهم ولا فى تفسيرهم''

پھر بعد اس کے لکھتا ہے:''وفى الجملة من عدل عن مذاهب الصحابة والتابعين وتفسيرهم الىٰ ما يخالف ذلك كان مخطئًا فى ذلك بل مبتدعا لانهم كانوا اعلم يتفسيره ومعانيه كما انهم اعلم بالحق الذى بعث الله به رسوله واما الذين اخطاؤا فى الدليل لافى المدلول فمثل كثير من الصوفية والوعاظ والفقهاء يفسرون القرآن بمعان صحيحة فى نفسها لكن القرآن لا يدل عليها مثل كثير مما ذكره السلمى فى الحقائق فان كان فيما ذكروه معانى باطلة دخل فى القسم الاوّل انتهى كلام ابن تيميه ملخصاً وهو نفيس جدا ۰ انتهى!''

بعض علاّم کو اس مقام پر ایک شبہ ہوا ہے کہ اگر تفسیر نصوص میں صرف مذاہب صحابہ پر اکتفا واجب ہو اور استنباطات مفسرین ومجتہدین سب تفسیر بالرائے میں داخل ہوں تو حدیث لکل آیۃ ظہر وبطن کے کیا معنی ہوں گے اور نطاق تفسیر نہایت تنگ ہو جاوے گا اور اسی شبہ کی وجہ سے مطلقاً جواز تفسیر بالرائے پر کلام غزالی وغیرہ سے استدلال کیا ہے اور ایک طویل عبارت کی نقل میں اپنے وقت کو صرف فرمایا ہے۔ حالانکہ یہ ایک بڑی غلطی غزالی کی مراد سمجھنے میں ان سے ہوئی ہے۔ وہ یہ نہیں سمجھتے کہ کس قسم کے نصوص محمول علی ظواہر ہا ہیں اور ان میں تاویل باطل ہے اور مؤول معذور نہیں ہے اور کس قسم کے نصوص میں ایسے استنباطات کی اجازت ہے جو مخالف نصوص ظاہرہ نہ ہوں اور اس میں معذور مانا گیا ہے۔ دیکھو اس کی تصریح سیوطی، تفسیر بالرائے کی تفصیل کے متعلق کرتا ہے۔

''الثالث علوم علمها الله نبيه مما اودع كتابه من المعانى الجلية والخفية وامره بتعليمها وهذا يقسم الىٰ قسمين قسم لا يجوز الكلام فيه

الا بطریق الشمع وهو اسباب النزول والنساخ والمنسوخ والقرأت واللغات وقصص الامم الماضیة واخبار ماهو کائن من الحوادث والحشر والمعاد‘‘

پس امام غزالی کے اس کلام سے اگر ان امور میں جو مبنی علی السماع نہیں ہیں۔ جواز نظر واستدلال ثابت ہوا تو کیا اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ جن نصوص کو نظر اور رائے سے علاقہ نہیں ہے۔ بلکہ وہ محض مبنی علی السماع ہیں اور سلف صالح سے ان کے محمول علی ظواہر ہا ہونے کی تصریح اور اجماع ہو چکا ہے اور جن کی مراد کو خود شارع ﷺ نے ظاہر فرمادیا ہے اور وہ منجملہ ضروریات اور اعتقادیات اسلام کے ٹھہر چکے ہیں۔ ان میں بھی عقلی ڈھکوسلہ چل سکتا ہے۔ ہرگز نہیں اور چونکہ نزول عیسیٰ ابن مریم اور خروج دجال وغیرہ اشراط ساعت اور ’’ماهو کائن من الحوادث‘‘ میں داخل ہیں اور ان میں رائے کو کچھ دخل نہیں ہے اور یہ سب امور محض مبنی علی السماء ہیں تو ایسے امور کو امور قیاسیہ کے ساتھ خلط فرما کر بعض اعلام کا ان میں رائے لگانا اور خلاف تصریح سلف صالح تحریف نصوص کرنا دیانت کے بالکل خلاف ہے اور غزالی کے کلام کا اس مطلب کے واسطے نقل کرنا محض فضول اور لغو ہے اور جب ان تمام تصریحات سے ثابت ہو گیا کہ جو تفسیر منصوصات شرعیہ کے مخالف اور سلف صالح کے خلاف ہو اور جس تفسیر میں مذاہب صحابہ سے عدول ہو اور جن امور میں کسی کو رائے لگانے کی اجازت شارع سے نہیں ہے۔ ان میں رائے لگائی جاوے وہی درحقیقت تفسیر بالرائے ہے۔ جو فی الواقع تفسیر نہیں ہے بلکہ تحریف ہے۔ جیسے کہ مرزا قادیانی کی لیلۃ القدر کی تفسیر جو انہوں نے ظلماتی زمانہ کے ساتھ کی ہے جو سراسر تحریف کلام ربانی اور ابطال مراد الٰہی ہے۔ ہمارے شارع ﷺ نے تو ہم کو لیلۃ القدر کی حقیقت ایک اعلیٰ درجہ کا نورانی زمانہ بتایا ہے اور مرزا قادیانی اس کو ظلماتی زمانہ فرماتے ہیں۔ ہمارے رب کریم نے اس کو لیلہ مبارکہ ارشاد فرمایا ہے اور مرزا قادیانی اس کو بدتر زمانہ ثابت کرتے ہیں۔ صحابہ کرامؓ نے اس بابرکت زمانہ کے شوق میں اپنی عمریں ختم کر دیں اور مرزا قادیانی اس کو قابل حذر وقت تجویز کرتے ہیں۔ کیونکہ ان کے نزدیک وہ ایک ظلمانی زمانہ کا نام ہے۔ جس میں برکات ایمانی منقطع ہو کر فیضان ربانی سے حرمان ہو اور جس کے بعد خداوند کریم کو کسی ایسی روشنی کے بھیجنے کی ضرورت ہو۔ جیسا کہ مرزا قادیانی کا وجود باجود ہے۔ اعاذنا اللّٰہ من ذلك الارتداد!

اگر ہم ان تمام روایات اور احادیث صحیحہ کو جو لیلۃ القدر کے فضائل اور اس کی تفسیر کے متعلق ہیں نقل کریں تو طولانی رسالہ ہو جاوے۔ ہم کو تحیّر مرزا قادیانی کے بعض حواریّین سے بھی ہے کہ انہوں نے بمقتضائے ’’حبك الشي یعمی ویصم‘‘ مرزا قادیانی کی عیسویت اور نبوت

قبول فرما کر سفارت کا ذبہ میں بہت عجلت فرمائی اور ہمارے نبی پاک کے سلام کو کہاں کا حکم تھا اور کہاں پہنچادیا۔انا للّٰہ وانا الیہ راجعون!

چنانچہ ان میں سے بعض حضرات نے مولوی عبدالحق (غزنوی) امرتسری کے اشتہار کے مقابلہ میں بجواب حدیث ''لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم'' لکھا ہے کہ مرزا قادیانی کب کہتے ہیں کہ میں حقیقتاً ابن مریم ہوں۔ بلکہ جن احادیث صحاح میں پیش گوئی نزول عیسیٰ بن مریم کی نبی ﷺ نے فرمائی ہے۔اس میں وہ تاویل کرتے ہیں جو بموجب قواعد عربیہ کے صحیح معلوم ہوتی ہے۔

پس ان حضرت کی تصریح سے بخوبی واضح ہے کہ جن احادیث میں نزول عیسیٰ بن مریم کی پیش گوئی نبی ﷺ سے وارد ہے۔ گو وہ احادیث صحیح تو ہیں۔مگر مرزا قادیانی ان کو مصروف عن الظاہر ٹھہرا کر اس کی ایسی تاویل فرماتے ہیں۔ جو صرف بموجب قواعد عربیہ کے صحیح ہے اور چونکہ انہوں نے ان کے مصروف عن الظاہر ہونے کے واسطے کسی صارف شرعی کا ذکر نہیں کیا اور جواز تاویل کے واسطے صرف اس قدر کافی سمجھا ہے کہ وہ قواعد عربیہ کے موافق ہو۔گو وہ مخالف اصول شریعت ہوتو اس تقدیر پر کیا اب ہر ملحد کو گنجائش نہیں ہے کہ وہ نصوص قرآن وحدیث کے جو معنی چاہے بموجب قواعد عربیہ گھڑ ڈالے۔جیسا کہ ''اتموا الصیام الیٰ اللیل'' کی تفسیر میں ایک شخص کہہ سکتا ہے۔''ای اتموا الا مساك عن الاکل حتیٰ تاکلوا افراخ الحباری لان المراد باللیل هو افراخ الحباری''

اور اگر یہ باطل ہے تو آپ کا مزعوم بھی باطل ہے۔ کیونکہ قواعد عربیت کے مطابق دونوں صحیح ہیں اور اصول شریعت کے دونوں خلاف ہیں۔

یا جس طرح بعض روافض نے آیہ ''مرج البحرین یلتقیان بینهما برزخ لا یبغیان یخرج منهما اللؤلؤ والمرجان'' کی تفسیر میں لکھا ہے۔بحرین سے علیؓ وفاطمہؓ مراد ہیں اور لؤلؤ اور مرجان سے حسنؓ اور حسینؓ مراد ہیں اور اس تفسیر میں قواعد عربیت کے مطابق کوئی نقصان نہیں۔ کیونکہ باب تشبیہ واستعارہ واسع ہے اور مرزا قادیانی اور ان کے حواری مراد الٰہی کو ہمیشہ استعارات وکنایات میں مانتے ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ روافض کی یہ تفسیر الحاد ہو اور مرزا قادیانی کی تفسیر عین مراد ہو۔حالانکہ وہی جلال الدین ایسی تفسیر کی نسبت لکھتا ہے:''واما التاویل المخالف للآیة والشرع فمحظور لانه تاویل الجاهلین مثل تاویل الروافض قوله تعالیٰ مرج البحرین یلتقیان ۰ انهما علیؓ وفاطمةؓ یخرج منهما

اللؤلؤ والمرجان الحسنؓ والحسینؓ اعاذنا اللّٰه من ذالك‘‘

اورزیادہ تعجب یہ ہے کہ وہ اس تاویل باطل کو مصداق ’’یوم یأتی تاویله ‘‘فرماتے ہیں اور مراد الٰہی کو اپنے مزعوم باطل کے موافق اعتقاد کرتے ہیں اور ہمارے سلف کا اس بارہ میں عقیدہ یہ ہے۔’’ولو قال المراد كذا ولم يسمع فيه شيئا فلا يحل له وهو الذى نهى عنه‘‘

پس اگران کے پاس سوائے اختراع عقلی کے اور کچھ ذخیرہ سماع ونقل کا اس بارہ میں ہے تو وہ ہم کو کیوں محروم کرتے ہیں۔ ورنہ ان کو ضرور لحاظ چاہئے کہ ایک روز خدا تعالیٰ کے روبرو مقام ہوگا۔

انہیں علاّم نے بڑی شدومد سے یہ بھی ثابت کیا ہے کہ لفظ نزول سے نزول بجسم عنصری مراد لینا کچھ ضرور نہیں ہے اور اس کے چند امثلہ بیان کرنے میں تطویل لاطائل فرمائی ہے۔ حالانکہ ضرورت کا کسی نے دعویٰ نہیں کیا اور یہ کوئی نہیں کہتا کہ لفظ نزول سے مراد ہمیشہ نزول بجسم عنصری ہی ہوا کرتا ہے۔ بلکہ یہ دعویٰ ہے کہ لفظ نزول منافی نزول جسم عنصری نہیں ہے۔ بلکہ نزول جسد عنصری کو بھی شامل ہے اور جہاں بضرورت تصریح شارع علیہ السلام مراد نزول سے نزول بجسم عنصری ثابت ہوا ہو۔ وہاں اس کا ترک کرنا من غیر دلیل شرعی باطل ہے۔ جیسے کہ نزول عیسیٰ بن مریم جس پر نصوص شریعت ناطق ہیں جو جمہور اہل سنت کا عقیدہ حقہ ہے اور جس کے انکار کی کوئی وجہ کسی مدعی کے پاس نہیں ہے۔ پس مرزا قادیانی اور ان کے حواری کس ضرورت سے اس کے مخالف ہیں اور یہ سب تو اس تقدیر پر ہے۔ جس کو ہم بقول حواری ایسی تاویلات کو قواعد عربیہ کے موافق بھی مان لیں۔ حالانکہ یہ قواعد عربیت کے بھی بالکل خلاف ہے۔ اس واسطے کہ قواعد عربیت کے موافق معنی حقیقی اصل ہیں اور تاوقتیکہ تعذر حقیقت ثابت نہ ہو۔’’صیرورت الیٰ المجاز ‘‘ باطل ہے اور ان حضرت حواری نے تعذر حقیقت ہنوز ثابت نہیں فرمایا تو صرف امکان مجاز ان کو مفید نہیں ہوسکتا۔

پس اب بجواب سوال انہیں علاّم کے لکھا جاتا ہے کہ جب حدیث صحیح میں لفظ ابن مریم وارد ہے اور ابن مریم کے حقیقی معنی مثیل مسیح کے نہیں ہیں اور لفظ نزول شامل نزول جسدی کو بھی ہے اور نصوص شریعت اس کی تعیین پر ناطق ہیں اور موافق عقیدہ اہل سنت کے وہ محمول علی ظواہر ہا ہیں اور صرف (پھیرنا) ان نصوص کا، من غیر دلیل شرعی، جائز نہیں ہے۔ تو مرزا قادیانی کے قصور کے واسطے یہی کافی ہے کہ انہوں نے خلاف نصوص شریعت، نزول جسدی عیسیٰ ابن مریم سے انکار کیا

اور عیسیٰ ابن مریم سے مثیل عیسیٰ مراد لے کر مخالف قواعد عربیت ترک حقیقت اور ارتکاب مجاز کیا اور اس سے زیادہ دین میں کیا قصور ہوسکتا ہے۔

’’وفی العقائد: وصرف النصوص عن الظاهر والعدول عنها الحاد‘‘

یہ حضرات یہ نہیں سمجھتے کہ وقوع وصحت استعارہ کلام عرب میں بحسب قواعد عربیت اور چیز ہے اور جواز استعارہ نصوص شرعیہ میں بغیر اعتماد نقل شارع کے اور چیز ہے اور جو شخص نصوص شرعیہ کے صرف عن الظاہر من غیر دلیل شرعی کا مانع ہو اس کے واسطے ان حواریّین کا کلام اور لاطائل امثلہ تشبیہہ واستعارہ ایک فسانہ نہیں ہے تو کیا ہے۔

اب ہم اصل مطلب کی طرف رجوع کرتے ہیں اور چونکہ اصل مخاطب ہمارے مرزاقادیانی ہیں۔ اس لئے ہم ان حضرات کے خیالات کی نسبت اس موقع پر اس سے زیادہ اور کچھ کہنا نہیں چاہتے اور چونکہ درحقیقت مدار عیسویت مرزاقادیانی اور حواریت حواریّین صرف اس ڈھکوسلہ پر ہے کہ نصوص شرعیہ مصروف عن الظاہر ہیں اور تمام خرافات کی بناء اسی بناء فاسد پر ہے کہ خدا کی اور اس کے رسول کی مراد ہمیشہ استعارات وکنایات میں ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے ہمیشہ ضرورت ہے کہ ہم صرف اس مبحث کو اوّل ختم کرلیں۔

پس یہ تو بخوبی ثابت ہوگیا کہ اہل سنت والجماعت کے عقائد حقہ کے موافق نصوص شرعیہ محمول علی ظواہرہا ہیں۔ مالم یصرف عنہا صارف شرعی اور خدا کی مراد کا ہمیشہ استعارات وکنایات میں ماننا ابطال شریعت بالکلیہ ہے۔ بایں لحاظ کسی مدعی کی رائے فاسد اور تاویل باطل سے صرف نصوص عن الظاہر جائز نہیں ہوسکتا۔ مگر ایک احتمال باقی ہے وہ یہ کہ مرزاقادیانی کے الہامات کو صارف شرعی اعتقاد کیا جاوے اور بربناء الہام ان نصوص ظاہرہ اجماعیہ کو مصروف عن الظاہر مانا جائے۔ پس یہ زعم بھی ان کا باطل محض ہے۔ کیونکہ الہام غیر النبی، حجۃ شرعیہ نہیں ہے اور بعض کے نزدیک جو الہام غیر النبی صرف بحق ملہم حجۃ ظنیہ مانا گیا ہے۔ وہ بھی بشرط موافقت شرع ہے۔

’’قال شارح المنار فی مقام تقسیم الوحی، الثالث ما تبدی لقلبه بلا شبهة بالهام من الله تعالیٰ بان اراه بنور من عند وهو المسمی بالالهام ویشترك فیه الاولیاء ایضا وان كان الهامهم یحتمل الخطاء والصواب وایضافیه والهام الاولیاء، حجة فی حق انفسهم ان وافق الشریعة ولم یتعد الیٰ غیرهم وایضا فی التوضیح الثالث ما تبدی لقلبه بلا شبهة بالهام من الله تعالیٰ بان اراه بنور الله من عنده كما قال الله تعالیٰ لتحكم بین

الناس بما اراك اللّٰه وكل ذلك حجة بخلاف الهام الاولياء فانه لا يكون حجة على غيرهم"

ان تصریحات سے معلوم ہوا کہ الہام غیر النبی، حجت ملزمہ علی الغیر نہیں ہے اور خود ملہم کے حق میں بھی حجت ظنیہ، بشرط موافقت شرع ہے اور چونکہ مرزاقادیانی کے الہامات بالکل خلاف شرع ہیں اور ان میں اس قدر بھی صلاحیت نہیں ہے کہ وہ مرزاقادیانی کے لئے بھی حجت ظنیہ ہوسکیں۔ تو اب یہ زعم کہ ایسے الہامات نصوص شرعیہ کے ردوابطال کے واسطے کافی ہوں گے یا ان کے ذریعہ سے صرف النصوص عن الظاہر جائز ہوگا۔ باطل محض ہے اور درحقیقت یہ ردو اباء نصوص کا ہے جو قطعاً الحاد اور عدول عن الاسلام ہے۔

غرض کہ جب یہ محقق ہوگیا کہ نصوص کتاب وسنت محمول علی ظواہرہا ہیں۔ مالم یصرف عنہا دلیل قطعی اور نیز یہ ثابت ہوگیا کہ ایسے الہامات جو بیش از وسوسہ نہیں ہیں۔ دلیل شرعی نہیں ہوسکتے۔ جو صارف نصوص ہوسکیں اور خدا کی مراد اگر ہمیشہ استعارات وکنایات میں مانی جائے تو ظاہر شریعت باطل ومتروک ہو جائے گی تو اب ہم کہہ سکتے ہیں کہ مرزاقادیانی کا عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے نزول سے قطعاً انکار کرنا اور عیسیٰ ابن مریم سے مثیل عیسیٰ ابن مریم مراد لے کر خود دعویٰ نبوت وعیسویت کرنا انکار امر منصوص ہے اور وہ الحاد ہے۔ اہل حق کا یہ عقیدہ ہے کہ نزول عیسیٰ بن مریم اشراط ساعۃ میں سے ہے۔ (چنانچہ حدیث صحیح مسلم میں پیغمبر ﷺ نے قیامت کی دس نشانیاں بیان فرمائیں اور ان میں نزول عیسیٰ بن مریم کا بھی ذکر فرمایا) اور فیما اخبر به النبی ﷺ وفیما علم مجیٔه بالضرورة میں داخل ہے۔ پس اس سے انکار کرنا تکذیب النبی فیما اخبربه وفیما علم مجیٔه بالضرورة ہے۔ چنانچہ علامہ تفتازانی شرح عقائد میں لکھتا ہے:

"وما اخبر به النبی ﷺ من اشراط الساعة من خروج الدجال ودابة الارض ویاجوج وماجوج ونزول عیسیٰ ابن مریم وطلوع الشمس من مغربها حق"

بخاری اور مسلم میں نزول عیسیٰ ابن مریم کی بابت جو روایت ہے وہ یہ ہے: "عن ابی هریرةؓ قال قال رسول اللّٰه ﷺ والذی نفسی بیده لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکماً عدلاً فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویفیض المال حتی لا یقبله احد حتیٰ تکون السجدة الواحدة خیراً من الدنیا وما فیها ثم یقول

ابوھریرہ فاقرؤا ان شئتم وان من اھل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ، متفق علیہ وفی مسلم عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ لینزلن ابن مریم حکماً عدلاً فلیکسرن الصلیب ولیقتلن الخنزیر ولیضعن الجزیۃ ولیترکن القلائص فلا یسعی الیھا ولیذھبن الشحناء والتباغض والتحاسد ولیدعون الیٰ المال فلا یقبلہ احد''

ایسے نصوص صریحہ کے بعد ہر وہ شخص جو دین کی آنکھ رکھتا ہو۔ سمجھ سکتا ہے کہ مرزاقادیانی کا عیسیٰ ابن مریم کے نزول سے انکار اہل حق کے عقیدہ کے خلاف اور بلاشبہ تکذیب النبی فیما علم مجیٔہ بہ بالضرورۃ میں داخل ہے اوران کا یہ الہام اوہام شیطانی کے قبیل سے ہے اور ایسی نصوص صریحہ کا انکار جو حکم متواترات میں ہیں۔ کمال جسارت اسلام میں ہے۔ شوکانی رسالہ توضیح میں ان احادیث کے نقل کے بعد جو نزول عیسیٰ ابن مریم کے متعلق ہیں۔ لکھتا ہے:

''فھذہ تسعۃ وعشرون حدیثاً تنضم الیھا احادیث آخر ذکر فیھا نزول عیسیٰ منھا ما ھو مذکور فی احادیث دجال ومنھا ما ھو مذکور فی احادیث المنتظر وتنضم الیٰ ذلک ایضاً الآثار الواردۃ عن الصحابۃ فلھا حکم الرفع اذ لا مجال للاجتھاد فی ذلک فمنھا عن ابی ھریرہ عند ابن ابی شیبہ ومنھا عنہ ایضا ذکرہ فی کنز العمال، ومنھا عنہ ایضا ذکرہ فیھا ومنھا عن ابن عباس ذکرہ فی الکنز ومنھا عنہ ایضا ذکرہ فیہ ومنھا عن عبداللہ ابن عمر ذکرہ ابن ابی شیبہ ومنھا عن ابن مسعود ذکرہ فی کنزالعمال وجمع ما سلفناہ بالغ حد التواتر کما لا یخفی علی من لہ فضل اطلاع''

مرزاقادیانی کا یہ اعتقاد بھی اہل حق کے عقیدہ کے خلاف ہے کہ وہ تعدد مسیح کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ میں اس بات سے بھی انکار نہیں کرتا کہ کوئی اور بھی مسیح ہو۔ حالانکہ شریعت محمدیہ علی صاحبہا الف الف صلوٰۃ وتحیۃ صرف ایک ہی مسیح کا وجود ہم کو بتاتی ہے اوراس کے اصول ہرگز تعدد مسیح کو مقتضی نہیں ہیں۔ بلکہ مقتضی کیا معنی، تعدد ان کے منافی ہے۔ کیونکہ اگر ایک اور بھی مسیح مرزاقادیانی کے عقیدہ کے موافق محتمل ہو تو ان شقوق سے خالی نہ ہوگا کہ:

۱…… یا تو وہ اور مرزاقادیانی دونوں نبی ہوں گے۔

۲…… یا وہ اور مرزاقادیانی دونوں نبی نہ ہوں گے۔

۳...... یا مرزا قادیانی نبی ہوں وہ نبی نہ ہوگا۔
۴...... یا وہ نبی ہوگا مرزا قادیانی نبی نہ ہوں گے۔
اور یہ سب شقوق باطل ہیں۔

احتمال اوّل یعنی یہ کہ مرزا قادیانی اور وہ دونوں نبی ہوں۔ اس لئے باطل اور کفر ہے کہ انکار ختم رسالت کو مستلزم ہے اور آیت ’’ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النبیین ‘‘اور حدیث’’انا خاتم النبیین لا نبی بعدی‘‘ کے بالکل منافی ہے۔

اور احتمال ثانی اس لئے باطل ہے کہ اگر دونوں نبی نہ ہوں تو سلب النبوۃ عن المسیح موعود لازم آئے گا۔ حالانکہ یہ عقیدہ اہل حق کے خلاف ہے۔ چنانچہ حجج الکرامۃ میں ابن ابی ذئب سے منقول ہے۔

’’فھو رسول ونبی کریم علی حالہ لا کما یظن بعض الناس انہ یاتی واحدا من ھذہ الامۃ بدون نبوۃ ورسالۃ وجھل انھما لا تزولان بالموت فکیف بمن ھو حی‘‘

چنانچہ یہی عقیدہ تمام اہل حق کا ہے کہ عیسیٰ ابن مریم بعد نزول بھی رسول ہوں گے۔ جیسے کہ وہ قبل الرفع رسول تھے اور جیسا کہ بعض جہلاء نے خیال کیا ہے کہ وہ بعد نزول احد من الناس ہوں گے ایسا نہ ہوگا۔

احتمال ثالث، یعنی یہ کہ مرزا قادیانی نبی ہوں اور وہ نبی نہ ہو۔ یہ بھی باطل ہے۔ کیونکہ وہ پھر مسیح موعود نہ ہوگا۔ مسیح موعود کو تو نبوت لازم ہے اور جب مرزا’’نعوذ باللّٰہ من ذلک‘‘ نبی ہوں اور وہ نبی نہ ہو تو وہ مسیح نہ ہوگا اور مسیح غیر موعود کا نزول باطل ہے۔ پھر مرزا قادیانی کا یہ فرمانا کہ مجھے اس سے انکار نہیں ہے کہ اور بھی کوئی مسیح ہو۔ بجز فریب کے اور کیا ہوگا؟

اب شق رابع رہی۔ یعنی یہ کہ مرزا قادیانی نبی نہ ہوں اور وہ مسیح محتمل نبی ہو اور پھر مرزا قادیانی کو اس وقت اصلی مسیح موعود مانا جاوے۔ یہ بھی صریح باطل ہے۔ کیونکہ مسیح موعود کو تو نبوت لازم ہے اور جب مرزا قادیانی نبی نہ ہوں گے تو آنے والے یعنی مسیح موعود کیوں کر ہوں گے۔ گو وہ اپنے کو مثیل سے تعبیر کریں۔ مگر جب موعود کہیں گے تو اصیل آپ ہی بن جاویں گے۔

مرزا قادیانی پر یہ بھی کھول دیا گیا کہ مسیح ابن مریم جس پر انجیل نازل ہوئی تھی۔ وہ فوت ہوگیا اس کی روح بہشت میں سیر کر رہی ہے۔ اس پر دوبارہ موت طاری نہ ہوگی۔ پس وہ ہرگز نازل نہ ہوگا۔

مگر ہم یقین کے ساتھ کہتے ہیں کہ اگر مرزا قادیانی پر یہ کھول دیا گیا ہے تو سبیل شریعت اسلام ان پر ضرور مسدود کردی گئی ہے جو نزول عیسیٰ بن مریم پر ناطق ہے اور جس میں یہ مصرح ہے کہ عیسیٰ ابن مریم فوت نہیں ہوا۔ بلکہ زندہ اٹھالیا گیا ہے۔ تفسیر ابوالسعود میں تحت قولہ تعالیٰ ''انی متوفیك ورافعك الیّ'' لکھا ہے۔

''قوله انی متوفیك ای مستوفی اجلك ومؤخرك الیٰ اجلك المسمی عاصماً لك من قتلهم او قابضك من الارض من توفیت مالی اومتوفیك نائما اذ روی انه رفع نائما وقیل ممیتك فی وقتك بعد النزول من السماء ورافعك الآن اوممیتك من الشهوات العائقة عن العروج الیٰ عالم الملكوت وقیل اماته الله سبع ساعات ثم رفعه الیٰ السماء والیه ذهبت النصاری قال القرطبی والصحیح ان الله تعالیٰ رفعه من غیر وفات ولا نوم كما قال الحسن وابن زید وهو اختیار الطبری وهو الصحیح عن ابن عباس''

صاحب بیضاوی لکھتا ہے: ''اے مستوفی اجلك ومؤخرك الیٰ اجلك المسمی عاصماً ایاك من قتلهم''

فخر رازی، کبیر میں لکھتا ہے: ''معنی قوله تعالیٰ انی متوفیك ای متمم عمرك فح اتوفاك فلا اتركهم حتیٰ یقتلوك بل انا رافعك الیٰ سمائی ومقربك الیٰ ملائكتی واصونك عن ان یتمكنوا من قتلك وهذا تاویل حسن''

اس کے بعد لکھتا ہے: ''الوجه الرابع فی تاویل الآیة ان الواوفی قوله تعالیٰ متوفیك ورافعك الیّ تفید الترتیب فالآیة تدل علی انه تعالیٰ یفعل به هذه الفعال فاما كیف ومتی یفعل فالامر فیه موقوف علی الدلیل وقد ثبت بالدلیل انه حی ورد الخبر عن النبیﷺ انه سینزل ویقتل الدجال ثم انه تعالی یتوفاه بعد ذلك''

اس کے بعد ایک اور توجیہ لکھی ہے۔ چنانچہ کہتا ہے: ''التوفی هوا خذا الشئ وافیا ولما علم الله تعالیٰ ان من الناس من یخطر بها له ان الذی رفعه الله هو روحه لا جسده ذكر هذا الكلام لیدل علی انه علیه الصلوٰة والسلام رفع بتمامه الیٰ السماء بروحه وبجسده ویدل علی صحته هذا التاویل قوله تعالیٰ ولا یضرونك من شئ''

کمالین حاشیہ جلالین میں اس مقام کے متعلق لکھا ہے: ’’التوفی هو القبض یقال وفانی فلان دراهمی واوفانی وتوفیتها منه غیر ان القبض یکون بالموت وبالاصعاد فقوله رافعك الیّ من غیر موت تعیین للمراد وفی البخاری قال ابن عباس متوفیك ای ممیتك معناه فی وقت موتك بعد النزول من السماء ورافعك الآن‘‘

دیکھو مفسرین کی ان تمام تصریحات اور تعیین مراد سے کالشّمس فی نصف انہار ثابت ہے کہ عیسیٰ ابن مریم زندہ ہیں اور متوفیک کے معنی متمم عمرک اور مستوفی اجلک کے ہیں۔ مگر چونکہ مرزا قادیانی کو خود عیسیٰ بننے کے واسطے ضرورت ہے کہ وہ عیسیٰ موعود کے نزول سے انکار کرے اور اسلام کے اس ضروری عقیدہ کو اپنے افتراء کے ذریعے باطل قرار دے۔ پس اسی ضرورت سے اس نے ایک نیا قاعدہ اسلام میں ایسا اختراع کیا ہے۔ جس کی کوئی اصل ہم کو شریعت محمدیہ سے نہیں ملتی۔ چنانچہ وہ کہتا ہے کہ عیسیٰ موعود تو بہشت بریں میں داخل ہو چکے ہیں۔ اب ان پر دوبارہ موت طاری نہیں ہوسکتی۔ لیکن اس خرافات کا کوئی مطلب ہرگز ہم نہیں سمجھتے۔ کیونکہ اگر اس کا یہ مطلب ہے کہ جو ایک بار بہشت بریں میں کسی طرح داخل ہوگیا۔ پھر وہ وہاں سے نکل ہی نہیں سکتا۔ تو یہ مشکل ہوگی کہ ہمارے نبی پاک حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا شب معراج میں بہشت بریں میں داخل ہونا شرعاً ممتنع ہوگا۔ ورنہ بعد دخول جنت وہ پھر دنیا میں کس طرح لوٹ کر آتے اور اگر وہ بہشت بریں میں داخل ہوکر دنیا میں آسکے تو عیسیٰ موعود کا پھر نازل ہونا کیونکر شرعاً مستبعد ہوسکتا ہے؟ کیونکہ جس طرح آنحضرت ﷺ قبل الاجل، بطریق سیر، بہشت بریں میں داخل ہوکر پھر دنیا میں آگئے۔ عیسیٰ موعود بھی قبل الاجل ایک زمان معین تک بہشت میں رہ کر پھر آسکتے ہیں۔ گو سبب دخول اور زمان قیام میں دونوں کے فی الجملہ اختلاف ہو۔ مدعا تو ’’نزول فی الدنیا بعد دخول الجنة‘‘ ہے اور وہ بہرکیف عقلاً اور شرعاً ثابت ہے اور اگر مرزا قادیانی کا مطلب یہ ہے کہ جس پر ایک بار موت طاری ہوگئی ہو۔ اس پر دوبارہ موت طاری ہونا مستحیل ہے تو اس کے لئے بھی کوئی اصل شرعی نہیں ہے۔ بلکہ اس کے ابطال صریح کے واسطہ آیت: ’’کالذی مرّ علی قریة وهی خاویة علی عروشها قال انّی یحیی هذه اللّٰه بعد موتها فاماته اللّٰه مأة عام ثم بعثه‘‘

اور قصہ اصحاب حزقیل کما قال اللہ تعالیٰ!

''الم ترالیٰ الذین خرجوا من دیارھم وھم الوف حذر الموت فقال لھم اللّٰہ موتوا ثم احیاھم''

اور بہت سے معجزات انبیاء اور خود اعجاز عیسوی کافی وافی ہیں اور جب کہ دوبارہ موت کا طاری ہونا کسی طرح پر خلاف اصول شریعت نہیں تھا تو اسی بناء پر صاحب فتح الباری لکھتا ہے کہ جو لوگ حضرت عیسیٰ کی موت ''قبل الرفع'' کے قائل ہیں۔ اگران کا یہ قول ضعیف بھی مان لیا جائے تو کوئی استحالہ نہیں ہے۔ بلکہ وہ بعد نزول پھر فوت ہوسکتا ہے۔ چنانچہ عبارت اس کی یہ ہے:

''وعلیٰ ھذا فاذا نزل الیٰ الارض ومضت المدۃ المقدرۃ یموت ثانیاً''

تو اب مرزا قادیانی کے اس اصل فاسد کے واسطے کہ عیسیٰ تو ایک بار فوت ہوگیا۔ اس کی روح بہشت بریں میں سیر کر رہی ہے۔ اس پر دوبارہ موت طاری نہ ہوگی۔ کون سی اصل شرعی ہے۔ ہم تو کہہ سکتے ہیں کہ اگر خلاف جمہور ہم آپ کے اس زعم باطل کو بھی تسلیم کرلیں کہ عیسیٰ موعود فوت ہوچکا۔ تاہم وہ ضرور نازل ہوگا اور خدا اپنا وعدہ پورا کرے گا اور وہ دوسری بار فوت ہوجاوے گا تو بجز اس کے کہ مرزا قادیانی کو عیسیٰ بننے کا موقع نہ ملے گا اور کیا حرج لازم آوے گا اور اگر مرزا قادیانی کا یہ مطلب ہے کہ جو شخص ایک بار اپنی اجل معین فی الدنیا کو پورا کر کے بہشت بریں میں داخل ہوگیا۔ وہ بہشت بریں سے اس طرح نہ نکالا جاوے گا کہ پھر وہ اس میں داخل نہ ہوسکے اور اس پر وعدہ الٰہی کے موافق دوسری بار موت بھی طاری نہ ہوگی تو یہ مسلم ہے۔ مگر عیسیٰ موعود پر اجل معین فی الدنیا پورا ہونے کے بعد کب موت طاری ہوئی ہے اور وہ ''بعد اتمام الاجل فی الدنیا'' کب بہشت میں داخل ہوئے ہیں جو ان کا بہشت سے آنا مستحیل ہو۔ بلکہ اس کی اجل تو ہنوز باقی ہے تو اب اس کا ''نزول فی الدنیا'' اور ''خروج من الجنۃ'' اس طرح نہ ہوا کہ وہ بہشت میں نہ جاسکے۔ بلکہ وہ اپنی باقی ماندہ اجل کو پورا کر کے بعد وفات پھر، جنت میں داخل ہوگا اور اس کے بعد کبھی پھر نہ نکالا جائے گا۔ مگر ہم پہلے کہہ چکے ہیں کہ بعض بطلاء اپنے زعم میں پہلے سے ایک غرض فاسد قرار دے کر اصول شریعت کو اپنے زعم باطل کا تابع بنایا کرتے ہیں جو انہیں پر رد کے لائق ہوتی ہے اور اس کو تحریف شریعت کہا جاتا ہے۔

اب بڑا استدلال مرزا قادیانی کا عبداللہ بن عباسؓ کی اس تفسیر سے ہے جو بخاری میں ابن عباسؓ سے منقول ہے۔ ''متوفیك ای ممیتك'' مگر ہم اس کے معنی اور بخاری کی مراد کو پہلے بیان کر چکے ہیں کہ ابن عباس کی تفسیر لفظ ''متوفیك'' کی لفظ ''ممیتك'' کے ساتھ ہرگز اس پر دال نہیں ہے کہ وہ قبل النزول عیسیٰ بن مریم کی موت کا قائل ہے۔ بلکہ اپنے وقت پر موت کا قائل

ہے اور اگر فرضاً اس سے منقول بھی ہوتو ابوسعود کی تفسیر کے موافق بناء براصح الروایتین ابن عباسؓ کا مذہب یہی ثابت ہوتا ہے کہ وہ رفع من غیر موت کا قائل ہے اور اس کی تفسیر کی صحیح توجیہ یہ ہے۔

’’ای ممیتك عند اجلك المسمی بعد النزول من السماء ورافعك الآن‘‘

تو اب مرزاقادیانی کا اس ضعیف بنیاد پر عیسیٰ ابن مریم کے نزول سے انکار کرنا اور ایسے حکم منصوص سے اباء کرنا اور عیسیٰ بن مریم کی موت کا قائل ہوکر نصاریٰ کے مذہب کی تائید کرنا، قانون شریعت اسلامیہ کے بالکل خلاف ہے۔

اس مقام پر (مرزاقادیانی کے) بعض حوارین نے لکھا ہے کہ اگر خدا کی مراد یہ مانی جاوے کہ اوّل عیسیٰ بجسم عنصری اٹھائے جاویں گے۔ اس کے بعد وفات پاویں گے تو خدا کے کلام میں بلاغت نہیں رہتی۔ کیونکہ اس تقدیر پر یوں کہنا مناسب تھا۔

’’یا عیسیٰ انی رافعك بجسمك العنصری ثم متوفیك ۰ الخ‘‘

اور نقصان بلاغت کا منشاء غالباً یہ سمجھا ہے کہ رفع اوّل واقع ہوگا اور موت اس کے بعد ہوگی تو گویا ترتیب واقعات اور قصہ میں تقدیم وتاخیر لازم آوے گی۔ پس ان حضرت حواری نے بلاغت صرف قصوں کی ترتیب کا نام سمجھا ہے اور نعوذ باللہ اگر اسی کا نام بلاغت ہوتو تمام قرآن پاک میں شاید بلاغت نہ رہے۔ کیونکہ یہ ترتیب قصص وامثال میں کہیں ملحوظ نہیں ہے۔ دیکھو سورۃ بقرہ میں اوّل ارشاد ہے۔’’ان اللہ یأمرکم ان تذبحوا بقرۃ ‘‘اور آخر میں مذکور ہے: ’’واذ قتلتم نفساً ۰ الخ‘‘

اور ان حضرت حواری کی بلاغت مخترعہ چاہتی ہے کہ خدا یوں فرماتا:’’واذ قتلتم نفساً فادا رأتم فیها امرکم اللہ تعالیٰ ان تذبحوا بقرۃ‘‘

(اور سورۃ قاف میں ہے۔کذبت قبلهم قوم نوح واصحاب الرس وثمود وعاد وفرعون واخوان لوط اس جگہ اللہ نے عاد کو ثمود کے بعد اور اخوان لوط کو فرعون کے بعد ذکر فرمایا ہے اور جس کو قرآن سے کچھ بھی لگاؤ ہے۔ وہ جانتا ہے کہ ثمود، عاد کے بعد ہوئے ہیں اور فرعون لوط کے بعد دیکھو سورہ اعراف اور عنکبوت میں یہ دو آیتیں ہیں۔’’واذکروا اذ جعلکم خلفاء من بعد عاد وبوأکم فی الارض ‘‘نے ان میں صریح ذکر ہے کہ ثمود بعد عاد کے ہوئے ہیں اور لوط، ابراہیم کے زمانہ میں اور موسیٰ اور فرعون، ابراہیم کے بعد ہوئے ہیں تو اب محاورہ قرآنی اور ترتیب زمانی برائے حجت قادیانی باطل ولایعنی ہوگئی)

پس بیان فرماویں کہ اس بے ترتیبی سے کس قدر بلاغت میں نقصان لازم آتا ہے۔ ’’اعاذنا اللّٰہ من ذلك ‘‘ وہ نہیں سمجھتے کہ بلاغت عبارت ہے۔کلام کے مطابق مقتضی حال ہونے سے،اور چونکہ اس مقام پر پروردگار عالم کو رد زعم یہود مدنظر تھا جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قتل سے دھمکاتے تھے اور حضرت عیسیٰ کی تسلی خدا تعالیٰ کو ملحوظ تھی۔تو ارشاد فرمایا کہ:’’یٰعیسیٰ انی متوفیك ‘‘یعنی اے عیسیٰ تو اپنی اجل معین کو پورا کرے گا اور معمول کی موت سے مرے گا۔یہود کو دسترس نہ ہوگی کہ وہ تجھ کو قتل کرسکیں اور اس اجل معین کے پورے ہونے تک ہم تجھ کو زمین سے اٹھالیں گے اور ان کے کید وایذاء سے محفوظ رکھیں گے۔پس اب حواری صاحب خدا تعالیٰ کے کلام میں دخل دینے کے واسطے ذرا اپنی قابلیت کا تو اندازہ فرمالیں۔دیکھو عبارت فتح الباری بھی اسی مدعا پر دال ہے۔

’’قال العلماء الحکمة فی نزول عیسیٰ دون غیرہ من الانبیاء الرد علی الیهود فی زعمهم انهم قتلوہ فبین اللّٰہ تعالیٰ کذبهم وانه الذی یقتلهم‘‘

علامہ رازی لکھتا ہے:’’معنی قوله تعالیٰ انی متوفیك ای متمم عمرك فح اتوفاك فلا اترکهم حتی یقتلوك بل انا رافعك الیٰ سمائی ومقربك بملٰئکتی واصونك عن ان یتمکنوا من قتلك وهذا تاویل حسن‘‘

اس مقام پر (مرزا قادیانی کے) بعض حوارین نے حضرت ابوہریرہؓ کے اس استشہاد پر جوانہوں نے آیت’’وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به ‘‘سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کی نسبت کیا ہے۔جرح فرمائی ہے اور ضمیر’’قبل موته ‘‘ کا مرجع’’کتابی ‘‘کو سمجھا۔ حالانکہ ابوہریرہؓ کا استشہاد اس وقت صحیح ہوتا ہے۔جب کہ اس ضمیر کا مرجع حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہوں۔پس حضرت ابوہریرہؓ قائل ہوئے کہ’’کتابی ‘‘اس کا مرجع نہیں ہے اور یہی مذہب حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کا ہے۔چنانچہ فتح الباری میں اسی استشہاد کے متعلق لکھا ہے:

’’هکذا عبارته وقوله فی الآیة وان بمعنی ما ای لایبقی احد من اهل الکتاب وهم الیهود والنصاریٰ اذا نزل عیسیٰ الا آمن به وهذا مصیر من ابی هریرةؓ الیٰ ان الضمیر فی قوله الا لیؤمنن به وکذلك فی قوله قبل موته یعود علی عیسیٰ ای الا لیؤمنن بعیسیٰ قبل موت عیسیٰ وبهذا جزم ابن عباس فیما رواہ جریر من طریق سعید بن جبیر عنه باسناد صحیح ومن

طـریـق ابی رجاء عن الحسن قال قبل موت عیسیٰ واللہ انه الآن لحی ولکن اذا نـزل آمـنـوا بـه اجـمـعـون ونـقله عن اکثر اهل العلم وراجحه ابن جریر وغیره‘‘

پس اب اہل حق خیال کریں کہ اگر یہ عدول عن مذہب الصحابہ نہیں ہے تو کیا ہے اور جو لوگ اعلم بمعانی القرآن تھے اور جن کی تفسیر ایسے امور میں واجب الاتباع ہے۔ ان کی تفسیر کا ردوابطال نہیں ہے تو کیا ہے؟

’’وهـل هـذا الابـلاء مبیـن وهـذا خلاف بین اصحاب محمد رسول اللہ وبین اصحاب القادیانی اعاذنا اللہ من ذلك التهانی ولا حول ولا قوة الا باللہ‘‘

اور سنئے حضرت قادیانی نے ملائکہ کے وجود سے انکار کیا ہے اور ان کے حواریّین نے بھی دبی زبان سے اسی کا اقرار فرما کر تحریر فرمایا ہے کہ ملائکہ کے بازوؤں سے قوائے ملکیہ مراد ہیں اور عقلی تائید اس کی یوں فرمائی ہے کہ پرندوں کے سوائے دو بازو کے تین یا چار بازو نہیں ہوتے۔ ’’کبرت کلمة تخرج من افواههم ان یقولون الا کذبا‘‘

اللہ پاک صاف اپنے کلام میں ارشاد فرماتا ہے: ’’الـحـمـد للہ فاطر السماوات والارض جـاعـل الـمـلائـکـة رسلا اولی اجنحة مثنی وثلاث ورباع یزید فی الخلق مایشاء‘‘

اس کلام سے تو معلوم ہوتا ہے کہ ملائکہ پروں والے ہیں۔ دو پروالے اور تین پروالے اور چار پروالے اور اللہ تعالیٰ قادر ہے کہ جس قدر چاہے اور زیادہ کرے۔ جس کی تصدیق احادیث صحیحہ میں ہے۔ چھ سو پروں والے فرشتہ بھی ہیں اور ان حواری صاحب کا نیچر فرماتا ہے کہ دو پروں سے زیادہ ناممکن ہے۔ ’’وهـل هـذا الاخـلاف بیـن حـواری الـقـادیـانی وبین اللہ تعالیٰ اعاذنا اللہ من ذلك‘‘

حضرت حواری نے نیچر کے حکم کے موافق اس امر کو مستبعد سمجھا ہے کہ ایک پرند کے تین یا چار بازو ہو سکیں۔ حالانکہ نیچر کے موافق بھی وہ مستبعد نہیں ہے۔ کیونکہ ان حضرت حواری نے ایک چھوٹا سا جانور غیر پرند، جس کو ہزار پایا کہتے ہیں۔ ضرور دیکھا ہوگا۔ دیکھو وہ ہزار پاؤں سے کیسی صاف رفتار چلتا ہے۔ اسی طرح اگر ہزار پر کا طائر خدا ایسا بنا دے۔ جو ہزار پروں سے اسی

طرح اڑ سکے۔ جس طرح ہزار پاؤں سے ہزار پایا چلتا ہے۔ تو کیا خدا کی قدرت سے بعید ہے۔ باقی زبدہ کی تحریر پر غرہ ہونا اہل علم کا کام نہیں۔ کیا ضرورت عقلی یا نقلی داعی ہے جو ہم ’’صرف النصوص عن الظاهر ‘‘ کے قائل ہوں اور مذاہب صحابہ سے عدول کر کے الحاد اختیار کریں۔

حواری مذکور نے اس لفظ حدیث پر بہت تعجب کیا ہے۔’’واضعا کفیه علی اجنحة ملکین‘‘ اور وہ فرماتے ہیں کہ اوپر سے اترنے والا پروں پر ہتھیلیاں کیونکر ٹیک سکتا ہے اور پھر فرماتے ہیں کہ حدیث ’’لتضع اجنحتها لطالب العلم ‘‘ کے پھر کیا معنی ہوں گے۔ اس کے بعد فرماتے ہیں۔ مجمع البحار میں ہے۔’’قیل هو بمعنی التواضع تعظیما لحقه ‘‘اور اس سے یہ ثابت کیا ہے کہ جو معنی تواضع کے یہاں ہیں۔ وہی معنی تواضع کے حدیث ’’واضعاً کفیه علی اجنحة الملکین ‘‘میں ہوں گے۔’’فیا اسفاه علی ضیعة العلم واهلیها ‘‘اے حضرات اہل حق ذرا خیال فرمائیے کہ معنی لفظ اجنحہ کے تواضع کے ہیں تو حدیث نزول عیسیٰ ابن مریم میں ’’واضعا کفیه علی اجنحة الملائکة ‘‘کے یہ معنی ہوئے کہ حضرت عیسیٰ فرشتوں کی تواضع پر ہاتھ رکھے ہوئے اتریں گے اور وہ شاید اہل مذاق کے اس محاورہ کے موافق ہو کہ فلاں شخص اپنی شرم پر ہاتھ رکھ کر آیا اور اس تقدیر پر بے چارے صاحب مجمع البحار کے کلام سے استشہاد کی کیا ضرورت ہوگی۔ کیونکہ وہ تو ’’وضع اجنحة ‘‘کے معنی تواضع کے بیان کرتا ہے۔ ’’اجنحة‘‘ کا محاورہ نہیں بیان کرتا اور ’’وضع اجنحة ‘‘بمعنی ’’تواضع وخفض اجنحة‘‘ بمعنی ’’العجز ‘‘عین محاورہ ہے۔’’کما فی مجمع البحار وکما قال اللّٰه تعالیٰ واخفض لهما جناح الذل ‘‘اور اگر مراد حواری صاحب کی یہ ہے کہ ’’وضع اجنحة‘‘ بمعنی التواضع ہے تو حدیث نزول عیسیٰ میں ’’وضع اجنحة ‘‘کہاں ہے جو تواضع مراد ہو۔ وہاں تو ’’وضع الکف علی الاجنحة ‘‘ہے جو خلاف تواضع تسلط علی الغیر ہے۔ پھر تواضع کے کیا معنی ہوں گے؟ اور اگر یہ مراد ہے کہ ’’وضع الکف علی اجنحة الملائکة ‘‘کے معنی بھی تواضع کے ہیں۔ تو اس کے استشہاد کے واسطے کوئی اور محاورہ نقل کیجئے جو مدعا ثابت ہو۔ مجمع البحار میں اس کا کہیں نشان نہیں اور اگر یہ مراد ہے کہ جہاں لفظ ’’اجنحة‘‘ دیکھ لیا۔ وہیں تواضع کے معنی سمجھ لئے کلام کے سیاق وسباق سے کچھ بحث نہیں تو اس فہم عالی کا کیا جواب ہے یہ علوم لدنیہ وہبیہ جو صرف حوار یین قادیانی کا حصہ ہے۔ مسجد کے ملاں نرے خدا اور رسول کے فرمانبردار اس کو کیا جانیں۔

اب ہم ان واقعات کو دیکھتے ہیں جو اصلی مسیح ابن مریم کے نزول کے وقت ہونے

چاہئیں اور جن کی تصریح من غیر ریب ومریہ ہمارے شارع سے ثابت ہے۔ چنانچہ سب سے بڑا واقعہ جو عیسیٰ ابن مریم کے زمانہ میں ہوگا۔ قتل دجال ہے۔ چنانچہ صحیح مسلم میں نواس بن سمعان سے مروی ہے:

’’قال ذکر رسول اللہﷺ الدجال فقال ان یخرج وانا فیکم فانا حجیجه دونکم وان یخرج ولست فیکم فامرؤ حجیج نفسه واللہ خلیفتی علی کل مسلم، انه شاب قطط عینه طافئة کانی اشبهه بعبد العزی بن قطن فمن ادرکه منکم فلیقرأ فواتح سورة الکهف وفی روایة فلیقرأ بفواتح سورة الکهف فانها جوارکم من فتنة انه خارج خلة بین الشام والعراق فعاث یمینا وعاث شمالاً یا عباد اللہ فاثبتوا قلنا یا رسول اللہ وما لبثه فی الارض؟ قال: اربعون یوما یوم کسنة ویوم کشهر ویوم کجمعة وسائرا یامه کایامکم قلنا یا رسول اللہ فذالك الیوم الذی کسنة اتکفینا فیه صلوة یوم؟ قال لا اقدروا اله قدره قلنا یا رسول اللہ وما اسرعه فی الارض؟ قال کالغیث استدبرته الریح فیأتی علی القوم فیدعوهم فیؤمنون به ویستجیبون له فیأمر السماء فتمطر والارض فتنبت فتروح علیهم سارحتهم اطول ما کانت ذری واسبعه ضروعاً وامده خواصر ثم یأتی القوم فیدعوهم فیردون علیه قوله فینصرف عنهم فیصبحون ممجلین لیس بایدیهم شئ من اموالهم ویمر بالخربة فیقول لها: اخرجی کنوزك فتتبعه کنوزها کیعا سیب النخل ثم یدعوا رجلاً ممتلنا شبابا فیضربه بالسیف فیقطعه جزلتین رمیة الغرض ثم یدعوه فیقبل ویتهلل وجهه ویضحك فبینما هو کذلك اذ بعث اللہ المسیح بن مریم فینزل عند المنارة البیضاء شرقی دمشق بین مهروذتین واضعاً کفیه علی اجنحة ملکین اذا طأطأ رأسه قطر، واذا رفعه تحدرمنه جمان کاللؤلؤ فلا یحل لکافر یجد من ریح نفسه الامات ونفسه منتهی حیث ینتهی طرفه فیطلبه حتی یدرکه بباب لد (فیقتله ثم یأتی عیسیٰ ابن مریم) قوم قد عصمهم اللہ منه فیمسح علی وجوههم ویحدثهم بدرجاتهم فی الجنة فبینما هو کذلك اذ اوحی اللہ الیٰ عیسیٰ علیه السلام انی قد اخرجت عباد الیٰ لا بدان لا اجد بقتالهم فحرز عبادی الیٰ الطور ویبعث اللہ یأجوج

وماجوج وهم من كل حدب ينسلون فيمراوائلهم على بحيرة طبرية فيشربون مافيها ويمر آخرهم فيقولون لقد كان بهذه مرة ما ويحصر نبى الله عيسىٰ واصحابه حتى يكون رأس الثور لاحدهم خير امن مأة دينار لاحدكم اليوم فيرغب نبى الله عيسىٰ واصحابه فيرسل (الله) عليهم النغف فى رقابهم فيصبحون فرسى كموت نفس واحدة ثم يهبط نبى الله عيسىٰ عليه السلام واصحابه الىٰ الارض فلا يجدون فى الارض موضع شبر الا ملاه زهمهم ونتنهم فيرغب نبى الله عيسىٰ عليه السلام واصحابه الىٰ الله فيرسل الله طيراً كاعناق البخت فتحلمهم فتطرحهم حيث شاء الله ثم يرسل الله مطراً لا يكن منه بيت مدر ولا وبر فيغسل الارض حتى يتركها كالزلفة ثم يقال للارض أنبتنى ثمرتك وردى بركتك فيومئذ تأكل العصابة من الرمانة ويستظلون بقحفها ويبارك فى الرسل حتى ان اللقحة من الابل لتكفى الفئام من الناس واللقحة من البقر لتكفى القبيلة من الناس واللقحة من الغنم لتكفى الفخذ من الناس فبيناهم كذلك اذا بعث الله ريحاً طيبة فتأخذهم تحت اباطهم فتقبض روح كل مؤمن وكل مسلم ويبقى شرار الناس يتهارجون فيها تهارج الحمر فعليهم تقوم الساعة‘‘

(قاضی محمد سلیمان منصور پوری غایۃ المرام میں بتاتے ہیں کہ اس حدیث کے آدھے حصے کا ترجمہ مرزا قادیانی نے بھی اپنے ازالہ اوہام میں کیا ہے۔ مگر ترجمہ کرتے کرتے بھی بہت اینچ پیچ ڈالے ہیں۔ ایک فقرہ کا ترجمہ کیا اور دو تین ورق غیر مربوط لکھ ڈالے۔ پھر اس طرح تاکہ اصل حدیث کا مطلب ناظرین کی سمجھ میں ذرا نہ آئے۔ غرض اس حدیث کے آدھے حصے کے ترجمہ کو صفحہ ۲۰۳ سے ۲۳۸ تک طول دیا ہے اور پھر تمام حدیث کے مضامین کی نسبت لکھا ہے کہ وہ عقل وشرع سے مخالف پڑے ہوئے ہیں۔ لطف یہ ہے کہ اسی ضمن میں جو بعض الفاظ ایسے آ گئے ہیں جن کی تاویل آپ کر سکتے ہیں۔ ان کی تاویل جھٹ کر کے اپنے آپ کو مصداق صحیح ان کا بنالیا ہے۔ مثلاً زرد کپڑوں سے مراد بیمار ہونا، دمشق سے مراد قادیان بتلانا دم کی بھاپ سے قاطع حجتیں مراد لینا۔ دو فرشتوں سے مراد علوم عقلی ونقلی بیان کرنا، منارۃ شرقی سے مراد اپنی مسجد کے منارہ کو ٹھہرانا اور اس کے ساتھ (اپنی) ایک الہامی عبارت کا جوڑ دینا’’انا انزلناه قريباً من القاديان بطرف شرقى عند المنارة البيضاء‘‘ (ازالہ اوہام ص۷۵، خزائن ج۳ ص۱۳۹)

لیکن جہاں تاویل سے بالکل ہی رہ گئے۔اس کا ترجمہ بھی چھوڑ دیا یا چپ سادھ کر خاموشی اختیار کر لی۔ناظرین اس حدیث کے ترجمہ کو ازالہ اوہام میں دیکھیں اور جو کچھ مرزا قادیانی کے دل پر اس حدیث کے مضامین سے گزرتی ہے اس کا اندازہ کریں۔حدیث ایک ہی ہے۔اسی حدیث کو ایک جگہ بالکل صحیح مانتے ہیں اور اپنی بشارت اس میں سے نکالتے ہیں۔اسی کے ایک حصہ کی نسبت ایسا سکوت ہے۔گویا حدیث میں اس عبارت کے ہونے کا علم وخبر تک بھی نہیں۔اسی حدیث کے ایک حصہ کی نسبت ایسے غیظ وغضب سے بھر جاتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے ایک صحابی پر وضع حدیث بنانے کا اتہام لگانے لگتے ہیں اور چیخ اٹھتے ہیں کہ اس کا بانی مبانی نواس بن سمعان ہے۔یہ سب کچھ لکھ کر جب بھول جاتے ہیں۔تو اسی حدیث کے مطالب سمجھنے کے واسطے حکیم نورالدین کا درخواست کرنا اور خود بارگاہ الٰہی میں ملتجی ہونا اور کشفی طور پر الفاظ حدیث کے معانی کا اپنے اوپر ظاہر ہو جانا،تحریر کرتے ہیں۔کوئی نہیں پوچھتا کہ حضرت!اگر اس حدیث کے مضامین عقل وشرع کے خلاف تھے۔اگر اس کا بانی مبانی نواس بن سمعان ہی تھا۔اگر بخاری نے اس کو موضوع سمجھ کر چھوڑ دیا تھا۔اگر آپ کی تحقیق میں یہ حدیث مسلم شریف کی دوسری حدیثوں سے بھی بالکل منافی ومبائن تھی۔تو پھر آپ نے حکیم نورالدین صاحب کو بھی یہی جواب کیوں نہ دے دیا اور خدا نے بھی کیوں اس کے معنی نہ بتلائے اور یہ نہ کہہ دیا کہ اس کے مضامین تو عقل شرع کے خلاف اور شرک سے بھرے ہوئے اور الوہیت کے تمام اقتدار ایک دجال خبیث کو دینے والے ہیں۔ اللہ اکبر!اس تحریر ’’یرد بعضه بعضا‘‘ پر بھی لوگ خیال کرتے ہیں کہ مرزا قادیانی بڑے انشاء نگار ہیں۔بہاء)

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ جب دجال خروج کرنے کے بعد اپنا فساد شروع کر دے گا۔اس وقت مسیح موعود نازل ہوگا اور اس کو تلاش کر کے عند باب لد قتل کرے گا اور نیز یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ آسمان سے نازل ہوگا۔قادیان میں نہیں پیدا ہوگا اور نیز یہ معلوم ہوتا ہے کہ محل نزول اس کا شرقی دمشق عند منارۃ البیضاء ہوگا اور نیز معلوم ہوتا ہے کہ وہ ملائکہ کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے۔’’بین مهروذتین‘‘ نزول فرمائے گا اور اسی کی مثل کئی اور روایات ہیں جو نزول عیسیٰ ابن مریم اور خروج دجال کی خبر پر مشتمل ہیں اور جن میں مصرح ہے کہ دجال سے مراد گروہ منکرین مرزا قادیانی نہیں ہے اور نزول مسیح موعود خروج دجال کے بعد ہوگا۔چنانچہ شوکانی نے خر دجال کی اخبار کی نسبت بالغ حد التواتر لکھا ہے۔

’’قال الشوكانى فى التوضيح واما الاحاديث الواردة فى الدجال

فالذی اذکره منها ماۃ حدیث‘‘

اس کے بعد احادیث کو نقل کر کے لکھتا ہے:’’ولنقتصر علی هذا المقدار فلیس المراد الا بیان کون احادیث خروج الدجال متواترة والتواتر یحصل بالبعض مما سلفناه وقد بقیت احادیث وآثار عن جماعة من الصحابة ترکنا ذکرها ووقفنا علی هذه الماة الحدیث التی اشرنا الیها والی من خرجها‘‘

اسی طرح بعض روایات میں عیسیٰ موعود کا حلیہ بھی مذکور ہے: عن ابی هریره عن النبی ﷺ قال لیس بینی وبینه (یعنی عیسیٰ) نبی وانه نازل فاذا رأیتموه فاعرفوه رجل مربوع الیٰ الحمرة والبیاض بین ممصرتین کأن رأسه یقطروان لم یصبه بلل فیقاتل الناس علی الاسلام فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویهلك اللّٰه فی زمانه الملل کلها الا الاسلام ویهلك المسیح الدجال فیمکث فی الارض اربعین سنة ثم یتوفی فیصلی علیه المسلمون ۰ رواه ابوداود (باسناد صحیح فتح الباری)

چنانچہ اس روایت سے ہم کو صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس کا حلیہ بھی ہمارے شارع کی طرف سے متعین ہے اور اس کے بعض وہ کام بھی خاص فرمائے گئے ہیں جو وہ دنیا میں کرے گا اور مرزا قادیانی کا نہ وہ حلیہ ہے نہ وہ کام مرزا قادیانی سے ظہور میں آئے ہیں۔ نہ ہنوز دنیا سے مذاہب باطلہ کا بمقابلہ اسلام کے زوال ہوا ہے۔ بلکہ برخلاف اس کے آریہ مذہب کی ترقی خود مرزا قادیانی کی عنایت کی ہوئی ہے تو اب ایسی حالت میں مرزا قادیانی نے کیوں بے وقت اور بے محل نزول فرمایا۔

اور ایک دوسرا واقعہ جو سچے مسیح موعود اور جھوٹے مسیح کے درمیان امتیاز کرنے کی عمدہ علامت ہے۔ یہ ہے کہ سچے مسیح موعود کے نزول سے مہدی منتظر کا ظہور ہوگا اور وہ عیسیٰ ابن مریم کے نزول کے وقت دنیا میں موجود ہوگا اور امامت کی تواضع کرے گا اور عیسیٰ ابن مریم ’’تکرمة لهذه الامة‘‘ اس تواضع کو قبول نہ فرمائیں گے۔ بلکہ خود مہدی کا اقتداء کریں گے۔

عن ابی هریرهؓ قال قال رسول اللّٰه ﷺ کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم وامامکم منکم ۰ رواه البخاری

اس کے تحت میں شیخ نے لکھا ہے: ’’قولہ وامامکم منکم ای من قریش وھو المھدی علیہ السلام ای عیسیٰ یقتدی بہ تکرمۃ لھذہ الامۃ‘‘

حضرت جابرؓ سے مروی ہے۔ صحیح مسلم میں: ’’قال قال رسول اللہ ﷺ لا تزال طائفۃ من امتی یقاتلون علی الحق ظاھرین الیٰ یوم القیامۃ قال فینزل عیسیٰ بن مریم فیقول امیرھم تعال صل لنا فیقول لاان بعضکم علی بعض امراء تکرمۃ اللہ ھذا الامۃ‘‘

اور سنن ابوداؤد میں ہے: ’’قال لولم یبق من الدنیا الایوم قال زائدۃ لطول اللہ ذلک الیوم حتیٰ یبعث رجلاً منی اومن اھل بیتی یواطی اسمہ اسمی واسم ابیہ اسم ابی (وسکت عنہ)‘‘

اور جامع ترمذی میں ہے: ’’عن عبداللہ بن عمر قال قال رسول اللہ ﷺ لا یذھب الدنیا حتیٰ یملک العرب رجل من اھل بیتی یواطی اسمہ اسمی وقال ھذا حدیث حسن صحیح‘‘

ان روایات کی نسبت شیخ نے لمعات میں لکھا ہے: ’’قد تظاھرت الاحادیث البالغہ حد التواتر معنی فی کون المھدی من ولد فاطمۃ وقدورد فی بعض الاحادیث کونہ اولاد الحسن وبعضھا من اولاد الحسین سلام اللہ علیھم اجمعین وقدورد فی الاحادیث الغریبۃ انہ من ولد عباس وقال الشیخ الھیثمی ولا منافاۃ بینھما اذلا مانع من اجتماع الولادات فی شخص من جھات مختلفۃ‘‘

علامہ شوکانی نے توضیح میں لکھا ہے: ’’وقد ورد السوال عن بعض الاعلام عن الاحادیث الواردۃ فی ھؤلاء ھل ھی متواترۃ ام لا، فاقول اما الاحادیث الورادۃ فی المھدی فالذی امکن الوقوف علیھا خمسون حدیثاً‘‘

اور پھر نقل احادیث کے بعد لکھتا ہے: ’’فھذہ الاحادیث الواردۃ فی المھدی خمسون حدیثاً فیھا الصحیح والحسن واضعیف المنجبر وھی متواترۃ بلا شبھۃ بل یصدق وصف التواتر علی مادونھا علی جمیع الاصطلاحات المجردۃ فی الاصول والی ھھنا انتھی الکلام علی الاحادیث الواردۃ فی

المھدی واما الآثار من الصحابة المصرحة بالمھدی فھی کثیرة انتھی من حجج الکرمة‘‘

مگر ہم دیکھتے ہیں کہ مرزا قادیانی کے زمانہ میں مہدی منتظر کا بھی وجود نہیں ہے۔ جس سے کچھ شبہ ہوتا کہ مرزا قادیانی ہی شاید آنے والے مسیح ہوں۔ پس جب کہ مرزا قادیانی کے زمانہ میں خروج دجال کا نشان نہیں ہے اور مہدی منتظر کا پتہ نہیں ہے۔ بجائے اس کے کہ ادیان باطلہ دنیا سے جاتے رہیں۔ شباب کفر اور ترقی ادیان باطلہ ہے اور بجائے اس کے کہ آپ کا نزول شرقی دمشق میں آسمان سے ہوتا۔ قادیان میں خروج ہوا ہے (مگر شاید قادیان کو قافیہ آسمان کا سمجھ کر کافی سمجھا ہو۔ بلبل ہمیں کہ قافیہ گل بود بس ست) پھر ہم کیونکر مرزا قادیانی کو مسیح موعود تسلیم کر لیں جو آثار ہم کو اخبار صحیحہ سے مسیح موعود کے معلوم ہوئے ہیں۔ وہ تو یہ ہیں کہ مسیح موعود، عیسیٰ ابن مریم ہوگا۔ جس کی نسبت ہمارے مخبر صادق ﷺ نے قسم کے ساتھ یہ فرمایا ہے۔ ’’واللّٰہ لینزلن فیکم ابن مریم‘‘

(بعض علام نے اس مقام پر لکھا ہے کہ جب کوئی منکر نہ تھا تو اس تاکید کی کیا ضرورت تھی۔ پس ہمارے نزدیک وہ یہی ضرورت تھی کہ غالباً انحضرت ﷺ کو بالوحی معلوم تھا کہ آئندہ منکر ایسے پیدا ہوں گے کہ جو عیسیٰ ابن مریم کے رفع بجسدہ اور نزول بجسدہ سے انکار کریں گے اور ان منکرین کے مقابلہ میں تاکید ضرور ہوگی۔ گو بظاہر وہ امت اجابت میں ہوں۔ ’’وھذا علی زعمھم‘‘ ورنہ تخصیص امت اجابت کے کیا معنی خطاب مخصوص امت اجابت کے واسطے نہیں ہے۔ تمام قوم یہود منکر موجود تھے اور اب بھی بعض یہود اور بعض مثیل یہود موجود ہیں جو امت میں شامل ہیں۔ چنانچہ فخر الدین رازی لکھتا ہے۔ ’’ولما علم اللّٰہ تعالیٰ ان من الناس من یخطر بباله ان الذی رفعه اللّٰہ ھو روحه لا جسده ذکر ھذا الکلام لیدل علی انه علیه الصلوٰة والسلام رفع بتمامه الیٰ السماء بروحه وبجسده‘‘ پس جب خدا تعالیٰ ایسے منکروں کو جانتا تھا تو اس نے اپنے رسول کو بھی ضرور بتایا ہوگا)

اور نیز عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں سوائے اسلام کے کوئی ملت باقی نہ رہے گی اور بغض وحسد جاتا رہے گا۔ نصرانیت کو وہ باطل کرے گا اور اقتناء خنزیر کو حرام کرے گا اور جزیہ کو ساقط کرے گا اور سوائے اسلام یا سیف کے دوسری بات قبول نہ کرے گا۔ دعوت اس کی قہری ہوگی۔ مہدی منتظر کا اقتداء کرے گا اور دجال کو عند باب لد قتل کرے گا اور یاجوج وماجوج کے قتل کرنے

کے واسطے اس پر وحی نازل ہوگی اور وہ بھی اسی کے ہاتھ سے قتل ہوں گے۔ اگر شہد کا دریا بہانے کا قصد کرے گا تو بہادے گا۔ کافر علی سبیل الاعجاز اس کے سانس سے ہلاک ہوں گے اور سانس اس کا اس کے منتہاء بصر تک پہنچے گا اور اس کے زمانہ میں مال ودولت اس قدر ہوگا کہ اگر متصدق چاہے گا کہ کوئی اس کا صدقہ قبول کرے تو اس کو صدقہ کا لینے والا میسر نہ ہوگا اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب تم اس کو دیکھو تو پہچان لینا کہ وہ رجل مربوع بین البیاض والحمرۃ ہوگا نہ کہ وہ ایک ڈھگا ہوگا۔ پس جب کہ یہ روایات صحیحہ اور احادیث نبویہ حقہ تو ہم کو مسیح موعود کے یہ نشان بتاتے ہوں جو ہم نے مشتے نمونہ از خروارے بیان کئے اور مرزاقادیانی میں ان میں سے کوئی نشان بھی نہ ہو تو پھر مرزاقادیانی ہرگز مسیح موعود نہیں ہوسکتے۔ ہمارے نزدیک وہ بلاشبہ مسیح کاذب ہیں۔

مگر مرزاقادیانی اپنے مسیح صادق ہونے کی یہ علامت بیان فرماتے ہیں کہ چونکہ مسیح ابن مریم فوت ہوگیا تو وہ اب دنیا میں ہرگز نہیں آوے گا۔ پس میں ہی مسیح ہوں اور جو منکر وفات عیسیٰ ابن مریم ہو۔ وہ ثابت کرے۔

پس اوّل تو ہم اس استلزام ہی کو نہیں سمجھتے کہ وفات مسیح اگر مسلّم بھی ہو تو مرزاقادیانی ہی کیوں مسیح ہوں۔ دوسرے منکر وفات سے ثبوت کیوں طلب کیا جاتا ہے؟ درحقیقت اثبات وفات تو مرزاقادیانی کے ذمہ ہے جو اس کے مدعی ہیں اور اگر بطور معارضہ مرزاقادیانی کا یہ خیال ہو تو تم لوگ مدعی حیات عیسیٰ بن مریم ہو۔ اس لئے ثبوت حیات تمہارے ذمہ ہے۔ تو یہ مرزاقادیانی کی بڑی غلط فہمی ہے۔ کیونکہ جمہور مسلمین کسی حیات جدید کے مدعی یا مثبت نہیں ہیں۔ بلکہ ان کا تو یہ عقیدہ ہے کہ وہی اصل حیات جو عیسیٰ علیہ السلام کو دنیا میں ان کے پیدا ہونے کے ساتھ دی گئی اور جو مسلمہ مرزاقادیانی ہے۔ تاوقتیکہ اس کا کوئی رافع ثابت نہ ہو اور وفات طاری کا کوئی مثبت نہ ہو۔ اس وقت تک وہی حیات علی حالہ باقی ہے اور باقی رہے گی۔ اس وقت تک جب تک کہ اس حیات کا کوئی رافع اور وفات طاری کا کوئی مثبت نہ ملے۔ پس بریں تقدیر جمہور مسلمین تو مثبت حیات جدید نہیں ہوئے۔ بلکہ مرزاقادیانی ہی وفات طاری کے مدعی ہوئے۔ پس یہ معارضہ بالقلب کسی طرح صحیح نہیں ہوسکتا اور اثبات وفات انہیں کے ذمہ ہوا۔ چنانچہ اسی وجہ سے مرزاقادیانی نے اثبات وفات میں دو طرز اختیار بھی کئے ہیں۔ ایک عقلی، دوسرا نقلی۔

دلیل عقلی تو ان کی یہ ہے کہ ہر انسان اپنی عمر طبعی پر پہنچ کر مر جاتا ہے۔ اس لئے عیسیٰ علیہ السلام بھی عمر طبعی کو پہنچ کر زندہ نہیں رہ سکتے۔ ضرور مر گئے ہوں گے۔ مگر اس دلیل کا اتمام اس امر پر

موقوف ہے کہ مرزا قادیانی اوّل تو عمر طبعی کی کوئی حد عقلاً ونقلاً ثابت فرماویں۔ ودونہ خرط القتاد!

کیونکہ ممکن ہے کہ علی اختلاف الطبائع عمر طبعی کم وبیش ہو۔ جیسا کہ امم سابقہ میں پایا جاتا ہے اور کمی بیشی کی کوئی حد نہیں۔ پس عقلاً تو کسی طرح ناممکن نہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اب تک زندہ ہوں اور نقلاً بھی حضرت نوح علیہ السلام کی عمر طبعی ساڑھے نوسو برس کی قرآن پاک سے ثابت ہے۔ ''فلبث فیهم الف سنة الا خمسین عاماً'' تو کیا عجب ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کی عمر طبعی ساڑھے نو ہزار برس کی ہو اور وہ بعد اس عمر کے انتقال فرماویں اور اگر مرزا قادیانی کے نزدیک ان دونوں صورتوں میں کوئی استحالہ عقلی یا نقلی ہو تو بیان فرماویں۔

اور دلیل نقلی مرزا قادیانی کی جو مایہ افتخار ہے یہ آیت ہے: ''فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیهم''

وہ فرماتے ہیں کہ اس آیت سے باقرار عیسیٰ علیہ السلام وفات ثابت ہوتی ہے اور توفی کے اصلی معنی موت کے ہی ہیں۔ پس اگر ہم علی حسب زعم باطل مرزا قادیانی توفی کے معنی موت ہی کے لیں اور عیسیٰ علیہ السلام کا یہ اقرار بھی موت ہی کا ہو۔ تو مرزا قادیانی فرماویں کہ یہ اقرار کب واقع ہوگا اور رسل الٰہی سے سوال وجواب متعلقہ معاد کب ہوگا؟ اور وہ بفحوائے آیہ کریمہ: ''یوم یجمع اللہ الرسل فیقول ماذا اجبتم یوم ینفع الصادقین صدقهم''

قیامت کے روز ہوگا تو یہ کیا مرزا قادیانی کے مفید ہے؟ اس کے تو سب قائل ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام قیامت سے پہلے وفات پاویں گے اور قیامت کے روز وفات کا یہ اقرار صحیح ہوگا۔ مگر اس وفات کے ثبوت سے مرزا قادیانی کا کچھ مطلب برآمد نہیں ہوسکتا۔ اگر جمہور مسلمین کا یہ دعویٰ ہوتا کہ نہ عیسیٰ اب مرے۔ نہ آئندہ مریں گے۔ بلکہ یوں ہی اہل حشر کے ساتھ شامل ہو جاویں گے۔ تو مرزا قادیانی کا یہ مہمل خیال کچھ مفید ہوسکتا تھا اور جب وہ خود اس بات کے قائل ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام قیامت سے قبل وفات پاویں گے۔ (چنانچہ حدیث نزول عیسیٰ بن مریم میں بھی صریح موجود ہے۔ ثم یتوفی) اور قیامت کے روز وفات کا اقرار کریں گے تو مرزا قادیانی کے اس استدلال کی وقعت علماء کے نزدیک تو کیا۔ جہلاء کے نزدیک بھی واضح ولائح ہے اور یہ سب اس زعم کی بناء پر ہے کہ مرزا قادیانی کے نزدیک توفی کے اصل معنی موت ہی کے ہیں۔ حالانکہ یہ صریح جہل ہے۔ توفی کے اصل معنی باعتبار وضع کے: ''اخذ الشئ وقبض الشئ وافیا'' کے ہیں اور چونکہ موت میں بھی قبض روح ہوتا ہے۔ اس لئے موت پر بھی ''توفی'' کا اطلاق کیا جاتا ہے جو ایک فرد ''توفی'' ہے۔

صاحب بیضاوی لکھتا ہے: ''التوفی اخذ الشئ وافیا الموت نوع منه (اور قسطلانی اور جمل میں بھی یہی لکھا ہے)۔'' صاحب کمالین لکھتا ہے: ''التوفی هو القبض یقال توفیت دارهمی منه ای قبضت''

صاحب قاموس لکھتا ہے: ''اوفی فلانا حقه اعطاه وافیا کوفاه فاستوفاه وتوفاه''

اور جب کہ ثابت ہوگیا کہ توفی کے معنی قبض الشئ وافیاً کے ہیں تو اب اس آیت کریمہ کا یہ مطلب ہوگا۔ ''فلما توفیتنی ای قبضتنی من الدنیا''

اور پھر اس کا یہ ترجمہ کر لیجئے کہ اے خداوند کریم جب تو نے مجھے دنیا سے اٹھا لیا تو اس وقت صرف تیری نگہبانی میں ہوں گے اور جب تک میں ان کے پاس رہا میں بھی ان کی نگہبانی کرتا رہا۔ تو اس تقدیر پر بھی مرزا قادیانی کا استدلال اس آیت سے بالکل لغو ہوگیا۔

مرزا قادیانی نے وفات عیسوی پر اس آیت سے بھی استدلال فرمایا ہے۔ ''اذ قال اللّٰہ یٰعیسیٰ انی متوفیك ورافعك الیّ '' کیونکہ مرزا قادیانی تو جہاں لفظ توفی دیکھ لیں گے موت ہی سمجھ لیں گے اور خدا معلوم ''وتوفی کل نفس ماکسبت '' کے کیا معنی کرتے ہوں گے۔ مگر مرزا قادیانی کو بہت شرمانا چاہئے کہ لفظ ''متوفیك '' استقبال کے واسطے ہے۔ اس لئے اس آیت سے وعدہ وفات ثابت ہوتا ہے۔ وقوع وفات پر اس کی کوئی دلالت نہیں اور اگر آپ کو یہ خلجان پیدا ہو کہ لفظ ''رافعك '' بھی تو استقبال کے واسطے ہے۔ پس وقوع رفع پر کیوں کر دلالت ہوگی۔ تو یہ مسلم ہے۔ بلاشبہ اس آیت سے وعدہ رفع ہی ثابت ہوتا ہے نہ کہ وقوع رفع۔ مگر وقوع رفع پر یہ دوسری نص ناطق ہے: ''وما قتلوه یقیناً بل رفعه اللّٰہ الیه''

تو اب یہ ثابت ہوا ہے کہ آیت ''اذ قال اللّٰہ یا عیسیٰ انی متوفیك ورافعك الیّ '' میں جو اللہ پاک نے عیسیٰ علیہ السلام سے دو وعدہ فرمائے تھے۔ ایک وفات معمول سے مارنے کا۔ دوسرا رفع الی السماء کا، اس میں سے رفع کا وعدہ تو پورا ہوگیا۔ جس کی اس نے خود خبر دی اور دوسرے کے ایفاء کے لئے اس نے آئندہ کوئی وقت موعود فرمایا اور غیر معمول کی موت سے محفوظ رہنے پر اس نے یہ نص ناطق نازل فرمائی۔ ''وماقتلوه وما صلبوه ولکن شبه لهم '' پس اب جو نص مرزا قادیانی کے پاس نہ عیسیٰ علیہ السلام کی معمول کی موت سے مرنے کی رہی۔ نہ غیر معمولی موت سے مرنے کی اور اصل حیات مسلمہ مرزا قادیانی ہے۔ جس کا کوئی رافع اب تک ثابت نہیں ہوا اور رفع جسمانی پر ''بل رفعه اللّٰہ '' نص ناطق موجود ہے تو پھر

مرزا قادیانی کے تمام خیالات فاسدہ کا کیا سروپا ہے؟ ’’من یهده الله فلا مضل له ومن یضلله فلا هادی له‘‘

مرزا قادیانی کو ایک یہ شبہ پیدا ہوا ہے کہ آیت: ’’بل رفعه الله ‘‘ سے رفع جسمانی مراد نہیں ہے۔ مگر وہ اپنی نافہمی سے یہ نہیں سمجھتے کہ اگر اس رفع سے یہاں رفع روحانی مراد ہو تو کلام الٰہی میں بل رفعہ اللہ کے اضراب کے کیا معنی ہوں گے۔ کیونکہ رفع روحانی تو قتل اور صلب میں بھی ہوتا ہے۔ صرف معمول کی موت کے ساتھ ہی مخصوص نہیں ہے جو یہ کہا جاوے کہ قتل وصلب واقع نہیں ہوا۔ جس میں رفع روح نہیں ہوتا۔ بلکہ معمول کی موت سے مرنا ثابت ہوتا ہے جس میں رفع روح ہوا اسی واسطے صاحب بیضاوی لکھتا ہے: ’’فیه رد وانکار لقتله واثبات لرفعه‘‘

پس مرزا قادیانی رفع روحانی کی تقدیر پر رد وانکار قتل واثبات رفع فرماویں تاکہ یہ اضراب صحیح ہو۔ (اور سیاق والفاظ قرآنی بھی بآواز بلند پکار رہے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اسی کے رفع کی خبر دی ہے۔ جس کو یہود پکڑ کر قتل کرنا چاہتے تھے اور وہ جسم عنصری مع الروح تھا۔ نہ صرف روح اور نہ فقط جسم۔ دیکھو لایحب اللہ کا دوسرا رکوع) ودونه خبط العشواء!

ہاں البتہ اگر مرزا قادیانی رفع روحانی کی تخصیص معمول کی موت کے ساتھ ثابت کر دیں تو مضائقہ نہ ہوگا اور اگر وہ رفع جسمانی کو خدا کی ہدایت کے موافق مان لیں تو پھر اضراب بالکل صحیح ہوگا اور یہ مطلب ہوگا کہ تمہارا زعم قتل وصلب عیسیٰ کا باطل ہے۔ وہ تو صحیح وسالم جسد کے ساتھ اٹھالیا گیا۔

مرزا قادیانی کے پاس ایک اور دلیل قطعی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی وفات پر یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ سو برس کے دورہ میں جو شخص علی وجہ الارض ہے۔ وہ زندہ نہ رہے گا۔ حضرت عیسیٰ بھی حسب فرمان آنحضرت ﷺ ضرور اس دورہ میں تمام ہوگئے ہوں گے۔

پس مرزا قادیانی کے اس زعم کے بموجب ثابت ہوتا ہے کہ یا تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس ارشاد کے وقت تک ’’علی وجه الارض ‘‘ موجود تھے۔ اس وجہ سے وہ اس عموم میں شامل ہوگئے اور اس صورت میں باعتراف مرزا قادیانی ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات آنحضرت ﷺ کے زمانہ تک تو ثابت ہوگئی اور عمر طبعی مزعومہ مرزا قادیانی سے تجاوز ثابت ہوگیا۔ کیونکہ اب تو اس ارشاد کے سو برس بعد تک بھی مرزا قادیانی کو انکار کی گنجائش نہیں رہی اور یا مرزا قادیانی یہ سمجھے ہیں کہ ہمارے نبی ﷺ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہی عہد میں پیدا ہوکر ان کے مرنے سے پہلے فرمایا تھا۔ اس لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو مرنا لازم ہوگیا اور ان دونوں

صورتوں میں مرزا قادیانی کے خیالات عجیبہ سے ان کی محدثیت اور مجددیت کا ثبوت ہوتا ہے۔ جمہور اہل علم کے نزدیک حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس ارشاد کے عموم میں شامل ہی نہیں ہوسکتے۔ اگر شامل ہوسکتے ہیں تو ''من علی وجه الارض'' شامل ہوسکتے ہیں اور حضرت عیسیٰ تو اس وقت ''علی وجه الارض'' نہ تھے۔ بلکہ ''علی السماء'' تھے۔

مرزا قادیانی بطور سحریہ باشریعت وتضحیک اہل شریعت فرماتے ہیں کہ اگر حضرت عیسیٰ بجسدہ العنصری آسمان پر موجود ہوں گے تو وہاں ان کو پائخانہ اور غسلخانہ اور باورچی خانہ کی بھی ضرورت ہوتی ہوگی۔

پس اس کے جواب میں ہم کو اس قدر لکھنا کافی ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام جب بجسدہ العنصری مخلوق ہوکر جنت میں رکھے گئے تھے تو انہوں نے ان تمام ضرورتوں کے رفع کرنے کے واسطے وہاں پائخانہ، غسل خانہ، باورچی خانہ وغیرہ سب بنوایا ہوگا۔ اسی میں حضرت عیسیٰ بھی گذارا کرلیں گے اور اگر مرزا قادیانی کے نزدیک حضرت آدم علیہ السلام کا قصہ بھی خلاف نیچر ہے تو مزید براں ہے۔ ہم اسی کا اقرار چاہتے ہیں اور اگر ان کے نزدیک حضرت آدم علیہ السلام کو جنت کے قیام کے زمانہ میں کوئی اور جسم عطاء ہوا تھا اور دنیا میں آنے کو کوئی اور جسم دیا گیا تھا اور جنتی جسم چھین لیا گیا تھا تو بھی کچھ مشکل نہیں ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بھی وہاں کے لئے اور جسم حسب سنت آدم علیہ السلام پہنایا گیا ہوگا۔ مگر بہرکیف مرزا قادیانی کی لغویت استدلال میں تو کچھ شبہ نہیں رہتا۔ اعاذنا اللّٰہ من کل ذلك!

مرزا قادیانی فرماتے ہیں کہ اگر عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر رہتے ہوں گے تو جن لوگوں کے نزدیک وجود آسمان ہے۔ ان کے نزدیک وہ متحرک بھی ہوگا اور اس تقدیر پر عیسیٰ علیہ السلام کبھی نیچے اور کبھی اوپر گردش میں رہتے ہوں گے۔ (اس کا معارضہ کوئی یوں کرسکتا ہے کہ جن کے نزدیک زمین متحرک ہے۔ ان کے نزدیک مرزا قادیانی بھی گردش میں ہوں گے اور کبھی سرنیچے اور ٹانگیں اوپر ہوتی ہوں گی۔ نعوذ باللّٰہ من هذه الهفوات والخرافات) اور بڑی تکلیف سے زندگی بسر کرتے ہوں۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مرزا قادیانی کے نزدیک وجود آسمان اور آنحضرتﷺ کی معراج بھی ثابت نہیں۔ کیونکہ جب آنحضرتﷺ آسمانوں پر گزرے ہوں گے تو آنحضرتﷺ کو بھی اس وقت یہی دقت آسمان پر قدم رکھتے ہی۔ پیش آئی ہوگی اور ملائکہ کی آمد وشد اور بود وباش کا تو راستہ ہی بند ہوگا۔ استغفراللّٰہ! اے میرے رب کریم جب تیرے نبی پاک

کی شریعت اور تیرے دین کی ایسی تضحیک کی جاوے تو سوائے اس کے کہ تو ہی اپنے دین کا حامی ہو تیرے عاجز بندے کیا کر سکتے ہیں۔

مرزا قادیانی فرماتے ہیں کہ یاجوج ماجوج کروڑوں آدمی اگر دنیا کے پردے پر ہوتے تو کیا ان کا حال ایسی تحقیقات کے وقت میں معلوم نہ ہوتا جیسا کہ یہ وقت ہے۔ جس میں امریکہ کا حال معلوم ہوگیا۔

پس عرض ہے کہ امریکہ بھی تو بہت پہلے سے دنیا میں موجود تھا۔ اب صرف چار سو برس سے اس کا حال معلوم ہوا ہے۔ پس اگر دنیا میں کسی چیز کا ہونا فوراً اس کے معلوم ہو جانے کو بھی مستلزم ہے۔ تو پہلے سے یہ امریکہ کے محقق کہاں مر گئے تھے۔ جن کو آدھی دنیا کی اب تک خبر نہ ہوئی اور اگر امریکہ کے بتدریج ایک زمانہ کے بعد معلوم ہو جانے میں کچھ حرج نہیں تو ایمان لاؤ کہ جیسے امریکہ کا حال تم کو باوجود موجود ہونے کے اب معلوم ہوا ہے۔ اسی طرح ایک دن یاجوج ماجوج بھی نکل آویں گے اور جس طرح قبل العلم امریکہ کے، نادان لوگوں کے نزدیک اس کا وجود مستبعد تھا۔ اسی طرح ایک زمانہ موعود تک یاجوج وماجوج کا وجود بھی دین کے اندھوں کو مستبعد معلوم ہوتا ہو تو کیا عجب ہے۔

مرزا قادیانی فرماتے ہیں کہ مجھ کو الہام نے بتایا ہے کہ یاجوج وماجوج سے مراد انگریز اور روس کی قومیں ہیں۔ پھر فرماتے ہیں کہ ''طلوع الشمس من مغربها'' کے معنی یہ ہیں کہ مغربی سلطنتیں نور ایمانی سے منور ہو کر ترقی پاویں گی۔

کیونکہ مرزا قادیانی نے لندن کے ممبر پر خواب میں خطبہ پڑھا ہے۔ جس سے ان کو معلوم ہوا ہے کہ جو قومیں یاجوج وماجوج ہیں آخر کار وہ بھی مسلمان ہو جاویں گی۔ تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مرزا قادیانی کے نزدیک قوم یاجوج وماجوج کا خاتمہ بھی اسلام پر ہوگا۔

مرزا قادیانی فرماتے ہیں کہ ''دابة الارض'' سے مراد گروہ علماء ہے جو کسی کو کافر کسی کو مسلمان بناتے ہیں۔

اور یہ تو مسلمہ اہل اسلام ہے کہ دابۃ الارض موعود جس پر اسلام کی مہر لگادے گا وہ مسلمان ہوگا اور جس پر کفر کی مہر لگاوے گا وہ کافر ہوگا۔ تو اب انصافاً باعتراف مرزا قادیانی فیصلہ ہوگیا کہ مرزا قادیانی کی نسبت مرزا قادیانی کی مجوزہ دابۃ الارض نے جب کفر کا فتویٰ لگادیا اور دابۃ الارض گروہ علماء کی مہر آپ کی نسبت ہوگئی تو آپ کے لئے تو قیامت ہوگئی اور آپ کی عیسویت تو ختم ہوگئی۔ کیونکہ مسیح موعود کی نسبت دابۃ الارض کفر کا فتویٰ نہ دے گا اور مرزا قادیانی کو یہ بھی

بتایا گیا ہو کہ دابتہ الارض الٰہی بھی نعوذ باللہ بد دیانت ہوگا اور جھوٹے فتوے لگاوے گا تو ارشاد فرمائیے کہ آپ اب وہ کیا چیز چھوڑی ہے۔ جس کا نام ہم اسلام رکھیں اور آپ کو مسلمان کہیں۔

واضح ہو کہ مرزا قادیانی نہ جنت کے قائل ہیں، نہ دوزخ کے، نہ آدم کے، نہ حوا کے، نہ قصہ آدم کے، نہ قیامت کے، نہ حشر اجساد کے، نہ معراج کے، نہ ملائکہ کے، نہ معجزات کے جس کی تفصیل ہم بشرط فرصت انشاء اللہ ازالۃ الاوہام کے رد میں کریں گے۔ پس اب جو شخص کہ خدا کا منکر ہو اور کہے ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ''اس کی شہادت ایسی ہے۔ جیسے قالوا انشهد انك لرسول الله میں شہادت ہے۔

اب اخیر پر ہم یہ لکھتے ہیں کہ ہماری شریعت محمدیہ ''علی صاحبها الف الف صلوة وتحية ''مرزا قادیانی کو مسیح موعود تو کیا مسلمان بھی نہیں مانتی اور جو آثار ہمارے نبی ﷺ نے ہم کو بتائے وہ وہی ہیں جو مشتے نمونہ از خروارے بروایات صحیحہ نقل کئے گئے ہیں۔ مرزا قادیانی کا الہام اور ان کے حواریین کا اجتہاد بمقابلہ ان روایات صحیحہ محمولہ علی ظواہرھا کے ہم کو یہ بتاتا ہے کہ مسیح ابن مریم ہرگز نازل نہ ہوگا اور مراد مسیح موعود سے مثیل موعود ہے اور وہ میں ہوں۔ گو مجھ میں ایک بھی نشان موافق اخبار مخبر صادق کے نہ پایا جاتا ہو۔ تو ہم بجز اس کے کہ ایسے الہام کو وسوسہ شیطانی اور ایسے اجتہاد کو کفر اور ارتداد کہیں اور کچھ نہیں کہہ سکتے۔ کیونکہ اگر ہم یہ بھی فرض کریں کہ مراد مسیح موعود سے مثیل مسیح موعود ہے۔ تو جو اوصاف اور آثار اس مثیل کے کالشّمس فی نصف النہار بطریق تواتر کتب حدیث اور روایات سنت سے ثابت ہوتے ہیں۔ پھر وہ کس میں ہوں گے۔ اگر اس مثیل میں ہوں گے تو مرزا قادیانی میں ضرور ہونے چاہئیں جو مثیل ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور چونکہ وہ اوصاف وآثار ان میں نہیں پائے جاتے۔ اس لئے وہ مثیل مسیح بھی نہیں ہو سکتے۔ نہ ہنوز مہدی کا ظہور ہوا ہے۔ نہ دجال کا خروج ہوا ہے۔ نہ بغض وکینہ رفع ہوا ہے۔ نہ ادیان باطلہ کا زوال ہے۔ نہ مال کی کثرت ہے۔ یہاں تک کہ مرزا قادیانی کا رسالہ جس کا نام فتح الاسلام ہے۔ فی الواقع برعکس نہند نام زنگی کافور کے موافق شکست اسلام ہونے کے لائق ہے۔ خود مرزا قادیانی کا کاسہ گدائی ہے۔ جس میں مرزا قادیانی نے تمام دنیا کے مسلمانوں سے خود ہی صدقہ مانگا ہے اور جس میں پہلے اور بہت سے صدقہ کے وصول ہونے کا بھی اقرار کیا ہے اور فرماتے ہیں کہ اگر مسلمان صدقہ سے میری مدد نہ کریں گے تو یہ کام نہ چلے گا (اور حقیقت میں کیونکر چل سکتا ہے۔ ہنوز سواری تک کا بندوبست نہیں ہوا) پھر آپ کیسے مثیل مسیح ہیں کہ آپ کو خود تو صدقہ سے غنا ہی نہیں ہے۔ آپ کے زمان بابرکت میں کیا اس کی امید ہوگی کہ کوئی اور صدقہ قبول کرنے کے لئے

میسر نہ ہو۔ یا وہ مثل ہے۔

مژدہ باد اے مرگ، عیسیٰ آپ ہی بیمار ہے

یا یوں کہو!

اگر گدا پیش رو لشکر اسلام بود
کافر از بیم توقع برد دتا درچین

سبحان اللہ! ایسے اوصاف اوران آثار کے ساتھ دعویٰ عیسویت آپ ہی کا کام ہے۔ مسیح موعود کی دعوت تو قہری ہوگی۔ یعنی سوائے اسلام یا سیف کے دوسری بات کی گنجائش ہی باقی نہ رہے گی اور مرزا قادیانی کی دعوت ایسی بے کسی کے ساتھ ہے کہ سننے والوں کو بھی رحم آتا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ: مسیح جو آنے والا تھا وہ یہی ہے چاہو تو قبول کرو۔

پس مرزا قادیانی کیسے آنے والے مسیح ہیں کہ جن کا قبول کرنا چاہنے والوں کے اختیار میں دیا گیا۔ مسیح موعود کی تو یہ شان ہوگی کہ کوئی چاہے یا نہ چاہے وہ بذریعہ سیف کے قبول کراوے گا۔ پس ایسے مجبور مسیح کو تو ہم قبول نہیں کرتے۔

واضح ہو کہ ہم نے اس تحریر کے ذریعہ سے بفحوائے ''من رأی منکم منکراً فاستطاع ان یغیرہ بیدہ فلیغیرہ بیدہ فان لم یستطع بیدہ فبلسانہ فان لم یستطع فبقلبہ وذلك ادنی الایمان''

صرف مرزا قادیانی کے اس دعویٰ منکر کو رد کیا ہے اور اپنے مسلمان بھائیوں کو ان کے دھوکے سے بچایا ہے اور ہم نے بہت زیادہ تفصیل اشراط ساعۃ اور نزول ابن مریم اور ظہور مہدی اور خروج دجال اور عدم وفات عیسیٰ بن مریم قبل نزول اور حمل النصوص علی ظواہرہا اور حجیت الہام کے نسبت نہیں کی۔ بلکہ صرف بطور نشان بعض روایات کے نقل پر اکتفا کیا ہے۔ تاکہ عام لوگوں کی نظر میں عیسیٰ صادق اور کاذب میں امتیاز کے واسطے کافی ہو اور اگر ہم استیعاب کے ساتھ نقل روایات کا قصد کرتے اور ان کے مالہ وما علیہ کا بسط کرنا چاہتے تو غالباً ایک کتاب ضخیم تیار ہو جاتی۔ لیکن چونکہ ہم کو صرف ضرورت اسی قدر تھی نظر بریں ہم نے ''وما علینا الا البلاغ المبین'' پر کفایت کی۔ ''وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین''

اعلاء الحق الصریح پر مولانا اسماعیل علی گڑھی کے ہم عصر علماء کی تقریظات

☆...... ''ہذا ہو الحق الصریح الذی صرح بہا اساطین الاسلام واجمعوا علیہ ولا یاتیہ الباطل من خلفہ ولا من بین یدیہ رقمہ'' محمد لطف اللہ!

☆…… ’’الحق لا يتجاوز عما فى هذه الرسالة فماذا بعد الحق الا الضلال كما لا يخفى على اهل العدل والكمال‘‘ *سید محمد نذیر حسین!*

☆…… ’’لا يخفى على كل ذى عقل سليم الماشى على الهدى المستقيم كذب دعوى مرزاغلام احمد المدعى انه مثيل عيسىٰ وقد حررت وريقات فى الرد عليه واطلعت على هذا التحرير الآن فاذا هو الحق الصريح وما عداه ريح والله يهدى من يشاء الىٰ صراط مستقيم‘‘ *الراقم: شیخ حسین عرب!*

☆…… ’’لاريب فى ان مافى هذه الرسالة من نقض اباطيل مرزاغلام احمد القاديانى الذى ادعى ان عيسىٰ لا ينزل وان المراد بنزول ابن مريم فى الاحاديث نزول مثيل عيسىٰ وانه هو مصداقه حق وفى ان مرزا المذكور خرج بهذا الاعتقاد الزانع من طائفة اهل السنة والجماعة ودخل فى الفرق الضالة المبتدعه وانه ضال مضل مبتدع فاسق وليعلم ان مايتوهم من عبارات اعلام الناس تاليف المولوى محمد احسن مهتمم المصارف من ان كاتب الحروف موافق لمرزا فى هذه الاباطيل او معتقده او ناصره اوناصر ناصريه فانا بفضل الله تعالىٰ برئ، منه والله عى ما نقول وكيل‘‘

کتبہ محمد بشیر (سہسوانی) عفی عنہ!

☆…… ’’لاشبة فى ان ما فى هذه الرسالة حق صراح وان القاديانى خالف الكتاب والاحاديث الصحاح وضل عن طريق السلف اهل العدل والصلاح وسلك مسلك الخلف اهل الزيغ والطلاح‘‘ *کتبہ الراجی رحمتہ ربہ الاحد العبد الضعیف المدعو بمحمد ـ تغمدہ اللہ بفضلہ المؤید!*

☆…… ’’لاريب فى ان ماكتب فى هذه الرسالة فهو حق وان ما ادعاه الشيخ القاديانى من دعاويه المشهورة فهو كفر والحاد وخروج عن الاسلام يجب الاعراض عنه‘‘ *کتبہ: سلامت اللہ عفی عنہ*

☆…… ’’لا شبة فى ان هذه الرسالة من تفض اباطيل القاديانى فهو حق ولا شك ان القاديانى خالف الله فى دعاويه الباطلة وشاقق رسوله واتبع غير سبيل الاسلام والمؤمنين ومن يشاقق الرسول من بعد ما تبين له الهدىٰ ويتبع غير سبيل المؤمنين نوله ماتولى ونصله جهنم وساء ت

مصیراً‘‘ العبد محمد صدیق پشاوری بمہر خود!

☆...... ’’لاشك ان المرزا القادیانی قد اظهر فی رسائله اساس الضلالة وعیون الجهالة (توضیح المرام وفتح الاسلام، وازالة الاوهام) عقائد کفریه ومقالات بدعیة خرج بها عن اتباع السنن والاسلام وتبع فیها الفلاسفة والآریه والنصاری والملاحدة الباطنیة اللئام ولقد رد علیه بعضها فیهذه الرسالة الفاضل الجلیل الحبر النبیل اخی وحبی المولوی محمد اسماعیل مدظلهم الله الجلیل وافی فیه بما یروی الخلیل ویشئ العلیل فلله دره وعلیٰ الله اجره هذه جملة کلامی فی القادیانی واعتقادی وبه ثقتی وعلیه اعتمادی ومن شاء تفصیل المقال فلیراجع رسالتی اشاعة السنة التی طبعت فی الحال یجدوا ان شاء الله جامعة لرد جمیع مقالات القادیانی ومزخرفاته الاقاصی والادانی والله یقول الحق وهو یهدی السبیل ومن یضلله فما له من ولی ولا دلیل۔‘‘ نمقہ ابوسعید محمد حسین عفا اللہ عنہ

☆...... ’’لاشك ان المرزا القادیانی قد عارض الحق الصریح وانکر ضروریات الدین واجماع السلف الصالحین واتی بشئ شنیع وقبیح فهو ضال مفسد ملحد زندیق خارج عن جماعة اهل الایمان والتصدیق کانما خرمن السماء فتخطفه الطیر اوتهوی به الریح فی مکان سحیق لا ینبغی للمسلمین ان یجالسوا امثال هذا الرجل لان فیه نوع اعانة وتاید للباطل وقد قال تعالیٰ تعاونوا علی البر والتقویٰ ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان وقد نزل علیکم فی الکتاب ان اذا سمعتم آیات الله‘‘ عبدالجبار عمرپوری عفی عنہ!

☆...... ’’لاریب ان ما فی هذه الرسالة حق مستبین وان القادیانی خالف جمیع اهل الاسلام والدین واختار سبیل الملحدین وانحاز عن طریق السلف الصالحین وکتبه مشحونة بتحریف الغالین وانتحال المبطلین وتاویل الجاهلین فنفاها المؤلف سلمه الله تعالیٰ وابطلها بنصوص القرآن المبین واحادیث خاتم النبیین ﷺ فجزاه الله خیر الجزاء عنا وعن جمیع المسلمین‘‘ کتبہ الراجی، محمد حمایت اللہ عفی عنہ

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں

الفتح الربانی

فی

الرد علی القادیانی

جناب شیخ حسین بن محسن انصاری یمنی رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم!

الحمد للّٰہ موهب كيد الكاذبين وقاطع اعناق الملحدين بالحجج والبراهين...... واشهد ان لا الٰه الا اللّٰہ وحده لا شريك له...... واشهد ان محمداً عبده ورسوله...... صلى اللّٰہ وسلم عليه وعلىٰ آله الطيبين الطاهرين واصحابه وبعد......

فانه حدث من بعض الملحدين فى الدين قول مخالف لنص القرآن المبين والاحاديث المتواترة عن الرسول الامين وهو انكار حياة عيسىٰ بن مريم عليه وعلىٰ سائر الانبياء صلوٰة رب العالمين وانه لم يرفع بجسمه الشريف بل بروحه وانه لا ينزل الىٰ الارض بذاته بل مثاله فاردت ايراد آيات قرآنية واحاديث متواترة نبويه ترد قول هذا المفترى المضل المبين لتكون رادعة له ولمن سولت له نفسه الامارة بالسوء صحة دعوىٰ هذا الجاهل واتباع فاسد رأيه وزوره الظاهر المستبين

فاقول وباللّٰہ استعين وعليه اتوكل فى الهداية الىٰ الصواب واليقين لا يخفى على كل عالم منصف ان نزول عيسىٰ عليه السلام الىٰ الارض حكماً مقسطاً بذاته الشريفة ثابت بالكتاب والسنة واتفاق اهل السنة وانه الآن حى فى السماء لم يمت بيقين

اما لكتاب فقال اللّٰہ تعالىٰ فى كتابه المبين رداً على اليهود المغضوب عليهم الزاعمين انهم قتلوا عيسىٰ بن مريم وما قتلوه يقيناً بل رفعه اللّٰہ اليه ففى هذه الآية اخبرنا اللّٰہ ان الذى اراد اليهود قتله واخذه هو عيسىٰ بجسمه العنصرى لا غير رفعه اللّٰہ اليه ولم يظفروا منه بشئ وبرفع جسده حياً فسره ابن عباس كما ثبت عنه باسناد صحيح فثبت بهذا انه عليه الصلوٰة رفع حياً ويدل على ماذكرناه الاحاديث الصحيحة المتواترة الآتية المصرحة بنزوله بذاته الشريفة التى لا تحتمل التاويل

وقال تعالىٰ: ان من اهل الكتاب الا ليؤمنن به قبل موته، اى قبل موت عيسىٰ كما قال ابن عباسؓ وابوهريرةؓ وغيرهما من السلف وهو الظاهر

کما فی تفسیر ابن کثیر وفتح القدیر للشوکانی وبه قال المنکر القادیانی فی التوضیح فثبت ان عیسیٰ لم یمت بل یموت فی آخرالزمان یؤمن به کل اهل الکتاب وقد ذکر الله فی کتابه العزیز ان نزوله الیٰ الارض من علامات الساعة قال الله تعالیٰ: وانه لعلم للساعة ۰ وقال الحافظ ابن کثیر فی تفسیره الصحیح ان الضمیر عائد الیٰ عیسیٰ فان السیاق فی ذکره وان المراد نزوله قبل یوم القیامة کما قال تعالیٰ وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته، ای قبل موت عیسیٰ ثم یوم القیامة یکون علیهم شهیداً ویؤید هذا المعنی القرأة وانه لعلم للساعة یعنی بفتح العین والام ای امارة ودلیل علی وقوع الساعة وقال مجاهد وانه لعلم للساعة ای آیة للساعة خروج عیسیٰ بن مریم قبل یوم القیامة وهکذا روی عن ابی هریرةؓ وابن عباسؓ وابی العالیة وابی مالك وعکرمة والحسن وقتادة والضحاك وغیرهم وتواترت الاخبار عن رسول اللهﷺ انه اخبر بنزول عیسیٰ قبل یوم القیامة اماماً عادلًا وحکماً مقسطاً

وقال الامام الشوکانی فی تفسیره: وقال مجاهد والضحاك والسدی وقتاده ان المراد عیسیٰ وان خروجه ای نزوله مما یعلم به قیام الساعة ای فربما لکونه شرطاً من اشرطها لان الله سبحانه وتعالیٰ ینزله من السماء الیٰ الارض قبل یوم القیامة کما ان خروج الدجال من اعلام الساعة وهذا اولیٰ وقال ابن عباسؓ ای خروج عیسیٰ قبل یوم القیامة واخرجه الحاکم وابن مردویه مرفوعاً عن ابی هریرة قرأ الجمهور لعلم للساعة بصیغة المصدر جعل المسیح علماً للساعة مبالغة لما یحصل من العلم بحصولها عند نزوله وقرأجماعة من الصحابة بفتح العین واللام ای خروجه علم من اعلامها وشرط من شروطها وقری للعلم بلامین مع فتح العین واللام ای للعلامة التی یعرف بها قیام الساعة

وفی صحیح مسلم من حدیث حذیفه قال اطلع النبیﷺ علینا ونحن نتذاکر۔ فقال ماتذکرون۔ قالوا نذکر الساعة۔ فقال انها لن تقوم حتیٰ

تروا قبلها عشر آیات فذکر الدخان والدجال والدابة وطلوع الشمس من مغربها ونزول عیسیٰ بن مریم۔ الحدیث ففی هذه الروایات المذکورة المرفوعة والموقوفة دلالة ظاهرة علی ان المراد بالعلم للساعة نزول عیسیٰ لا وجوده فقط کما یزعمه هذا الکاذب وان الضمیر یرجع الیٰ عیسیٰ لا الیٰ القرآن کما زعم هو ایضاً وغیره فهذه الروایات ترد کل قول خالفها فظاهر الآیات القرآنیة ان المراد نزول عیسیٰ علیه السلام وبذاته الشریفة وانه حی لم یمت لاکما یقول هذا المفتری الکذاب ویدل علی ذلك الاحادیث الصحیحة الصریحة المتواتره اخرج الامام مسلم بن الحجاج فی صحیحه من حدیث ابی هریرةؓ قال رسول اللّٰه واللّٰه لینزلن عیسیٰ بن مریم حکماً عادلًا فیکسرن الصلیب ولیقتلن الخنزیر ولیضعن الجزیة ولیترکن القلاص فلا یسعی علیها والتذهبن الشحناء والتباغض والتحاسد ولیدعون الیٰ المال فلا یقبله احد۔

واخرج الشیخان وابوداؤد والترمذی من حدیث ابی هریرةؓ قال قال رسول اللّٰه ﷺ والذی نفسی بیده لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکماً مقسطاً فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویفیض المال حتیٰ لا یقبله احد حتیٰ تکون السجدة الواحدة خیراً من الدنیا وما فیها ثم یقول ابوهریرةؓ واقرؤا ان شئتم وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته۔

وقال الحافظ السیوطی فی الاکلیل قوله تعالیٰ وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته۔ فیه نزول عیسیٰ بن مریم۔ اخرجه الحاکم عن ابن عباسؓ واخرجه احمد من حدیث ابی هریرةؓ مرفوعاً ینزل عیسیٰ بن مریم فیقتل الخنزیر ویمحی الصلیب ویعطی المال حتی لا یقبل ویضع الجزیة قال ثم تلا ابوهریرةؓ وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته۔ ففی هذه الروایة دلالة ظآهرة ان الضمیر فی قبل موته یعود علی عیسیٰ ومعناها وما من اهل الکتاب احد یکون فی زمن نزول عیسیٰ الا امن بعیسی وانه عبد

الله وابن امته ویدل علی هذا انه ﷺ اقسم بقوله الشریف والله لینزلن ابن مریم حکماً عادلاً الحدیث کما تقدم قسماً مؤکداً مصرحاً بان المراد نزوله بذاته وجسمه الشریف وهو حی۔

واخرج مسلم من حدیث جابر قال قال رسول الله ﷺ لا تزال طائفة من امتی ظاهرین علی الحق الیٰ یوم القیامة فینزل عیسیٰ بن مریم فیقول امیرهم تعال صل لنا فیقول لا ان بعضکم علی بعض امراء تکرمة الله هذه الامة۔ واخرج مسلم من حدیث ابی هریرہؓ بلفظ کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم فامکم۔

وعن ابی هریرہؓ مرفوعاً عند ابی داؤد باسناد صحیح کما قاله الحافظ ابن حجر فی فتح الباری بلفظ لیس بینی وبین عیسیٰ نبی وانه نازل فاذا رأیتموه فاعرفوه رجل مربوع الیٰ الحمرة والبیاض ینزل بین ممصرتین کأن رأسه یقطروان لم یصبه بلل فیقاتل علی الاسلام ویدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویهلك الله فی زمان المسیح الدجال فیمکث فی الارض اربعین سنة ثم یتوفی فیصلی علیه المسلمون۔

واخرج الامام احمد من حدیث ابی سعید باسناد فیه کثیر بن زید وثقه احمد وجماعة وبقیة رجاله رجال الصحیح بلفظ یوشك المسیح بن مریم ان ینزل حکماً مقسطاً فیقتل الخنزیر ویکسر الصلیب وتکون الدعوة واحدة فاقرؤه من رسول الله ﷺ وبعضه فی الصحیح واخرج الامام احمد باسنادین رجالهما رجال الصحیح من حدیث ابی هریرہؓ انی لا رجو ان طال بی عمران القی عیسیٰ بن مریم فان عجل بی موت فمن لقیه فلیقرأ منی السلام۔

واخرج الحاکم من حدیث ابی هریرہؓ ایضاً بلفظ لیهبطن عیسیٰ بن مریم حکماً واماماً مقسطاً ولیسلکن فجاجا حاجاً او معتمراً ولیأتین قبری حتیٰ یسلم ولاردن علیه۔

وغیر ذلك من الاحادیث المتواترة الصریحة فی نزوله الیٰ الارض

بذاته الشريفة التى لا تحتمل التاويل وفى صحيح مسلم ايضاً من حديث عبدالله بن عمرو بن العاصؓ قال قال رسول اللهﷺ يخرج الدجال فى امتى فيمكث اربعين لا ادرى اربعين يوماً او شهراً او اربعين عاماً فيبعث الله عيسىٰ بن مريم كأنه عروة بن مسعود فيطلبه فيهلكه الحديث۔

قال الامام النووى فى شرح مسلم قوله فيبعث الله عيسىٰ بن مريم اى ينزله من السماء حاكماً بشرعنا۔ قال القاضى عياض نزول عيسىٰ وقتله الدجال حق وصحيح عند اهل السنة للاحاديث الصحيحة وليس فى العقل ولا فى الشرع ما يبطله فوجب اثباته۔

وانكر ذلك بعض المعتزلة والجهمية ومن وافقهم وزعموا ان هذا الاحاديث مردودة بقوله تعالىٰ وخاتم النبيين وبقولهﷺ لا نبى بعدى وباجماع المسلمين انه لا نبى بعد نبيناﷺ وان شريعته موبدة الىٰ يوم القيامة لا تنسخ وهذا استدلال فاسد لانه ليس المراد بنزول عيسىٰ انه ينزل نبياً بشرع ينسخ شرعنا وليس فى هذه الاحاديث ولافى غيرها شئ من ذلك بل صحت هذه الاحاديث هنا وما سبق فى كتاب الايمان وغيرها من ان عيسىٰ ينزل حكماً مقسطاً يحكم بشرعنا ويحيى من امور شرعنا ما هجره الناس۔

وقال الامام الشوكانى فى رسالته المسى بالتوضيح فى تواتر ماجاء فى الاحاديث فى المهدى والدجال والمسيح قدورد فى نزول عيسىٰ من الاحاديث تسعة وعشرون حديثاً وما ذكرناه فى هذه الرسالة من الاحاديث هو من رسالته المذكورة والحاصل ان هذه الدعوىٰ من هذا الرجل بان عيسىٰ قد مات فتنة عظيمة فى الدين ونزغة شيطانية من ابليس العدو اللعين ليهلك من هلك عن بينة ويحيى من حى عن بينة نسال الله السلامة من ذلك وان يوفقنا السلوك انهج المسالك۔

وقال الحافظ ابن حجر فى فتح البارى تواترت الاخبار بان المهدى من هذه الامة وان عيسىٰ يصلى خلفه۔ والمقرر عند ائمة الحديث

والاصول والفقه ان رد الاحادیث المتواترة وعدم قبولها کفر۔

قال العلامة احمد بن محمد القشاشی بضم القاف اکدنی فی منظومته فی العقائد والراد اذ تواتر الحدیث بدعة وطبعه خبیث فهو کرد المحکم التنزیل ورده کفر لدی العلیم۔

قال تلمیذه العلامة الشیخ ابراهیم بن حسن الکردی المدنی فی شرحها فالمراد ای لمادل علیه الحدیث اذا تواتر بدعت وطبعه خبیث حیث لم یقبل الحق لان الطیب یقبل الحق ولایرده فهو ای رد الحدیث المتواتر کرد القرآن لکونه...... دلالة؟ علم من الدین بالضرورة لان التواتر یفید العلم الضروری بان هذا هو المراد من تلك الاحادیث۔

ولا شك ولا ریب ان هذا المدعی مرزا القادیانی بدعت وطبعه خبیث حیث لم یقبل الحق وماذا بعد الحق الا الضلال نسأل الله السلامة من ذلك وان یوفقنا طریق الصواب ویجنبنا ما نستوجب به العقاب۔

واما استدلاله بقوله تعالیٰ انی متوفیك ورافعك الیّ...... فلا دلیل له فی ذلك الان ظاهر الآیة کما قاله العلامة الکرخی ان الکلام علی حاله من غیر ادعا تقدیم وتاخیر ومعنی الآیة انی متوفیك ای اخذك وافیا ای مستوفی اجلك ومؤخرك وعاصمك من ان یقتلك الکفار الیٰ ان تموت حتف انفك من غیر ان تقتل ورافعك الیٰ سمائی وذلك لان التوفی یستعمل فی اخذ الشیٔ وافیا ای کاملاً والموت نوع منه والمعنی المتبادر من الآیة الموافق للاحادیث الصحیحة هوالاخذ وافیا لا الموت وانما احتاج اکثر المحققین من المفسرین الیٰ تفسیر المتوفی بالاخذ وافیا ای کاملاً لاالنوع المراد منه الموت لما صح فی الاخبار عن النبی ﷺ من نزوله وقتله الدجال وکذلك ایضاً معنی قوله فلما توفیتنی ای اخذتنی وافیاً الیٰ السماء۔

وقال الشوکانی فی تفسیره فتح القدیر تحت قوله متوفیك قال الفراء فی الکلام تقدیم وتاخیر۔ تقدیره انی رافعك ومطهرك من الذین کفروا ومتوفیك بعد انزالك من السماء وقال ابوزید قابضك وقال فی الکشاف

مستوفی اجلک ومعناه انی عاصمک من ان یقتلک الکفار ومؤخر اجلک الیٰ اجل کتبته لک ومميتك حتف انفك لا قتلاً بایدهم وانما اختار المفسرون الیٰ تاویل الوفاة بما ذکر لان الصحیح ان اللّٰہ رفعه الیٰ السماء من غیر وفاة كما رجحه کثیر من المفسرین واختاره ابن جریر الطبری ووجهه ذلك انه قد صح فی الاخبار عن النبی ﷺ نزوله وقتل الدجال وقیل المراد بالوفاة هنا النوم ومثله وهو الذی یتوفاکم باللیل ای ینیمکم وبه قال کثیرون۔ انتهی بلفظه!

وقال فی قوله تعالیٰ فلما توفیتنی قیل هذا یدل علی ان اللّٰہ توفاه قبل ان یرفعه ولیس بشئ لان الاخبار قد تظاهرت بانه لم یمت وانه باق فی السماء علی الحیاة التی کان علیها فی الدنیا حتیٰ ینزل الیٰ الارض آخرالزمان وانما المعنی فلمّا رفعتنی الیٰ السماء قیل ان الوفاة فی کتاب اللّٰہ جاء ت علی ثلاثة اوجه:

بمعنی الموت ومنه قوله تعالیٰ اللّٰہ یتوفی الانفس حین موتها۔ وبعمنی النوم، ومنه قوله تعالیٰ وهو الذی یتوفاً کم باللیل ای ینیمکم وبمعنی الرفع ومنه قوله تعالیٰ فلما توفیتنی۔ انتهی بلفظ!

وقال الحافظ ابن حجر فی فتح الباری الصحیح ان عیسیٰ رفع وهو حی۔ انتهی!

فمن زعم ان عیسیٰ لیس بحی وانه قدمات وانه لا ینزل من السماء الیٰ الارض قبل یوم القیامة بذاته الشریفه فهو ضال مضل مخالف لکتاب اللّٰہ وسنة رسول اللّٰہ ﷺ المتواتره واتفاق اهل السنة فماذا بعد الحق الا الضلال۔ فالواجب علی کل مسلم ان یبین للناس ضلال هذا الرجل المفتری المدعی ان المسیح قدمات وانه لا ینزل من السماء الیٰ الارض وانه مثیل عیسیٰ۔ بل عیسیٰ حی فی السماء لم یمت وینزل فی آخرالزمان بذاته الشریفة ویصلی خلف المهدی ویقتل الدجال ومما یؤید کذب هذاالمفتری ان نزول عیسیٰ لا یکون الا بعد وجود المهدی والدجال وهذا یدعی انه مثیل

عیسیٰ ولا وجود للمهدی ولا للدجال۔

وفی صحیح مسلم ان عیسیٰ ینزل عند المنارة البیضاء شرقی دمشق ولا المنارة البیضاء بلدة القادیانی ولا منارته فهذا صریح فی کذبه وافتراء ه وانه ضال مضل۔

وایضاً فقد قال رسول اللّٰهﷺ فی وصف عیسیٰ بانه رجل مربوع الیٰ الحمرة والبیاض وانه ینزل بین ممصرتین کأن رأسه یقطر وان لم یصبه بلل وانه بنزوله تذهب الشحناء والتباغض والتحاسد وانه یدعوا الیٰ المال فلا یقبله احد وانه یحثوا المال حثوا وانه یقاتل علی الاسلام ولا وجود لهذه الاوصاف الشریفة المذکورة فی هذا الرجل المدعی انه مثیل عیسیٰ ومما یدل علیٰ کذبه وافترائه ان عیسیٰ یوحی الیه کما تدل علیٰ ذلک روایة مسلم الآتیة ودعاوی هذا المفتری کلها اما بالالهام الکاذبة او الدعاوی العقلیة الواهیة التی لیست من شان من یوحی الیه ومما یؤید کذبه ان لفظ مثیل المسیح لم یرد فی کتاب اللّٰه ولا فی سنة رسول اللّٰه ولا فی لسان الصحابة والسلف والخلف بل هو قول محدث احدثه من اضله اللّٰه وختم علی سمعه وقلبه وجعل علی بصره غشاوة فمن یهدیه من بعد اللّٰه۔ ومنها ان عیسیٰ لا اب له وهذا له اب وجد ولیس فیه من الصفات ما یصح دعواه بل دعاویه کلها اکاذیب واهیة تدل علی ضلاله وفساد رأیه ومن یضلل اللّٰه فما له من هاد وفی الفتاوی الحافظ جلال الدین السیوطی الحدیثیة وقد سئل رحمه اللّٰه عن حیاة عیسیٰ ومقره فاجاب بانه حی فی السماء الثانیة لا یأکل ولا یشرب ملازم للتسبیح کالملائکة۔ انتهی!

وقال العلامة الشیخ حسن العدوی المالکی فی کتابه مشارق الانوار سئل شیخنا الاجهوری هل ینزل جبریل علی عیسیٰ بعد نزوله من السماء فاجاب بانه ینزل علیه جبریل کما فی حدیث مسلم من قولهﷺ فی ذکر یاجوج وماجوج فاوحی اللّٰه الیٰ عیسیٰ انی قد اخرجت عباداً لا ید لا حد بقتالهم فحرز عبادی الیٰ الطور الحدیث۔ فانه ظاهر فی نزول جبریل

الیه واما ما فی حدیث الوفاة من قوله هذا آخر وطأتی فی الارض فضعیف۔

ومن جملة ضلال هذا الرجل انه یزعم انه ملهم من الله وان الالهام حجة من الحجج القاهرة مقام الدلائل الشرعیة ومراده بذالك التوصل الیٰ صحة دعوٰه انه مثیل المسیح وهو فی ذلك كاذب ضال مضل مخالفا الاقوال اهل السنة والجماعة فان هذه الدعوی منه من الامانی الكاذبة وقد قال معاویة ایاكم والامانی التی تضل اهلها كما فی الصحیح البخاری وقال تعالیٰ: ومنهم امیّون لا یعلمون الكتاب الا امانی وان هم الا یظنون۔

والالهام لیس بحجة شرعیة یستدل به علی اثبات حكم اونفیه كما هو مقرر عند ائمة الحدیث والاصول والفقه۔

قال الحافظ ابن حجر فی فتح الباری ان المحدث منهم ای من هذه الامة اذا تحقق وجود الالهام منه لا یحكم بماوقع له بل لا بد عن عرضه علی القرآن فان وافقه او وافق السنة عمل به والاتركه وهذا وان جاز ان یقع لكنه نادر لا یكون الاممن كان امره مبینا علی اتباع الكتاب والسنة۔

وهذا الكاذب المفتری المدعی ان عیسیٰ قدمات وانه مثیله وان ملهم فالهاماتهن التی یدعیها لیست من الالهامات التی توافق الكتاب والسنة ولا حاله مبنیا علی اتباع الكتاب والسنة بل الكتاب والسنة دالان علی حیاة عیسیٰ وانه ینزل الیٰ الارض فی آخرالزمان حكماً مقسطاً كما ثبت فی الاحادیث الصحیحة المتواترة المرویة عن رسول اللهﷺ ولفظ مثیل عیسیٰ لم یرد فی كتاب الله ولا فی سنة رسول اللهﷺ ولا فی لسان الصحابة والسلف والخلف بل هو قول محدث وكل محدث بدعة وكل بدعة ضلالة وكل ضلالة فی النار فالهامه المخالف لما ثبت فی الكتاب والسنة واقوال السلف والخلف واهل السنة من الالهامات الشیطانیة والشهوات القسانیة اعاذنا الله من ذلك۔ آمین!

ولقد صدق رسول اللهﷺ حیث قال ماضل قوم بعدهدی كانوا علیه الا اوتو الجدل اخرجه الامام احمد فی مسنده (حدثنا عبدالواحد

الحداد حدثنا شهاب بن خراش عن حجاج بن دینار عن ابی غالب عن ابی امامة قال قال رسول اللّٰہ ماضل قوم بعدھدی کانوا علیه الااوتوا الجدل ثم تلاھذہ الایة. ما ضربوہ لك الاجد لا بل ھم قوم خصمون مسند احمد حدیث نمبر۲۱۱۴۳) والترمذی وابن ماجه والحاکم من حدیث ابی امامة وفی مثل دعویٰ ھذا الکاذب الفاجر انزل اللّٰہ عزوجل فی کتابه العزیز. بل ھم قوم خصمون فالواجب علی کل من له قدرة من علماء المسلمین وحکام المؤمنین زجر ھذا المفتری الکاذب عن دعاویه الکاذبة وتعزیرہ والتعزیر الشدید الرادع عن دعاویه الواھیة وتعزیر من اعانه او نصرہ او قواہ وھجرہ وترك مودته للّٰہ عزوجل کما قال اللّٰہ عزوجل: لتجد قوماً یؤمنون باللّٰہ والیوم الآخریوادون من حاد اللّٰہ ورسوله ولوکانوا آباء ھم اوبناء ھم او اوخوانھم او عشیرتھم اولئك کتب فی قلوبھم الایمان...... الآیه (مجادله:۲۲)

وما استدلاله بدلائل عقلیة عن سنن...... او بغیر الکتاب المنزل علی خیر البریة او بغیر السنة الصحیحة التقیة المرضیة فلا یلتفت الیٰ ذلك الامن اتبع ھواہ وضله اللّٰہ وخذله وغواہ وفی ھوة الضلالة القاہ واردہ ھذا ما ظھر اللحقیر اسیر القصور والتقصیر من کلام الائمه المحققین اھل المعرفة والتمکین فان کان صواباً فمن اللّٰہ والحمدللّٰہ وان کان خطأً فمنی ومن الشیطان واستغفراللّٰہ والحمد للّٰہ رب العالمین وحسبنا اللّٰہ ونعم الوکیل ولا حول ولاقوة الا باللّٰہ العلی العظیم وصلی اللّٰہ علیٰ خیر خلقه محمد وآله وصحبه وسلم. وکان الفراغ من تحریر ھذہ الرسالة یوم الاثنین عشرین من شھر ربیع الثانی ۱۳۰۸ھ المبارك من الھجرة النبویة علی شرفھا افضل الصلوٰة وازکی التسلیم والتحیة فی بلدة بوفال (بھوپال) بالتماس بعض الاحبة منی ذلك وان کنت اھلا لما ھنالك.

ثم بعد الفراغ من تحریر ھذہ الرسالة ورد علی الحقیر سوال آخر ایضاً یتعلق بحال ھذا الرجل المفتری الکاذب والفظه: ما قول العلماء الاعلام الھادین الیٰ نھج خیر الانام فی القادیانی وصنیعه بالوحیین اعنی

الکتاب والسنة وصرفه النصوص الشرعية عن ظاهرها بما تهواه نفسه الغوية هل تحريفه لذلك من جنس تحريف المذموم المشابه لتحريف اليهود الذين يحرفون الكلم عن مواضعه ام لا؟ افيدونا جزيتم خير۔

فاجبت بقولی بسم الله الرحمن الرحيم...... بالله استعين بالتوفيق لا صابة الصواب۔ اعلم وفقنا الله للصواب ان الله سبحانه وتعالیٰ ذم اليهود فی کتابه العزيز فقال تعالی:

يحرفون الكلم عن مواضعه ونسوا حظاً مما ذکّروا به۔

ولا تزال تطلع علی خائنة منهم، وتحريف هذالرجل المسئول عن حاله للآيات القرآنيه والاحاديث النبوية وصرف النصوص عن ظاهرها من جنس تحريف اليهود بلاشك ولا ريب۔ قال الامام ابن القيم فی اغاثة اللهفان وقد اختلف فی التوراة التی بايدی اليهود هل هی مبدلة ام التبديل وقع فی التاويل دون التنزيل علی ثلاثه اقوال فقالت طافئة كلها اواکثرها مبدلة وغلا بعضهم حتیٰ قال يجوز الاستنجاء بها وقالت طائفة من آئمة الحديث والفقه والکلام انما وقع التبديل فی التاويل قال البخاری فی صحيحه يحرفون يزيلون الكلم عن مواضعه وليس احد يزيل لفظ کتاب من کتب الله ولکنهم يتاولونه علی غير تاويله وهو اختيار الرازی ايضاً وسمعت شيخنا يقول وقع النزاع بين الفضلاء فاجاز هذا المذهب وهی غيره فانکر عليه فاظهر خمسة عشر نقلا به۔

المقصود والغرض من تفلنا الکلام ابن القيم المذکور ان التحريف علی مذهب البخاری ومن وافقه يصدق علی تاويله علی غير معناه الموضوع له شرعا فهذا المفتری قد شابه اليهود بتحريف معانی الآيات القرآنيه والاحاديث النبويه علی غير معناها منها شرعا فمن زعم ان فعل هذا الرجل المفتری ليس من التحريف المشابه لليهود علی ما نقله ابن القيم فهو مثله ضال مضل ومن يضلل الله فما له من هاد۔

ختمنا الله بالايمان۔ ثم بعد الفراغ من تحرير هذه الرسالة المبارکة

انشاء اللّٰہ وقفت علی واقعة ذکرها الامام شیخ الاسلام ابو العباس تقی الدین احمد بن عبد الحلیم بن تیمیه فی رسالته المسمی بغیة المرتاد فی الرد علی المتفلسفة والقرامطه والباطنیه اهل الالحاد من القائلین بالحلول والاتحاد، ولفظها وقد کان عندنا بد مشق الشیخ المشهور الذی یقال له ابن هود وکان من اعظم من رأیناه من هؤلاء الا تحادیة زهداً ومعرفة ورياضة وکان من اشد الناس تعظیماً لا بن سبعین ومفضلاً له عنده علی ابن عربی وغلامه ابن اسحق واکثر الناس من الکبار والصغار کانوا یطیعون امره وکان اصحابه الخواص به یعتقدون فیه انه اعنی ابن هود المسیح بن مریم ویقولون ان امه اسمها مریم وکانت نصرانیة ویعتقدون ان قول النبیﷺ ینزل فیکم ابن مریم هذا وان روحانیة عیسیٰ تنزل علیه وقد ناظرنی فی ذلك من کان افضل الناس عندهم اذ ذاك معرفة بالعلوم الفلسفیة وغیرها مع دخوله فی الزهد والتصوف وجری لهم فی ذلك مخاطبات ومناظرات یطول ذکرها۔ جرت بینی وبینهم حتیٰ بینت لهم فساد دعواهم بالاحادیث الصحیحة الواردة فی نزول عیسیٰ المسیح وان ذلك الوصف لا ینطبق علی هذا الرجل وبینت لهم فساد ما دخلوا فیه من القرمطة حتیٰ اظهرت مباهلتهم وحلفت لهم ان ما ینتظرونه من هذا الرجل لا یکون ولا یتم وان اللّٰہ لا یتم امر هذا الشیخ فابر اللّٰہ تلك الاقسام والحمد للّٰہ رب العالمین هذا مع تعظیمهم لی وبمعرفتی عندهم والافهم یعتقدون ان سائر الناس محجوبون بحال حقیقتهم وڈوامضهم وان الناس عندهم کالبهائم۔

المقصود من نقل من هذه الحوالة وفیها تائید لما حررت فی رسالتی من الاحادیث الصحیحة الواردة فی نزول عیسیٰ وان الاوصاف المذکورة فیها فی وصف عیسیٰ لا ینطبق علی هذا المدعی الفاجر مرزا القادیانی وللّٰہ الحمد علی ذلك۔

ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذهدیتنا وهب لنا من لدنك رحمة انك انت الوهاب وصل علی خیر خلقه محمد وآله وصحبه اجمعین!

الفتح الربانی

(اردو ترجمہ)

حمد وصلوٰۃ کے بعد شیخ حسین بن محسن انصاری یمانی لکھتے ہیں کہ دین میں کج روی کرنے والے بعض لوگوں نے مخالف نصوص قرآن اور احادیث متواترہ کے یہ مذہب نکالا ہے کہ حضرت عیسیٰ بن مریم مرچکے ہیں اور یہ کہ وہ اپنے جسم مبارک کے ساتھ زمین سے نہیں اٹھائے گئے۔ بلکہ روح کے ساتھ اور یہ کہ وہ بذاتہ زمین کی طرف ہرگز نہیں آئیں گے۔ بلکہ ان کا ایک مثیل یعنی ہم شکل آوے گا۔ اس لئے میں نے چاہا کہ آیات قرآنیہ اور احادیث متواترہ ایک جگہ جمع کردوں۔ جو اس مفتری اور گمراہ کن کے مذہب کو رد کرتی ہیں۔ تاکہ اس کو اور جس کو نفس امارہ نے اس جاہل کا دعویٰ درست اور صحیح کر دکھایا ہے اس دعویٰ باطل سے ہٹادے اور اس کی رائے فاسد اور ظاہر باہر جھوٹ کی پیروی سے باز رکھے۔

سو میں کہتا ہوں اور اللہ ہی سے مدد چاہتا ہوں اور اسی پر بھروسہ کرتا ہوں۔ اس میں کہ وہ مجھے غلطی سے محفوظ کر کے یقینی اور صحیح بات پر قائم رکھے۔ ہر عالم منصف پر مخفی نہ رہے کہ عیسیٰ کا زمین کی طرف اترنا اپنے جسم عنصری کے ساتھ حاکم عادل ہوکر قرآن اور حدیث سے باجماع اہل سنت ثابت ہے اور یہ کہ وہ اب بھی آسمان میں زندہ ہیں اور یقیناً ہرگز نہیں مرے۔ سو قرآن شریف کے دلائل یہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ یہودیوں کے رد میں جن کا یہ زعم تھا کہ ہم نے عیسیٰ بن مریم کو مار ڈالا۔ فرماتا ہے نہیں قتل کیا انہوں نے یقیناً بلکہ اس کو اللہ نے اپنی طرف اٹھالیا۔ سو اس آیت میں اللہ نے ہم کو اس بات کی خبر دی ہے کہ یہود جس کو پکڑنا اور مار ڈالنا چاہتے تھے اور وہ جسم عنصری تھا نہ غیر۔ اس کو اللہ نے اپنی طرف اٹھالیا اور یہود ان کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکے اور اس آیت میں رفع جسمانی کی تفسیر خود ابن عباسؓ نے کی ہے۔ جیسا کہ (تفاسیر میں) ان سے باسناد صحیح ثابت ہے۔ پس اس آیت وتفسیر ابن عباسؓ اور ہماری تقریر سے ثابت ہوگیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندہ اٹھائے گئے۔

اور اس پر دلالت کرتی ہیں احادیث صحیحہ متواترہ جو آگے آئیں گی۔ جن میں نزول ذاتی کی صراحت ہے اور تاویل کی گنجائش ہی نہیں۔

اور اللہ فرماتا ہے۔ ''وان من اھل الکتاب الا لیؤمنّن بہ'' یعنی سب اہل کتاب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی موت سے پہلے ان پر ایمان لے آئیں گے۔ یہ تفسیر ابن عباسؓ

وابوہریرہؓ ودیگر سلف سے باسناد صحیح ثابت ہے اور یہی ظاہر ہے جیسا کہ تفسیر ابن کثیر اور شوکانی میں اسی کو ظاہر کیا ہے اور منکر قادیانی نے بھی توضیح المرام میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف ضمیر پھیری ہے۔ پس اس آیت سے ثابت ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہیں مرے۔ بلکہ آخر زمانہ میں بعد نزول کے۔ جب سب اہل کتاب ان پر ایمان لاویں گے انتقال کریں گے۔

اور اللہ نے اپنی کتاب میں ان کے نزول کو علامت قیامت فرمایا۔ ''وانہ لعلم للساعۃ'' یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول قرب قیامت کی علامت ہے۔ ابن کثیر اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ صحیح یہی ہے کہ ضمیر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف عائد ہے۔ کیونکہ سیاق انہیں کے ذکر میں ہے اور مراد اس سے ان کا نزول ہے۔ قیامت سے پہلے جیسا کہ دوسری جگہ اللہ نے فرمایا۔ سب اہل کتاب ان کے یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مرنے سے پہلے ان پر ایمان لے آئیں گے۔ پھر قیامت کے دن وہ ان پر گواہ ہوں گے اور شاہد اس تفسیر کا قرأت ''لعلم للساعۃ'' بفتح عین ولام ہے۔ مجاہد بھی اس کی تفسیر یہی کرتے ہیں کہ خروج عیسیٰ علیہ السلام قیامت سے پہلے نشان قیامت ہے اور یہی مروی ہے۔ ابوہریرہؓ وابن عباسؓ وابوعالیہ وابومالک عکرمہ وحسن وقتادہ وضحاک وغیرہم سے اور احادیث نبویہ بھی متواتر آئی ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام قیامت سے پہلے نازل ہوں گے۔ حاکم وعادل ہوکر۔

امام شوکانیؒ اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ مجاہدؒ اور ضحاکؒ اور سدیؒ اور قتادہؒ کہتے ہیں کہ مراد اس سے یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول قرب قیامت کا نشان ہے۔ کیونکہ وہ علامات قیامت سے ایک علامت ہیں کہ اللہ ان کو قیامت سے پہلے آسمان سے زمین کی طرف نازل کرے گا۔ جیسا کہ خروج دجال بھی قیامت کا ایک نشان ہے اور یہی تفسیر لائق قبول ہے اور ابن عباسؓ نے بھی اس کی تفسیر خروج عیسیٰ قبل از قیامت کے ساتھ کی ہے اور اس کو حاکم وابن مردویہؒ نے ابوہریرہؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔ جمہور نے علم بصیغہ مصدر پڑھا ہے۔ یعنی مسیح کے نزول کے وقت قرب قیامت کا علم ہو جائے گا تو مبالغۃً عیسیٰ کو خود علم فرمایا۔

اور ایک جماعت صحابہ نے علم بفتح عین ولام پڑھا ہے۔ یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول علامات قیامت سے ایک علامت ہے اور نزول کے علامت قیامت ہونے پر۔ حدیث صحیح مسلم بھی دال ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہم پر ظاہر ہوئے اور ہم کچھ تذکرہ کر رہے تھے۔ آپ نے فرمایا تم کیا تذکرہ کرتے ہو۔ ہم نے عرض کیا کہ قیامت کا۔ فرمایا کہ قیامت قائم نہ ہوگی جب تک کہ

دس نشان نہ دیکھ لوگے۔ دخان، دجال، دابہ، طلوع آفتاب از مغرب، نزول عیسیٰ بن مریم۔ الخ!

پس ان روایات مرفوعہ موقوفہ سے ثابت ہوا کہ مراد علامت سے ان کا نزول ہے نہ ان کا پیدا ہونا۔ جیسا کہ مدعی کاذب سمجھا ہے اور یہی ثابت ہوا کہ ضمیر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف پھرتی ہے نہ طرف قرآن کے۔ جیسا کہ مرزا قادیانی وغیرہ نے گمان کیا ہے۔

اور روایات مذکورہ ہر قول مخالف کو رد کرتی ہیں۔ پس ظاہر آیات قرآنیہ کا یہی ہے کہ اس سے مراد عیسیٰ علیہ السلام کا نزول بذاتہ الشریف ہے اور یہ کہ وہ زندہ ہیں مرے نہیں۔ بخلاف اس مفتری کذاب کے قول کے۔

اور احادیث صحیحہ متواترہ بھی اس پر دلالت کرتی ہیں۔ چنانچہ مسلم میں ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قسم ہے اللہ کی بے شک عیسیٰ بن مریم حاکم عادل ہوکر نازل ہوں گے۔ پھر صلیب توڑ دیں گے اور خنزیروں کو ہلاک کریں گے اور جزیہ اٹھادیں گے اور حاملہ اونٹنی چھوٹی پھرے گی اور کوئی اس کو نہ پکڑے گا اور آپس کا کینہ اور بغض اور حسد جاتا رہے گا اور مال کو باوجود بلائے جانے کے کوئی قبول نہ کرے گا۔

اور بخاری ومسلم وابوداؤد اور ترمذی نے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ قسم ہے مجھ کو اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ بیشک ابن مریم تم میں نازل ہوں گے حاکم عادل ہوکر۔ پس صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر کو ہلاک کریں گے اور جزیہ اٹھادیں گے اور مال بہت ہوگا۔ یہاں تک کہ اس کو کوئی قبول نہ کرے گا۔ الخ! پھر حضرت ابوہریرہؓ نے کہا کہ (قرآن مجید میں بھی اس کی شہادت موجود ہے) چاہو تو پڑھو کہ سب اہل کتاب عیسیٰ کے مرنے سے پہلے ان پر ایمان لے آئیں گے۔

اور سیوطی نے تفسیر اکلیل میں تحت آیت ''وان من اھل الکتاب ''یوں لکھا ہے کہ اس میں دلیل ہے۔ نزول عیسیٰ بن مریم کی۔ اس کو حاکمؒ نے ابن عباسؓ سے روایت کیا ہے اور امام احمدؒ نے ابوہریرہؓ سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام بن مریم نازل ہوں گے تو خنزیر کو ہلاک کردیں گے اور صلیب کو مٹادیں گے۔ پھر ابوہریرہؓ نے یہ آیت پڑھی سب اہل کتاب عیسیٰ کے مرنے سے پہلے ان پر ایمان لے آویں گے۔

پس اس روایت میں صریح دلالت ہے کہ ''قبل موتہ '' کی ضمیر عیسیٰ علیہ السلام کی طرف راجع ہے اور معنی اس کے یہ ہیں کہ سب اہل کتاب نزول عیسیٰ علیہ السلام کے عہد مبارک

میں ان پر ایمان لے آویں گے اور اس پر کہ وہ اللہ کے بندے ہیں اور اللہ کی بندی مریم کے بیٹے ہیں اور اس پر دال ہے۔ حضرت ﷺ کا قسم کھانا نہایت تاکید اور صراحت کے ساتھ کہ مراد نزول ذات مع جسم شریف ہے اور وہ زندہ ہیں۔

مسلم نے روایت کی ہے۔ جابرؓ سے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت سے ہمیشہ ایک گروہ حق پر رہے گا قیامت تک۔ پس اتریں گے عیسیٰ بن مریم تو کہے گا۔ امیر ان کا کہ آیئے نماز پڑھایئے۔ پس کہیں گے کہ میں نہیں پڑھاتا۔ بلکہ بعض تمہارا تم پر امیر ہے اور اللہ تعالیٰ نے اس امت کو یہ عزت بخشی ہے۔

اور مسلم نے حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ تمہارا کیا حال ہوگا۔ جب ابن مریم تم میں نازل ہوگا۔ پھر وہ تمہارا پیشوا ہوگا اور ابوداؤد میں ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے اور عیسیٰ کے درمیان کوئی نبی نہیں اور بے شک وہ اترنے والے ہیں۔ جب تم ان کو دیکھو تو ان کی پہچان یہ ہے کہ ایک مرد ہیں۔ میانہ قد، گندم گوں، گیروے کپڑے پہنے ہوئے اتریں گے۔ گویا ان کا سر ٹپکتا ہوگا۔ اگرچہ اس کو تری نہیں پہنچی۔ پس اسلام کے قبول پر جنگ کریں گے اور صلیب توڑ دیں گے اور خنزیر کو ہلاک کریں گے اور جزیہ اٹھادیں گے اور اسلام کے سوا کل مذاہب کو اللہ مٹادے گا اور مسیح دجال بھی ان کے زمانہ میں ہلاک ہوگا۔ پس زمین پر چالیس برس رہیں گے۔ پھر وفات پائیں گے تو مسلمان ان پر جنازہ پڑھیں گے۔

اور امام احمدؒ نے ابوسعیدؓ سے مرفوعاً روایت کی ہے جس کے کل راوی صحیح کے ہیں۔ سوائے کثیر بن زید کے کہ اس کو بھی احمد اور ایک جماعت نے ثقہ کیا ہے۔ لفظ حدیث کے یہ ہیں کہ عنقریب مسیح بن مریم نازل ہوں گے۔ حاکم عادل ہوکر۔ پس خنزیر کو ہلاک کریں گے اور صلیب کو توڑ دیں گے اور دعوت اسلام کی ایک ہی ہوگی۔ پس جب وہ نازل ہوں گے تو رسول اللہ ﷺ کا سلام ان کو کہہ دینا اور بعض الفاظ اس کے صحیح میں بھی ہیں اور امام احمدؒ نے دو اسناد سے کہ جن کے کل راوی صحیح کے ہیں۔ ابوہریرہؓ سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ اگر میری عمر دراز ہوئی تو امید رکھتا ہوں کہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام سے ملاقات ہوگی اور اگر مجھے جلد موت آ گئی تو جو کوئی ان سے ملاقات کرے ان سے میرا اسلام کہہ دے اور حاکم کے لفظ یہ ہیں کہ بے شک عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نازل ہوں گے حاکم اور امام عادل ہوکر اور حج یا عمرہ کرتے ہوئے۔ پہاڑوں کے دروں میں چلیں گے اور میری قبر پر مجھ کو سلام کہیں گے اور میں سلام کا جواب دوں گا۔ یہ اور

ان کے مانند بہت سی احادیث متواترہ مروی ہیں جو نزول ذاتی میں صریح ہیں۔ تاویل کی گنجائش نہیں رکھتیں اور صحیح مسلم میں عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری امت میں دجال نکلے گا۔ پس زمین میں چالیس دن رہے گا (راوی کو یاد نہیں رہا کہ چالیس دن یا ماہ یا برس) پھر اللہ تعالیٰ، عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو بھیجے گا۔ شکل ان کی عروہ بن مسعودؓ کے مانند ہوگی۔ پس دجال کو ہلاک کریں گے۔ الخ! امام نووی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں کہ بھیجے گا اللہ تعالیٰ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو یعنی آسمان سے اتارے گا۔ ہماری شرع کے مطابق حاکم کر کے۔ قاضی عیاضؒ نے کہا کہ نزول عیسیٰ علیہ السلام کا اور ان کا دجال کو قتل کرنا بدلیل احادیث صحیحہ اہل سنت کے نزدیک حق اور صحیح ہے اور شرع اور عقل دونوں میں اس کے بطلان کی کوئی دلیل نہیں تو اس کا قبول کرنا واجب ہوا۔

اور بعض معتزلہ اور جہمیہ اور ان کے موافقین نے اس کا انکار کیا ہے اور گمان کیا کہ یہ حدیثیں مردود ہیں۔ اللہ کے اس قول ''وخاتم النبیین'' سے اور آنحضرت ﷺ کے قول ''لا نبی بعدی'' سے اور مسلمانوں کے اجماع سے کہ ہمارے نبی کے بعد کوئی نبی نہیں اور اس سے کہ ہمارے نبی کی شریعت قیامت تک ہے۔ منسوخ نہیں ہوگی۔

یہ دلیل ان کی فاسد ہے۔ اس لئے کہ نزول سے یہ مراد نہیں کہ وہ اتریں گے نبی ہوکر ساتھ ایسی شرع کے جو ہماری شریعت کی ناسخ ہو اور نہ کسی حدیث میں آیا ہے۔ بلکہ اس باب کی حدیثیں اور کتاب الایمان کی اور اس کے سوا اور حدیثیں صحیح وارد ہوئی ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام حاکم عادل نازل ہوں گے اور ہماری شریعت کے ساتھ حکم کریں گے اور لوگوں نے جو ہماری شرع کی باتیں چھوڑ دی ہیں ان کو زندہ کریں گے۔

امام شوکانیؒ اپنے رسالہ ''التوضیح فی تواتر ماجاء فی المهدی والدجال والمسیح'' میں لکھتے ہیں کہ نزول عیسیٰ علیہ السلام میں ۱۹ حدیثیں وارد ہوئی ہیں۔ پھر ان کو لکھا اور اس رسالہ کی حدیثیں اسی رسالہ سے ہم نے ذکر کی ہیں۔ حاصل یہ کہ اس شخص کا یہ دعویٰ کرنا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فوت ہوگئے۔ دین میں ایک فساد عظیم برپا کرنا اور ابلیس لعین کا وسوسہ اور بہکانا ہے۔

اور حافظ ابن حجرؒ فتح الباری میں فرماتے ہیں کہ حدیثیں متواتر آئی ہیں کہ مہدی اس امت سے ہوگا اور عیسیٰ علیہ السلام اس کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔

اور آئمہ حدیث، اصول وفقہ، کے نزدیک مقرر ہو چکا ہے کہ احادیث متواترہ کا رد کرنا اور قبول نہ کرنا کفر ہے علامہ احمد بن محمد قشاشی اپنے منظومہ عقائد میں کہتے ہیں کہ حدیث متواتر کا رد کرنے والا مبتدع اور خبیث الطبع ہے حدیث متواتر کا رد کرنا آیت محکمہ کا رد کرنا ہے اور علیم کے نزدیک کفر ہے۔ اوران کے شاگرد شیخ ابراہیم بن حسن کردی بھی اس کی شرح میں یہی کہتے ہیں کہ خبیث الطبع اس لئے ہے کہ طبع پاکیزہ حق کو قبول کرتی ہے اور قرآن کی طرح متواتر احادیث میں بھی علم یقینی ہوتا ہے اور اس میں کچھ شک نہیں کہ اس مدعی مرزا قادیانی کی بدعت اور طبع بھی خبیث ہے جب کہ حق کو قبول نہ کیا اور حق کے بعد گمراہی کے سوا اور کیا ہے اللہ اس سے محفوظ رکھے اور طریق صواب کی توفیق دے اور مستوجب عذاب سے بچاوے۔

اور اس کا استدلال کرنا آیت ’’انی متوفیك ‘‘ سے وفات عیسیٰ علیہ السلام پر، سو اس پر کوئی دلیل نہیں کیونکہ ظاہر آیت کے معنی بقول کرخی کے بغیر تقدیم وتاخیر کے یہ ہیں کہ میں تجھ کو بھرپور لینے والا ہوں۔ یعنی لوگوں کے قتل کرنے سے محفوظ کر کے تیری اجل کو پورا کرنے والا اور مؤخر کرنیوالا ہوں اور تجھ کو آسمان کی طرف اٹھانے والا ہوں اور یہ اس لئے کہ توفی کے معنی شئی کو بھرپور لینے کے ہیں اور موت اس کی ایک نوع ہے اور احادیث صحیحہ کے موافق متبادر معنی آیت کے بھی بھرپور لینے کے ہیں۔ نہ اس کے ایک نوع یعنی موت کے اور مفسرین نے اصلی معنی کو اس واسطے اختیار کیا ہے کہ احادیث صحیحہ میں ان کا نزول اور دجال کا قتل کرنا وغیرہ (دلائل حیات) وارد ہیں اور یہی معنی ہیں۔ ’’فلما توفیتنی ‘‘ کے یعنی جب تو نے مجھ کو بھرپور آسمان کی طرف اٹھالیا۔

اور امام شوکانیؒ اپنی تفسیر فتح القدیر میں فرماتے ہیں کہ فراء نے کہا اس کلام میں (ازروئے معنی کے) تقدیم وتاخیر ہے۔ معنی یہ ہوئے کہ میں تجھ کو اٹھانے والا ہوں اور کافروں سے صاف وپاک کرنے والا ہوں اور مارنے والا ہوں تجھ کو آسمان سے اتار کر اور ابوزید نے کہا یعنی تجھ کو (بھرپور) قبض کرنے والا ہوں اور کشاف میں ہے کہ تری اجل کو جہاں تک کہ میں نے لکھا ہے پورا کردونگا یعنی تجھ کو کفار قتل نہ کرسکیں گے تیری اصلی موت سے تجھ کو مارونگا، نہ ان کے ہاتھوں سے۔

اور مفسرین نے اس کے یہ معنی اختیار کئے ہیں اس لئے کہ صحیح یہ ہے کہ اللہ نے ان کو بغیر وفات کے اٹھالیا جیسا کہ اس کو بہت مفسرین نے ترجیح دی ہے اور ابن جریر طبری نے اسی کو

اختیار کیا ہے اور وجہ اس کی یہ ہے کہ حدیثوں میں ان کا نزول اور دجال کا قتل کرنا صحیح ہو چکا ہے اور بعض نے وفات کے معنی نیند کے لئے ہیں جیسا کہ دوسری آیت میں ہے کہ اللہ تم کو رات میں وفات دیتا ہے۔ یعنی سلاتا ہے اور بہت مفسرین یہی معنی نیند کے کرتے ہیں۔ انتھی ماقال الشوکانی!

اور آیت ''فلما توفیتنی'' میں فرماتے ہیں کہ بعض نے کہا کہ اللہ نے ان کو آسمان پر (زندہ) اٹھانے سے پہلے (تین یا سات ساعت) مارا تھا اور یہ قول باطل ہے۔ اس لئے کہ احادیث سے ظاہر ہو چکا ہے کہ وہ نہیں مرے اور آسمان پر اس زندگی کے ساتھ، جو دنیا میں تھی، زندہ ہیں۔ یہاں تک کہ آخر زمانہ میں زمین پر اتریں گے اور آیت کے معنی یہی ہیں کہ جب تو نے مجھ کو آسمان کی طرف اٹھالیا۔ چنانچہ بعض نے کہا وفات، کلام اللہ میں تین معنوں پر آئی ہے۔ ایک بمعنی موت جیسا کہ اللہ کے اس قول میں ''اللہ یتوفی الانفس حین موتھا'' دوم بمعنی نیند جیسے اللہ کے اس قول میں ''ھو الذی یتوفاکم باللیل'' یعنی تم کو سلاتا ہے۔ سوم بمعنی رفع جیسا کہ اللہ کے اس قول میں ''فلما توفیتنی'' یعنی تو نے مجھ کو اٹھالیا۔

اور حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری میں لکھا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام زندہ اٹھائے گئے۔ انتہی!

پس جو کوئی یہ گمان کرے کہ عیسیٰ علیہ السلام زندہ نہیں ہیں مر گئے ہیں اور قیامت سے پہلے آسمان سے زمین کی طرف اپنی ذات بابرکات سے نہیں اتریں گے تو وہ گمراہ ہے۔ گمراہ کرنے والا، اور کتاب اللہ وسنت متواترہ اور اجماع اہل سنت کا مخالف ہے اور حق کے بعد گمراہی کے سوا اور کیا ہے۔ پس جو یہ دعویٰ کرتا ہے کہ مسیح وفات پاچکے اور وہ آسمان سے زمین کی طرف نہیں اتریں گے اور دعویٰ کرتا ہے کہ میں مثیل عیسیٰ ہوں۔ (جس کا تم کو وعدہ دیا گیا ہے) ایسا شخص مفتری ہے۔ ہر مسلمان پر واجب ہے کہ اس کی گمراہی کو لوگوں پر ظاہر کرے۔ بلکہ یہ اعتقاد رکھیں کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر زندہ ہیں مرے نہیں اور آخر زمانہ میں اپنی ذات بابرکات کے ساتھ نازل ہوں گے اور مہدی کے پیچھے نماز پڑھیں گے اور دجال کو قتل کریں گے اور اس مفتری کے کذب پر یہ بات بھی تائید کرتی ہے کہ نزول عیسیٰ کا بعد وجود مہدی اور دجال کے ہوگا اور یہ دعویٰ کرتا ہے کہ میں مثیل عیسیٰ ہوں۔ (جس کا تم کو وعدہ دیا گیا) حالانکہ مہدی اور دجال ابھی تک نہیں ہوئے۔

اور مسلم میں حدیث ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام دمشق کے سفید منارہ جانب شرق پر نازل

ہوں گے اور شہر دمشق اور اس کا سفید منارہ قادیان اور اس کا منارہ نہیں اور یہ اس کے کذب اور افتراء اور گمراہی پر صریح دلیل ہے۔

نیز رسول اللہﷺ نے عیسیٰ علیہ السلام کے اوصاف میں یہ بیان فرمایا ہے کہ وہ ایک مرد ہیں۔ میانہ قد، گندم گوں، گیروے کپڑے پہنے ہوئے اتریں گے۔ گویا کہ سر ان کا ٹپکتا ہے اگرچہ ان کو تری نہیں پہنچی، اور یہ وصف کہ ان کے زمانہ میں آپس کے کینے اور بغض وحسد جاتے رہیں گے اور وہ مال کی طرف بلائیں گے تو اس کو کوئی قبول نہیں کرے گا اور مال کو لپیں بھر کر دیں گے اور یہ وصف کہ وہ اسلام کے لئے قتال کریں گے اور ان اوصاف شریفہ مذکورہ کا اس شخص مدعی مثلیت مسیح میں وجود ہی نہیں اور اس کے کذب وافتراء پر یہ بات بھی دلالت کرتی ہے کہ عیسیٰ پر وحی نازل ہوا کرے گی۔ جیسا کہ حدیث مسلم آئندہ دلالت کرتی ہے اور دعاوی اس مفتری کے الہامات کاذبہ یا عقلیہ واہیہ ہیں جو ان کی شان سے نہیں ہیں۔ جن پر وحی آتی ہے۔

اور اس کے کذب پر یہ بات بھی دال ہے کہ مثیل مسیح کا لفظ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ اور محاورہ صحابہؓ اور سلف وخلف میں کہیں نہیں آیا۔ بلکہ یہ قول بدعت ہے۔ اس کو نکالا ہے۔ اس شخص نے جس کو اللہ نے گمراہ کیا اور کان اور دل پر مہر لگائی اور آنکھ پر پردہ ڈالا ہے۔ پس اللہ کے بعد اس کو کون ہدایت دے سکتا ہے۔ اس کے علامات کذب سے یہ بھی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کا کوئی باپ نہیں اور اس کا باپ دادا موجود ہیں۔

غرض کہ اس میں ایسے صفات نہیں ہیں جو اس کے دعویٰ کی تصدیق کریں۔ بلکہ اس کے کل دعویٰ جھوٹے ہیں جو اس کی گمراہی اور کوتاہی عقل اور فساد رائے پر دلالت کرتے ہیں اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کو کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔

سیوطیؒ کے فتاویٰ حدیثیہ میں ہے کہ سیوطی سے عیسیٰ علیہ السلام اور ان کے رہنے کی جگہ کے بارے میں سوال ہوا تو انہوں نے جواب دیا کہ وہ دوسرے آسمان پر زندہ ہیں اور نہ کھاتے ہیں اور نہ پیتے ہیں۔ فرشتوں کی طرح ہمیشہ تسبیح پڑھتے ہیں۔

شیخ حسن عدوی مالکی اپنی کتاب مشارق الانوار میں فرماتے ہیں کہ ہمارے شیخ اجھوری سوال کئے گئے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر آسمان سے نازل ہوں گے یا نہیں؟ تو جواب دیا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام ان پر نازل ہوں گے۔ جیسا کہ صحیح مسلم میں ذکر یاجوج ماجوج میں حضرتﷺ نے فرمایا کہ پھر اللہ، عیسیٰ علیہ السلام پر وحی نازل کرے گا کہ میں

نے ایسے بندے ظاہر کئے ہیں۔ جن کے ساتھ جنگ کی کسی کو طاقت نہیں۔ پس میرے بندوں کو کوہ طور پر لے جاؤ۔ الخ! پس یہ حدیث نزول جبریل علیہ السلام میں دلیل ظاہر ہے اور حدیث وفات میں جبریل علیہ السلام کا یہ قول کہ یہ آنا میرا زمین میں آخری ہے۔ سو یہ حدیث ضعیف ہے۔

اور منجملہ اس کی گمراہی کے اس کا یہ دعویٰ ہے کہ میں اللہ کی طرف سے ملہم ہوں اور الہام حجت ہے۔ قائم مقام دلائل شرعیہ کے، اور اس کی غرض اس سے اپنے اس دعویٰ کو صحیح کرنا ہے کہ میں مثیل مسیح ہوں۔ حالانکہ وہ اس میں کاذب اور اہل سنت وجماعت کے مخالف ہے۔ کیونکہ یہ کل دعویٰ اس کے خیالات کاذبہ اور اٹکلیں ہیں اور صحیح بخاری میں ہے کہ معاویہؓ نے فرمایا کہ بچو خیالات اور اٹکلوں سے جو لوگوں کو گمراہ کرتی ہیں اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ بعض یہود ان پڑھ ہیں۔ کتاب کو نہیں جانتے۔ مگر اپنی آرزوئیں اور ان کے پاس نہیں۔ مگر اپنے خیال اور الہام حجت شرعیہ نہیں ہے۔ جس سے اثبات یا نفی کسی حکم کی ہو سکے۔ جیسا کہ آئمہ حدیث واصول وفقہ کے نزدیک مقرر ہے۔ حافظ ابن حجرؒ جو فتح الباری میں فرماتے ہیں کہ اس امت کے محدث کا الہام جب متحقق ہو تو اس سے کسی امر کے اثبات یا نفی کا حکم نہیں لگا سکتے۔ بلکہ اس کو قرآن وحدیث پر پیش کرنا ضروری ہے۔ اگر ان کے موافق ہو تو عمل کرے۔ ورنہ ترک کرے اور وقوع اس کا اگرچہ ممکن ہے۔ لیکن نادر ہے اور وہ بھی اس شخص کو جس کے کام کتاب وسنت پر مبنی ہوں۔ انتہی!

اور یہ مفتری وفات عیسیٰ علیہ السلام اور مثیل مسیح اور ملہم ہونے کا مدعی ہے۔ اس کے الہامات کتاب وسنت کے موافق نہیں ہیں اور نہ اس کے کام کتاب وسنت پر مبنی ہیں۔ بلکہ کتاب وسنت حیات عیسیٰ علیہ السلام پر دلالت کرتی ہیں اور اس پر کہ وہ آخر زمانہ میں زمین کی طرف حاکم عادل ہو کر نازل ہوں گے۔

اور لفظ مثیل عیسیٰ کتاب وسنت میں وارد نہیں ہوا اور نہ صحابہ اور سلف وخلف سے ثابت ہے۔ بلکہ یہ قول محدث ہے اور ہر محدث بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔ پس یہ الہام اس کا جو کتاب اور سنت اور اقوال سلف وخلف اور کل اہل سنت کے مخالف ہے۔ الہامات شیطانیہ اور خواہش ہائے نفسانیہ ہے۔

اور رسول اللہ ﷺ نے سچ فرمایا ہے کہ جو لوگ ہدایت کے بعد گمراہ ہو جاتے ہیں۔ جھگڑالو ہو جاتے ہیں۔ روایت کیا اس حدیث کو احمد اور ترمذی وغیرہ نے ابوامامہ سے، اور حق میں مثل دعویٰ اس کاذب فاجر کے اللہ نے اپنی کتاب میں یہ آیت نازل فرمائی ہے۔ یہ لوگ جھگڑالو

ہیں۔ پس علماء مسلمین اور حکام مؤمنین سے جو قدرت رکھتا ہے۔ اس پر واجب ہے اس مفتری کاذب کو ان جھوٹے دعوؤں سے منع کرنا اور ادب دینا جس سے وہ رک جائے اور ادب دینا اس کو جو اس کی مدد کرے اور اس کو اور اس کی دوستی کو اللہ کے واسطے چھوڑ دیں۔ جیسا کہ اللہ فرماتا ہے کہ مؤمنوں کو اللہ ورسول کے دشمنوں کا دوست نہ پاؤ گے۔ اگرچہ ان کے باپ یا بھائی یا رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں اور دلائل عقلیہ یا کتاب وسنت کے ماسواء سے جو اس نے استدلال کیا۔ سو اس کی طرف کوئی التفات نہیں کرتا۔ مگر جو نفسانیت کا تابع اور چاہ ضلالت میں پڑا ہو۔

یہ اس فقیر نے کلام آئمہ محققین اہل معرفت وتمکین سے جو ظاہر ہوا لکھا ہے۔ پس صواب اللہ کی طرف سے ہے اور خطا میری اور شیطان کی طرف سے ہے۔ یہ رسالہ دوشنبہ ۲۰؍ربیع الثانی ۱۳۰۸ھ کو بھوپال میں مکمل ہوا۔ بعد فراغ تحریر ہذا میرے پاس یہ سوال آیا جو اس مفتری کاذب کے بارے میں ہے۔

کیا فرماتے ہیں۔ علمائے دین، مرزاغلام احمد قادیانی کے حق میں اور جو قرآن وحدیث کو اس نے ظاہر سے پھیرا ہے۔ کیا یہ تحریف مذموم یہودیوں کی سی ہے یا نہیں؟ بینوا توجروا!

تو میں نے جواب دیا۔ واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب عزیز میں یہود کی مذمت یوں فرمائی ہے۔ (ترجمہ) یہود کلام الٰہی کو اس کے ٹھکانوں سے پھیرتے ہیں اور بھول گئے ایک فائدہ لینا۔ اس نصیحت سے جو ان کو تھی اور ہمیشہ تو خبر پاتا ہے ان کے دغا کی۔

اور اس شخص مسئول عنہ کی تحریف اور اس کے نصوص کو ظاہر سے پھیرنا بلاشک یہود کی سی تحریف ہے۔ امام ابن قیمؒ، اغاثۃ اللہفان میں فرماتے ہیں کہ اس میں اختلاف ہے کہ توریت جو یہود کے پاس ہے۔ اس میں تحریف لفظی ہے یا معنوی۔ اس میں تین قول ہیں۔ ایک طائفہ نے کہا ہے کہ کل یا اکثر مبدل ہے اور بعض نے غلو کیا کہ اس کے ساتھ استنجاء جائز ہے۔ ایک گروہ نے آئمہ حدیث وفقہ وکلام سے یہ کہا کہ تبدیلی فقط تاویل میں واقع ہوئی ہے۔ امام بخاری اپنی صحیح میں ''یحرفون'' کی تفسیر یوں کرتے ہیں کہ دور کرتے ہیں کلام کو اس کے ٹھکانے سے، اور لفظ کتاب کو کتب اللہ سے کوئی زائل نہیں کرتا۔ لیکن اس کی بے جا تاویل کرتے ہیں اور رازی نے یہی اختیار کیا ہے اور میں نے اپنے شیخ (ابن تیمیہؒ) سے سنا وہ کہتے تھے۔ فضلاء کے درمیان اس میں نزاع واقع ہوئی ہے۔ پس اس قول کو صحیح اور غیر کو ضعیف کہا۔ پس اس پر ان کا انکار کیا گیا تو اس نے پندرہ نقلیں اپنی تائید میں پیش کیں۔

میرا مقصود اور غرض اس کلام ابن قیمؒ سے یہ ہے کہ بموجب مذہب بخاری وغیرہ کے یہ مفتری بھی تحریف معنوی آیات قرآنیہ واحادیث نبویہ میں یہود کے مشابہ ہے اور جو شخص یہ گمان کرتا ہے کہ اس کی تاویل یہود کی سی تاویل معنوی نہیں ہے۔ پس وہ بھی مثل اس کے گمراہ ہے۔ گمراہ کرنے والا اور جس کو اللہ ہدایت دے اس کو کوئی گمراہ نہیں کرسکتا۔

پھر بعد فراغ اس تحریر کے میں ایک واقعہ پر مطلع ہوا۔ جس کو ابن تیمیہؒ نے اپنے رسالہ ''بغیة المرتاد فی الرد علی المتفلسفة والقرامطة والباطنیة اهل الالحاد من القائلین بالحلول والاتحاد'' میں ذکر کیا ہے کہ ہمارے پاس شہر دمشق میں ایک بڑا شیخ مشہور تھا۔ جس کو ابن ہود کہتے تھے اور جن وحدت وجودیوں کو ہم نے دیکھا ہے۔ وہ ان سب میں زہد ومعرفت وریاضت میں بہت بڑا تھا اور ابن سبعین کی بہت تعظیم کرتا تھا اور ان کو ابن عربی اور اس کے غلام ابن اسحاق پر بھی فضیلت دیتا تھا اور بہت سے بڑے اور چھوٹے اس کے حکم کی اطاعت کرتے تھے اور اس کے مریدان خاص اس کے حق میں یہ اعتقاد رکھتے تھے کہ ابن ہود، مسیح ابن مریم ہے اور کہتے تھے کہ اس کی ماں کا نام بھی مریم ہے اور وہ نصرانیہ تھی اور نسبت حدیث رسول کی کہ تم میں ابن مریم اترے گا تو ان کا عقیدہ تھا کہ وہ یہی ابن ہود ہے اور اس پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی روحانیت نازل ہوئی اور مناظرہ کیا مجھ سے اس بارہ میں اس شخص نے جو ان لوگوں کے نزدیک اس وقت فلسفہ وغیرہ میں سب سے افضل تھا۔ علاوہ اس کے زہد وتصوف میں بھی دخل رکھتا تھا اور اس معاملہ میں ان سے کئی گفتگوئیں اور مناظرے واقع ہوئے کہ ان سب کے ذکر کرنے سے طول ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ میں نے ان کے دعویٰ کا بطلان ان احادیث صحیحہ سے اچھی طرح بیان کردیا۔ جو نزول عیسیٰ میں آئی ہیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وہ اوصاف بیان کئے جو ابن ہود پر مطابق نہیں آتے اور میں نے خرابی ان کی قرمطہ کی جس میں وہ داخل ہوگئے تھے۔ وضاحت سے بیان کردی۔ یہاں تک کہ میرا ان کا مباہلہ ٹھہرا اور میں نے ان سے حلف اٹھا کر کہہ دیا کہ جن باتوں کا تم انتظار کرتے ہو ہرگز پوری نہ ہوں گی اور اللہ اس شیخ کا یہ ڈھکوسلا پورا نہیں کرے۔ سو اللہ نے میری ان سب قسموں کو سچا کیا اور اللہ کا شکر ہے۔ یہ بھی اس واسطے ہوا کہ میں ان کے نزدیک معظم تھا اور مجھ کو خوب جانتے تھے۔ ورنہ وہ تو یہ اعتقاد رکھتے تھے کہ سب لوگ ان کی حقیقت اور باریک بھیدوں سے محجوب ہیں اور لوگ ان کے نزدیک مثل چوپایوں کے ہیں۔ انتھی!

اس حکایت میں میری اس تحریر کی پوری تائید ہے کہ اوصاف عیسیٰ علیہ السلام کے ابن ہود کی طرح مرزا قادیانی پر مطابق نہیں آتے۔ وللّٰہ الحمد علیٰ ذالك!

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

قادیانی دجال کا استیصال

حضرت مولانا محمد سعد اللہ لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ

قادیانی دجال کا استیصال!

(حصہ نثر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

ایک مسلمان اور قادیانی میں سوال وجواب کیونکر ہوسکتے ہیں؟

مسلمان...... قادیانی صاحب اپنا دعویٰ اپنی زبان سے بیان کرو۔

قادیانی...... میں محدث (بفتح دال مشدد) ہوں۔ مجھے اللہ نے اس صدی کا مجدد بنایا ہے۔ میرے نام غلام احمد قادیانی کے اعداد پورے ۱۳۰۰اس پر شاہد ہیں کہ میں تیرھویں صدی کے انجام اور چودھویں صدی کے آغاز پر مجدد ہوں۔

مسلمان...... صرف نام سے اعداد کا نکلنا مجدد ہونے کی دلیل نہیں۔ کیا معلوم آپ اس وقت کے کیا ہیں۔ اگر حساب ابجد سے کوئی دعویٰ مدلل ہوسکتا ہے تو گزارش ہے کہ آپ کے لئے یہ پورا جملہ جس کے اعداد بھی پورے ہیں، بہت درست ہوگا۔ ''غلام احمد قادیانی دجال ہے۔'' سامعین! واہ وا! واہ وا! جزاک اللہ! اس مبتداء کی خبر کیسی برجستہ نکالی ہے۔

قادیانی...... صرف یہی ایک دلیل نہیں۔ بڑی دلیل میری وحی، الہام ہے جو اللہ پاک کی طرف سے مجھ پر بارش کی طرح برستا ہے۔ من می زیم بوحی خدائے کہ بامن ست پیغام اوست چوں نفس روح پرورم۔

مسلمان...... انبیاء ورسل علیہم السلام کے سوا کسی کا وحی والہام قطعی نہیں ہوسکتا۔ ممکن ہے ان کے ماسواء کو اس میں کبھی نفسانی، گاہ شیطانی آمیزش سے دھوکا ہو جائے۔

قادیانی...... چونکہ میں محدث ہوں۔ میری وحی والہام بھی آمیزش شیطان سے پاک ہے۔

مسلمان...... اس پر کوئی دلیل شرعی؟ قرآن وحدیث میں تو محدث کو یہ رتبہ نہیں دیا کہ قرآن میں محدث کا نام بھی نہیں۔

(قادیانی کا ایک اعرج مرید جو آتھم کی جنگ مخنث میں قادیانی کا معاون تھا)

جھٹ قرآن شریف کھول کر سورۂ انبیاء کی آیت ''مایاتیھم من ذکر من ربھم محدث الا استمعوہ وھم یلعبون '' پر انگلی رکھ کر سامنے کردی۔ (قادیانی آنکھ کے اشارے

سے گھورتا ہی رہ گیا) دیکھ تو یہ قرآن کی آیت ہے یا نہیں؟

مسلمان...... کسی قدر حیران ہوکر میاں دیکھوں کہیں جلد باندھتے وقت کوئی کسی کی تحریر تو بیچ میں نہ باندھ دی ہو۔(دیکھ کر) بھئی واہ! اس لفظ کی حرکات پر تو نظر کر لیتے۔محض حروف ہی دیکھ کر بول اٹھے۔(اس لفظ کا ترجمہ نیچے لکھا ہوا دیکھتے واعظ اسی خوبی پر بنے ہو۔قادیانی کی قرآن فہمی پر ناز اس لیاقت سے کیا کرتے ہو کہ مرزا قادیانی کے برابر قرآن کوئی نہیں سمجھتا۔شرم کرو)

قادیانی...... جھنجلا کر! نہیں نہیں تم ادھر دیکھو۔صحیح بخاری میں سورۂ حج کی آیت یوں بھی لکھی ہے۔''وما ارسلنا من قبلك من رسول ولا نبی ولا محدث الا اذاستمنیٰ القی الشیطان''یعنی رسول اور نبی اور محدث کا بھی الہام، جب اس میں شیطان دخل دیتا ہے تو دخل شیطان سے پاک کیا جاتا ہے۔

مسلمان...... قطع نظر اس سے کہ آیت شریف میں وحی والہام میں دخل کا ذکر ہی نہیں۔صرف تمنائے ولی، نبی ورسول کا ذکر ہے۔یہ تو بتاؤ''فبای حدیث بعده یؤمنون'' کی تفسیر جو تم نے کی تھی کہ قرآن کے بعد کوئی حدیث قابل تسلیم نہیں اور اشتہار مورخہ یکم/اگست ۱۸۹۱ء میں آپ کا یہ دعویٰ کہ''قرآن کریم کے اخبار اور قصص اور واقعات ماضیہ پر نسخ وزیادت ہرگز جائز نہیں۔'' (مجموعہ اشتہارات ج۱ص۲۲۹) یہاں یہ دعویٰ بالکل ردی ہوگیا۔اب اس بخاری کی روایت (جو ایک صحابی کا قول ہے۔حدیث نبوی بھی نہیں) قبول کر کے قرآن میں لفظ بڑھانا بھی جائز کر لیا اور صحیح بخاری، وہی جس کی احادیث معراج نبوی کے تعارض اور عدم وفا وحافظہ روایت جناب (مرزا قادیانی) نے اپنے ازالے کے آخیر میں بامداد کتب روافض لکھے ہیں۔سچ ہے صاحب غرض دیوانہ بود!

قادیانی...... کھسیانا سا ہوکر! ہائے اس کمبخت نے وہ اشتہار کہاں سے دیکھ لیا۔میں نے تو دفع الوقتی کے لئے یہ ڈھکوسلا بنایا تھا کہ کسی طرح ابن مریم کا زندہ ہونا اور مکرر آنا لوگوں کے خیال میں مشتبہ ہو جائے۔لیکن جواب ندارد۔ندامت نے پانی پانی کر دیا۔دل ہی دل میں پیچ تاب کھا گیا۔

قادیانی کا شاگرد خاص ہم اعور و ہم اعراج

حضرت اقدس (مرزا قادیانی) اس جاہل سے آپ کیا مغز خراشی فرماتے ہیں اور کہیں ضعف دماغ ہو جائے گا۔جانے بھی دو۔

مسلمان...... مسیح صاحب! جب آپ محدث ہیں تو نبی بھی ہیں۔(توضیح المرام ص۱۹، خزائن ج۳

ص۶۰) المحدث نبی والنبی محدث۔ یعنی محدث نبی ہے اور نبی محدث ہے۔ اب یہ کیونکر ہوسکتا ہے کہ میں محدث تو ہوں۔ لیکن نبی نہیں۔ یہ فقرہ کہیں مستی میں نکل گیا تھا؟

قادیانی...... بڑی جلدی سے طیش میں آ کر من نیستم رسول و نیاوردہ ام کتاب۔

(ازالہ اوہام ص۱۷۸، خزائن ج۳ ص۱۸۵)

مسلمان...... جس کتاب میں یہ مصرعہ درج ہے اس کے عنوان پر حضور (مرزا قادیانی) مرسل یزدانی بنے بیٹھے ہیں (ٹائٹل قدیم ازالہ، خزائن ج۳ ص۱۰۱) اور پھر اس کے (ص۶۷۳، خزائن ج۳ ص۴۶۳) پر جناب عیسیٰ بن مریم علیہا السلام کی بشارت ''رسول یأتی من بعدی اسمہ احمد'' کے مصداق خود بدولت بنے ہوئے ہیں۔ یہ دھوکہ وہ کھائے جس نے آپ کے رسالہ ازالہ نہ دیکھے ہوں۔ ورنہ دیکھنے والا آپ کا دھوکا کب کھاتا ہے۔ محدث ہونے کے مدعی فی الحال ہو۔ محدث اور نبی کو ایک ہی مانتے ہو۔ وحی والہام میں انبیاء کی ہمسری بلکہ بعض مکاشفات میں ان سے بڑھ کر ہونے کے مدعی ہو۔ خصوصاً ختم الرسل سے بھی دجال، دابۃ الارض، یاجوج ماجوج کی کیفیت سمجھنے میں زیادہ قابلیت رکھتے ہو۔ اب ادّعائے نبوت میں کیا کسر ہے۔ ''انا النبی لا کذب'' نہ لکھا، یوں کہہ دیا۔ میں محدث ہوں والمحدث نبی اور یہ تو فرماؤ کہ رسول و نبی اور عامہ خلائق میں بجز وحی کس بات کا فرق ہے؟ بظاہر ''انما انا بشر مثلکم'' سے ثابت ہے کہ کچھ فرق نہیں۔ بجز یوحی الیّ، سو اس وحی میں آپ ان برگزیدوں سے کسی طرح کم نہیں رہتے۔ آپ کے مکاشفات اور سمجھ حضرت عیسیٰ روح اللہ اور محمد رسول اللہ علیہما السلام سے بڑھ کر ہیں؟ آپ کے سامنے حضرت عیسیٰ کے معجزات یوں ہی کھیل تماشہ، لہو ولعب، سامری جادوگر کا بچھڑا۔ پھر یہ سب آپ کے نزدیک قابل نفرت۔ باوجود ان سب باتوں کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آپ نبی اللہ ہونے دیں اور اپنے لئے باوجود کمالات نبوت سے خالی رہنا گوارا کرتے ہوں ممکن نہیں۔ یہ انکار از نبوت محض دھوکا ہے۔ ناصر مرید برملا دعائیں کررہے ہیں۔ اپنے مرسل کی مدد کرائے خدا، حضور کا ازالہ برسر عنوان بزبان حال پکار رہا ہے۔

توئی مامور رحمان قادیانی مرسل یزداں
توئی مرزا غلام احمد از اولاد جنکسخان

نذیرے آمدی از جانب حق اندریں دنیا
نکرد ندت قبول وحق کند صدق ترا تاباں

تو نورے آمدی سر تاپا زالنقوا بیگم
نباشد والد روحانیت زاینجا کسے انسان

ترا بائست دعوائے نبوت برملا کردن
چہ حاصل زیں چنیں روباہ بازی بایت اے نادان

توشیر نیستاں بیحیائی آمدی ز اوّل | شفالے بودی وشیرے شدی ازخم صباغاں
چہ باک اندرچنیں عہدت کہ ہرکس دارد آزادی | نبوت جرم تعریزی نباشد نزد قانون داں
مترس از شور وغوغائے مسلمانان کہ دراسلام | قلندر چوں تو بسیار دنمی ترسد کسے زیشاں
رسول احمد نبی اللہ ومرسل چوں بخود گفتی | رسولے نیستم گفتن بود کفر از تو در ایمان
مجدد ہم محدث بودی وحارث شدی آخر | نبی مرسل جری اللہ مسیح ومہدی دوراں
مکن کفران نعمتہا مگو مرسل نیم ہرگز | نبوت را رسالت را مدارا اے بےخرد پنہاں
زچند الہام ووحیت یازدہ صفحات شد مشحوں | چرا گفتی نیا وردم کتابے از حق سبحاں
سراج خود بکن روشن کتاب مستبیں بنما | بہ جفر ورمل خودخودرا رسول غیب داں گرداں
بتائید ہبہ بہر کے دام طمع گستر | کسے رادرحق دختر زمرگ ناگہاں ترساں
اگر باشد بہ زوجے شاد کام آں دختر نیکو | پس ازسی ماہ روئے خود سیہ کن درغم ہجراں
بگوآں زن کہ زوجنکہا الہامش آوردم | بودحسب رضائے من کنوں درقبضۂ سلطاں
الا اے قادیانی حق شہنواز سعدی ناصح | کہ الہام توشدزاحلام نفس ووحیت ازشیطان

اصل یوں ہے کہ مضمون سب تحریروں میں ادا ہو چکا ہے۔ مریدوں کے ذہن نشین کردیا گیا ہے۔ اب ’’لا الہ الا اللّٰہ ‘‘ کے ساتھ قادیانی رسول اللہ لگانا باقی ہے۔ بڈھا آتھم کرسچن تیرے پندرہ ماہ رونے سے بھی نہ مرا۔ پر نہ مرا۔ سلطان محمد اڑھائی برس گزار کر خدا کے فضل سے زندہ ہے۔ عموائیل بشیر جو جہان کو روشن کرنے آیا تھا۔ تیرے گھر میں اندھیرا کر گیا۔ ان پے در پے کی مصیبتوں نے تجھ کو ادھر کی سوچنے نہ دی۔ ورنہ اب تک کلمۂ شہادت میں کبھی کی ترمیم ہوگئی ہوتی۔ جناب رسول خدا ﷺ نے جو قبل از قیامت قریباً تیس کذاب دجالوں کے آنے کی خبر دی ہے۔ ان کا نشان یہی فرمایا ہے کہ وہ سب اپنے آپ کو رسول سمجھتے ہوں گے۔

یعنی یہ ضرور نہیں کہ اپنے آپ کو ہر جگہ صاف طور پر رسول اللہ کہیں بھی۔ خدا تعالیٰ کے غیب پر مطلع ہونے کے لئے اس آیت ’’عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احد الا من ارتضیٰ من رسول ‘‘ میں بھی رسول بن کر تجھ کو بجز روسیاہی اور کچھ نہ ملا۔ (صفحہ آخیر کرامات) چھ ستمبر اور ۸؍اکتوبر ۱۸۹۴ء کے دن تجھ پر وہ لعنت برسی کہ اگر تو توبہ نہ کرے۔ تا قیامت تجھ سے علیحدہ نہ ہوگی۔ ورنہ از روئے احادیث جس عیسیٰ کا مکرر آنا ثابت ہے۔ اس کا نبی اللہ ہونا ضروری ہے۔ اس سے دو باتیں معلوم ہوئیں۔ ایک یہ کہ ’’لا نبی بعدی ‘‘ کی حدیث صاف کہہ رہی

ہے۔ میرے بعد نبی ہونے والا کوئی نہیں۔ اب اگر وہی عیسیٰ نبی اللہ جو چھ سو برس پہلے نبوت ادا کر چکے ہیں۔ آجائیں تو حدیث کے ساتھ کوئی تعارض نہ ہوگا۔ لیکن اگر کوئی اور شخص عیسیٰ نبی اللہ بن کر آئے تو ’’لا نبی بعدی‘‘ غلط ہو جائے گی۔ یہ شخص تو عیسیٰ موعود بنتا ہے۔ اس لئے نبی اللہ ضرور ہوا اور اس عیسیٰ کے لئے تو کیا کسی کے لئے بھی جزئی نبوت کا تذکرہ کہیں نہیں فرمایا گیا، نبوت، نبوت ہے۔ جزئی اور کلی تیرے اختراعی لفظ ہیں۔ ان کو اپنے گھر رکھ چھوڑ۔ جب تو سب اوصاف نبوت اپنے لئے تجویز کرتا ہے تو کم کس بات میں رہا؟ اس بات کا نام لے۔ یہ ایسی مثال ہے جیسے کوئی شیطان کہے کہ میں زمین وآسمان کا خالق ہوں۔ سب کا رازق ہوں۔ سب کی موت وحیات میرے ہاتھ میں ہے۔ لیکن میں اللہ نہیں ہوں۔ یونہی جزئی الوہیت مجھ میں ہے۔

قادیانی...... سلطان محمد سے اب میری تکذیب کرادو پھر دیکھو کیا ہوتا ہے۔ وہ ابھی عذاب کے قابل نہیں ہوا۔

مسلمان...... او بے حیا، بے شرم، بد بخت! بتا تو سہی سلطان محمد جو تیری الہامی زوجہ کو شرعی بیوی بنائے بیٹھا ہے اور اس سے صاحب اولاد بھی ہوگیا ہے۔ تیری کس بات کی تصدیق کرتا ہے؟ خبیث ڈوب مر۔ اس کے اس تصرف پر بھی تو اس کو اپنا مکذب نہیں سمجھتا۔ لعنت اس بے حیائی پر۔ ہاں البتہ وہ تیری بے حیائی کی تصدیق ضرور کرتا ہے۔

قادیانی...... دیکھو ایسی سخت کلامی نہ کرو۔ تم گالیاں دیتے ہو، بہتان لگاتے ہو۔ اگر تم باز نہ آئے تو ابھی تمہارے حق میں ایک سخت منذر الہام نازل کردوں گا۔

مسلمان...... جناب فرمایئے جو گالی یا بہتان سرزد ہوا ہو وہ فرمایئے۔ کیا ازروئے الہام ’’زوّجنکھا‘‘ نو دس برس سے وہ عورت آپ کی الہامی زوجہ نہیں ہوچکی۔ کیا اب وہ پانچ برس سے عزیز سلطان محمد کے گھر میں صاحب اولاد نہیں؟

قادیانی...... گو یہ سب کچھ درست ہے۔ لیکن تم ہم کو کیوں سناتے ہو۔ یہ ذکر سن کر ہماری روح سلب ہوئی جاتی ہے۔ کیا تم کو اس میں مزہ آتا ہے۔ بس ہم سے سخت کلامی نہ کرو۔

مسلمان...... نہیں۔ مسیح قادیانی، یہ سخت کلامی حکمت سے خالی نہیں۔ خفتہ دل اس سے بیدار ہوتے ہیں۔ (ازالہ ص۲۹ تا ۳۱، خزائن ج۳ ص۱۱۷، ۱۱۸) واشگاف اور علانیہ اپنے کفر وکینہ کو بیان کرنا شروع کردیتے ہیں۔ خواب غفلت سے اس ٹھوکر کے ساتھ بیدار ہوجاتے ہیں۔ اس رسالت ونبوت کے خیال نے تجھ کو مسلمانوں کے نزدیک دجال ثابت کردیا اور اس سے تو رسول اللہ کی پیش گوئی کا مصداق بن گیا اور قریباً تیس دجالوں میں سے ایک شمار ہوا۔

سب مسلمان یونہی کہیں گے جب تک تو جیتے جی صاف طور پر ان خیالات سے اپنی توبہ شائع نہ کردے۔ باقی رہا۔ صلیب مسیح ومرگ مسیح کا قصہ اس کو واقف مسلمان سب جانتے ہیں کہ تو نے یہ سید احمد خاں نیچری علی گڑھی کی تفسیر سے چرایا ہے اور نورالدین تیرے بظاہر مرید نے تجھ کو سکھایا ہے۔ البتہ تو نے اس میں خود مسیح وعیسیٰ بننے کے لئے کہیں کہیں کچھ بڑھایا ہے اور نیا لباس پہنایا ہے۔ خدا تعالیٰ تو قرآن میں فرمائے۔ ''ما صلبوہ ''یعنی یہودیوں نے عیسیٰ کو سولی نہیں چڑھایا اور تو کہے چڑھایا تو سولی پر جان نہیں نکلی تھی۔ یہ صرف اس لئے کہ یہودیوں اور عیسائیوں کی روایت غلط نہ ہو جائے اور علی گڑھی کی وحی جو بذریعہ نورالدین بھیروی تجھ پر نازل ہوئی ہے۔ آسمانی وحی سے جو بذریعہ جبرائیل امین محمد رسول اللہ پر اتری تھی رد نہ ہو جائے۔ ورنہ کوئی ضرورت اس نفی صلیب کے مقابل اثبات صلیب کی نہ تھی۔ آج تک مسلمانوں میں سے کسی نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا سولی پر لٹکنا بمقابلہ ماصلبوہ نہیں مانا۔ نیچری ناخلفوں کے سوا۔

رہا حضرت عیسیٰ کو تیرا مردہ کہنا اور ان کے بذات خود دوبارہ آنے سے انکار کرنا۔ اپنی اسی مٹری بسی بودی براہین کو دیکھ لے۔ جس سے تو نے مسلمانوں کو فریب دیا ہے۔ تیرا صاف اقرار موجود ہے کہ میں ظلی طور پر راہ صاف کرنے آیا ہوں۔ حضرت عیسیٰ قرب قیامت میں جلال کے ساتھ تشریف لائیں گے۔ یہ وہی براہین ہے جو تو نے اللہ کی طرف سے ملہم ومامور ہو کر لکھی تھی۔ صحیح بخاری میں ''انہ لعلم للساعۃ'' (بے شک وہ عیسیٰ علیہ السلام قیامت کے لئے ایک نشان ہیں۔ قیامت میں ان کا پھر آنا ہوگا) کی تفسیر حضرت ابوہریرہؓ سے منقول ہے۔ جس بخاری کی شہادت سے تو اپنے تئیں محدث بناتا ہے۔ اہل سنت کے لئے تو ایک کافی سند ہے۔ لیکن نیچری اس کو کیوں تسلیم کرنے لگے؟ حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے یہودیوں سے فرمایا تھا کہ عیسیٰ علیہ السلام مرے نہیں وہ قیامت سے پہلے تمہاری طرف لوٹ کر آئیں گے۔ تفسیر ابن کثیر دیکھ لے۔ ان روایتوں کے سامنے تیرے احلام کو کون پوچھے؟

قادیانی...... کھسیانا ہو کر۔ بس اب زیادہ بک بک نہ کرو۔ اگر کچھ حوصلہ ہے تو سب مسلمان مولوی میرے ساتھ مباہلہ کرلیں۔

مسلمان...... مسیح قادیانی غضب کرتا ہے۔ مرگ آتھم کی پیش گوئی سے چار پانچ روز پہلے امرتسر میں عبدالحق کے ساتھ تیرا مباہلہ ہی ہوا تھا یا کچھ اور؟

قادیانی...... ہاں مباہلہ ہی تھا۔

مسلمان...... پھر اور مباہلہ کیسا؟ بار بار مباہلہ کیا؟ اب دیکھتا جا کیا کیا ہوتا ہے۔ کوئی پیش گوئی کر پھر دیکھ مزہ۔ نو سال مقررہ گزر چکے اب عموائیل ضرور پیدا ہو چکا ہوگا؟ ان لڑکوں کو وہیں سے کسی کو مقرر کردو کہ فلاں وہ عموائیل بشیر ہے۔ لیکن گھر میں سے پہلے اجازت لے لینا۔ پہلے کی طرح دنگہ فساد نہ ہوتا پھرے۔

قادیانی...... یہ مولوی مجھ کو کافر، دجال، کذاب، ملعون، دوزخی کہنے سے باز نہیں آتے۔

مسلمان...... عبدالحق باز آ گیا؟

قادیانی...... نہیں باز تو وہ بھی نہیں آیا۔ وہ بڑا سخت دل ہے۔ میں نے اس کے حق میں کوئی بد دعا نہیں کی تھی۔ (انجام آتھم) پہلے سے بھی تیز ہو گیا۔

مسلمان...... ارے بے شرم! تو کتنا بے حیا ہے۔ مباہلے میں اگر بد دعا نہیں کی تھی تو کیا دعائے عافیت مانگی تھی؟ کمبخت! پھر کہے گا سخت کلامی کرتا ہے۔

قادیانی...... .... میں نے جھوٹے پر لعنت کی تھی اور کوئی بد دعا نہیں کی تھی۔

مسلمان...... عبدالحق تیرے نزدیک سچا تھا یا جھوٹا؟

قادیانی...... ہاں تھا تو جھوٹا ہی۔

مسلمان...... تو پھر تیرے مباہلے نے اس کا کیا بگاڑ دیا کہ تو اب اوروں کو دھمکاتا ہے۔

قادیانی...... اگر میں اللہ پر جھوٹ باندھتا ہوں تو اللہ مجھ کو جلدی سے ہلاک کیوں نہیں کر دیتا۔ خدا فرماتا ہے۔ ''فمن اظلم ممن افتری علیٰ اللّٰہ کذبا'' مجھ سے بڑھ کر کون ظالم ہے؟ خدا مجھ کو بیس برس سے مہلت دے رہا ہے۔ اس کی غیرت کیا کہتی ہے۔

مسلمان...... اس کی غیرت تو کہتی ہے کہ ابھی تجھ کو نیست کر دے۔ لیکن یا تو رحمت سفارش کر رہی ہے یا غضب دھکے دے رہا ہے کہ تو اچھی طرح کامل طور سے قابل سزا ہو جائے۔

''املی لھم ان کیدی متین'' پڑھ کر دیکھ لے۔ دیر گیر و سخت گیر د مرترا۔ اگر تو سچا ہے تو تیرے مقابلے والے سب سے بڑھ کر ظالم ہیں۔ باقی حصہ آیت جس کو تو دانستہ حذف کر گیا ہے۔ ''او کذب بایاتہ'' صاف کہہ رہا ہے۔ اب تو بتا کہ تیرے مقابلے والے جلد کیوں نہیں ہلاک ہو جاتے؟ اور تو کہتا ہے پادریوں کا دجل سب سے بڑا ہے۔ یہی دجال اکبر ہیں ایسا دجل کرتے ہیں۔ جس سے آسمان ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ اب تو بتا ڈیڑھ ہزار برس سے زیادہ گذر گیا۔ زمین و آسمان تو اس طرح قائم ہیں اور پادری روز بروز دنیاوی حیثیت سے ترقی پر ہیں۔

تیرے دجال اکبر جب ہلاک نہ ہوئے پھر اگر تجھ کو یہ بیس برس مہلت مل گئی۔ تو کیا ہوا کمبخت تو رسول ہی بنا ہے۔ فرعون نے خدا بن کر کتنی مہلت پائی تھی اور اس عیش میں تھا کہ اس کے خاکروب تجھ سے اچھے ہوں گے۔ دور کیوں جائیں ابلیس لعین جو تیرا ملہم اور رسول ساز ہے اور ایسے سب ظلموں کا منبع، اس کو قیامت تک کی مہلت ملی ہوئی ہے تو بیس پچیس برس کی مہلت سے غرور میں آ گیا۔ یہ تیری بے شرمی ہے۔ جو مہلت مہلت کہہ رہا ہے۔ جو پیشین گوئیاں تو نے اپنے معیار صدق وکذب قرار دی تھیں۔ وہ جھوٹی ہو چکیں اور تمام جہاں نے اس کو نصف النہار کی طرح دیکھ لیا۔ بجز چند سپر چشموں کے جنہوں نے آفتاب کی روشنی بھی نہیں دیکھی۔ کوٹلے اور لدھیانہ میں تیرے مرید معتقد بھی بن گئے ہیں کہ ہاں پیش گوئی حسب بیان پوری نہیں ہوئی۔ اب پیچھے سے تو خواہ کتنے ہی پرچے اڑائے۔ تیری ذلت کافی ووافی ہو چکی۔ تیری رگ گردن قطع ہو چکی۔ اب تو اس ذلت میں خواہ اور بیس سال تڑپتا رہ ایک مسلمان سے مباہلہ کر کے تیری یہ نوبت ہوئی ہے۔ اب اور کیا چاہتا ہے۔

قادیانی...... بس میں تو اور مولویوں سے ضرور مباہلہ کروں گا۔ کم سے کم دس ہی سامنے آ جائیں۔ برس روز کے اندر ہلاک ہوں گے۔

مسلمان...... بے حیا تیری چلاکیاں ہم خوب سمجھتے ہیں۔ برس روز تو یوں گزر جائے گا۔ ممکن ہے کہ اس میں سے بعض کی اجل مسمی ہی آ جائے۔ کسی کو کوئی اور تکلیف باذن الٰہی پہنچ جائے۔ اس کو تو اپنی طرف منسوب کرے کہ یہ ہمارے مباہلے کا اثر ہے اور جن کو کوئی نقصان نہ پہنچے۔ ان پر بہ تعلیم شیطانی۔ یہ الزام لگا دے کہ دل میں مجھ سے ڈر گئے تھے۔ اس لئے خدا نے عذاب روک لیا۔ تیرا گذشتہ قصہ آتھم سب کو یاد ہے۔ پھر تو ان کو قسمیں دے اور اس طرح دو چار برس اور گزر جائیں۔ آخر تجھے بھی مرنا ہے۔ اگر جلدی مر گیا تو چلو فیصلہ ہوا۔ مرتے کی ٹانگ کون پکڑے گا کہ حضور مخنث ذرا دیکھتے جاؤ کیا ہوتا ہے؟ اور اگر جیتا رہا تو پھر کوئی اور حیلہ سہی۔ آخر اوروں نے بھی مرنا ہے۔ جب کوئی مر گیا تو کہہ دیا۔ دیکھو مرا یا نہ مرا؟ تیری بیحیائی کے مقابلے میں گذارہ مشکل۔ فرو ماند آوار چنگ از دہل تغلیب کند سیر بر بوئے گل۔ تیری دروغگوئی کی کوئی حد نہیں۔ مباحثہ لدھیانہ میں جھوٹ بولا کہ بخاری میں یہ حدیث ہے کہ قرآن سے حدیث کی تصدیق کیا کرو۔ جب کہا گیا کہ بخاری میں دکھا اور ہزار روپے لے۔ خبیث تو اٹھ کے بھاگ گیا۔ اس میں امام بخاری پر اتہام لگایا۔ جناب رسول اللہ پر بہتان باندھا۔ لیکن شرمندہ نہ ہوا۔ تیری روسیاہی کو سارا جہاں دیکھ چکا

ہے۔ ۶٫ستمبر۱۸۹۴ء کو تیرا منہ کالا ہو کر گلے میں لعنتوں کا ہار ایسا پڑا تھا کہ اگر اس کو تیری جنگ مقدس کا فوٹو کہیں تو بہت مناسب ہے۔ جا بے غیرت، بے حیا چپ ہو کے بیٹھ۔ کچھ شرم کر روٹی کے لئے اور فن اور فریب تھوڑے ہیں۔ تیرے ہم پیشہ بہت سے ہیں۔ جفار بے شمار ہیں۔ جوتشی پنڈت بکثرت ہیں کیا ایسے دعاوی کئے۔ بغیر ان کو روٹی نہیں ملتی۔ ایسی گیڈر بھبکیاں کسی مشرک کو سنایا کر۔ مسلمان تو اس پر ایمان رکھتے ہیں۔ ''لن تصیبنا الا ما کتب اللّٰہ لنا ھو مولٰنا وعلیٰ اللّٰہ فلیتوکل المؤمنون '' ہمیں تو وہی پہنچے گا۔ جو ہمارے لئے اللہ نے لکھ رکھا ہے۔ وہی اللہ ہمارا مالک ہے اور اللہ ہی پر ایمان والوں کو بھروسا رکھنا چاہئے۔

قادیانی...... مجھے تیرے حق میں ابھی ایک بڑا خوفناک الہام ہوا ہے۔

مسلمان...... بہت تیرے الہام کی...... ایسے الہام کو اپنے سیاہ نامہ میں لکھ رکھ۔ تو تو کہتا ہے میں جمالی طور پر آیا ہوں۔ تجھ میں یہ جلال کہاں سے آ گیا۔ شاید تو جلال ہے۔ جا اپنی غذا پیٹ بھر کر کھا اور میں پڑھتا ہوں۔ ''حسبی اللّٰہ ونعم الوکیل''

قادیانی دجال کا استیصال!

(حصہ نظم)

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم!

رباعی نمبر:۱

ابن مریم کا محقر بہ حسودی ہے تو
ناقۃ اللہ کا بدخواہ ثمودی ہے تو
قادیانی تیرا عیسیٰ کو چڑھانا سولی
سن کے کہتے ہیں مسلمان کہ یہودی ہے تو

رباعی نمبر:۲

نہ مرا آتھم ترسایہ سہ ماہ ویک سال
پانچواں سال ہے سلطان کو بھی اے رمال
کادیانی تیرا منہ کر گیا کالا وہ بشیر
بن کے اب مرسل یزداں تو ہوا ہے دجال

کادیانی نہ شکوہ کر نہ گلہ
تھا یہی نظم ناصری کا صلہ

نظم نمبر:۱

حضرت حق میں تحیات وسجود / مصطفیٰ پر اس کے تسلیم ودرود
حمد حق نعت رسول حق کے بعد / عرض کرتا اہل ایمان سے ہے سعد
صاف فرماتے ہیں ختم المرسلین / میرے بعد اب ہو نبی کوئی نہیں
ہاں قریباً تیس دجال آئیں گے / جو رسول اللہ نبی کہلائیں گے
کادیانی مرسل یزداں بنا / واہ کیا دجال بے سامان بنا
دیکھو اس کاذب کی توضیح مرام / خود محدث بن کے کرتا ہے کلام
جو محدث ہو وہ ہوتا ہے نبی / ہے محدث بھی وہی جوشی نبی
انبیاء کا وحی میں ہمسر بنا / کشف میں ان سے بھی کچھ بڑھ کر بنا
معجزات ابن مریم سے نفور / پھر مثیل ان کا بنے کاذب کفور
خود ہی عیسیٰ کی بشارت بن گیا / مرسل ازراہ شرارت بن گیا
دیکھ کر چلتا ہوا یہ چال اسے / اہل دین نے لکھ دیا دجال اسے
کادیانی بن چکا دجال جب / خر نہ کیوں پائے مرید اس کا لقب
پیٹھ پر جن کی یہ رہتا ہے سوار / مل کے ستر ہاتھ کی باندھیں قطار
آگے آگے چیلا اک اعور چلے / ہر طرف سے آئے آواز بلے
کادیانی چیلی اک بولی ہے اور / اس کی ہے پردہ نشینی جائے غور
ناصر مرزا ہے بکواسی یہ ایک / خواہ بے نصرت بنے سفلہ کمین
جانتا ہوں خوب میں اس کو یہی / کادیانی پر تھا پہلے نکتہ چین
قبضہ اس کے گھر ہی پر کرنے کو تھا / کادیانی حیلہ گر کا نور دین
تھا لگاتا اس کو بیماری کا عیب / یوں کہہ اس کی شاخ بار آور نہیں
اور ہمارے پاس تھا یہ پیٹتا / فتنۂ دجال ہے یہ بالیقین
کادیانی کے یہی رکھتا تھا نام / بو مسیلمہ اور دجال لعین
جب وہ تھا خاطب سوئے ہشیار پور / اس کے دل میں بھر رہا تھا جوش کین
آبرو کھووے نہ بیچاروں کی ہائے / اس کے گھر میں آ کے وہ درثمین

اس کو جب سلطان محمد لے گیا
کادیانی رہ گیا اندر ہگین

اس لئے ہے اب یہ دلجمعی کے تھا
قادیان میں ہو کے بیٹھا جاگزین

نام کو اپنے چھپاتی خوب ہے
حسن چھپ چھپ کر دکھاتی خوب ہے

چھپ کے پردے میں ہیں کیا نخرے کیئے
مادۂ خر کے دولتی دیکھئے

منہ دکھانے سے ہے کیوں کرتی حذر
ہے یہ خناسی خواصوں میں مگر

خیر خواہ خلق بن کر آئی ہے
نظم اک میراثیانہ گائی ہے

اس حیا والی کے ہے کیا حسب حال
جفت کنجد گر کے کولہو کی مثال

قول اسی کا اس پہ صادق آ گیا
اب کسی کو کیا کہے گی بے حیا

کلمہ پڑھنے کے لئے تھی جو زبان
اس سے بکنے لگ گئی خود گالیاں

لفظ ٹھیک اس سے نہیں ہوتا ادا
کر سکے گی یہ شہادت کیا ادا

نظم حقانی سنے کب وہ گدھی
جس کو ہو تعلیم والغوافیہ کی

کادیانی کے سرائر جب سنے
خاص چیلی کیوں نہ پیٹے سر دھنے

کافروں نے ہزل قول فصل کو
خبث باطن سے کہا تھا دیکھ لو

کادیانی چیلی اب کہہ دے اگر
ہزل میری نظم کو بھی کیا ضرر

کر کے الزاموں سے کاذب کو بری
پھر دکھاتی گر یہ اپنی شاعری

دیکھنے والے سمجھتے کچھ کیا
اس سیہ کاری سے اس نے کیا لیا

یہ سگ وخر،جی میں جو آئے کہے
دیکھ دیکھ آئینے میں نالاں رہے

بھونکتی ہے اپنی صورت دیکھ کر
ہے نظر آتا گہے سگ گاہ خر

سن کے حال عفت النقوا
کہہ رہی اوروں کو ہے یوں دوغلا

کھایا ہوگا اس نے مغز استاد
باؤلاپن اس کا اب آتا ہے یاد

سب قیاس اس کے ہیں اپنی ذات پر
کوئی کیوں گھبرائے ایسی بات پر

کچھ نہیں اوباش کے کہنے کا رنج
اور نہ اس خفاش کے کہنے کا رنج

کوستی مثل زناں مردوں کو ہے
اور بلاتی پھر جواں مردوں کو ہے

مر نہیں چکتا کہیں کہتی ہے گاہ
کوئی کوڑھی ہو گا پھر بھرتی ہے آہ!

منہ پہ برقع اور بنی گمنام ہے
اس پہ پھر دیتی صدائے عام ہے

ہر مخالف کو صدا دیتے ہیں ہم
ہر مکفر کو ندا دیتے ہیں ہم

اس لڑائی کے لئے تیار ہو
صدق دل سے عازم پیکار ہو

منہ چھپائے مثل زن اور جنگجو
اور پکارے یوں جواں مردوں کو تو

تف ہے تجھ پر اور تیرے اس شور پر
ہے تیری بکواس یہ کس زور پر

کادیانی جو تیرا استاد ہے
لدھیانہ دلی اس کو یاد ہے

ہے فراری ہو چکا جیسے ہو چور
وہ نہیں بھولے گا اس کو تا بگور

اس نے امرتسر میں منہ کی کھائی ہے
روز افزوں جس سے ذلت پائی ہے

خود گلے میں ہے رسہ ڈالوا چکا
اور سیاہی منہ پہ ہے ملوا چکا

اپنے منہ سے خود ہے لعنت پا چکا
ہاویئے میں اپنے پاؤں دبا چکا

بحث میں عیسائیوں کے سامنے
کیا دکھایا تھا نشان ناکام نے

قوم ترسا کے مقابل ہو کے یہ
مابقی عزت رہا ہے کھو کے یہ

پھر مسلمانوں کو بلوانے لگا
شاید اب پھر سر ہے کھجلانے لگا

حمد ہے سب حق رب العالمین
جس نے اس شر بچائے اہل دین

خارج از اسلام اگر پہلے ہی سے
کر نہ چکتے عالمان دین اسے

ہوتی بدنامی بہت اسلام کی
جو غرض اصلی تھی اس خود کام کی

شکر ہے اس خالق علام کا
ہے محافظ آپ وہ اسلام کا

کہنہ ونو دونوں عیسائی ذلیل
ہو گئے جس سے نکالی وہ سبیل

ایک بولا میں نشان دکھلاؤں گا
آئے جب بیمار عاجز رہ گیا

دوسرے پر بھی لگا الزام خوب
کھل گئے اس کے بھی ایمانی عیوب

کیا کٹا ہے سینہ دشمن پہ سانپ
مر گیا دشمن بھی نیچے کانپ کانپ

مرزا سلطان محمد کی خبر
عرصہ سی ماہ میں جائے گا مر

گرچہ اس قصے کو پنجم سال ہے
اب تک اپنے گھر میں وہ خوشحال ہے

پر نہ چیلوں نے کبھی اتنا کہا
کیا ہوا الہام زوّجنٰکھا

کچھ حیا اس سے نہیں بے شرم کو
غیر کے گھر میں وہ زوجہ شاد ہو

یہ نہ بولے اور دیکھے صبح وشام
شرع میں اس بے حیا کا کیا ہے نام

کادیانی بیحیائی کا ہے پیر　　پیٹتے ہیں چلیاں چیلے لکیر
روتے ہیں آتھم کے مرنے کے لئے　　اور وہ سلطان خواہ عشرت سے جئے
آتھم آتھم پیٹتے ہیں بے حیا　　نام تک لیتے نہیں سلطان کا
کادیانی تو تو تھا دجال ایک　　تیری یہ چیلی بھی دجالہ ہے لیک
واہ کیا دجال کی دجالہ ہے　　بلکہ سچ پوچھو تو اس کی خالہ ہے
وہ ہے اک رمال یہ رمالہ ہے　　اس سے کچھ بڑھ کر بنی محتالہ ہے
ہے بخاری اور عبداللہ کا نام　　لے رہی یہ تاکہ دھوکہ کھائیں عام
ابن قیم ابن تیمیہ کا ذکر　　سن کے دھوکہ کھائیں گے بے عقل
سن کے ان ناموں کو سمجھیں گے عوام　　قائل ان باتوں کے ہوں گے یہ امام
مردہ وہ عیسیٰ کو ہوں گے جانتے　　اور مصلوبیت ان کی مانتے
اب نہ خود عیسیٰ مکرر آئیں گے　　ہو چکے مدفون کیونکر آئیں گے
اب جو آئے گا فقط ہو گا مثیل　　کادیانی ایک کذاب ذلیل
قادیان کا رہنے والا ایک مغول　　نسل سے النقوا کے بو الفضول
بن کے آئے گا پیمبر خود غرض　　زرد جوڑا منہ پہ زردی مرض
نورے اور حسّو کے کندھوں پر سوار　　یہ فرشتے ہوں گے اس کے نابکار
کہہ گیا ایسا ہے کب کوئی بزرگ　　خود ہے گھڑتا قادیانی کہنہ گرگ
ہے بزرگوں پر لگاتا اتہام　　نیچری سید کا ناشکرا غلام
اس کی تحریروں سے ثابت ہو چکا　　کادیانی ہے ولی شیطان کا
پھر یہ چیلی ہے ولی کہتے اسے　　جس کو نفرت فعل روح اللہ سے
دیکھئے بچھیا کے باوا کی خری　　معجزے عیسیٰ کے عجل سامری
مدعی ہے وحی اور الہام کا　　مثل ذات مرسلین وانبیاء
مصطفیٰ کے بعد جو اپنے تئیں　　مرسل یزداں لکھے ہے وہ لعین
نظم کے آخر مراثن کی دعا　　اپنے مرسل کی مدد کرائے خدا
صاف ناطق ہے کہ وہ دجال ہے　　خود نبی بننے کی یہ سب چال ہے
ہاں ولی ہے تو ولی شیطان کا　　دیں کا دشمن راہزن ایمان کا

سن اری او بے حیا دجالچی
کہتا ہے خود کادیانی لالچی
ایک سو چالیس ازالہ دیکھ لے
اپنے باوا کا قبالہ دیکھ لے
یہ مسیحا کے پھر آنے کا یقین
کچھ نہیں ہے جزو ایمان رکن دین
اس خبر سے پہلے دین ناقص نہ تھا
بعد اس کے کچھ نہ کامل ہوگیا
یعنی اس عیسیٰ ابن مریم کا نزول
دین وایمان میں عقیدہ ہے فضول
کوئی اس نقال کو مانے نہ گر
طعن ارے دجالچی اس پر نہ کر
عالموں سے تو یہ لڑنا چھوڑ دے
حق کے آگے یوں اکڑنا چھوڑ دے
کیوں تجھے شیطان اکساتا ہے یوں
راست اپنا تجھ پہ ظن لاتا ہے یوں
مرسل یزداں جسے کہتا ہے تو
ہے یہ شیطان کادیانی رشت خو
کفر بالطاغوت وایمان باخدا
لازم وملزوم ہیں اے پر جفا
کادیانی بالیقین طاغوت ہے
اس سے جو بیعت کرے وہ اوت ہے

مناجات بحضرت قاضی الحاجات

اے خدا ایمان پہ قائم رکھ ہمیں
مصطفیٰ کی راہ پہ دائم رکھ ہمیں
فتنۂ دجال سے دیجیو امان
سب سے بڑھ کر ہم پہ تو ہے مہربان
جتنے ہوں دجال یا دجالچے
ان کی زد سے دین اور دنیا بچے
ہم کو یاں دل شاد رکھ آباد رکھ
اپنے فرمانوں کا تو منقاد رکھ
عافیت سے رکھ ہمیں دارین میں
دے مرادیں دین و دنیا کی ہمیں
دین پر قائم رہیں جب تک جئیں
وقت رحلت کاسہ وحدت پئیں
کچھ نہ ابلیس لعین کا بس چلے
تیری رحمت سے ہوں طے سب مرحلے
قبر میں مثل عروس توسلا
وقت نفحہ مہربانی سے بلا
جب چلیں اٹھ کر تو شاد و سرخرو
تجھ سے ہم راضی ہوں یارب ہم سے تو
جنت الفردوس میں منزل ملے
دور ہو جائیں سبھی شکوے گلے

آمیـــــــــــــــــــــــــــــــن!

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

نظم نمبر:۲

کادیانی کے سب ستایش خر
اس مسدس کو سن کے ہیں ششدر

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

ہے لم یمت حسن سے مختار کی زبانی — قبل از قیامت آنا عیسیٰ کا بارثانی
چالیس سال آکر ہو اور زندگانی — ہوجائے ان کے آگے دجال گل کے پانی

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

ممتاز خلق میں ہیں صدیقہ ان کی ماں ہے — عیسیٰ کی یہ فضیلت قرآن میں بیان ہے
ہیں چوتھے آسمان پر ان کا وہ اب مکان ہے — منزل دمشق ہوگا اور منتظر جہان ہے

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

معلوم سب کو ہے کیا تھی عمر نوحؑ و آدمؑ — ختم الرسلؐ ہیں افضل پھر یہ بھی ہے مسلم
کیا ہے کمال ونقصان ہو عمر بیش یا کم — زندہ ہیں ابن مریم زندہ ہیں ابن مریم

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

جب انہ لعلم للساعۃ آچکا ہے — اور ابن مریم اس میں مرجع ضمیر کا ہے
قول ابوہریرہؓ تشریح مدعا ہے — اب بارثانی آنے میں شک وشبہ کیا ہے

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

قرآن میں...... وان من اهل الکتاب دیکھو — مستقبل مؤکد سمجھو لیؤمنن کو
یا ہے اس کے آگے پھر قبل موتہ جو — عیسیٰ کے زندہ ہونے پر ہیں گواہیاں دو

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

سب دہلوی محدث ہیں ترجموں میں لکھتے — حسب بیان بالا معنی ان آیتوں کے
ان کادیانیوں کے سب ادّعا ہیں جھوٹے — بدظن ہیں انبیاء سے اور صالح سلف سے

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

مذکور قد خلت میں کب ہے کسی کا مرنا — معنی خلا کا ہے بس ایک جا سے ہو گزرنا
معنی اذا خلوا کا جب مر گئے نہ کرنا — ہاں دیکھ سنت اللہ کو مارنے سے ڈرنا

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

دجال کادیانی نے جال اک بچھایا — ہے معنی توفی مرنا فقط اوڑایا
نفس لم تمت کے حق میں توفی آیا — تقریر بے سروپا میں اس کو ہے چھپایا

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

خود بھی منتظر تھا عیسیٰ بنا نہ تھا جب — اب ان کے مارنے میں اس کا فقط ہے مطلب
عیسیٰ اور مہدی سے آپ ہو ملقب — اہل الغرض کی باتیں دانا ہیں مانتے کب

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

بلبل نے کیا گلستان میں نغمے ہیں سنائے — معدوم ہی ہے کیوں دنیا سے ہو نہ جائے
الّو کے زیر سایہ کوئی کبھی نہ آئے — اس زاغ کادیانی نے پڑھ کر سب بھلائے

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

کہتا تھا میں مجدد ہوں سیزدہ صد　　آخر بنا نبی اور مرسل رسول احمد
خود بن کے عیسیٰ ان کو کہتا ہے شوخ مرتد　　مر کر ہوا وہ مٹی اب کیسی اس کی آمد
زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

مرزا بطور خفیہ چیلا ہے نیچری کا　　مرگ وصلیب عیسیٰ یہ سب اسی سے سیکھا
البتہ اس سے بڑھ کر بن بیٹھا آپ عیسیٰ　　وہ پیر پر شکم تھا چیلا تھا پر یہ بھوکا
زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

زردار ہے وہ بڈھا اور یہ دیوالیا ہے　　وہ پنشنر اور اس نے ریزائن دے دیا ہے
نقد اس کا سودی اس نے مزرع گرد کیا ہے　　پر وعدہ کتب سے عالم کو ٹھگ لیا ہے
زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

کہتا تھا تین سو جز میری کتاب ہوگی　　پینتیس جز پھر لی دس پچیس قیمت اس کی
تھا اک سراج فرضی سادہ دلوں کی دھمکی　　روغن پیا بہت سا وہ شمع پر چمکی
زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

پاپڑ ہیں کادیانی نے ہر طرح کے بیلے　　الہام و وحی و قانون کیا کیا نہ کھیل کھیلے
ناصر معاون اس کے اٹھے ہیں چند چیلے　　گھبرا نہ مؤمن ان کے تو دیکھ دیکھ میلے
زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

عیسیٰ سے معجزوں میں یہ سفلہ ہے منافر　　اسلامیوں نے اس کو ثابت کیا ہے کافر
اپنے ہی اعتقادوں پر گر ہو مسافر　　کس منہ سے ہوگا حاضر پیش خدائے غافر
زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

مرزائیوں نے ہر سو اک شور ہے مچایا عیسیٰ یہودیوں نے سولی پہ تھا چڑھایا
قرآن اس کی حق سے تکذیب کرنے آیا نفی صلیب کر کے رفعت کو ہے جتایا

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

ان نو مسیحیوں کو انجیل بھی دکھاؤ عیسیٰ حواریوں سے کہتے ہیں جو سناؤ
تم مثل برق مجھ کو آتا فلک سے پاؤ جھوٹوں کو دشت وحجرہ میں ڈھونڈنے نہ جاؤ

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

میں ہوں مسیح کہہ کر جھوٹے بہت سے آئیں جھوٹی کرامتیں اور کچھ شعبدے دکھائیں
بس ہو تو راستکاروں کو بھی کچھ سکھائیں کر فضل یا الٰہی رکھ دور یہ بلائیں

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

لکھتے ہیں ابن قیم نونیہ دیکھو ان کا معراج مصطفیٰ کو سوئے فلک ہوا تھا
ہیں چڑھ چکے ادھر ہی کو پہلے ان سے عیسیٰ ہاتھوں سے جن کے ہوگئی ٹکڑے صلیب ترسا

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

کیا د کادیانی دیکھو یہ کیا ہے بکتا سولی سے عیسیٰ اترا تھا آدھ موا سسکتا
موت اس کو آگئی پھر اب آنہیں وہ سکتا مکار خود غرض ہے کیا جعل ساز یکتا

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

ہے مجمع بحار الانوار میں یہ مظہر عیسیٰ کی لم یمت پر ہے اتفاق اکثر
بیں اور ایک سو پھر پینتیس پر نظر کر وہ مات لم یمت کے آگے ہے مات منکر

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

ہیں ساتھ مصطفیٰ کے دو صاحبان عالی ۔۔۔ دو چاند ایک سورج چل جھانک دیکھ جالی
عیسیٰ کے واسطے وہاں چوتھی جگہ ہے خالی ۔۔۔ جیتے کو مردہ کہنا بے شک ہے ایک گالی

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

کہتا ہے یوں ازالہ دجال مفتری کا ۔۔۔ عیسیٰ کا معجزہ تھا گوسالہ سامری کا
تھا صرف معجزہ یہ کھیل اک فسونگری کا ۔۔۔ کالا کرے خدا منہ مکار نیچری کا

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

الہام و وحی مرزا مانند انبیاء ہے ۔۔۔ صاف انکشاف اس کا کچھ ان سے بھی سوا ہے
من نیستم رسول اک دھوکا نہیں تو کیا ہے ۔۔۔ مرزائیو تمہاری عقلوں کو کیا ہوا ہے

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

جب کذب وکفر برسیں مکار کی قلم سے ۔۔۔ بچتے نہ ہوں نبی جن کی بدگوئی وستم سے
کیا سودست بچن سے نہ آریہ دھرم سے ۔۔۔ واقف ہیں بافراست سب اس کے پیچ خم سے

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

ان کفریات سے ہو جب تک نہ آپ تائب ۔۔۔ کیا فائدہ جتانا کفار کے معائب
عیسیٰ نہ بن سکے گا ہرگز بقول صائب ۔۔۔ ثابت ہوا شریعت میں خاسر اور خائب

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

سلطان مکین پٹی نے کیا غضب کیا ہے ۔۔۔ وہ جام وصل گویا مرزا کا خون پیا ہے
اب پیشین گوئیوں سے منہ اس کا سی دیا ہے ۔۔۔ اللہ نے جس کو جتنی دی زندگی جیا ہے

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

مشہور ہو کے برسوں مرزا غلام احمد
بننے لگا رسول اب سرکش بنام احمد
عیسیٰ ہوں جب نصیر دین ہمام احمد
کہنا جو ان کو دیکھے سعدی سلام احمد

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

سعدی کلیہ مسدس سب کو پسند ہوگا
مرزائیاں منصف کو سود مند ہوگا
شائع بہ شش جہت یہ ترجیع بند ہوگا
تاگنبد چہارم نعرہ بلند ہوگا

زندہ ہیں ابن مریم بارفع آسمانی
سولی نہیں چڑھے وہ جھوٹا ہے کادیانی

نظم نمبر:۳۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم!

جناب رسالت مآب کی پیش گوئی

اہل ایمان ہے یہ قول حضرت خیر الورا
ہادی وغمخوار امت شافع روز جزا
احمد مرسل حبیب حق امام المرسلین
باعث تکوین موجودات و ختم الانبیاء
اس گھڑی سے پہلے جھوٹے تیس دجال آئیں گے
ہو رسول اللہ بننا جن کا اصلی مدعا
یاد رکھو تم نبوت ختم مجھ پر ہو چکی
اب نبی مرسل نہ میرے بعد کوئی آئے گا
اک گروہ ایسا رہے گا میری امت میں ملہم
لوم لائم کا نہ جن کے دل میں ڈر ہوگا ذرا
آمر معروف ہوں گے حق سے نصرت پائیں گے
راہ حق میں راستی پر پاؤں رکھیں گے جما
اس روش پر آج تک گزرے ہیں تیرہ سو برس
مخبر صادق نے جو فرما دیا ہوتا رہا
اس جہاں سے جب ہوئی رحلت رسول اللہ کی
ہو گئے دجال اسود اور مسیلمہ برملا
یہ مسیلمہ جس کا امت میں لقب کذاب ہے
تھی نبوت اس کی بہر حلت خمر و زنا
عہد میں صدیق اکبرؓ کے کیا خالدؓ نے قتل
اور اسود ہاتھ سے فیروز کے تھا مارا گیا
شعبدہ بازی کا پھیلایا تھا اس نے دام خوب
اس کو سجدہ کرتا تھا اس کی سواری کا گدھا
قرمطی تھا اک ابوطاہر بعہد مقتدر
سنگ اسود لے گیا کعبے سے وہ کر کے جدا
عیسیٰ اک کہتا تھا مدثر ہے میرا ہی لقب
غالب آیا شام پر مقتول بھی واں ہی ہوا

اک محمد بن علی کہتا تھا میں بھی ہوں خدا
مردہ زندہ کرتا ہوں انجام سولی پر چڑھا

ایک کہتا تھا کہ مجھ میں اتری ہے روح علی
ہے میری بیوی میں روح فاطمہ خیر النسا

ایک شخص اپنے تئیں کہتا تھا میں جبرائیل ہوں
بن کے سید چھٹ گیا جب دست حاکم سے پٹا

ایک کہتا تھا کہ میں ہوں لا نبی حسب حدیث
نام اس نے کر لیا تھا پہلے ہی مشہور لا

ایک عورت تھی جو کہتی تھی ہوئی نفی نبی
میں نبیہ ہوں نبیہ سے نہیں جائز ابا

زہر کھائی تھی مقنع نے ہوا تھا قید جب
ماہ نخشت کا یہی صناع تھا کانا عطا

اک خلیل اللہ ابراہیم کہلاتا رہا
نوح صاحب فلک اک تھا مدعی طوفان کا

الجماہر اک نے کوثر کے مقابل میں گھڑی
چڑھ کے سولی پر عجب عود وعمود اس کو ملا

عیسیٰ موعود میں ہوں مدعی تھا ابن عود
قادیانی ہی تھا گویا یہ دمشقی مسخرا

ابن تیمیہؒ نے اس پر ہوں خدا کی رحمتیں
جس طرح سے چاہئے خوار وذلیل اس کو کیا

کادیانی کے لئے ہے ابن تیمیہ حسین
مرحبا اے حامی دین پیمبر مرحبا

حق رکھے تجھ کو سلامت باکرامت دیر تک
مؤمنوں کے سر پہ ہو سایہ تراظل ہما

تیری حق گوئی کو روکے لوم لائم کس طرح
حق سے تو منصور ہے پاتا ہے تائید خدا

اہل ایمان کو بچایا فتنۂ دجال سے
کر دیا سب دور کفر کادیانی کا خفا

نیچری منگول سرسید کا ناشکرا غلام
فارسی الاصل بن کر مہدی سید بنا

عیسیٰ مریم ہوا آلان قوا کی نسل ہیں
جس کی عفت کا ہے مظہر روضہ صدق وصفا

شامت اعمال سے ہیں چند چیلے بن گئے
سب نے رکھا طاق نسیان میں جو کچھ لکھا پڑھا

چند کیا دیں رخ آورند سوئے قادیاں
دام دجالی نہادند ابلہاں چندرا

اس صدی کا میں مجدد ہوں کہا یوں چندر پال
پھر محدث بن کے جوڑا اس پہ اور اک افتراء

جو نبی ہے وہ محدث ہے محدث ہے نبی
وحی اور الہام میں دونوں کا ہے اک مرتبہ

وحی والہامات ہر دو دخل شیطان سے ہیں پاک
خود اسے توضیح میں ہے خوب واضح کر چکا

من پیمبر نیستم لکھنا ہے اک دھوکا فقط
کادیانی! ہے تیری پیغمبری میں کسر کیا

حق نے کہلایا نبی سے انما یوحی الیّ
دیکھ قرآن میں بشر سب انبیاء تھے مثلنا

انبیاء میں اور لوگوں میں نہیں جز وحی فرق
کادیانی تو ہی کہہ دے ہو جو کچھ اس کے سوا

غیب کا اظہار بھی غیر از رسل ہوتا نہیں ۔۔۔ وحی سے ممتاز ہیں مرسل بہ حصر انما
اس لئے تبلیغ میں معصوم بھی رہتے ہیں وہ ۔۔۔ کیونکہ ان کی پیروی میں منحصر ہے اہتداء
پھر خطا پر بھی کبھی رہنے دے جاتے نہیں ۔۔۔ ان کو ہر دم حضرت سبحان سے آتی ہے ندا
سوء وفحشا سے بچائے جاتے ہیں وہ مخلصین ۔۔۔ حضرت یوسف کے حق میں دیکھ لولا ان راء
یاد کر اپنی وہ تفسیر اخیر مرسلات ۔۔۔ بعد از قرآن حدیثوں کی طرف ہرگز نہ جا
سورۂ حج میں نبی آیا ہے یا لفظ رسول ۔۔۔ کادیانی خود غرض لفظ محدث مت بڑھا
انبیاء میں اور اپنے میں دکھا کر کے تمیز ۔۔۔ محض خدعت ہے پیمبر نیستم کہنا ترا
جس کی عیسیٰ نے خبر دی میں ہوں وہ احمد رسول ۔۔۔ ہے ازالے میں تیرے چھ سو تہتر پر لکھا
تیرا ابنیت کا دعویٰ بھی سراسر کفر ہے ۔۔۔ کیا نصارا کی ہے ابن اللہ کہنے میں خطا
ان میں بھی فرزند صلبی تو کوئی کہتا نہیں ۔۔۔ حق نے کیوں اس بات پر تکفیر کی ان کی بھلا
ہے نصاریٰ سے تیرا جنگ مخنث کس لئے ۔۔۔ استعاروں کا ہے استعمال تو بھی مانتا
معجزات انبیاء کو تو کہے لہو ولعب ۔۔۔ بلکہ ان پر شعبدہ بازی کا بہتان بیجا
کہتا ہے اعجاز عیسیٰ کھیل بازی تھی فقط ۔۔۔ سامری کا جس طرح سے سحر وہ گوسالہ تھا
مرسل یزدان مسیح وقت بننے کے لئے ۔۔۔ اہل دین میں تو نے اے منحوس ڈالا تفرقا
ہو گیا ثابت براہین سے کہ ہے تو مفت خور ۔۔۔ دے کے وعدہ تین سو جز کا ہزاروں کھا گیا
وہ براہین چار جلدوں تک چلی پینتیس جز ۔۔۔ اور آخر میں مسلمانوں کو دی تو نے دغا
کہہ دیا بس ہے یہی کافی ہدایت کے لئے ۔۔۔ اس سخن سازی پہ سرا میر ناصر ہے گوا
وہ شب قدر مبارک اور عیسیٰ کا نزول ۔۔۔ فتح سے بودی براہین ہو گئی مثل ہبا
مدعی تھا تو براہین میں کہ عیسیٰ آئیں گے ۔۔۔ نیچری کے چیلے اب کہتا ہے ان کو مرگیا
ان کو اب سولی پہ لٹکاتا ہے تو اے بے ادب ۔۔۔ حق نے جن کے حق میں کی نفی صلیب اشقیا
بہر ذلت دست اعداء میں پھنساتا ہی نہیں ۔۔۔ کافروں سے کرتا ہے تطہیر جن کی کبریا
کیا یہی اسرار معارف میں ہے کامل دستگاہ ۔۔۔ ساتھ قرآن کے نہ مانے تو حدیث مصطفےٰ
قابل ایمان نہیں ہے بعد قرآن جو حدیث ۔۔۔ تو نے قول مصطفےٰ کو اس میں داخل کر دیا
ہیں عبث تیری کتابیں اور رسالے اشتہار ۔۔۔ کون کافر تیری تصنیفات سے مؤمن ہوا

تحفہ وخلعت ہدیہ اور سوطہ اللہ دیکھ / سیکڑوں ان سے ہوئے ہیں سالک راہ ہدا
تیری تصنیفات سے مؤمن بھی کافر ہوگئے / سمجھے تیرا وحی اور الہام مثل انبیاء
لگ گئے کہنے وہ سب عیسیٰ نبی اللہ تجھے / مرسل یزداں کا تجھ کو کر دیا ٹائٹل عطا
شامت آئی تیری عبدالحق سے ہوکر مبتہل / وقت پر کیا قدرت حق سے ترا خاکہ اوڑا
آتھم وسلطان نے تجھ کو روسیاہی دی عجیب / لعنتوں کا سخت رسا تیری گردن میں پڑا
چھ ستمبر شور تھا صورت پہ تیری چار سو / کیا عجیب جنگ مقدس کا ہے فوٹو واہ وا
جب مہینہ بعد اکتوبر کی آئی آٹھویں / حضرت سلطان سے دیوثی کا ڈپلوما ملا
مرگ عموائیل تازہ ان کے جینے سے ہوئی / تیری بیت الفکر میں ماتم ہوا برپا نیا
گزری وہ مدت سوا سال اوراڑھائی سال کی / گزری نو سال اور نہ عموائیل کا نکلا پتا
کیا تیرے ابلیس ملہم نے کیا تجھ کو ذلیل / مشتہر کروا دیا الہام زوّجنٰکھا
خانہ سلطان محمد بیگ آباد اس سے ہے / اور ہے تو حسرت بھری آنکھوں سے کاذب دیکھتا
پیش گوئی سے تیری معیار صدق وکذب تھی / تیرا جھوٹا ہونا ثابت ہو گیا بے امترا
سیزدہ صد نام سے اپنے نکالے فائدہ؟ / بے خبر جملہ نہ پورا کر سکے گا مبتداء
اس سے کچھ ثابت نہیں ہوتا کہ مرزا کون ہے / یعنی اک دجال ہے یا ہے مجدد رہنما
گر غلام قادیانی کو کہیں دجال ہے / اس میں تیرہ سو ہیں پورے جملہ ہے پورا ادا
ہیں اگر اعداد ابجد مثبت دعویٰ کہیں / ہو گیا دجال ثابت قادیانی میرزا
قول عیسیٰ دیکھ لو انجیل میں منقول ہے / بادلوں میں سے مثال برق میں پھر آؤں گا
از حسنؓ ابن کثیر آورد الیکم راجع / ان عیسیٰ لم یمت قول رسول مجتبیٰ
زندہ ہیں عیسیٰ ابن مریم اور وہی پھر آئیں گے / وہ کجا یہ کادیانی فتنہ گر جھوٹا کجا
یا الٰہی شر سے اس دجال کے دیجیو امان / اور اس دجال کے شر سے جو ہے اس کا بڑا
فتنۂ موت وحیات وحشت وتنگی گور / اور دوزخ کا عذاب ان سب سے تو ہم کو بچا
یا الٰہی حاملان عرش بھی آئیں کہیں / ہم زبان اہل ایمان سن کے سعدی کی دعا

لدھیانے میں ایک عاجز نے پردے میں بیٹھ کر دجال کی حمایت کی تھی۔اس کو انہی دنوں میں انعام دیا گیا۔

ارے محجوب بالکل خام عاجز | بہ فن شاعری ناکام عاجز
میری معجز کلامی دیکھ لے تو | مقابل میں ہے تیرا نام عاجز
بنا تو حامی دجال افسوس | ارے کمبخت نافر جام عاجز
حمایت تجھ کو ایک کافر کی سوجھی | کیا شیطان نے کیا الہام عاجز
تیرا مرزا ہے اک دجال جس کے | عیاں ہیں کفر اور آثام عاجز
ملی دجال کی تجھ کو محبت | برائی کو دی واصمام عاجز
مسلمان کہہ رہے ہیں ہر طرف سے | ہے بے شک دشمن اسلام عاجز
تیری بے جا حمایت کے صلے میں | ملا ہے یہ تجھے انعام عاجز
بقول عالم و قاضی و مفتی | ہوا ہے اشتہار عام عاجز
اے کافر غلام کادیانی | پھنسے ہیں اس کے زیر دام عاجز
وہ تنبیہات صرف اظہار حق ہیں | نہیں ہر گز کوئی دشنام عاجز
یہ ہے نام بزرگان سے تفاول | ہے بیہودہ تیرا الزام عاجز
ارے نو مسلمی بھی عیب ہے کچھ | نہ کوئے جہل میں رکھ گام عاجز
شہادت دین کی فضل خدا سے | رہوں دیتا میں تا انجام عاجز
مسلمانوں سے ہو مجھ کو محبت | نہ ہوں دجال کے جورام عاجز
خلیل اللہ سے اف لکم سن | میری حجت کا دیکھ اتمام عاجز
تبرأ منہ توبہ میں ہے مذکور | نہیں یہ رفض پر اقدام عاجز
صحیح آیا نہ تجھ کو نام وہاب | ارے اوذاکر اصنام عاجز
یہ کلمہ ہے غلط تیری زبان پر | نہ بن بدمست پی کر جام عاجز
جو پھر تو نے زبان ناحق ہلائی | تو ہوگا تیرا خوب افحام عاجز
پھنسائی تو نے ناحق ٹانگ اس میں | یہاں تیرا بھلا کیا کام عاجز
جو پوچھیں کیوں ہے عیسیٰ کادیانی | رہے تو وقت استفہام عاجز
اگر ہے کچھ سمجھ یا شرم تجھ کو | یہ ہے کافی پے افہام عاجز
نہیں دجال سے ڈرتے مسلمان | تجھے ہے جس سے استسلام عاجز
نہ پھنستے جال میں دجال کے تم | جو سنتے سعد کا پیغام عاجز

نظم نمبر:۴ ...... افہام وتنبیہ بہ مرزائیاں سفیہ

مرزائیو کیا کہتا ہے اسلام تمہارا، گر تم ہو مسلمان
عیسیٰ پر ہے کیوں سحر کا الزام تمہارا، کیا ہے یہی ایمان
اس امت مرحومہ کو اندھی جو بنائے، ٹھٹھے میں اڑائے
صد حیف وہ مرزا ہے دلارام تمہارا، اے فرقہ ناداں
تم صاف لگے لکھنے اسے مرسل یزداں، ماموزز رحمٰن
شاہد ہے یہ گنجینہ اوہام تمہارا، دیکھو سرعنوان
کہتے ہو رسل کو عمل الترب کا عامل، ناقص تھے نہ کامل
دشنام سے کچھ کم نہیں یہ کام تمہارا، شیطان کے اخوان
جب لم یمت آیا ہو حدیث نبوی میں، کیا اور سند دیں
معنا ہی توفی ہے بہت خام تمہارا، موجود ہے فرقان
تم ماصلبوا کو صلبوا سمجھو غضب ہے، کیا تم سے عجب ہے
مانے نہ اگر لم یمت الہام تمہارا، کاین نیست بقرآں
وہ روح خدا لائیں گے تشریف مکرر، ہے یونہی مقدر
کرتے حسن بصری ہیں افہام تمہارا، خوش ان سے ہو یزداں
زور اس پہ ہے سولی پہ چڑھ گیا عیسیٰ، اب آئے گا پھر کیا
بس ورد یہی ہے سحر و شام تمہارا، حیف ازراہ طعناں
کافر تھے کہا کرتے ابھی لادے، قیامت بروقت ندامت
عیسیٰ کو اتارے یہ پیغام تمہارا، جب ہوتے ہو حیراں
شب پانچ ستمبر کی سال نو دو چار، دوڑی خبر تار
تھا قادیاں میں دیدنی کہرام تمہارا، ہر ایک تھا نالاں
دی روسیا ہی آتھم وسلطان نے تم کو، دجال کے چیلو
شیوہ ہوا ہر بات میں دشنام تمہارا، تہذیب کے قرباں
تم داڑھیاں منڈوا کے بھی کچھ باز نہ آئے، جوہر یہ دکھائے
کیا ہوتا ہے دیکھیں ابھی انجام تمہارا، اے بے سروساماں

سلطان سے کہو پونجھ دے آ کر وہی آنسو، دیکھو یہ روسیہ
روتا ہی پڑا مہدی ناکام تمہارا، بایاس فراواں
دی جفر نے مرزا کو دغا رمل نے دھوکا، کس بھاڑ میں جھوکا
اب آ گیا سورج بلب بام تمہارا، کچھ دم کی ہو مہماں
ثابت ہوا دجال احادیث سے بے گت، بازعم نبوت
پھر کیوں نہ ہو دجالچی اب نام تمہارا، اے زمرہ غیلاں
مست ہے بدعت ہو مخالف ہو سلف سے، برعکس خلف سے
بھر سکتا ہے کوثر سے کہاں جام تمہارا، تائب نہ ہو گریاں
کچھ نظم تم اسلامیوں کی نذر تھے لائے، پرچے تھے چھپائے
سعدی کی طرف سے ہے یہ انعام تمہارا، یوں ہے وہ غزلخواں

نظم نمبر:۵

ساختنش ہمچو صورت غربال	تیر باراں بہ سینہ دجال
کنم زحق استعارہ ہر دم کہ ایں بلائیست ناگہانی	خدائم اندر پناہ دارد عمر دجال قادیانی
منافقانہ کند باسلام و دین حق دعویٰ لسانی	نعوذ باللہ من شرور الغلام فی الکفر مثل دجال
بگفت احمد منم رسولے کہ کردہ عیسیٰ گہر فشانی	سخت بودہ غلام احمد کنوں عقوق از غلامیش کرد
رسید تاکفر منزل وے بابنیا کرد بدگمانی	محدثم گفت ابتداء بامردیں گشت محدث آخر
من وخیالات روح پرور مسیح واندیشہائے فانی	کہ معجزات مسیح شد شعبدات ولہو ولعب سراسر
وگرنہ ازوے نبودے کم بفضل خلائق ومہربانی	ہمیں ست باعث کہ دردلم شد معجزات مسیح نفرت
زحال ماجوج ودابہ ہم زاعور وایں خرد خانی	ببیں بقولش کہ موبمو منکشف نہ گردید بر پیمبر
چراکیں کارشد مفوض بہر کہ باشد مثیل وثانی	منم کہ امروز کاشفم از حقیقت ایں ہمہ خبر ہا
کہ پیش گوئی خویش رانیز پے نبردند در معانی	مکاشفات مسیح والہام انبیاء غلط بگوید
بکذب شان بازگشت قائل نفاق تا کہ بود نہانی	بہ چار صدعا کفان جعلی نبوت حق عطا نمودہ
باتخاذ ولد نماید بقوم تثلیث ہمعنانی	بسوئے ابنیت حق آید باستعارہ شریک عیسیٰ
قدم نہد تا بہ منبر من سبیں چہ عجب ست سرگردانی	مثیل عیسیٰ وافضل ازوے کہ گویدا کنوں کجاست عیسیٰ
مریض مہروز تین پوش ست دائم از رنگ زعفرانی	یکی زامروہہ یک زبھیرہ دو حامیانش فرشت گانش

مسیح موعود مہدی وقت فارسی اصل وحارث آمد
نہ ازعراق ست ونے زایران نہ ازحجاز آنچنانکہ دانی

نہ مادرے وی بتول ومریم نہ منزل اودمشق شامی
تفرج روضۃ الصفاکن کہ حال النقو انجوانی

زنسل چنگیز خان سفاک کاصل اوشد چینی
اگرچہ شد قادیانش مسکن زکید ہاگشتہ کادیانی

بقول وے قادیان گورداسپور جائے یزیدیاں شد
ہم اورئیس یزیدطبعاں ازیں سخن درعجب نمائی

چو قادیانش دمشق گرددرئیس آنجا یزید باشد
نہ آن یزیدی کہ فاسقے بود یل بالحاد وکفربانی

گہے مثیل مسیح گردہ بغربت زعجزو اکسارس
نشان مہدی گہے فرازد سیاستش مہر حکمرانی

ہمہ بہ تحریر اوبیابی ہر آنچہ گفتم اگر بجوئی
مبالغہ نیست درکلامم کہ آمدہ رستم شاعرانی

زنیچری علیگڑی خواندہ حرف مرگ وصلیب عیسیٰ
برقصہ تجدید دین شدست ابلہے چساں بانی مبانی

الا کہ مغرور گشتہ برحیات ہشتاد سالہ خویش
مرحرثت از عذاب نبود ہزار ہا سالہ زندگانی

رسول ومرسل مسیح ومہدی نبی بقہا بخود گرینی
ہم ازمخالف ہم ازموافق ہزار ہا نقدمی ستانی

ہنوز برہان تست ناقص یکی نشانہ سہ صد براہیں
بہ ہند بال وپرت شکستہ حمامہ سوئے عرب پرانی

توئی کہ گفتی جلال عیسیٰ نزول خواہد نمود آخر
بطور ظل آمدی زاکنوں گہ ازوے افضل گہے ہمانی

شکستہایت بفتح روشن بودز بوضیح تو مبرہن
شداست اوہام برتو غالب کہ نیچری صاحب نشانی

تراست انکار روز محشر بپا اذا الشّمس کوّرت خواں
چگونہ تاویلہا لیش کردے پی مریداں بخوش بیانی

ببیں چساں مذہب سلف راعیاں بہ زلزال ردنمودی
قولہ ماتولی آمد زخالق از بہر چوں تو جانی

مباش بیباک دراہ دیں چنیں تلون مکن چو جز ما
متاع دنیائے دوں نیرزد جوئی باآن عیش جاودانی

نزول رحمت بدل زخواندن درود بر مصطفیٰ دانش
زسجدہ وحمد حق بہ سعدی ست سربلندی وتر زبانی

تمت!

۱۱ر رمضان ۱۳۱۴ھ، مطابق ۱۳ر فروری ۱۸۹۷ء

تبصرہ!

اعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم …… بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

ویوم القیمۃ تری الذین کذبوا علیٰ اللّٰہ وجوھھم مسودہ

یک قاطع نسل ویک مسیحائے زماں
یک مہتر لال بیگیاں دوراں

افتد چوگذر بہ قادیانت گاہے
ایں خانہ تمام آفتابست بخواں

کذب کی عادت ہیں جو اللہ پر ڈالے ہوئے
دیکھنا روز قیامت ان کے منہ کالے ہوئے
رمل وجفاری نہ چھوڑیں گو اٹھائیں ذلتیں
بے حیا کیا جھوٹ کے سانچے میں ہیں ڈھالے ہوئے

اے اہل اسلام! اے معزز برادران دینی آپ دیکھتے ہیں کہ آج کل فتنہ قادیانی نے پھر سر اٹھایا ہے اور اس کے چیلے ابلہ فریب تحریروں سے ناواقفوں کو حیران کر رہے ہیں۔ اس قادیانی نے زمانہ ابتداء میں کسی قدر عربی تعلیم پائی۔ چونکہ اس کے استاذ ملک شاہ اور گل شاہ علم رمل وجفر میں بھی دخل رکھتے تھے۔ اس نے یہ علوم بھی سیکھے۔ ایک فالنامہ لدھیانہ سے بھی نقل کرا کے لے گیا تھا۔ عدالت ضلع سیالکوٹ میں محرری اختیار کی۔ جب وہاں نہ نبھی، تو استعفاء دیا اور امتحان قانون کے لئے سر کھپایا۔ آخر امتحان مختاری میں فیل ہوا۔ (اخبار وزیر ہند سیالکوٹ ماہ ستمبر ۱۸۹۴ء) پیٹ ظالم کی خاطر بہت پھرا۔ جب کچھ نہ بنا تو آخر اپنے رشتہ دار بھائیوں کو دیکھ کر (کہ ایک بھنگیوں کا لال بیگ دوسرا اجڑوں کا پیر بنا ہوا ہے) اس نے بھی سلسلہ پیری ومریدی ہی میں پاؤں رکھنا فری کی چیز سمجھا کہ چلو ہم مسلمانوں ہی کو کھائیں گے۔ بہ امداد رمل الہام بازیاں کریں گے۔ (اس کی مثالیں اکثر شہروں میں موجود ہیں کہ نوکری سے دق آئے تو کسی کے مرید بنے۔ اس سے خلافت لے کر پیر بن بیٹھے) اس رمال نے گیارہ بارہ سال ہوئے ایک پسر (بہمہ صفت موصوف حتیٰ کہ گویا اللہ ہی آسمان سے اترا ہے) کی پیشین گوئی کی تھی۔ لیکن اس وقت پیدا ہوئی تو دختر نکلی۔ اپنی رمالی سے نہایت شرمندہ ہوا اور بات بنائی کہ میں نے اسی حمل سے لڑکا ہونا نہیں کہا تھا۔ اکثر اہل اسلام اور دیگر قوموں نے اس کی بہت ہنسی اڑائی۔ خیر حسب معمول گھر میں پھر امید ہوئی تو خاموش رہا۔ مدت معلومہ کے بعد ایک دفعہ لڑکا ہی پیدا ہوگیا تو فوراً ایک پرچہ خوشخبری چھاپ کر شائع کر دیا کہ دیکھو جیسا کہ ہم کہتے تھے۔ اسی طرح سے لڑکا پیدا ہوا ہے مخالفین کو یہ پیشین گوئی ماننی پڑے گی۔ کیونکہ ہم نے جس طرح سے کہا تھا لڑکا پیدا ہوگیا۔ محض جھوٹ ایک اور بولا کہ ہم نے پہلے حمل کے وقت کہا تھا۔ اگر اب کے نہیں تو اگلے حمل میں ضرور پیدا ہوگا۔ حالانکہ پہلے حمل کے وقت آئندہ حمل کا نام بھی نہیں لیا تھا۔

اہل اسلام پھر بھی چپ رہے کہ پڑا بکے ہمیں کیا۔ ایسے رمال ارڑ پو پو ہزاروں پھرتے ہیں۔ ایک یہ بھی سہی۔ لیکن غیرت الٰہی نے برس روز کے اندر ہی اندر ''اس کے گویا اللہ'' کو خاک میں ملا دیا۔ پھر تو مخالفوں نے ایسی کی کہ قادیانی کو اس کے سامنے مرگ پسر کا صدمہ بھی ہلکا نظر

آیا۔اس وقت تک اس مکار نے اسلام کی مخالفت نہیں کی تھی۔ بلکہ اسلام کا مؤید بن کر دکھلاتا تھا۔ اس لئے مسلمان حتی الوسع اس کی تائید کرتے تھے۔اس وقت کچھ رویا پیٹا۔ حیلے بہانے کئے۔کبھی کہا دو بیٹوں کی خوشخبری ہم کو ملی تھی ایک تو یہ مرنے والا اور ایک وہ جس نے گویا اللہ ہی بن کر آسمان سے اترنا تھا۔کہیں لکھ دیا کہ نو سال کے اندر اندر ضرور پیدا ہوگا اور یہ گپ لگائی کہ مدت حمل نو سال بھی ہوتی ہے ہم نے غلطی سے اسی جانہار کو وہ لڑکا سمجھ لیا۔خیر جوں توں کر کے وقت ٹالا۔

براہین احمدیہ جس کے تین سو جز ہونے کی خبر دی تھی۔ وہ پینتیس جز میں ختم ہوگئی اور پیشگی قیمت کسی سے پانچ روپیہ کسی سے دس، کسی سے پچیس لے کر کھا گیا۔آخر میر ناصر اس کے خسر شریف کی زبانی معلوم ہوا کہ آگے اور مضمون ہی نہیں ہے۔ باقی کی جز فی بطن شاعر ہیں۔ میں قسم کھاتا ہوں کہ آگے ایک ورق بھی نہیں ہے تم کیا انتظار کر رہے ہو۔آخر دیکھا تو واقع میں یہی سچ نکلا۔(کیوں نہ ہو گھر کا بھیدی جو تھا) سراج منیر ایک پیش گوئیوں کی کتاب مشہور کی جس کے خرچ طبع کے لئے سینکڑوں روپے چندہ کروا کے بادام روغن چڑھا گیا۔لیکن وہ سراج ذرا بھی نہ ٹمٹایا۔ وزیر پٹیالہ اور سید احمد خاں جیسے معزز لوگوں کو پیش گوئی کی دھمکیاں دیں۔لیکن انہوں نے اس کے بکواس کی پرواہ بھی نہ کی۔اس وقت اس کا دعویٰ صرف یہ تھا کہ میں براہین احمدیہ الہام سے مامور ہو کر لکھتا ہوں اور میں اس صدی کا مجدد ہوں۔ محدث ہوں۔ مجھے الہام ہوتا ہے۔ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مثیل بن کر آیا ہوں۔غرض اس کے ویسے دعاوی بھی مسلمانوں نے برداشت کئے اور ممکن سمجھا کہ شاید اب نہیں تو آخر کبھی نہ کبھی کوئی کام اسلام کی تائید میں اس سے صادر ہوگا۔ یہ غضب ہوا کہ سید احمد خاں نیچری نے اپنی تفسیر القرآن میں لکھ دیا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہودیوں نے سولی چڑھایا۔پھر وہ اپنی موت سے کہیں مر گئے اور دفن ہوئے۔ان کے معجزے خلق طیور وغیرہ سب بچوں کے کھیل تھے۔جیسے بچے مٹی کے جانور چڑیا وغیرہ بنا کر کھا کرتے ہیں۔آہاہا! میری چڑیا اڑی یونہی حضرت عیسیٰ بچپن میں کیا کرتے تھے۔بڈھے نیچری کو اس میں ذاتی غرض تو تھی نہیں۔اسے نہ عیسیٰ بننا تھا نہ الہامی وہ نیچری بات کہہ کر آگے چل دیا۔قادیانی کے مصاحب خاص نورالدین بھیروی نے اس مضمون کو اپنے پیر و مرشد (اسی قادیانی کے سامنے پیش کیا کہ حضرت اقدس بہت چوکے سید احمد کو خوب سوجھی تو قادیانی پیر نے کہا۔نہیں اس نے محنت کی اور کھائیں گے ہم۔اب کیا بگڑا ہے اچھا ہوا عیسیٰ مر گیا۔اب ہم خود عیسیٰ بن کر دکھاتے ہیں۔ مصالحہ لگانا ہم کو خوب آتا ہے۔وہ تو الہام کا مدعی نہ تھا اور ہم ملہم بھی ہیں۔تقریر وہ بے سوپا کریں گے کہ پڑھنے والا پڑھتے پڑھتے بھول جائے۔ جہاں کچھ نہ بن سکے گا الہام کا ڈنکا ایسا لگائیں گے کہ اگر

غیرنہیں تو چیلے چانٹے تو سجدے میں پڑ جائیں گے۔لیکن ابھی جلدی نہیں چاہئے۔لوگ سمجھیں گے سید احمد خاں کا مضمون چرالیا۔آخر کچھ عرصے کے بعد فتح اسلام جو اس کی توضیح مرام تھی۔لکھ ڈالی اور پھر ایک کچی اینٹ رسالہ اوہام پاتھ کر رکھ دیا۔اس میں مرسل یزدانی، رسول احمد، بشارت عیسیٰ نبی اللہ سب کچھ بن بیٹھا اور حضرت عیسیٰ کے سولی چڑھانے اور مارنے پر وہ زور مارا کہ یہود کمبخت نے بھی کیا کیا ہوگا۔قرآن کے ماصلبوہ کی صاف تکذیب کردی اور لکھ دیا کہ عیسیٰ کو یہودیوں نے ضرور سولی پر چڑھادیا۔میخیں لگائی گئیں۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی توفی ہوچکی اور توفی کے معنی صرف مرنا ہی ہیں۔اس لئے حضرت عیسیٰ علیہ السلام مر چکے۔پھر نہیں آسکتے۔میں تھا تو قائم مقام مثیل اب اسامی خالی ہوگئی اور بجائے متوفی مستقل عیسیٰ ہوگیا۔خدا نے فرمادیا۔’’جعلناك المسیح ابن مریم‘‘جو اسی عیسیٰ کے منتظر ہیں وہ اس کو ابھی آسمان سے اتار کر دکھائیں۔(رسول خدا سے مشرکین عرب کا کہنا اگر تو سچا ہے ابھی قیامت لاکر دکھادے۔اسی کی مثال ہے) معجزات عیسوی کو بازی طفلاں اس کا حقیقی پیرومرشد کہہ ہی چکا تھا۔اس نے اس پر مصالحہ یہ لگایا کہ مسمریزم یا سحر سامری کا گوسالہ تھا۔مجھ کو اس سے بالطبع نفرت ہے۔ورنہ ایسی شعبدہ بازیوں میں میں عیسیٰ سے کم نہ تھا۔چلو چھٹی پائی کوئی یہ بھی نہ کہہ سکے کہ اگر مسیح ابن مریم تم ہو تو کوئی معجزہ دکھاؤ۔اپنے لئے تو ایسا کن اور اقتداری خوارق تجویز کرتا ہے کہ الٰہی کام اس سے صادر ہوسکیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات جو باذن اللہ ہوئے ہیں شرک باری ٹھہرا کر ان سے منکر ہوجاتا ہے۔علماء نے بہت سمجھایا خصوصاً حضرت ابوسعید محمد حسین بٹالوی سلمہ اللہ القوی جو پہلے اس پر حسن ظن بھی رکھتے تھے اور دربارہ براہین احمدیہ اس کی تعریف بھی کر چکے تھے کہ میاں جانے دو، باز آجاؤ۔حد سے نہ بڑھو۔لیکن یہ اسامی ایسی کب تھی ہر چند کہا کہ یا تو بٹالہ میں میرے مکان پر آؤ اور تنہاء گفتگو کر کے تصفیہ کرلو یا مجھے بلاؤ۔میں کادیان میں حاضر ہوں گا۔وہاں بات چیت کرلو۔اس روباہ منش نے ایک نہ مانی۔آخر لدھیانہ، دہلی، لاہور، سیالکوٹ، کپورتھلہ وغیرہ میں جو ذلت اٹھائی۔مفصل ہمارے رسالہ انہزام کادیانی میں دیکھو۔میر عباس علی مرحوم جو اس وقت اس کے اخص مریدین میں سے تھے۔اس کے مکر کو سمجھ گئے اور علی الاعلان اس سے اپنی تبری ظاہر کردی اور یہ وہ مرید تھے جن کے حق میں اس کذاب دجال کو یہ الہام ہوا تھا کہ:’’اصلہ ثابت وفرعہ فے السماء‘‘یعنی اس کی جڑ قائم ہے اور شاخ آسمان میں۔اس آسمانی شاخ والے نے دجال کی وہ مٹی خراب کی کہ ایک جہاں جانتا ہے۔(اچھی طرح مٹی پٹ کے چھڈی) مکار آخر قادیان میں جا گھسا۔کچھ عرصہ دبا بیٹھا رہا۔پھر امرتسر میں عیسائیوں کے ساتھ بحث کی

ٹھانی۔ بحث تو جو تھی سو تھی۔ اپنے حریف عبداللہ آتھم پیر فرتوت کو دیکھ کر رمال کا رمل پیٹ میں گدگدایا اس کے مرنے کی پیش گوئی ہانک دی۔ لکھ دیا کہ اگر آتھم پندرہ ماہ کے اندر اندر مر کر ہاویہ میں نہ جا پڑے تو کادیانی کا منہ کالا کر کے رسہ گلے میں ڈالو۔ خواہ سولی دو، لعنت بازی کرو۔ مریدوں معتقدوں نے عیسائیوں سے شرطیں لگائیں کہ داڑھی منڈوالیں گے۔ اگر اختتام ۵ر ستمبر ۱۸۹۴ء سے پہلے آتھم نہ مرگیا۔ آخر ۶ر ستمبر کو عیسائی شوخ استرہ لے کر جو موجود ہوئے کہ آتھم تو زندہ ہے۔ آؤ میاں داڑھی صاف کروالو۔ لیکن مکان میں داڑھی والے کی صفائی تھی۔ ایام مباحثہ میں عبدالحق غزنوی سے مباہلہ کیا تھا۔ جس کی یہ شامت کادیانی کو بھگتنی پڑی۔ ایک مہینہ بعد ۸ر اکتوبر کو ایک اور آسمانی کوڑا ایشت کادیانی پر برسا یعنی مرزا سلطان محمد بیگ (جس نے احمد بیگ ہوشیار پوری کی دختر نیک اختر سے نکاح کر لیا تھا اور کادیانی کا نکاح بذریعہ الہام شیطانی باالفاظ زوّجنٰکھا یعنی ہم نے تیرا نکاح اس عورت سے کر دیا۔ اس سے کئی برس پہلے ہو چکا تھا) کی مدت سی ماہہ بخیر وعافیت پوری ہوگئی۔ کادیانی کہتا تھا کہ اڑھائی سال کے اندر اندر یہ مرجائے گا۔ وہ عورت بیوہ ہوکر مجھ کو پھر ملے گی۔ ان ذلتوں ندامتوں کو چھپانے کے لئے مکار نے عربی کتابیں لکھ لکھ کر یہ دعویٰ کیا کہ مولوی لوگ اگر میرے برابر ہیں تو عربی میں رسالے لکھیں اور لوگوں کا خیال ادھر لگانا چاہا۔ بڈھے آتھم نے آخر مرنا ہی تھا۔ ’’کل نفس ذائقة الموت ‘‘ دو برس اور پورے کر کے مرگیا تو اس رمال نے پھر شور مچایا کہ دیکھا آتھم مرا یا نہ مرا۔ ہم کہتے نہ تھے کہ آخر مرے گا۔ (مر اے بے حیا۔ اب وہ کبھی مرتا ہی نہ؟) مولوی میرے ساتھ مباہلہ کر لیں۔ ورنہ مجھ کو دجال کافر کہنے سے باز آجائیں۔ اگر مباہلہ کریں گے تو برس روز کے اندر سب پر عذاب آئے گا۔ کوئی اندھا کوئی کوڑھی ہوگا۔ کوئی مرجائے گا۔ غرض یہ سال بھر تو گزر جائے گا۔ پھر کچھ اور سہی پنجابی مثل مشہور ہے۔ موہنا او موہنا اگے کی کہو ہنا ہن کی کہو ہنا۔ فرعون نے کہا تھا کہ ہامان ایک برج بناؤ میں موسیٰ کے خدا کو اوپر چڑھ کے دیکھ آؤں۔ غرض یہ تھی کہ مکان بننے تک تو لوگ میرے معتقد رہیں گے۔ یہی چال دجال کی ہے۔ ایک نہ ایک بات کھڑی کر لیتا ہے اور اس کے سہارے سے مریدوں کو دم دلاسہ دیئے جاتا ہے۔ اس سال میں اگر کسی پر کوئی مصیبت بقضائے الٰہی آگئی تو کہوں گا میرے مباہلے کا اثر ہے اور جو سلامت رہے ان کو کہوں گا دل میں ڈر گئے۔ اگر نہیں ڈرے تو قسم کھائیں سال دو سال پھر یوں نکل جائیں گے۔ اتنے عرصہ میں کوئی اور صورت سہی۔

کادیانیو! عقل کے اندھو! یہ ہے تمہارا مثیل مسیح دجال تم جس کو ملہم مامور مرسل یزدانی وغیرہ بنائے بیٹھے ہو۔ جس کے عیسیٰ بنانے کے لئے جناب عیسیٰ علیہ السلام کو مارنے کے در پے

ہوئے۔سولی پر چڑھائے ہو یہ نہیں جانتے۔

کس نیاید بزیر سایۂ بوم
درہما از جہاں شور معدوم

تم کو اس نے بجز اس کے اور وظیفہ نہیں سکھایا۔عیسیٰ سولی پر چڑھ گیا۔دفن ہوا۔مرزائیو! عیسیٰ سولی پر چڑھ گیا تمہارا وظیفہ باطنی ہے،اور مر گیا۔دفن ہوا۔وظیفہ ظاہری،وظیفہ ظاہری میں لفظ توفی کے محتمل المعانی ہونے سے کسی قدر بظاہر ہاتھ مارنے کو جگہ مل گئی تو ظاہر چلا رہے ہو۔لیکن وظیفہ باطنی میں ماصلبوہ کی نفی سے تمہارے سب منصوبے نیست ونابود ہو رہے ہیں۔اندر ہی اندر دل پر ضربیں لگا رہے ہو۔آخر اسی طرح سے مر رہو گے۔اگر تم کو تھوڑی سی حرف شناسی بھی ہوتی تو سمجھ لیتے کہ جس طرح سے قادیانی ماصلبوہ میں بپاس خاطر یہود ونصاریٰ تحریف لفظی سے باز نہیں آیا۔لفظ انی متوفیک کی تحریف معنوی سے کب رک سکتا ہے۔قرآن میں موجود ہے۔’’اللہ یتوفی الا نفس حین موتہا والتی لم تمت فی منامہا ‘‘یعنی اللہ لے لیتا ہے جانوں کو ان کی موت کے وقت اور جو نہیں مرے اس کو اس کی نیند میں۔تیس آیتوں کا شور مچاتے ہو۔اس ایک آیت کو دیکھ لو تم پر کیسی پھٹکار ڈال رہی ہے۔باقی اسی پر سمجھ لو۔یہاں لفظ توفی کا معنی ایک جان کا لے لینا ہے۔خواہ موت سے ہو خواہ نیند میں۔

وفات دینا مارنا ہرگز نہیں۔کادیانی کو جب الہام ہوا تھا کہ یا عیسیٰ (کادیانی) انی متوفیک تو مکار نے ترجمہ یوں کیا ہے۔اے عیسیٰ میں تجھے پورا اجر دوں گا یا ماردوں گا۔اب حضرت عیسیٰ کے لئے صرف مارنا ہی معنی ہوگئے۔کیونکہ اس وقت مثیل ہی بننا مقصود تھا اور اب اصل عیسیٰ موعود۔

زاہل غرض تاسخن نشنوی
مبادا کہ روزے پشیمان شوی

مرزائیو!تم تو متوفیک کے معنی ممیتک کہتے ہو اور کادیانی (ازالہ اوہام ص۹۴۳،خزائن ج۳ ص۶۲۱) میں موت کے معنی سولانا اور بیہوش کرنا بھی مانتا ہے۔پس معنی آیت یوں ہوگئے کہ اے عیسیٰ میں تجھ کو سولا کر اپنی طرف اٹھانے والا ہوں۔خدا کے لئے آنکھیں کھولو اور دیدہ ودانستہ اندھے نہ بنو۔کیا غضب ہے کہ اوروں کے حق میں تو موت کا لفظ بہ معنی نیند،بیہوشی وغیرہ ضروری سمجھو۔لیکن حضرت عیسیٰ کے لئے محض مار ڈالنا۔(ازالہ اوہام ص۹۲۱،خزائن ج۳ ص۶۰۵) میں تمہارا باوا لکھتا ہے کہ:’’اگر کوئی موت اور اماتت کی جگہ جو نیند اور بیہوشی وغیرہ کے معنوں میں بھی آیا

ہے۔توفی کا لفظ کہیں دکھاوے۔اس کو بلاتوقف ہزار روپیہ دیا جائے گا۔‘‘ اور کہیں تو کیا قرآن میں ہی دکھادیا۔’’وھو الذی یتوفکم بالیل ویعلم ماجرحتم بالنھار ثم یبعثکم فیہ ‘‘یعنی اور وہ اللہ ایسا ہے جو رات کے وقت تمہاری توفی کرتا ہے اور تمہارے دن کے کام جانتا ہے۔ پھر تم کو دن میں اٹھا کھڑا کرتا ہے۔اس کادیانی بے شرم نے دینا دلانا تو کیا تھا شرمندہ بھی نہ ہوا،اور وہی مرغی کی ایک ٹانگ بکے جاتا ہے۔ یہاں توفی کے معنی بہت واضح طور پر قرآن کریم ہی نے بتادیئے کہ سلانا ہیں۔موت کے حقیقی معنی مرنا ہیں۔نیند بیہوشی پر لفظ مجازاً بولا جاتا ہے اور توفی کے معنی روح کو بدن سے الگ کرنے کے ہوئے۔خواہ نیند میں خواہ موت سے اس کے معنی محض مار ہی ڈالنا کادیانی کیا دکا افتراء ہے۔لغت میں توفی کے معنی پورا پورا لے لینا بھی ہیں۔تفسیر ابن کثیر میں آنحضرتﷺ بخطاب یہود یہ حدیث منقول ہے۔’’ان عیسیٰ لم یمت وھو راجع الیکم قبل یوم القیامۃ ‘‘بے شک حضرت عیسیٰ نہیں مرے اور قیامت سے پہلے تمہاری طرف واپس آنے والے ہیں۔خداتعالیٰ نے صاف طور پر یہود کی تکذیب کردی ہے کہ انہوں نے نہ حضرت عیسیٰ کو قتل کیا ہے اور نہ سولی ہی دیا ہے۔ بلکہ اللہ نے اس کو اپنی طرف اٹھالیا۔اب یہاں یہ حجت کرنا کہ مع الجسد العنصر ی اٹھالیا۔کہاں ہے محض حماقت ہے۔یہود مسیح عیسیٰ بن مریم کو مع الجسد سولی پر لٹکانے کے مدعی تھے یا محض روح کو؟ پس جس کو سولی پر لٹکانے کے مدعی تھے خدا نے اسی کو اٹھالیا ہے۔قرآن میں کہیں نہیں آیا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون کے پاس مع الجسد العنصر ی آئے تھے یا حضرت یونس علیہ السلام کو جسد عنصری والی مچھلی نے مع الجسد العنصر ی نگل لیا تھا۔جب تک یہ لفظ جسد عنصری نہ ہو کیا کسی شخص کو جسد عنصری سمیت چلا گیا یا مر گیا یا ڈوب گیا یا اوپر چڑھ گیا نہ سمجھنا چاہئے؟ خدا ایسے مغالطوں سے بچائے کہ جو معنی ۱۳۰۰ برس بلکہ ۱۹۰۰ برس سے سمجھے چلے آتے ہیں۔آج ایک فریبی خودغرض کے کہنے سے چھوڑ کر حضرت عیسیٰ کو یہود کے پنجے میں پھنسایا جائے اور سولی پر لٹکایا جائے۔ معاذ اللہ!

پندرہ سو روپیہ لینے کے لئے گنجی چھپڑی میں منہ دھلوالو۔ چونکہ حضرت عیسیٰ کو بحالت نوم اٹھایا گیا تھا۔قیامت کے دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے حق میں توفیتنی عرض کریں گے اور خاتم الانبیاء اپنے لئے حالت موت وارد ہونے کی وجہ سے کادیانی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لفظ من بعدی کے معنی من بعد موتی یعنی میرے پیچھے کرتا ہے جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو آکر’’بئسما خلفتمونی من بعدی ‘‘فرمایا تھا۔وہاں کیا کہے گا۔اے قوم!تم نے میرے مرے پیچھے بری خلافت ادا کی۔خدا اس کادیانی کا اور منہ کالا کرے۔مجمع البحار الانوار میں

جہاں امام مالک کا ایک قول عیسیٰ مر گیا جب کہ وہاں ان کے ایام زندگی بھی سینتیس برس لکھے ہیں۔ جس کو کادیانی تسلیم نہیں کرتا۔ کیا امام مالک کا قول آدھا ہی قابل تسلیم ہے۔ اگر آدھا ضعیف ہے تو آدھے میں زور کہاں سے آ گیا؟

کل صحابہ اور تابعین بلکہ کل فرق اہل اسلام (بجز نیچری معتزلہ جن کو معراج نبوی سے بھی انکار ہے اور جناب عائشہ صدیقہ کو بھی۔ ایسوں ہی نے منکر لکھا ہے۔ حاشا جنابها عن ذالك!) حضرت عیسیٰ کے آسمان پر جانے اور پھر آنے کے قائل ہیں۔ اگر کہیں کوئی قول توفی کے بمعنائے موت ہونے کی بابت لکھا ہے تو یہ ساتھ ہی لکھا ہے کہ پھر زندہ ہوکر آسمان پر چلے گئے اور دوبارہ جلال کے ساتھ تشریف لائیں گے۔ کادیانی کا اقرار مندرجہ براہین اسی تعلیم کا نتیجہ تھا۔ لیکن نیچری تعلیم اور شامت خود غرضی نے اس کو پاگل کر دیا۔ اب بے تکی ہانکتا ہے۔ مولوی عبدالعزیز صاحب لدھیانوی کا بحث کے لئے کہنا کہ مکہ معظّمہ میں کریں گے۔ تھا تو ٹھیک کیونکہ کادیانی مسیح بن مریم بن ہی چکا تھا۔ اس کا بیت اللہ میں جانا ازروئے حدیث نبوی ضروری تھا اور روپیہ بہت لوگوں کا مارا ہوا ہے۔ حج بھی فرض ہوگا۔ ایک پنتھ دو کاج۔ مولوی صاحب سے بحث بھی ہو جاتی اور عیسویت کا نشان بھی ظاہر ہوتا اور بیت اللہ میں اگر ضرورت پڑتی دامن پاک پکڑ کر لعنۃ اللہ علی الکاذبین کہنے کو بھی اچھا موقع تھا۔ زندگی اسی سال مقرر ہو ہی چکی تھی۔ اس کا اندیشہ ہی نہ تھا۔ بہت ہوتا۔ سو پچاس چابک لگ جاتے۔ شاید دجالی خرمستی نکل جاتی اور توبہ ہی نصیب ہو جاتی۔ جیسا کہ جناب عمر فاروقؓ کے سامنے صبیغ اسلمی ایسے ہی حجتی کو سر میں چابک کھا کر توبہ نصیب ہوگئی تھی۔ ہم تو کہتے ہیں اگر مولوی صاحب اب بھی مانتے ہوں تو مرزا فوراً چلنے کی ٹھہرائے اور یاد رکھو کہ کادیانی مثیل مسیح دجال ہے۔ کبھی حرمین کے قریب نہ جائے گا اور نہ جا سکے گا۔ یہ ایک پیشین گوئی ہی سہی۔

نظم

بے محل کس لئے یہ آپ بھلا کہتے ہیں
ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کو برا کہتے ہیں

کب یہ ثابت ہوا لوگوں کے برا کہنے سے
وہ سب اچھے ہیں جنہیں لوگ برا کہتے ہیں

ہوتی نقارہ خالق ہے زباں مخلوق
تم نہ بیجا کہو سب جس کو بجا کہتے ہیں

ہوتے سب حال سے اپنے ہیں برے یا اچھے
تم ہی کچھ ٹھیک کہو ہم جو خطا کہتے ہیں

آج کل مرسل یزدانی ہو جس خر کا لقب
نہیں کہتے اسے دجال تو کیا کہتے ہیں؟

مولانا نے کادیانی کا ملہم من اللہ ہونا اس کے اس ایمان کی وجہ سے ممکن تصور کیا تھا جو (براہین احمدیہ ص۴۹۸، خزائن ج۱ص۵۹۳) پر اس منافق نے ''ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ'' کی تفسیر میں یوں ظاہر کیا تھا۔ ''یہ آیت جسمانی اور سیاست ملکی کے طور پر حضرت مسیح کے حق میں پیش گوئی ہے اور جس غلبہ کاملہ دین اسلام کا وعدہ دیا گیا ہے وہ غلبہ مسیح کے ذریعہ سے ظہور میں آئے گا اور جب حضرت مسیح علیہ السلام دوبارہ اس دنیا میں تشریف لائیں گے تو ان کے ہاتھ سے دین اسلام جمیع آفاق اور اقطار میں پھیل جائے گا۔'' مولانا محمد حسین کو اس کے ارتداد کی کیا خبر تھی کہ آخر یہ کمبخت مرتد ہو جائے گا اور حضرت عیسیٰ کو مار کر خود ہی عیسیٰ موعود بن بیٹھے گا۔ تمہارے کادیانی کی عربی دانی (اشاعت السنہ نمبر۱۲ ج۱۵) میں خوب ظاہر کی گئی ہے۔ لیکن تمہارے ماتھے کی پھوٹ کہیں تم دیکھ نہیں سکتے۔ یہ بات خوب یاد رکھنے کے قابل ہے کہ کوئی شخص کسی مولوی کے فتویٰ اور حکم سے کافر نہیں ہو جاتا۔ اپنے عمل واعتقاد سے ہوتا ہے۔ مثلاً خاتم الانبیاء کے بعد مرسل یزدانی کہلائے۔ صفائی کشف میں انبیاء سے اپنے لئے زیادتی دکھائے کہ نبی کے معجزات کو سحر سامری ولہو ولعب بتائے۔ خدا تعالیٰ سے اپنا رشتہ ابنیت ملائے۔ ''انا انزلناہ قریباً من القادیان'' جیسے فقرے قرآن میں (قریباً نصف پر) بڑھائے۔ یا رسول اللہ کی صحیح وثابت سنتوں سے دیدہ ودانستہ کترائے۔ بعض سنتوں کو ٹھٹھے میں اڑائے۔ یا سلف صالحین کی توہین کرے۔ وغیرہ ذلک! اور نہ بعض احمقوں کی تصدیق سے کوئی خر عیسیٰ بن سکتا ہے۔ بنمائے بہ صاحب نظرے گوہر خودرا۔ عیسیٰ نتواں گشت بہ تصدیق خرے چند۔

''واللہ یھدی من یشاء الیٰ صراط مستقیم ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ھدیتنا وھب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوھاب۰ آمین''

الراقم: محمد سعد اللہ عفی عنہ مدرس ایم. بی سکول لدھیانہ

ماہ رمضان۱۳۱۴ھ، فروری۱۸۹۷ء

کادیانی اور ایک نصرانی کی گفتگو میں ایک مسلمان کی ثالثی

نصرانی...... جو یسوع مسیح خدا کا اکلوتا بیٹا ہمارے گناہوں کی خاطر سولی پر چڑھ گیا۔ دفن ہوا تین دن مدفون رہا۔ پھر آسمان کو چلا گیا۔ پھر بادلوں میں سے مثل برق دوبارہ آئے گا۔

کادیانی...... اس میں شک نہیں کہ یہودیوں نے اس کو سولی پر چڑھایا۔ میخیں لگائیں۔ وہ ایلی ایلی پکارتا رہا۔ کچھ پیش نہ چلی۔ آخر ادھ موا اتارا گیا۔ پھر کچھ عرصے کے بعد مر کر قبر میں جا پڑا۔ مجھے وہ

قبر معلوم ہے۔ ملعون رہنے کی بابت اس مسلمان کے سامنے کچھ کہنا ذرا مشکل ہے۔ اس کے معجزوں کے حق میں لہوولعب شعبدات وعجل سامری کہہ کر اس قوم سے اب تک پیچھا نہیں چھٹا۔ کوئی تو مجھے گستاخ کہتا ہے۔ کوئی اس گستاخی کے باعث کافر بناتا ہے۔ ہاں ایک اور طریق میں نے نکالا ہے کہ ملعون بھی کہہ سکوں اور شاید مسلمانوں کو برا نہ لگے۔ تمہارا یسوع بے شک ملعون بھی رہا جہنمی بھی ہوا۔ تم اس کو اکلوتا بیٹا کیوں کہتے ہو۔ میں اس کے برابر کا بھائی ہوں۔ بطور استعارہ ایسا ہی استحقاق ابنیت میں بھی رکھتا ہوں۔ بلکہ مجھے اس مستعار باپ نے مسیح ابن مریم ہی بنادیا ہے۔ چونکہ اب میں اس کا قائم مقام بن کر آیا ہوں۔ لہٰذا وہ نہیں آسکتا۔ وہ مرگیا قبر میں جاپڑا۔ نہ اس کے ہاتھ سے کوئی مردہ زندہ ہوا نہ وہ اب زندہ ہوسکتا ہے۔ دوبارہ آنا میرا ہی تھا۔ سو میں آ گیا۔ اس بھید کو نہ خود عیسیٰ سمجھا نہ خود پیغمبر عربی۔ عیسیٰ نے کہہ دیا۔ میں آؤں گا پھر عربی نے کہہ دیا عیسیٰ آئے گا۔ اصل بات کوئی نہ سمجھا آنا تھا ایک قادیانی مغل بچے نے سو یہ عاجز آ گیا۔ خواہ مانو خواہ نہ مانو۔

مسلمان...... کادیانی سے مخاطب ہوکر! او دجال کے پیش خیمے اللہ تبارک وتعالیٰ ان نصارا اور یہود کو صلیب کے بارے میں جھوٹا فرماچکا۔ قرآن میں ماصلبوہ فرما کر صلیب کی نفی کردی۔ ابن اللہ کہنے والوں کو گمراہوں میں شمار کیا تو پھر بھی ان جھوٹوں کی تصدیق کرتا ہے۔

کادیانی...... ارے کیا قرآن قرآن لئے پھرتا ہے تو قرآن کو کیا جانے۔ تجھے ماصلبوہ کی حقیقت کیا معلوم ہے۔ میں نے بذریعہ الہام معلوم کرلیا کہ یہاں ''ما'' یوں لگا ہوا ہے۔ اصل میں صلبوہ ہے۔ بقول کریم بخش ساکن جمال پور حسب کشف سائیں گلاب شاہ'' میں قرآن کی غلطیاں نکالنے آیا ہوں۔ ''انا انزلناہ قریباً من القادیان ''جو قرآن شریف کے دائیں صفحے میں قریب نصف کے الہامی عبارت موجود تھی۔ اب کسی قرآن میں نہیں ملتی۔ شاید قادیان کا نام عداوۃً نکال دیا گیا تاکہ ان مکے اور مدینے کی طرح اعزاز کے ساتھ یہ نام قرآن میں درج نہ رہے۔ ایسی خرابیاں واقع ہوئی ہیں تو میں بھیجا گیا ہوں۔ دابۃ الارض، یاجوج وماجوج، دجالی دخر دجال کی حقیقت واصل کیفیت اس قرآن کے لانے والے پر بھی نہ کھلی۔

مسلمان...... ارے کمبخت! اب تو تیرا انفاق خوب پھوٹ نکلا بے شرم۔ اب بھی تجھ میں جرأت ہے کہ اپنے آپ کو مسلمان کہے؟ رسول اللہ تو فرماتے ہیں۔ یدفن معی فی قبری۔ یعنی عیسیٰ علیہ السلام میرے ساتھ دفن ہوں گے۔ (جیسا شیخینؓ) اور تو کہے ان کی قبر شام میں ہے۔ وجود قبر کے بارے میں تو نصاریٰ کا با مصدق بنا اور ان کے دوبارہ آنے میں (جس کی تصدیق اسلام میں ہوچکی ہے)

تو نصاریٰ کا مکذب ہے۔ وجہ یہی ہے کہ تجھے خود عیسیٰ بننا ہے۔ کبھی کہتا ہے کہ مسلمان تو ایک خونی مہدی اور خونی مسیح کے منتظر ہیں۔ کبھی خود ہی کہتا ہے۔ ممکن ہے کہ عاجزی جلال واقبال کے ساتھ بھی (مسیح) آئے اور ممکن ہے کہ اوّل وہ دمشق میں ہی نازل ہو (اے دروغ گو دیکھو اپنا ازالہ اوہام ص۲۹۵، خزائن ج۳ ص۲۵۱) تیرا حافظہ ٹھیک نہیں۔ بس مسلمان اسی عیسیٰ کے منتظر ہیں وہ خونی نہیں۔ دائم المرض کنگال مفت خور دغا باز مسیح کو کیا کریں۔ حضرت عیسیٰ کو سخت سست کہنے کا کیا ڈھنگ نکالا ہے۔ اے بدزبان کیا مسلمانوں کا عیسیٰ کوئی اور شخص ہے اور نصاریٰ کا یسوع کوئی اور۔ کمبخت! توبہ کر باز آ۔ فقط

رباعی:

مرزائیو چیلے جو بنایا تم کو
دجال نے کیا ورد سکھایا تم کو
عیسیٰ سولی پہ چڑھ گیا دفن ہوا
ڈرما صلبوہ سے نہ آیا تم کو

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

دوسہ حرفیاں

(چودھویں صدی کا جھوٹا مسیح)

حضرت مولانا محمد سعد اللہ لدھیانوی رحمۃ اللہ علیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ!

حامداً ومصلیاً

’’قالوا معذرة الیٰ ربکم ولعلهم یتقون (اعراف)‘‘وہ بولے(ہم نصیحت کرتے ہیں) تمہارے رب کے سامنے عذر کرنے کے واسطے اور شاید وہ (بیفر مانی سے) بچ رہیں۔

ایہ عذر ہے اپنے رب اگے کسے نال جھگڑا نہیں جنگ نائیں
راہ کفر دلّوں بھلا بچے کوئی حق آکھنے تھیں دلاسنگ نائیں
ایہ بھی یادرکھیں باجھوں سخت رگڑے کدی دور ہوندا ڈوہنگا زنگ نائیں
بھارے مسلہاں دیتاں باج سعدی جاندی دیردی بلغمی کھنگ نائیں
لا تبتغی الجھلین پڑھیں پیارے براکہن تاں ہوئیں دل تنگ نائیں
حق اللہ دے واسطے رہیں کہند اجرا اس بن کسے تھوں منگ نائیں
سچی گل ہے تلخ الحق مر شفا چاہیئے تاں گھٹ چا بھریئے
ہوے کوئی ناں غرض جے ناصحاندی ردکرن تھیں اوس نوں بہت ڈریے
پیر ہوے یا سکے ماں باپ ہوون جھوٹھ وچ ناں کسے دا پاس کریئے
طلب حق دی رکھئے وانگ سعدی مگر موماناں صادقاں لگ رہیئے
کھوہ وچ پیا مثیل مسیح محدث ولی مجدد
نبی بنے نوں کتھے پھوکن اہل حدیث مقلد
مرزائیو! اج حقو حق سنو انصاف کماؤ
مرزے نوں ناں احمد مرسل نبی رسول بناؤ
اہل اسلام نوں چھڈ کے مرزا تساں خلیل بنایا
پچھو تا سو دھوکا دیسی اوہ جد ویلا آیا
ربا عاجزی کریں قبول ساڈی لبھا کجھ ناں عجز سوا سانوں
توہیں آپ حکیم طبیب داتا ساڈے درد دی دئیں دوا سانوں

دنیا وچ بھلیایاں دئیں ربا پھر وچ فردوس دہ جا سانوں
موت زندگی دے سارے فتنیاں تھیں ربا فضل دے نال بچا سانوں
ربا میں ظلوم جھول بندی ساڈی بخشدے بھل خطاء سانوں
جیہڑے بھار چکائے توں اگالیاں توں اوہو جیئے ناں بھار چکا سانوں
ساڈے زور تھیں دوجے بھار ہووے اس ہیٹھ ناں کدی دبا سانوں
عفو مغفرت رحم چا کریں مولا اوپر دشمناں مدد فرماء سانوں
فتنہ شر دجال دا سخت بھارا ایس ابتلاء وچ ناں پا سانوں
وچ امن رکھیں فتنے قبر دے تھیں تتی اگ دی بھاہ نہ لا سانوں
وچ قبر دے جد نکیرین آون توئیں سب جواب سکھلا سانوں
نال امن امان دے حشر تائیں نویں دلہن وانگ سوا سانوں
اسرافیل نوں جد تیرا حکم ہووے پھوک مار کے لوی جگا سانوں
سدن والا جد نیڑ یوں ہاک مارے حشر گاہ ول لئے بلا سانوں
دھپ سخت جاں کرن حیران لگے اوس حوض دا جام پلا سانوں
تیرا مصطفیٰ ہے جتھے آپ ساقی اوہدے ساتھیاں وچ رلا سانوں
سنے آل اولاد از واج ٹبر پل صراط تھیں پار لنگھا سانوں
جیہڑے اوتھے اگے پچھے وچھڑے ہاں اوتھے وچ فردوس ملا سانوں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ!

(پہلی سہ حرفی)

چودھویں صدی دا جھوٹا مسیح

الف اللہ دی آس تکاء جیا اوہدے فضل دا واسطا پا جیا
تیرا مصطفیٰ اے پیشوا جیا لکھ لکھ سلام پوچاء جیا
نالے آل اصحاب رلاء جیا لازم اوہنا دا اے اقتداء جیا
جھوٹھے عیسیٰ دی گل سنا جیا بھانویں برا منن بیجیا جیا

بے بہت خبراں نبی دسیاں نیں اللہ اک نے ہے خبردار کیتا
پھیر اپنا فضل عظیم کر کے جن انس دا اوہنوں سردار کیتا
ساڈآ دکھ اوہنوں بڑا بھار لگے ساڈی جیہاندا کیہیا غمخوار کیتا
فتنے شر مسیح دجال کولوں امت اپنی نوں ہوشیار کیتا
تے تیہہ(۳۰) دجالاں دی خبر دتی جھوٹھے نبی کہاوندے آؤینگے
امت رہے ہوشیار فریبیاں تھوں ایہ بہت فساد مچاؤینگے
امت وچہ گروہ اک رہے ایسا سدا جھوٹھیاں تے فتح پاوینگے
اللہ باجھ نہ کسے تھوں ڈرن گے اوہ حق کہن تے نئیں شرماؤینگے
ثے ثابتی نال یقین رکھین غیب منان بات اک اوکھڑی اے
کہیا بنی کریم سرتاج نبیاں عیسیٰ آؤناں بار پھر دو جڑی اے
اللہ پاک نے جنہاں تے فضل کیتا پراونہاں نوں ایہ گل سوکھڑی اے
پچھے مہدی دے پڑھے نماز آکے شان امت محمدی دی بڑی اے
جیم جدوں عیسیٰ دوجی وار آوے دونہ فرشتیاں دے رکھ ہتھ کنھے
آوے شرقی منارے دمشق اتے مارے سوراں تے ہور صلیب بھنے
کھٹے کانے دجال گرجاپئے نوں باب لد تے رب دا حکم منے
جھوٹا عیسیٰ اک اٹھیا قادیانی لگے مگر لنگڑے کانے دلوں انھے
حے حال اوہدا سنیں کن دھرکے خالی رحم توں وانگ یہود ہویا
لک بنیا عیسیٰ دے مارنے نوں ابراہیم تے جوئیں نمرود ہویا
جھوٹھ لاوندا ناؤں مجدد اندے مکتوبات وچہ کہے موجود ہویا
میرے آونڑ دی اتھے خبر لکھی جھوٹھ بول کے ہور مردود ہویا
خے خدا دا خوف کر مرزیا اوئے لغویات دا کی تینوں ہتھ آیا
دیکھ لئی تفسیر اس نیچری دی اتھوں چک مضمون توں ایہ چرایا
معنے باطنی توں کیڑھے گھروں کڈھے جھوٹھ نیچری دے جاکے ہنج لیایا
تیرے چیلے کیوں نئیں پرتال کردے اکھاں اگے ہے کی انھیر چھایا

دال دولت عرفان قرآن والی لبھے راہ حدیث والیاں توں
تن قرن دسے نبی خیر والے خیر ملے اوہناں مگر چلیّاں توں
اللہ پاک جے آپ ناں کرے راکھی کون بچے شیطان دے ہلیاں توں
سدا اللہ دا فضل توں منگ سعدی دور رکھے اوہ راہاں کولیاں توں
ذال ذرا انصاف ہن منصفاں نوں دینا چاہیئے رب دا پاس کر کے
نالے مہد اے آپ امام بن دا ڈبا حرص وانگوں سورداس کر کے
اک مغل بچیا عیسیٰ بنن لگا دیکھو دین دا ستیاناس کر کے
نبی اپنے آپ نوں جاندا اے جھوٹھے وحی الہام دا پاس کر کے
رے راز نیاز اس گال دا ہن اصل اصل میں کھول سناؤندا ہاں
عیسیٰ مر گیا آکھدا قادیانی ایس کوڑ دی وجہ جتاؤندا ہاں
ایویں لکھیا اے بڈھے نیچری نے اوؔ اوہدی تفسیر دکھاؤندا ہاں
مرزا دیکھ حدیث نزول والی لگا کہن ہن میں اوہدی تھاؤندا ہاں
زے زور لا کے کوشش مکر والی عیسیٰ مارن دے وچہ لادتی
استعارے سب لفظ بنا دتے مورکھ عاماں دی روح پرچار دتی
الو پھیر مڑ مگر تقلید لگے جو کجھ لبھی سی عقل گواء دتی
من لیا معصوم اک کادیانی انھی امت مرحومہ بنا دتی
سین سنگ نہ آوندی جھاں نوں موہوں آکھ دے چکدے مول نائیں
ظاہر کہن پیغمبری ختم ہوئی دلوں مندے ایہہ مجھول نائیں
مرزا نبی اے وحی الہام دلوں منن صاف تے کہن فضول نائیں
مغز پھٹیا اے عیسیٰ منن خاطر سچا علم نکات دا ڈھول نائیں
شین شور پایا ابن ہودنے بی اگے وچہ دمشق دے پیاریا جی
اتھادیاں چوں بڑا زاہدا آہا روپ عیسیٰ دا اوہنے بی دھاریا جی
شیخ ابن تیمیہ نے رحمہ اللہ اوہدا جھوٹھ فریب نتاریا جی
کادیانی دی گل کجھ نویں نائیں دیکھ دیکھ کے جال پساریا جی

صاد صبر دے نال ہن بیٹھ بیبا کن کھول کے بات سن عاشقاں دی
اللہ والیاں نبی دے تابعاندی مومن کاملاں لائقاں فائقاں دی
گواچی اپنی جاندے گل چنگی بھاویں گھیری ہوئی ہووے فاسقاندی
موسیٰ نبی یہودیاں من لیتا ایتھے ضد ہے خود نالائقاں دی
ضاد ضد جے کجھ تینوں مول نائیں نال عین انصاف پڑھ پھیر میاں
نفی قتل صلیب بل رفعہ اللہ قرآن کھول کھاں کریں نہ دیر میاں
قتلوں سولیوں عیسیٰ بچا لیا اوپر چک لیا فضلوں گھیر میاں
پھر آوناں عیسیٰ دا گل سوہنی مومن جاندے ناں ول پھر میاں
طے طالباں صادقاں ردکیتا عیسیٰ مر گیا نیچری بولیا جاں
سولی چاہڑیا عیسیٰ یہودیاں نے اہدینال ایہ کفر بی تولیا جاں
خوب اٹھیا ساڑ مجددی دا گند نیچری دیں وچ گھولیا جاں
عیسیٰ ماردے مگر پیا مرزا ہتھ دین ایمان تھیں دھولیا جاں
ظے ظالم اڈی اڈی کوڑ وھڈے کدے چک تحریف قرآن مارے
کہے لیلتہ القدر ناں رات کوئی الف شہر دانواں ای گیان مارے
نبیاں پاس فرشتہ نہ کدے آوے جھوٹھا وحی خدائی دی شان مارے
سارے ملک تھاؤں تھائیں جڑے ہوئے عزرائیل اوتھے بیٹھا جان مارے
عین عجب غرور نے پٹ دتا کہیں ایہ امت ساری ہوئی انھی
متوفی آیا پہلوں رافعک دے اوتھے اپنے منوں ترتیب منی
ذبح بقر پہلوں پچھوں اذقتلتم کادیانیا کیہی ترتیب بھنی
نئیں واو ترتیب دے واسطے اوہیتری لغو اے سب تقریر ظنی
غین غور دینال قرآن پڑھتوں قصے ناریاں تے جنت والیاندے
حشر نشر دے بعد اے نار جنت مگر لگ ناں نیچری چالیاندے
اللہ وچہ قرآن ہے رد کردا تیری فتح توضیح از الیاندے
مردے سارنائیں دارالخلد ملدا پھٹ تیریاں جھوٹھ حوالیاندے

نے فکر کرو تسیں چیلیئیو اودے اکھاں مل لئو تے کھولوکن نالے
اہدے حال مقال نوں خوب دیکھو چھڈ دیو پیغمبری ظن نالے
گل اوس الّو والی کرو نائیں زندہ آپ سمجھے رنڈی رن نالے
حیلہ سازیاں اہدیاں صاف دیکھو موںہوں شور پاؤن دھن دھن نالے
قاف قہر پوے تینوں کادیانی کیکی زہر کفراندای ونڈ دائیں
ردکرن حدیث رسولدی نوں آیت آیت قرآن دی ونڈ دائیں
عیسیٰ رب بنایا عیسایان نے موت اوسدی جان دی ونڈ داہیں
تیری جیہاندا رب شیطان ہویا کیوں ناں موت شیطان دی ونڈ داہیں
کاف کانیاں کوڑھیاں منیاں توں نال کوڑھ دے کھاج بی ہوں لگی
دکھ درد تے وصیبت آن لگی لگی دین ایمان دی ہون ٹھگی
نور ظاہری باطنی دور ہو یا ہائے ہائے کی رب دی ماروگی
کالس ظاہری بی ہوئی جمع اندر دل سیاہ ہوئے اکھ ہووئے ننگی
لام لج نائیں تینوں اک رتی پیش گوئی تیں کدوں صحیح کیتی
بھلاں کتھے ہے اوہ بشیر تیرا جیدی شاندی آہی توضیح کیتی
عیسیٰ جسم دے نال ناں چڑھن دی توں کیھڑی نص دینال تصحیح کیتی
وچہ آپنے اوس ازالہ دی جھوٹھی طول طویل تشریح کیتی
میم مولوی شرح دی خادمانوں توں بی کہیں ملوانے قلندرا اوئے
بھنگ گھوٹ داہڑی صفا چٹ کر کے کسے جانے بیٹھ مچھندرا اوئے
وحی اپنی دخل شیطان کولوں دسے پاک تیرے جیہا چندرا اوئے
اجے اہل سنت بنیں قسم کھا کر پڑے ملحدان دیا پتندرا اوئے
نون نال تحقیق توں کدوں کیتا ثابت عیسیٰ ہن نہیں آونائیں
پیشگوئی رسول مقبولدی نے پر ظاہر اہنے ہو جاونائیں
تینوں خبرئیں استنبول اوتی قبضہ کافراں نے اجی پاؤنائیں
نسل علیؓ دی وچوں امام مہدیؓ مسلماناں دا تاج سہاؤنائیں

واو ولی شیطان دے سب جھوٹھے جیہڑے گل کہندے قسم کھاء کہندے
میں ہاں نوح خلیل مثیل عیسیٰ منوں اپنے آپ بناء کہندے
جھوٹھ موٹھ کتاب خداء اندر رائے اپنی نال ملاء کہندے
راسخ قدم نہ آوندے داؤاندریسن کے ربنا لاتزغ چاء کہندے
ہے ہاریا دلی دے وچ مرزا جدوں چھپن دی کوئی ناں جا پائی
باہر شرم دا ماریا نکلے ناں نال رن دے کھیل دا لک مچائی
اوتھوں رات نوں نٹھیا لک چھپکے لوکاں ستیاں تے فرصت ہتھ آئی
جدوں آیا پٹیالے اسحٰق ہوراں اک عام جلسے وچ گت بنائی
لام لاہور دے وچ جا کے پھر بحث دا شور مچایا جی
جدوں تنگ کیتا بو سعید ہوراں سیالکوٹ نوں اٹھ کے دِھایا جی
اتھے بولیا تاں سیالکوٹیاں نے بو سعید نوں سد بلایا جی
سچ پہنچیا تاں جھوٹھ نٹھ تریا کوچ والا الہام سنایا جی
ہمزہ اصل دجال اجے آئوناں ایں ایہ مثیل مسیح دا آن پہنچا
لوکو دیکھنا وقت ہے ابتلاء دا بدعت کفر والا لیکے خوان پہنچا
اج ہوراک چودھویں صدی اندر دیکھو کرن تحریف قرآن پہنچا
کلمہ اشہد میرزا کادیانی کانے کوڑھیاں تائیں سکھلان پہنچا
لئے یار اسلام دیا ساتھیاں اوئے میرے نال آکھیں بار بار آمیں
مرزا وچ گمراہی دے دور پہنچا اللہ راہ پاوے کہ ہزار آمیں
پڑھے پھیر اشاعۃ السنۃ اونویں کرے رفع یدین جہار آمیں
وارے جائیے راہ اسلام اوتے اوچی ہتھ کر کے کہیں یار آمیں

دوسری سی حرفی

الف اللہ دی حمد ثناء کر کے اہدے نبی تے بھیج درود میاں
جیدے حکم تے چابیاں مرن پچھوں ملے وچہ بہشت خلود میاں

اوہدے واسطے اللہ تھوں پنج واری روز منگ مقام محمود میاں
نبی عرب والا تیرا پیشوائے جانیں اللہ نوں اک معبود میاں
ب بدعتاں دل نہ مول جائیں بدعت والیا ندے مندے حال ہوسن
الحال غير متصور اذ البر كما هو متصور فى زمان حياة البار والمبرور اليه كليهما كذلك يتصور فى زمان ممات المبرور اليه بالاستغفار له واهداء ثواب الطاعات اليه فجزم المستدل بعدم امكان برالمسيح عليه السلام بوالدته فى تلك الحالة جزم فى غير محله وجملة المرام وخلاصة الكلام ان المسيح رسول الله حى الىٰ الأن ومرفوع الىٰ السماء بجسده وهذه المسئلة ثابتة بالدلائل من الأيات القراٰنية والاحاديث النبوية واجماع الامة المحمدية على صاحبها الوف صلوٰة وتسليمات والأيات الدالة عليها قول الله تبارك وتعالىٰ ما المسيح بن مريم الارسول قد خلت من قبله الرسل وقوله جل وعلا واذ قال الله يا عيسىٰ انى متوفيك ورافعك الىّ قوله تعالىٰ وما قتلوه يقينا بل رفعه الله اليه وقوله الكريم وان من اهل الكتاب الا ليؤمنن به قبل موته وتقرير دلالة هذه الايات على حيوة مر باكمل وجهه واحسن تفصيل ومنها قول الله عزبرهانه لقد كفر الذين قالوا ان الله هو المسيح بن مريم قل فمن يملك من الله شيئا ان اراد ان يهلك المسيح بن مريم وامه ومن فى الارض جميعاً وتقرير الدلالة ان كلمة ان الداخلة على كلمة اراد من ادوات الشرط التى وضعت لوقوع الجزء بوقوع الشرط فى المستقبل والشرط ههنا ارادة اهلاك المسيح والجزاء انتفاء قدرة الدفع لغير الله المدلول عليه التزاماً بقوله تعالىٰ فمن يملك من الله شيئا فان الاستفهام قائم مقام النفى ونفى الملك من الله شيئا على تقدير ادارة الله تعالىٰ اهلاكه يوجب ويستلزم انتفاء القدرة لاحد غير الله عن دفع اهلاكه علىٰ ذلك التقدير فيجب كون كليهما اى الاهلاك وانتفاء القدرة متوقعى الوجود فى المستقبل والالزم خلاف وضع كلمة ان وتوقع وجودهما فى الأتى لايمكن الا اذا كان المسيح عليه السلام حياً حين نزول هذه الأية لانه لولم يكن حياً فى ذلك الحين وكان وقوع موته فى الزمان الماضى بالنسبة الىٰ ذلك الحين لادت الأية معنى توقع ارادة اهلاك الهالك وازالة الزائل وامتناعه غير خفى كامتناع ايجاد الموجود وتحصيل الحاصل وحمل الكلام لضرورة تصحيح المعنى على حكاية حال حيوٰته فى الدنيا مع كونه حقيقة فى الاستقبال اواستعمال

کلمة ان فی معنی لوالدته علیٰ انتفاء الجزاء بانتفاء الشرط فی الماضی رجوع الیٰ المجاز من غیر قرینة وقوله عزوجل وامه ومن فی الارض لیس نصاً فی المعطوفیة علی قوله المسیح بن مریم لیصلح قرینة علیٰ ذلك الحمل اوالاستعمال لانه یحتمل ان یکون مفعولاً لفعل مقدر وهو لفظ یساوی ویکون جملة حالیة فیؤل حاصل معنی الأیة الی ان الله قادر علی ان یهلك المسیح بن مریم والحال انه یساوی امه ومن فی الارض فی عدم الالوهیة فکما ان الله قادر علی مریم ومن عداهم فکذلك هو قادر علی المسیح لاستواء کلهم فی نفی الالوهیة بل ان حکم بتعین هذا الاحتمال بالارادة لکان اجدرو احری لان المقصود بهذه الأیة ردقولهم ان الله هو المسیح بن مریم وذا لایکون الا بایقاع المساوات بین المسیح وبین امه ومن الارض فی انتفاء وصف الالوهیة وثبوت وصف العبودیة ومعهذا کیف یصح کونه عطفا وقرینة لصرف الکلام عن حقیقته علی ان فی اختیار استعمال کلمة ان بمعنی لومع قطع النظر عن لزوم المحذور ثبوت المدعی من حیات عیسیٰ علیه السلام اظهر واجلی لانه علی هذا یؤل الیٰ ان الله تعالیٰ لم یرد اهلاکه علیه السلام فی الزمان الماضی وهذا هو المطلوب الذی نحن بصدده فیقال ان حملت کلمة ان علی معناها الحقیقی الوضعی فالدلیل ثابت ومدلولنا متحقق وان علی معنی لوالذی هو معناها المجازی فالمدعی علی هذا التقدیر ایضاً ثابت وعلیٰ کل تقدیر فالأیة دلیل لنا وشاهد علی حیوٰة عیسیٰ علیه السلام کما لایخفی علیٰ من له ادنیٰ درایة واما الاجماع علیٰ حیاته الیٰ الأن فلعدم وجود النقل فی کتاب من کتب الشریعة علی خلافها من لدن زمان الصحابة الیٰ یومنا هذا اذلو لم یکن الاجماع منعقداً علیٰ حیوٰة وکان القول بمماته مذهباً لاحد من المسلمین لنقله الناقلون ولم یطبقوا علیٰ عدم نقله وتفسیر حبر الامة ابن عباسؓ قوله عزوجل انی متوفیك بقوله انی ممیتك لیس نصافی مضی اماتته لان اسم الفاعل لکونه اسماً لا اختصاص له بزمان دون زمان کما یدل علیه ماحدوا الاسم به وما رواه النسائی وابن ابی حاتم عن ابن عباسؓ لما اراد الله ان یرفع عیسیٰ خرج علیٰ اصحابه وفی

البیت اثنا عشر رجلاً فقال ان منکم من یکفر بی من بعد ان اٰمن ثم قال ایکم یلقی شبھی فیقتل مکانی فیکون له الجنة فقال شاب احدھم سنا فقال انا فقال اجلس ثم اعاد فعاد فقال اجلس ثم اعاد فعاد الثالثة قال فصلب بعد ان رفع عیسیٰ الیٰ السماء وجاء الطلب من الیھود فاخذوا الشاب ۱ھ کما لین ومانقل عن وھب فغیر مستند ولئن سلمنا استناده فلا یضر اجماع المسلمین لاحتمال انه نقل ذلك من اھل الکتاب ویؤید ھذا الاحتمال نسبة محمد بن اسحاق وصاحب الوجیز والبیضاوی القول بوقوع موته الیٰ النصاریٰ وانه قال فی الوجیز حیوٰة المسیح مما اجمع علیه المسلمون واخبر الحافظ ابن القیم والفاضل الکھنوی نقلا عنه بتحقق اجماع المسلمین کلھم علیٰ حیاته علیه السلام فلم یبق للمنقول عن وھب محمل سوی ذلك الاحتمال ولئن تاملت فی رسائل الکائد الکادیانی ماوجدت دلیلاً لا شرعیاً ولا عقلیاً بیده علی مادعاه ووجدت اقوی دلائله مالا یعده اولوالعقول دلائل بل استبعادات عادیة واستیحاشات بعدم موانسة کما ھو داب ارباب الجھالات من عدالاستبعاد استدلالًا کاستدلال بعض کفرة ایام الجاھلیة باستبعاد احیاء العظام وھی رمیم وقد اخبر منه اللّٰه الحمید فی کتابه المجید حیث قال عزوجل اولم یرالانسان انا خلقناه من نطفة فاذا ھو خصیم مبین وضرب لنا مثلاً ونسی خلقه قال من یحی العظام وھی رمیم وکاستدلال بعضھم کما حکی اللّٰه تعالیٰ اجعل الاٰلھة الٰھا واحداً ان ھذا لشئ عجاب وکثیر من ھذه الامثال مذکور فی کتابه المستطاب وقد حصل الفراغ من تحریر ھذه الرسالة النافعة سنة الف وثلثماته واحدی عشر ۱۳۱۱ھ من الھجرة النبویة علی صاحبھا الوف الوف صلوٰة وتحیة والمرجو من المطالعین لھا ان لا ینسونی من ادعیتھم فی خلص اوقاتھم بالعافیة والانسلاك بمسلك اھل السنة والاختتام بحسن الخاتمة ولیکن اختتام الرسالة بھذا الکلام وعلیٰ اللّٰه التوکل وبه الاعتصام واٰخر دعونا ان الحمد للّٰه رب العالمین وصلی اللّٰه علی خلیفته وخیر خلیقته محمد واٰله وصحبه وعشیرته ومن تبعھم الیٰ یوم الدین اجمعین۔

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

آفتاب صداقت

حضرت مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی امرتسری رحمۃ اللہ علیہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(نوٹ:’’الھام الصحیح فی حیات المسیح ‘‘کے اردو ترجمہ کا نام’’آفتاب صداقت‘‘ ہے جو یہ ہے)

سب تعریفیں ثابت ہیں خاص پروردگار کو، کہ جس نے راستہ دکھایا اس کو، کہ جس نے اس کی راہ نمائی کی جانب میلان کیا اور وہ رہنمائی کی اس نے حقائق کی سمجھنے کی طرف اس شخص کو جو حق کی تحقیق میں مضبوط اور قوی ہوا اور دقائق قرآنیہ میں کامل الوصول اور اس کی رضامندی میں جان نثار کرنے والے کا مرتبہ بلند کیا۔ جس نے اس کی آیات میں خوض کیا مانند ان کے خوض کہ جنہوں نے خدا کی طرف رجوع نہیں کیا پس وہ شخص ان لوگوں میں سے ہے کہ جنہوں نے خدا کی جانب رجوع کیا ہے، سرکش اور متکبر ہے خدا کی راہ سے مانع ہے حیرت گمراہی کی میدانوں میں وحشی گدھے کی طرح دوڑ پڑا ہوا ہے۔ خداوند تعالیٰ کی پاک بارگاہ سے مردود ہوا۔ جس شخص نے اپنے آپ کو خدا کے نیک بندوں کے جم غفیر سے الگ کیا اور وہ روسیاہی کا مستحق ہے سرداری کے قابل نہیں۔ جو شخص گناہوں پر خوگر ہوا گو کسی قوم سے ہو جیسا کہ خوگر ہوئی تھی قوم عاد۔ پس بلاشبہ برے انجام کی طرف لوٹا۔ اکمل اتم درود وسلام ہو جو خداوند تعالیٰ کے برگزیدہ پیارے پر جن کا اسم شریف محمدؐ ہے جو سردار ہیں انبیاء اولیاء کے اقطاب۔ اوتاد میں سے وہ نبی کہ جن کی سلطنت کے پردوں کے نیچے شہنشاہ عاجزی کرتے ہیں۔ ہر ایک نے ان میں سے ان کی جناب میں نرمی کی جس نے ان سے منہ پھرا اور متکبرانہ ناز کیا۔ جو ان کی نصائح کے سننے، غصہ سے پھولا، بلاشک اس کو اللہ نے ہلاک کر ڈالا، پس ہلاک ہوا۔ قریب ہے کہ جہنم میں قیامت کے دن گریگا۔ درود وسلام ہو آپ کی قوم اور یاروں پر جو محکم دین کے اسرار کے خزانچی ہیں۔ انہی کی تابعداری سے سرداروں نے سرداری پائی۔ ان کے خلاف کرنے سے جو کجرو راہ مستقیم سے پھرا انہی کے خلاف سے ہے۔ باہمیں سبب الحاد میں گرفتار ہوا کرم خوردہ طعام کی طرح اس کا دل فاسد ہوا۔ بعد حمد وصلوۃ کے فرماتے ہیں جو اُمیدوار ہیں قبولیت کی بلندی پر چڑھنے کے جن کا نام نامی محمد غلام رسول ہے۔ مذہباً حنفی طریقۃً نقشبندی، مجددی، نوری عرفاً اور نسبتاً قاسمی ہیں۔

بچاوے ان کو پاک پروردگار ہر لئیم کند فہم کج عقل اور بھکے ہوئے کے شر سے، کہ جب کہ گمراہی، حق سے تجاوز، گردن کشی، ظلم اس زمانہ میں بسبب اس کے جو قادیان سے ظاہر ہوا ہے۔

زیادہ ہوا۔ اس نے دعویٰ کیا کہ جس مسیح علیہ السلام کی آمد کا آخری زمانہ میں وعدہ دیا گیا ہے وہ میں ہوں۔ دعویٰ کیا اس نے کہ مسیح علیہ السلام مر چکے ہیں۔ نہ وہ بجسدہ آسمان پر چڑھائے گئے ہیں۔ اس لئے وہ زمین پر بھی نہیں اتریں گے۔ اس نے برے عقائد ظاہر کئے۔ نہیں ہے اس کا ان لوگوں کے جو اس کے مطابق ہیں۔ مانند مطابقت فعل کے فعل کے ساتھ مقصود۔ مگر آبادیوں میں بگاڑ، فساد ڈالنا، تزندق پھیلانا، پلید کفریہ عقائد کا درمیان بندگان خدا شائع کرنا ان کے اعلیٰ مطالب ہیں۔ مع ہذا دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم ہدایت یاب ہیں۔ حالانکہ وہ سیدھی راہ سے برگشتہ ہیں۔ وہ ایسے لوگ ہیں کہ ایمان لایا، انہوں نے پھر کفر کیا۔ انہوں نے پس خداوند تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر کر دی ہے۔ جس لئے سمجھتے نہیں ہیں۔ اس عقیدہ پر اگر وہ مر گئے تو وہ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔ ان کے مونہوں کو آگ جلاوے گی۔ اس میں ترش رو رہیں گے۔ کہا جائے گا ان سے کیا تم پر نہیں پڑھی گئی تھیں۔ ہماری آیتیں پس تھے تم ان کو جھٹلاتے۔ بدگمانی سلف صالحین کی نسبت کرتے ہیں۔ پھر گمان کرتے ہیں کہ ہم یہ کام اچھا کرتے ہیں۔ ہم ایسی قوم کے درمیان ہیں کہ سب علماء اور بعض فضلاء جن کا پیشہ ہے سب وشتم، طغیان ان کا حرفہ ہے۔ ان لوگوں کے حق میں جو نیکی کا امر، برائی سے منع کرتے ہیں۔ فصحیت کرنے کے لئے زبان درازی کرنا ان کا کام ہے نہ تو ان کو عقل سے حصہ، نہ دین کی سمجھ ہے۔ پوست، مغز، موتی، مٹی میں امتیاز نہیں کرتے۔ شیخ جنین وآہنی باآہنی میں فرق نہیں کر سکتے۔ ظلم، ظاہر گمراہی کے میدانوں میں وہ حیران ہیں۔ کیا نہیں جانتے کہ ظالموں پر خدا کی لعنت ہے۔ جب کہ اس درجہ پر فساد پہنچا تو ہم سے بعض محبوں، دوستوں نے التماس کی کہ ہم کادیانی کے دلائل کا جو اس نے اپنے دعوے (کہ مسیح علیہ السلام مر گئے ہیں اور صرف ان کی روح مرفوع ہوئی ہے) پر پیش کئے ہیں۔ فاسد ہونا ظاہر کریں۔ ہم ان کی حیات آیات فرقانیہ کے ساتھ ہی صرف استدلال کر کے ثابت کریں اور احادیث نبوی ﷺ کو اس کے ثابت کرنے کے لئے نقل نہ کریں گے۔ اس[1] لئے کہ دراصل کادیانی اور اس کے متبعین حدیث کو مانتے نہیں ہیں۔ بغیر اس کے کہ ہم بجز اس عقیدہ کے اس کے اور عقائد فاسدہ اور ملمعات واہیہ کی جانب التفات کریں۔ کیونکہ وہ عقائد اس قدر مشہور نہیں ہوئے۔ جیسا کہ پہلا مسئلہ شہرت پا گیا ہے[2]۔ چونکہ ہم کو بسبب اس کی کہ ہم کو کتب متداولہ قدیمہ کا مطالعہ، افتاء وتعلیم کا بہت شغل ہے۔ فراغت نہیں ہے۔ نیز ہماری طبیعت کادیانی وامثال کے خرافات کے جانب توجہ کرنے سے متنفر ہے ایسے جھوٹ کلمات کی طرف (جو کفریات اور ارتدادات صرفہ ہیں) ملتفت ہونے کو مکروہ سمجھتی

ہے۔ہم کو اور باقی مسلمانوں کو سرکش ملحد طائفہ کے ضرر سے خداوند تعالیٰ اپنی پناہ میں رکھے۔اس واسطے ہم نے ملتمسین سے عذر بیان کئے۔اوّلاً کہ ہم بہت اشغال میں مصروف ہیں۔ثانیاً کہ ہم ایسے کلمات کی طرف جو صریح جھوٹ ہیں۔التفات نہیں چاہتے ہیں۔

پس ہم ایک پاؤں کو آگے بڑھاتے دوسرے کو پیچھے ہٹاتے[۳] باوجود اس کے ملتمسین نے کوئی عذر مسموع نہیں کیا۔انہوں نے ہم کو حیات مسیح علیہ السلام کی ثابت کرنے پر مجبور کیا۔لہٰذا ہم نے ان کے سوال کو قبول کیا۔جس طرز پر کہ انہوں نے التماس کیا تھا۔ہم نے ان کی امید براری کی جس طریق پر انہوں نے چاہا تھا۔یہ چند ورقہ مختصر طور پر ہم نے لکھے۔اس کتاب کا نام ''الالهام الصحیح فی اثبات حیات المسیح'' رکھا۔

اوّل...... ہم نے کادیانی کے دلائل کی حتی الوسع اصلاح اور تہذیب اور اچھی تنقیح کی بعدازاں اس کے دلائل کی تردید، تکذیب عمدہ طور پر لکھی۔پس صریح طور پر حق واضح ہوا۔مکاروں، فریب زدوں کا کام باطل ہوا۔لہٰذا وہ لوگ اور ان کے گروہ جو کجرو ہے۔شیطان کے لشکر ہیں۔تمام سرنگوں ہوئے۔خبردار ہو کہ ہم پروردگار کی مہربانی پر بھروسہ کر کے مطلب شروع کرتے ہیں۔کہتے ہیں کہ کادیانی حضرت مسیح علیہ السلام کی وفات پر اس آیت مبارکہ سے استدلال کرتے ہیں۔

''وما محمد الارسول قد خلت من قبله الرسل افائن مات اوقتل انقلبتم علیٰ اعقابکم (آل عمران:۱۴۴)'' ﴿نہیں کہ ہیں حضرت محمد ﷺ مگر اللہ کے فرستادہ بلاشبہ آپ سے پہلے پیغمبر گزرے ہیں۔کیا اگر آنحضرت ﷺ مرجائیں یا مارے جائیں تو تم دین اسلام سے پھر جاؤ گے۔﴾

کادیانی کی استدلال کی تقریر اور اصلاح[۴] یوں ہے کہ بتحقیق خلت کا معنی ''مرگئے'' ہیں۔الرسل کا لفظ الف لام استغراقی کے ساتھ معرف ہے۔اسی واسطے اس پر افائن مات متفرع ہوا۔کیونکہ اگر خلو کا معنی موت نہ لیا جائے یا الرسل جمع مستغرق نہ ہو تو افائن مات کا اس پر متفرع ہونا صحیح نہیں ہوگا۔وجہ یہ ہے کہ اس تفریع کی صحت آنحضرت ﷺ کے الرسل میں داخل ہونے پر موقوف ہے۔اس میں شبہ نہیں اور ظاہر ہے کہ نبی ﷺ کا لفظ الرسل میں داخل ہونا تب ہی درست ہوگا جب کہ الرسل کا الف لام استغراقی ہوگا۔ایسا ہی اس تفریع کی صحت اس پر موقوف ہے کہ خلو بمعنی موت ہو۔اس لئے کہ اگر موت اور خلو کے درمیان غیریت سمجھیں۔خلو کو موت سے عام لے لیں تو خاص کی تفریع عام پر لازم آوے گی۔حالانکہ یہ غلط ہے کیا معلوم نہیں کہ تفریع تب ہی

درست ہوتی ہے کہ جب متفرع علیہ کو متفرع لازم ہو۔ ’’لاغیر‘‘ پر ظاہر ہے کہ خاص عام کو لازم نہیں ہے۔ پس ثابت ہوا کہ جو تفریع کلام الٰہی میں واقع ہے۔ اس کے لئے دو چیزوں کا ہونا ضروری ہے۔ ایک خلو بمعنی موت ہو۔

دوم...... الرسل کا جمع مستغرق ہونا۔ ان ہر دو مقدمتین سے ایک کو شکل اوّل کا صغریٰ دوسرے کو کبریٰ بنائیں گے۔ شکل یہ ہے کہ مسیح علیہ السلام بے شک رسول ہیں۔ ہر رسول مر گئے ہیں۔ اب اس شکل سے جو وہ دو یقینی مقدمتین سے مؤلف ہے۔ یہ نتیجہ نکلے گا کہ بے شک مسیح علیہ السلام مر گئے۔ یہی مطلوب تھا۔ صغریٰ پر دلیل یہ کلام الٰہی ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ مسیح علیہ السلام بنی اسرائیل کی طرف فرستادہ ہیں۔ نیز یہ کلام ربانی جس کا معنی یہ ہے کہ نہیں ہیں مسیح بن مریم علیہما السلام۔ مگر خداوند تعالیٰ کے فرستادہ ان کی مانند اور آیات بھی ہیں۔ جن سے مسیح علیہ السلام کا رسول ہونا ثابت ہوتا ہے اور آپ کا رسول ہونا کل اہل اسلام کے اجماع سے ثابت ہے۔ کبریٰ کے لئے دلیل وہ دو مقدمہ ہیں۔ جن کی تمہید اور اصلاح ہو چکی ہے۔ کیونکہ جب خلو بمعنی موت ہوا اور اس کی نسبت الرسل کی جانب کی گئی اور الرسل کا جمع ہونا ثابت ہوا۔ تو مسیح علیہ السلام کا الرسل میں داخل ہونا یقیناً سمجھنا پڑے گا۔ جب ہی مسیح علیہ السلام کی موت کا کبریٰ کے ضمن میں ثابت ہونا لازم آوے گا۔ پس کادیانی کا مطلب پایہ ثبوت تک پہنچا۔ اس استدلال کی تردید وازالہ یوں ہے کہ یہ دونوں مقدمہ جو کبریٰ کے لئے تھے۔ دلیل بنائے گئے ہیں۔ مسلم نہیں ہیں۔ عدم صحت تفریع کا استحالہ اس صورت میں کہ دونوں مقدمہ یا ایک نہ پایا جائے۔ نیز مسلم نہیں ہم اس استدلال کو اس طرح پر بھی توڑیں گے کہ یہ استحالہ بہرحال لازم آوے گا۔ خواہ وہ دونوں مقدمہ مان لئے جائیں یا نہ۔ اب پہلے منع کی سند سنتے جائیں کہ خلو کا معنی گزرنا ہے۔ چنانچہ کتب لغات میں خلو کی بھی تفسیر موجود ہے۔ ہم ان کی نقلیں اس واسطے پیش نہیں کرتے کہ وہ باعث طول ہے اور یہ کتاب مختصر ہے۔ نیز جس کو علم سے کچھ تھوڑا بھی مس ہو وہ یہی کتب لغات کا ملاحظہ کر سکتا ہے۔ لیکن یہ تو ضرور کہہ دیں گے کہ خلو کا معنی کسی اہل لغت نے موت نہیں لکھا ہے۔ پس اس سے معلوم ہو گیا کہ اصلی اور حقیقی معنی خلو کا بجز گزرنے کے اور کچھ نہیں ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو۔ حالانکہ یہ مرجح ہے۔ اس سے کہ قرآن شریف میں خلو کو منافقین کی طرف اس آیت میں نسبت کی گئی ہے۔

اس آیت کا مضمون یہ ہے کہ جب منافقین اپنے شیاطین کے پاس گزرتے اور جاتے ہیں۔ اس طرح پر خلو کو قرآن شریف میں سنین کی طرف نسبت کی گئی ہے۔ دیکھو اس آیت کا

مضمون یہ ہے کہ تم سے پہلے سنن گزرے ہیں اور دوسری آیت میں دونوں کی طرف ان کو نسبت ہے۔ دیکھو سورۃ الحاقہ میں ارشاد ہے کہ کھاؤ، پیو، بسبب اس کے کہ تم نے گزرے ہوئے دنوں میں آخرت کے لئے آگے ہی نیک اعمال کئے ہوئے تھے۔ پس قرآن سے بھی ثابت ہوا ہے کہ خلو کا معنی موت نہیں ہے۔ بلکہ اس کا معنی گزرنا اور جانا ہے۔ لہٰذا اب متصور نہیں ہے کہ خلو کا معنی موت لیا جائے۔ بلکہ بالضرور اس کے معنی گزرنا ہے اور جانا ہے۔ جیسا کہ مخفی نہیں ہے۔ پس خلو کو موت کے ساتھ تفسیر کرنا یہ بعینہ اخص کے ساتھ تعریف کرنا ہے۔ اس لئے کہ موت خلو کا ایک قسم ہے۔ گزرنا ہر ایک قسم کے انتقال مکانی پر صادق آتا ہے۔ اگر بلندی سے پستی کی جانب انتقال ہو تو اس گزرنے کا نام خفض۔ اگر پستی سے بلندی کی طرف انتقال ہو تو اس گزرنے کا نام رفع ہے۔ یا قدام سے خلف کی جانب یا برعکس اس کے ہو، سب کو شامل ہے۔ موت کی ہر قسم کو خواہ جرح سے یا بلا جرح ہو۔ پس گو ہم الرسل کے جمع مستغرق ہونے کو مان بھی لیں تو بھی مسیح علیہ السلام کا مرجانا لازم نہیں آتا۔ کیونکہ خلو اور گزرنا جو ایک عام چیز ہے گو نوع رسول کے ہر ہر فرد کو ثابت ہے۔ مگر اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس امر عام کا ہر ہر قسم بھی نوع رسول کے ہر ہر فرد کو ثابت ہو۔ رہی یہ بات کہ اگر خلو کی تفسیر موت سے نہ کی جائے تو اخص کی تفریع اعم پر لازم آوے گی۔ نیز مردود ہے۔ اس واسطہ کہ انقلاب کا بعید سمجھنا اور ارتداد کے جواز کا انکار دراصل متفرع ہے۔ مگر آنحضرت ﷺ کی قوم کے درمیان بعد اداء رسالت موجود نہ ہونے کی تقدیر پر۔

پس ماحصل اس آیت کا یہ ہوا کہ نہیں ہیں آنحضرت ﷺ مگر اللہ کے رسول بلاشبہ آپ سے پہلے رسول گزرے ہیں۔ پھر کیا جائز ہے تمہارے لئے دین سے پھر جانا۔ اگر وہ منتقل کئے جاویں اس طرح پر کہ آسمان پر اٹھا لئے جائیں جیسا کہ مسیح علیہ السلام (یہ بات بالاجماع ثابت ہے) یا جس طرح ادریس علیہ السلام آسمان پر چڑھائے گئے یا اگر آپ کا انتقال موت سے ہو چنانچہ یہی ان کی نسبت علم ازلی میں مقرر تھا یا آپ کا انتقال شہادت سے ہو۔ چنانچہ اس قسم کی آواز شیطان نے دی تھی[۶] اور تم نے اس پر یقین کر لیا تھا۔ ہاں یہ بات ضرور البیان ہے کہ آیت میں موت اور قتل کا صریح ذکر کیا گیا ہے یہ رفع کا سوا واضح رہے کہ موت کی تصریح کی وجہ یہ ہے کہ وہ ہی آپ کے حق میں تقدیر اللہ اور واقع کے مطابق تھی۔ قتل کی تصریح صرف ان کے زعم فاسد کی رعایت سے ہے۔ نیز تاکہ وہ دونوں تقدیر پر (موت اور قتل) سمجھ جائیں کہ دین سے پھر جانا ناجائز ہے آپ کا مقتول ہونا۔ گو ان کا زعم ہی زعم تھا لیکن چونکہ انبیاء سابقین بہت سے مقتول ہو چکے تھے (دیکھو

خداوند فرماتا ہے کہ انہوں نے پیغمبروں کو ناحق قتل کردیا ہے) تو رسول کے حق میں بھی یہ گمان قوت پکڑ گیا تھا۔ اس لئے آیت مذکورہ میں قتل کا ذکر کرنا ضروری تھا۔ رہا یہ کہ رفع کا ذکر نہیں ہوا باوجود یہ کہ عبارت میں مقصود ہے۔ سو واضح ہو کہ اس کی تصریح بچند وجہ ضروری نہیں تھی۔

اولاً...... آپ کا مرفوع ہونا تقدیر اور واقع کے مطابق نہیں تھا۔

دوم...... یہ کہ اس قسم کا خیال مخالفین کو نہیں تھا۔

سوم...... آپ سے پہلے رفع نادرالوقوع تھا۔ بناء علیہ ثابت ہوا کہ ہر تینوں تقدیروں پر ''موت، قتل، رفع'' جواز الارتداد کا انکار ہی متفرع ہے۔ لاغیر! اس میں شک نہیں ہے کہ انتقال جو تینوں میں دائر ہے خلو کے ساتھ (جب اس کا حقیقی معنی گزرنا ہو) مساوی ہے اس لئے اب استحالہ لازم نہیں آیا۔ وجہ یہ ہے کہ اس صورت میں ایک مساوی کی دوسرے مساوی پر تفریع ہوگی اور یہ جائز ہے نہ اخص کی تفریع عام پر جو نا جائز ہے۔ دیکھو کہتے ہیں کہ ہم نے زید کو نشو ونما پانے والا بالارادہ حرکت کرنے والا کلیات وجزئیات کا ادراک کرنے والا جسم پایا ہے۔ پس اس پر تفریعاً کہہ سکتے ہیں کہ وہ انسان ہے کیونکہ وہ مفصل اور یہ مجمل (انسان) آپس میں مساوی ہیں۔ جن میں سے ہم نے ایک کو متفرع اور دوسرے کو متفرع علیہ کہا ہے وہ یہ دو ہیں ''ہر رسول کا گزرنا ہر ایک تقدیر پر جواز الارتداد کی نفی'' سبب یہ ہے کہ نسبتوں کے لئے دو چیزوں کا ہونا ضروری ہے خواہ وہ دونوں وجودی یا دونوں عدمی یا ایک وجودی اور دوسری عدمی ہو۔ یہ ضروری نہں ہے کہ وہ دونوں عدمی یا دونوں وجودی ہوں۔ باقی ماندہ کہ ارتداد کی نفی خلو بمعنی گزرنے کو کس طرح پر لازم ہے تو اس پر یہ دلیل ہے کہ اللہ جل شانہ نے، پیغمبروں کو صرف اس واسطے مبعوث فرمایا ہے کہ تا مطلقاً شریعت کو بیان کریں اور طریقہ کو جو اللہ تک پہچانے والا ہے، معین کردیں۔ اس واسطے مبعوث نہیں فرمایا کہ وہ اسی زمانہ تک شریعت کو ظاہر کریں کہ جب تک کہ وہ قوم کے درمیان موجود رہیں ورنہ لازم آوے گا کہ کوئی زمانہ بھی رسول سے خالی نہ ہو۔ حالانکہ یہ صریحاً اور بالاتفاق باطل ہے۔

اس سے واضح ہوگیا ہے کہ اخص کی تفریع عام پر (گو خلو سے گزرنا ہی مراد ہو) لازم نہیں آتی۔ ہاں یہ جو حضرت صدیق اکبرؓ نے جناب آنحضرت محمدﷺ کی موت پر آیت مذکورہ دلیل کے طور پر پیش فرمائی ہے انہوں نے تو لفظ خلت (گزرے اور گئے) سے مدعا ثابت نہیں کیا۔ بلکہ ''افائن مات'' (کیا پس اگر رسول کریمﷺ مرجائیں) سے استدلال فرمایا ہے۔ سبب یہی ہے کہ حضرت فاروق اعظمؓ نے بعد موت رسول اکرمﷺ کے فرمایا تھا کہ آپ نہیں مرے اور نہ

مریں گے اور یہ اس خیال سے فرمایا تھا کہ رسول کریم ﷺ کی موت جائز نہیں اور غیر ممکن ہے اس لئے حضرت صدیقؓ نے آپ کے اس خیال کو اٹھانے کے لئے اس آیت کو پڑھ کر افلائن مات سے استدلال فرمایا۔ وہ اس طرح ہے کہ دراصل مدخول ''ان'' کا وہ ہوتا ہے کہ جس کا پایا جانا واقع میں ممکن اور جائز ہو لا غیر۔ چنانچہ یہ بات ان لوگوں پر واضح ہے جو بحث معانی حروف پر آگاہ ہیں پس جبکہ رسول کریم ﷺ کے واسطے موت کا ہونا ممکن اور جائز ہوا تو حضرت فاروق اعظم کا خیال جو اس کے ناممکن ہونے پر جما ہوا تھا بالکل اٹھ گیا۔ یہ بات کہ صدیق اکبرؓ نے ''افائن مات'' سے استدلال فرمایا ہے۔ اس سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ اس موقع پر حضرت صدیق اکبرؓ نے یہ آیت بھی پڑھی تھی۔ جس کا مضمون یہ ہے کہ: ''اے رسول اکرم ﷺ تم اور وہ موت کا مزہ چکھنے والے ہیں۔'' ان کا یہ قول ہر جمع جو معرف باللام ہو وہ تمام افراد کو شامل ہوتا ہے۔ مسلم نہیں ہے۔ چنانچہ یہی محققین کی کتابوں میں مصرح ہے۔ اس کی تائید قرآن حمید میں ہے۔ ان آیات کا ماحصل یہ ہے کہ کہا فرشتوں نے مریم علیہا السلام سے کہ اے مریم خداوند تعالیٰ بلاشبہ تم کو خوشخبری دیتا ہے۔ مریم (علیہا السلام) سے فرشتوں نے کہا کہ اے مریم خداوند تعالیٰ نے تجھ کو برگزیدہ کیا ہے۔

اب دیکھو کہ ان آیات میں ملائکہ کا لفظ جمع اور معرف ہے۔ مع ہذا تمام فرشتے مراد نہیں ہیں۔ ہمارے مدعا کو یوں بھی تائید ملتی ہے کہ حق سبحانہ فرماتا ہے کہ آدم علیہ السلام کو تمام فرشتوں نے سجدہ کیا۔ اس میں بھی لفظ ''الملئکۃ'' سے تمام فرشتے مراد نہیں لئے گئے۔ بلکہ یہ فائدہ لفظ ''کل'' اور ''اجمعون'' نے دیا ہے۔ ورنہ یہ لفظ بے فائدہ ٹھہریں گے۔ العیاذ باللہ!

ایسے ہی بہت قرآنی مثالیں ہیں کہ جن سے مخالف کے برخلاف جمع معرف باللام استعمال کیا گیا ہے۔ لیکن چونکہ ان سب کا ذکر کرنا طول کا باعث ہے۔ اسی پر اکتفاء کیا۔ نیز عاقل کو اتنا ہی کافی ہے جو ہم نے ذکر کیا ہے۔ جب یہ مقدمہ غیر مسلم ہوا تو شکل مذکور کے کبریٰ کی کلیت بھی غیر مسلم ٹھہری۔ پس یہ نتیجہ کہ ''مسیح علیہ السلام مر گئے'' اس سے حاصل نہیں ہوگا۔ اس لئے کہ شکل اوّل میں کبریٰ کی کلیت شرط ہے۔ اور کلیت تو جاتی رہی۔ لہٰذا نتیجہ جو مشروط ہے وہ بھی جاتا رہا۔ اس پر یہ جو ہم نے کہا ہے کہ اگر الف لام استغراقی نہ لیا جاوے تو دراصل تفریع کا جائز ہونا لازم نہیں آوے گا۔ سو اس کی وجہ یہ ہے کہ جس آیت کا یہ مضمون ہے کہ نہیں ہیں آنحضرت ﷺ مگر خداوند تعالیٰ کے رسول بلاشبہ آپ سے پہلے گزرے اور گئے۔ اس سے یہ مراد ہے کہ آنحضرت ﷺ صرف خدا کے مقرب بندے اور سچے رسول ﷺ ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ پیغمبروں کی جنس گزری اور گئی ہے۔ ظاہر ہے جو چیز (مثلاً موت) جنس کے بعض افراد کو باعتبار ذات کے ثابت ہو اس کا باقی افراد کو بھی ثابت ہونا جائز ہے۔ پس جیسا کہ اس چیز کا ثبوت بعض افراد کے لئے ملزوم الامکان ہے۔ ویسے ہی باقی افراد کے لئے واقع میں یہ مہملہ اگرچہ بمنزلہ جزیہ ہے۔[۵] اس لئے شکل اوّل کا کبریٰ نہیں بن سکتا۔ (کیونکہ اس میں کبریٰ کی کلیت شرط ہے) لیکن اس مہملہ کو ممکنہ کلیہ لازم ہے۔ اس واسطے وہ کبریٰ بن سکتا ہے۔ جیسا کہ کہہ دیں کہ مسیح علیہ السلام رسول ہیں اور بلاشبہ جنس رسول بالفعل گزرا اور گیا۔ پھر ممکنہ کلیہ کو جو اس مہملہ کو لازم ہے۔ کبریٰ بنائیں گے۔ پس شکل اوّل حاصل ہوگی۔ دیکھو مسیح علیہ السلام رسول ہیں۔ ہر رسول بالامکان میت ہے۔ اس لئے یہ شکل یہ نتیجہ دے گی کہ مسیح علیہ السلام بالامکان میت ہے۔ پس اس صورت میں ایک تو تفریع درست ہوئی اور نہ کوئی محال عقلی اور شرعی عائد ہوا۔ (یعنی مسیح علیہ السلام کا مرنا جو قرآن واحادیث واجماع سے مخالف ہے)

اب دیکھئے کہ صرف ایک ہی مقدمہ کے تسلیم نہ کرنے کی حالت میں یہ کیفیت ہوئی تو پھر جس حالت میں دونوں مقدموں کو تسلیم نہ رکھیں گے تو کادیانی کے مدعا کا کہاں ٹھکانا ہے۔ چنانچہ جن لوگوں کو کچھ بھی سمجھ ہے وہ بھی اس بات کو جانتے ہیں۔ ہاں یہ بھی یاد رہے کہ ہم پہلے یہ بھی بیان کر آئے ہیں کہ اگر دونوں مقدموں کو (الف لام کا استغراقی ہونا اور خلو کا بمعنی موت ہونا) مان بھی لیں تو پس ظاہراً تفریع کی عدم صحت کا الزام نہیں جاتا۔ جیسا کہ دونوں مقدموں کے تسلیم نہ کرنے کی تقدیر پر نہیں جاتا۔ سو اس لئے کہا جاتا ہے کہ الرسل کا لفظ گو ہم اس کو جمع مستغرق اور خلو کو بمعنی موت ہی لیں۔ ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ کو شامل نہیں ہوگا۔ کیونکہ اس کلام ربانی ''قد خلت من قبله ''میں آپ سے پہلے رسولوں کو خلو بیان کیا گیا ہے اور یہ بھی ہے کہ ان کا خلو آپ سے پہلے بھیں معنیٰ ہے کہ وہ آپ پر وصف خلو میں سبقت لے گئے ہیں۔ آپ ان سے اس وصف میں متاخر ہیں۔ ظاہر تر ہے کہ ان کی پیش دستی اور آپ کا تاخر یہ دونوں زمانی ہیں۔ اس میں متقدم متاخر کے ساتھ موصوف ہوتے تھے۔ اس وقت میں رسول اکرم ﷺ اس وصف کے ساتھ موصوف نہیں تھے۔ وجہ یہ ہے کہ اگر ہم مان لیں کہ رسول کریم ﷺ بھی ان پیغمبروں کے ساتھ خلو سے موصوف ہو چکے تھے تو بریں تقدیر لازم آوے گا کہ آیت میں ایک چیز کے اپنے آپ پر مقدم ہونے کی خبر دی گئی ہو۔ حالانکہ نادان تک اس کے بطلان کو جانتے ہیں۔ البتہ جب یہ اعتقاد کر لیں کہ جس زمانہ میں اور پیغمبروں کو خلو عارض ہو گیا تھا تو تب جناب رسالت مآب ﷺ کو یہ وصف

لاحق نہیں تھا تو بلاشبہ کہہ سکتے ہیں کہ آپ کے لئے خلو اور گزرنا ممکن تھا۔ جیسا کہ اور انبیاء گزرے اور گئے بنابراں کہہ سکتے ہیں کہ جب یہ ثابت ہوا کہ رسول کریم ﷺ اس زمانہ میں دوسرے انبیاء اس میں وصف خلو سے موصوف ہوگئے تھے۔ خلو کے ساتھ موصوف نہیں ہوئے تھے تو پھر یہ ضرور تسلیم کرنا پڑے گا کہ آپ رسل ماضیہ میں (اس سبب سے کہ وہ اس وصف سے خالی تھے) داخل نہیں ہوئے۔ پس جس حالت میں یہ ثابت ہوا کہ آنحضرت ﷺ انبیاء سابقین میں داخل نہیں تو ظاہراً تفریع کی عدم صحت کا پھر بھی اقرار کرنا پڑے گا۔ کیونکہ رسول کریم ﷺ تو ان میں داخل ہی نہیں ہوئے ہیں۔ پھر کیونکر خلو کا حکم جو ان پر لگایا گیا ہے۔ آنحضرت ﷺ کی طرف منتقل ہوگا۔ آخر یہ تو صریح الفہم بات ہے کہ انتقال موقوف اور داخل ہونا موقوف علیہ ہے۔ پس جہاں پر موقوف علیہ ہی نہیں پایا گیا ہو موقوف کیسے پایا جاوے گا۔ لہٰذا قادیانیوں کو خلو کا صرف موت ہی میں مستعمل سمجھنا الرسل کو جمع مستغرق ٹھہرالینا بالکل نافع نہیں ہے۔ کیا غریق کو گھاس کو چنگل مارنا کچھ فائدہ دیتا ہی نہیں۔

اب ہم کہتے ہیں کہ جو قادیانی اس الزام کے وضعیہ میں پیش کریں گے۔ وہی ہماری طرف سے بھی حاضر ہے۔ مگر مع ہذا ہمارا ہی پلہ بھاری ہے۔ کیونکہ ہم تو ماسوا اس کے بھی جواب دے چکے ہیں۔ چنانچہ ماسبق سے ظاہر ہے۔ شاید قادیانی ہمارے ہی جواب کو اپنی طرف سے بھی جواب سمجھ لیں۔ لیکن یہ تو ان کے لئے نافع نہیں ہے۔ وجہ یہ ہے کہ ہمارا جواب ایسی چیز پر دلالت کرتا ہے جو قادیانیوں کے مدعا اور نقیض کو شامل ہے۔ کیا دیکھتے نہیں کہ کسی چیز کا امکان جیسا کہ اس چیز کے وجود کو مقارن ہے۔ ویسے ہی اس کے عدم کو مقارن ہے۔ پر بدیہی ہے کہ مدعا اور غیر مدعا کو جو ثابت ہوا اس کا پایا جانا گو مانع اور تسلیم نہ کرنے والے سائل کو نافع ہو۔ مگر دلیل پیش کرنے والے کو ہرگز نافع نہیں ہے۔ یہ قاعدہ بالکل مسلمات سے ہے اور ظاہر ہے گو قادیانیوں پر ان کی کم علمی سے پوشیدہ ہو۔ اس سے علاوہ اور لیجئے کہ اگر مان لیں کہ وہ آیت جس کا مفاد یہ ہے کہ: ’’نہیں ہے حضرت ﷺ مگر خداوند تعالیٰ کا رسول بلاشبہ آپ ﷺ سے پہلے پیغمبر گزرے اور گئے۔‘‘ اس پر دلالت کرتی ہے کہ آپ ﷺ کے ماسوا جتنے بھی رسول تھے وہ سب مر گئے ہیں تو اس صورت میں وہ آیت جس کا معنی یہ ہے کہ: ’’نہیں مسیح بن مریم علیہما السلام مگر خداوند تعالیٰ کا رسول بلاشبہ ان سے پہلے پیغمبر گزرے۔‘‘ چاہے کہ اس پر دلالت کرے کہ مسیح علیہ السلام کے سوا جتنے رسول ہیں سب مر گئے ہیں۔ حالانکہ یہ غلط ہے۔ اس لئے کہ مسیح علیہ السلام کے ماسواء رسولوں میں ہمارے

سردار مفخر موجودات ﷺ بھی داخل ہیں تو اس سے لازم آوے گا کہ آنحضرت ﷺ بھی اس آیت کے اترنے سے پہلے مرگئے ہوں اور یہ صریح جھوٹ ہے۔ اس لئے کہ یہ آیت آپ کی حیات میں نازل ہوئی ہے۔ لہٰذا الف لام کا استغراقی لے لینا بھی محال ہوا۔ وجہ یہ ہے کہ جس کے مان لینے سے کوئی محال لازم آوے۔ اس کا ماننا بھی محال ہوتا ہے۔ اس لئے یہ نتیجہ کہ: ''مسیح علیہ السلام مرگئے ہیں۔'' صادق نہیں ہے۔ لوجی! اس کا صدق اس صورت میں تھا کہ اگر مسیح علیہ السلام اکبر میں مندرج ہوتے۔ لیکن وہ تو مندرج نہیں ہیں۔ سبب یہ ہے کہ ان کا اندراج الف لام کے استغراقی ہونے پر موقوف ہے اور وہ خود ہی باطل ہے۔ پس نتیجہ مذکور بھی کاذب ہوا۔

نیز دوسری آیت (جس کا معنی ابھی بیان کیا گیا ہے) صراحۃً مسیح علیہ السلام کے (آیت کے نازل ہونے کے وقت) زندہ ہونے پر دلالت کرتی ہے۔ دیکھو اگر مسیح علیہ السلام اس آیت کے نازل ہونے کے وقت اموات میں داخل ہوتے تو خداوند تعالیٰ کو یوں فرمانا چاہئے تھا کہ نہیں ہیں مسیح علیہ السلام مگر خدا کے رسول۔

بلاشبہ رسولوں کے ساتھ ہی مرگئے ہیں۔ یا بلاشبہ مسیح علیہ السلام مرگیا۔ درحالیکہ اور رسول مرگئے۔ یا بلاشبہ مسیح علیہ السلام مرگئے۔ جیسے کہ اور رسول مرگئے۔ یا بلاشبہ رسول مرگئے اور نہ فرماتا بلاشبہ مسیح علیہ السلام سے پہلے رسول مرگئے۔ مگر یہ سب کچھ اس تقدیر پر ہے کہ جب الرسل کا جمع مستغرق مراد رکھ لیں گے۔ جیسا کہ کادیانی اور اس کے مقتدی کا گمان فاسد ہے۔ پس خلو کو من قبلہ (آپ سے پہلے) سے مقید کر دیتا۔ اسی لئے ہے جو ہم بیان کر آئے ہیں۔ رہی یہ بات کہ یہ آیت مسیح علیہ السلام کی حیات پر تب ہی دلالت کرے گی جب کہ الف لام استغراق لیں۔ اس سے مسیح علیہ السلام کی موت آیت کے نازل ہونے کے وقت پر لازم آوے گی۔ سو یہ غلط ہے۔ کیونکہ لفظ الرسل سے جنس رسول مراد ہے۔ اس لئے اس کی توجیہہ یوں ہوگی کہ: ''جنس رسول کسی زمانہ میں اس کا وجود ہو۔'' گو مسیح علیہ السلام اب تک نہیں مرے۔ مسیح علیہ السلام سے پیشتر مرگیا۔ لیکن مسیح علیہ السلام بھی اس جنس کی طرح مریں گے۔ بناء علیہ اس آیت کا ماحصل یہ ہوگا کہ مسیح علیہ السلام اگرچہ اب تک نہیں مرے ہیں۔ مگر آخر مریں گے یہ ایسا ہوا جیسا کہ پہلی آیت سے ہمارے سید ﷺ کے انتقال کے زمانہ ماضی میں نفی اور آئندہ انتظار ثابت ہوا تھا۔ اب اگر باوجود اس کے کہ اس آیت نے مسیح علیہ السلام کی حیات پر دلالت کی ہے۔ اس آیت سے ان کی موت سمجھ لیں گے تو بھی بداہتۃً قرآن میں تخالف اور تعارض پایا جاوے گا۔ حالانکہ ایسے امر کا قائل کافر ہے۔

اس لئے ماننا پڑے گا کہ الرسل کا الف لام استغراقی نہیں ہے۔ شاید اس موقعہ پر کوئی شخص یہ کہہ دے کہ چونکہ موت اور حیات آپس میں مخالفت نہیں رکھتی ہیں تو اگر ایک آیت سے زندگی دوسری آیت سے موت مراد رکھ لیں تو کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ سو واضح رہے کہ یہ بات مضحکہ خیز ہے۔ سبب یہ ہے کہ اگر موت کے معنی اس چیز کا حساس ہونا کہ اس کی شان سے حساس ہوتا ہے۔ مقصود ہے تو موت وحیات میں بطور تقابل عدم وملکہ کے تخالف ہوگا۔ اگر موت کے معنی بدن سے روح کا جدا ہونا ہے۔ چنانچہ یہی نصوص شرعیہ عقلیہ سے ثابت ہے۔ پس موت وحیات میں تضاد ہوگا اور بہرصورت دونوں میں مخالفت پائی جائے گی۔

لہٰذا مسیح علیہ السلام کا زمانہ ماضی میں نہ مرنا اور آئندہ میں ان کی موت کا واقع ہونا ثابت ہوا اور یہ بھی تمام معتبر اہل اسلام کا عقیدہ ہے۔ البتہ نصاریٰ اور کادیانی اس رائے میں متخالف ہیں۔ نصاریٰ تو کہتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام مرکر زندہ ہوا اور آسمان پر چڑھا۔ کادیانی کہتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام مر گئے اور آسمان پر بجسدہ نہیں چڑھائے گئے۔

پھر کادیانی مسیح علیہ السلام کے مرجانے پر اور آیت کو پیش کرتے ہیں۔ اس کا مضمون یہ ہے کہ: ''نہیں بنایا ہم نے پیغمبروں کے بدنوں کو کہ وہ کھانے پینے کی طرف محتاج نہ ہوں اور نہ ہمیشہ رہنے والے۔'' لیکن ہم نے پہلے اس کے استدلال کی اصلاح کریں گے اور پھر جواب دیں گے۔ کادیانی کا استدلال کہ اگر مسیح علیہ السلام آسمان پر زندہ بھی مان لئے جائیں تو بالضرور کہنا پڑے گا کہ وہ ایسے بنائے گئے ہیں کہ وہ طعام کی طرف محتاج نہیں ہیں۔ ہمیشہ زندہ رہنے والے ہیں۔ حالانکہ خداوند تعالیٰ نے آیت میں ان دونوں باتوں کے برخلاف ارشاد فرمایا ہے۔ کیونکہ ماحصل آیت کا یہ ہے کہ نہیں کوئی ایک جسد رسولوں کے اجساد میں سے کہ وہ طعام کی طرف محتاج نہ ہو۔ نہیں کوئی ایک بھی ان میں سے کہ ہمیشہ زندہ رہے۔ ظاہر ہے کہ مسیح علیہ السلام کا اب تک زندہ ہونا جو گویا خلو سے عبارت ہے۔ ان کے حق میں کہنا کہ وہ وہاں پر کھانے پینے سے فارغ ہیں۔ یہ ایک ایسا حکم ہے کہ صراحۃً اس سالبہ کلیہ (نہیں کوئی جسد۔ الخ!) سے مخالف ہے۔

اس سبب کلی پر یہ دلیل ہے کہ خداوند تعالیٰ ایک آیت میں فرماتا ہے کہ یا رسول اللہ ﷺ ہم نے آپ سے پہلے کسی آدمی کو ہمیشگی نہیں دی ہے۔ کیا اگر آپ مرجائیں گے تو وہ (کافر) ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ پس اس آیت سے صاف سلب کلی ثابت ہوا۔ اس سے یہ بھی لازم آیا ہے کہ یہ موجبہ جزئیہ (کہ بعض آدمی جیسے کہ مسیح علیہ السلام فلانے وقت سے اب تک یا فلاں

وقت زندہ ہے) باطل ہو سبب یہ ہے کہ یہ اس سالبہ کلیہ کی نقیض ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ جب ایک شے متحقق ہو تو اس کی نقیض کاذب اور غیر متحقق ہو۔ ورنہ اجتماع النقیض لازم آئے گا۔ حالانکہ یہ باطل ہے۔ جیسا کہ دونوں نقیضوں کا متحقق نہ ہونا باطل ہے۔ الجواب کہ آیت مذکورہ میں حرف نفی (ما) کا وارد ہوا ہے۔ وہ تو جعل۹ بسیط پر وارد نہیں ہوا ہے۔ بلکہ جعل مؤلف پر جس کے لوازم سے ہے کہ وہ دو مفعولوں کے درمیان پایا جائے۔ ایک کا نام مجعول (بنایا گیا) دوسرے کا نام مجعول الیہ (جو کچھ بنایا گیا ہو) ہے۔ دیکھو اس آیت میں انبیاء مجعول اور جسد جو بغیر طعام کے فاسد ہوتا ہے مجعول الیہ ہے۔

پس یہاں پر نفی ایسے جعل اور بنانے پر وارد ہوئی ہے جو مقید ہے۔ پر بدیہی ہے کہ مقید گو اس کے ساتھ ہزار قیدیں لگی ہوئی ہوں۔ تب تک نہیں پایا جاتا جب تک کہ ہر ایک قید نہ پائی جائے۔ اب یہاں تو تین قیدیں ہیں۔ ایک جعل کا مرکب ہونا، دوم جسد کا مجعول الیہ ہونا۔ سوم عدم الاکل کی قید۔ لہٰذا یہ جعل جو ان قیود سے مقید ہے۔ جب ہی متحقق ہوگا کہ یہ سب قیود پائے جائیں۔ البتہ کسی مرکب چیز کا معدوم ہو جانا اس کے تمام اجزاء کے نابود ہو جانے پر موقوف نہیں۔ بلکہ اس میں اگر ایک چیز بھی نابود ہو جاوے تو اس چیز کا عدم پایا گیا۔ اس سے یہ بھی سمجھا ہوگا کہ اگر بجائے جعل مؤلف کے جو مقید ہے اور ہی چیز فرض کی جائے یا اس کا مرکب ہونا اوڑا دیویں۔ بایں طور کہ صرف پہلے مفعول کے ساتھ یا دوسرے کے ساتھ فقط متعلق ہونا مان لیں۔ یا جسد کے مقام پر اور ہی کوئی مفعول قرار دیں یا تمام قیود کا تحقق مان لیں۔ مگر عدم الاکل یا تمام قیود یا مطلق شے کا (باجود مان لینے تمام قیود کے) نابود ہونا۔ فرض کر لیں تو بہر حال مقید بھی معدوم ہوگا۔ لیکن یہ سب مفہومات صرف ممکن ہی ممکن ہیں۔ واقع میں ان میں سے کوئی بھی متحقق نہیں ہے۔ البتہ ان میں سے عدم الاکل کا منتفی ہونا گو ممکن ہے۔ واقعی بھی ہے۔ ماسوا اس کے جتنے ہیں ان کا واقع میں پایا جانا دلائل عقلیہ ونقلیہ سے ثابت ہے۔ اس لئے ان کے عدمات واقعی نہیں ہیں۔ جب یہ سن لیا تو اس کا علم بھی ضروری ہے کہ قید عدم الاکل کا پایا جانا دو طرح پر ہے کہ یا کوئی چیز (خواہ طعام ہو یا اور کچھ ہو) نہ کھائی جائے یا خاص کر طعام ہی نہ کھایا جائے۔ اس میں شبہ نہیں ہے کہ عدم الاکل کا نہ پایا جانا تب ہی متحقق ہوگا۔ جب کہ کھانا متحقق ہوگا۔ پس عدم الاکل کے نہ پائے جانے کو جو سالبہ[۱] ہے۔ موجبہ محصلہ لازم ہوا۔ اگرچہ یہ ملازمت موضوع کے موجود ہوتے ہی ہوتی ہے۔ لیکن یہاں تو موضوع (انبیاء علیہم السلام) امر واقعی ہے۔ پھر کیا دونوں متحقق نہیں ہوں گے ضرور ہوں

گے۔اس لئے ضرور تسلیم کرنا پڑے گا کہ آیت مذکورہ ''وما جعلناهم'' سے جو سالبہ سالبہ ہے۔ قضیہ موجبہ محصلہ لازم آتا ہے۔ وہ یہ ہے کہ ہر رسول طعام کھاتا ہے۔

اب کادیانی سے مستفسر ہے کہ اس قضیہ موجبہ میں اکل اور کھانا جو ہر رسول کو ثابت ہے تو یہ ان کے لئے ان کی ذات کی طرف نظر کر کے ضروری الثبوت ہے۔ یا باعتبار کسی وصف کے لئے یا ضروری الثبوت غیر معین یا معین وقت میں ہے یا یہ کہ وہ ذات کے اعتبار سے یا وصف کی جہت سے دائمی الثبوت ہے۔ یا تین زمانوں میں سے کسی زمانہ میں ثابت ہے۔ یا یوں کہو کہ اس کا ثبوت ان کے لئے ممکن ہے۔ خواہ مع قید الادوام جیسا کہ اوّل اور پانچویں کے ماسوا میں خواہ مع قید اللاضرورۃ جیسا کہ اوّل کے ماسواء میں بنابر ایک رائے کے یا پانچویں کے ماسوا میں بھی ''عند البعض یا لاضرورة ولادوام'' کی قید کہیں بھی تسلیم نہ کریں۔ بہرحال پر ظاہر ہے کہ ضروریہ (یعنی ہر رسول کی ذات کو طعام کا کھانا بالضرور ثابت ہے) اور دائمہ (یعنی ہر رسول کے لئے اکل الطعام دائماً ثابت ہے) باطل ہے۔ کیونکہ ضروریہ مطلقہ کی نقیض جو ممکنہ عامہ ہے۔ متحقق ہے۔ پس لازم ہوا کہ ضروریہ باطل ہو ورنہ اجتماع النقیضین پایا جائے گا۔ اسی طرح پر دائمہ کی نقیض مطلقہ عامہ متحقق ہے۔ چنانچہ کہہ دیں کہ بعض اوقات میں رسول طعام نہیں کھاتے ہیں۔ اب اس مطلقہ عامہ کو کون باطل کہہ سکتا ہے۔ یہ تو صریح صادق ہے۔ اس لئے دائمہ کاذب ہوا نہیں تو ویسے بھی اجتماع النقیضین لازم آئے گا۔ جیسا کہ گزرا۔ ایسا ہی دوسرا اور چھٹا باطل ہے۔ اس لئے کہ وصف رسالت ہرگز ضرورت یا دوام اکل کو نہیں چاہتا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس اکل الطعام رسول کے واسطے مطلق وقت میں کوئی وقت ہوا اور خاص ایک وقت میں ضروری الثبوت نہیں ہے۔ آخر یہی تو کہو گے کہ اکل الطعام بشرطیکہ بھوک متحقق ہو ضروری ہے۔ لیکن یہ تو ظاہر ہے کہ بھوکا خود ضروری الوجود نہیں ہے۔ پھر طعام کا کھانا جو اس کا مشروط ہے وہ کیسے ضروری ہوگا۔ کیا دیکھتے نہیں کہ جب کہہ دیں کہ زید کی انگلیاں لکھنے کی حالت میں متحرک ہیں۔ اس میں لکھنا چونکہ خود کسی وقت میں ضروری الثبوت نہیں ہے تو جس کے لئے یہ شرط ہے وہ بھی کتابت کے وقت میں ضروری ہے۔ وجہ یہ ہے کہ کتابت چونکہ کسی وقت ضروری نہیں ہے اور منجملہ اوقات وہ وقت بھی ہے جس میں کتابت متحقق ہے۔ پس وہ جب آپ ہی اس وقت میں ضروری نہیں ہے تو انگلیوں کا ہلنا کتابت کے وقت میں کب ضروری ہوگا۔ ویسے کھانا گو بشرط الجوع (بھوکا) ضروری ہے۔ مگر بھوک کے وقت میں ضروری نہیں۔ چنانچہ ابھی ہم بیان کر آئے ہیں۔ شاید کہو گے کہ جب یہ مانا گیا کہ طعام کا کھانا بشرطیکہ بھوک لگی

ہو۔ضروری ہے تو یہ قول جسے قضیہ مشروط کہتے ہیں صادق آئے گا کہ ہر رسول کے لئے بشرط الجوع طعام کا کھانا ضروری ہے۔حالانکہ تمہارے لئے مضر ہے۔سو واضح رہے کہ مشروطہ ہرگز صادق نہیں آئے گا۔سبب یہ ہے کہ یہ مشروطہ نہیں بن سکتا۔

کیا معلوم نہیں ہے کہ مشروطہ میں یہ بات لازمی ہے کہ ضرورت بشرط اسی عنوان اور وصف کے ہو کہ جس کے ذریعے سے موصوف پر حکم لگایا گیا ہو پر ظاہر ہے کہ قضیہ مذکورہ میں وصف اور عنوان رسول کا لفظ ہے۔نہ بھوکا کا، پھر کہو کہ صورت مذکورہ میں وہ کیسا مشروطہ بن سکتا ہے۔بنابریں ماننا پڑے گا کہ قضیہ مذکورہ[۱۱] مطلقہ یا ممکنہ عامہ ہے۔خواہ لادوام ولاضرورۃ کی قید لگاویں یا نہ۔

ہاں مطلقہ اور ممکنہ عامہ اس آیت سے مستفاد ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ یا رسول اکرم ﷺ آپ سے پہلے جتنے رسول تھے وہ طعام کھاتے، بازاروں میں چلتے پھرتے بھی تھے۔ کیونکہ اس آیت کا ماحصل یہی ہے کہ وہ رسول کسی نہ کسی زمانہ میں کھاتے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے نہ یہ کہ ہر ہر وقت میں جیسا کہ ہر ہر وقت میں چلتے پھرتے نہیں تھے اور یہی مطلقہ عامہ ہے۔ایسا ہی طعام کے کھانے کا ان کے لئے امکان ثابت ہوا۔پس جب کہ اس مطلقہ اور ممکنہ کو لادوام کی قید لگادیں گے تو یہ قضیہ وجودیہ[۱۲] ایسا ہوا کہ اس کی پہلی جز آیت مذکورہ سے ثابت ہوئی اور دوسری یعنی لادوام کا مفہوم ہماری سابق تقریر سے پایہ ثبوت تک پہنچی۔

البتہ اس وجودیہ کو بسبب اس کے کہ یہ ایک مقید اور خاص چیز ہے۔ضروریہ وغیرہ لازم ہے۔لیکن چونکہ یہ خاص ہے اور خاص زیادہ تر قابل اعتبار ہوتا ہے تو وجودیہ ہی معتبر ٹھہرے گا۔اس لئے اس کی دو جزو لے کر قضیہ بنائیں گے۔پھر دیکھیں کہ وہ اسلامیوں کے عقیدہ سے مخالف ہے یا نہ۔دیکھو ہر رسول بعض اوقات میں طعام کھاتے ہیں اور کوئی رسول بعض اوقات میں طعام نہیں کھاتا۔اب غور سے دیکھو کہ یہ قضیہ ہرگز عقیدہ اسلامی کی مخالفت نہیں رکھتا۔کیونکہ یہ قضیہ کہ مسیح علیہ السلام بعض اوقات میں طعام کھاتے تھے اور بعض اوقات میں نہیں کھاتے تھے۔یہی صادق ہے۔اچھا صاحب یہ جو ہم بیان کر آئے ہیں کہ بھوک ضروری الثبوت نہیں ہے۔سو اس کی دلیل یہ ہے کہ درونی اور برونی اسباب کے سبب اجزاء گھستے ہیں۔ان کے مقام اجزاء کے چاہنے کو بھوک کہتے ہیں۔پس جب یہ گھسنا متحقق ہوگا تو بھوک بھی متحقق ہوگی۔پھر بدیہی ہے کہ جب تحلل یعنی گھسنے کے اسباب مختلف ہوں گے تو بالضرور تحلل کے درجہ بھی مختلف ہو جائیں گے۔مگر یہ یہی ظاہر

ہے کہ تحلل کے درجہ بے شمار ہیں۔ پس بنابراں کہ کہیں ادنیٰ اور کہیں اعلیٰ ہے۔ ہر ایک دوسرے سے سلب کیا جاسکتا ہے اور کہہ سکتے ہیں کہ ادنیٰ تحلل نہیں ہے اور اعلیٰ ادنیٰ نہیں ہے۔ غرض کہ جس مرتبہ اور درجہ کو مدنظر رکھیں اس سے جو ادنیٰ ہے یا اعلیٰ اسے اس درجہ معینہ سے مسلوب کرنا جائز ہے۔ ویسے ہی ان دونوں کو اس معین درجہ سے رفع کر سکتے ہیں تو گویہ اجمالاً حکم لگایا گیا ہے کہ ہر ہر درجہ کا اپنے ماسواسب درجات سے مسلوب ہونا ممکن ہے۔ جیسا کہ باقی درجات کا سلب اس درجہ سے ممکن ہے۔

اب واضح ہوگیا کہ یہ سلب مقید ہے۔ جب یہ ممکن ہوا تو صاف ثابت ہوا کہ واقع میں بھی سلب ممکن میں ہے۔ وہ کیوں مطلق ہو سواس کی وجہ یہ ہے کہ سلب واقعی میں کسی درجہ میں متحقق ہونے کا لحاظ نہیں ہے۔ لیکن سب کے ممکن ہونے سے یہ لازم آیا کہ تحلل کا سرے سے ہی مسلوب ہونا ممکن ہوا۔ پس بھوک کا سلب بھی سرے سے ممکن ٹھہرا۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ بھوک خود ضروری الثبوت نہیں ہے۔ جیسا کہ ہم پہلے بیان کر آئے تھے۔ ہاں یہ گمان نہ کرنا چاہئے کہ تحلل کا سلب ممکن ہی ممکن ہے۔ نہیں بلکہ خداوند تعالیٰ کے کلام سے اس کا وقوع بھی ثابت ہے۔ آیت میں خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے آدم تجھ کو بہشت میں نہ بھوک لگے گی اور نہ تم اس میں برہنہ ہوگے اور نہ تجھ کو پیاس لگے گی اور نہ تم اس میں چاشت کا وقت دیکھو گے۔ بھوک کا ان کو بہشت میں عارض نہ ہونا اس لئے تھا کہ وہاں تحلل نہیں تھا۔ جیسا کہ چاشت کا وقت آفتاب کے نہ ہونے کے سبب نہیں تھا۔ اگر اس کے جواب میں کہیں گے کہ اس سے مقصود یہ ہے کہ ہر ہر وقت میں بھوک نہیں لگے گی یا سخت بھوک نہیں عارض ہوگی۔

سواس کا جواب یہ ہے کہ یہ غلط ہے۔ ورنہ چاہئے جہاں کہیں حرف نفی داخل ہوا ہو۔ وہاں پر ایسا ہی مراد ہو۔ حالانکہ اس قسم کی تجویز تب تک صحیح نہیں ہے جب تک کہ کوئی ضرورت نہ ہو۔ پھر یہاں پر کہیئے کہ کون سی ضرورت درپیش ہے کہ ظاہر معنی چھوڑ کر ایک ایسے معنی مراد رکھ لیں کہ اس کی طرف ذہن کا انتقال بھی نہیں ہوتا۔ اگر ضرورت یوں ثابت کریں کہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے آدم تم اور تمہاری بی بی بہشت میں رہو اور اس میں فلانے درخت کے سوا جس درخت کا پھل کھانا چاہو گے کھاؤ تو اس سے صاف ظاہر ہے کہ بہشت میں بھی بھوک عارض ہوتی ہے۔ لہٰذا جہاں پر بھوک کی نفی کی گئی ہے۔ وہاں سخت بھوک یا دائمی بھوک مراد رکھ لینا چاہئے۔ سواس کا جواب یہ ہے کہ اس آیت میں صرف آدم وحوا کے لئے بہشت میں کھانا مباح اور جائز کر دیا گیا

ہے اوراس سے بھوک کا اس میں متحقق ہونا لازم نہیں آیا ہے۔اس واسطے کہ یہ ایسا ہے جیسا کہ دنیا میں میوہ جات استلذاذ کے لئے کھائے جاتے ہیں نہ بھوک کے لئے ویسے بھی بہشت میں جو طعام کھانے کی اجازت دی گئی ہے اور دی جائے گی۔وہ تو صرف تلذذ کے واسطے ہے۔اس پر بھی اگر اے مخالف قانع نہیں تو تفسیر تیسیر اور وجیز کا مطالعہ کر ایسا کیوں نہ ہو کہ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ بہشت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ کا نام ریّان ہے۔اس میں سے جو داخل ہوگا پیئے گا اور جو پیئے گا پھر کبھی اس کو پیاس نہیں لگے گی۔ظاہر ہے کہ پیاس اور بھوک میں کچھ فرق نہیں ہے۔پس جیسا کہ پیاس کا نہ ہونا ممکن ہوا۔اسی طرح پر بھوک کا نہ ہونا بھی جائز ٹھہرا۔

سوال یہ جو تم نے کہا ہے کہ جب تحلل کا سلب ممکن ہوا تو بھوک کا عدم بھی ممکن ٹھہرا۔یہ تو ایسی ایک بات ہے کہ اس پر کوئی دلیل نہیں ہے۔وجہ یہ ہے کہ علت کے نہ پائے جانے سے معلول کا نہ پایا جانا لازم نہیں ہوتا۔پھر کیسے آپ کہتے ہیں کہ تحلل کے غیر متحقق ہونے سے بھوک کا غیر متحقق ہونا جائز ہے۔کیوں درست نہیں کہ بھوک کے لئے اور ہی کوئی علت ہو۔جس کے تحقق سے اس کا بھی تحقق لازم ہو۔کیا زید کا نہ مرنا اگر یوں ثابت کرنا چاہیں کہ وہ پہاڑ پر سے گر کر نہیں مرا صحیح ہوگا۔کیونکہ زید کا مرنا چھت یا درخت پر سے گرنے سے بھی متحقق ہوسکتا ہے۔علیٰ ہذا القیاس! مرنے کے لئے اور اسباب بھی ہیں۔جن کے عارض ہونے سے زید مرسکتا ہے۔پھر اگر ان اسباب میں سے ایک سبب نہ پایا جاوے گا تو کیا زید کا مرنا جائز نہیں ہوگا۔بلکہ ہوگا ویسے ہی وہ حکم جو آپ لگا چکے ہیں صحیح نہیں ہے۔الجواب علت دو طرح پر ہے۔ایک یہ کہ اگر علت متحقق نہ ہو تو معلول ہرگز متحقق نہیں ہوگا۔سو اس صورت میں معلول کا اس علت کے بدون پایا جانا ہرگز جائز نہیں۔کیونکہ بایں معنی علتیں دو تین نہیں ہوسکتیں[۱۲]۔

پس جب کہ اس علت کا تعدد اور تکثر جائز نہیں ہے تو معلول اس میں منحصر ہوگا اور علت اس کو لازم ہوگی۔اس لئے کہ اگر معلول اس علت کے بغیر پایا جائے گا تو ملزوم کا لازم کے بغیر پایا جانا متحقق ہوگا۔حالانکہ یہ باطل ہے۔لہٰذا ہمارا یہ قول کہ: ''بھوک نہیں ہے۔کیونکہ تحلل نہیں ہے۔'' صحیح ہوا۔کیونکہ تحلل بایں معنی کہ: ''وہ اگر نہ متحقق ہو تو بھوک بھی متحقق نہیں ہوگی۔'' بھوک کے لئے علت ہے۔تحلل بھوک کے واسطے علت بایں معنی نہیں ہے کہ وہ جس وقت پایا جاوے گا تو بھوک بھی متحقق ہوگی[۱۳]۔(یعنی بمعنی اذا وجد فوجد) اس لئے یہ استدلال کہ: ''بھوک کا غیر متحقق ہونا ممکن ہے۔کیونکہ تحلل کا عدم جائز ہے۔'' درست ہوگا۔البتہ بھوکا کھانے کے واسطے بمعنی مصحح لدخول الفاء

(اس کا معنی وہی ہے جو ابھی گزرا) علت اور سبب ہے۔ کیونکہ کھانا بھوک کے بغیر بھی متحقق ہوسکتا ہے۔ کیا دیکھتے نہیں کہ لذت یا کسی علاج کے واسطے بھی کھاتے پیتے ہیں۔ کادیانی اس استدلال کو بھی پیش کرتے ہیں کہ خداوند عزاسمہ فرماتا ہے کہ وہ ہمیشہ زندہ رہنے والے نہیں تھے۔ نیز کہ ہم نے یارسول اللہ ﷺ آپ سے پہلے کسی آدمی کو ہمیشگی نہیں دی ہے۔ کیا اگر آپ مرجائیں تو آپ کے مخالف ہمیشہ رہیں گے۔

اس استدلال کی توضیح، تنقیح اس طرح پر ہے کہ مسیح علیہ السلام اگر اب تک زندہ ہوتے تو ان کا ہمیشہ زندہ ہونا لازم آئے گا۔ حالانکہ خداوند تعالیٰ نے صاف ظاہر فرمایا ہے کہ کسی کو ہمیشگی نہیں ہے۔ الجواب دونوں آیتوں میں جو ہمیشگی کی نفی کی گئی ہے۔ اس سے یہ مراد نہیں کہ طویل العمر بھی نہیں بنایا گیا۔ بلکہ دراصل اس کا معنی تو یہ ہے کہ کوئی ابدالآباد خدا کی طرح زندہ نہ رہے گا۔ اگر اے مخالف اس پر آگاہی نہیں ہے تو کتب لغات مفاہیم قرآن کو غور سے دیکھو۔ دیکھتے نہیں کہ قرآن شریف میں بہشتیوں کے حق میں فرمایا ہے کہ وہ بہشت میں خالدین اور ہمیشہ رہیں گے۔ دوزخیوں کے حق میں ارشاد ہے کہ وہ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔ لہٰذا دونوں آیتوں میں جو خلود ہمیشگی مذکور ہے اس کے معنی دوام ہیں۔ پس اگر نفی ہے تو دوام کی ہے لاغیر یہ!

(یعنی نہیں کوئی ایک بھی آدمیوں میں سے کہ وہ ہمیشہ زندہ رہے) دائمہ موجبہ جزیہ مطلقہ کی نقیض ہے۔ (وہ یہ ہے کہ بعض آدمی دائماً زندہ ہیں) لیکن یہ قضیہ کاذب ہے۔ اس لئے کہ اس کی نقیض کہ: ''نہیں ہے کوئی بشر بالفعل زندہ'' صادق ہے۔ کیونکہ اس کا ملزوم (یعنی نہیں ہے کوئی ایک بھی آدمیوں میں سے۔ الخ) جو قرآن سے ثابت ہو حق ہے۔ وجہ یہ ہے کہ ملزوم کے متحقق ہونے کو لازم کا تحقق ضروری ہے۔

پس یہ مطلقہ عامہ سالبہ کہ نہیں ہے کوئی بشر بالفعل (تین زمانوں میں کسی زمانہ میں) زندہ مسیح علیہ السلام کی موت کو زمانہ گذشتہ میں مستلزم نہیں ہے۔ کیونکہ جس چیز کا پایا جانا تین زمانوں میں سے کسی ایک زمانہ میں معتبر ہو تو اس کا خاص ماضی یا خاص مضارع میں متحقق ہونا ضروری نہیں ہے۔ بلکہ یوں ضروری ہے کہ وہ (جیسے موت المسیح کا) کسی نہ کسی زمانہ میں وجود ضروری ہے۔ خواہ استقبال میں ہی ہو۔ ماضی میں تو ضروری نہیں ہے۔ پر ظاہر ہے کہ اہل اسلام سلفاً وخلفاً اس کے قائل ہیں کہ مسیح علیہ السلام بعد نزول قرب قیامت کے مریں گے۔ اب یہ قرآن سے بالکل مخالف نہیں ہے۔ کیونکہ قرآن سے تو دوام الحیٰوۃ کی نفی ثابت ہے۔ جو ہمارا اعتقاد اور باقی اسلامیوں کا

عقیدہ ہے۔اس کے منافی نہیں ہے۔ بناء علیہ ہم کہتے ہیں جو ثابت ہوا وہ محال نہیں۔ جو محال ہے وہ ثابت نہیں۔سوال دونوں آیتوں میں خلود کا معنی طول بقاء بطور مجاز کے ہے۔ جواب یہ بھی غلط ہے[۵]۔ کیونکہ اس لفظ کا وضعی اور حقیقی معنی سے چھوڑ اکر غیر حقیقی میں مستعمل کرنا تب ہی جائز ہوگا کہ کوئی قرینہ جو حقیقی میں استعمال کرنے سے روکتا ہو، پایا جاوے۔لیکن قرینہ تو موجود نہیں ہے۔

البتہ اگر عمر کے واسطے کوئی معین حد ہوتی تو بیشک یہ قرینہ تھا۔مگر وہ بھی معین نہیں ہے۔ پہلے ماسواء اس باپ پر کہ عمر طبعی ایک سو بیس برس ہے۔غرہ نہ ہو جاؤ یہ تو ایک مشہوری بات تحقیق سے مخالف ہے۔اس پر نہ تو نقلی نہ عقلی دلیل ہے۔ نیز مشاہدہ کے برخلاف ہے۔کئی لوگ ایسے پائے گئے ہیں اور پائے جاتے ہیں جو اس عمر سے متجاوز ہو کر مرتے ہیں۔خود اطباء نے بھی تصریح کی ہے۔اس مشہور بات پر کوئی بھی دلیل نہیں ہے۔خاص کر شرع شریف سے صاف صاف ثابت ہے کہ یہ عمر طبعی نہیں ہے۔ دیکھو قرآن شریف میں نوح علیہ السلام کی نسبت ارشاد ہوا ہے کہ نوح قوم کے درمیان ساڑھے نو سو برس تک رہے ہیں۔مع ہذا اگر کادیانی وہ معنی لیں گے تو قرآن شریف میں تناقض ثابت ہوگا۔ حالانکہ یہ باطل ہے۔ خداوند تعالیٰ ہم کو گمراہوں کی گمراہی، زندیقوں کی زندیقی سے اپنی پناہ میں رکھے۔صالحین کے زمرہ میں داخل کرے۔ پروردگار ہم کو ہادی، ہدایت یاب مقتداؤں سے بطفیل اپنے حبیب محمد رسول اللہ ﷺ کی آل واصحاب کے بناوے۔کادیانی اپنے مدعا کے ثابت کرنے کے لئے یوں بھی دلیل پیش کرتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ بعض تم میں سے اے بنی آدم ایسے نہیں کہ وہ ارذل عمر تک پہنچنے سے پہلے ہی مارے جاتے ہیں۔بعض ایسے بھی ہیں کہ ان کو ہم ارذل العمر تک پہنچاتے ہیں۔ پھر پیر فرتوت بناتے ہیں۔ایسا کہ وہ سیکھے سکھائے کو بھول جاتا ہے۔اس استدلال کی اصلاح اس طرح پر ہے کہ جس طرح جفت اور طاق عدد کے افراد کو حاصر ہے۔ویسے ہی مرجانا۔ارذل العمر تک پہنچنا تمام افراد انسان کو حاصر ہے۔ پس جیسے کہ عدم کے افراد میں جفت وطاق جمع نہیں ہوتا نہ دونوں سے خالی ہوتے ہیں۔ ویسے ہی افراد انسان ان دونوں سے نہ تو خالی ہوسکتے ہیں اور نہ یہ دونوں ان میں اکٹھے پائے جاسکتے ہیں۔ پس یہ ایک قضیہ منفصلہ حقیقیہ ہوا[۶]۔اب بھی اگر تم کہو گے کہ مسیح علیہ السلام نہ تو مر گئے ہیں اور نہ ارذل العمر ان کو عارض ہوگئی ہے تو بداہۃً ان دونوں کا افراد انسان کی بعض سے ارتفاع لازم آوے گا۔ حالانکہ دونوں کا مرتفع ہونا باطل ہے۔ چونکہ یہ امر محال مسیح علیہ السلام کی زندگی کے فرض کرنے سے لازم آیا تو مفروض بھی محال ہوا۔جب زندگی محال ہوئی تو اس کی نقیض (یعنی ان کا مرنا) ثابت ہوئی۔یہی مقصود تھا۔

الجواب! من یتوفی (بمعنی جو شخص مارا جاتا ہے) اور من یرد (یعنی جو شخص ارذل العمر تک پہنچایا جاتا ہے) کے ظاہر معنی کے طرف لحاظ کر کے یہ تقسیم درست نہیں ہے۔ سبب یہ ہے کہ: ''جو ارذل العمر کی طرف مردود ہوتا ہے وہ باعتبار اپنے معنی کے من یتوفی میں داخل ہے۔ کیونکہ وہ خاص اور یہ عام ہے۔ کیا یہ معلوم نہیں ہے کہ جو ارذل العمر تک پہنچتا ہے اس کو بھی موت لاحق ہوتی ہے اور ہر موت اس کے بغیر بھی پائی جاتی ہے۔ چنانچہ یہ بات اسی آیت سے ثابت ہے۔ پس متوفی جب کہ من یرد سے عام ہوا تو یہ تقسیم اس لئے درست نہیں ہے کہ یہ ایک چیز کو اپنے آپ اور اخص پر بانٹنا ہے۔'' حالانکہ تقسیم جب ہی درست ہوتی ہے کہ اقسام مقسم سے مغائرت رکھتی ہو۔ نہ کہ ایک قسم عین مقسم ہو اور دوسرا غیر۔ بلکہ ایسی تقسیم متصور بھی نہیں ہے۔ اس لئے کہ تقسیم کے یہ معنی ہیں کہ ایک چیز کو بلا اس کے کہ اس میں خصوصیۃ اور عموم کا لحاظ کریں۔ لے کر اس کو مختلف[۱۷] قیدیں لگائی جائیں۔ پھر اگر یہ تقسیم اعتباری ہے تو مضاف الیہ یا صفت وغیرہ کے ساتھ عبارت میں تنقید داخل ہوگی۔ معنوی سے خارج جیسے مطلق سیاہی کو جب پتھر کی یا گھوڑے کی یا حبشی کی سیاہی کی طرف تقسم کریں یا تقسیم واقع ہوگی۔ لیکن یہ تب ہوگی کہ ماہیت کو فصول کے ساتھ تقسیم کریں گے۔ مگر اس صورت میں فصل کی قید معنوی میں داخل ہوگی۔ جیسے کہ حیوان کو ناطق یا ناہق سے مقید کریں۔ قید مع مقید پر انسانیہ یا حماریہ کا حکم لگاویں[۱۸]۔ یا اگر ماہیت کو عوارض سے مقید کر کے تقسیم کریں۔ قید کو معنوں میں داخل سمجھیں۔

چنانچہ لکھنے والا انسان۔ غیر کاتب انسان پس صورت اولیٰ میں حیوان انسان۔ حمار کہلائے گا۔ دوسری صورت میں زید اور عمرو وغیرہ کہلائے گا۔ یہی تقسیم ہے۔ جب یہ سمجھ گئے تو یہ بھی سمجھ لیں کہ انسان کو اگر متوفی، من یرد کی طرف تقسیم کریں گے تو یہ تقسیم ایسے عوارض کے ساتھ ہو گی۔ جو الگ قسم اور خاص بنانے والے ہیں۔ کیونکہ جو چیز کہ حقیقت سے خارج ہو وہ عرض ہے۔ پس چونکہ توفی اور رد یہ دونون انسان کی حقیقت سے خارج ہیں عوارض ہیں۔ لیکن تقسیم میں جو یہ بات ضروری ہے کہ اقسام آپس میں غیریت رکھتے ہوں اور ہر ایک جب ہی ممتاز ہوگا کہ ایک کا وصف دوسرے میں متحقق نہ ہو۔ حالانکہ توفی ایسا نہیں ہے۔ اس لئے کہ یہ وصف من یرد میں بھی متحقق ہوتا ہے۔ پس اس وصف کی ایک چیز کے ساتھ کیا خصوصیت رہی۔ کیا تمیز دے سکتا ہے۔ لہٰذا قادیانی نے جس کو تقسیم سمجھا تھا وہ تقسیم ہی نہیں ہے۔ ہاں بلاشبہ اگر مطلق من یتوفی کو لے کر یہ دو قسم کر ڈالیں تو صحیح ہے۔ چنانچہ کہیں ایک من یتوفی وہ ہے کہ جس کو رد کی حالت عارض نہیں ہوتی۔

دوسرا وہ ہے کہ جس کو یہ حالت عارض ہوتی ہے۔ البتہ اس طریق پر متوفی دونوں میں مشترک ہوگا۔ اب جس طرح کہ حیوان محل قسمت ہے۔ حیوان ناطق ہے۔ حیوان ناہق ہے۔ اس کے دو قسم ہیں۔ ویسے ہی مطلق متوفی محل تقسیم ہے اور متوفی جس میں ردکی حالت کا عارض نہ ہونا معتبر ہے اور متوفی کہ جس میں اس حالت کا عارض ہونا ملحوظ ہے۔ اس کے دو قسم ہوں گے۔ مطلق متوفی کے جو لازم ہے۔ محصور ہونے سے انسان کا جو ملزوم ہے۔ محصور ہونا متحقق ہوا۔ رہی یہ بات کہ مسیح علیہ السلام کا اگر زمانہ ماضی میں نہ مرنا ہی مانا جائے تو یہ اس حصر سے منافی ہے۔ سو یہ غلط ہے۔ کیونکہ مسیح علیہ السلام پہلی شق (یعنی متوفی سوا اس کے کہ اس کو ردکی حالت عارض نہ ہو) میں داخل ہے۔ پس مسیح علیہ السلام کا زمانہ ماضی میں نہ مرنا منافی حصہ نہیں ہے۔ اس لئے کہ حصر صحت کے واسطے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ زمانہ مستقبل میں مرجائیں۔ حصر کے لوازم سے یہ تو نہیں ہے کہ وہ زمانہ ماضی میں مرگئے ہوں۔ کیا دیکھتے نہیں کہ شق اوّل بصیغہ مضارع مجہول آیت میں بیان کی گئی ہے۔ نہ بصیغہ ماضی مجہول۔ شاید کادیانی مضارع وماضی میں فرق نہیں کرتے ہیں۔ اس واسطے جو کچھ خیال میں آیا لکھ مارا۔ بیشک اگر مسیح علیہ السلام کا دنیا میں ہمیشہ زندہ رہنا مانا جاتا تو یہ حصر سے منافی تھا۔ وجہ یہ ہے کہ پھر تیسری قسم کا انسان جس میں مطلقاً توفی نہیں تھا ماننا پڑتا۔

پس بریں تقدیر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ اس قسم کے انسان میں مطلق توفی پایا جاتا ہے یا نہ۔ اگر پایا جاتا ہے تو یہ باطل ہے۔ کیونکہ ابدیت ایک تو منافی موت ہے۔ دوم اس صورت میں حصر باطل ہوتا ہے۔ اس واسطے اس صورت میں مقسم کا ان دونوں قسموں کے بغیر جن کی طرف اس کو تقسیم کی گئی تھی موجود ہونا لازم آئے گا۔ اگر انسان میں مطلق توفی متحقق نہیں ہے۔ اس سبب کہ وہاں پر اس کا محل جن میں منحصر تھا پائے نہیں جاتے تو اس سے دو محالوں میں سے ایک محال لازم ہوگا۔ یا یہ کہ توفی انسان کو لازم نہیں۔ حالانکہ یہ باطل ہے۔ اس لئے کہ خداوند فرماتا ہے کہ ہر ایک نفس موت کا مزہ چکھے گا یا لازم آئے گا کہ ایک لازمی امر کسی چیز میں منحصر ہو اور ملزوم اس میں منحصر نہ ہو۔ یہ بھی محال ہے۔ کیونکہ اس صورت میں لازم کا ملزوم سے جدا ہونا ظاہر ہے۔ حالانکہ یہ بھی باطل ہے۔ اب چونکہ یہ سب محالات اس صورت پر عائد ہوتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام کا ہمیشہ زندہ رہنا مان لیا جائے تو یہ بھی باطل ہوا۔ لیکن یہ محالات جس تقدیر پر کہ مسیح علیہ السلام کے لئے طول بقا۔ مستقبل میں مرجانا مرادلیں گے عائد نہیں ہوتے۔ اب تک کادیانی عبارات کے عموم سے استدلال کرتے تھے۔ اب اپنے مدعا کے لئے حدیث معراج پیش کرتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ اس

حدیث میں مذکور ہے کہ رسول کریم ﷺ نے دوسرے آسمان پر مسیح، یحییٰ علیہم السلام سے ملاقات کی تنقیح الاستدلال اگر مسیح علیہ السلام مرے نہ ہوتے تو یحییٰ علیہ السلام کے ساتھ جو اموات میں داخل ہیں کیوں مجتمع ہوتے۔

الجواب! کہ یہ قول بالکل لچر ہے۔ کیا اگر اموات کے ساتھ مجتمع ہونا مصاحب کے میت ہونے کو بھی چاہتا تو رسول کریم ﷺ جو معراج کی رات میں اموات کے ساتھ مجتمع ہوئے تھے تو وہ بھی اس حالت میں میت ہی تھی۔ آپ کو کیا مر کر معراج ہوا تھا۔ زہے دانش!

شاید کادیانی یوں بھی کہہ دیں کہ مدت دراز تک میت کے ساتھ مجتمع ہونا یہ اس کو چاہتا ہے کہ ہم صحبت بھی میت ہو۔ سو یہ بھی غلط ہے۔ اوّلاً کہ جائز ہے کہ یحییٰ علیہ السلام کا دوسرا آسمان مقرر نہ ہو۔ بلکہ اس خاص وقت میں ان کو دوسرے آسمان پر مستقر ہونے کا حکم دیا گیا تھا۔ جیسا کہ رسول کریم ﷺ کو حضرات انبیاء علیہم السلام سے مسجد اقصیٰ میں یا آسمانوں پر خواہ ارواح متمثل تھے یا بمعہ اجساد بعینہا! ملاقات ہوئی تھی۔ حالانکہ ان کے ارواح اعلیٰ علیین تھے۔ یہ سب ممکنات سے ہے۔ یا یہ کہ ان کا دراصل مقر قبور ہی ہیں۔ (چنانچہ حدیث میں آچکا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو قبر میں نماز پڑھتے دیکھا گیا ہے) لیکن ان کو اس وقت آسمان پر یا مسجد اقصیٰ میں جانے کا حکم دیا گیا تھا۔
سوال یہ تو ہمارا عین مدعا ہے کہ معراج مثالی ہے۔[۱۹]

الجواب! آپ کے معراج کو مثالی جان لینا ہی غلط ہے۔ بلکہ رسول اللہ ﷺ کا یہ معراج جسد عنصری لطیف کے ساتھ تھا نہ مثالی اور کشفی طور پر کیونکہ صحیح احادیث میں جو حالات آمد ورفت کی حالت میں مذکور ہیں ان سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ یہ جسمانی معراج تھا۔ ہاں مثال کو دیکھنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ انہوں نے مثال کے ساتھ ہی دیکھا ہو۔ مثال کا مرئی ہونا اور ہے اور رائی ہونا اور ہے۔ کیا دیکھتے نہیں کہ آپ نے معراج کی حالت میں کئی چیزوں کی مثال کو اور کئی چیزوں کے عین کو ملاحظہ فرمایا ہے۔ چنانچہ احادیث صحیحہ کے پڑھنے سے معلوم ہوگا۔ لہٰذا کوئی محال عائد نہیں ہوسکتا۔ اس سے بخوبی واضح ہوگیا ہے کہ مسیح علیہ السلام اور یحییٰ علیہ السلام کے دوسرے آسمان پر مجتمع ہونے سے دونوں صاحبوں کا آسمان دوم پر مقیم ہونا ضروری نہیں ہے۔ پھر یہ کب لازم آسکتا ہے کہ جیسے یحییٰ علیہ السلام میت تھے۔ ویسے ہی مسیح علیہ السلام بھی ہونے چاہئے۔ ثانیاً گو دو شخص ایک ہی مکان میں دائمی طور پر مقیم بھی ہوں تو کیا اس سے ان دونوں کا ہر ہر وصف میں یکساں ہونا لازم ہے۔ ہرگز نہیں جیسا کہ ظاہر ہے۔ کادیانی اپنے گمان فاسد سے اس آیت کو بھی

اپنے مدعا کے لئے دلیل سمجھتے ہیں کہ اس آیت ''انی متوفیك ''اور دوسری آیت ''فلما توفیتنی ''میں خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے مسیح (علیہ السلام) میں تیرا متوفی ہوں۔ جب تو نے مجھ کو توفی دی۔ لیکن دراصل یہ استدلال محض ملمع بے علموں کو ورطہ ضلالت میں ڈالنے کے لئے کافی ہے۔ خیر بہرحال ہم اس کی تردید کریں گے وہ یوں ہے کہ توفی کا معنی لغۃً کسی چیز پر پورے طور پر قبضہ کرنا ہے۔ اس کا مادہ (یعنی جس سے یہ لفظ لیا گیا ہے اور اسی کو ماخذ بھی کہتے ہیں) وفا ہے۔ پر قاعدہ مقررہ مسلمہ ہے کہ ماخذ کا معنی ماخوذ کے تمام گردانوں میں معتبر ہوتا ہے۔ گو ان کی صورتیں اور صیغہ مختلف ہوں۔ ماخذ کا معنی ماخوذ میں اس طرز پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے کہ جز کل میں داخل ہوتی ہے۔ دیکھو علم کا لفظ (خواہ اس کا معنی عندالعقل شے کی صورت کا حاصل ہونا ہو۔ یا عالم ومعلوم کے درمیان نسبت ہونا خواہ کہ ایک اضافت والی چیز ہے یا خود صورت حاصلہ یا دانش ہے۔ یا شیٔ کی صورت کا حاصل کرنا وغیرہ) گو کسی معنی سے اس کو لو۔ وہ ضرور اس کے ماخوذ میں پایا جائے گا۔ وہ ماخوذ ابواب مجردہ سے ہو یا مزیدہ سے۔ مثلاً علم (جان لیا اس نے) ماضی معلوم کے ساتھ اس کا معنی پہلی اصطلاح کے موافق یہ ہے کہ فلانے نے فلانی چیز کی صورت زمانہ گزشتہ میں اپنی عقل میں حاضر کی دوسری اصطلاح کے مطابق فلانے کو اپنے آپ کے اور معلوم کے درمیان ایک نسبت (عالمیۃ معلومیۃ) حاصل ہوگئی ہے۔ اسی طرح پر اوروں میں جاری کرو۔ تاہر ایک میں وہی پائیں گے جو ہم بیان کر آئے ہیں۔ پس جب کہ علم کا لفظ جو صیغہ ماضی معلوم ہے۔ اپنے مصدر اور ماخذ پر بھی شامل ہوا تو اس میں تین جزوں سی ترکیب ہوگی۔ ایک مصدر، دوم زمانہ، سوم فاعل کی طرف نسبت۔ لیکن یہ بھی خیال رکھنا چاہئے کہ یہ دو جز ہیں۔ ایک نسبت دوم زمانہ ہر ایک میں خواہ مصدر مجرد سے لیا گیا ہو یا اس سے جو اس مجرد سے لیا گیا ہے۔ ماخوذ ہو متحقق ہوں گے۔ البتہ یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر ایک ماخوذ میں پایا جاوے۔ نہیں بلکہ افعال میں نہ غیر میں۔ دیکھو علم سے عالم ماخوذ ہے۔ مگر اس میں فاعل کی طرف نسبت ہے اور نہ زمانے کے جانب۔ ہاں اتنا تو ہے کہ اس کا ماخذ یعنی علم اس میں موجود ہے۔ ایسا ہی اعلام (سکھانا) جو اسی علم سے ماخوذ ہے۔ اس میں نہ تو فاعل کی طرف نسبت ہے اور نہ زمانہ کی جانب۔ ہاں اس کا ماخذ اس میں موجود ہے۔ نیز اس میں باب افعال کا مقتضا جس لئے یہ متعدی ہوا۔ (حالانکہ اس کے مآخذ میں یہ نہیں ہے) پایا جاتا ہے۔ لہٰذا اس میں دو جزو متحقق ہیں۔ اعلام سے جو علم سے لیا گیا ہے۔ اعلم بصیغہ ماضی معلوم مشتق ہے۔ اس لئے اس میں چار جز ہیں۔ ایک علم جو مصدر ہے۔ دوم باب افعال کا مقتضا۔ سوم فاعل کی طرف

نسبت۔ چہارم زمان۔ جب یہ ثابت ہوا تو پھر ضرور ماننا پڑے گا کہ توفی کے معنی میں وفا داخل ہے۔ کیونکہ وہ وفا سے ماخوذ ہے۔ نیز اقرار کرنا پڑے گا کہ باب تفعل کا مقتضاء جو اخذ (بمعنی لے لینا) ہے۔ اس میں معتبر ہے۔ پس جو الفاظ توفی سے ماخوذ ہیں۔ بشرطیکہ وہ زمانہ پر دلالت کرتے ہیں۔ چار چیزوں پر شامل ہوں گے۔ جیسا کہ توفیت (پورا لے لیا میں نے) اور جو زمانہ پر دلالت نہیں کرتے ہیں ان کی تین جزئیں ہوں گی۔ دیکھو متوفی[۲] اس لئے کہ اس میں زمانہ معتبر نہیں ہے۔ مختصراً کہ جو جو صیغہ کسی مصدر سے لیا گیا ہو۔ اس میں یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے ماخذ ومصدر پر شامل ہو۔ گو اس ترکیب کو حقیقی کہیں یا اعتباری۔ ہاں یہ تو ماننا ہی پڑتا ہے کہ اگر اس ترکیب کو تحلیلی کہیں گے۔ حق بھی یہی ہے تو شمول کا معنی یہی ہوگا کہ اس جزو اعتباری کا اس اعتباری کل سے اعتبار کر لینا جائز ہے۔

پس اگر توفی کا معنی وفا کو چھوڑ کر لئے جائیں گے تو یہ حقیقی نہیں ہوگا۔ اس واسطے کہ موضوع لہ بعض اجزاء کو الگ کر دینے سے کل ہی سے تخلیہ لازم آتا ہی نہیں تو باوجود انتفاء جزء کے کل کا تحقق چاہئے۔ (یہ اس صورت میں ہے کہ ترکیب حقیقی ہو) یا لازم آوے گا کہ جو حکما کل ہے وہ حکمی جز کے بغیر متحقق ہو۔ حالانکہ یہ باطل ہے۔ اس لئے ثابت ہوا کہ وہ مجازی معنی ہوگا۔ آخر یہ تو ظاہر ہے کہ لفظ کا استعمال یا حقیقتاً یا مجازاً ہوتا ہے۔ لیکن یہ خیال نہ کرنا کہ ماخذ ہی صرف معتبر نہ ہوگا۔ تب ہی مجازی ہوگا۔ نہیں بلکہ کوئی جزء ہو۔ جب کہ اس کا انتفا مان لیں گے۔ وہ مجازی ہی ہوگا۔ خواہ اس جز کا دخول وضع شخصی یا وضع نوعی کے ذریعہ سے ہو۔ پہلے کی مثال اینٹ[۱] کا دیوار میں داخل ہونا۔ دوسرے کی مثال ''مشتق کی جزو کا اس میں داخل ہونا۔ کیونکہ یہ دخول بوضع نوعی ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ ہر لفظ جو مفعول کے وزن پر ہو وہ اس پر دلالت کرے گا کہ جس پر فعل واقع ہوا ہو۔ لہٰذا حقیقی معنی جب کہ مرکب ہو وہ تاوقتیکہ آپس میں تمام اجزاء متحقق نہ ہولیں۔ حقیقی نہیں کہلائے گا۔ اس کے مرتفع ہو جانے، مجازی بننے کے لئے ایک جزو کا بھی انتفاء کافی ہے۔ کیونکہ کل کا انتفاء جیسے کہ تمام اجزاء کے منتفی اور معدوم ہو جانے سے ہو جاتا ہے۔ ویسے ہی اس کا انتفاء کسی ایک جزو کے نابود ہو جانے سے ہوتا ہے۔''

اب دیکھو کہ یہ تحقیق سابق واضح طور پر اس پر دلالت کرتی ہے کہ متوفی کا معنی پورے طور پر لینے والا ہے۔ لاغیر! یہی متوفی کا حقیقی معنی ہے۔ کیوں نہ ہو کہ جس کے حقیقی ہونے کو ضرورت ہے وہ پایا گیا ہے۔ وہ یہ ہیں۔ ایک وفا۔ دوم لے لینا۔ سوم فاعل کی طرف نسبت۔ پس

آیت ''یٰعیسیٰ انی متوفیك ''جس کا مضمون یہ ہے کہ اے عیسیٰ علیہ السلام میں تیرا متوفی اور اپنی طرف تیرا اٹھالے جانے والا ہوں کہ اے مسیح میں تجھ کو پورے طور پر لینے والا ہوں۔ ایسا ہی آیت ''فلما توفیتنی الآیۃ'' سے بھی پورا اور تمام کا لے لینا مراد ہے۔ لیکن مسیح علیہ السلام پر جو پورا اور تمام مقبوض ہونا۔ صادق آئے گا۔ تب ہی ہے کہ وہ بجسدہ اٹھائے گئے ہوں۔ نہ اگر ان کی روح ہی صرف اٹھائی گئی ہو۔ اس لئے کہ خالی روح کا اٹھایا جانا تو تمام پر قبضہ نہیں۔ بلکہ ایک حصہ پر قبضہ ہوا۔ پھر بااین ہمہ اگر کہو گے کہ توفی کا اطلاق رفع روحی پر حقیقی ہے تو یہ ناجائز ہے۔ ہاں اگر یوں کہہ دیں کہ توفی کا معنی لے لینا ہے۔ مگر اس طرح پر کہ وفا سے مجرد ہے۔ خواہ یوں کہ وفا کا عدم اس میں اعتبار کیا گیا ہے۔ یا وفا اس میں معتبر نہیں۔ پھر وفا اس کو کبھی مقارن ہو یا کبھی مقارن نہ ہوتا ہو۔ وفا کے عدم کا اعتبار ایک چیز ہے۔ وفا کے اعتبار کا عدم اور چیز ہے۔ بناء براں توفی کا اطلاق رفع روحی پر صحیح ہوگا۔ مگر اس پہلی صورت میں کل کا اطلاق جز پر ہوا۔ دوسری صورت میں عموم مجاز ہوگا[۲۲]۔ رہی یہ بات کہ کسی چیز کے عدم کے اعتبار اور اس چیز کے اعتبار کے عدم میں کیا فرق ہے۔ سو یہ فرق ہے کہ پہلا خاص دوسرا عام ہے۔ جزو جو کچھ ہے سو ہے۔ مگر اس میں شبہ نہیں کہ دونوں تقدیر پر یہ معنی مجازی ہے۔ نہ حقیقی لیکن مجازی لے لینا تو تب ہی جائز ہوتا ہے کہ جب کوئی ایسا قرینہ موجود ہو کہ اس کے ہوتے حقیقی لینا جائز نہ ہو۔ ہاں یہاں اس قسم کا کوئی قرینہ نہیں ہے۔ پھر کہو کہ یہ مجازی لے لینا کیونکر درست ہوگا۔ لہٰذا حقیقی ہی مراد لینا لازم ہوا نہ مجازی۔ یہ ظاہر ہے کہ حقیقی ومجازی کا مدار وضع ہے۔ خواہ وہ نوعی ہوگا۔ یا شخصی بہرحال لفظ کو جب ان دونوں میں کسی وضعی معنی میں استعمال کریں گے تو وہ حقیقی استعمال ہوگا۔ ورنہ مجازاً ہوگا۔ پس مشتقات جو ایسے مادہ اور ہیئت ترکیبی سے کہ ان میں سے پہلا بوضع شخصی موضوع ہے۔

دوسرا بوضع نوعی مرکب ہیں۔ بہ سبب اس ترکیب کے مبداء پر باعتبار مادہ بوضع شخصی اور معنی ترکیبی پر بوضع نوعی دال ہیں۔ نیز[۲۳] جب اس طرز پر ہوں گے تو استعمال حقیقی اسی صورت میں ہوگا کہ دونوں وضع متحقق ہوں۔ نہ صرف ایک ہی متحقق ہو تو پھر بھی حقیقی ہی ہوگا۔ البتہ مجاز تین صورتوں میں پایا جاسکتا ہے۔ ایک جب کہ وضع شخصی نہ رہے۔ دیکھو ناطق اس کے مبداء کا موضوع لہ دراصل بوضع شخصی ادراک کلیات وجزئیات ہے۔ جب اس سے دال مراد لیں گے تو یہ استعمال مجازی ہوگا۔ ایسا ہی جب وضع نوعی کو اٹھادیں۔ دیکھو قائلہ جب کہ اس سے مقولہ مقصود ہو۔ گو اس میں قول جو اس کا مصدر ہے۔ اپنے اصل معنی پر دال ہے۔ مگر باعتبار اس کے کہ اس میں وضع نوعی

منتقی ہوا ہے مجازی ہوگا۔ اگر دونوں کو اٹھادیں نیز مجازی ہوگا۔ دیکھو ناطق سے جس حالت میں مدلول مراد رکھ لیں گے۔ کیونکہ ناطق ’’مدلول‘‘ کے لئے نہ تو بوضع نوعی اور نہ بوضع شخصی موضوع ہے۔ اس لئے مستفسر ہے کہ لفظ متوفیک توفیتنی ان کو کسی معنی پر محمول کریں گے تو کون سا معنی ان سے مراد لیں گے۔ اگر پوری طور پر لے لینا مراد ہے تو یہ روح وجسد دونوں کے اٹھائے جانے کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ لیکن یہ استعمال حقیقی ہوگا۔ کیونکہ حقیقت کا مدار وضع شخصی اور نوعی پر ہے۔ سو وہ پایا گیا ہے۔ اگر اس میں اخذ کو مراد رکھیں گے اور تمامیت کی قید مجرد سمجھیں گے۔ خواہ یوں کہ اخذ کے لئے تمامیت کا عدم قید ہے۔ یا مہمل طور پر لیں گے۔ یعنی اس کے ساتھ تمامیت کی قید لگی ہو یا نہ تو ان صورتوں میں یہ استعمال مجازی ہوگا۔ اس لئے کہ ان تقدیروں پر لفظ کا موضوع لہ بوضع شخصی سے ہٹانا متحقق ہوگا۔ لیکن یہ بات مسلمات سے ہے کہ حقیقی معنی کو قرینہ صارفہ کے بغیر چھوڑ کر مجازی کو اختیار کرنا ناجائز ہے اور قرینہ یہاں پر موجود نہیں ہے۔

پس لامحالہ حقیقی معنی ہی لینا پڑے گا۔ ہاں یہ جو تم کہتے ہو۔ متوفی سے مارنا ہی سریع الفہم ہے۔ سریع الفہم ہونا ہی قرینہ ہے۔ نیز مسلم نہیں ہے اس لئے کہ یا تو کہو گے کہ توفی سے بلاقرینہ مارنا۔ مرنا متبادر ہے۔ سو یہ تو پہلا ہی جھگڑا ہے۔ قرآن شریف میں تو کہیں بھی توفی اور متوفی کا لفظ مرنے مارنے میں بلاقرینہ مستعمل نہیں ہوا ہے۔ یا کہو گے کہ نہیں توفی اور متوفی سے مرنا۔ مارنا بمعہ قرینہ متبادر ہے۔ البتہ یہ مانا۔ لیکن حقیقی کی نشانی تو یہ ہے کہ وہ بلاقرینہ ہی متبادر ہو نہ بمعہ قرینہ۔ ورنہ سب مجازات حقیقی ہی بن جائیں گے۔ لہٰذا لفظ کی تقسیم حقیقت ومجاز کی طرف صحیح نہ ہوگی۔ کیونکہ بنابراس مذہب کے تو مجاز ممکن بھی نہیں ہے۔ بیشک یہ ہمارا دعویٰ کہ قرآن شریف میں کہیں بھی توفی کا لفظ بلاقرینہ موت میں مستعمل نہیں کیا گیا ہے۔ ثبوت طلب ہے۔ لیکن ثبوت تو موجود ہے۔ دیکھو یہ آیت ’’یتوفھن الموت‘‘ یعنی وہ مرتے ہیں لیکن یہاں موت کا قرینہ موجود ہے وہ یہ ہے کہ توفی کو موت کی طرف اسناد کی گئی ہے۔ نیز اور بھی بہت سی آیتیں ہیں کہ جن میں توفی سے موت ہی مراد ہے۔ مگر ہر ایک میں موت کا قرینہ موجود ہے۔ دیکھو ’’یتوفکم الموت ان الذین توفھم الملائکۃ تتوفھم الملائکۃ یتوفھم الملائکۃ طیبین توفتہ رسلنا رسلنا یتوفونھم یتوفی الذین کفر والملائکۃ فکیف اذاتوفتھم الملائکۃ‘‘ یعنی تم کو ملک الموت موت کا مزہ چکھادے گا۔ وہ لوگ کہ ’’ملائکۃ الموت‘‘ نے ان کو موت کا مزہ چکھایا۔ موت کا ذائقہ ان کو ’’ملائکۃ الموت‘‘ چکھائیں گے۔ ان کو ملائکۃ

الــمـوت پاکیزگی کی حالت میں موت کا مزہ دکھائیں گے۔ ہمارے فرستادوں نے ان کو مارا۔ ہمارے فرستادہ یعنی ملک الموت ان کو ماریں گے۔ کافروں کو ملائکۃ الموت ماریں گے۔ کیا ہوگا۔ جس وقت کہ ان کو ملائکۃ الموت ماریں گے۔ اب دیکھو ان سب آیتوں میں بلاقرینہ توفی سے موت نہیں لی گئی۔ دیکھئے قرائن پہلی آیت میں ملک الموت کی طرف توفی مسند ہے اور یہی قرینہ ہے اور باقیوں میں قابض ارواح فرشتوں کی طرف توفی کو اسناد ہے اور یہی قرینہ موت ہے۔ ایسا ہی اس آیت میں ''وتوفنا مع الابرار'' جس کا معنی یہ ہے کہ ہم کو مار کر نیکوں کے زمرہ میں داخل کر اس میں ابرار کے ساتھ کی التجاء قرینہ موت ہے۔ آیت ''توفنا مسلمین'' کہ اے خداوندتعالیٰ ہم کو اسلام پر مارنا۔ میں حسن خاتمہ کا سوال قرینہ موت ہے۔ آیت ''فامانرینك بعض الذی نعدھم اونتوفینك فالینا یرجعون (مؤمن:۷۷)'' یعنی یارسول اکرمﷺ یا تو ہم آپ کو وہ بعض امور کہ جن کا ہم کافروں کو وعدہ دیتے ہیں دکھادیں گے یا موت کا ذائقہ آپ کو چکھائیں گے۔ پھر ہماری طرف لوٹیں گے۔ اس میں مقابلہ قرینہ ہے۔ کیونکہ اگر ایک میں متقابلین میں سے کسی چیز کا وجود معتبر ہو تو دوسرے میں اس چیز کا عدم معتبر ہوتا ہے۔ کیا جانتے نہیں کہ حرکت میں جو سکون کی ضد ہے۔ بتدریج منتقل ہونا معتبر ہے اور اس کی ضد میں یعنی سکون میں اس انتقال کا عدم معتبر ہے۔ پس چونکہ آیت مذکورہ میں دکھانے (ارایت) کا مقابل نتوفینک (ہم تجھ کو ماریں گے) مقرر کیا گیا ہے۔ ارایت میں زندگی کا وجود معتبر ہے تو بالضرار اس کے مقابل یعنی نتوفینک میں اس زندگی کا عدم معتبر ہو ورنہ تقابل کیسا ہوگا۔ یہی قرینہ موت ہے۔ اسی طرح پر آیات ذیل میں قرائن موجود ہیں۔ دیکھو''والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجاً وصیةً لازواجھم البقرہ:۲۴۰''

''والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجاً یتربصن بانفسھن اربعة اشھر وعشراً (بقرہ:۲۳۴)'' یعنی جو لوگ تم میں سے بیبیاں چھوڑ مریں تو وہ بیبیاں چارمہینہ اور دس دن عدت الموت کاٹیں۔ جو لوگ تم میں سے بیبیاں چھوڑ مریں تو ان پر ازواج کے لئے وصیت کرنا لازم ہے۔ اب دیکھئے دوسری میں موت کے دو قرینہ ہیں۔ ایک بیویوں کو چھوڑنا دوم عدت الموت کا کاٹنا۔ پہلی میں بھی دو قرینہ ہیں۔ ایک بیبیوں کو چھوڑ مرنا دوسرو صیت کا لازم ہونا۔ آیت ''ومنکم من یتوفی'' میں بھی تقابل قرینہ ہے۔ رہی آیت ''اللّٰہ یتوفی الانفس حین موتھا والتی لم تمت فی منامھا (الزمر:۴۲)'' یعنی خداوند ارواحوں کو موت کے

وقت میں لے لیتا ہے۔ ملخصاً اس میں حین موتہا قرینہ ہے۔ یادرکھو کہ اس آیت میں مارنا، سلانا، دونوں مراد ہیں۔ مگر نہ اس طرح پر کہ اس سے حقیقی ومجازی دونوں اکٹھے مراد لئے جائیں۔ کیونکہ حقیقت ومجاز کا اجتماع ناجائز ہے۔ دیکھو کتب اصول وغیرہ۔ دوم اس لئے بھی یہاں پر جمع نہیں ہے کہ مارنا یا سلانا اس میں سے کوئی ایک بھی توفی کا حقیقی معنی نہیں ہے۔ اس واسطے یہ جمع لازم نہیں آتا اور نہ توفی سے مارنا اور سلانا عموم مجاز کے طور پر مراد ہے۔ جیسا کہ کوئی شخص قسم کھاوے کہ میں فلاں مکان میں اپنا قدم نہیں رکھوں گا۔ اب یہ شخص خواہ گھوڑے پر چڑھ کر اس میں داخل ہو یا اس طرح پر جیسا کہ کہا تھا یا وہ مکان اسی کا ملک ہو۔ یا کرایہ پر یا استعارہ کے طور پر ہو۔ بہرحال حانث ہوگا۔ یہ قول حقیقی معنی کے ساتھ خصوصیت نہیں رکھتا ہے۔

پس اس کا حانث ہونا اسی پر موقوف نہیں ہوگا کہ وہ گھر فلاں کا مملوک ہی ہو اور اس میں ننگے پاؤں ہی داخل ہو۔ بلکہ بہرحال حانث ہی ہوگا۔ ایسا ہی اس کا قول مجازی معنی کے ساتھ خصوصیت نہیں رکھتا ہے۔ تاکہ کہا جاتا کہ وہ جب فلانے کے غیر مملوک مکان میں یا جوتا پہن کے ہی یا سواری پر ہی چڑھ کر داخل ہوگا۔ تو حانث ہوگا۔ نہیں تو نہیں۔ بلکہ بہرحال حانث ہوگا۔ خواہ حقیقی معنی پایا جائے یا مجازی۔ چنانچہ گزرا آیت مذکور میں توفی سے سلانا۔ مارنا جب کہ بطریق عموم مجاز بھی نہیں تو لامحالہ اس سے کچھ لے لینا مراد ہوگا۔ مثلاً جب توفی سے سلانا مقصود ہو تو اس صورت میں کہیں گے کہ روح کے تعلق سے جو بدن حساس تھا وہ تعلق مسلوب کیا گیا تو بلاشبہ یہی سلانا ہے اور اگر توفی سے مارنا مراد ہو۔ چنانچہ ایسا ہی ہے تو یوں کہیں گے کہ روح کے تعلق سے جو بدن زندہ تھا وہ تعلق سے سلب کیا گیا ہے۔ اس صورت میں بلاشک اس کو مارنا کہا جائے گا۔ ہاں دوسرے میں حسن کا سلب بھی معتبر ہے۔ جیسا کہ زندگی کا کمامر لیکن یہ خیال رکھنا کہ یہ تعلق حس اور زندگی کے درمیان بطور تردید دائر ہے۔ جس طرح کہ کوئی امر خاص وعام کے درمیان مردد ہوتا ہے۔ یہ نہ سمجھنا کہ یہ تردد اس طرز پر ہے کہ جس طرح پر شئے نقیضین کے درمیان مردد ہے۔ اس لئے وہ تعلق جس سے احساس کا وجود ہوتا ہے۔ دوسرے تعلق کے بغیر (یعنی وہ تعلق کہ جس سے زندگی ہوتی ہے) موجود نہیں ہوتا۔ پس یوں کہنا کہ ہر حساس زندہ ہے۔ صادق ہے اور یہ کہنا کہ ہر زندہ حساس ہے غلط ہے۔ کیونکہ بعض زندہ (جیسے سوئے ہوئے) حساس نہیں ہیں۔

سوال…… آپ کی تقریر سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مردہ میں حس باقی نہیں رہتی ہے۔ اس لئے لازم آیا کہ وہ سنتے بھی نہیں؟

جواب...... ہماری[۲۴] تقریر سے مردوں کا نہ سننا ثابت نہیں ہوتا ہے۔ کیونکہ ان کا سننا بمعنی ادراک روحانی ہے۔ چنانچہ ادلہ قاطعہ شرعیہ سے ثابت ہوا ہے۔ اس قسم کا سماع مرنے سے مرتفع نہیں ہوتا ہے۔ البتہ مرنے کے ضمن میں وہ سماع جو قوت جسمانیہ کے ذریعہ سے ہے۔ مرتفع ہو جاتا ہے۔ لیکن اس طرز پر کہ مردہ بقوۃ جسمانی سنتے ہیں۔ کوئی بھی قائل نہیں ہے۔ لہٰذا جو مرتفع ہے وہ ثابت نہیں۔ جو ثابت ہے وہ ناپید نہیں۔

اس تقریر سے یہ بھی ظاہر ہوا ہے کہ موت وحیات کے درمیان ضدیت کے طور پر مقابلہ ہے۔ اس لئے کہ یہ دونوں وجودی ہیں۔ حیات کا وجودی ہونا تو بالکل ظاہر ہے۔ رہی موت سو وہ بھی وجودی ہے۔ دلیل یہ کہ مارنا اسی کو کہتے ہیں کہ بدن سے روح کا تعلق جس سے بدن کی زندگی ہوتی ہے۔ اٹھا دیا جائے۔ اس کا اثر لازم مرنا ہے۔ چونکہ مرنا اس تعلق کا منقطع ہونا ہے۔ تو یہ بلاشبہ وجودی ہے۔ نیز اس کے وجودی ہونے پر یہ دلیل ہے کہ باری تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ ہم نے موت کو پیدا کیا ہے۔ یہ صریح طور پر دلالت کرتی ہے کہ یہ وجودی ہے۔ اس لئے کہ موت اگر عدمی ہوتی تو خداوند تعالیٰ کا فعل اس کے ساتھ کیونکر متعلق ہوتا۔ کیا کبھی کہا جاتا ہے کہ فلاں امر عدمی پیدا کیا گیا ہے، نہیں۔ کیونکہ پیدا کرنے کا معنی موجود کر دینا ہے۔

سوال...... کیوں جائز نہیں کہ باعتبار لازم کے عدمی ہو۔ کیا دیکھتے نہیں کہ عدم الحیٰوۃ اس کو لازم ہے۔ پس اس کا عدمی ہونا موت کے عدمی ہونے کو مستلزم ہے۔

جواب...... کہ یہ استلزام غلط ہے۔ دیکھو عدم السکون آسمان کو عند الفلاسفہ لازم ہے۔ آسمان معدوم نہیں ہے۔ علیٰ ہذا القیاس اور بھی بہت مواقع ہیں کہ لازم کی عدمیت ملزوم کی عدمیت کو نہیں۔ پس ثابت ہوا کہ آیت مذکورہ میں جو توفی ہے وہ مارنے میں حقیقی طور پر مستعمل نہیں ہے۔ اس لئے کہ مار دینے میں پورے طور پر لے لینا نہیں پایا جاتا ہے۔ بلکہ مار دینے میں صرف بدن سے روح الگ کر کے اٹھائی جاتی ہے اور یہ گویا ایک حصے کا لے لینا ہے۔ نہ پوری شے کا لے لینا۔ لیکن لفظ کا بصورت عدم قرینہ حقیقی معنی پر محمول کرنا۔ جب کہ واجب ہوا تو آیت ''یا عیسیٰ انی متوفیك الآیة (آل عمران:۵۵)'' ہمارے لئے دلیل ہوئی نہ کادیانیوں کے لئے۔ اس کا ہمارے لئے دلیل ہونے کو ''رافعك الیّ'' کا اس پر معطوف ہونا قوت بخشتا ہے۔ اس لئے کہ اس رفع سے رفع جسمانی مراد ہے۔ ورنہ خاص کر مسیح علیہ السلام سے کیا اس رفع روحی کو خصوصیت تھی جو اس آیت میں ان کی روح کا مرفوع ہونا بیان کیا جاتا ہے۔

سوال...... چونکہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ خدا ایمانداروں، اہل علم کے درجات کو (مرفوع) بلند کرتا ہے تو اس سے سمجھا جاتا ہے کہ خود ایماندار اور اہل علم مرفوع نہیں ہوتے ہیں۔ بلکہ ان کے درجات مرفوع اور بلند کئے جاتے ہیں۔ پس رفع مسیح علیہ السلام سے بھی خود مسیح علیہ السلام کا رفع مراد نہیں ہے۔ بلکہ رفع روحی۔

جواب...... دلیل مفید مطلب نہیں ہے۔ کیونکہ آیت سابقہ میں خود مسیح علیہ السلام کا رفع مذکور ہے اور اس آیت میں رفع درجات کا ذکر کیا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ رفع درجات اور خود شے کے مرفوع ہونے میں غیریت ہے۔ اس لئے رفع درجات سے رفع غیر جسمانی ثابت نہیں ہوگا۔ دیکھو کہا جاتا ہے کہ میں نے زید کو اٹھا لیا ہے۔ یا میں نے زید کا کپڑا یا اور کچھ جس کا زید کے ساتھ تعلق ہو اٹھا لیا ہے۔ اب اس صورت میں زید کے کپڑے کے اٹھائے جانے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہاں پر بھی خود زید کا رفع مراد نہ ہو۔ بلکہ کپڑے کا مثلاً اس لئے کہ خود شے کا رفع اور ہے۔ اس کے متعلق کا اور ہے۔ بناء علیہ ثابت ہوا کہ آیت: ’’یا عیسیٰ انی متوفیك (آل عمران:۵۵) ‘‘میں منادیٰ اور ضمائر کا مرجع خود مسیح علیہ السلام ہے۔ نہ خالی روح جب مسیح علیہ السلام ہی منادیٰ اور مرجع ہوئے تو متوفی، مرفوع، مطہر، فائق الاتباع بھی آپ ہی ٹھہرے۔ نہ صرف روح۔ اب ہم اس سے پہلی شکل بنائیں گے۔ مسیح علیہ السلام پر بھی متوفی کا مفہوم صادق آتا ہے۔ جس پر یہ صادق ہے اور یہ بعینہ وہی ہے جو ہم دعویٰ کرتے ہیں۔

دوسری دلیل اگر مسیح علیہ السلام کی صرف روح ہی مرفوع ہوئی ہوتی تو آپ کافروں کے ہاتھوں سے کیسے بری اور مطہر ٹھہرتے۔ بلکہ جسد لطیف تو کافروں کے ہی اختیار میں رہتا اور کافروں کا مقصود یہی تھا۔ حالانکہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے مسیح علیہ السلام ہم تجھ کو کافروں کے اختیار سے الگ اور پاک کردیں گے۔ پس اگر خالی روح مرفوع ہوئی ہو تو باری تعالیٰ کا یہ ارشاد کیسا درست ہوگا۔ لہٰذا رفع روحی غلط ٹھہرا اور مسیح علیہ السلام بجسدہ مرفوع ہونا ثابت ہوا۔ کیونکہ جب بجسدہ رفع مراد لیں گے تو مسیح علیہ السلام بلاشبہ بالکل کافروں کے اختیار سے نکل گئے اور پاک ہوگئے۔ اس لئے آیت مذکورہ سے رفع روحی مراد رکھ لینا بے علمی اور عجیب تر ہے۔

کادیانی اس آیت سے بھی استدلال کرتے ہیں۔ اس آیت کا مضمون یہ ہے کہ وہ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے مسیح ابن مریم علیہا السلام کے فرزند کو قتل کردیا ہے۔ حالانکہ انہوں نے نہ تو ان کو قتل کیا اور نہ صلیب پر چڑھایا۔ ہاں شبہ میں ڈالے گئے ہیں۔ جن لوگوں نے اختلاف کیا

وہ البتہ ان کے قتل کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں۔ ان کو اس پر یقین حاصل نہیں ہے۔ صرف خلاف واقع کی تابعداری کرتے ہیں۔ مسیح علیہ السلام کو انہوں نے قتل نہیں کیا۔ بلکہ خداوند تعالیٰ نے ان کو اپنی طرف اٹھالیا ہے۔ اللہ تعالیٰ غالب حکمت والا ہے۔ نہیں ہے کوئی بھی اہل کتاب میں سے۔ مگر کہ اس پر ایمان لائے گا۔ اس کے مرنے سے پہلے وہ قیامت کے دن ان پر گواہ ہوگا۔ طریقہ استدلال کادیانی پہلی آیت میں رفع روحی مراد رکھتا ہے۔ اس کا بیان ہے کہ اہل کتاب کا مسیح علیہ السلام کے مقتول مصلوب ہونے میں شاک ہونا ہی ضمیر بہ کا مرجع ہے۔ موتہ کی ضمیر اہل کتاب کی طرف راجع ہے۔ اس کے بعد دو توجیہیں کرتا ہے۔ پہلی کہ قبل موتہ میں ایمان کا لفظ مقدر ہے[۲۵]۔ اس تقدیر پر آیت کا معنی یہ ہوا کہ ہر ایک کتابی مسیح علیہ السلام کی طبعی موت پر جو ماضی میں واقع ہوچکی ہے۔ ایمان لانے سے پہلے آپ کے مشکوک القتل ہونے پر ایمان رکھتا ہے۔

دوسری توجیہ کہ ہر ایک کتابی یقیناً جانتا ہے کہ ہم مسیح علیہ السلام کے مقتول ہونے کے بارے میں شک میں ہیں۔ اس شک پر ان کا ایمان مسیح علیہ السلام کے مرنے سے پہلے تھا۔ گویا مسیح علیہ السلام ابھی زندہ ہی تھے کہ ان کو آپ کے مقتول ہونے میں شک تھا اور وہ آپ کے مرنے سے پہلے ہی اپنے اس شک پر یقین رکھتے تھے۔ اب دیکھئے کہ استدلال پر کتنے اعتراض وارد ہوتے ہیں۔

اوّلاً کہ رفع سے روحانی مراد لینا غلط ہے۔ اس لئے کہ اس آیت میں مسیح علیہ السلام وصف مرفوعیت میں بطور قلب اور عکس کے محصور کر دیئے گئے ہیں۔ لیکن اس حصر اور قصر کے لئے اوصاف کی منافات شرط ہے۔ مثلاً ایک شخص اعتقاد رکھتا ہے کہ زید قائم ہے۔ دوسرے نے اس سے مخاطب ہوکر کہہ دیا کہ زید قائم نہیں بلکہ بیٹھا ہے۔ پس دیکھئے یہاں پر متکلم نے ایسا بیان کیا ہے کہ وہ مخاطب کے عقیدہ کا قلب اور الٹ ہے۔ ظاہر ہے کہ کھڑا ہونا، بیٹھنا یہ دو صفتیں آپس میں منافات، غیریت رکھتی ہیں۔ بے شک یہ منافات عام طور پر لی جاتی ہیں۔ خواہ قصر وحصر کی بہتری کے لئے یا نفس حصر کے لئے شرط ہو۔ نیز واقع میں منافات ہو یا اعتقاد میں۔ رہی یہ بات کہ وہ آیت کہ جس کا مضمون یہ ہے کہ انہوں نے مسیح علیہ السلام کو یقیناً قتل نہیں کیا۔ بلکہ خداوند تعالیٰ نے ان کو اپنی طرف اٹھالیا ہے۔ بطور قصر قلب کے فرمائی گئی ہے۔ سو اس کی وجہ یہ ہے کہ اہل کتاب دعویٰ کرتے تھے کہ مسیح علیہ السلام قتل کئے گئے ہیں تو خداوند تعالیٰ نے ان سے ان کے گمان کے

برعکس فرمایا کہ مسیح علیہ السلام تو صرف مرفوع ہوئے ہیں۔ قتل نہیں ہوئے۔ اب ظاہر ہے کہ مسیح علیہ السلام کو وصف مرفوعیت میں قصر حصر کیا گیا ہے۔ مگر قلب اور عکس کے طور پر۔ پس ضرور ہوا کہ قتل اور رفع میں منافات ہو۔ لیکن یہ منافات جب ہی متصور ہے کہ مسیح علیہ السلام بجسدہ مرفوع ہوئے ہوں۔ کیونکہ رفع بجسدہ بداہۃ منافی قتل ہے۔ مگر جب رفع سے روحانی رفع مرادلیں گے۔ جیسا کہ کادیانی کا بیان ہے تو وہ قتل سے منافی نہیں ہے۔ کیا دیکھتے نہیں کہ جو شخص خدا کی راہ میں قتل کیا جاتا ہے تو اس کی روح مرفوع ہوتی ہے۔ پس جب کہ قتل کی حالت میں رفع روحانی پایا گیا ہے تو منافات کہاں رہی۔ جس حالت میں یہ دونوں واقع میں بلکہ عقیدہ مین بھی مجتمع ہوئے تو منافات سرے سے ہی اڑ گئی۔ بنابراں آیت میں جو قصر کے طور پر فرمایا گیا ہے۔ خود قصر ہی غلط ہوگا یا بہتر نہیں ٹھہرے گا۔ نعوذ باللہ منہ!

لہٰذا کادیانی پر دو باتوں میں سے ایک کا اقرار کرنا لازم ہے۔ یا تو کہے گا کہ آیت اہل کتاب کی تردید کرتی ہے۔ لیکن اس صورت میں قصر القلب قتل، رفع میں منافات کا اقرار کرنا ہوگا۔ پس مسیح علیہ السلام کا بجسدہ مرفوع ہونا بھی ماننا پڑے گا۔ یا کہہ دے گا کہ قصر القلب میں وصفین کے درمیان منافات کا ہونا ضروری نہیں۔ مگر اس صورت میں کلام عربی کے قواعد کا ہدم اور ان کے برخلاف پر ہونا لازم آوے گا۔

مختصراً کادیانی کو اس سے گریز نہیں ہوسکتا۔ یا تو مسیح علیہ السلام کے بجسدہ مرفوع ہونے پر ایمان لانا پڑے گا۔ یا قواعد عربیت سے منحرف ہوگا۔ پس دو میں سے جسے چاہے اختیار کرے۔ دوسرا اعتراض معہ پہلی ضمیر کا مشکوکیۃ القتل کی راجع کرنے سے اس ضمیر کا خود مسیح علیہ السلام کی جانب پھرنے سے اولیٰ نہیں ہے۔ چنانچہ ظاہر ہے کہ پھر مشکوکیۃ کو مرجع بنانا باوجود اس کے کہ سلف خلف کے برخلاف ترجیح بلامرجح بلکہ ضعیف کو ترجیح دینا ہے۔ یہ ترجیح پہلی ترجیح سے بدتر ہے۔ مع ہذا آیت کا معنی اس تقدیر پر یوں ہوگا کہ ہر ایک کتابی ایمان رکھتا ہے کہ مسیح علیہ السلام کا مقتول ہونا شکیہ ہے۔ ان کا مقتول ہونا یقینی نہیں ہے۔ چنانچہ کادیانی اس بات کو خود واضح کر رہا ہے۔ حالانکہ یہ معنی درست نہیں ہیں۔ کیونکہ انہوں نے مسیح علیہ السلام کا مقتول ہونا جملہ اسمیہ کے لباس میں بیان کیا ہے اور پھر اس کو موکد بھی کر دیا ہے۔ پس یہ صراحۃً اس پر دال ہے کہ وہ مسیح علیہ السلام کے مقتول ہوجانے پر اذعان کر بیٹھے ہیں۔ آخر اس لئے تو خداوند تعالیٰ نے ان کی تردید کی کہ انہوں نے مسیح علیہ السلام کو یقیناً قتل نہیں کیا۔ اجی اگر ان کو مسیح علیہ السلام کے قتل ہوجانے پر

اذعان نہ ہوتا تو خداوند تعالیٰ اتنا ہی فرمادیتے کہ انہوں نے مسیح علیہ السلام کو قتل نہیں کیا اور یقیناً کی قید نہ بڑھاتے۔ پس یہ کہنا کہ ان کو یقین واذعان نہیں ہے۔ یہ صاف طور پر اس بات کا اقرار ہے کہ قرآن شریف میں یقیناً کی قید لغو ہے۔ نعوذ باللہ منہ!

اچھا صاحب اگر یہ دعویٰ کریں گے کہ اس آیت میں جو یقینی مذکور ہے وہ تو منفی قتل کی قید ہے تو گویا یہ نفی قتل مقید پر وارد ہوئی ہے۔ پس یہ نفی جیسے کہ قید کے اٹھ جانے سے منتفی ہوتی ہے۔ ویسے ہی قید ومقید دونوں کے اٹھ جانے سے منتفی ہوجاتی ہے۔ یہاں ایسا ہی ہے۔ کیونکہ یقینی قتل منتفی ہے۔ اس لئے آیت کا معنی یوں ہوگا کہ ان کا متیقن قتل نہیں پایا گیا ہے۔ لیکن ہم کہتے ہیں کہ باوجود ان لن ترانیوں کے یقیناً کی قید کا فائدہ مند ہونا ثابت نہیں ہوتا۔ بلکہ پھر بھی کادیانی کو اس قید کے لغو ہونے کا مقر بننا پڑے گا۔

اوّلاً...... ان کی تردید کے لئے نفس قتل اور بلا قید ہی کی نفی کافی تھی۔

دوم...... یہ بات اکثری قاعدہ سے مخالف ہے۔ وہ قاعدہ یہ ہے کہ نفی جب مقید پر وارد ہوتی ہے تو وہ نفی صرف قید کی طرف متوجہ ہوجاتی ہے۔

علاوہ براں یہ کسی دلیل سے ثابت نہیں ہوتا کہ انہوں نے یہ جملہ ’’انا قتلنا المسیح (النساء:۱۵۷) ‘‘بلا اذعان ہی کہہ دیا ہے۔ جیسا کہ دوسری آیت میں بلا اذعان کہہ دینے پر دلیل موجود ہے۔ اس آیت کا مضمون یہ ہے کہ منافقین کہتے ہیں کہ ہم گواہی دیتے ہیں یا محمد ﷺ کہ آپ بلاشبہ خداوند تعالیٰ کے رسول ہیں۔ پس یہ دعویٰ کرنا کہ اہل کتاب نے باوجود یہ کہ شک میں پڑے ہوئے ہیں۔ اپنے عقیدہ سے مخالفانہ کہہ دیا ہے۔ مسیح علیہ السلام کو قتل کیا ہے۔ کیسے بلا دلیل قبولیت کے قابل ہے۔ البتہ اگر اس پر کوئی دلیل ہوتی تو یقیناً کی قید کا لغو ہونا لازم نہ آتا۔ مگر دلیل تو ندارد ہے۔ اس لئے کادیانی لغو ہونے کے الزام سے نہیں بچتے۔ ہاں اس پر تو دلیل موجود ہے کہ وہ لوگ مسیح علیہ السلام کے مقتول ہوجانے پر اذعان کر بیٹھے ہیں۔ دیکھو قرآن کی عبارت ہی پہلے شاہد عدل ہے۔

دوم...... نصاریٰ اور فرقوں کو اسی بات کی طرف بلاتے ہیں کہ آؤ مسیح علیہ السلام کے مقتول ہونے پر ایمان لاؤ اور یہ اس گمان سے کہتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام امت کے گناہوں کے بدلہ قتل کیا گیا ہے۔

حال یہ ہے کہ یہ بات ان کی انجیل میں بھی لکھی ہوئی ہے۔ گو تحریف کے طور پر ہی

www.amtkn.com www.facebook.com/amtkn313 www.emaktaba.info

ہو۔ لیکن وہ اس پراس لئے اذعان کر بیٹھے ہیں کہ وہ انجیل کو بلاتحریف مانتے ہیں۔ مع ہذا یہ کہنا کہ مسیح علیہ السلام کے قتل ہو جانے پر اذعان نہیں رکھتے ہیں کہ صریح بہتان ہے۔ باوجود اس روشن دلیل کے سب کی طرف شک کو منسوخ کرنا کیونکر متصور ہے۔ شاید ایسے لوگوں کو اس آیت سے (جس کا مضمون یہ ہے کہ وہ لوگ کہ مختلف ہوئے۔ البتہ قتل کے بارے میں شک میں ہیں۔ نہیں ان کو اس پر اذعان مگر ظن کی تابعداری کرتے ہیں) وہم پیدا ہو گیا ہوگا۔ سو واضح رہے کہ شک جو اس آیت میں مذکور ہے وہ منطقیوں کے طور پر نہیں ہے۔ منطقی تو شک اس کو کہتے ہیں کہ جس کے دونوں جانب برابر ہوں[۲۶]۔ بلکہ شک سے آیت میں ضد علم مراد ہے۔ جس کے حکم جازم مطابق واقع کہتے ہیں۔

مختصراً کہ شک سے ضد یقینی مطلوب ہے۔ پس اس لحاظ سے مسیح علیہ السلام کے مقتول ہو جانے کے بارہ میں ان کے شک کنندہ اور متیقن ہونے میں منافات نہیں ہے۔ بریں تقدیر آیت کا معنی یوں ہوگا کہ وہ لوگ جو مختلف ہوئے۔ البتہ قتل کے بارے میں شک میں ہیں۔ یعنی البتہ وہ ایسے خیال میں گرفتار ہیں کہ جو خلاف واقع ہے۔ گو وہ لوگ یہ حکم بزعم خود قطعاً وجزماً لگاتے ہیں۔ لیکن چونکہ وہ دراصل مطابق واقع نہیں۔ علم ویقین نہیں ہے۔ بلکہ شک ہے۔ کیونکہ یقین کے لئے یہ ضروری ہے کہ مطابق واقع ہو۔

پس بلاشبہ وہ ظن کے تابعدار ہیں۔ یعنی اس خیال اور حکم کے تابعدار ہیں جو واقع کے مطابق نہیں۔ اس لئے شک اور ظن کا مآل اور مرجع ایک ہی ہوا۔ اگر شک وظن کو منطقیوں کی اصطلاح کے موافق لیں گے تو ان دونوں کا مصداق ایک نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ ان کے نزدیک ظن[۲۷] وہ خیال ہے کہ طرف موافق قوی ہے اور شک میں ان کے نزدیک مطلقاً رجحان نہ چاہئے۔ چنانچہ ظاہر ہے۔ رہی بات کہ قرآن شریف میں کہیں بھی شک کا معنی برخلاف منطقین کے لیا گیا ہے۔ سو واضح ہو کہ قرآن مجید میں یہ بات موجود ہے۔ دیکھو خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر تم لوگ قرآن کے بارے میں ریب یعنی انکار میں پڑ گئے ہو۔ الخ!

اب دیکھو کہ اس آیت میں جو ریب بمعنی شک ہے۔ ان کے انکار ان کے حکم بالجزم پر کہ یہ خدا کا کلام نہیں ہے۔ بلکہ کسی بشر کا ہے۔ شعر، کہانت ہے۔ اطلاق کیا گیا ہے۔ اس پر خداوند تعالیٰ کا کلام دلالت کرتا ہے کہ ہم ان چیزوں کی قسم کھاتے ہیں۔ جنہیں تم دیکھتے ہو اور جنہیں تم نہیں دیکھتے ہو کہ قرآن فرشتہ جبرئیل کے منہ سے نکلا ہے۔ کسی بشر کا کلام، شاعر کا کلام

نہیں ہے۔تھوڑے ہی لوگ ایمان لاتے ہیں اور نہ یہ کاہن کا کلام ہے۔تھوڑے ہی لوگ ہیں جو نصیحت قبول کرتے ہیں۔ یہ قرآن منزل من اللہ ہے۔اس آیت میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ اگر قرآن کے کلام الٰہی ہونے میں شک کنندہ بایں معنی ہوتے کہ جو شک کا معنی منطقی کرتے ہیں تو خداوند یہ تاکیدیں یاد نہ فرماتا۔

پہلی کہ جملہ اسمیہ بیان فرمایا۔دوم انّ کو ذکر کیا۔سوم قسم۔پس بلاشبہ یہ اس پر دلالت کرتی ہے کہ ان کا انکار قرآن شریف کے کلام الٰہی ہونے سے اس حد تک پہنچا ہے کہ انہوں نے یقین کرلیا ہے کہ یہ غیر اللہ کا کلام ہے۔اسی طرح پر ظن کا بھی اسی خیال پر جو خلاف واقع ہو اطلاق کیا ہوا ہے۔دیکھئے وہ آیت جس کا ماحصل یہ ہے کہ وہ صرف ظن کی تابعداری کرتے ہیں اور وہ صرف جھوٹے ہیں۔غرضیکہ!اعتراض مذکور کا خلاصہ یہ ہے کہ اگر پہلی ضمیر کو شک کی طرف پھیریں گے تو یا قید کا لغو ہونا لازم آئے گا۔یا یوں کہنا پڑے گا کہ یہ آیت جس کا معنی یہ ہے کہ وہ اعتقاد کر بیٹھے ہیں کہ ہم نے مسیح علیہ السلام کو قتل کر ڈالا ہے۔اپنے ظاہر معنی پر محمول نہیں۔حالانکہ ظاہر پر محمول ہونے کا بھی موجب موجود ہے۔پس جو لوگ پہلی کا التزام کریں گے تو یہ کفر ہے۔اگر دوسرے کو اختیار کریں گے تو یہ نادانی ہے۔اب ان دونوں میں سے جس کو چاہیں اختیار کرلیں۔ تیسرا اعتراض کہ یہ توجیہ تکلف محض ہے۔کیونکہ جس کی طرف تم ضمیر کو راجع کرتے ہو یہ رجوع ہرگز متبادر نہیں ہے۔نیز اس قسم کے ارجاع سے انتشار ضمائر لازم آتا ہے۔قرآن شریف میں انتشار ضمائر کا قائل ہونا یہ تو بے عیب پر از فصاحت قرآن کو بٹہ لگانا۔چنانچہ ظاہر ہے اور جب یہ سب کچھ باطل ہوا تو ہمارا ثابت ہوا۔چوتھی بحث کہ جب اس طرح پر ضمیر کا مرجع مانا جائے تو آیت کا معنی یہ ہوگا کہ اہل کتاب مسیح علیہ السلام کی مقتولیت کے مشکوک ہونے پر تصدیق رکھتے ہیں اور شک ومشکوک یہ چونکہ ایک ہی بات ہے تو تصدیق کا شک سے تعلق پکڑنا لازم آتا ہے۔یہ شک جو ایک قسم کا تصور ہی ہے۔اس کے لفظ کا مفہوم ہی شک سے مراد رکھ لیں۔یا جس پر وہ شک صادق آتا ہے وہی مقصود رکھیں۔اس لئے کہ شک کا معنی اور اس کا مصداق دونوں تصور ہی ہیں۔عام اس سے کہ تصدیق علم یقینی جو مطلق ادراک وتصور کا قسم ہے۔مقصود ہو یا وہ حالت کہ بعد ادراک کے پیدا ہوتی ہے جسے دانش کہتے ہیں۔مطلوب ہو لیکن تصدیق کا بہرحال تصور یعنی شک سے متعلق ہونا باطل ہے۔چنانچہ یہ بات ثابت ہے۔ہاں تصدیق کا شک سے اس صورت میں متعلق ہونا کہ تصدیق جنس تصور سے مان لیں بہت فحش ہے۔اس صورت سے کہ تصدیق کو بمعنی دانش لیں۔وجہ یہ ہے

کہ جب تصدیق کو تصور کی ہی قسم سمجھ کر شک سے متعلق جان لیں تو شک معلوم بن جائے گا اور پھر تصدیق کو بہ نسبت شک کے علم قرار دینا پڑے گا۔ حالانکہ دلیل سے ثابت ہے کہ علم تصور وصورت[۲۸] علمیہ کے معنی سے معلوم کے ساتھ متحد ہوتا ہے۔

لہٰذا لازم آیا کہ تصدیق اور شک ایک ہی بات ہو۔ حالانکہ یہ صریح غلط ہے۔ کیوں غلط نہ ہو کہ تصدیق وشک آپس میں غیریت رکھتے ہیں۔ پانچویں بحث کہ شک اصطلاحی جب ہی متحقق ہوگا کہ نسبت کے طرفین میں تردد ہو۔ یعنی یہ ایسا ہے یا ایسا لیکن دونوں میں سے کسی جانب کو ترجیح نہ ہو۔ بلکہ طرفین کی تجویز برابر ہو۔ پس کادیانی کی یہ تفسیر کہ اہل کتاب مشکوکیت قتل پر مسیح علیہ السلام کے طبعی مرنے سے پہلے ایمان رکھتے ہیں۔ اس طرف کو راجع ہوگی کہ اہل کتاب کا اس قسم کا شک بغیر اس کے کہ ان کو مسیح علیہ السلام کی طبعی موت پر یقین ہونا موجود تھا۔ کیونکہ تقدم کے لوازم سے ہے کہ مابعد مقدم پیدا ہونے کے زمانہ میں موجود نہ ہو۔ نیز جب ایک شخص کی طبعی موت پر یقین ہو تو اس کے مقتول ہو جانے میں شک کا ہونا محالات میں سے ہے۔ ظاہر تر ہے کہ مسیح علیہ السلام کے مقتول ہو جانے کے دو جانب ہیں۔ ایک کہ قتل نہیں ہوئے۔ دوم کہ قتل ہوگئے ہیں۔ پس جب کہ آپ کا قتل ہو جانا مشکوک ہے تو واجب ہوگا کہ نہ اس پر کہ وہ قتل ہوگئے ہیں اور نہ اس پر کہ وہ قتل نہیں ہوئے۔ یقین ہو اور نیز اس پر جو عدم القتل میں مندرج ہے۔ یقین نہ ہو۔ لیکن یہ بات واضح ہے کہ طبعی موت عدم القتل میں مندرج ہے۔ ہاں یہ اندراج ایسا ہے کہ خاص عام میں مندرج ہوتا ہے۔ اس لئے کہ عدم القتل جیسے کہ زندگی کو شامل ہے۔ ایسے ہی طبعی موت کو شامل ہے۔ لہٰذا لازم ہوا کہ جس صورت میں کہ مسیح علیہ السلام کے مقتول ہو جانے میں شک ہو تو آپ کی طبعی موت پر یقین نہ ہو اور یہ بالکل بدیہی ہے۔ کیونکہ شک کے لئے جانبین کی تجویز کا برابر ہونا ضروری ہے اور مع ہذا ایک جانب پر یعنی عدم القتل پر یقین کرنا محال ہے۔ چنانچہ کم درایت پر بھی مخفی نہیں ہے۔

بنابراں اگر آیت سے ہی وہی مراد ہے جو کادیانی سمجھتے ہیں تو کہے کہ اس آیت کے نازل ہونے سے کیا فائدہ ہوا۔ اس جزء پر کون سے عوائد مرتب ہوئے۔ علاوہ براں اگر اس آیت کو کادیانی کی ہی مراد پر محمول کریں تو اس سے لازم آئے گا کہ اس آیت نے شک کی ماہیت کے بعض اجزاء بیان کئے ہیں۔ لیکن یہ اس بات کا دعویٰ ہے کہ قرآن نے وہ معانی بیان کئے ہیں جو قوم کے مصطلح ہیں۔

پس اس صورت میں لازم آئے گا کہ قرآن بھی کافیہ، شافیہ تہذیب کی مانند ایک کتاب ہے۔ حالانکہ اس امر کا کوئی عقلمند قائل نہیں ہے۔ اسی پر کادیانی کی دوسری توجیہ سواس پر بھی پانچویں بحث کے سواسب ابحاث وخدشہ وارد ہوتے ہیں۔ البتہ اس دوسری توجیہ پر خاصۃً یہ بحث وارد ہے۔ وہ یوں ہے کہ تمام اوصاف کا سلب کسی شے کے ہر ہر فرد سے کر دینا۔ پھر خاص صفت ان کے واسطے ثابت کرنا۔ جیسا کہ اس سے لازم آتا ہے کہ وہ افراد موصوفہ اسی صفت میں منحصر ہو جائیں۔

اسی طرح پر ان افراد سے خاص صفت کا سلب کر دینا خواہ وہ صفت ملفوظ نہ ہو مقدر ہی ہو۔ بعدازاں کوئی ایسی صفت جو مسلوب سے منافی ہو۔ ان افراد کو ثابت کرنا اس کو چاہتا ہے کہ وہ موصوف اس مسلوب کے منافی میں منحصر ہو پہلے کا نام حصر حقیقی، دوسرے کا نام حصر اضافی ہے۔ لیکن یہ دونوں موصوف کے صفت میں منحصر ہونے کے لئے دو قسم ہیں۔ اسی پر صفت کا موصوف میں بطور انحصار حقیقی کے سواس واسطے کے وہ صفت صرف اسی موصوف میں متحقق ہے نہ غیر میں۔ صفت کا موصوف میں بطور انحصار اضافی کی منحصر ہونا سواس لئے ہے کہ وہ صفت تو اس موصوف میں پائی جاتی ہے۔ لیکن اس کے کل اغیار سے منفک نہیں ہوتی۔ بلکہ بعض میں پائی جاتی ہے اور بعض میں نہیں۔ پس چونکہ بعض ہی کی طرف نسبت کر کے منحصر ہے تو یہ حصر اضافی اور نسبتی ہوا۔ پر ظاہر ہے کہ جس میں کوئی چیز منحصر ہو وہ اس پر جو اس میں کلیتہً منحصر ہے۔ کلی طور پر صادق آتا ہے۔

اب دیکھئے کہ آیت (جس کا مضمون یہ ہے کہ نہیں ہے کوئی ایک بھی اہل کتاب میں سے مگر وہ ایمان لائے گا) میں اہل کتاب صفت ایمان میں منحصر کر دیئے گئے ہیں۔ لیکن یہ انحصار صفت کفر کی طرف نسبت کر کے ہے نہ اور اوصاف کے لحاظ سے۔ پس مراد الآیۃ صفت الکفر کا تمام اہل کتاب سے مسلوب ہونا۔ سب کے لئے صفت الایمان کا ثابت ہونا ہے۔ لاغیر!

اس سے صاف طور پر واضح ہوگیا ہے کہ یہ انحصار اضافی ہے۔ کیونکہ اہل کتاب جو صفت ایمان میں منحصر کر دیئے گئے ہیں۔ تو صرف ایک صفت محض کی طرف نسبت کر کے اوصاف کے لحاظ سے۔ لہٰذا مفاد الآیۃ یوں ہوا کہ سب اہل کتاب ایمان میں نہ کفر میں منحصر ہوں گے اور صفات ان میں پائی جائیں یا نہ۔ پس سب اہل کتاب سے وصف کفر جو مقدر ہے مسلوب کر دیا گیا۔ اس کا منافی یعنی ایمان سب کو ثابت کر دیا گیا ہے۔ جب یہ سمجھ گئے کہ تمام اہل کتاب صفت ایمان میں منحصر ہوں گے تو لازم آئے گا کہ صفت ایمان تمام کتابیوں پر صادق آنا چاہئے۔ جیسا کہ

کہہ دیں کہ ہرایک کتابی اس پر ایمان لائے گا۔اس لئے یہ قضیہ موجبہ محصورہ کلیہ بنا۔جب کہ ہم آیت مذکورہ سے وہ مراد رکھ لیں جو کادیانی بیان کرتے ہیں تو اس تقدیر پر یہ معنی ہوگا کہ سب اہل کتاب مسیح علیہ السلام کے قتل کی مشکوکیت پر ان کے مرنے سے پہلے ایمان لے آئیں گے۔ حالانکہ یہ معنی مردود ہے۔گو ہم اس سے قطع نظر کریں کہ اس طرز پر صیغہ مضارع کا ماضی پر محمول کرنا لازم آتا ہے۔اس سے بھی اغماض کریں کہ نون تاکید ثقیلہ معنی استقبال کو چاہتا ہے۔مگر اور طرز پر جو اعتراض وارد ہوتا ہے وہ بالتصریح بیان کریں گے۔وہ یہ ہے کہ یہ حکم خاص ان ہی بعض اہل کتاب کے لئے ہے جو مسیح علیہ السلام کے زمانہ اور آپ کی مرفوعیت سے پہلے موجود تھے۔لیکن یہ تو قاعدہ مذکورہ مسلمہ سے مخالف ہے۔کیونکہ قاعدہ سے لازم آیا تھا کہ یہ حکم کل کتابیوں کے واسطے ہے۔نہ بعض کے واسطے۔یا یہ کہو گے کہ یہ عام اہل کتاب کے لئے ہے۔یعنی جو آپ کے زمانہ میں آپ کی مرفوعیت سے پہلے موجود تھے اور وہ جو اس کے بعد قیامت تک موجود ہوتے جائیں گے۔ مگر اس سے تو پھر اور ہی محال لازم آئے گا۔اس لئے کہ اب یہ تجویز کرنا پڑے گا کہ ایک چیز جو موجود نہیں وہ موجود ہونے کی حالت میں موجود ہو۔

اجی! جب تم مسیح علیہ السلام کے مرجانے کے قائل ہو اور ادھر آیت کے معنی یہ ہوئے کہ مسیح علیہ السلام کے مرنے سے پہلے ہی تمام کتابی ایمان لاچکے ہیں تو صاف لازم آیا کہ جو اس زمانہ میں موجود نہیں تھے موجود ہوں۔آخر جب سب کے لئے موت المسیح علیہ السلام سے پہلے ہی صفت الایمان ثابت کیا گیا تو اس صفت کا موصوف بھی تب ہی موجود ہونا چاہئے۔ورنہ لازم آئے گا کہ صفت بغیر موصوف کے متحصل ہو۔یہ تجویز گویا اجتماع النقیضین کو جائز کردینا ہے۔نیز اس پر یہ اعتراض وارد ہوتا ہے کہ یہاں مصدر کو بلا موجب ماضی پر محمول کرنا پڑتا ہے۔حالانکہ یہ بناوٹ ہے۔صاحبان فہم کے ناپسند ہے۔رہی یہ بات کہ مستدل دومعنوں کو اپنی منہ سے اچھا کہتا ہے اور دونوں کو اپنے کشوف سے مؤید کرتا ہے۔

سو واضح رہے کہ بالضرور دو معنوں میں سے ایک تو بالکل باطل ہے۔سبب یہ ہے کہ دوسری توجیہ اور معنی میں زیادہ تر خصوص کا ہی احتمال ہے۔کیونکہ اگر عموم لیا جائے تو اجتماع النقیضین لازم آتا ہے۔چنانچہ گزرا پہلی توجیہ میں خالی عموم ہی ہے اور ظاہر ہے کہ عموم وخصوص یہ دونوں آپس میں متغائر ہیں۔پس اگر پہلی توجیہ کو تسلیم کریں گے تو بالضرور دوسری ندارد ہے۔اگر دوسری کو مان لیں گے تو لامحالہ پہلی مردود ہے۔اب کہئے کہ اگر کشف کو الہام رحمانی سے ہی فرض کر لیں

گے تو دوسرا بداہتہً شیطانی ہوگا۔ اس لئے کہ اگر دونوں الہام اللہ سے ہوتے تو ان میں تخالف نہ ہونا چاہئے تھا۔ لہٰذا حق یہی ہے کہ یہ دونوں ہی رحمانی نہیں ہیں۔ ورنہ کیوں ان دونوں پر شرعیہ اور عقلیہ اعتراضات ساطعہ قاطعہ وارد ہوتے۔ لامحالہ ایسے مدعیوں کے خصائل سے یہ بات سامنے ہے کہ اگر ان کے مقابلہ پر قرآن پیش کرتے ہیں تو انجیل طلب کرتے ہیں۔ جب انجیل سامنے رکھتے ہیں تو قرآن طلب کرتے ہیں۔ جب یہ دونوں پیش کئے جاویں تو عقل کے طالب ہوتے ہیں۔ پھر عقل بھی اگر پیش کی جاوے تو کشف لے بیٹھتے ہیں۔ تو پھر جب اس کشف پر دلیل طلب کی جاتی ہے تو سرنگوں متحیر ہو جاتے ہیں۔ غرضیکہ وہ لوگ نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے۔ ہر ایک دربار سے ان کو دھکے ملتے ہیں۔ یا یوں کہئے کہ یہ لوگ شتر مرغ کے مثیل ہیں۔ اس پر جب بوجھ ڈالنا چاہیں تو اڑنے والا پرندہ بن بیٹھتا ہے۔ اگر اسے اڑانا چاہیں تو اونٹ کہلاتا ہے۔ یا یوں کہ ایسے لوگ اس مریض کے مثیل ہیں۔ جسے مرض الموت نے گرفتار کیا ہو نہ وہ زندہ ہو اور نہ وہ مردہ ہے اور کسی نبی کے مثیل نہیں ہیں۔ خیر جو ہیں سو ہیں۔ ہم کو اس سے کیا غرض ہے۔ ہاں ہم اب یہ بیان کریں گے کہ جس طرح پر کہ ہم اور سلف وخلف آیت ’’انا قتلنا المسیح (النساء:۱۵۷)‘‘ سے سمجھتے ہیں۔ اس طرز پر اعتراضات مذکورہ میں سے ایک اعتراض بھی وارد نہیں ہوتا۔ وہ یوں ہے کہ اہل کتاب نے کہا ہے کہ ہم مسیح علیہ السلام کے مقتول ہو جانے پر یقین رکھتے ہیں۔ سو اللہ عزوجل نے ان کی تردید فرمائی کہ انہوں نے مسیح علیہ السلام کو نہ تو قتل کیا اور نہ صلیب پر چڑھایا۔ پس کیونکر مسیح علیہ السلام کے قتل ہو جانے پر ان کو یقین کر بیٹھنا متصور ہے۔ اس لئے کہ علم یقینی کے لئے تو یہ ضروری ہے کہ واقع سے مطابق ہو کیا ہو سکتا ہے کہ واقع سے مخالف ہو اور پھر بھی یقینی ہو۔ ہرگز نہیں۔ لہٰذا ان کا یہ دعویٰ کہ ہم قتل کے بارے میں متیقن ہیں۔ باوجودیکہ دراصل ان کو یقین حاصل نہیں ہے۔ بلاشبہ جہل مرکب ہے۔ کیونکہ جہل مرکب کا معنی یہی ہے کہ خلاف واقع ایک حکم لگایا جائے۔ پس وہ اس کے بارے میں شک میں مبتلا ہیں۔ یعنی ایسے حکم میں کہ وہ خلاف واقع ہے۔ نہیں ان کو یقین حاصل۔ بلکہ ظن اور جہل مرکب کے تابعدار ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ انہوں نے مسیح علیہ السلام کو قتل نہیں کیا۔ یعنی قتل کا نہ پایا جانا یقینی ہے۔ ایسا اس لئے ہے کہ یقیناً نفی ’’ما‘‘ کی قید ہے نہ منفی ’’قتلوہ‘‘ کی۔ ’’بل رفعه اللّٰہ‘‘ بلکہ خداوند عزاسمہ نے مسیح علیہ السلام کو اپنی طرف اٹھالیا ہے۔ لیکن وہ اٹھالینا کہ وہ ’’بجسدہ‘‘ منافی قتل ہے نہ وہ کہ اس کا منافی نہیں۔ یعنی رفع روحی۔ کیونکہ رفع روحانی واقع اور اعتقاد مخاطب میں قتل کے ساتھ مجتمع ہوتا ہے۔

’’وکان اللہ عزیزاً حکیما ‘‘ خداوند تعالیٰ کو مسیح علیہ السلام کے بجسدہ مرفوع کرنے سے کوئی چیز عاجز کرنے والی نہیں۔’’حکیما‘‘ خدا حکمت والا ہے رفع کے کام میں۔نہیں کوئی ایک بھی ’’من اھل الکتاب الالیؤمنن بہ ‘‘اہل کتاب میں سے اگر مسیح علیہ السلام پر ایمان لائیں گے۔ان کے مرجانے سے پہلے ہی خواہ وہ ایمان ان کے لئے نافع ہی ہو۔جیسا کہ حالت حیات میں یا نافع نہ ہو۔جیسا کہ حالت مرگ میں اور یہ ایمان کہ جو مرگ کی حالت میں نہیں وہ اس سے عام ہے کہ مسیح علیہ السلام کے اترنے سے پہلے ہو یا ان کے اترنے کے بعد ہو۔پس اس معنی میں غور کرو کہ اس میں بہرحال ایمان کی حفاظت ہے۔دیکھو ایک تو صیغہ مضارع اپنے ہی معنی پر رہا۔ نون ثقیلہ جو مدخول کے استقبال پر بالاجماع دلالت کرتا ہے اپنے ہی طور پر رہا۔اس معنی پر اعتراضات سابقہ میں سے کوئی اعتراض وارد نہیں ہوتا۔’’کما ھو الظاھر بالتامل الصادق ‘‘لہٰذا جو معنی ہم نے بیان کئے ہیں اسی کو صحیح کہنا زیبا ہے اور اس کے برخلاف الہامات وکشوف کو کھنڈروں پر ویسے مارنا لازم ہے۔یہی معنی تمام اشکالات کے دور کرنے کے لئے کافی ہے۔اس پر بالضرور منصف مزاج ایمان لائے گا۔گو کوئی بے انصاف اور بے عمل جھگڑالو اس سے انحراف کرے۔کادیانی کا اور بھی استدلال الزام کے طور پر ہے کہ ہر ایک جو آسمان کے موجود ہونے پر ایمان رکھتا ہے اس کا یہ عقیدہ ہے کہ آسمان کی حرکت استدارت پر ہے۔پس مسیح علیہ السلام کو اگر آسمان پر زندہ مان لیں گے تو واضح طور پر لازم آئے گا کہ مسیح علیہ السلام بھی آسمان کی حرکت سے متحرک ہوں۔پس ان کا فوق اور اوپر ہونا متعین نہیں ہوگا۔یا یوں کہئے کہ ان کے لئے جہت فوق معین نہیں ٹھہرے گا۔بلکہ اس تقدیر پر مسیح علیہ السلام کا کبھی نیچے اور کبھی اوپر ہونا ثابت ہوگا۔لہٰذا نزول بھی معین نہیں ہوگا۔کیونکہ نزول فوق سے ہوتا ہے اور فوق ہی جب معین نہیں تو نزول کا کہاں ٹھکانا ہے۔نیز اس صورت میں مسیح علیہ السلام کا جب تک کہ آسمان پر ہیں عذاب میں اور اضطراب میں گرفتار ہونا لازم آئے گا۔

جواب...... واضح رہے کہ یہ استدلال موٹی اور سرسری نظر والوں کو جلدی جھپ لے گی۔چنانچہ ایسے لوگوں کے قابو زیادہ تر اسی قسم کے لوگ آئے ہیں۔لیکن جو نیک بخت باریک بین ہیں وہ ایسے استدلالات کو کوڑے سے بھی نہیں خریدتے۔

تقریر الجواب کہ دراصل فوق کا اطلاق اس لمبے خط کے جو انسان کے سر کی طرف جس وقت کہ طبعی طور پر کھڑا ہو یا بیٹھا ہو کھینچا جائے۔منتہٰے پر کیا جاتا ہے۔وہ فلک الافلاک یعنی عرش کا

طرف بالا ہے رہا جہت (نیچے کی طرف) اس کا اطلاق اس خط کے منتہٰے پر ہوتا ہے کہ انسان کے پاؤں کے تلے سے کھینچا جائے اور وہی مرکز عالم ہے۔ یہ دو جہتیں کبھی متبدل نہیں ہوتی ہیں۔ لہٰذا حقیقی کہلاتی ہیں۔ فوق وتحت کا اطلاق ان اطراف پر جو کہ مرکز عالم اور فلک الافلاک کی طرف بالا کے مابین ہیں کیا جاتا ہے۔ مگر یہ اطلاق اضافی کہلاتا ہے۔ ہر ایک ان متوسط اطراف میں سے فوقیہ وتحتیہ سے موصوف ہوتے ہیں۔ مثلاً کہہ دیں کہ آسمان دنیا کا سطح بالا فوق ہے اور اسی آسمان کا وہ طرف جو نیچے کو ہے بہ نسبت مذکور کے تحت ہے۔ ماسوا اس کے جتنے نزدیک نزدیک اطراف ہیں وہ باقی افلاک کی نسبت تحت ہیں۔ اس لئے یہ معین طرف ایک اعتبار (نیچے طرف کی نسبت) سے فوق اور دوسرے اعتبار (باقی افلاک کی نسبت) سے تحت ہوا۔ حاصل کلام یہ ہے کہ جو دو طرف مرکز عالم اور فلک الافلاک کے مابین فرض کئے جاویں ان میں سے جو مرکز سے زیادہ تر قریب اور فلک الافلاک کی طرف بالا سے زیادہ تر بعید ہوگا وہ تحت ہے اور اس کے برعکس فوق ہے۔ حقیقی دو جہتیں ان کے برخلاف ہیں۔ کیونکہ جو ان میں سے فوق کہلاتا ہے وہ ہرگز تحت نہیں بن سکتا اور جو تحت ہے وہ ہرگز فوق نہیں ہوسکتا۔ وجہ یہ ہے کہ فلک الافلاک کا طرف اعلیٰ ہمیشہ اعلیٰ ہے اور مرکز عالم دائما مرکز ہی ہے۔ نہ ان میں تغیر اور نہ تبدل ہوتا ہے۔ پس بنابریں کہا جاسکتا ہے کہ مسیح علیہ السلام چونکہ دوسرے آسمان پر ہیں تو وہ بہ نسبت مرکز کے زیادہ تر بعید ہیں۔ زمین کے باشندوں کی نسبت فلک الافلاک سے طرف بالا سے زیادہ تر قریب ہیں۔ لہٰذا مسیح علیہ السلام زمین کے باشندوں سے فوق ہوں گے۔ گو ان کا متحرک ہونا آسمانوں کے متحرک ہونے سے تسلیم کرلیا جائے۔ اب دیکھئے کہ جہت فوق معین ہوا۔ بلکہ جب تک کہ مسیح علیہ السلام آسمان پر ہیں تب تک باشندگان زمین سے فوق ہی کہلائیں گے۔ پھر جب کہ خداوند تعالیٰ ان کے نزول کا ارادہ فرمائے گا تو یوں ہوگا کہ مسیح علیہ السلام دوسرے آسمان کی طرف بالا پر سے حرکت کریں گے۔ یہاں تک آناً فاناً ان کا فلک الافلاک کے طرف بالا سے بہ نسبت سابق بعد بڑھتا جائے گا اور وہ بعد جو ان کو مرکز سے تھا کم ہوتا جائے گا۔ یہاں تک کہ زمین کی سطح پر آٹھہریں گے اور اسی کو نزول کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ بات معلومات سے ہے کہ فلک الافلاک کی طرف بالا یا اس طرف پر سے جو مرکز سے نزدیک ہے حرکت کرنے کو نزول کہتے ہیں۔ جیسا کہ مرکز عالم سے فلک الافلاک کی طرف بالا کی طرف حرکت کرنے کا نام عروج ہے۔

پس آسمانوں کے استدارت پر متحرک ہونے سے نزول کا غیر معین ہونا لازم نہیں آتا۔

نہ ان کا آسمانوں کے متحرک ہونے کی وجہ سے اضطراب وعذاب میں ہونا ضروری ہوا۔ کیا دیکھتے نہیں کہ زمانہ حال کے ہیئت والے اور انگریزی ڈاکٹروں کا یہ مذہب ہے کہ آفتاب جو ستاروں کے درمیان ہے اور وہ اس کے گرداگرد پھرتے ہیں۔ ان کی حرکت کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ وہ زمین کے گرداگرد نہیں پھرتے ہیں۔ بلکہ زمین ہی ان کے گرداگرد پھرتی ہے۔ کہتے ہیں کہ زمین بھی ان سیارات میں سے ایک سیارہ ہے۔ وہ سیارے یہ ہیں: عطارد، زہرہ، زمین، مریخ، دسنہ۔ ان میں سے بعض یہ کہتے ہیں کہ یہ سریعہ حرکت ہے جو مغرب سے مشرق کی طرف دن بھر میں ہوتی ہے۔ زمین ہی کی حرکت ہے۔ اس لئے ستارہ کبھی طالع کبھی چھپے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ کیونکہ زمین مغرب سے مشرق کی جانب حرکت کرتی ہے اور ستارے ساکن ہوتے ہیں یا وہ بھی مشرق کی طرف حرکت کرتے ہیں۔ لیکن زمین کی حرکت سے ان کی حرکت بہت ہی بطئی ہے تو ہم ہر ساعت ان ستاروں کو دیکھتے ہیں جو ہماری نظروں سے مشرق میں سے پہلے غائب ہوتے تھے۔ ہماری نظروں سے وہ ستارے جو ہم کو نظر آرہے تھے۔ مغرب میں ہماری نظروں سے غائب ہوجاتے ہیں۔ اسی سبب ہم کو خیال آتا ہے کہ زمین ساکن ہے اور ستارے بھی حرکت سریعہ مشرق سے مغرب کی طرف کرتے ہیں۔ جیسا کہ کشتی دریا میں چلتی ہے اور پانی جس طرف کو متحرک ہوتا۔ کشتی اس کے مخالف طرف کو جاتی ہے تو خیال کیا جاتا ہے کہ کشتی معہذا ساکن ہے۔ یہ مذہب (یعنی زمین کا متحرک ہونا) گومردود ہے۔ مگر بات تو یہ ہے کہ جو لوگ اس مذہب کے پابند ہیں یا ان کی باتوں کو پسند کرتے ہیں۔ انہوں نے کیا یہ نہیں سوچا تھا کہ اس طرح پر تمام باشندگان زمین مبتلائے عذاب ٹھہریں گے پھر اگر باشندگان زمین کو اس سے معذب ہونا لازم آتا ہے تو وہ کیوں اسی دلیل سے اس مذہب کو باطل نہیں سمجھتے۔ معہذا کسی ایک مسلمان نے اور کسی نہ کسی دوسرے فلسفی نے ان کے اس مذہب کو بہ ہمیں دلیل باطل کیا۔ البتہ عوام الناس کو بگاڑنے کے لئے یہ آسان ہے۔ عقلمند تو اس عذاب کی دلیل کو پسند نہیں کرتے۔ رہی یہ بات کہ زمین کا متحرک ہونا یہ ایک مردود بات ہے۔ سو اس کی وجوہ اور ہیں نہ وجہ عذاب۔

وجہ اوّل کہ زمین میں طبعاً حرکت مستقیمہ کے میلان کا مبداء موجود ہے۔ ظاہر ہے کہ مستقیمہ اور مستدیرہ آپس میں مغائر ہیں۔ کیونکہ مستدیرہ تو وہ حرکت ہے جو کہ گولائی پر ہو۔ مستقیمہ وہ حرکت ہے کہ ایک سیدھے خط پر ہو اور یہ بات کہ اس میں میلان مستقیمہ ہو۔ اسی سے ثابت ہے کہ جب ہم زمین کے اجزا لے لیں اور ان کو پھینکیں تو وہ خط مستقیم پر ہی حرکت کرتے ہیں۔ لہٰذا

زمین کا استدارت پر متحرک ہونا مسلم نہیں ہے۔

دوسری وجہ کہ اگر اس طرح پر وہ متحرک ہوتی تو چاہئے تھا کہ جب جانور مغرب کی طرف دوڑتا ہوتو وہ مشرق کی طرف جاتا وہ منزل مقصود پر نہ پہنچتا۔ مگر بعد گزرنے دن اور رات کے اکثر حصہ کے گو جس جگہ سے اس نے سیر شروع کی تھی اس سے مقصود تک تھوڑی ہی مسافت ہو۔ حالانکہ واقع میں اس کے برخلاف معاملہ ہے۔

تیسری وجہ کہ اس صورت میں چاہئے تھا کہ جتنے جانور زمین وآسمان کے مابین ہیں ان کے بارے میں بھی خیال کیا جاتا کہ وہ مغرب کی طرف حرکت کررہے ہیں۔ خواہ وہ بالارادہ آپ ہی مشرق یا مغرب کی طرف متحرک ہوں۔ اس لئے کہ زمین کی حرکت سریعہ مانی گئی۔ جانوروں کی حرکت بطئی ہے۔ علیٰ ہذاالقیاس اور وجوہ بھی ہیں۔ جن سے کہ یہ مذہب باطل ہوتا ہے۔ مگر خوف طول اور خلاف مقصود ہونے کی وجہ سے وہ مذکور نہیں ہوئے اور یہ بھی وجہ ہے کہ قرآن شریف میں بھی زمین کا ساکن ہونا بیان کیا گیا ہے۔ دیکھو خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم نے زمین کو میخیں ٹھوک دیں۔ تم کو متحرک نہ کرے۔ کس نے خدا کے سوا زمین کو ساکن اور فرش بنایا اور اس میں نہریں جاری کیں۔ اس کے پہاڑوں کو میخوں کو قائم مقام بنایا۔ ان سب آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین ساکن ہے۔ لیکن اب تک جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے فلک الافلاک کے استدارت پر متحرک ہونا اور اس کی تحریک سے باقی آسمانوں کا متحرک ہونا مان کہ بیان کیا ہے۔ اب ہم اس کے مطابق جواب دیتے ہیں کہ جو شرعاً ثابت ہے وہ یوں ہے کہ شرعاً فلک الافلاک وغیرہ ہرگز متحرک نہیں ہیں۔ اس لئے کہ نہ قرآن سے ثابت ہے کہ عرش متحرک ہے اور نہ کسی صحیح یا ضعیف حدیث سے اس کا ثبوت ملتا ہے۔ بلکہ صحیح احادیث میں آیا ہے کہ عرش کے لئے پائے ہیں۔ اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ وہ متحرک نہیں ہے اور اس سے وہ حدیث کہ جس میں آیا ہے کہ عرش خیمہ کی طرح قبہ دار ہے۔ انکاری نہیں ہے۔ آچکا ہے کہ خداوند کا عرش بالفعل چار فرشتوں نے اٹھائے رکھا ہے۔ دیکھو کہ قرآن شریف میں ہے کہ قیامت کے دن کو آٹھ فرشتہ اٹھائیں گے۔ پس اب فلک الافلاک کا متحرک ہونا باوجود ان اخبار اور آیات کے کب ہوسکتا ہے۔ ہرگز نہیں ہاں قرآن مین ستاروں کی حرکت کا بے شک ذکر ہے۔ دیکھو خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ آفتاب چاند کو نہیں پکڑ سکتا اور نہ رات دن سے آگے بڑھ سکتی ہے۔ ہر ایک کیا آفتاب اور کیا چاند اور دوسرے ستارے آسمان میں سیر کرتے ہیں۔ فرمایا کہ ہر ایک ان میں سے ایک وقت معین تک سیر کرتا رہے گا۔ فرمایا ہے کہ قسم کھاتا ہوں ان پانچ ستاروں کی جو پیچھے ہٹ جاتے۔ سیدھے چلنے اور غائب ہوجانے والے ہیں

www.amtkn.com www.facebook.com/amtkn313 www.emaktaba.info

اور وہ ستارے یہ ہیں۔ زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد۔ اگر مان بھی لیں کہ فلک الافلاک متحرک ہے۔ لیکن یہ ہم تسلیم نہیں کریں گے کہ باقی آسمان اس کی تحریک سے متحرک ہیں۔ اس لئے کہ یہ اس صورت میں لازم تھا کہ اگر شرعاً آسمانوں کا ملاپ آپس میں ثابت ہوتا ہے۔ لیکن ملاپ تو ثابت نہیں ہے۔ بلکہ شرعاً ثابت ہے کہ آسمان آپس میں دور دراز فاصلہ رکھتے ہیں۔ چنانچہ احادیث وغیرہ کے دیکھنے سے ظاہر ہوگا۔ نیز آسمانوں کی کرویۃ بھی شرع سے ثابت نہیں ہے۔ بلکہ شرع سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین آسمان دنیا کے مقابلہ پر ایسی ہے کہ جیسے کسی میدان میں حلقہ پڑا ہو۔ اسی طرح آسمان دنیا دوسرے آسمان اور دوسرا تیسرے آسمان کی نسبت ہے۔ باقی علے ہذا القیاس!

سب آسمان کرسی کے اور کرسی معہ ماتحت کے فلک الافلاک کے سامنے اس حلقہ کی مانند ہے جو میدان میں پڑا ہو۔ اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ اگر آسمان کروی ہوتے تو یہ تمثیل صحیح نہ ہوتی۔ اس لئے ماننا پڑے گا کہ وہ کروی نہیں ہیں۔ پس جب کہ کرویۃ نہ رہی۔ تو خود حرکت مستدیرہ بھی جاتی رہی۔ کیونکہ مستدیرہ حرکت سے تو وہی متحرک ہوتا ہے کہ جو کروی ہو۔ لاغیر!

جب کہ آسمانوں کے مابین اتصال ثابت نہ ہو تو اگر ہم فلک الافلاک کا متحرک ہونا مان بھی لیں گے تو اس کے متحرک ہونے سے اس کے ماتحت آسمانوں کو متحرک ہونا لازم نہیں آئے گا۔ بلکہ تم جان چکے ہو کہ فلک الافلاک متحرک بھی نہیں۔ بنابراں جو کچھ کادیانی نے الزام کے طور پر استدلال عام خیالات کی تقلید سے پیش کیا تھا۔ ہرگز پیش ہونے کے قابل نہیں ہے اور سربسر مردود ہے۔ ہماری ساری تقریر کا ماحصل یہ ہے کہ ہم ان کے استدلال پر گوناگوں پے در پے ترتیب وار اعتراضات وارد کرتے ہیں۔ بایں طور کہ اوّلاً فلک الافلاک کا متحرک ہونا نہیں مانتے ہیں۔ اگر یہ مان لیں گے تو پھر اس کا استدارت پر متحرک ہونا نہیں مسلم ہے۔ اس کو بھی اگر مان لیں تو پھر یہ تسلیم نہیں کرتے کہ اس کی تحریک سے باقی آسمان بھی متحرک ہیں۔ کیونکہ یہ بات آسمانوں کے آپس میں متصل ہونے پر موقوف ہے۔ لیکن وہ تو متصل ہی نہیں۔ پس اس کی تحریک سے ان کا متحرک ہونا بھی لازم نہیں آتا۔ اگر ہم یہ سب کچھ تسلیم کریں تو ہمارا یہ کہنا کہ نہ جہت الفوق اور نہ نزول متعین ہوتا ہے اور اس صورت میں مسیح علیہ السلام کا عذاب دائمی میں مبتلا ہونا لازم آیا ہے، غلط ہے۔ ان تینوں محذورات کو ممنوع سمجھتے ہیں۔ ان کے لئے دلیل طلب کرتے ہیں۔ مگر دلیل کہاں یہ تو یوں ہی تقلقل ہے۔ ہم نے جو کچھ مفصل طور پر بیان کیا ہے۔ وہ معلوم ہو ہی گیا ہے۔ اس میں ناظرین خوب تأمل کریں۔ تاکہ کادیانی کی ہیئت دانی اور ہندسہ فہمی وغیرہ علوم کے

حالات معلوم ہوں۔ ان کے مجددیۃ ومحدثیۃ ومسیحیت کے دعویٰ کی بناوٹ روشن ہو۔ کادیانی علماء اسلام پراس طور پر بھی اعتراضات کرتا ہے کہ پرانے فلسفہ سے ثابت ہوتا ہے کہ انسانی جس کو طبقہ زمہریریہ تک ہرگز رسائی نہیں۔ زمانہ حال کے فلسفہ نے بھی تحقیق یوں کرلیا ہے کہ وہ بعض پہاڑوں پر چڑھے وہاں پر جاکر معلوم کیا کہ ان کی چوٹیوں پر اس درجہ کی ہوا ہے کہ وہ انسانی جسم کو سلامت رہنے نہیں دیتی۔ بلکہ اتنی بلندی پر پہنچ کر ہرگز زندہ نہیں رہ سکتا۔ پس متقدمین اور متاخرین کے اتفاق سے ثابت ہوتا ہے کہ مسیح علیہ السلام ہرگز آسمان پر نہ چڑھے ہوں۔ کیونکہ راستہ پر اس قدر سردی ہے کہ آدمی وہاں پر پہنچتے ہی مرجائے گا۔ لہٰذا آسمان تک مسیح علیہ السلام کی رسائی ہرگز متصور نہیں۔ پس جب کہ طبقہ زمہریریہ تک پہنچنا ہی غیرممکن ہے تو آسمان پر پہنچنا بھی غیرممکن ٹھہرا۔ اس لئے کہ جب معد ہی ممکن نہیں تو معدلہ کیسے ممکن ہوگا۔ (معد اس کو کہتے ہیں کہ جس کا عدم بعدالوجود متاخر کے لئے سبب ہو۔ جیسے پہلا قدم دوسرے قدم کے لئے)

جواب…… یہ ساری تقریر ہی معترض کی گویا باطل کو زینت دینا ہے۔ تانبے کو سونے کا پانی چڑھا کر سونے کے بھاؤ بیچنا ہے۔ لیکن ایسی بناوٹ دانشمندوں سے کب پوشیدہ رہتی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ طبقہ زمہریریہ تک بدن انسانوں کا وصول ممکن ہے اوراس کا ممکن نہ ہونا ہرگز مسلم نہیں۔ پس مسیح علیہ السلام کا آسمان پر چڑھنا بھی ممتنع نہیں ہوا۔ رہی یہ بات کہ انسان کا وصول کیوں ناممکن نہیں۔ سو اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کا ناممکن ہونا چندامور پر موقوف ہے۔ ایک یہ کہ طبقہ زمہریریہ کے تمام اجزاء اس ضرررسانی کی کیفیت میں برابر ہوں۔ لیکن ہم اس برابری کو تسلیم نہیں کرتے۔ اس کے لئے تو کوئی دلیل چاہئے۔ بلکہ اگر اس بات کا لحاظ کریں کہ آفتاب کی محاذات کو عنصریات وعناصر کی طرف گوناگوں نسبتیں ہیں تو صاف معلوم ہوتا ہے کہ طبقہ زمہریریہ کے اجزاء کی سردی برابر نہیں۔

دوم یہ کہ وہ سردی طبقہ زمہریریہ کی ذات میں داخل ہو۔ جیسے کہ ذاتیات ذات میں داخل ہوتے ہیں۔ اس طرز پر کہ وہ سردی اس کے مرتبہ ذات سے ہرگز جدا نہیں ہوسکتی۔ مگر یہ بھی مسلم نہیں۔ کیونکہ اگر یہ سردی اس کے ذاتیات سے ہوتی تو چاہئے تھا کہ وہ کبھی شدت اور کبھی ضعف کے ساتھ موصوف نہ ہو۔ حالانکہ وہ اس طرز پر موصوف ہوتی ہے۔ جب ایسی ہوتی تو ذاتی نہیں ہوسکتی۔ اس لئے کہ یہ ثابت ہوچکا ہے کہ ذات وذاتیات میں تشکیک نہیں۔ لیکن طبقہ زمہریریہ تو مشکک ہے۔ کیونکہ مشکک ہونا یہی ہے۔ کبھی شدت اور کبھی ضعف سے موصوف ہو پر ظاہر ہے کہ وہ طبقہ کبھی ضعیف ہوتا ہے۔ چنانچہ جب آفتاب طبقہ کی سمت پر ہو۔ جیسا کہ دن میں اور کبھی وہ شدیدالبرد ہوتا ہے۔ یہ اس صورت میں کہ آفتاب اس کے ساتھ مسامتت نہ رکھتا ہو۔

جیسا کہ رات میں نیز اس میں تشکیک اس وجہ سے بھی ہے کہ گرمیوں اور جاڑے میں بلکہ جنوب اور شمال میں اس کے اجزاء سردی میں برابر نہیں ہوتے۔ کیا جیسے کہ گرمیوں میں اس میں سردی ہوتی ہے۔ ویسے ہی جاڑے میں ہوتی ہے۔ ہرگز نہیں بلکہ جاڑے میں شدید اور گرمیوں میں ضعیف ہوتی ہے۔ پس اس قسم کا اختلاف صریح طور پر اس پر دلالت کرتا ہے کہ یہ کیفیت اس طبقہ کے ذاتیات میں سے نہیں ہے۔ اسی پر اس کیفیت کا طبقہ مذکورہ کے لوازم سے ہونا سو یہ اس طرح پر ہوگا کہ اس کیفیت کا اصل اور نفس (یعنی بلاشدت وبلاضعف) اس کو لازم ہو۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ اصل برودت انسانی بدن سے منافات نہیں رکھتی اور نہ انسان کو جان سے مار دیتی ہے۔ یا کہو گے کہ نہیں ہم تو اصل برودت کو لازم نہیں کہتے۔ بلکہ اس کے ایک خاص درجہ کو لازم سمجھتے ہیں۔ سو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ مرتبہ اور درجہ ابھی تک معین نہیں ہوا اور اگر ہم اس خاص درجہ کا ہونا بھی تسلیم کر لیں۔ لیکن یہ ہم تسلیم نہیں کرتے کہ وہ کبھی اس طبقہ سے جدا نہیں ہوتا۔ پھر لزوم کہاں رہا۔ اچھا بھئی لزوم بھی مانا۔ لیکن مستفسر ہے کہ وہ لزوم عادی ہے یا عقلی۔ عقلی تو نہیں ہے۔ اجی! عقلی کے تو یہی معنی ہیں کہ اپنے ملزوم کو کبھی جدا نہ ہو۔ جیسا کہ دو کے واسطے جفت ہونا لازم ہے اور یہ زوجیۃ کا وصف اس سے کبھی جدا نہیں ہوتا۔ عادی لازم کا اپنے معروض سے جدا ہونا جائز ہے۔ دیکھو سکر شراب کے لئے عادی لازم ہے۔ اسی لئے اگر اس میں نمک یا سرکہ ڈال دیا جائے تو سکر زائل ہوگا۔ حرارت آگ کے واسطے عادتاً لازم ہے۔ اس لئے خداوند تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں آگ سے خطاب فرمایا کہ اے آگ! تو نیک سرد ہو۔ ابراہیم علیہ السلام کے لئے پس وہ آگ سرد ہوگئی۔ چنانچہ اس کی خود حق سبحانہ خبر دیتے ہیں کہ پھر بھی ابراہیم علیہ السلام کو قوم نے بجز اس کے اور کچھ نہیں کہا کہ ابراہیم علیہ السلام کو قتل کر ڈالو یا ان کو جلادو۔

پس خداوند تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو آگ سے بچالیا۔ اس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ حرارت جو ایک عادی لازم تھی وہ آگ سے جدا ہوگئی تھی۔ کیوں نہ ہو۔ اگر یہ لازم ہوتی تو چاہئے تھا کہ حرارت معدوم ہوتے ہی آگ بھی معدوم ہو جاتی۔ حالانکہ ایسا نہیں ہوا۔ معتبر مورخین نے بیان کیا ہے کہ مسیلمۃ الکذاب نے ابی مسلم خولانیؒ کے جلا دینے کا حکم دیا تھا۔ اس لئے قوم نے ان کو آتش سوزاں میں ڈال دیا۔ مگر وہ نہ جلے۔ آگ سرد ہوگئی تھی۔

اب دیکھئے یہاں بھی حرارت آگ سے جدا ہوگئی تھی۔ پس جب کہ آگ سے حرارت کو باوجودیکہ وہ آگ کی ذات کو عارض ہے۔ یہ نسبت ہے تو سردی کا بہ نسبت طبقہ زمہریریہ کے جو ہوا کا ایک مرتبہ ہی باوجود اس کے کہ وہ بالعرض سرد ہے۔ کیا حال ہونا چاہئے کیا معلوم نہیں کہ

عنصر ہوا بذاتہا گرم تر ہے۔ دیکھو کتب طب۔ چونکہ سردی نہ اس کی ذاتی ہے نہ لازم عقلی تو اس کا اس سے جدا ہونا کیسے ناروا ٹھہرے گا۔ لہٰذا بروقت صعود مسیح علیہ السلام کے سردی کا نابود ہونا جائز ہوا۔ اس لئے کہ ممکن ہے کہ صعود کے وقت میں وہ چیزیں موجود ہوگئی ہوں جو سردی کی تیزی کو دور کرنے والی ہیں۔ جیسے کہ غلیظ دھویں اور اس کے پاس ہی جل کر روشن ہوئے ہوں۔ چنانچہ بسا اوقات وہی دھویں جل کر نیزوں کی شکل اور سینگ والے حیوان وغیرہ کی ہیئت میں دکھلائی دیتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ وہ اتنے لمبے ہوں کہ وہ زمین سے متصل ہو جائیں۔ بلکہ کبھی متصل بھی ہو ہی جاتے ہیں۔ لیکن اس صورت میں اس کا نام حریق ہے اور کبھی زمین سے متصل نہیں ہوتے۔ پس چونکہ ایسے اسباب کا جو سردی کی تیزی کو دور کر دیتے ہیں۔ مہیا ہونا ممکن ہوا تو مسیح علیہ السلام کا آسمان پر چڑھنا بھی ممکن ہوا۔ شاید اب کہو گے کہ طبقہ زمہریریہ سے اوپر ایک اور طبقہ ہے جو جلانے والا ہے تو مسیح علیہ السلام اس سے بچ کر کس طرح آسمان پر چڑھ گئے۔ تو واضح ہو کہ یہ بھی غلط ہے۔ کیونکہ حرارت آگ کے لئے ایک عادی لازم ہے۔ اس لئے اس کا کرہ نار سے جدا ہونا جائز ہے۔ گو یہ جدائی آنی ہو۔ برودت کے لازم عقلی یا ذاتی ہونے کو ہم تسلیم کر کے اور طرز پر بھی جواب دیتے ہیں۔ وہ یوں ہے کہ طبقہ زمہریریہ کے اثر کرنے کے لئے یہ بھی شرط ہے کہ انسان اس طبقہ میں اتنا زمانہ قرار پذیر ہو کہ وہ آپس میں اثر کر سکے۔ لیکن ظاہر ہے کہ آسمان پر انسان کے چڑھنے کے لئے اس طبقہ میں استقرار لازم نہیں۔ کیونکہ آسمان پر جانا بطور انتقال دفعی ہے یا حرکت سے اور یہ دونوں اس مسافت میں استقرار کو مستلزم نہیں ہیں۔

پس بدن انسانی بھی اس مسافت میں صحت کی مزاحم کیفیت سے متاثر نہیں ہوگا۔ چونکہ یہ بات ظاہر ہے کہ دو امر جو بلاواسطہ آپس میں ضدیت رکھتے ہوں۔ باوجود اس کے کہ متضادین زیادہ اور جلدی ایک دوسرے سے اثر کو قبول کرتے ہیں۔ تاثر تب ہی ہوسکتا ہے کہ وہ دونوں ضدیں کسی ایسے زمانہ میں مجتمع ہوں کہ اتنے زیادہ میں وہ ایک دوسرے میں تاثیر کر سکیں۔ تو بلاشبہ یہ بات منکشف ہوگئی کہ جن دو چیزوں میں تضاد بالذات نہیں۔ بلکہ بالتبع ہو تو ان کی تاثیر و تاثر کے لئے بھی ان کا آپس میں اتنے زمانہ میں مجتمع ہونا کہ اس میں اثر کر سکیں شرط ہے۔ اس لئے کہا جاسکتا ہے کہ بدن مسیح علیہ السلام کی مزاج کو گو طبقہ کی ہوا مخالف تھی۔ لیکن ان کے صعود کو چونکہ طبقہ میں استقرار ضروری نہیں تھا تو ان کا ضرر پذیر ہونا (جس کے لئے استقرار شرط ہے) لازم نہیں آتا۔ کیونکہ ضرر پذیر ہونے کی شرط لازمی نہیں ہے۔ لہٰذا آپ کا آسمان پر چڑھنا ناممکن نہیں ٹھہرا۔ خواہ فی الواقع آپ کا صعود دفعی طور پر ہو یا حرکت کے طور پر۔ نیز معد کا غیر ممکن ہونا لازم نہیں آیا۔

پس اب معدلہ، (صعود) کا غیر ممکن ہونا اس پر متفرع نہیں کر سکتے۔ جیسا کہ کادیانی کا زعم ہے۔ کیا دیکھتے نہیں کہ جب تم آگ کے شعلہ کے بیچ میں سے سرعت اور جلدی سے اپنے ہاتھ کو پار کریں اور نکالیں تو تمہارا ہاتھ متضرر نہیں ہوگا۔ اس کو آگ کی حرارت اثر نہیں کرے گی۔ ایسا ہی اگر تم بہت سی آگ روشن کرو۔ یہاں تک کہ وہ بخوبی مستعمل ہو تو اس کے بیچ میں سے اگر تیر کسی نشان پر ماریں گے اور چلائیں گے تو وہ تیر باوجود اس کے کہ لکڑی کا ہے نہیں جلے گا۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ ہاتھ اس میں سے جلدی سے نکل گیا ہے اور اس میں قرار پذیر نہیں ہوا۔ متنبہ ہو جاؤ۔ سن لو کہ محض استقرار کی ممنوعیت کی تقدیر پر باوجود آنکہ برودت کا طبقہ زمہریریہ کے لئے ذاتی اور لازمی عقلی ہونا سردی کا اس کے تمام اجزاء میں برابر ہونا مان لیا گیا۔ تو جواب دیا گیا ہے۔ پس خود ہی سمجھ لو کہ کادیانی کا اعتراض جن تمام امور پر موقوف ہے وہی سب کے سب جب مرتفع ہوں تو کہاں ٹھکانا ہوگا۔ آخر یہ تو معلومات سے ہے کہ جب موقوف علیہ ہی نابود ہو تو موقوف بھی بالضرور معدوم ہونا چاہئے۔ کادیانی اپنے دعویٰ کے لئے اس آیت سے بھی استدلال کرتے ہیں۔ اس آیت کا ماحصل یہ ہے کہ زمین پر ہی زندہ رہو گے اور وہیں مر جاؤ گے اور وہیں سے زندہ ہو کر محشور کئے جاؤ گے۔ اس کے استدلال کا طریقہ اور تہذیب یوں ہے کہ آیت میں جار و مجرور ''فیھا، منھا'' جو فعل ''تحیون، تموتون، تخرجون'' کے ساتھ متعلق ہے۔ مقدم کیا گیا ہے اور یہ تقدیم حصر کا فائدہ دیتی ہے۔ اس لئے آیت کا معنی یہ ہوا کہ زندگی نہیں کسی ایک انسان کے لئے مگر زمین ہی پر نہ اور کہیں۔ پس اگر مسیح علیہ السلام آسمان پر زندہ ہوں گے تو اس حصر کا باطل ہونا ضروری ٹھہرے گا۔ لہٰذا ہم مسیح علیہ السلام کے آسمان پر زندہ ہونے پر اور پھر اس آیت کے مضمون پر کیسے اذعان کر سکتے ہیں۔ لہٰذا ماننا پڑتا ہے کہ مسیح علیہ السلام زندہ نہیں ہیں۔ بلکہ مسیح علیہ السلام بھی ویسے ہی مر گئے ہیں۔ جیسے کہ اور حضرات انبیاء علیہم السلام مر چکے ہیں۔ ویسے ہی وہ بھی اور ان کی روح مرفوع ہوئی ہے۔ نہ بجسدہ!

جواب…… تقدیم کا افادہ حصر ہی میں منحصر نہیں ہے۔ کیونکہ اس کا مقدم کر لینا دوسرے اعتراض کے لئے بھی ہوتا ہے۔ جیسے کہ قافیوں اور فاصلوں کی رعایت سے اور کبھی بیان کے اہتمام کے لئے بھی جار و مجرور کا تقدیم ہوتا ہے۔ وغیرہ!

پس آیت مذکورہ میں جو جار و مجرور کا تقدم ہے فاصلوں کی موافقت کے لئے بھی ہو سکتا ہے۔ لہٰذا اس تقدیم کا صرف حصر کے واسطے ہی ہونا متعین نہیں ہوا۔ اگر مان بھی لیں کہ یہ تقدیم صرف حصر کے ہی واسطے ہے تو بریں تقدیر ہو سکتا ہے کہ یہ خطاب اکثر بنی آدم کے لئے ہو نہ کل

کے لئے اگر اسے باعتبار کل کے بھی لیں گے تو ہم اس کے قائل ہیں کہ یہ اسی حیات سے خاص ہے جو عالم کون۴۹ وفساد میں ہے۔ نہ یہ کہ اس سے مطابق حیات مراد ہے۔ جس کے افراد سے سماوی زندگی بھی ہے۔ اس لئے کہ اگر یہ انحصار مطلق حیات سے متعلق ہوتا تو چاہئے تھا کہ اس آیت کا مفہوم بہشتیوں اور دوزخیوں کی ابدالآباد زندگی کے ساتھ منقوض ہو۔ آخر یہ تو ظاہر ہے کہ وہ زندگی بھی مطلق زندگی میں مندرج ہے۔ نیز جب کہ ہم آیت سے عالم کون وفساد کی زندگی مراد رکھ لیں گے تو اس میں اکثر احوال کی بھی قید لگانی چاہئے۔ ورنہ یہ بھی منقوض ہوگا۔ وہ یوں ہے کہ اسی عالم میں بعض احوال میں بعضے انسان صرف زمین ہی کے اوپر تمام زندگی بسر نہیں کرتے۔ بلکہ بعض کاملین نے خرق عادت کے طور پر یہی کچھ حصہ زندگی کا اسی عالم میں طیران کی حالت میں بسر کیا ہے۔ حالانکہ اس حالت میں وہ زمین پر نہیں تھے۔ لیکن ایسے لوگ چونکہ خرق عادات وکرامت کو نہیں مانتے ہیں تو ان کے لئے ان کی رائیوں کے موافق تمثیل دیں گے۔ وہ یہ ہے کہ بعض لوگ غبارہ پر بیٹھ کر جو کی سیر کرتے ہیں۔ چنانچہ ہمارے ہم زمانوں نے اس تماشا کو دیکھ لیا ہے۔

اب دیکھئے کہ ایسے جو میں حصہ عمر کا بسر کرتے ہیں۔ نہ زمین پر۔ پس اس سے ثابت ہوا کہ آیت مذکورہ پر یقین کر لینے اور مسیح علیہ السلام کے آسمان پر زندہ ہونے کے تسلیم کرنے میں کوئی منافات نہیں آتی۔ چنانچہ تأمل سے ظاہر ہے۔ کادیانی کی استدلال یہ بھی ہے کہ اگر مسیح علیہ السلام آسمان پر زندہ ہوں اور وہی پھر اتریں گے تو یا تو نزول کے وقت وصف رسالت سے منزل ہوں گے۔ حالانکہ یہ ان کی تحقیر اور ہتک ہے یا تو اس وصف کے ساتھ موصوف ہوتے ہی اتریں گے۔ جیسے کہ رفع سے پیشتر رسول تھے۔ لیکن قرآن میں ہمارے سید مولا حضرت رسول اکرم ﷺ کی شان میں فرمایا گیا ہے کہ: ''نہیں ہیں آنحضرت (ﷺ) ہمارے مردوں میں سے کسی ایک باپ۔ لیکن وہ خدا تعالیٰ کے رسول ہیں۔ پیغمبروں کے خاتم ہیں۔''

اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے بعد کوئی نبی از سر نو مبعوث نہیں ہوگا۔ چنانچہ حدیث میں بھی آیا ہے کہ میرے بعد کوئی نبی سر نو مبعوث نہیں ہوگا۔ پس جب کہ ان کے بعد کوئی نبی نہیں تو مسیح علیہ السلام نبوت کی حالت کیسے نازل ہو سکتے ہیں۔ پس یہ عقیدہ کہ مسیح نبی ہوتے اتریں گے۔ صاف طور پر اس آیت سے مخالف ہے۔

جواب...... پہلے ہم اجمالاً نقض کریں گے بایں طور کہ ہمارے آنحضرت ﷺ کے بعد جتنے پیغمبر تھے۔ وہ تمام عالم برزخ رسول کریم ﷺ کے مبعوث ہونے کے بعد وصف نبوت سے موصوف تھے یا عالم آخرت میں موصوف ہوں گے یا نہ اگر کہہ دیں گے کہ معزول ہیں یا معزول ہوں گے تو

یہ صاف سب پیغمبروں کی ہتک ہے اور نہ یہ ان کی عالی شان سے مناسب ہے۔ پہلا ایسا کیونکر ہو۔ کتب عقائد میں یہ ثابت ہوچکی ہے کہ انبیاء علیہم السلام بعد الانتقال ہرگز اپنے مناصب سے معزول نہیں ہوتے۔ بلکہ بعض نے صراحۃً لکھا ہے کہ جو شخص اس عزل کا قائل ہوگا وہ کافر ہے۔ اس لئے ماننا پڑے گا کہ وہ دونوں عالموں میں وصف رسالت ونبوت کے ساتھ موصوف ہوتے ہیں۔ مگر یہ بات کادیانی کی طرز پر آیت سے مخالف ہے۔ کیونکہ ان کے نزدیک آیت سے ثابت ہے کہ رسول کریم ﷺ کے مبعوث ہونے کے بعد کسی نبی کو نبوت ورسالت کی صفت ثابت نہیں ہونی چاہئے کہ رسول کریم ﷺ کے مبعوث ہونے کے بعد کسی نبی کو نبوت ورسالت کی صفت ثابت نہیں ہونی چاہئے۔ پس وہ پیغمبر عالم برزخ میں رسالت ونبوت سے کیسے موصوف ہوسکتے ہیں اور کیوں نہیں عالم آخرت میں ان سے عہدہ رسالت ونبوت کا چھینا گیا ہوگا۔ آخر وہ وقت بھی تو رسول کریم ﷺ کے مبعوث ہونے کے بعد ہی ہے۔ پس جو کچھ کادیانی جواب دے گا وہی ہماری طرف سے بھی جواب ہے۔

ثانیاً ہم تفصیلی نقض پیش کریں گے۔ وہ یوں ہے کہ مسیح علیہ السلام جس وقت کہ وہ آسمان پر مستقر ہیں اور جس زمانہ میں اتریں گے اسی طرح پر باقی انبیاء اللہ عالم برزمیں اور آخرت میں بالضرور رسالت ونبوت کے ساتھ موصوف ہیں اور ہوں گے۔ رہی یہ بات کہ یہ عقیدہ آیت (جس کا مضمون مختصر یہ ہے کہ رسول کریم ﷺ خاتم الانبیاء ہیں) سے مخالف ہے سو ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ بعثاً آخرالانبیاء ہیں۔ بایں معنی کہ وہ بعد ازآں کہ باقی انبیاء علیہم السلام نبوت دیئے گئے ہیں۔ نبوت عنایت کئے گئے اور آپ بقاء نبوت میں ان سے متاخر نہیں ہیں۔ یعنی آپ کے خاتم النبیین ہونے کے یہ معنی نہیں کہ اور پیغمبروں سے پیغمبری چھینی گئی۔ آنحضرت ﷺ کے خاتم النبیین ان سے متاخر ہونے۔ ان پیغمبروں کی رسالت ونبوت باقی رہنے میں کچھ منافات نہیں ہے۔ کیونکہ دو چیزوں کے بقاء میں معیت ایک کی بعدیتہً۔ دوسرے کی حدوثاً اولیت کی مغائر نہیں ہے۔

دیکھو عمارت اور معمار۔ بیٹا، باپ اس لئے کہ عمارت معمار کے موجود ہونے کے بعد موجود ہوتی ہے۔ بیٹا، باپ کے موجود ہونے کے بعد موجود ہوتا ہے۔ معہذا عمارت، معمار، بیٹا، باپ بقامیں معیت رکھتے ہیں۔ دوسری مثالیں بھی ہیں۔ لیکن اتنی ہی مثالوں پر کفایت کی گئی۔ پھر اس کادیانی نے اپنے اس اعتراض کو دوسرے مقام پر اپنی کتاب میں تائید کی ہے کہ اگر مسیح علیہ السلام آسمان پر نزول کے لئے منتظر ہیں تو جس وقت اتریں گے تو اس وقت تو وہ عربی نہیں جانتے

ہوں گے۔ لہٰذا علم القرآن کی طرف محتاج ہوں گے اور یہ تو ان کے لئے آسان نہیں ہے۔ کیونکہ وہ عربی جانتے ہی نہیں اور کسی سے تعلیم پانا بھی ان کے واسطے مشکل ہے۔ اس وقت وہ سن شیوخت میں ہوں گے۔ لہٰذا لازم ہوا کہ ان پر کوئی نئی کتاب انہی کی زبان میں نازل ہوتا کہ لوگوں کو تعلیم دیں اور نماز میں پڑھیں۔ لوگوں کو اپنی زبان میں ہی کلمہ توحید کی تعلیم دیں۔ حالانکہ یہ دین اسلام کو گویا جڑ سے اکھاڑنا ہے۔ ہم ''لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم'' سے تمسک کر کے ''اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم الضال والمضل'' پڑھ کر اس کا جواب دیتے ہیں کہ یہ سب کچھ باطل ہے۔ معلوم نہیں ہوتا کہ کادیانی کو یہ علم یقینی کہاں سے حاصل ہوا کہ مسیح علیہ السلام عربی نہیں جانتے۔ حالانکہ عربی اور عبرانی زبان آپس میں بہت موافق ہے۔ جیسے کہ پنجابی، اردو زبان ایک دوسرے سے بہت کچھ موافق ہے۔ اب کہئے کہ پنجابی دان پر اردو کا جان لینا دشوار ہے۔ ہرگز نہیں۔ پس کادیانی کا یہ کہنا کہ مسیح علیہ السلام پر عربی کا علم دشوار ہے مردود ہے۔ کیا دیکھا نہیں ہوا ہے کہ جو لوگ مختلف زبانیں جانتے ہیں وہ ان کے مضامین کو مختلف زبانوں میں ادا کر سکتے ہیں۔ اجی! اپنے ہی آپ کی طرف خیال کیجئے کہ جو خود پنجابی ہے اور فارسی کو جانتا ہے۔ پس یہ کس منہ سے کہہ دیا کہ مسیح علیہ السلام تعلیم عربی سے (خواہ تعلیم اللہ ہو یا تعلیم البشر سے۔ اس لئے کہ خداوند تعالیٰ نے ان کو ازل میں ہی دین محمدی ﷺ کا مجدد بنا رکھا ہے) عاجز ہوں گے کیا وہ نبی عاجز ہوں گے۔ کیا وہ نبی عاجز ہوا اور کادیانی عاجز نہ ہوا۔ سبحان اللہ!

مسیح علیہ السلام پر یہ دشوار اور کادیانی کے لئے آسان۔ حالانکہ مسیح علیہ السلام وہ پیغمبر ہیں کہ جن کے حق میں قرآن شریف میں آیا ہے کہ مسیح علیہ السلام نے سن صبا میں یہ گفتگو کی کہ میں خدا کا بندہ ہوں۔ خداوند تعالیٰ نے مجھ کو کتاب دی۔ اس نے مجھ کو نبی مبارک بنایا۔ اب دیکھئے کہ مسیح علیہ السلام کی یہ گفتگو سن صبا میں تھی اور کادیانی کہتے ہیں کہ جب اتریں گے (اور باتیں تو درکنار رہنے دو) تعلیم سے بھی عاجز ہوں گے۔ نعوذ باللہ منہ!

اچھا مان لیا کہ مرفوع ہونے سے پہلے آپ عربی نہیں جانتے تھے۔ لیکن کادیانی کو یہ یقین کہاں سے حاصل ہوا کہ مسیح علیہ السلام کو عالم ملکوت میں یہ علم نہیں دیا گیا۔ یہ بھی مانا کہ ملکوت میں بھی ان کو یہ علم نہیں دیا گیا ہے۔ لیکن یہ خبر اس کو کہاں سے ملی ہے کہ علم عربی مسیح علیہ السلام کے لئے ممکن یا آسان نہیں۔ بھلے مانسو آدم علیہ السلام کو کس نے تمام چیزوں کے نام سکھلائے تھے۔ ہمارے سردار محمد ﷺ کو کس نے باوجود امی ہونے کے بے کنار دریائی علوم عنایت کیا تھا۔ جس نے ان کو عنایت کیا وہی مسیح علیہ السلام کو عنایت کرے گا۔

اجی! کادیانی کے کانوں کو اس خبر کی ہوا کی چوٹ نے نہیں کھڑ کایا ہے کہ صاحب قوت قدسیہ کے سامنے نظریات بھی بدیہی ہو جاتے ہیں۔ یہ بات اہل معقول کے نزدیک متفق علیہ ہے۔ پس کیسے مسیح علیہ السلام کا عربی کو جان لینا بعید سمجھا جائے اور وہ بعید نہیں سمجھا گیا۔ اگر اس کے بعید ہونے کو ہم تسلیم بھی کر لیں۔ لیکن اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ معانی قرآن کا سمجھنا۔ کلمات توحیدیہ کے معانی کو ادا کرنا عربی کے بغیر دوسری زبان میں اسلام کو بدل ڈالنا ہے۔ احکام کو منسوخ کر دینا ہے۔ دین اسلام کو جڑ سے اکھاڑنا ہے۔ جیسا کہ کادیانی کہتے ہیں کہ اس لئے کہ اگر ایسا ہوتا تو لازم آتا کہ مسلمان اہل عرب کے سوا سب کے سب اسلام کو بدل ڈالنے والے ہوں۔ بلکہ خود کادیانی جو عقائد اور معانی قرآن، معانی کلمات توحیدیہ کو اردو میں جیسے کہ اس کو پسند آتے ہیں ادا کرتے ہیں۔ نیز محرف اسلام ہوں۔

اجی! کادیانی کی تقریر سے تو لازم آتا ہے کہ اگر کوئی شخص خدا کی توحید ذاتی وصفاتی، جناب سید و مولا حضرت رسول کریم ﷺ کی رسالت اور اس پر جو آپ خدا سے احکام لائے ہیں ایمان رکھتا ہے۔ اس کو فارسی، کشمیری، اردو، پنجابی میں بیان کرتا ہو، باوجود اس کے کہ اسی عقیدہ اور بیان پر مر بھی گیا ہو مسلمان نہ ہوا۔ العیاذ باللہ!

پس کیا یہ رسول اکرم ﷺ کی رسالت کے عموم اور قرآن کی دعوت عامہ سے انکار نہیں ہوا۔ بلکہ انکار ہے۔ حالانکہ وہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ پاک پروردگار وہ قادر مطلق ہے کہ اس نے اپنے خاص بندہ پر قرآن کو نازل فرمایا تا کہ وہ تمام عالموں کے لئے ڈرانے والا ہو۔ نیز فرماتا ہے کہ ہم نے تجھ کو یا رسول اللہ ﷺ نہیں مبعوث فرمایا۔ مگر تمام عالموں کے واسطے رحمت۔ نہیں بھیجا ہم نے تجھ کو مگر تمام لوگوں کی طرف (خواہ عربی ہوں یا ترکی یا فارسی وغیرہ) نیز فرمایا کہ یا محمد ﷺ تم کہہ دو کہ میں تمہارے سب لوگوں کی طرف بھیجا گیا ہوں۔ کیا یہ معلوم نہیں جیسے کہ آپ کی خود پیغمبری سے انکار کرنا کفر ہے۔ ویسے ہی آپ کی عموم نبوت سے منکر ہو جانا کفر ہے۔ کیونکہ جس طرح کہ اصل نبوت سے انکاری ہونا نصوص قطعیہ کو رد کرتا ہے۔ اسی طرح عموم نبوت سے انکاری ہونا نصوص قطعیہ سے لڑائی اور مقابلہ ہے۔ کادیانی مسیح علیہ السلام کے آسمان پر زندہ نہ ہونے کے لئے یوں بھی استدلال کرتے ہیں کہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ مسیح علیہ السلام نے بیان کیا کہ خداوند عزاسمہ نے مجھ کو نماز، زکوٰۃ کا جب تک کہ میں زندہ ہوں حکم دیا ہے۔ خداوند تعالیٰ نے مجھ کو اپنی والدہ سے نیکی کنندہ بنایا ہے۔ استدلال اس طرح پر کرتے ہیں کہ اگر مسیح علیہ السلام آسمان پر زندہ ہوتے تو بلاشبہ ادائے صلوٰۃ، زکوٰۃ والدہ سے احسان کرنے کے ساتھ مامور ہونے چاہئے۔

حالانکہ آسمان پر ہوتے نہ تو زکوٰۃ ادا ہوسکتی ہے اور نہ والدہ سے نیکی کر سکتے ہیں۔ پس حکم الٰہی کا خلاف لازم آئے گا۔

جواب...... یہاں پر زکوٰۃ مالی کی زکوٰۃ مراد نہیں ہے۔ بلکہ طہارت جو اس کا حقیقی معنی مراد ہے نہ اور کچھ جیسا کہ اس آیت۳۱ میں جس کا مضمون یہ ہے کہ جو پاک ہوا وہ اپنے آپ کے لئے پاک ہوتا ہے۔ ان کے خدا نے اس بات کا ارادہ کیا کہ اس کے بدلے ایسا دلوادے کہ پاکیزگی میں، صلہ رحمی میں بہتر ہو۔ نیز رسول کریم ﷺ نے ترش روئی کی جس وقت آپ کی خدمت میں نابینا حاضر ہوا۔ کس چیز نے آپ کو یارسول اللہ ﷺ جتلایا۔ شاید کہ وہ پاک ہو جاتا، یا نصیحت قبول کرتا۔ پس اس کو نصیحت نفع دیتی۔ اس پر جو دولت مند ہوتا ہے۔ آپ اس کی طرف ہی التفات کرتے ہیں۔ آپ اس کے ذمہ دار نہیں کہ اگر وہ پاک نہ ہو۔ بلاشبہ اس شخص نے خلاصی پائی کہ جس نے اپنے آپ کو پاک کیا ہے۔ قریب ہے کہ اس سے ہٹایا جائے گا۔ وہ شخص جو مالدار ہے۔ مال کو خدا کی راہ میں اس لئے خرچ کرتا ہے کہ وہ پاک ہو جائے۔ وغیرہ!

اب دیکھو ان آیات میں زکوٰۃ کا معنی بجز تزکیہ نفس کے اور کچھ نہیں ہے۔ ویسے ہی مسیح علیہ السلام کو بھی تزکیہ نفس کا حکم دیا گیا ہے۔ یہ ہر جگہ ہوسکتا ہے۔ زمین پر ہو یا آسمان پر۔ پھر کہئے کہ ان کے آسمان پر ہونے سے خلاف حکم الٰہی کیسا لازم آیا۔ چنانچہ ظاہر ہے گو ان لوگوں پر جو مبتدعین اور فاجرین کی طرح بصارت نہیں رکھتے ہیں۔ پوشیدہ ہو رہی ہے یہ بات کہ مسیح علیہ السلام کو گو آسمان پر ہی مستقر مان لئے جائیں۔ والدہ سے احسان نہیں کر سکتے اور اس میں خلاف حکم الٰہی لازم آتا ہے۔ سو واضح ہو کہ یہ بھی غلط ہے۔ کیونکہ یہ اس صورت میں لازم آتا کہ اگر بـرّاً صلوٰۃ پر جو اوصانی سے متعلق ہے معطوف ہوتا ہے۔ کیونکہ اس تقدیر پر یہ معنی ہوتا کہ مجھ کو خداوند تعالیٰ نے نماز کا اور والدہ سے نیکی کرنے کا حکم دیا ہے۔ جب تک کہ میں زندہ رہوں۔ لیکن بـرّاً تو اس مجرور پر معطوف ہی نہیں ہے۔ اس لئے کہ اگر اس پر معطوف ہوتا تو بـرّاً منصوب نہ ہوتا۔ بلکہ مجرور ہوتا اور برّ پڑھا جاتا۔ نیز بِرّاً کی 'با' کو زیر دی جاتی نہ زبر اگر بِرٍّ ہوتا تو اس کا معنی خالی نیکی ہوگا۔ نہ نیکی کنندہ کیونکہ نیکی کنندہ تو برّاً کا معنی ہے۔ پس چاہئے تھا کہ بِرٍّ پڑھا جاتا نہ برّاً ۔ ورنہ لازم آئے گا۔ مامور بہ مسیح علیہ السلام ہوں کہ جن کے ساتھ ''بر'' قائم ہے۔ جیسا کہ نماز، زکوٰۃ مامور بہما ہیں۔ حالانکہ مامور بہ فعل ہوتا ہے نہ ذات۔ اس لئے کہ ذات کا مامور بہا ہونا صریح باطل ہے۔ پھر کہئے کہ قرآن شریف میں برّاً (بنصب باورا) قدیم الایام سے کیوں لکھا چلا آیا ہے۔ کیوں ہمیشہ بَراً پڑھا جاتا ہے۔ پس قراء کا اجماع بَرّاً ہی اس کے صلوٰۃ پر معطوف ہونے سے انکاری ہے۔

ہاں اگر بَرّاً کو باوجودیکہ منصوب الراوالباء ہے۔ مجرور پر معطوف سمجھیں گے تو اس میں یہ قباحت ہے کہ اعتراض سابق کے دور کرنے کے لئے صفت مشبہ بمعنی مصدر لینا پڑے گا۔ بایں طور کہ بِرًّا جو بمعنی نیکی کنندہ اور صفت مشبہ ہے۔ (جیسا حسن) اس کا معنی بِرٌ ہے۔ یعنی نیکی۔ حالانکہ یہ ایسی بناوٹ ہے کہ اس کا داعی بھی موجود نہیں۔ وجہ یہ ہے کہ بِرّاً کو نبیا پر معطوف کر کے اصلی معنی (نیکی کرنے والا) میں مستعمل کرنا جائز ہے۔ اب کون سی ضرورت درپیش ہے۔ جس کے لئے وہ چھوڑا جائے۔ جاننا چاہئے کہ جب ہم بَرًّا کو ''نبیاً'' پر عطف کریں۔ چنانچہ قرآن میں بھی ایسا ہی ہے تو جعلنی کے دو مفعول ٹھہرے۔ ایک ''نبیاً'' دوسرا بَراً اور یہ عطف مفرد کے مفرد پر عطف کرنے کے طرز پر ہوگا اور اگر بِرًّا سے پہلے بھی ''جعلنی'' مقدر مانا جائے اور یہ ''جعلنی'' پہلے صریح ''جعلنی'' پر معطوف کر دیں۔ تو یہ عطف جملہ کے جملہ پر عطف کر دینے کے طریق پر ہوا۔ پوری آیت کا مطلب یہ ہے کہ مسیح علیہ السلام نے فرمایا کہ میں خدا کا خاص بندہ ہوں۔ اس نے مجھ کو انجیل عنایت فرمائی ہے۔ مجھ کو نبی مبارک کہیں پر رہوں بنایا۔ اس نے مجھ کو نماز، زکوٰۃ کا جب تک کہ زندہ رہوں حکم دیا ہے اور اس نے مجھ کو اپنی والدہ پر نیکی کنندہ بنایا ہے۔ پس وہ توجیہ جو ہم بیان کر آئے ہیں تکلف اعتراض سے بری ہے اور اس توجیہہ پر بنا کر کے مسیح علیہ السلام کا آسمان پر ہوتے ہوئے بھی اپنی والدہ سے نیکی کرنے کے ساتھ مامور ہونا لازم نہیں آتا۔ کیونکہ برین تقدیر مادمت حیا (جب تک کہ زندہ ہوں) کی قید اگر ہے تو صلوٰۃ، زکوٰۃ کی فرضیت کے واسطے ہے نہ براً کے لئے۔ اگر ہم قادیانی کی توجیہ کو ہی مان لیں گے اعتراض تکلف مذکورین سے قطع نظر کر لیں تو پھر اس بات کو کہ مسیح علیہ السلام کا آسمان پر ہوتے ہوئے والدہ سے بار ہونا متصور تسلیم نہیں کریں گے۔ کیونکہ احسان جیسا کہ نیکی کنندہ اور نیکی کردہ شدہ کی حیات میں متصور ہے۔ ویسے ہی جس زمانہ میں نیکی کا مستحق مر گیا ہو۔ اس پر احسان کرنا متصور ہے۔ کیا اس کے لئے استغفار اور دعائے ترقی درجات اور ثواب پہنچانا احسان نہیں۔ بے شک احسان ہے۔ لیکن یہ تو آسمان پر ہوتے بھی خواہ مستحق زندہ ہو یا مردہ متصور ہے۔ لہٰذا قادیانیوں کا یہ حکم بالجزم کہ آسمان پر ہوتے ہوئے احسان متصور نہیں۔ کیسا ہی محل ہے۔

خلاصہ کلام کہ مسیح علیہ السلام خدا کے رسول اب تک زندہ ہیں اور آسمان پر بجسدہ موجود ہیں۔ سبب یہ ہے کہ یہی بات قرآن شریف (جیسا کہ بیان ہو چکا ہے) اور احادیث میں اور اتفاق امت سے ثابت بھی ہے۔ آیات تو یہ ہیں: ''ما المسیح بن مریم الا رسول قد خلت من قبله الرسل (المائدہ:۷۵)''

’’اذ قال اللّٰه یا عیسیٰ انی متوفیك ورافعك الیّ (آل عمران:۵۵)‘‘
’’ماقتلوه یقیناً بل رفعه اللّٰه الیه (النساء:۱۵۷)‘‘
’’وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به قبل موته (النساء:۱۵۹)‘‘

اب رہا ان کا ترجمہ سو وہ مذکور ہو چکا ہے۔ نیز استدلال کا طریقہ ہم بیان کر آئے ہیں۔ مگر اب اور ہی ایک استدلال پیش کریں گے کہ جس سے مسیح علیہ السلام کا زندہ ہونا ثابت ہوگا۔ وہ یوں ہے کہ خداوند عزاسمہ فرماتا ہے کہ بلاشبہ ان لوگوں نے کفر کیا ہے کہ جنہوں نے کہہ دیا ہے کہ خدا وہی مسیح علیہ السلام ہے۔ کیا اگر خداوند تعالیٰ مسیح علیہ السلام کے مار ڈالنے، ہلاک کر دینے کا ارادہ کرے گا۔ بی بی مریمؑ تمام باشندگان زمین کا تو کون اپنے آپ پر مختار ہے۔ کون اپنے آپ کو بچا سکتا ہے۔ پس جب کہ مسیح علیہ السلام وغیرہ میں ہلاکت کی دفعیہ کی قدرت نہیں اور نہ خود مختار ہیں تو وہ خدا کیسے بن سکتے ہیں۔ یہ آیت مسیح علیہ السلام کی حیات پر یوں دلالت کرتی ہے کہ ان کا لفظ جو ارادہ پر داخل ہوا ہے۔ حروف شرط سے ہے اور وہ جزا کے مستقبل میں وقوع کے لئے موضوع ہے۔ اس سبب سے کہ شرط مستقبل میں واقع ہے۔ ظاہر ہے کہ شرط اہلاک المسیح علیہ السلام کا ارادہ ہے۔ جزا ہلاکت کے دفعیہ پر غیراﷲ کا قادر نہ ہونا۔ گویا جزا ’’فمن یملك‘‘ کا مدلول التزامی ہے۔ مدلول التزاماً اس لئے ہے کہ یہ استفہام انکاری ہے اور وہ قائم نفی کے ہوتا ہے۔ برتقدیر اس کے کہ خداوند تعالیٰ کسی کے اہلاک کا ارادہ کرے۔ غیراﷲ سے ملک کا منتفی اور نابود ہونا بالضرور اس کو چاہتا ہے کہ کوئی ایک بھی ماسوی اﷲ اہلاک کے دفعیہ پر قادر نہ ہو اور یہی جزا ہے۔ لہٰذا واجب ہوا کہ شرط۔ جزا (یعنی اہلاک کا ارادہ غیراﷲ سے قدرت کا منتفی ہونے) کا مستقبل میں موجود ہو جانا متوقع اور مامول ہو۔ ورنہ لفظ ان کے وضع سے مخالفت ہوگی۔ حالانکہ یہ باطل ہے۔ لیکن ان دونوں کے زمانہ مستقبل میں متوقع الوجود ہونے سے لازم آتا ہے کہ یہ آیت جب کہ رسول کریم ﷺ پر نازل ہوئی تھی۔ تو مسیح علیہ السلام بھی اس وقت زندہ ہوں۔ کیونکہ اگر فرض کر لیں کہ مسیح علیہ السلام اس زمانہ میں زندہ نہیں تھے۔ بلکہ رسول کریم ﷺ کی پیدائش سے پہلے ہی مر گئے ہوئے تھے تو اس تقدیر پر ہلاک شدہ کے اہلاک کا ارادہ متوقع ٹھہرے گا اور یہ باطل ہے۔

اجی! یہ تو ایسا ہوا کہ کہا جائے کہ خداوند تعالیٰ موجود کو موجود کرے گا یا نابود کو نابود کرے گا۔ حالانکہ یہ تحصیل حاصل ہے اور وہ محال ہے۔

سوال...... اس آیت میں اس حالت سے کہ مسیح علیہ السلام اپنی قوم کے درمیان زمین پر زندہ تھے۔ حکایت ہے۔ لہٰذا اس آیت سے مسیح علیہ السلام کا زندہ ہونا ثابت نہیں ہوگا۔

جواب...... اوّلاً کہ اِن دراصل مفید استقبال ہے تو یہ تمہارا قول مخالف اصل اور وضع ہوا جو باطل ہے۔ دوم اصلی کے معنی چھوڑ دینا تب ہی جائز ہوتا ہے کہ کوئی قرینہ صارفہ موجود ہو اور وہ بھی موجود نہیں ہے۔ پس یہ مجاز کو سوائے ضرورت مراد رکھ لینا ہے۔ حالانکہ یہ بھی باطل ہے۔

سوال...... جائز ہے ''اِن'' بمعنی ''لَـــو'' ہو۔ جس کا معنی یہ ہوتا ہے کہ شرط چونکہ ماضی میں نابود ہے تو جزا بھی نابود ہے۔

جواب...... اس میں بھی خلاف وضع، مجاز کا اختیار کرنا، بلاقرینہ لازم آتا ہے۔ لہٰذا یہ بھی باطل ہے۔ شاید اب یہ کہو گے کہ چونکہ اس آیت میں بی بی مریمؑ کے مارنے کا بھی ذکر ہے اور وہ بازمانہ ماضی مرچکی ہیں تو یہی اس بات کا قرینہ ہے کہ آیت حالت حیات سے حکایت ہے۔ مگر یہ بھی غلط ہے۔ کیونکہ صریحاً اس کا مسیح بن مریم علیہما السلام پر معطوف ہونا ثابت نہیں ہوتا ہے۔ ہاں اگر ایسا ہوتا تو حالت مذکور سے حکایت ہوسکتی تھی یا بمعنی ''لـــو'' لینے کا قرینہ بن سکتا تھا۔ لیکن ایسا تو نہیں ہے۔ اس لئے یہ حمل یا استعمال صحیح نہیں ٹھہرا۔ وجہ یہ ہے کہ جائز ہے کہ ''امــہ'' (مسیح علیہ السلام کی والدہ) فعل مقدر کا مفعول ہو۔ یہ وہ فعل مساوی (برابر ہے) اور اسے جملہ حالیہ کہتے ہیں۔ پس آیت کا ماحصل یہ ہوگا کہ خداوند تعالیٰ مسیح علیہ السلام کے مارنے، ہلاک کردینے پر درحالیکہ مسیح علیہ السلام اپنی والدہ اور تمام باشندگان زمین کے ساتھ خدا نہ ہونے میں مساوی اور برابر ہے۔ قادر ہے پس جیسے کہ خداوند تعالیٰ مریم وغیرہ کے اہلاک پر قادر ہے۔ ویسے ہی مسیح علیہ السلام کے اہلاک پر قدرت رکھتا ہے مساوات اس واسطے ہے کہ نہ مسیح علیہ السلام اور نہ مریم علیہا السلام وغیرہ خدا ہیں۔ بلکہ قابل ترجیح یہی ہے کہ ''امــہ'' کو یساوی کا مفعول سمجھیں اور آیت کا معنی وہی ہے جو ہم بیان کرتے ہیں۔ سبب یہ ہے کہ اس آیت کا مقصود یہ ہے کہ جو لوگ مسیح علیہ السلام کو خدا بتلاتے ہیں ان کی تردید ہو اور تو کچھ مقصود نہیں۔ لیکن یہ مطلب جب ہی اس آیت سے حاصل ہوگا کہ مسیح علیہ السلام کو مریم علیہا السلام وغیرہ سے خدا نہ ہونے میں مساوات ہو۔ اب چونکہ یہ مطلب ایسی تقریر پر موقوف ہے جو کہ ہم بیان کرتے ہیں تو اسی تفسیر کو قبول کرنا واجب ہوا۔ پھر معہذا کیسا ''امــہ'' کا معطوف وقرینہ ہونا صحیح ہوگا۔ بنابرآں اس آیت سے مسیح علیہ السلام کا زندہ ہونا ثابت ہوا۔ نیز اگر ''ان'' کو بمعنی ''لــو'' لیں گے تو ہمارے مفید مطلب ہے۔ وجہ یہ ہے کہ گو ہم اعتراض سابق سے قطع نظر بھی کرکے ''ان'' کو بمعنی ''لو'' لیں گے تو آیت کا یہ معنی ہوگا کہ خدا نے زمانہ ماضی میں مسیح علیہ السلام کے اہلاک کا ارادہ نہیں کیا۔ پس اس سے صاف لازم آتا ہے کہ مسیح علیہ السلام مرے

بھی نہیں ہیں۔ آخر جب خداوند تعالیٰ نے مسیح علیہ السلام کو ہلاک کر دینے کا زمانہ گزشتہ میں ارادہ ہی نہیں کیا تو مسیح علیہ السلام کیسے مرے۔ لہٰذا اس توجیہہ سے بھی ہمارا ہی مطلب ثابت ہوا۔ اس لئے ہم کہتے ہیں کہ اگر ان حقیقی اور وضعی معنی مراد لیں گے تو دلیل متحقق ہے۔ مگر پھر ہمارا مقصود حاصل ہے۔ قادیانیوں کا نہیں۔ اگر ''ان'' سے ''لــو'' کا معنی لیں گے تو اس تقدیر پر بھی ہمارا ہی دعویٰ ثابت ہے نہ کادیانیوں کا۔

غرض کہ بہر تقدیر آیت ہمارے لئے حجت ہے ان کے لئے نہیں۔ چنانچہ یہ بات ادنیٰ عقلمند پر بھی روشن ہے۔ اب امت محمدیہ ﷺ کا اجماع لو۔ اجماع سے بھی ثابت ہے کہ مسیح علیہ السلام اب تک زندہ ہیں۔ اگر یہ بات اجماعی نہیں ہے تو پھر کیوں زمانہ صحابہؓ سے اب تک مسیح علیہ السلام کی وفات شرعی کتابوں میں منقول نہیں ہے۔

اجی! اگر کسی صحابی یا کسی تابعین یا تبع تابعین یا دوسرے اکابر امت کا یہ اعتقاد کہ مسیح علیہ السلام مر چکا اور زندہ نہیں ہے۔ ہوتا تو ناقلین اس عقیدہ کو کتابوں میں کیوں نہ نقل کرتے اور اگر یہ کسی کا مذہب ہوتا تو ناقلین بیک زبان اجماعاً کیوں لکھتے کہ مسیح علیہ السلام کا اب تک زندہ ہونا متفق علیہ اور اجماعی ہے۔ ہاں[۳۵] یوں بھی کہنا کہ حضرت ابن عباسؓ ''انی متوفیك'' کا ''انی ممیتك'' (میں تیرا مارنے والا ہوں) معنی کرتے ہیں۔ کادیانیوں کے لئے مفید مطلب نہیں۔ کیونکہ یہ تفسیر بالتصریح مسیح علیہ السلام کے زمانہ گزشتہ میں مر جانے پر دلالت نہیں کرتی[۳۶]۔ کیونکہ ''ممیتك'' اسم فاعل ہے نہ کہ فعل اور اسم کو ماضی یا غیر ماضی زمانہ سے خصوصیت نہیں ہے۔ جیسا کہ اسم کی تعریف سے ظاہر ہے۔ نیز یہ اس حدیث سے ثابت ہے کہ جس کو امام نسائی اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کیا ہے۔ اس حدیث کا مضمون یہ ہے کہ خداوند تعالیٰ نے جب مسیح علیہ السلام کے مرفوع کرنے کا ارادہ فرمایا تو مسیح علیہ السلام ایک مکان میں تشریف لائے۔ اس موقع پر اس مکان میں اور بھی بارہ شخص تھے۔ اس وقت مسیح علیہ السلام نے فرمایا کہ تم میں سے بعض لوگ ایمان کے بعد کافر ہو جائیں گے۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ تم میں سے اگر کوئی اس بات کو قبول کرے کہ اس کی شکل گویا میری شکل کی مانند ہو جائے اور میرے بدلہ صلیب پر چڑھا دیا جائے تو وہ بہشت میں داخل ہوگا۔ ان میں سے ایک شخص نے جو جوان تھا اس بات کو قبول کیا۔ غرضیکہ مسیح علیہ السلام نے اسے تین بار بٹھایا اور تین ہی بار دریافت فرمایا اور اس نے ہر دفعہ قبول کیا۔

ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام کے بعد آسمان پر چڑھایا گیا اور اس شخص کو یہودیوں نے اس گمان سے کہ مسیح علیہ السلام یہی ہے۔ صلیب پر چڑھا کر مار دیا۔ اب دیکھئے کہ اس روایت سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ ابن عباسؓ مسیح علیہ السلام کے بجسدہ مرفوع ہونے کے قائل ہیں۔ اب رہی یہ بکواس سو جس کی خواہش ہو کرتا جائے منع کون کرتا ہے۔

سوال...... حضرت وہبؒ فرماتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام کچھ عرصہ مر گئے تھے۔ پس اجماع کہاں ثابت ہوا۔

جواب...... اوّلاً کہ یہ قول سنداً بیان نہیں کیا گیا۔ دوم اگر مان بھی لیں کہ یہ قول مستند ہے تو جائز ہے کہ یہ اہل کتاب سے لیا گیا ہو۔ چنانچہ یہی مؤید ہوتا ہے۔ اس سے کہ محمد بن اسحاق اور بیضاوی اور صاحب وجیز نے اس قول کو نصاریٰ کی طرف منسوب کیا ہے۔ بھلا ایسا کیوں نہ ہو وجیز میں لکھا ہے کہ مسیح علیہ السلام کے اب تک زندہ ہونے کے بارے میں اجماع ہے۔ حافظ ابن قیم اور فاضل لکھنوی نقلاً بیان کرتے ہیں کہ کل مسلمانوں کا مسیح علیہ السلام کے زندہ ہونے پر اتفاق ہے۔ لہٰذا وہبؒ کی نقل کے واسطے اور کوئی محمل ماسوا اس کے جو ہم بیان کر آئے ہیں نہیں ہے۔

اے ناظرین! اگر آپ کادیانی کے رسائل کو غور سے دیکھیں گے تو واضح ہو جائے گا کہ کادیانی کے پاس نہ تو شرعی اور نہ عقلی دلیل ہے۔ صرف یہی دیکھیں گے کہ اس کی دلیل بجز اس کے کہ یہ خلاف عادت ہے یا بعید ہے اور کچھ نہیں۔ یہی اس کا بھاری تمسک ہے۔ لیکن یہ داب ان لوگوں کا ہے کہ جن کو علم نہیں ہے۔ یہ ایسا ہے کہ جس طرح زمانہ جاہلیت میں کفار بوسیدہ ہڈیوں کے زندہ ہونے کو (قیامت کو) بعید اور محال جانتے تھے۔ چنانچہ خداوند تعالیٰ اس کی قرآن میں خبر دیتے ہیں کہ انسان نہیں سوچتا ہے کہ ہم نے اس کو نطفہ سے پیدا کیا ہے۔ اب وہ ظاہر جھگڑالو بن گیا ہے اور وہ مثال بیان کرتا ہے اور اپنی پیدائش کو بھول گیا ہے۔ یہ انسان کہتا ہے کہ خدا عزاسمہ قیامت کو بوسیدہ ہڈیوں کو کیسے پیدا کرے گا۔ یعنی کافروں کا اس کو بعید سمجھنا بالکل باطل ہے۔ کیونکہ جس حالت میں کہ انسان کو منی سے پیدا کرتا ہے تو وہ ہڈیوں کو زندہ کیوں نہیں کر سکتا۔ ہڈی تو از کردہ منی انسانیہ کی طرف اقرب ہے۔ اسی طرح پر کافروں کے استبعاد سے قرآن شریف میں یوں خبر دی گئی ہے کہ کافروں نے کہا ہے کہ معبود کا ایک ہی ہونا عجیب ہے۔ غرض کہ اسی طرح پر قرآن شریف میں کافروں کے استبعادات بیان فرمائے گئے ہیں۔ مگر خوف طول سے تھوڑے پر بس کی گئی۔

فائدہ

کادیانیوں اور نیچر پسندوں نے دراصل محال اس کو بھی سمجھ لیا ہے جو نادرالوقوع ہو۔ نیز اس کو جوان کی عقل سے بعید ہو۔ مگر بڑا تعجب ہوتا ہے کہ ڈھیل ڈھال تو پنجاب سے فرانس تک عریض وطویل رکھتے ہیں۔ اپنی عالی فہمی پر تو اتنے نازاں ہیں کہ علماء وفضلاء اسلام کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ لیکن یہ معلوم نہیں کہ محال کس چڑیا کا نام ہے۔ بھلے مانس یہ امتیاز نہیں رکھتے کہ محال اور ہے اور نادرالوقوع اور ہے۔ رہی عقل سوا گران کی عقل سے بعید ہے تو اہل اسلام کی عقل کے نزدیک ایسے امورات کا خداوند تعالیٰ سے ظہور بالکل آسان ہے اور وہ قادر مطلق ہرگز ایسے امورات کے پیدا کرنے میں عاجز نہیں ہے۔ گوان کی عقل اسے عاجز سمجھ رکھے۔ نیز انسان کی عقل کیا غلطی سے مبرا ہے تو پھر وہ کیوں اپنی عقلوں پر بھروسہ کر کے نقول قطعیہ کو تاویلات رکیکہ سے مطابق عقل بنانا چاہتے ہیں۔ کیا ایک امر یقینی کو غیر یقینی پر محمول کرنا داب دانشمندی ہے۔ انتہاء!

حضرت مصنف فرماتے ہیں کہ بلاشبہ اس کتاب کے لکھنے سے جو لوگوں کے لئے نافع ہے۔ ۱۳۱۱ھ میں ہم فارغ ہوئے۔ اب ناظرین سے التماس ہے اپنے خاص وقتوں میں ہم کو دعائے حسن خاتمہ وامثالہ سے یاد کرتے رہیں۔ اسی کلام سے اس کتاب کا اختتام بھی ہوا۔ خداوند تعالیٰ ہی پر بھروسہ ہے۔ آخری ہمارا یہ دعویٰ ہے کہ تمام حمد خاص خداوند تعالیٰ کو ثابت ہیں۔ خداوندا اپنے حبیب ﷺ بہترین خلق اور ان کی قوم، اولاد، یار وغیرہ پر رحمت نازل فرمائے۔

حاشیہ جات

۱؎ کیونکہ اگر احادیث رسول اکرم ﷺ کا بھی ذکر فرماتے تو زیادہ ہی طول ہو جاتا۔ اس واسطے صرف قرآن کی آیات کے ساتھ مسیح علیہ السلام کا زندہ ہونا ثابت فرمایا۔

۲؎ واضح رہے کہ دراصل ایسے مسائل کے بانی اور مجتہد سرسید صاحب ہیں۔ مگر کادیانی صاحب نے انہیں کچھ تبدل وتغیر دے کر ظاہر کیا اور اپنا ہی اختراع جتلا کر ان کی شہرت سے حصہ لیا۔ ہاں انا مسیح کا دعویٰ بھی اس پر زیادہ کیا۔

۳؎ عرب کا محاورہ ہے کہ جب کسی کام کا کرنا کبھی چاہتے ہیں اور کبھی نہیں چاہتے۔ تو یہ جملہ کہہ دیتے ہیں۔

۴؎ جہاں کہیں حضرت مصنف علام مدظلہم نے تہذیب کا ذکر کادیانی کے استدلال میں فرمایا ہے۔ اس سے اس کی طرف اشارت ہے۔ کادیانی کو گو دلیل پیش کرنے کا ڈھب نہیں آیا ہے۔ مگر ہم اس کے بدلہ اس کی دلیل کو سواریں گے۔

۵ صغریٰ یہ ہے کہ مسیح علیہ السلام رسول ہیں۔ کبریٰ یہ ہے کہ ہر رسول مر گیا۔ الرسل کا جمع مستغرق ہونا یہ معنی ہے کہ اس سے تمام پیغمبر آدم علیہ السلام سے جناب رسول اکرم ﷺ تک مراد رکھ لئے جائیں۔

۶ ایک جنگ میں شیطان نے آواز دی تھی کہ ’’ان محمدؐ افقد قتل‘‘ حضرت مصنف علام نے اس طرف اشارہ فرمادیا۔

۷ حضرت مصنف علامہ مدظلھم کی تقریر ہی حق ہے اس لئے بھی کہ اگر خلت سے صدیق اکبر استدلال فرماتے ہیں تو لازم آتا ہے کہ دعویٰ خاص اور دلیل عام ہو۔ حلانکہ یہ باطل ہے عام اس لئے کہ خلو کا معنی لغۃ وہ ہے جو موت اور غیر موت کو شامل ہے۔

۸ مہملہ وہ ہی ہے۔ جس میں افراد کی مقدار بیان کی گئی ہو۔ یعنی اس قضیہ میں نہ یہ ہوگا کہ یہ حکم تمام افراد پر ہے اور نہ یوں ہوگا کہ یہ حکم بعض افراد پر ہے۔ چونکہ قد خلت من قبلہ میں بھی نہ تو تمام افراد رسول اور نہ بعض افراد رسول کو حکم لگایا گیا ہے تو حضرت استاد مصنف علام مدظلہم نے اس کو قضیہ مہملہ فرمایا۔

۹ جعل کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ وہ بسیط ہے۔ ان کا مذہب ہے کہ خداوند تعالیٰ نے اشیاء کی ماہیتوں کو دراصل بنایا ہے اور وجود تبعیت کے طور پر خود بخود ہی عارض ہوا ہے۔ مثال لوہار تلوار کو بناتا ہے اور تیزی خود بخود موجود ہو جاتی ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ نہیں بلکہ بنانے کے یہ معنی ہیں کہ خداوند تعالیٰ ماہیات کو موجود کر دیتا ہے۔ پس بریں تقدیر جعل اور بنانے کے لئے دو مفعولوں کا ہونا ضروری ہے۔ لیکن یہ بھی یاد رہے کہ جہاں پر یہ حضرت مصنف علام مدظلہم نے جعل مؤلف فرمادیا ہے۔ وہ ہرگز جعل بسیط نہیں ہے۔

۱۰ کہتے ہیں زید نے طعام نہیں کھایا، یہ سالبہ ہے۔ جب اس پر اور نفی داخل کریں گے تو یوں کہیں گے کہ ایسا نہیں ہے تو صریح لازم آئے گا کہ زید نے طعام کھایا ہے۔ غرضیکہ جہاں نفی پر نفی داخل ہو وہ سالبہ سالبہ ہے۔ جہاں زید کے لئے کھانا ثابت کیا گیا ہو وہ موجبہ محصلہ کہلائے گا۔

۱۱ مطلقہ عامہ اس قضیہ کو کہتے ہیں کہ جس میں محکوم علیہ پر محکوم بہ کے ساتھ تین زمانوں میں کسی زمانے میں حکم لگایا گیا ہو۔ جیسا کہ کہہ دیں زید کہ کسی زمانہ میں کاتب ہے۔ ممکنہ عامہ وہ ہے جہاں پر جانب مخالف کی ضرورت سلب کر دی گئی ہو۔ چنانچہ کہیں زید بالامکان عالم ہے۔ یعنی زید کا عالم ہونا ضروری نہیں ہے۔ پس قضیہ مذکورہ یوں ہوگا کہ ہر رسول کے لئے طعام کا کھانا

جائز ہے۔ نہ کھانا ضروری نہیں ہے۔ پس یہ ممکنہ ہوا ہر رسول کسی زمانہ میں طعام کھاتا ہے۔ یہ مطلقہ عامہ ہوا۔

۱۲؎ جیسے کہ کہیں زید کھاتا ہے کبھی، نہ ہمیشہ اس کو وجودیہ کہتے ہیں۔

۱۳؎ کیونکہ پھر ہر ایک پر یہ عبارت کہ: ''اگر وہ نہ ہوتو معلول بھی نہیں ہوگا۔'' ہرگز صادق نہیں آوے گی۔ بلکہ پھر تو یوں کہنا پڑے گا کہ اس علت کے غیر متحقق ہونے کی حالت میں معلول متحقق ہوسکتا ہے۔

۱۴؎ اس قسم کی علت کو مصحح لدخول الفاء کہتے ہیں۔ جیسا کہ خاص رکن اور تھم چھت کے لئے علت ہے۔ کیا معنی کہ اگر یہ خاص رکن ہوں گے تو چھت قائم رہے گی۔ اگر ان کے قائم مقام اور تھم بھی نہ رکھے جائیں تو بھی قائم رہے گی۔

۱۵؎ بعض احادیث میں آیا ہے کہ اب سے سو برس سے زیادہ عمر نہیں ہوگی۔ سو یہ باعتبار اکثر کے ہے۔ ورنہ یہ حدیث واقع اور مشاہدات برخلاف ہوگی۔ نیز اس حدیث کا یہی مطلب اور حدیث سے بھی ثابت ہوتا ہے۔ چنانچہ ہم اس کی تحقیق بعض ابواب انوار محمدی میں کر چکے ہیں۔

۱۶؎ منفصلہ حقیقیہ جیسے کہیں کہ زید یا پہلے ہی مرے گا۔ یا ارذل العمر تک پہنچ کر مرے گا۔ اب اس میں یہ ضروری ہے کہ نہ تو یہ کہ زید پہلے ہی مرے اور ارذل العمر تک بھی پہنچے اور نہ یہ کہ نہ وہ ہو نہ یہ۔ ہذا بناء علیٰ قول الکادیانی۔

۱۷؎ مثلاً کلمہ اور لفظ کو ہم بلالحاظ خصوص اور عموم کے جسے ''مرتبہ لابشرط شئے'' کہتے ہیں لیکر ایک یہ قید لگادیں کہ اپنے معنی پر بالاستقلال دلالت کرے اور کوئی زمانہ اس سے مفہوم نہ ہوئے تو یہ کلمہ اسم کہلاتا ہے۔ اگر اپنے معنی پر بالاستقلال دلالت کرے۔ مگر اس سے کوئی زمانہ بھی مفہوم ہو تو یہ فعل کہلاتا ہے۔ علیٰ ہذا القیاس اور ایک قید لگانے سے وہ حرف کہلاتا ہے۔ اب دیکھو کہ کلمہ مقسم ہے اور یہ تینوں اس کی قسم ہیں۔ مگر یہ قسم مختلف قیود لگانے سے حاصل ہووے۔

۱۸؎ معنوں میں داخل ہونے کے یہی معنی ہیں۔

۱۹؎ کادیانی کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ کے معراج کی حقیقت یہ ہے کہ آپ بذات خود زمین پر ہی تھے۔ مگر کشف کے طور پر آپ پر مسجد اقصیٰ آسمانوں کے حالات ظاہر کر دیئے گئے۔ چنانچہ ان کے بڑے خلیفہ نے ایک اشتہار میں جس کا نام مولوی احسن امروہی ہے لکھا ہے کہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی بھی اس کے مطابق لکھتے ہیں۔ لیکن جب حجۃ اللہ البالغہ کا یہ مقام

دیکھا گیا تو فی الحقیقت شاہ صاحب کا اور ہی مطلب ہے۔ جو ہرگز خلاف عقیدہ قدیمہ نہیں۔ گو اس خلیفہ نے اپنے زعم میں اور ہی کچھ اپنے مطلب کے موافق سمجھا ہوا تھا۔ سبحان اللہ! اگر ایسے منصف ہوں تو سب متقدمین ومتاخرین کو بدنام کر ڈالیں گے۔ پھر غضب یہ ہے کہ کادیانی لکھتا ہے کہ رسول کریمﷺ کو جسم کثیف کے ساتھ معراج نہیں ہوا۔ نعوذ باللہ منہ دیکھئے کہ یہ ادب ہے اور دعویٰ مجددیت کا۔

۲۰ شاید کوئی کہہ دے گا کہ اسم فاعل میں تو زمانہ ضروری ہے۔ سو اس کا جواب یہ ہے کہ ضروری اس موقعہ پر ہے کہ جب عامل ہو نہ مطلقاً یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ آیت ''انی متوفیک'' میں جو متوفی ہے اس میں زمانہ معتبر ہے۔ کیونکہ یہ یہاں پر عامل ہے۔ اس لئے کہ متوفی کاف خطاب کی مضاف ہے اور کاف محلاً مجرور ہے نہ یہ کہ متوفی کا مفعول ہے۔

۲۱ وضع کا معنی یہ ہے کہ ایک لفظ یا شے کو کسی مفہوم کے واسطے معین کر دینا۔ رہا یہ کہ شخصی کیا ہوا اور نوعی کیا۔ سو واضح ہو کہ شخصی میں وضع اور موضوع لہ دونوں خاص ہوتے ہیں۔ جیسا کہ زید کا لفظ ذات زید کے لئے موضوع بھی ہے۔ اب اس میں وضع اور موضوع بھی خاص ہیں۔ پس یہ وضع شخصی ہو یا لفظ دیوار کا خاص ایک دیوار کے لئے موضوع ہے۔ یہ بھی شخصی ہوگا اور اینٹ کا دیوار میں داخل ہونا بھی اسی شخصی وضع کے ذریعہ سے ہو۔ کیونکہ وہ دیوار میں جزء کی طرح داخل ہے اور وہ دیوار موضوع لہ بوضع شخصی ہے۔ وضع نوعی وہ ہے جو حضرت مصنف علام مدظلہم نے خود بالتصریح فرمادیا ہے۔ غرضیکہ جس طرز پر جناب فرماتے ہیں۔ اس طریق پر جب وضع ہو تو وہ نوعی کہلاتا ہے۔

۲۲ عموم مجاز اس کو کہتے ہیں کہ لفظ سے ایک ایسا معنی مراد لیا جائے کہ وہ حقیقی اور مجازی کو شامل ہو۔ جیسا کہ حضرت مصنف تقدس مآب مدظلہم نے فرمایا ہے کہ اس کو وفا مقارن ہو یا نہ ہو۔ اب جہاں پر مقارن ہوگا وہ حقیقی اور جہاں پر مقارن نہیں ہوگا۔ وہ مجازی کہلائے گا۔ تو یہی عموم کا معنی ہے۔

۲۳ دیکھو متوفی مشتق ہے اس کا اصل ماخذ وفا ہے اور یہ لفظ تو اپنے معنی پر بوضع شخصی دال ہے۔ رہی ہیئت جو حروف کے آپس میں مل جانے سے پیدا ہوگئی ہے۔ وہ اپنے معنی مرکب پر بوضع نوعی دال ہے۔ جیسا کہ کہیں کہ ہر لفظ جو متفعل کے وزن پر ہو وہ تین چیزوں کے مجموعہ پر دال ہوگا۔ ایک ماخذ دوم باب کا اقتضاء سوم نسبت الفاعل ظاہر ہے کہ متوفی کا یہی مجموعہ ہے۔ متفعل کے وزن پر بھی ہے۔

۲۴ بعض لوگ حنفیوں پر اعتراض کرتے ہیں کہ حضرت صاحب فتح القدیر وغیرہ محققین حنفیہ میں سے فرماتے ہیں کہ مردہ نہیں سنتے ہیں تو اے حنفیو! تم کیوں سماع موتی کے قائل ہو۔ حضرت مصنف فضیلت مآب نے اس کو بھی رد کیا کہ صاحب فتح وغیرہ مطلقاً سماع موتی کے منکر نہیں ہیں۔ بلکہ قوت جسمانیہ سے سننے کے منکر ہیں نہ کہ ادراک روحانی سے بھی انکاری ہیں۔

۲۵ کادیانی صاحب یہ عجیب ہے کہ کوئی اگر مقدر کا نام لے تو اس کو محرف کہتے ہیں۔

۲۶ جیسے کہ زید کے قائم ہونے کا خیال ہو۔ ویسے ہی اس کے قائم نہ ہونے کا بھی خیال ہو اور کسی جانب کو ترجیح نہ ہو۔ اسے منطقی شک کہا کرتے ہیں۔

۲۷ چنانچہ ایک شخص زید کے قائم ہونے پر غالب گمان رکھتا ہے۔ گو اس کے قائم نہ ہونے کا بھی اس کو ضعیف سا گمان ہے۔ اس کو منطقین ظن کہتے ہیں۔

۲۸ جب انسان کا مثلاً علم حاصل ہوتا ہے۔ تو یوں ہوتا ہے کہ اس کی ماہیت اور صورت ذہن نشین ہوتی ہے۔ پس اس صورت کو صورت علمیہ کہتے ہیں۔

۲۹ کون وفساد کا معنی یہ ہے کہ ایک صورت نوعیہ کو قبول کرنا اور پہلی کو چھوڑ دینا۔ چنانچہ پانی جب کہ ہوا بن جاتا ہے تو وہ صورت مائیہ کو چھوڑ کر صورت ہوائیہ کو قبول کر لیتا ہے۔

۳۰ شاید بعض لوگ یہ کہہ دیں کہ عالم برزخ اور آخرت مستثنیٰ ہے۔ ہم ان کے جواب میں کہہ دیں گے کہ مسیح علیہ السلام بھی مستثنیٰ ہے۔ اس سے حضرت مولانا صاحب مدظلہم کا یہ فرمودہ ''فماھو جوابکم فھو جوابنا'' خوب ذہن نشین ہوگا۔

۳۱ کادیانی کو اس حدیث نے بھی جس کا یہ مضمون ہے کہ میرے بعد وحی نہیں اترے گی۔ دعویٰ مسیحیت پر چست وچالاک کر دیا ہے۔ مگر افسوس ہے کہ ان کو اتنے عریض وطویل دعوے کو ہوتے یہ معلوم نہیں ہوا کہ یہ حدیث ہی صحیح نہیں ہے۔ چنانچہ ہم انوار محمدی کے بعض ابواب میں بیان کر چکے ہیں۔

۳۲ حدیث میں آیا ہے کہ مسیح علیہ السلام جزیہ کو موقوف کر دے گا۔ اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ ناسخ دین محمدی ﷺ ہوں گے۔ وجہ یہ ہے کہ یہ حکم بھی دراصل احکام محمد ﷺ سے ہے۔ ہاں یہ تو ضرور ہے کہ یہ حکم اس زمانہ کے واسطے ہے کہ جب مسیح علیہ السلام اتریں گے۔ چنانچہ ہم انوار محمدی کی بعض ابواب میں بخوبی اس بات کا فیصلہ دے چکے ہیں۔

۳۳ حضرت مصنف علام ادام اللہ فیوضھم کی تقریر سے مفہوم ہوتا ہے کہ اس بیہودہ اعتراض کا اور بھی جواب ہے۔ وہ یہ ہے کہ زکوٰۃ مالی جب ہی فرض ہوتی ہے کہ مالک

نصاب بھی ہو۔ پس چونکہ اہل اسلام اس کے کہ مسیح علیہ السلام تجارت یا خوراک کے لئے مال آسمان پر لیں گے۔ قائل نہیں ہیں اور نہ یہ ثابت ہے۔ لہٰذا مسیح علیہ السلام پر آسمان پر زکوٰۃ بھی فرض نہیں ہے۔

۳۴… حضرت مصنف مرشد الکل کی تقریر سے مترشح ہوتا ہے کہ ’’مادمت حیاً نبیا مبارکاً‘‘ کے لئے بھی قید نہیں ہوسکتا۔ ورنہ لازم آئے گا کہ مسیح علیہ السلام بعد الموت نہ نبی ہوں اور نہ مبارک العیاذ باللہ! یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اگر مادمت حیا براً کی قید بھی مان لیں تو حاضر ہونا خاص خدمت کے لئے شرط ہے۔ دیکھو مسیح علیہ السلام یا اور کوئی خدمت خاصہ کے ساتھ تب ہی مامور ہے کہ جب کہ حاضر خدمت ہو۔ اس لئے اگر بیٹا سفر میں اور والدین یا ایک ان میں سے مقیم ہو تو خاص خدمت اسی ضروری سفر میں فرض نہیں ہوسکتی۔ ورنہ چاہئے تھا کہ مسیح علیہ السلام جس حالت میں تبلیغ کے لئے مسافر اور والدہ سے جدا ہوتے تھے اس خاص خدمت کی ترک سے گنہگار ہوتے۔ نعوذ باللہ منہ! یا تو ثابت کردیں کہ مسیح علیہ السلام والدہ سے کہیں بھی زمین پر ہوتے جدا نہیں ہوئے تو تاہم کچھ بن پڑے گا۔ لیکن اس کا ثبوت کہاں ہے۔

۳۵… کادیانی جی اس کو کورانہ اجماع کہتے ہیں۔ اس کی سند پیش کرتے ہیں کہ وہب کہتے ہیں کہ مسیح علیہ السلام مرگئے۔ سو واضح ہو کہ یہ محض دھوکا ہے۔ کیونکہ وہب یہ کہہ کر کہ مسیح علیہ السلام اتنی مدت اموات میں داخل ہوئے ساتھ ہی کہتے کہ وہ پھر زندہ ہوکر آسمان پر چڑھ گئے۔ اب کہئے کہ وہب کس طرح اجماع سے مخالف ہوئے۔ بلکہ وہ بھی اس بات کے قائل ہوئے کہ مسیح علیہ السلام اب تک زندہ ہے۔ پس اجماع کورانہ نہیں بلکہ فہم ہی کورانہ ہے۔

۳۶… حضرت مصنف علام دام فیوضہ کی تقریر سے ثابت ہوتا ہے کہ جائز ہے کہ ابن عباسؓ کی مراد یہ ہو کہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں تجھ کو اے مسیح علیہ السلام بعد از رفع قریب قیامت بعد النزول ماروں گا۔ مترجم کہتا ہے کہ یہی حق ہے۔ کیا دیکھتے نہیں کہ ابن عباسؓ مسیح علیہ السلام کے اب تک زندہ ہونے کے قائل ہیں۔ دیکھو ارشاد الساری شرح صحیح بخاری میں لکھا ہے کہ ابن جریر نے سعید بن جبیرؒ کی طریق سے ابن عباسؓ سے صحیح السند روایت کی ہے کہ جس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ ابن عباسؓ مسیح علیہ السلام کے تاقریب قیامت زندہ ہونے کے قائل ہیں۔ جس کو تفصیل کا شوق ہو وہ تحقیق کرے۔ اب اگر ممیتک سے وہی نہ سمجھا جاوے کہ جس کی طرف حضرت مصنف نے ارشاد فرمائی ہو تو سچ کہو کہ ابن عباسؓ کے اقوال میں تناقض نہیں ہوگا۔ ہاں ضرور ہوگا۔

مطبوعات عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت





www.amtkn.com, www.laulak.info, www.khatm-e-nubuwwat.info,
www.khatm-e-nubuwwat.com, ameer@khatm-e-nubuwwat.com